# فتاوی دیداریہ

## جلد اوّل

از

سید الفقہا مولانا سیّد محمد دیدار علی شاہ مُحدّث الوری قدس سرّہٗ

بانی مرکزی انجمن حزب الاحناف لاہور

مکتبہ العصر
کریالہ (منزل رضوان الصّادق)
جی ٹی روڈ، گجرات

Marfat.com

# فتاویٰ دیداریہ

## جلد اوّل

از

سید الفقہا مولانا سیّد محمد دیدار علی شاہ محدّث الوری قدس سرہٗ

بانی مرکزی انجمن حزب الاحناف ، لاہور۔

ترتیب و تخریج و ترجمہ

علامہ مفتی محمد علیم الدّین نقشبندی مُجدّدی

محمد اشرف مجددی

۲۹ ذوالقعدہ ۱۴۲۸ھ

مکتبۃ العصر

کریالہ (منزل رضوان الصّادق) جی ٹی روڈ، گجرات

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں


نام کتاب...... فتاوی دیداریہ جلد اول

مصنف...... سید الفقہاء مولانا سید محمد دیدار علی شاہ محدث الوری قدس سرہ
بانی مرکزی انجمن حزب الاحناف لاہور

ترتیب وتخریج وترجمہ...... علامہ مفتی محمد علیم الدین نقشبندی مجددی

کمپوزنگ...... محمد یوسف مجددی

صفحات...... ۹۱۸

تعداد...... ۱۱۰۰

اشاعتِ اول...... ۱۴۲۸

پرنٹر...... داور پیکجز 6- نسبت روڈ لاہور

ملنے کے پتے......

مکتبہ اعلیٰ حضرت:...... دربار مارکیٹ لاہور

مکتبہ قادریہ:...... دربار مارکیٹ لاہور

مکتبہ مجددیہ سلطانیہ:...... ملک پلازہ دینہ جہلم


مظہر علم

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

## فہرست


| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | حضرت علامہ مولانا دیدار علی محدث الوری کے حالات از حضرت صاحبزادہ محمد عبدالسلام صدیقی | ۱ |
| | تقریظ جلیل (۱): محقق اہلِ سنت علامہ محمد جلال الدین قادری | ۶ |
| | تقریظ جلیل (۲): استاذ الاساتذہ علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری | ۱۲ |
| | تقدیم: استاذ الاساتذہ علامہ حافظ خادم حسین رضوی | ۱۹ |
| | گزارشاتِ مرتب عفی عنہ | ۳۴ |
| | **معتقدات، مستحسنات، بدعات** | ۳۷ |
| فتوی نمبر 1 | آخرت میں نماز روزہ عبادات کیوں نہ ہوں گی؟ | ۳۹ |
| فتوی نمبر 2 | ایک عورت کے یکے بعد دیگرے کئی خاوند ہوں تو وہ قیامت میں کس کے ساتھ ہوگی؟ | ۴۰ |
| فتوی نمبر 3 | قبولِ توبہ کے بعد حضرت آدم علیہ السلام کو زمین پر اترنے کا حکم کیوں ہوا؟ | ۴۳ |
| فتوی نمبر 4 | کیا حضرت ہاجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا لونڈی تھیں؟ | ۴۴ |
| فتوی نمبر 5 | حضرت غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے کیا بارہ برس کے بعد ڈوبی ہوئی برات کو نکالا؟ | ۴۵ |
| فتوی نمبر 6 | ایک شخص اپنے مریدوں سے رسول اور پیغام آور کہلواتا ہے اس کا کیا حکم ہے؟ | ۴۷ |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| فتویٰ نمبر 7 | ایصالِ ثواب کا کیا مُردوں کو فائدہ ہوتا ہے؟ | ۴۸ |
| | ایک چیز کا ثواب اگر چند لوگوں کو پہنچایا جائے تو کیا سب کو برابر ثواب ملتا ہے یا تقسیم ہو کر؟ | ۴۹ |
| فتویٰ نمبر 8 | محفلِ میلاد میں قیام کی شرعی حیثیت؟ | ۵۰ |
| فتویٰ نمبر 9 | مدینہ منورہ، خانہ کعبہ اور بیت المقدس کے علاوہ کسی اور زیارت کے لیے سفر کرنا | ۵۱ |
| فتویٰ نمبر 10 | بچوں کو قرآنِ مجید ختم کرانے کا کوئی متعین طریقہ نہیں ہے۔ | ۵۲ |
| | ختمِ قرآن کی خوشی میں کھانا کھلانا عمدہ بات ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: | ۵۲ |
| | پنج آیت پڑھ کر شیرینی پر یا بغیر شیرینی کے ایصالِ ثواب جائز اور باعث برکت ہے | ۵۲ |
| فتویٰ نمبر 11 | عوام جو اللہ تعالیٰ کی سلامتی پہنچاتے ہیں بے اصل امر ہے۔ | ۵۳ |
| | ایصالِ ثواب کا طریقہ | ۵۳ |
| فتویٰ نمبر 12 | قرآن مجید پڑھا سجدہ تلاوت نہ کیا کیا اس کا ثواب پہنچتا ہے؟ | ۵۴ |
| | سجدہ تلاوت نہ کرنے والے واجب کے تارک ہیں۔ | ۵۴ |
| | تلاوت کا سجدہ تلاوت کے دوران کریں یا بعد میں۔ | ۵۴ |
| فتویٰ نمبر 13 | سنت اور نوافل کے بعد دوبارہ امام کے ساتھ دعا مانگنا کیسا ہے؟ | ۵۵ |
| | فجر، مغرب اور عشاء میں سنت ونوافل کے بعد امام کے ساتھ تین بار دعا مانگنا کیسا ہے؟ | ۵۶ |
| | الحمد شریف، قل ھو اللہ اور درود شریف وغیرہ پڑھ کر ایصال ثواب کیسا ہے؟ | ۵۶ |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| فتویٰ نمبر 14 | قبورِ اولیاء پر منت ماننا' سجدہ کرنا' ناچنا' گانا۔ | ۵۸ |
| | تعزیہ داری اور اس میں کوشش کرنا بدعتی اور فاسق کا عمل ہے۔ | ۱۲۰ |
| | سودخور' سود دینے والا اور تعزیہ میں چندہ دینے والا فاسق ہے | ۱۳۳،۱۳۲ |
| | ترکِ تقلید بدعت اور فسق ہے۔ | ۱۴۲ |
| | کسی نیک آدمی کی قبر کے قریب حصول برکت کے لیے مسجد بنادی جائے تو جائز ہے | ۴۲۵ |
| | سنت کا قلیل عمل بدعت کے کثیر عمل سے بہتر ہے۔ | ۶۶۲ |
| | رمضان اسمائے الٰہیہ سے ہے۔ | ۶۷۷ |
| | تمام حروفِ تہجی اسمائے الٰہیہ ہیں۔ | ۶۷۷ |
| | فاتحہ سوم میں جس وارث نے دیگر ورثہ کی فرمائش کے بغیر خرچ کیا وہ اسی کے حصہ سے وضع کیا جائے گا۔ | ۸۱۲ |
| | **حدیث** | ۶۱ |
| فتویٰ نمبر 15 | حدیث میں کھجور اور پانی کو اسود کیوں کہا گیا۔ | ۶۳ |
| فتویٰ نمبر 16 | مسلمان بھائی کی مدد کی فضیلت۔ | ۶۴ |
| | تعمیرِ مسجد کی فضیلت۔ | ۶۵ |
| | علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل | ۴۷ |
| | زیارتِ قبور سے ممانعت کے بعد اجازت | ۵۱ |
| | نبی کریم وتر اور تمام سنتیں گھر میں ادا فرمایا کرتے تھے۔ | ۵۶ |
| | نمازِ عید اور نمازِ خسوف نبی اکرم ﷺ نے بغیر اذان واقامت کے ادا کی | ۸۷ |



Marfat.com

| صفحہ نمبر | موضوع | فتویٰ نمبر |
|---|---|---|
| ۹۷ | لا وضوء إلا بالسواک | |
| ۹۷ | لا صلاۃ لجار المسجد إلا فی المسجد | |
| ۹۸ | لا مھدی إلا عیسی | |
| ۹۸ | لا فتی إلا علی | |
| ۹۷ | لا صلاۃ إلا بفاتحۃ الکتاب کا مفہوم | |
| ۹۹ | تعلموا اللحن فی القرآن کما تتعلمونہ | |
| ۱۰۳ | أنا أفصح من نطق بالضاد | |
| ۱۱۹ | اتقوا مواضع التھم | |
| ۱۲۹ | صبح کی نماز کے بعد دریافت فرمایا کیا فلاں فلاں موجود ہے اور پھر یہ فرمایا یہ دو نمازیں منافقوں پر بھاری ہیں | |
| ۱۳۰،۱۲۹ | حضرت سلیمان رضی اللہ عنہ کا شب بیداری کے باعث فجر کی نماز میں شریک نہ ہونا اس پر حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ کا تنبیہ فرمانا (مع حاشیہ) | |
| ۱۳۶ | لا یقبل اللہ صلاۃ من تقدم قوما وھم لہ کارھون | |
| ۱۴۵تا۱۴۷ | اخلاقیات کے بارے میں چند احادیث مبارکہ | |
| ۱۴۷ | نماز کی محافظت کرنے والے کے لیے نور، برہان اور نجات ہوگی اور محافظت نہ کرنے والے کا حشر قارون، ہامان اور ابی ابن خلف کے ساتھ ہوگا | |
| ۱۴۸ | نماز پنجگانہ کی فرضیت اور فضیلت کے بارے میں حدیث | |
| ۱۶۹ | فجر کی سنتوں کے بارے میں حدیث | |
| ۱۶۸ | نمازِ فجر اور عصر کے بعد نفل نماز کی ممانعت میں حدیث | |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | فجر کی سنتیں قضا ہو جائیں تو ان کو فجر کے فرضوں کے متصل بعد پڑھنے کی ممانعت میں حدیث | ۱۶۹ |
| | فجر کی سنتوں کی قضا طلوعِ آفتاب کے بعد کی جائے (حدیث) | ۱۷۰ |
| | تہ بند کو لٹکانے والے کی نماز اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتا | ۱۷۶ |
| | جو شخص پیاز لہسن کھائے ہماری مسجد کے قریب نہ آئے | ۷۴، ۱۷۹ |
| | سوالی کو دینے کے بارے میں احادیث | ۱۸۲، ۱۸۳ |
| | بغیر ضرورت سوال کرنے کی ممانعت میں احادیث | ۱۸۶، ۱۸۸ |
| | نمازِ جنازہ میں تین صفوں کی فضیلت | ۲۱۵ |
| | نبی اکرم نے مقروض کی نمازِ جنازہ ادا نہ فرمائی | ۲۳۰، ۲۳۱ |
| | من ترک الصلاة متعمدا فقد کفر | ۲۳۱ |
| | بین العبد والکفر ترک الصلاة | ۲۳۲ |
| | نفلی روزہ کو عذر کی بنا توڑ دینا | ۲۴۹ |
| | ایک بیع میں دو بیعوں کی ممانعت | ۲۶۰ |
| | نهی عن ثمن الکلب ومهر البغی وحلوان الکاهن (حاشیہ میں) | ۳۳۸ |
| | لعنة الله علی الیهود والنصاری اتخذوا قبور أنبیائهم مساجد | ۴۲۴ |
| | من اقتطع حق امرإ مسلم فقد أوجب الله له النار الخ | ۴۲۹ |
| | مفقود کی بیوی کے بارے میں حضرت نبی اکرم ﷺ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد | ۴۴۳ |
| | البینة علی المدعی والیمین علی من انکر | ۵۲۶ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | آنکھوں کو حرام امور سے بند رکھو اور شرم گاہوں کی حفاظت کرو (حدیث) | ۵۳۶ |
| | مسجد میں بناؤ سنگار کر کے عورت کے آنے کی ممانعت | ۵۳۷ |
| | العمل القليل من السنة خير من عمل كثير فى بدعة | ۶۶۲ |
| | التكبر على المتكبر صدقة (مع حاشیہ) | ۶۶۳ |
| | الا كلكم راع و كلكم مسئول عن رعيته | ۶۷۳ |
| | **طہارت** | ۶۷ |
| فتوی نمبر 17 | ستر کھولنے سے وضو نہیں ٹوٹتا | ۶۹ |
| | وضو توڑنے والی چیزیں | ۶۹ |
| | معذور کا حکم | ۷۱،۷۰ |
| فتوی نمبر 18 | نسوار چڑھانا ناقص وضو ہے یا نہیں؟ | ۷۲ |
| | منہ بھر قے کی تعریف | ۷۳ |
| | کان میں تیل ڈالا ناک سے نکلا وضو نہ ٹوٹے گا | ۷۳ |
| | کان میں تیل ڈالا منہ سے نکلا وضو ٹوٹ جائے گا | ۷۳ |
| فتوی نمبر 19 | غسل کے بعد نئے وضو کی ضرورت نہیں | ۷۵ |
| | اپنی یا دوسرے کی شرم گاہ دیکھنے سے وضو نہیں ٹوٹتا | ۷۵ |
| فتوی نمبر 20 | دہ دردہ حوض کا رقبہ | ۷۶ |
| | دہ دردہ حوض میں تھوک یا سینک ڈالنے سے پانی ناپاک نہیں ہوتا۔ | ۷۶ |
| فتوی نمبر 21 | کپڑے کے موزے کا حکم | ۷۷ |
| فتوی نمبر 22 | بیمار یا ضعیف کو غسل سے مرض بڑھ جانے کا یقین ہو تو تیمم کرنا جائز ہے۔ | ۷۸ |


Marfat.com

| صفحہ نمبر | موضوع | فتوی نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۷۸ | تیمم غسل کا خلیفہ ہے۔اس کے بعد کھانا پینا' مسجد میں جانا جائز ہے | |
| ۷۸ | طاقت آنے پر غسل کرنا واجب ہے | |
| ۷۹ | ہاتھی کے جسم پر پسینہ یا نجاست نہ ہوتو اس پر بیٹھنے سے آدمی ناپاک نہیں ہوتا | فتوی نمبر 23 |
| ۸۰ | دھوبی کا دھویا ہوا کپڑا پاک ہے | فتوی نمبر 24 |
| ۸۱ | دودھ وغیرہ میں ناپاک پانی کے ملنے کا یقین نہ ہوتو وہ دودھ دہی کھانا جائز ہے | فتوی نمبر 25 |
| ۸۱ | شبہ سے کوئی چیز ناپاک نہیں ہوتی | |
| ۸۱ | مشرکین کے کھانے پینے کی چیزوں سے بچنا افضل ہے | |
| ۸۳ | پوسٹ مارٹم کے دوران مردہ کا خون یا گوشت بدن کو لگ جائے تو دھونا لازم ہے | فتوی نمبر 26 |
| ۸۵ | **نماز** | |
| ۸۷ | عید کے لیے اذان واقامت سنت نہیں اور نہ تکبیر | فتوی نمبر 27 |
| ۸۷ | نمازِ عید کے اعلان کے لیے الصلاۃ جامعۃ یا دیگر اشارے جائز ہیں | |
| ۸۸ | دفن کے بعد قبر پر اذان پڑھنا مستحب ہے مزاحمت نہ کی جائے۔اور پڑھنا بھی ضروری نہیں | فتوی نمبر 28 |
| ۹۰ | اقامت کہنے والا صف میں ایک جگہ کھڑا ہو کر اقامت کہے یا دروازے سے کہنا شروع کرے اور صفِ اولی پر ختم کرے | فتوی نمبر 29 |
| ۹۲ | انگوٹھے چومنا | فتوی نمبر 30 |
| ۹۴ | زمانہ طاعون ووباء میں اذان کہنا | فتوی نمبر 31 |
| ۹۵ | نیت کی تعریف | فتوی نمبر 32 |
| ۹۵ | نماز میں نیت کی غلطی کی مختلف صورتیں اور ان کا حکم | |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | صرف زبان سے نیت کا اعتبار نہیں۔ لیکن دلی ارادہ کے ساتھ زبان کے الفاظ کا جمع ہونا مستحسن ہے | ۹۶ |
| فتوی نمبر 33 | فاتحہ خلف الامام کی بحث | ۹۷ |
| فتوی نمبر 34 | قرآنِ مجید کو ایسی غلطی سے پاک پڑھنا جس سے معنی میں فساد لازم آئے واجب ہے | ۹۹ |
| | قواعد ترقیق، تفخیم، ادغام، تشدید وغیرہ کا جاننا افضل و مستحب ہے | ۹۹ |
| | لحن کی تعریف | ۹۹ |
| فتوی نمبر 35 | ضاد کو کس طرح ادا کیا جائے | ۱۰۱ |
| فتوی نمبر 36 | ضاد کو ادا کرنے کا طریقہ | ۱۰۲ |
| فتوی نمبر 37 | چار رکعت والی نماز میں آخر میں قعدہ کرنا فرض ہے اور اس میں تشہد پڑھنا واجب | ۱۰۴ |
| | چار رکعت والی نماز میں پہلا قعدہ واجب اور اس میں تشہد کا حکم (مع الحاشیہ) | ۱۰۴ |
| | نماز کی رکعتوں میں غلطی کی مختلف صورتیں اور ان کا حکم | ۱۰۵ |
| فتوی نمبر 38 | قعدہ اخیرہ میں التحیات کے بعد درود شریف پڑھنا سنت مؤکدہ اور دعا پڑھنا مستحب ہے | ۱۰۶ |
| | مستحب کے ترک سے نماز کا اعادہ مستحب، سنت کے ترک سے اعادہ سنت اور واجب کے ترک سے واجب ہے | ۱۰۶ |
| فتوی نمبر 39 | الحمد شریف کے بعد سورت ملانا واجب ہے | ۱۰۷ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| | واجب کے ترک سے سجدہ سہو لازم ہوتا' سجدہ سہو بھول جانے کی صورت میں نماز کا اعادہ واجب ہے | ۱۰۷ |
| | ترکِ واجب کے باعث امام سمیت لوگوں نے نماز کا اعادہ کیا تو اس میں فرض کی نیت سے نئے نمازی شریک نہیں ہوسکتے | ۱۰۷ |
| فتوی نمبر 40 | قومہ' جلسہ' التحیات کے ترک سے نماز کا اعادہ واجب ہے | ۱۰۸ |
| فتوی نمبر 41 | متولی اور اہلِ محلہ نمازیوں میں امام اور موذن کے تقرر میں اختلاف کی صورت میں شرعی حکم | ۱۰۹ |
| فتوی نمبر 42 | مرد اور عورت اگر ایک نماز میں شامل ہوں تو مرد کی نماز کے باطل ہونے کے شرائط | ۱۱۰ |
| | مردوں' بچوں اور عورتوں کی صفوں میں ترتیب | ۱۱۱ |
| فتوی نمبر 43 | امام کو کتنی اونچی جگہ کھڑا ہونا مکروہ ہے؟ | ۱۱۴ |
| | ضرورت کی بنا پر اونچی جگہ کھڑا ہونے میں مطلقا کراہت نہیں | ۱۱۵ |
| فتوی نمبر 44 | امام کی بیوی غربت کے باعث لہنگا پہنے تو اس کی امامت جائز ہے۔ | ۱۱۷ |
| فتوی نمبر 45 | امام کا بازو ٹوٹا ہوا ہو اور کانوں تک نہ لے جائے' لنگڑا' جو قدم کے ایک حصہ پر کھڑا ہوتا ہو' جذامی' پیشاب روکنے والے اور جس کا ایک ہاتھ ہو ان کی اقتداء مکروہ ہے بشرطیکہ دوسرا امام مل سکتا ہو | ۱۱۸ |
| فتوی نمبر 46 | بدعتی کی اقتداء مکروہ تحریمی ہے | ۱۱۹ |
| فتوی نمبر 47 | بدعتی اور فاسق کو امام بنانا گناہ اور اس کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے | ۱۲۰ |
| فتوی نمبر 48 | فاسق کی امامت کے بارے میں ایک غلط فتویٰ کی تصحیح | ۱۲۱ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| | داڑھی منڈانے والے حافظ کی اقتداء میں نماز مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہے | ۱۲۳ |
| | جو شخص ایسی نماز کا اعادہ نہ کرے وہ فاسق ہے | ۱۲۴ |
| فتوی نمبر 49 | فاسق کی اقتداء مکروہ تحریمی ہے۔ اسے امام بنانا قطعاً ناجائز اور موجب گناہ ہے | ۱۲۷ |
| فتوی نمبر 50 | بلا عذر شرعی ہمیشہ نماز قضا کرنا فسق ہے۔ اسے امام بنانا جائز نہیں | ۱۲۹ |
| | فاسق کی اقتداء میں ادا کردہ نماز واجب الاعادہ ہے | ۱۳۰ |
| فتوی نمبر 51 | سود خور، سود دینے والا اور تعزیہ میں چندہ دینے والا فاسق ہے۔ اس کی اقتداء میں نماز مکروہ تحریمی ہے | ۱۳۲ |
| فتوی نمبر 52 | کسی شرعی خرابی کے باعث لوگ کسی کی امامت کو ناپسند کرتے ہوں تو اسے امام بنانا مکروہ تحریمی ہے | ۱۳۵ |
| فتوی نمبر 53 | قمار باز لائق امامت نہیں | ۱۳۸ |
| فتوی نمبر 54 | حنفی کو مالکی کی اقتداء جائز ہے جب کہ وہ مختلف فیہا مسائل میں احتیاط کرے | ۱۴۰ |
| | بلا وجہ جماعت ترک کرنے والے کی اقتداء میں نماز مکروہ تحریمی ہے۔ | ۱۴۰ |
| فتوی نمبر 55 | حنفیوں میں قابلِ امامت شخص موجود ہو تو انہیں شافعی کی اقتداء کی بجائے حنفی کو امام بنانا افضل ہے | ۱۴۱ |
| | شافعی اگر مختلف فیہا مسائل میں احتیاط نہ کرے تو حنفی کے لیے اس کی اقتداء میں نماز نہ ہوگی | ۱۴۱ |
| | شافعی اگر مختلف فیہا مسائل میں احتیاط کرے تو اس کی اقتداء میں نماز ادا کرنا الگ نماز سے افضل ہے | ۱۴۱ |
| | تقلید ترک کرنے والا فاسق و بدعتی ہے اس کی اقتداء میں نماز مکروہ تحریمی ہے | ۱۴۲ |


Marfat.com

| صفحہ نمبر | موضوع | فتوی نمبر |
|---|---|---|
| ۱۴۳ | فسق کی چند صورتیں | فتوی نمبر 56 |
| ۱۴۳ | فاسق کی اقتداء میں نماز مکروہ تحریمی اور واجب الاعادہ ہے | |
| ۱۴۴ | فسق کی چند صورتیں | فتوی نمبر 57 |
| ۱۴۵ | فاسق کی اقتداء میں نماز مکروہ تحریمی اور واجب الاعادہ ہے | |
| ۱۴۹ | فاسق کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے | فتوی نمبر 58 |
| ۱۵۲ | امام کو لقمہ دینے سے امام کی نماز فاسد ہوتی ہے اور نہ ہی مقتدی کی | فتوی نمبر 59 |
| ۱۵۳ | اوقاتِ منہیہ میں نفل، واجب اور فرض تینوں مکروہ ہیں | فتوی نمبر 60 |
| ۱۵۳ | ان اوقات میں نمازِ جنازہ اور سجدہ تلاوت کا حکم (مع الحاشیہ) | |
| ۱۵۴ | اوقاتِ منہیہ کی تفصیل اور ان میں نماز ادا کرنے کا حکم | فتوی نمبر 61 |
| ۱۵۴ | نصف النہار شرعی سے کیا مراد ہے | |
| ۱۵۴ | ان اوقات میں نمازِ جنازہ ادا کرنے کا حکم (مع الحاشیہ) | |
| ۱۵۸ | طلوعِ فجر سے طلوعِ آفتاب تک قصداً نفل پڑھنا مکروہ ہے۔ بلا قصد پڑھ لئے تو حرج نہیں | فتوی نمبر 62 |
| ۱۵۸ | اوقاتِ مکروہہ میں نفل قصداً پڑھے ثواب ہوگا لیکن گناہ گار بھی ہوگا۔ | |
| ۱۶۱ | سنتِ فجر ادا کرنے کی صورت میں باجماعت نماز کے ترک کا خوف ہو تو سنت ترک کر دے | فتوی نمبر 63 |
| ۱۶۱ | فجر کی سنتیں نہ پڑھ سکے تو ان کو بعد میں ادا کیا جائے یا نہ؟ | |
| ۱۶۴ | تراویح سنتِ مؤکدہ ہے | فتوی نمبر 64 |
| ۱۶۶ | فجر کی سنتیں قضا ہو جائیں تو ان کو بعد میں ادا کیا جائے یا نہ؟ | فتوی نمبر 65 |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| فتوی نمبر 66 | نمازِ وتر کی رکعتوں میں مسنون قراءۃ | ۱۷۱ |
| فتوی نمبر 67 | سجدہ سہو کب واجب ہوتا ہے | ۱۷۲ |
| | سری نماز میں جہر کے ساتھ یا جہری نماز میں سر کے ساتھ الحمد شریف کی ایک آیت بھی پڑھی سجدہ سہو واجب ہے | ۱۷۳ |
| فتوی نمبر 68 | سجدہ سہو کے واجب ہونے کا قاعدہ کلیہ | ۱۷۴ |
| | سجدہ سہو کر لینے سے ترک واجب یا تاخیر فرض کا نقصان پورا ہو جاتا ہے۔ | ۱۷۴ |
| | قعدہ اخیرہ میں درود پاک کتنی تعداد میں پڑھے تو سجدہ سہو واجب ہوتا ہے (مع حاشیہ) | ۱۷۴ |
| فتوی نمبر 69 | پہلی یا تیسری رکعت میں التحیات پڑھنی شروع کر دے تو سجدہ سہو لازم آئے گا | ۱۷۵ |
| | رکعتوں کی تعداد بھول جانے کی مختلف صورتوں کا حکم | ۱۷۵ |
| فتوی نمبر 70 | پاجامہ یا تہ بند ٹخنوں کے نیچے ہو تو نماز مکروہ ہے | ۱۷۶ |
| فتوی نمبر 71 | نماز کے بعد جانماز کا کونہ لوٹ دینا کیسا ہے؟ | ۱۷۷ |
| فتوی نمبر 72 | مسلمان خاک روبوں کو مسجد میں آنے اور نماز پڑھنے کا حق حاصل ہے۔ | ۱۷۸ |
| | پیاز لہسن کچا کھا کر مسجد میں جانا مکروہ ہے | ۱۷۹،۷۴ |
| فتوی نمبر 73 | مسجد میں سوال کرنا حاجت مند اور غیر حاجت مند دونوں کو حرام ہے | ۱۸۰ |
| | مسجد میں سائل کو دینا مکروہ ہے | ۱۸۰ |
| | کسی غریب کے لیے سوال کرنا جائز ہے اور اعانتِ فقراء میں داخل ہے۔ | ۱۸۴ |
| | بلاضرورت سوال کرنے والوں کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دُرّوں سے سزا دی | ۱۸۵ |
| | جب تک قرائن سے حاجت مند ہونا ثابت نہ ہو اسے دینا حرام ہے۔ | ۱۸۹ |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| فتویٰ نمبر 74 | جمعہ کے دن کس وقت خرید وفروخت ناجائز ہے۔ | ۱۹۱ |
| فتویٰ نمبر 75 | خطبہ کے دوران وہ اعمال حرام ہیں جو نماز میں حرام ہیں۔ | ۱۹۲ |
| | خطبہء جمعہ کی شرائط | ۱۹۳ |
| | جمعہ کے لیے دو خطبے سنت مؤکدہ علی الاتفاق ہیں | ۱۹۵ |
| | خطبہ میں مسنون قراءت | ۱۹۵ |
| | خطبہ دس امور پر مشتمل ہوتا ہے | ۱۹۷،۱۹۶ |
| | خطبہ میں خلفائے کرام اور اہلِ بیت کا ذکر مستحسن ہے۔ | ۱۹۷ |
| | بادشاہ اسلام کے لیے دعا خطبہ میں مستحب نہیں | ۱۹۷ |
| | عربی خطبہ کے بعد خطبہ علمی کے اردو مضامین نفع عوام کے لیے پڑھ دیئے جائیں جائز ہے | ۱۹۸ |
| فتویٰ نمبر 76 | نمازِ جمعہ کے بعد احتیاط الظہر ادا کرنا ضروری ہے۔ | ۱۹۹ |
| فتویٰ نمبر 77 | عیدین اور جمعہ شہر میں متعدد مقامات پر جائز ہے | ۲۰۱ |
| | متقی امام کی موجودگی میں فاسق کی اقتداء میں نمازِ جمعہ اور عیدین مکروہ تحریمی ہے | ۲۰۱ |
| فتویٰ نمبر 78 | نمازِ عید میں زائد تکبیرات اور ان کا مقام | ۲۰۲ |
| فتویٰ نمبر 79 | خاوند بیوی کی میت کو کندھا دے سکتا ہے۔ خاوند اپنی مردہ بیوی کے بازو اور چہرہ کو دیکھ سکتا ہے | ۲۰۳ |
| | خاوند مردہ بیوی کو غسل نہیں دے سکتا بلکہ تیمم کرائے | ۲۰۴ |
| فتویٰ نمبر 80 | خاوند اپنی مردہ بیوی کو غسل نہیں دے سکتا اور نہ ہی چھو سکتا ہے۔ | ۲۰۵ |
| | حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت خاتون جنت کو غسل کیوں دیا؟ | ۲۰۶ |


Marfat.com

| صفحہ نمبر | موضوع | فتوی نمبر |
|---|---|---|
| ۲۰۷ | عہدنامہ یا بسم اللہ کفنی پر لکھنے کا حکم | فتوی نمبر 81 |
| ۲۰۹ | متاخرین نے کفن میں علماء ومشائخ کے لیے عمامہ باندھنا مستحسن قرار دیا ہے۔ | فتوی نمبر 82 |
| ۲۱۰ | جنازہ کو کس رفتار سے لے کر چلیں؟ | فتوی نمبر 83 |
| ۲۱۱ | نمازِ جنازہ کی نیت | فتوی نمبر 84 |
| ۲۱۱ | نمازِ جنازہ کی شرائط | |
| ۲۱۲ | تیسری تکبیر کے بعد مرد اور عورت کے لیے دعاء | فتوی نمبر 85 |
| ۲۱۴ | نمازِ جنازہ کی صفوں کے درمیان فاصلہ | فتوی نمبر 86 |
| ۲۱۵ | جنازہ کی صفیں طاق ہوں | فتوی نمبر 87 |
| ۲۱۶ | جنازے چند ہوں کو ایک بار سب پر نماز پڑھی جائے یا باری باری ان کو رکھنے کی ترتیب | فتوی نمبر 88 |
| ۲۱۸ | امام مردہ سے کتنے فاصلے پر کھڑا ہو | فتوی نمبر 89 |
| ۲۱۹ | جنازہ کی نماز کے لیے نمازِ جمعہ کا انتظار کرنا مکروہ ہے | فتوی نمبر 90 |
| ۲۲۰ | نمازِ جنازہ کے لیے مردہ کو مسجد یا صحن میں رکھنا کیسا ہے؟ | فتوی نمبر 91 |
| ۲۲۲ | عذر کی بنا پر مسجد میں نمازِ جنازہ درست ہے | |
| ۲۲۳ | بغیر جنازہ پڑھے مردے کو دفن کردیا تو کتنے عرصہ تک اس کی قبر پر نمازِ جنازہ ادا کی جاسکتی ہے؟ | فتوی نمبر 92 |
| ۲۲۶ | مردے کو قبر میں کس طرف سے اتارا جائے؟ | فتوی نمبر 93 |
| ۲۲۸ | نماز پنجگانہ ادا نہ کرنے والے کی نمازِ جنازہ کا حکم | فتوی نمبر 94 |
| ۲۲۹ | کن لوگوں کی نمازِ جنازہ نہ پڑھی جائے گی | |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| | مقروض کی نمازِ جنازہ کا حکم | ۲۳۱،۲۳۰ |
| | شوہر نے بیوی کے مرنے پر تجہیز وتکفین کے اخراجات ورثاء کے کہے بغیر کیے تو اب بیوی کے متروکہ مال سے وصول نہیں کرسکتا | ۷۱۱ |
| | **زکوۃ** | ۲۳۳ |
| فتوی نمبر 95 | زکوۃ وعشر اگر ظالم حاکم نے وصول کر کے بے جا صرف کرلیا ہوتو دوبارہ ادا کرنا افضل ہے | ۲۳۵ |
| فتوی نمبر 96 | جس شخص کے پاس ایک دن کا کھانا موجود ہو یا تندرست ہو اور کما کر کھا سکتا ہو تو اسے سوال کرنا حرام ہے۔ | ۲۳۷ |
| | کن لوگوں کو سوال کرنا جائز ہے اور کن کو حرام ہے؟ | ۲۳۸ |
| | جن لوگوں کو سوال کرنا جائز نہیں انہیں دینا بھی جائز نہیں | ۲۳۹،۲۳۸ |
| فتوی نمبر 97 | صدقہ فطر کی مقدار کی تحقیق | ۲۴۱ |
| | صدقہ فطر کی درج بالا تحقیق سے آپ نے رجوع فرمالیا تھا | ۵۴۹،۲۴۲ حاشیہ میں |
| | **روزہ** | ۲۴۳ |
| فتوی نمبر 98 | مطلع ابر آلود ہونے کی صورت میں عید کے چاند کے اثبات کے لیے کتنے گواہوں کی ضرورت ہے۔ | ۲۴۵ |
| فتوی نمبر 99 | عرفہ کے دن کے روزے کا حکم | ۲۴۸ |
| فتوی نمبر 100 | نفلی روزہ کسی مسلمان کو خوش کرنے یا گرمی یا پیاس کے غلبہ کے باعث توڑنا جائز ہے لیکن قضا واجب ہے | ۲۴۹ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **خرید وفروخت** | ۲۵۳ |
| فتوی نمبر 101 | نوٹ پر کمیشن لے کر فروخت کرنا جائز ہے یا نہیں | ۲۵۵ |
| فتوی نمبر 102 | مشترک جائداد کو فروخت کرنا جائز ہے یا نہیں | ۲۵۷ |
| فتوی نمبر 103 | قرض کی ادائیگی کے وقت قرض کی مقدار سے زائد دینا مستحب ہے | ۲۵۸ |
| | قرض لیتے وقت اگر زیادہ دینے کی شرط لگائی تو سود ہے | ۲۵۸ |
| فتوی نمبر 104 | ادھار، نقد قیمت سے زائد پر فروخت کرنا جائز ہے یا نہیں | ۲۶۰ |
| فتوی نمبر 105 | ذبح سے قبل قربانی کی کھال فروخت کرنا جائز نہیں۔ | ۲۶۱ |
| | تھن میں دودھ' صدف میں موتی' پیٹھ پر اون اور حیوان کے جسم پر چمڑے کی فروخت جائز نہیں | ۲۶۱ |
| فتوی نمبر 106 | تاڑی میں نشہ نہیں آیا کافر کو بیچی یہ معلوم ہے کہ نشہ کے لیے خرید رہا ہے تو بعض کے نزدیک جائز ہے | ۲۶۲ |
| | بغیر نشہ کے تاڑی مسلمان کو فروخت کی یہ معلوم ہو کہ نشہ کے لیے خریدتا ہے تو بالاتفاق مکروہ ہے۔ | ۲۶۲ |
| فتوی نمبر 107 | سود کی رقم انگریزی سکولوں میں صرف کی جاسکتی ہے یا نہیں۔ | ۲۶۵ |
| فتوی نمبر 108 | روپیہ اس شرط پر قرض دیا کہ واپسی پر اس قدر جنس یا رقم زائد ادا کروں گا سود ہے | ۲۶۸ |
| فتوی نمبر 109 | حتی المقدور سود کا ادا نہ کرنا ضروری ہے | ۲۷۰ |
| فتوی نمبر 110 | بیع سلم کی شرائط اور حکم | ۲۷۱ |
| فتوی نمبر 111 | ایک من جو اور نخود کے عوض ایک من غلہ کسی مدت پر لینا جائز ہے یا نہیں | ۲۷۲ |



Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | ایک شخص نے اپنا حصہ بلا تقسیم فروخت کر دیا تقسیم سے دوسروں کو نقصان نہ ہوتا ہو تو بقول امام ابو یوسف بیع جائز ہے ورنہ بالاتفاق ناجائز ہے | ۲۷۴ |
| | **حجر** | ۲۷۵ |
| فتوی نمبر 112 | نابالغ لڑکی اپنا مہر معاف نہیں کر سکتی کسی کو اپنی کوئی چیز ہبہ نہیں کر سکتی | ۲۷۷ |
| | بالغ ہونے پر بلا جبر واکراہ مہر معاف کر سکتی ہے۔ | ۲۷۷ |
| | نابالغ لڑکی کا باپ بھی مہر معاف نہیں کر سکتا۔ | ۲۷۷ |
| | **مضاربت** | ۲۸۱ |
| فتوی نمبر 113 | مضاربت کے صحیح ہونے کی شرط یہ ہے کہ مال کے مالک اور کام کرنے والے کا نفع میں حصہ مقرر ہو۔ | ۲۸۳ |
| | ہر وہ شرط جس سے نفع کا حصہ مجہول ہو وہ مضاربت کو فاسد کر دیتی ہے۔ | ۲۸۴ |
| | یہ شرط لگائی کہ نقصان کا ذمہ دار مضارب ہوگا یہ شرط فاسد ہے لیکن مضاربت صحیح ہے | ۲۸۴ |
| | مضاربت صحیح ہو نفع نہ ہو تو مضارب کو کچھ نہ ملے گا۔ | ۲۸۵ |
| | مضاربت میں نقصان کی صورت میں نقصان پہلے نفع سے پورا کیا جائے گا اگر پورا نہ ہو تو مضارب سے کچھ وصول نہ کیا جائے گا۔ اصل زر سے پورا کیا جائے گا | ۲۸۶ |
| | کسی کو ہزار روپیہ دیا کہ آدھے مضاربت کے لیے ہیں اور آدھے ہبہ ہیں ساری رقم ضائع ہوگی تو ہبہ کے حصہ کا ضامن ہوگا | ۲۸۷ |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **وکالت** | ۲۸۷ |
| فتویٰ نمبر 114 | وکیل کے پاس وصول شدہ روپیہ امانت ہوتا ہے۔ اس کے ضائع ہونے پر وہ ضامن نہیں۔ | ۲۹۰،۲۸۹ |
| فتویٰ نمبر 115 | فرستادہ شخص بغرض وصول وقبض شرعاً امین ہوتا ہے | ۲۹۲ |
| | قرض وصول کرنے کے لیے وکیل، خصومت کا وکیل نہیں ہوتا، وصول کے بعد وہ امین ہوتا ہے | ۲۹۳ |
| | **ہبہ** | ۲۹۵ |
| فتویٰ نمبر 116 | ہبہ کے ارکان اور اس کے مکمل ہونے کے شرائط۔ | ۲۹۷ |
| | نابالغ، دادا، بھائی، ماں یا چچا کی کفالت میں ہو کسی نے نابالغ کو ہبہ کیا اور کفیل نے ہبہ پر قبضہ کیا تو صحیح یہ ہے کہ ہبہ کامل ہو جائے گا۔ | ۳۰۰ |
| | باپ نے نابالغ کو ہبہ کیا تو عقد ہی سے کامل ہو جائے گا | ۳۰۰ |
| | نابالغ لڑکیاں باپ کی کفالت میں ہیں ماں نے کوئی چیز ہبہ کی جب تک وہ باپ کے قبضہ میں نہ دے ہبہ کامل نہ ہوگا | ۳۰۱،۳۰۰ |
| | اجنبی نابالغ کی کفالت کرتا ہو تو اس کے قبضہ سے ہبہ کامل ہو جائے گا | ۳۰۲ |
| فتویٰ نمبر 117 | باپ اپنی اولاد میں کسی ایک کو جائداد ہبہ کرے اپنا قبضہ اٹھا کر اسے قبضہ دے دے تو ہبہ کامل ہے | ۳۰۳ |
| | چند ورثاء کو محروم کر کے ایک یا باقی کو ہبہ کرنا حرام تو نہیں مکروہ اور ظلم ضرور ہے | ۳۰۳ |
| | مرض الموت میں کسی وارث کو ہبہ کرنا یا وصیت نامہ لکھ دینا وصیت ہے جو باطل ہے | ۳۰۴ |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| فتوی نمبر 118 | مرض الموت کا ہبہ ابتداء میں ہبہ ہوتا ہے لیکن وصیت کا حکم رکھتا ہے | ۳۰۵ |
| | نابالغہ کے مال سے ولی کو ہبہ کا اختیار نہیں۔ | ۲۷۷ |
| | مرض الموت کا ہبہ بالآخر وصیت ہو جاتا ہے۔ | ۳۰۴ |
| | مرض الموت میں کیا ہوا ہبہ موت کے بعد وصیت میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ | ۳۰۵ |
| | ہبہ موہوب لہ کے قبض کرنے سے تام ہوتا ہے | ۷۰۱ |
| | بعض ورثاء کو محروم کرنا اور بعض کو ہبہ کرنا مکروہ اور ظلم ہے۔ | ۷۰۳ |
| | نابالغ کو ہبہ کیا تو اس کے ولی کا قبضہ کرنا شرعا نابالغ کا قبضہ کرنا شمار ہوتا ہے۔ | ۷۰۴ |
| | باپ نے نابالغ بچے کو کوئی چیز ہبہ کی تو یہ ہبہ صرف عقد سے کامل ہو جاتا ہے۔ | ۷۰۴ |
| | ہبہ مشاع اگر تقسیم سے بیکار نہ ہو تو جائز نہیں | ۷۱۶ |
| | ایک شخص نے ہزار روپیہ کسی کو دیا آدھے مضاربت کے لیے اور آدھے ہبہ کے لیے ساری رقم ضائع ہوگئی تو مضارب ہبہ کا ضامن ہوگا۔ | ۷۱۷ |
| | خاوند نے بحالت صحت بیوی کو زیور ہبہ کر کے پہنا دیا تو اب وہ زیور بیوی کی ملکیت ہے | ۷۴۱ |
| | نابالغ کو ہبہ کیا جائداد اس کے باپ کے قبضہ میں دے دی تو ہبہ کامل ہوگیا۔ | ۷۶۳ |
| | زنا کی اولاد کو ہبہ کیا ہبہ درست ہے | ۸۰۴ |
| | **وقف** | ۳۰۷ |
| فتوی نمبر 119 | مدت دراز تک ایک شخص جائداد پر مالکانہ تصرف کرتا رہا تو وقف کی دستاویز کا اعتبار نہیں | ۳۰۹ |
| فتوی نمبر 120 | متولی عرصہ دراز تک مالکانہ تصرف کرتے رہے تو وقف کا دعوی لائق سماعت نہیں ہے | ۳۱۱ |


Marfat.com

| صفحہ نمبر | موضوع | فتوی نمبر |
|---|---|---|
| ۳۱۳ | زمین وقف کی تو جب تک متولی کے حوالہ نہ کی وقف کامل نہ ہوا۔ | فتوی نمبر 121 |
| ۳۱۳ | وقف کا ارادہ کرنے سے زمین وقف نہ ہوگی۔ | |
| ۳۱۴ | غیر وقف کو وقف قرار دینا بے دینی ہے۔ | |
| ۳۱۴ | وقف کا بیچنا اور اس کے بدلے روپیہ لینا حرام ہے۔ | |
| ۳۱۵ | قبضہ دیئے بغیر وقف پورا نہیں ہوتا۔ | فتوی نمبر 122 |
| ۳۱۶ | جب تک وقف کرنے والا نماز ادا کرنے کی اجازت نہ دے جگہ مسجد قرار نہیں پاتی | |
| ۳۱۶ | واقف کی اجازت سے ایک دو مردے دفن ہو جائیں تو جگہ قبرستان کے لیے وقف قرار پائے گی۔ | |
| ۳۱۷ | وقف کیے بغیر کسی کا مال وقف نہیں ہوسکتا۔ | فتوی نمبر 123 |
| ۳۱۸ | مکان اور دکان جب تک وقف کر کے متولی کے سپرد نہ کر دے وقف تام نہیں ہوسکتا | |
| ۳۲۰ | قدیمی قبرستان میں قبروں کے نشانات مٹ چکے ہوں طلبہ کے لیے مدرسہ بنانا جائز نہیں ہے | فتوی نمبر 124 |
| ۳۲۱ | ایک یا دو قبریں کسی جگہ ہوں ان پر حجرہ یا گنبد بنا کر مسجد کا صحن بنانا جائز ہے۔ | |
| ۳۲۳،۳۲۱ | قبرستان کا گھاس کاٹ کر چوپایوں کو کھلایا جاسکتا ہے۔ چوپائے قبرستان میں نہ چھوڑے جائیں۔ | |
| ۳۲۲،۳۲۱ | زمین قبرستان کے لیے وقف کی ایک مردہ بھی دفن کر دیا گیا لیکن وہ جگہ مردے دفن کرنے کے لائق نہ ہو تو قبرستان قرار نہ پائے گی۔ | |
| ۳۲۴ | ہندو کے روپیہ سے جو مسجد بنوائی جائے اس کا حکم مسجد کا سا نہیں ہوتا۔ | فتوی نمبر 125 |



Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| | ہندو کے روپیہ سے مسجد کے لیے جھاڑ' فانوس' پنکھے' مسجد کے کنوئیں وغیرہ پرخرچ کرسکتے ہیں | ۳۲۴ |
| فتوی نمبر 126 | وقف کے صحیح ہونے کے بعد واقف چیز واپس نہیں لے سکتا۔ | ۳۲۵ |
| | وقف کے بعد واقف چیز کا مالک نہیں رہتا۔ | ۳۲۶ |
| | وقف کی ہوئی چیز پرانی ہو جانے پر ضرورت کی بنا پر متولی یا واقف اس کے بدلے میں نئی چیز خرید کر رکھے تو بالاتفاق جائز ہے۔ | ۳۲۶ |
| | محلہ ویران ہونے کی صورت میں میت کو اٹھانے کا تابوت' نہلانے کا تختہ وغیرہ قریب کے محلہ میں منتقل کر دیئے جائیں گے۔ | ۳۲۸ |
| فتوی نمبر 127 | پیپل کے درخت کے نیچے ہندو عبادت کرتے ہوں اس کے نیچے سے مسجد نکلے تو اس کو قائم کرنے میں بڑا ثواب ہے۔ | ۳۲۹ |
| فتوی نمبر 128 | مسجد کی تعمیر کے وقت وقف کرنے سے پہلے مسجد کے نیچے یا اوپر حجرہ یا مکان تعمیر کیا جاسکتا ہے۔ | ۳۳۰ |
| | وقف کرنے کے بعد مسجد کے نیچے یا اوپر کوئی حجرہ یا تہ خانہ بنانا جائز نہیں۔ | ۳۳۰ |
| فتوی نمبر 129 | مسجد یا فنائے مسجد میں دکان تعمیر کرنا درست نہیں۔ | ۳۳۲ |
| | مسجد بنوائی لیکن اس کے نیچے یا اوپر اپنی ملکیت برقرار رکھ کر تہہ خانہ یا مکان بنایا تو وہ جگہ مسجد قرار نہ پائے گی۔ | ۳۳۳ |
| فتوی نمبر 130 | زمین یا مکان اگر بعینہ وہی ہے جس کو واقف نے وقف کیا ہو تو اسے بیچنا ناجائز ہے | ۳۳۵ |
| | وقف کی آمدنی سے مکان یا زمین خریدی تو اسے فروخت کر سکتے ہیں۔ | ۳۳۵ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | وقفی مکان منہدم ہوگیا اس کو آباد کرنا متعذر رہا اور کرایہ پر نہ چڑھایا جاسکتا ہو تو قاضی کی اجازت سے اسے فروخت کرسکتے ہیں۔ | ۳۳۵ |
| فتوی نمبر 131 | غیر مسلم نے مسجد بنوائی اس میں نماز ادا کرنا جائز ہے لیکن مسجد کا ثواب نہ ہوگا۔ | ۳۳۷ |
| فتوی نمبر 132 | رنڈی (طائفہ) کا روپیہ مسجد میں لگانا جائز نہیں۔ | ۳۳۸ |
| فتوی نمبر 133 | مسجد میں اہلِ اسلام کے سوا کسی کا روپیہ نہ لگائیں۔ | ۳۳۹ |
| فتوی نمبر 134 | مسجد کی تعمیر کے لیے سامان غیر مسلم سے خرید سکتے ہیں | ۳۴۰ |
| فتوی نمبر 135 | مسجد ویران ہوگئی اگر اس کا سامان کے تلف ہونے کا خطرہ نہ ہو تو اسے کسی دوسری مسجد میں منتقل کرنا جائز نہیں۔ | ۳۴۱ |
| | ویران مسجد کا سامان تلف ہونے کا غالب گمان ہو تو اسے دوسری مسجد میں منتقل کرسکتے ہیں | ۳۴۲ |
| | مسجد کی گھاس اور چٹائیاں اگر ان کی ضرورت نہ رہے تو قریب ترین مسجد میں صرف کرسکتے ہیں۔ | ۳۴۴ |
| | وقف کنوئیں اور سرائے کی چیزوں کا بھی یہی حکم ہے | ۳۴۴ |
| فتوی نمبر 136 | پرانی مسجد کی اشیا فروخت کرکے ان کی قیمت نئی مسجد میں صرف کرنا جائز ہے۔ | ۳۴۵ |
| فتوی نمبر 137 | صرف اتنا کہہ دینے سے کہ میں نے اپنا مکان مسجد کے لیے وقف کیا وہ مکان وقف نہ ہوگا جب تک متولی کے سپرد نہ کرے۔ | ۳۴۶ |
| فتوی نمبر 138 | مسجد کا لغوی معنی اور اصطلاحی تعریف | ۳۴۸ |
| | مسجد کے لیے وقف کرنے کے بعد نہ رجوع کرسکتا ہے نہ فروخت کرسکتا ہے اور نہ ہی اس کی وراثت بنتی ہے۔ | ۳۴۹ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | کسی نے مسجد بنوائی لیکن اس کے نیچے تہہ خانہ یا اوپر اپنا گھر بنالیا تو وہ اس کو فروخت کرسکتا ہے۔ | ۳۵۰،۳۴۹ |
| فتوی نمبر 139 | عالم باپ مرگیا اولاد چھوڑی جو باپ کی طرح اپنی خدمات انجام دیتی ہو تو حاکم پر لازم ہے کہ باپ کا وظیفہ اس کی اولاد کو دے۔ | ۳۵۴ |
| | جاہل اور نا قابلِ امامت اولاد باپ کے بیت المال سے مقرر وظیفہ کی حق دار نہیں | ۳۵۵ |
| فتوی نمبر 140 | واقف خود متولی ہو یا واقف کی جانب سے دیانت دار متولی ہو اسے معزول کرنا درست نہیں | ۳۵۹ |
| فتوی نمبر 141 | بانی مسجد اور اہل محلہ مسجد کی خبر گیری کریں اگر جھگڑا کریں تو ان کا یہ حق جاتا رہتا ہے | ۳۶۱ |
| فتوی نمبر 142 | دکاندار مجبوری کے باعث پانی کو جامع مسجد سے دکان پر لے جاسکتے ہیں یا نہیں | ۳۶۳ |
| فتوی نمبر 143 | مسجد کی زمین میں نمی ہو تو درخت لگانا جائز ہے۔ | ۳۶۴ |
| | مسجد میں درخت ہو اس کا فائدہ نہ ہو تو اسے باقی رکھنا جائز نہیں۔ | ۳۶۴ |
| فتوی نمبر 144 | مسجد کی چھت پر نماز پڑھنے کا حکم۔ | ۳۶۶ |
| | مسجد کی چھت مسجد کا حکم رکھتی ہے اس پر جماع کرنا' پاخانہ پھرنا مکروہ تحریمی ہے | ۳۶۶ |
| | کعبہ کی چھت پر چلنا مکروہ ہے | ۳۶۷ |
| | سات مقامات پر نماز ادا کرنا مکروہ ہے (حدیث) | ۳۶۷ |
| | بیت اللہ کے اندر داخلہ مستحب ہے جب کہ خود کو یا دوسروں کو تکلیف نہ دے | ۳۶۸ |
| | مسجد کی چھت پر بلا ضرورت چڑھنا مکروہ ہے۔ | ۳۶۸ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | بغرض اذان مسجد کی چھت پر چڑھنا صحابہ کرام سے ثابت ہے۔ | ۳۶۹ |
| | علامہ شامی سے اختلاف۔ | ۳۷۰ |
| | مسجدِ حرام میں نمازی سے آگے گذرنا ممنوع نہیں۔ | ۳۷۱ |
| فتوی نمبر 145 | کسی بادشاہ یا امیر کا مسجد کے لیے وقف کا حکم عام اوقاف سے مختلف ہے۔ | ۳۷۳ |
| | ایسے اوقاف سے طلباء، فقراء، امام، مدرس کی تنخواہ وغیرہ دے سکتے ہیں افطاری کا بندوبست بھی کر سکتے ہیں۔ | ۳۷۳ |
| فتوی نمبر 146 | متولی نے مسجد کے مقدمہ پر اپنی جیب سے خرچ کیا وہ مسجد کے فنڈ سے وصول کر سکتا ہے | ۳۷۸ |
| فتوی نمبر 147 | مسجد کی پرانی اشیاء کو فروخت کر کے اس کی قیمت مسجد میں صرف کر سکتے ہیں۔ | ۳۷۹ |
| فتوی نمبر 148 | صحنِ مسجد میں پرانی قبریں آ جائیں تو ان کو برابر کر کے مسجد میں داخل کر لیا جائے | ۳۸۰ |
| فتوی نمبر 149 | شیعہ کی مسجد کا حکم | ۳۸۱ |
| فتوی نمبر 150 | وقف کی تعریف اور حکم (وقف کی قسمِ اول) | ۳۸۲ |
| | وقف کنندگان کئی ایک ہوں یا وقف کنندہ ایک ہو لیکن وقف کی جہات مختلف ہوں تو واقف کی شرط کے خلاف کرنا جائز نہیں | ۳۸۳ |
| | وقف کنندہ ایک ہو اور اوقاف متعدد ہوں اور تمام کی جہت ایک ہی ہو تو ایک کا باقی ماندہ مال دوسرے میں خرچ کرنا جائز ہے۔ | ۳۸۴ |
| | مسجد میں واقع مدارس کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے بعض کے نزدیک ایک کی آمدنی دوسرے میں خرچ کرنا جائز ہے اور بعض کے نزدیک جائز نہیں | ۳۸۵ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | مسجد کے لیے معین وقف کی آمدنی مدرسہ پر اور اسی طرح اس کے برعکس جائز نہیں ہے | ۳۸۵ |
| | مسجد کی تعمیر کے لیے وقف رقم سے بچ رہے اس کا مصرف کیا ہے۔ | ۳۸۶ |
| | واقف کی شرط کے بغیر معین وقف سے کسی کا وظیفہ بغیر ضرورت کے مقرر کرنا | ۳۸۶ |
| | قاضی کے لیے جائز نہیں ہے اور ضرورت کی صورت میں جائز ہے۔ | ۳۸۷ |
| | وقف کی دوسری قسم: | ۳۸۷ |
| | واقف نے مطلق مصالحِ مسجد کے لیے وقف کیا تو مصلحتوں کا تعین عرفِ زمانہ | ۳۸۷ |
| | کے لحاظ سے ہوگا۔ | ۳۸۸ |
| | قدیم زمانہ کا عرف معلوم ہو تو بھی عرفِ زمانۂ حال ملحوظ ہوگا۔ | ۳۸۸ |
| | اختلافِ زمانہ کے باعث مصالحِ مسجد کا اختلاف | ۳۸۸،۳۸۹ |
| | مسجد اور مدرسہ کے ملازم اجیر ہوتے ہیں بغیر کام کے اجرت کے مستحق نہیں ہو سکتے | ۳۹۶ |
| | وقف کی تیسری قسم (امراء اور بادشاہوں کے اوقاف) | ۳۹۹ |
| | اس قسم کا حکم بیت المال سے وقف کا سا ہوتا ہے واقف کو اس سے ثواب ہوگا | ۳۹۹ |
| | بیت المال کی وقف شدہ چیز میں واقف کی شرط کا اعتبار نہیں ہوتا۔ دوسری جگہ بھی صرف کیا جا سکتا ہے۔ | ۴۰۱ |
| | بیت المال کے وقف سے امداد کے مستحقین | ۴۰۳ |
| | بیت المال کے وقف کی آمدنی کم ہونے کی صورت میں مستحق کون ہوں گے۔ | ۴۱۱ |
| | جن لوگوں کو بیت المال سے بطریق اعانت وعزتِ اسلامی کے وظیفہ ملتا ہو ان | ۴۱۳ |
| | کے مرنے کے بعد ان کے بیٹوں کو وہی وظیفہ دیا جائے گا۔ | ۴۱۴ |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| فتوی نمبر 151 | مسجد کو اپنی جگہ سے منتقل نہ کیا جائے اگرچہ دوسری جگہ نافع ہو | ۴۱۵ |
| | اگر مسجد ویران ہو جائے اور ظالم لوگ اس کا سامان اپنے کام میں لائیں تو اسے منتقل کرنا جائز ہے۔ | ۴۱۵ |
| | غاصب مسجد چھین کر قیمت دے تو متولی کے لیے وصول کرنا جائز ہے اس سے نئی مسجد بنادے | ۴۱۶ |
| | مسجد یا حوض ویران ہو جائے اور اس کے ملبہ کے چوری ہونے کا خدشہ ہو تو دوسری مسجد میں منتقل کر دیا جائے۔ | ۴۱۷ |
| فتوی نمبر 152 | قبرستان کو بصورتِ ضرورت مسجد بنانا جائز ہے۔ | ۴۱۹ |
| | کفار کے قبرستان کو مسلمانوں کا قبرستان بنایا جاسکتا ہے جب کہ ہڈیاں ختم ہو چکی ہوں | ۴۱۹ |
| | قبرستان کی نیت سے ایک یا دو قبریں بنادیں لوگ کسی خاص وجہ سے وہاں دفن کرنا ترک کر دیں تو اس جگہ کو فروخت کرنا جائز ہے۔ | ۴۲۰ |
| | دفن کے بعد میت کو نکالنا جائز نہیں مگر چند عذروں کی بناء پر جائز ہے۔ | ۴۲۱ |
| | قبر پر بیٹھنے کا عذاب (حدیث) | ۴۲۲ |
| | مسجد کے نیچے یا اوپر واقف کو بھی اپنی سکونت کا مکان بنانا بالاتفاق ناجائز ہے لیکن حضرت امام محمد نے اس کی اجازت دے دی۔ | ۴۲۳ |
| | قبر کا نشان مٹائے بغیر مسجد کی کرسی اونچی رکھ کر ان پر کوٹھڑے بنادیے جائیں۔ | ۴۲۴ |
| | قبر کو مسجد بنانے کی ممانعت کا معنی ہے کہ ان کو قبلہ نہ بنایا جائے۔ | ۴۲۴ |
| | نیک آدمی کی قبر کے پاس مسجد بنانا بغرضِ حصولِ برکت جائز ہے۔ | ۴۲۵ |



Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| فتوی نمبر 153 | چبوترہ موقوفہ علی المسجد مسجد سے اتنا دور ہو کہ درمیان میں رستہ حائل ہو تو اس پر نماز پڑھنے سے مسجد کا ثواب ہوگا | ۴۲۶ |
| | **غصب** | ۴۲۷ |
| فتوی نمبر 154 | کسی کا مال تلف کرائے یا حق تلفی کرائے اس کے واسطے وعیدِ عذابِ نار ہے۔ | ۴۲۹ |
| | مشترکہ جائداد کا کرایہ وصول کرتا رہا اس پر لازم ہے کہ دوسرے حصہ داروں کا حصہ ان کو ادا کرے۔ | ۷۱۵ |
| | کسی کی زمین میں مالک کی اجازت کے ساتھ مکان تعمیر کیا تو خرچ وصول کرسکتا ہے اگر بغیر اجازت تعمیر کیا تو خرچ وصول نہیں کرسکتا۔ | ۸۴۴ |
| | **عاریہ** | ۴۳۱ |
| فتوی نمبر 155 | شوہر کی جانب سے زیور اگر عاریت ہے تو وہ واپس لے سکتا ہے اگر مہر ہے تو واپس نہیں لے سکتا۔ | ۴۳۳ |
| | شوہر عاریت کا دعوی کرے اور عورت مہر کا اور گواہ کوئی نہ پیش کرے تو عرف | ۴۳۳ |
| | کے مطابق فیصلہ ہوگا۔ | ۴۳۴ |
| | شوہر نے جو زیور پہنایا اگر عرف میں وہ عاریت شمار ہوتا ہو تو وہ عاریت ہے ورنہ عورت کی ملک ہے۔ | ۵۰۶ |
| | نابالغ کا مال اس کے سرپرست کے پاس بالغ ہونے تک بطورِ امانت ہوتا ہے | ۸۴۸ |
| | **مفقود** | ۴۳۷ |
| فتوی نمبر 156 | انتہائی مجبوری کی صورت میں مفقود خاوند کی زوجہ کے لیے شافعی اور مالکی قول کے مطابق عمل کرنا جائز ہے۔ | ۴۳۹ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| فتوی نمبر 157 | مسئلہ مفقود میں ضرورت کے وقت مالکی اور شافعی قول کے مطابق عمل درست ہے | ۴۴۰ |
| فتوی نمبر 158 | مفقود خاوند کی بیوی اس وقت نکاح نہ کرے جب تک اس کے خاوند کے ہم عمر نہ مرجائیں | ۴۴۱ |
| فتوی نمبر 159 | مفقود کی بیوی کے لیے شوہر کی جائداد سے نان ونفقہ کا انتظام کیا جائے۔ | ۴۴۲ |
| | قاضی کو اختیار نہیں کہ مفقود کی بیوی اور خاوند کے درمیان تفریق کا حکم نافذ کرے | ۴۴۲ |
| | مفقود کی عمر نوے برس ہوگی تو اس کی موت کا حکم لگایا جائے گا اس کے بعد عورت عدت گذارے اور پھر نکاح کرے | ۴۴۳ |
| | ضرورت کی بناء پر مفقود کی بیوی کے بارے میں امام مالک کے قول پر فتوی جائز ہے | ۴۶۸ |
| | **احیاء الموات** | ۴۴۵ |
| فتوی نمبر 160 | خودرو گھاس اور درخت ایسی زمین میں ہوں جو کسی کی ملکیت نہیں ان میں سب مسلمانوں کا حصہ ہے۔ | ۴۴۷ |
| | خودرو گھاس اور درخت مملوکہ زمین میں ہوں تو بھی سب مسلمانوں کا حصہ ہے لیکن صاحب زمین کو حق حاصل ہے کہ اپنی زمین میں کسی کو نہ آنے دے | ۴۴۷ |
| | خودرو گھاس یا لکڑی کاٹ کر رکھی تو وہ کاٹنے والے کی ملکیت ہے۔ | ۴۴۸ |
| | گھاس بونے اور لگانے سے اُگے تو یہ مالک زمین کی ملکیت ہے۔ | ۴۴۸ |
| | پانی، گھاس اور آگ سب کا حکم یہی ہے۔ | ۴۴۸ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **نکاح** | ۴۵۱ |
| فتوی نمبر 161 | نکاح کے رکن ایجاب وقبول ہیں اور شرط دو گواہوں کا مجلسِ نکاح میں موجود ہونا ہے | ۴۵۳ |
| | قاضیِ شہر کے علاوہ جو بھی نکاح پڑھائے نکاح ہو جاتا ہے۔ | ۴۵۳ |
| | دلہا دلہن گواہوں کے سامنے ایجاب وقبول کرلیں نکاح ہو جاتا ہے۔ | ۴۵۳ |
| فتوی نمبر 162 | اگر عورت مجلسِ نکاح میں موجود نہ ہو اور نہ ہی وکیل یا ولی ہو تو قاضی خود عورت سے اجازت لے کر دلہا کو قبول کرادے۔ | ۴۵۴ |
| | قبول کراتے وقت عورت کا نام مع اس کے والد کے نام کے ضرور لے تاکہ سب پہچان لیں | ۴۵۴ |
| فتوی نمبر 163 | نکاح میں عورت کی پہچان ضروری ہے جس سے نکاح ہو رہا ہے اس کی مختلف صورتیں | ۴۵۵ |
| فتوی نمبر 164 | حاملہ بالنکاح کا نکاح درست نہیں | ۴۵۸ |
| فتوی نمبر 165 | زنا سے نکاح نہیں ٹوٹتا | ۴۵۹ |
| فتوی نمبر 166 | عدت کے دوران نکاح درست نہیں۔ | ۴۶۰ |
| | نکاح صغیرہ میں مہر مثل سے کم جائز نہیں اگر کم ہوگا تو پورا مہرِ مثل شوہر سے دلایا جائے گا | ۴۶۱ |
| فتوی نمبر 167 | عدت گزرنے سے پہلے نکاح درست نہیں۔ | ۴۶۳ |
| | جن لوگوں نے عدت کے دوران نکاح پڑھایا یا گواہ بنے یا وکیل بنے تو سب پر توبہ لازم ہے | ۴۶۳ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| فتوی نمبر 168 | جس کا دودھ پیا اس کی کسی لڑکی سے نکاح درست نہیں۔ | ۴۶۴ |
| | رضاعی بھائی کی بہن سے نکاح درست ہے۔ | ۴۶۴ |
| فتوی نمبر 169 | ممانی اور بھانجے کا نکاح درست ہے۔ | ۴۶۵ |
| فتوی نمبر 170 | نابالغ کے نکاح کے لیے ولی کا ہونا شرط ہے۔ | ۴۶۶ |
| | جس کو نابالغ کے مال میں تصرف کا حق ہے اسے اس کی ذات میں تصرف بھی جائز ہے | ۴۶۷ |
| فتوی نمبر 171 | نابالغ کا نکاح قاضی، بھائی یا ماں نے کیا تو بلوغ کے بعد اسے خیار فسخ حاصل ہے | ۴۶۸ |
| فتوی نمبر 172 | آزاد عاقل بالغ عورت نے اپنا نکاح کسی سے کر لیا تو جائز ہے۔ | ۴۶۹ |
| فتوی نمبر 173 | بالغہ باکرہ عورت کو نکاح پر مجبور نہ کیا جائے گا۔ | ۴۷۰ |
| | چچا تایا یا ماں نے بالغہ عورت کی اجازت کے بغیر نکاح کر دیا تو نکاح نہ ہوگا۔ | ۴۷۰ |
| | بالغہ عورت کا بوقتِ نکاح ہنسنا یا چپ رہنا اذن کے قائم مقام ہے۔ | ۴۷۰،۴۷۱ |
| | خالہ زاد بھائی کے ساتھ نکاح درست ہے۔ جائز نہ سمجھنے والوں کے نکاح ٹوٹ جائیں گے | ۴۷۱ |
| فتوی نمبر 174 | نابالغہ کا نکاح، ولی اقرب (باپ) کی اجازت پر موقوف ہے خواہ اجازت صراحتاً ہو یا دلالتاً | ۴۷۲ |
| | ولی ابعد نے ولی اقرب کی موجودگی میں نکاح کیا تو وہ نکاح ولی اقرب کی اجازت پر موقوف رہے گا۔ | ۴۷۲ |
| | غیر کفو میں نکاح کرے تو ولی کو اعتراض کا حق حاصل ہے۔ | ۴۷۳ |
| | ولیِ ابعد نے نکاح کیا ولیِ اقرب مجلس میں موجود تھا تو اس کا سکوت اجازت قرار نہ پائے گا صریح اجازت کی ضرورت ہے۔ | ۴۷۳ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| فتوی نمبر 175 | بالغہ کا نکاح بغیر صریح اجازت کے وکیل نے کر دیا نکاح صحیح نہیں۔ | ۴۷۴ |
| | چچازاد بھائی ماں سے زیادہ قریب ولی ہے۔ | ۴۷۴ |
| | غیر کفو میں نکاح میں سکوت رضامندی نہیں۔ | ۴۷۴ |
| | عورت نے ولی کی اجازت کے بغیر غیر کفو میں نکاح کیا تو ولی کے مطالبہ پر قاضی تفریق کرادے گا۔ | ۴۷۵ |
| فتوی نمبر 176 | بلا اجازت اور اطلاع نکاح کو فضولی کہتے ہیں۔ | ۴۷۶ |
| | نکاح فضولی اجازت پر موقوف ہوتا ہے اجازت نہ دے تو نکاح نہیں ہوتا | ۴۷۶ |
| فتوی نمبر 177 | باپ کی موجودگی میں اس کی نابالغہ بیٹی کا نکاح ہوا تو یہ باپ کی اجازت پر موقوف ہوگا | ۴۷۷ |
| | درج بالا صورت میں باپ کا سکوت اجازت نہیں بلکہ صراحتاً یا دلالتاً اجازت ضروری ہے | ۴۷۸ |
| | باپ یا دادا کے سوا کسی اور نے غیر کفو میں نکاح کیا یا مہر مثل سے کم نکاح کیا تو بھی نکاح صحیح نہیں۔ | ۴۷۸ |
| فتوی نمبر 178 | نانا ابعد ترین اولیاء سے ہے | ۴۸۰ |
| | ولیِ اقرب کی موجودگی میں ولیِ ابعد نے نکاح کیا نکاح صحیح نہیں۔ | ۴۸۰ |
| | ولیِ اقرب اہل ولایت نہ ہو یا وہ اتنی دور چلا گیا ہو کہ کفو کی پیش کش کے فوت ہونے کا خوف ہو تو ولیِ ابعد کا نکاح درست ہے۔ | ۴۸۱ |
| | ولیِ ابعد نے نکاح کیا تو لڑکی کو خیارِ فسخ حاصل ہے۔ لیکن عورت قاضی سے فسخ کرائے | ۴۸۲ |
| | حیض آنے کے متصل بعد دو گواہ فسخ پر مقرر نہ کرے تو خیارِ فسخ باقی نہیں رہتا | ۴۸۲ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | خیارِ بلوغ سے علیحدگی ہوئی خاوند نے دخول نہ کیا تھا تو عورت کو مہر نہ ملے گا۔ | ۴۸۳ |
| فتوی نمبر 179 | فاسق صالحہ عورت کا کفو نہیں ہے۔ | ۴۸۴ |
| فتوی نمبر 180 | مہر کی اقسام مؤجل معجل اور مہرِ مثل | ۴۸۵ |
| | مہرِ مؤجل کا حکم | ۴۸۵ |
| | مہرِ معجل کا حکم | ۴۸۶ |
| | حاملہ بالزنا سے نکاح درست ہے اگر زانی نے نکاح کیا تو وطی بھی درست ورنہ وضعِ حمل تک جماع جائز نہیں۔ | ۷۸۸ |
| | مہرِ مثل کا حکم | ۴۸۷ |
| | متعہ طلاق کب واجب ہوتا ہے اور اس کی تفصیل | ۴۸۹ |
| فتوی نمبر 181 | مہرِ معجل اور مہرِ مؤجل کا حکم | ۴۹۱ |
| فتوی نمبر 182 | ذکرِ مہر شرطِ جوازِ نکاح نہیں ہے۔ | ۴۹۲ |
| | بوقت عقد نکاح جو مہر مقرر کیا جائے وہی لازم ہوتا ہے۔ | ۴۹۲ |
| | بلا ذکرِ مہر نکاح کی صورت میں مہرِ مثل واجب ہوتا ہے۔ | ۴۹۲ |
| | مہر کے بغیر نکاح کیا پھر بھی مہرِ مثل واجب ہو جاتا ہے۔ | ۴۹۲ |
| فتوی نمبر 183 | نابالغ لڑکے کا نابالغ عورت سے والدین کی ولایت میں نکاح ہو تو مہر خاوند پر واجب ہوتا ہے | ۴۹۴ |
| | نابالغ لڑکے کے مہر کے ضامن ہونے کی صورت میں باپ پر مہر واجب ہوتا ہے | ۴۹۴ |
| فتوی نمبر 184 | مہرِ معجل ادا کرنے کے بعد خاوند کو اختیار ہے کہ بیوی کو جہاں چاہے رکھے | ۴۹۷ |
| | کن صورتوں میں عورت خاوند کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر نکل سکتی ہے اور کن میں نہیں | ۴۹۸ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | لڑکی کے بالغ ہونے کے بعد خاوند کو زوجہ کے پاس آمد و رفت رکھنے سے روکنا ظلم ہے | ۴۹۹ |
| فتوی نمبر 185 | کوئی مرض باعث سقوطِ مہر نہیں۔ | ۵۰۱ |
| | نکاح فسخ ہونے سے قبل عورت مرجائے تو پورے مہر کی مستحق ہے۔ | ۵۰۲ |
| | مہر جماع یا موت کے ساتھ پختہ ہو جاتا ہے۔ | ۵۰۳ |
| | وہ عیوب جن میں عورت کو خیار فسخ حاصل ہوتا ہے۔ | ۵۰۴ |
| فتوی نمبر 186 | خاوند یا بیوی کے مرنے سے کامل مہر واجب ہو جاتا ہے۔ | ۵۰۵ |
| فتوی نمبر 187 | عورت کی کسی غیر مرد سے شناسائی ہو تو نکاح نہیں جاتا مرد خواہ طلاق دے یا نہ دے | ۵۰۷ |
| | نکاح میں نابالغہ کا ولی اقرب باپ ہے۔ | ۲۷۷ |
| | دورانِ عدت نکاح خاوند کے علاوہ کسی اور سے ہرگز درست نہیں۔ | ۵۶۷ |
| | مہر واجب الطلب مرد کو ادا کرنا واجب ہے۔ | ۵۷۹ |
| | جہیز جو لڑکی کو دیا جاتا ہے وہ عورت کی ملکیت ہے | ۵۸۰ |
| | عدت کے ختم ہونے سے پہلے خاوند کے علاوہ کسی اور سے نکاح باطل ہے | ۵۹۲ |
| | خاوند نے مہر میں اضافہ کیا یہ اضافہ تب لازم ہوگا جب عورت نے قبول کیا ہو | ۷۰۰ |
| | تمام ورثہ نے مہر کے لیے ایک ماہ کی مہلت دی تو مہینہ سے پہلے بھی مطالبہ کر سکتے ہیں | ۷۱۱ |
| | زنا کی اولاد کا نسب زانی سے ثابت نہیں ہوتا۔ | ۸۰۳، ۸۲۵، ۸۳۶ |



Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **طلاق** | ۵۰۹ |
| فتوی نمبر 188 | طلاقِ رجعی کی ایک صورت اور اس کا حکم | ۵۱۱ |
| | طلاقِ مغلظہ کا حکم | ۵۱۲ |
| | طلاق دینے کے بعد خاوند انکار کرے تو کیا حکم ہے | ۵۱۲ |
| فتوی نمبر 189 | بیوی کا ہاں اولاد ہو یا نہ ہو طلاق واقع ہو جاتی ہے | ۵۱۳ |
| | طلاقِ صریح اور کنایہ اور ان کا حکم | ۵۱۴ |
| | بائن اور مغلظہ طلاق اور ان کا حکم | ۵۱۴ |
| فتوی نمبر 190 | طلاقِ مغلظہ دی میاں بیوی جدا نہ ہوئے تو بصورت ثبوتِ طلاق اور انقصائے عدت عورت دوسرے خاوند سے نکاح کر سکتی ہے۔ | ۵۱۶ |
| فتوی نمبر 191 | مغلظہ طلاق کا حکم | ۵۱۷ |
| فتوی نمبر 192 | مغلظہ طلاق کا حکم | ۵۱۸ |
| فتوی نمبر 193 | طلاق کے ثبوت کے لیے دو عادل مسلمان گواہ کافی ہیں تحریر کی ضرورت نہیں | ۵۱۹ |
| | عدت گزر جانے کے بعد خواہ پہلے خاوند سے نکاح کرے یا کسی اور سے جائز ہے طلاق مغلظہ ہو تو عدت گزرنے کے بعد بھی پہلے خاوند سے نکاح نہیں کر سکتی | ۵۱۹ |
| فتوی نمبر 194 | تین طلاق کا حکم | ۵۲۰ |
| فتوی نمبر 195 | مدخولہ اور غیر مدخولہ کو تین طلاق دینے کے احکام | ۵۲۱ |
| فتوی نمبر 196 | طلاق کی ایک صورت | ۵۲۳ |
| فتوی نمبر 197 | طلاق کی ایک صورت | ۵۲۴ |
| فتوی نمبر 198 | خاوند نے تنہائی میں طلاق دی تو طلاق ہو جائے گی | ۵۲۵ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | وقوعِ طلاق اور ثبوتِ طلاق دو الگ چیزیں ہیں۔ ثبوت طلاق کے لیے گواہوں کی ضرورت ہے | ۵۲۵ |
| فتوی نمبر 199 | ''طلاق دے دوں گا'' سے طلاق نہیں ہوتی | ۵۲۶ |
| | طلاق کے ثبوت کے لیے دو عادل گواہوں کی ضرورت ہے | ۵۲۶ |
| | رجعی طلاق کا حکم | ۵۲۶ |
| فتوی نمبر 200 | زنا میں مبتلا بیوی کو جھڑک کر نکال دینے سے طلاق نہیں ہوتی | ۵۲۷ |
| فتوی نمبر 201 | بعارضۂ بخار دماغ میں نقص پیدا ہوگیا طلاق دی واقع نہ ہوگی | ۵۲۸ |
| فتوی نمبر 202 | نشہ کی حالت میں کسی نے طلاق نامہ پر انگوٹھ لگوالیا تو کیا حکم ہے؟ | ۵۲۹ |
| فتوی نمبر 203 | دیوانے کی طلاق واقع نہیں ہوتی۔ | ۵۳۱ |
| فتوی نمبر 204 | مجنون، مخبوط الحواس، نابالغ اور بے ہوش کی طلاق واقع نہیں ہوتی۔ | ۵۳۳ |
| | حالتِ صحت میں کہا اگر میں اس مکان میں قدم رکھوں تجھے طلاق دیوانہ ہونے کے بعد وہاں گیا طلاق ہوجائے گی | ۵۳۴ |
| فتوی نمبر 205 | عورت بلا اجازت گھر سے نکلے نکاح نہیں ٹوٹتا | ۵۳۶ |
| فتوی نمبر 206 | ایجاب وقبول سے قبل خیارِ طلاق کی شرط معتبر نہیں۔ | ۵۳۸ |
| | خیارِ طلاق کی شرط پر ایجاب وقبول ہو تو اس کا اعتبار ہے | ۵۳۹ |
| | نابالغہ یا بڑھاپے کے باعث جس کو حیض نہ آتا ہو اس کی عدت تین ماہ ہے۔ | ۴۶۱ |
| | **خلع** | ۵۴۱ |
| فتوی نمبر 207 | خلع کی تعریف | ۵۴۳ |
| | خلع ایک طلاق بائنہ ہوتا ہے | ۵۴۳ |


Marfat.com

| صفحہ نمبر | موضوع | فتوی نمبر |
|---|---|---|
| ۵۴۴ | مرد اگر ظلم کرے اور طلاق نہ دے تو حاکم جبراً طلاق دلوادے | |
| ۵۴۵ | **ظھار** | |
| ۵۴۷ | تو میری ماں، بہن کی مثل ہے کہا تو کیا حکم ہے؟ | فتوی نمبر 208 |
| ۵۴۷ | ظہار کے کفارہ کی تفصیل | |
| ۵۴۹ | ''تو اب میری ماں بہن کے برابر ہے'' کہا تو کیا حکم ہے | فتوی نمبر 209 |
| ۵۴۹ | ظہار کے کفارہ کی تفصیل | |
| ۵۵۱ | **عنین** | |
| ۵۵۳ | عنین کے احکام | فتوی نمبر 210 |
| ۵۵۶ | مرد کا آلہء تناسل کٹا ہوا ہو یا چھوٹا ہو کہ ادخال ممکن نہ ہو فوراً تفریق کردی جائے گی | فتوی نمبر 211 |
| ۵۵۶ | اگر نامرد ہو یا خصی ہو تو اسے ایک سال کی مہلت دی جائے گی | |
| ۵۵۷ | اگر سال کے بعد وہ ٹھیک نہ ہو اور طلاق نہ دے تو قاضی اس کے قائم مقام ہو کر طلاق دے دے | |
| ۵۵۸ | اگر آلہ تناسل کٹا ہوا ہو یا اتنا چھوٹا ہو کہ ادخال ممکن نہ ہو تو فوراً تفریق کردی جائے گی | فتوی نمبر 212 |
| ۵۵۹ | نامرد یا خصی ہو تو ایک سال کی مہلت دی جائے گی | |
| ۵۶۱ | **عدت** | |
| ۵۶۳ | نابالغہ کی عدت تین ماہ ہے بالغہ کی عدت تین حیض اور جسے حیض نہ آتا ہو اس کی عدت تین ماہ ہے۔ | فتوی نمبر 213 |
| ۵۶۴ | عورت اپنی عدت کہاں پوری کرے۔ | فتوی نمبر 214 |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | کن صورتوں میں عورت عدت کے مکان سے باہر نکل سکتی ہے | ۵۶۴ |
| فتوی نمبر 215 | خاوند فوت ہونے کی صورت میں عدت | ۵۶۵ |
| | کن صورتوں میں طلاق اور سوگ والی عورت اپنے گھر سے باہر آ سکتی ہے۔ | ۵۶۵ |
| فتوی نمبر 216 | خلوتِ صحیحہ کے بعد طلاق سے عدت لازم ہوتی ہے۔ | ۵۶۷ |
| | سات عورتوں پر سوگ کرنا لازم نہیں۔ | ۲۷۹ |
| | سوگ میں کیا امور ممنوع ہیں | ۲۷۹ |
| | عورت اپنی عدت کہاں گذارے | ۲۸۰ |
| | عدت تین حیض ہے | ۵۷۶ |
| | جس عورت کو حیض نہ آتا ہو اس کی عدت | ۵۹۳ |
| | مطلقہ غیر حاملہ کی عدت تین حیض ہے | ۵۹۷ |
| | **حضانت** | ۵۶۹ |
| فتوی نمبر 217 | جس نابالغ لڑکی کے ماں باپ' دادا' دادی' نانا' نانی' بہن خالہ فوت ہو چکے ہوں اس کی پرورش کا حق پھوپھیوں کو ہے۔ | ۵۷۱ |
| | حضانت کے استحقاق کی ترتیب | ۵۷۱ |
| | حضانت کی حق دار عورت نکاح کرے تو حضانت کا حق ختم ہو جاتا ہے۔ | ۵۷۲ |
| فتوی نمبر 218 | ماں بچہ کی پرورش کی حقدار ہے۔ حضانت کی مدت | ۵۷۴ |
| | حضانت کی مدت | ۵۸۹ |
| | حضانت کا حق ساقط ہونے کی صورت | ۵۹۰ |
| | حضانت کی مدت | ۵۹۶ |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | ماں بچے کی پرورش کی حق دار ہے اس کو پرورش پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ | ۸۱۲ |
| | **نفقہ** | ۵۷۷ |
| فتویٰ نمبر 219 | ایام عدت میں مکانِ سکونت' نان ونفقہ اور لباس مرد کے ذمہ ہے۔ | ۵۷۹ |
| | متعہ طلاق کی اقسام اور ان کے احکام | ۵۷۹ |
| | لڑکی کی شادی پر برادری کو کھانا کھلانے وغیرہ کا خرچہ باپ کے ذمہ ہے شوہر کے ذمہ نہیں | ۵۸۱ |
| فتویٰ نمبر 220 | عورت بلا حق شرعی بلا اجازت شوہر کے گھر سے چلی جائے وہ نان ونفقہ کی حقدار نہیں | ۵۸۲ |
| فتویٰ نمبر 221 | شوہر بد سلوکی کرے خبر گیری نہ کرے تو عورت کو حق ہے کہ اس کے ہاں نہ ٹھہرے | ۵۸۳ |
| فتویٰ نمبر 222 | نفقہ کی دو صورتیں تمکین اور ایصال | ۵۸۴ |
| | ادائے نفقہ کی مدت | ۵۸۶ |
| | بیوی کے اپنے نفقہ کے ساتھ خادمہ کے نفقہ کے وصول کرنے کی صورت | ۵۸۶ |
| فتویٰ نمبر 223 | باپ بچہ کی عمر سات برس ہونے تک اس کا نفقہ اور پرورش کرنے والی ماں کا نفقہ ادا کرے | ۵۸۸ |
| فتویٰ نمبر 224 | عدت کے ایام کا نان ونفقہ خاوند کے ذمہ ہے | ۵۹۱ |
| فتویٰ نمبر 225 | ایامِ عدت کا نفقہ خاوند کے ذمہ ہے۔ | ۵۹۴ |
| | ایامِ عدت کا نفقہ مرد کے ذمہ ہے۔ | ۵۱۵ |
| | بچہ کا نان ونفقہ باپ کے ذمہ ہے۔ | ۵۷۵ |
| | زمانہ عدت کا نفقہ خاوند کے ذمہ ہے۔ | ۵۷۵ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | حضانت کے زمانہ کا نفقہ باپ کے ذمہ ہے۔ | ۵۹۷ |
| | نان ونفقہ کی ضروریات کے علاوہ بیوی نے خاوند کے مال سے مال چرایا تو وہ اسے مہر میں شمار کر سکتا ہے۔ | ۷۱۱ |
| | **شکار وذبح** | ۵۹۹ |
| فتوی نمبر 226 | تیر یا برچھی سے بسم اللہ کہہ کر شکار کو زخمی کیا اور شکار تک پہنچنے سے پہلے مر گیا تو اس کا کھانا حلال ہے۔ | ۶۰۱ |
| | ایسی چیز سے شکار کو زخمی کیا جو اپنے بوجھ کے باعث زخمی کرتی ہے شکار تک پہنچنے سے پہلے مر گیا تو اس کا کھانا حرام ہے۔ | ۶۰۱ |
| | زخمی کرنے سے شکار صرف اس وقت حلال ہوتا ہے جب کہ باقاعدہ ذبح کرنے پر قدرت نہ ہو | ۶۰۱ |
| | گولی سے شکار کا حکم | ۶۰۲ |
| فتوی نمبر 227 | مشرک خواہ بسم اللہ پڑھ کر شکار کو زخمی کرے وہ حلال نہیں۔ | ۶۰۴ |
| | شکار کے حلال ہونے کے لئے شکاری کا مسلمان ہونا شرط ہے۔ | ۶۰۴ |
| فتوی نمبر 228 | غیر اللہ کے تقرب کی خاطر ذبح کیا جانور حرام ہو گیا۔ | ۶۰۵ |
| | اگر کسی کے ایصال ثواب کے لیے ذبح کرے تو جانور حلال ہے۔ | ۶۰۵ |
| | اگر اول نیت غیر اللہ کی تھی آخر میں نیت کو بدلا آخری نیت کا اعتبار ہوگا۔ | ۶۰۶ |
| | **قربانی** | ۶۰۷ |
| فتوی نمبر 229 | قربانی کے جانور اور ان کی عمروں کی تفصیل | ۶۰۹ |
| | چھ ماہ کا دنبہ دیکھنے میں سال بھر کا معلوم ہو تو اس کی قربانی جائز ہے۔ | ۶۰۹ |


Marfat.com

| صفحہ نمبر | موضوع | فتوی نمبر |
|---|---|---|
| ۶۱۰ | گائے اور اونٹ میں سات آدمی شریک ہو سکتے ہیں۔ | |
| ۶۱۰ | قربانی کی نیت کے بغیر اگر ایک شخص بھی شریک ہوا تو کسی کی قربانی درست نہ ہوگی۔ | |
| ۶۱۰ | قربانی کی کھال کو اپنے خرچ کی نیت سے بیچنا مکروہ اور صدقہ کی نیت سے جائز ہے | |
| ۶۱۱ | قربانی کی دعا | فتوی نمبر 230 |
| ۶۱۲ | قربانی کا گوشت اور کھال کو اپنے خرچ کی نیت سے بیچنا مکروہ ہے اور صدقہ کی نیت سے جائز ہے | فتوی نمبر 231 |
| ۶۱۳ | قربانی کے گوشت کا ایک حصہ (تہائی) غرباء کو ایک حصہ (تہائی) خویش واقارب کو دے اور ایک حصہ (تہائی) اپنے استعمال میں لائے۔ | |
| ۶۱۴ | قربانی کی کھال کی قیمت مسجد میں لگ سکتی ہے یا نہیں۔ | فتوی نمبر 232 |
| ۶۱۵ | قربانی کھال مسجد میں خرچ کی جاسکتی ہے یا نہیں | فتوی نمبر 233 |
| ۶۱۶ | کیا قربانی کا چمڑا دوست واحباب کو دینا جائز ہے۔ | فتوی نمبر 234 |
| ۶۱۷ | گائے کی قربانی میں عقیقہ کا حصہ ڈالنا جائز ہے۔ | فتوی نمبر 235 |
| ۶۱۸ | قربانی کے دن گذر گئے قربانی نہ کی تو اب کیا کرے | فتوی نمبر 236 |
| ۶۲۱ | **اکراہ** | |
| ۶۲۳ | دیون کی معافی اکراہ کے ساتھ نہیں ہو سکتی۔ | فتوی نمبر 237 |
| ۶۲۳ | مہر اکراہ سے معاف نہیں ہو سکتا۔ | |
| ۶۲۴ | خاوند بیوی کا سلطان ہوتا ہے۔ | |



Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | جس کو مجبور کیا اس کے عقود جو قابلِ فسخ ہیں نافذ ہو جاتے ہیں لیکن اکراہ کے اٹھ جانے کے بعد مجبور کیے ہوئے شخص کی اجازت پر موقوف ہوتے ہیں۔ | ۶۲۵ |
| | تحققِ اکراہ کی کم از کم ادنی صورت یہ ہے کہ حاکم سخت آواز کے ساتھ محکوم کو کہے کہ یہ کام کر دے | ۶۲۵ |
| | **سیر** | ۶۲۷ |
| فتوی نمبر 238 | سنتِ رسول اور آیتِ مبارکہ کا مذاق کفر ہے۔ | ۶۲۹ |
| | ارتداد کے زمانہ کی اولاد ولد الزنا ہوتی ہے۔ | ۶۳۱ |
| | مرتد کی بیوی اس پر حرام ہو جاتی ہے۔ | ۶۳۱ |
| فتوی نمبر 239 | مرزا قادیانی پر کفر کا فتویٰ | ۶۳۲ |
| | کسی نبی کو گالی دینے والا شرعی حد میں قتل کیا جائے گا اس کی توبہ قبول نہیں۔ | ۶۳۵ |
| | حضرات شیخین اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہم کو گالی دینے والا کافر ہے۔ | ۶۳۶ |
| | حرام کو حلال سمجھنے والا کافر ہے۔ | ۶۳۶ |
| | مرتد کی بیوی اس پر حرام ہو جاتی ہے۔ | ۶۳۹ |
| | ارتداد کے زمانہ کی اولاد ولد الزنا ہوتی ہے۔ | ۶۳۹ |
| فتوی نمبر 240 | توہینِ رسول سے مرتد ہو جاتا ہے۔ | ۶۴۱ |
| | کسی کلمہ کفر کہنے والے کو کب کافر قرار دیا جائے گا۔ | ۶۴۱ |
| | مرتد کی بیوی اس پر حرام ہو جاتی ہے۔ | ۶۴۱ |
| | ارتداد کے زمانہ کی اولاد ولد الزنا ہوگی | ۶۴۱ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | مرتد ایمان لانے کے بعد حج کا اعادہ کرے نماز اور روزے کا اعادہ لازم نہیں۔ | ۶۴۲ |
| | ارتداد کے بعد عادت کے طور کلمہ ءشہادت پڑھنے سے ایمان دار نہ ہوگا | ۶۴۲ |
| فتوی نمبر 241 | اہلِ حدیث (غیر مقلد وہابی) کے بارے میں شرعی حکم کہ ان کو مسجد میں آنے سے روکا جائے | ۶۴۳ |
| | ان کے بعض مسائل | ۶۴۴ |
| فتوی نمبر 242 | نبی کریم ﷺ کی توہین آپ کے کسی قول وفعل سے تمسخر یا اسے ہلکا جاننا کفر ہے | ۶۴۷ |
| | کلماتِ کفر کہہ کر انکار کرنا اور ان کے کلمات کفر ہونے کا اقرار قائم مقام توبہ کے ہے | ۶۴۸ |
| | نبی اکرم ﷺ کو برا بھلا کہنے والے کی توبہ قبول نہیں۔ | ۶۴۸ |
| فتوی نمبر 243 | نبی کریم ﷺ کی ختم نبوت کا منکر کافر ہے۔ | ۶۵۰ |
| فتوی نمبر 244 | بہاء اللہ اور باب اللہ نبوت ورسالت کے مدعی ہیں لہٰذا کافر ہیں۔ | ۶۵۲ |
| | کافر کو کافر کہنا گالی نہیں حکمِ شریعت کو بیان کرنا ہے۔ | ۶۵۴ |
| فتوی نمبر 245 | نبی اکرم ﷺ کے تمام اباء واجداد مومن وموحد تھے | ۶۵۵ |
| فتوی نمبر 246 | عدل اور اس کے درجات | ۶۵۶ |
| | چند کلماتِ کفر | ۶۹۲ |
| | لہنگا پہننا ہندوؤں کا طریقہ ہے | ۱۱۷ |
| | حرام کو حلال جاننا کفر ہے۔ | ۱۲۸ |
| | سنت کو ہلکا جاننا کفر ہے۔ | ۱۳۱ |
| | کسی شہر والوں نے جماعت ترک کر دی تو ان سے جنگ کی جائے گی | ۱۴۰ |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | جو مسلمان حرام قطعی کو حلال جانے یا کسی کو حرام قطعی چیز کھانے کی اجازت دے وہ کافر ہے۔ | ۱۵۱ |
| | ہندوستان دار الحرب نہیں ہے۔ | ۲۶۵ |
| | حالت تندرستی میں کلمہ کفر کہے یا خدا ورسول کی شان میں گستاخی کرے تو کافر ہوجائے گا | ۵۳۵ |
| | حالتِ جنون اور بے ہوشی میں کلماتِ کفر کا اعتبار نہیں۔ | ۵۳۵ |
| | زیدیہ فرقہ کافر ہے۔ | ۶۵۱ |
| | **حظر و اباحت** | ۶۵۷ |
| فتویٰ نمبر 247 | مصافحہ ایک ہاتھ سے سنت ہے یا دو ہاتھ سے | ۶۵۹ |
| فتویٰ نمبر 248 | نماز کے بعد مصافحہ کا کیا حکم ہے۔ | ۶۶۱ |
| فتویٰ نمبر 249 | حاسد اور کینہ ور کو سلام نہ کرنا چاہیے۔ | ۶۶۳ |
| فتویٰ نمبر 250 | مرد کو کون سا رنگ پہننا درست ہے۔ | ۶۶۴ |
| فتویٰ نمبر 251 | پھولوں کا ہار پہننا جائز ہے۔ | ۶۶۶ |
| | مقتدی جو خوشی سے نذر کریں لینا جائز ہے۔ | ۶۶۶ |
| فتویٰ نمبر 252 | اجنبی مرد کا جھوٹا پانی یا کھانا مکروہ ہے۔ | ۶۶۷ |
| فتویٰ نمبر 253 | جس کی زیادہ آمدنی حلال اور کم حرام ہو تو اس کی دعوت کھانا جائز ہے۔ | ۶۶۹ |
| | زیادہ آمدنی حرام اور کم حلال ہو تو اس کی دعوت کھانا حرام ہے | ۶۶۹ |
| فتویٰ نمبر 254 | غیر مذاہب کے تہوار ہولی، دوالی وغیرہ کی تعظیم اور ان میں خوشی کرنا جائز نہیں۔ | ۶۷۱ |
| فتویٰ نمبر 255 | عورت کے مطالبہ پر خاوند کے لیے طلاق دینا لازم نہیں | ۶۷۲ |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | عورت کے ورثاء کے مطالبہ پر خاوند کے لیے مکان ہبہ کرنا لازم نہیں۔ | ٦٧٢ |
| فتوی نمبر 256 | مسجد میں سوال کرنا اور سائل کو دینا کیسا ہے۔ | ٦٧٤ |
| فتوی نمبر 257 | مسجد کی دیوار پر نہ لکھنا چاہیے ہاں اگر مضبوط لکھا ہو تو حرج نہیں۔ | ٦٧٦ |
| | میت کے پاس غسل سے پہلے تلاوت کرنا مکروہ ہے۔ | ٦٧٩ |
| | فرعون یا ابو جہل کا نام لکھ کر نشانہ لگانا جائز نہیں۔ | ٦٧٩ |
| | چار دیواریوں اور دیوار پر اگر قرآن مجید لکھا جائے تو امید ہے کہ جائز ہوگا۔ | ٦٨٠ |
| | سیڑھی پر رمضان المبارک کندہ ہو تو اسے وہاں سے ہٹانا لازم ہے۔ | ٦٨٠ |
| | تھیلہ میں احادیث یا فقہ کی کتابیں ہوں اسے حفاظت کی نیت سے سرہانہ بنانا جائز ہے ورنہ نہیں۔ | ٦٨١ |
| فتوی نمبر 258 | تعویذ موم جامہ میں سلا ہوا ہو بیت الخلاء جاتے وقت یا غسل کے وقت اتار دے | ٦٨٣ |
| فتوی نمبر 259 | ہندی اور کوئی دوسری زبان پڑھنا پڑھانا جائز ہے جب کہ بطریق کفر نہ پڑھائی جائے | ٦٨٤ |
| فتوی نمبر 260 | بچھانے کی چیز پر قرآن مجید یا اللہ تعالیٰ کا نام لکھا ہو اسے بچھانا جائز نہیں۔ | ٦٨٥ |
| | جس کاغذ پر اللہ تعالیٰ کا نام لکھا ہوا اسے اوراق کے درمیان نشانی کے طور پر رکھنا جائز نہیں | ٦٨٦ |
| | تحریر کے حروف کو ایک دوسرے سے قطع کر دیا جائے یا بعض حروف پر کڑھائی کر دی جائے یہاں تک کلمہ متصل نہ رہے تو بھی کراہت ختم نہیں ہوتی۔ | ٦٨٦ |
| | اگر بچھونے پر "الملک" لکھا ہو یا الف علیحدہ اور لام علیحدہ تو بھی کراہت ختم نہیں ہوتی | ٦٨٦ |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | فرعون یا ابو جہل کا نام لکھ کر اسے نشانہ بنانا مکروہ ہے۔ | ۶۸۶ |
| | بوسیدہ قرآن مجید کے اوراق کو قرآن مجید کی جلد کے لیے استعمال کرنا جائز نہیں | ۶۸۶ |
| | طہارت کے بغیر ایسے سکّوں کو اٹھانا جن پر اللہ کا نام لکھا ہو مکروہ ہے۔ | ۶۸۷ |
| | پیشاب یا نکسیر کے خون سے آیت مبارکہ لکھنے کا مفہوم | ۶۸۷ |
| | نقصان کو دور کرنے کے اسباب کی تین قسمیں ہیں۔ (۱) یقینی (۲) ظنی (۳) موہوم اور ہر ایک کا حکم | ۶۸۸ |
| | مریض کو خون یا پیشاب پینا یا مردار کھانا جائز ہے جب کہ مسلمان طبیب نے بتایا ہو کہ ان میں شفا ہے اور ان کے علاوہ کوئی مباح چیز موجود نہیں۔ | ۶۹۰ |
| فتویٰ نمبر 261 | طاعون زدہ علاقہ سے یہ سمجھ کر بھاگنا کہ بیماری اڑ کر مجھے لگ جائے گی مکروہ تحریمی ہے | ۶۹۴ |
| | اگر کثرتِ اموات اور لوگوں کی پریشانی دیکھ کر وحشت دور کرنے کے لیے بھاگے جائز ہے | ۶۹۵ |
| فتویٰ نمبر 262 | مظاہرِ حق اور غایۃ الاوطار کے مصنفین میں قدرے وہابیت پائی جاتی ہے۔ | ۶۹۶ |
| | اشعۃ اللمعات اور تفسیر عزیزی کا مطالعہ کیا جائے | ۶۹۶ |
| | نسوار اس کثرت سے سونگھنا کہ مسجد میں نمازیوں کو تکلیف ہو مکروہ ہے۔ | ۷۴ |
| | لہسن کی مانند بدبودار چیز کھانا مکروہ ہے اسے مسجد میں آنے سے روکا جائے گا۔ | ۷۴ |
| | کوئی شخص زبان سے مسلمانوں کو ایذا دے اسے بھی مسجد میں آنے سے روکا جائے گا | ۷۴ |
| | بے ضرورت لہنگا پہننا مکروہ ہے۔ | ۱۱۷ |


Marfat.com

| صفحہ نمبر | موضوع | فتویٰ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۳۹ | مسجد کے قریب نئی جماعت قائم کرنا گناہ اور قابل تعزیر ہے۔ | |
| ۱۹۱ | جمعہ کی پہلی اذان سے فراغتِ جمعہ تک خرید وفروخت مکروہ تحریمی ہے۔ | |
| ۲۳۸ | مسجد کے سائل کو دینا کیسا ہے | |
| ۲۳۷ | جس کو سوال کرنا حرام ہے اسے دینا بھی حرام ہے۔ | |
| ۲۵۹ | قرض دار سے تحفہ لینا جائز نہیں جب کہ پہلے آپس میں تحائف کا لین دین نہ ہو | |
| ۳۳۱ | مسجد کی چھت پر جماع' پیشاب اور پاخانہ مکروہ تحریمی ہے۔ | |
| ۵۳۶ | بیوی خاوند کی اجازت کے بغیر گھر سے نکلے گی تو گناہ گار ہوگی۔ | |
| | **وصیت** | |
| ۷۰۷ | وارث کے لیے وصیت جائز نہیں۔ | |
| ۷۰۸ | کسی کے لیے وصیت اس وقت نافذ ہوگی جب وصیت کنندہ کی وفات کے وقت وہ وارث نہ ہو۔ | |
| ۷۱۰ | لڑکے کی ہونے والی بیوی کے لیے وصیت کی اگر وصیت کے وقت منگنی ہوچکی ہوتو وصیت درست ہے ورنہ نہیں۔ | |
| ۷۱۰ | وصیت کے درست ہونے کے لیے موصی لہ کا معلوم ہونا شرط ہے۔ | |
| ۷۱۸ | مرض الموت میں ہبہ وصیت بن جاتا ہے۔ | |
| ۶۹۷ | **میراث** | |
| ۶۹۹ | تقسیمِ میراث | فتویٰ نمبر 263 |
| ۷۰۲ | جس ترکہ کا کوئی وارث نہ ہوتو اس کا مصرف فقراء اور عاجز لوگ ہوتے ہیں۔ | |
| ۷۰۳ | تقسیم میراث | فتویٰ نمبر 264 |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| فتویٰ نمبر 265 | تقسیم میراث | ۷۰۶ |
| | اگر نسبی ذو الفروض اور عصبات میں سے کوئی نہ ہو تو ذو الارحام سارے ترکہ کے وارث ہوتے ہیں۔ | ۷۰۷ |
| | متبنیٰ وراثت کا مستحق نہیں ہوتا۔ | ۷۰۸ |
| فتویٰ نمبر 266 | تقسیم میراث | ۷۱۰ |
| فتویٰ نمبر 267 | تقسیم میراث | ۷۱۳ |
| فتویٰ نمبر 268 | تقسیم میراث | ۷۱۶ |
| فتویٰ نمبر 269 | تقسیم میراث | ۷۲۱ |
| فتویٰ نمبر 270 | تقسیم میراث | ۷۲۲ |
| فتویٰ نمبر 271 | تقسیم میراث | ۷۲۴ |
| فتویٰ نمبر 272 | تقسیم میراث | ۷۲۷ |
| فتویٰ نمبر 273 | تقسیم میراث | ۷۳۲ |
| فتویٰ نمبر 274 | تقسیم میراث | ۷۳۵ |
| فتویٰ نمبر 275 | تقسیم میراث | ۷۳۸ |
| فتویٰ نمبر 276 | زندگی میں انسان اپنے مال کا مالک ہوتا ہے جس کو چاہے کل یا بعض بخش دے | ۷۴۰ |
| | زندگی میں اپنا مال تقسیم کرنے کا طریقہ | ۷۴۰ |
| فتویٰ نمبر 277 | تقسیم میراث | ۷۴۱ |
| فتویٰ نمبر 278 | تقسیم میراث | ۷۴۳ |
| فتویٰ نمبر 279 | تقسیم میراث | ۷۴۵ |


Marfat.com

| صفحہ نمبر | موضوع | فتویٰ نمبر |
|---|---|---|
| ۷۴۷ | تقسیم میراث | فتویٰ نمبر 280 |
| ۷۴۹ | تقسیم میراث | فتویٰ نمبر 281 |
| ۷۵۰ | کوئی وارث بدچلنی کے باعث میراث سے محروم نہیں ہوتا۔ | |
| ۷۵۱ | بیٹی کی موجودگی میں پوتی وارث نہیں۔ | فتویٰ نمبر 282 |
| ۷۵۱ | مروجہ منصبِ قضا داخلِ میراث نہیں | |
| ۷۵۲ | تقسیم میراث | فتویٰ نمبر 283 |
| ۷۵۳ | تقسیم میراث | فتویٰ نمبر 284 |
| ۷۵۴ | تقسیم میراث | فتویٰ نمبر 285 |
| ۷۵۵ | تقسیم میراث | فتویٰ نمبر 286 |
| ۷۵۶ | قرض اگر مالِ میراث سے زائد ہوتو کل مال سے قرض ادا کیا جائے گا ورثاء کو کچھ نہ ملے گا | فتویٰ نمبر 287 |
| ۷۵۷ | تقسیم میراث | فتویٰ نمبر 288 |
| ۷۵۸ | تقسیم میراث | فتویٰ نمبر 289 |
| ۷۶۰ | تقسیم میراث | فتویٰ نمبر 290 |
| ۷۶۱ | تقسیم میراث | فتویٰ نمبر 291 |
| ۷۶۳ | تقسیم میراث | فتویٰ نمبر 292 |
| ۷۶۵ | تقسیم میراث | فتویٰ نمبر 293 |
| ۷۶۷ | تقسیم میراث | فتویٰ نمبر 294 |
| ۷۶۸ | تقسیم میراث | فتویٰ نمبر 295 |


Marfat.com

| فتوی نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| فتوی نمبر 296 | تقسیم میراث | ۷۷۰ |
| فتوی نمبر 297 | تقسیم میراث | ۷۷۲ |
| فتوی نمبر 298 | تقسیم میراث | ۷۷۳ |
| فتوی نمبر 299 | تقسیم میراث | ۷۷۵ |
| فتوی نمبر 300 | تقسیم میراث | ۷۷۶ |
| فتوی نمبر 301 | تقسیم میراث | ۷۷۷ |
| فتوی نمبر 302 | تقسیم میراث | ۷۷۸ |
| فتوی نمبر 303 | تقسیم میراث | ۷۸۰ |
| فتوی نمبر 304 | تقسیم میراث | ۷۸۱ |
| فتوی نمبر 305 | تقسیم میراث | ۷۸۲ |
| فتوی نمبر 306 | اگر اولاد ہو تو شوہر کو چوتھائی مال ملے گا ورنہ نصف | ۷۸۳ |
| | خاوند کے بغیر کوئی وارث نہ چھوڑا تو خاوند مفلس ہو تو سارا مال اس کو دیا جائے گا ورنہ مسلمان غرباء میں تقسیم کیا جائے گا۔ | ۷۸۳ |
| فتوی نمبر 307 | تقسیم میراث | ۷۸۴ |
| فتوی نمبر 308 | تقسیم میراث | ۷۸۷ |
| فتوی نمبر 309 | تقسیم میراث | ۷۸۹ |
| فتوی نمبر 310 | تقسیم میراث | ۷۹۴ |
| فتوی نمبر 311 | تقسیم میراث | ۷۹۵ |
| فتوی نمبر 312 | تقسیم میراث | ۷۹۷ |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| فتویٰ نمبر 313 | تقسیم میراث | ۷۹۸ |
| فتویٰ نمبر 314 | تقسیم میراث | ۷۹۹ |
| فتویٰ نمبر 315 | تقسیم میراث | ۸۰۰ |
| فتویٰ نمبر 316 | تقسیم میراث | ۸۰۲ |
| فتویٰ نمبر 317 | کافر بھی ان اسباب کی بناء پر وارث ہوتے ہیں جن کی بنا پر مسلمان وراثت پاتے ہیں | ۸۰۳ |
| | زنا کی اولاد اپنے باپ (زانی) کی وارث نہیں پاسکتی۔ | ۸۰۳ |
| فتویٰ نمبر 318 | تقسیم میراث | ۸۰۵ |
| فتویٰ نمبر 319 | تقسیم میراث | ۸۰۷ |
| فتویٰ نمبر 320 | تقسیم میراث | ۸۰۹ |
| | عصبہ کی موجودگی میں ذووالارحام کا کوئی حصہ نہیں | ۸۰۹ |
| فتویٰ نمبر 321 | تقسیم میراث | ۸۱۰ |
| فتویٰ نمبر 322 | تقسیم میراث | ۸۱۱ |
| فتویٰ نمبر 323 | تقسیم میراث | ۸۱۲ |
| | مصارف تجہیز و تکفین اور قرض کی ادائیگی مرنے والے کے ترکہ سے کی جائی گی | ۸۱۲ |
| | فاتحہ سوم میں کسی وارث نے دیگر ورثاء کی اجازت کے بغیر خرچ کیا تو اس کے حصہ سے وضع کیا جائے گا | ۸۱۲ |
| | نابالغ کا حصہ تمام ورثاء نے بالاتفاق خرچ کیا تو تمام ورثہ کے حصوں سے وضع کیا جائے گا | ۸۱۲ |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| فتویٰ نمبر 324 | تقسیم میراث | ۸۱۴ |
| فتویٰ نمبر 325 | تقسیم میراث | ۸۱۵ |
| | ابن العم کی موجودگی میں بھانجہ کو کچھ نہ ملے گا۔ | ۸۱۶ |
| فتویٰ نمبر 326 | مرنے والے کے مال سے پہلے تجہیز وتکفین کے مصارف اور قرض ادا کیا جائے گا | ۸۱۷ |
| | قرض کی ادائیگی کے بعد وصیت جاری ہوگی۔ | ۸۱۷ |
| | تقسیم میراث | ۸۱۷ |
| فتویٰ نمبر 327 | تقسیم میراث | ۸۱۸ |
| فتویٰ نمبر 328 | تقسیم میراث | ۸۲۱ |
| | وراثت میں چھوٹے بڑے کے حصہ میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔ | ۸۲۱ |
| فتویٰ نمبر 329 | اقرب عصبہ کی موجودگی میں ابعد عصبہ کو وراثت سے حصہ نہیں ملتا | ۸۲۲ |
| | بیٹے کی موجودگی میں پوتے کا حصہ نہیں ہوتا۔ | ۸۲۲ |
| فتویٰ نمبر 330 | تقسیم میراث | ۸۲۳ |
| فتویٰ نمبر 331 | تقسیم میراث | ۸۲۵ |
| فتویٰ نمبر 332 | تقسیم میراث | ۸۲۶ |
| فتویٰ نمبر 333 | تقسیم میراث | ۸۲۷ |
| فتویٰ نمبر 334 | تقسیم میراث | ۸۲۹ |
| فتویٰ نمبر 335 | تقسیم میراث | ۸۳۱ |
| فتویٰ نمبر 336 | تقسیم میراث | ۸۳۳ |
| فتویٰ نمبر 337 | تقسیم میراث | ۸۳۵ |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | لے پالک شرعاً بیٹا نہیں ہوتا۔ | ۸۳۶ |
| فتویٰ نمبر 338 | تقسیم میراث | ۸۴۱ |
| فتویٰ نمبر 339 | تقسیم میراث | ۸۴۷ |
| فتویٰ نمبر 340 | تقسیم میراث | ۸۴۸ |
| فتویٰ نمبر 341 | تقسیم میراث | ۸۴۹ |
| فتویٰ نمبر 342 | تقسیم میراث | ۸۵۲ |
| | **تاریخ وسوانح** | |
| فتویٰ نمبر 343 | حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی لاش تین روز تک پڑی رہی یہ روایت محض افتراء اور دروغ ہے | ۸۵۳ |
| | 18 ذی الحجہ بروز جمعہ بعد عصر آپ شہید ہوئے اور ہفتہ کی رات مغرب اور عشاء کے مابین دفن ہوئے۔ | ۸۵۵ |
| | بعض بلوائیوں نے آپ کو گورستانِ یہود آپ کو دفن کرنے کا ارادہ کیا لیکن کامیاب نہ ہوئے | ۸۵۵ |
| | امام حسین رضی اللہ عنہ کی لاش پر گھوڑے دوڑائے گئے۔ بے گور و کفن پڑی رہی یہ سب آپ کے لیے باعثِ ترقی درجات ہے۔ | ۸۵۶ |
| فتویٰ نمبر 344 | حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اپنی بہن کو گردن مروڑا بز غالہ کھلانا کسی معتبر کتاب سے ثابت نہیں۔ | ۸۵۷ |
| | حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حضرت خاتونِ جنت کو غسل دینے کی وجہ | ۴۰، ۲۰۶ |
| | حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کنیز اور لونڈی نہ تھیں۔ | ۴۴ |


Marfat.com

| فتویٰ نمبر | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | حضرت غوثِ اعظم کی کرامت کہ بارہ برس کی ڈوبی ہوئی برات کو نکالا کسی معتبر کتاب میں نہیں۔ | ۴۵ |
| | حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی کرامات متواتر ہیں۔ | ۴۵ |
| | مفتی اعظم پاکستان حضرت ابو البرکات سید احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ نے ۳ رمضان ۱۳۳۴ھ میں فتوی پر تصدیقی دستخط فرمائے | ۴۹ |
| | ختمِ قرآن کی خوشی میں عمدہ کھانا کھلانا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔ | ۵۲ |
| | بلاضرورت سوال کرنے والے کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دروں سے سزا دی۔ | ۱۸۵ |
| | مکہ معظمہ کو بکہ کہنے کی وجہ | ۳۷۲ |
| | حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تمام لوگوں کو برابر عطیات دیتے تھے اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ بقدر حاجت اور علم وفضل کے مطابق | ۴۱۰ |
| | نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے آباء واجداد شائبہ کفر وشرک سے پاک تھے۔ | ۶۵۵ |
| | سرخ موزہ فرعون کا اور سفید ہامان کا تھا | ۶۶۵ |
| | حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے دوران نماز اپنی انگوٹھی صدقہ کردی تھی۔ | ۶۷۵ |
| | مسیلمہ کذاب اور دو اہلِ ایمان کا واقعہ | ۶۹۱ |
| | **قواعد فقهيه** | |
| | اليقين لا يزول بالشک | ۸۱ |
| | ان الثابت بالعرف كالثابت بالنص | ۳۸۸، ۵۸۱ |
| | إذا اجتمع الحلال والحرام الخ | ۳۷۵ |
| | الضرورات تبيح المحظورات | ۴۲۲ |


Marfat.com

| صفحہ نمبر | موضوع | فتویٰ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۵۹۶،۵۲۶ | البينة على المدعى واليمين على من أنكر | |
| ۸۱ | اصل ہر شے میں شرعاً طہارت ہے۔ | |
| ۲۶۶ | كل قرض جر نفعا فهو حرام | |
| ۲۶۸ | كل قرض جر نفعا فهو ربا | |
| ۴۶۷ | إن كل من تصرف فی ماله (أی مال الصغير) له تصرف فی نفسه ومالا فلا | |
| | **رسم المفتی** | |
| ۸۱ | شبہ سے کوئی چیز ناپاک نہیں ہوتی۔ | |
| ۱۱۶ | جب دو اقوال کی تصحیح میں اختلاف ہو تو ظاہر روایت اور اطلاق حدیث پر عمل کیا جائے گا | |
| ۱۵۵ | نصف النہار کے بارے میں علمائے ماوراء النہر کی بجائے علمائے خوارزم کی تحقیق کے مطابق فتوی دینے میں احتیاط معلوم ہوتی ہے | |


Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط

# حالات

# حضرت مولانا ابومحمد سید محمد دیدار علی شاہ محدث الوری رحمۃ اللہ علیہ

## از

## حضرت صاحبزادہ مولانا عبدالسلام صدیقی مجددی دامت برکاتہم العالیہ

### خانقاہ سلطانیہ نزد کالا دیو (جہلم)

آپ کے اسلاف مشہد (ایران) سے ہند تشریف لائے' سید خلیل شاہ رحمۃ اللہ علیہ (آپ کے پردادا) پہلے شخص ہیں جن کا نام تاریخ کے صفحات پر جلوہ گر ہوا' آپ ہی مشہد سے بلگرام اور وہاں سے فرخ آباد آئے' کچھ عرصہ کے بعد فرخ آباد کو خیر باد کر کے ریاست الور میں قیام پذیر ہوئے آپ کا سلسلہ نسب حضرت امام موسیٰ رضا رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے' جس کی وجہ سے آپ حسنی حسینی رضوی سید ہیں۔

مولانا سید محمد دیدار علی شاہ مشہدی رضوی نقشبندی قادری محدث الوری قدس سرہ ۱۲۷۳ھ بمطابق 1856ء پیر کے دن ریاست الور میں اپنے عم بزرگوار سید "نثار علی" شاہ کی دعا سے پیدا ہوئے' حضرت نے آپ کی والدہ محترمہ کو پہلے ہی بشارت دی تھی کہ تیرے گھر ایک بیٹا پیدا ہوگا جو دین اسلام کا چراغ ہوگا' اس کا نام "دیدار علی" رکھنا۔

حضرت سید صاحب نے ابتدائی تعلیم الور' میں حاصل کی پھر دہلی کا رخ کیا اور مولانا کرامت اللہ خان صاحب سے درسِ نظامی کا کچھ حصہ پڑھا۔ مولانا عبدالعلی رامپوری رحمۃ اللہ علیہ' مولانا ارشاد حسین نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس بھی زانوئے تلمذ طے کیا' اس زمانہ میں سہارن پور میں مولانا احمد علی محدث سہارن پوری

Marfat.com

تدریس حدیث میں یگانہ روزگار مانے جاتے تھے' ان کے پاس آپ نے دورہ حدیث پڑھا' ان دنوں آپ کے ہم سبق مولانا وصی احمد محدث سورتی اور حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی تھے' یہ وہ لوگ ہیں جو آسمان علم وشہرت پر آفتاب و ماہتاب بن کر چمکے' دورہ حدیث سے فارغ ہو کر معقولات کا بڑا دقتِ نظر سے مطالعہ کیا ہے۔

حضرت مولانا احمد علی سہارن پوری رحمۃ اللہ علیہ کے علاوہ آپ کو درج ذیل مشائخ طریقت اور شیوخِ حدیث سے سلاسلِ طریقت اور فقہ وحدیث وتفسیر میں اجازت حاصل تھی۔

1۔ حضرت سائیں توکل شاہ انبالوی رحمۃ اللہ علیہ' حضرت محدثِ الوری رحمۃ اللہ علیہ دو سال تک ان کی تربیت میں رہے اور ان سے سلاسلِ طریقت کی اجازت اور خلعتِ خلافت حاصل ہوئی۔

2۔ حضرت مولانا فضل الرحمان گنج مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ' حضرت توکل شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے فرمان کے مطابق آپ ان کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے۔ سلسلہ عالیہ قادریہ نقشبندیہ میں آپ سے بیعت ہوئے اور سندِ حدیث حاصل فرمائی جو حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ تک صرف ایک واسطہ سے پہنچتی ہے۔ آپ کو حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے صاحب زادے مولانا شمس الدین احمد میاں کے درس حدیث میں ساتھی ہونے کا شرف بھی حاصل رہا۔ ان سے بھی تمام اعمال واذکارِ سلاسلِ اولیاء میں اجازت اور خلافت حاصل کی۔

3۔ حضرت مولانا عبدالغنی بہاری مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ۔ آپ کو مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے چالیس اکابر علمائے کرام سے فقہ وحدیث میں اجازت حاصل تھی ان سے بھی سند حاصل کی۔

4۔ امام فن قراءت حضرت قاری عبدالرحمٰن پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ۔ ان سے بھی قرآن مجید' حدیث اور فقہ کی اجازت سے مشرف ہوئے۔

5۔ اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ آپ نے بھی حضرت محدث الوری رحمۃ اللہ علیہ کو تمام سلاسل اولیائے کرام کے اعمال واذکار اور جملہ مرویاتِ فقہ وحدیث کی اجازت اور خلافت عطا فرمائی۔

6۔ حضرت سید اولادِ رسول محمد میاں قادری برکاتی مارہروی رحمۃ اللہ علیہ' آپ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کے پیرخانہ مارہرہ شریف کے سجادہ نشین تھے۔ حضرت محدث الوری رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے بھی طریقت

Marfat.com

کے سلاسل کی خلافت اور حدیث وعلومِ دینیہ کی سند حاصل کی۔

7۔ حضرت سید نثار علی رضوی مشہدی رحمۃ اللہ علیہ۔آپ سلسلہ چشتیہ کے عظیم روحانی پیشوا اور رشتہ میں حضرت محدث الوری رحمۃ اللہ علیہ عمِ محترم تھے۔تکمیلِ علوم کے بعد آپ نے ایک عرصہ ان کی خدمت میں گذارا اور ان کی صحبتوں سے مستفیض رہے۔انہوں نے بھی آپ کو اپنی خلافت سے سرفراز فرمایا۔

8۔ حضرت شاہ ابو احمد محمد علی حسین اشرفی کچھوچھوی رحمۃ اللہ علیہ۔حضرت محدث الوری رحمۃ اللہ علیہ ان سے بھی سندِ حدیث اور سلاسلِ طریقت میں خلافت سے سرفراز ہوئے۔

سید صاحب جب علم سے فارغ ہوئے تو آپ اپنے استاد مولانا ارشاد حسین رامپوری رحمۃ اللہ علیہ کے حکم کے مطابق ''ارشاد العلوم رام پور'' میں مدرس اول مقرر ہوئے چند برس کے بعد 1906ء میں بمبئی روانہ ہوئے وہاں ایک سال پورا کام کرنے کے بعد 1907ء میں وطن مالوف ''الور'' میں تشریف لائے اور مسجد ''دائرہ'' میں ''قوت الاسلام'' کے نام سے ایک مدرسہ قائم کیا یہ مدرسہ آپ کی علمی زندگی کا سنگِ اولین قرار دیا جاتا ہے جو آپ نے دینی علوم وفنون کی اشاعت کے لیے قائم کیا۔''مسجد دائرہ'' میں درسِ قرآن کا آغاز فرمایا' درس کی خصوصیت یہ تھی کہ سننے والے پابندِ شریعت ہوگئے' سینکڑوں نے اپنے گناہوں سے توبہ کرلی' حتی کہ ہندو بھی آپ کے درس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے' مسجد کے باہر کھڑے ہوکر درسِ قرآن سنتے تھے' الور کا ہندو راجہ بڑا متعصب تھا اس نے حضرت کا درس بند کرانے کے لیے مختلف حربے استعمال کرنا شروع کیے' مگر آپ استقامت کے ساتھ اپنا کام کرتے رہے۔

حضرت قبلہ سید صاحب ۱۳۳۰ھ بمطابق ۱۹۱۲ء میں لاہور تشریف لائے' اس دور میں پنجاب کی شہرہ آفاق واحد دینی درس گاہ ''دار العلوم نعمانیہ'' میں شیخ الحدیث کے منصب پر فائز ہوئے' مدرسہ میں درس حدیث شریف دیتے اور لاہور اور اس کے مضافات میں تبلیغی جلسوں میں خطاب فرماتے تھے' آپ کا وعظ بہت مقبول اور مؤثر تھا جس اجتماع میں آپ کا اعلان ہوتا خلقِ خدا کثیر تعداد میں آپ کی زیارت اور وعظ سننے کے لیے جمع ہوجاتی۔

Marfat.com

1916ء میں لاہور سے آگرہ تشریف لے گئے' اور رمضان ۱۳۳۴ھ بمطابق ۱۹۱۶ء جامع مسجد اکبر آباد آگرہ کے مفتی وخطیب مقرر ہوئے' اور ۱۹۱۹ تک آگرہ میں آپ کا قیام رہا۔

۱۳۳۸ھ مطابق ۱۹۲۰ء میں آپ حج بیت اللہ شریف اور زیارت روضۂ رسول ﷺ کے لیے روانہ ہوئے اور حج سے واپسی پر ۱۹۲۰ء میں آپ مستقل سکونت کے ارادہ سے لاہور تشریف لائے اور جامع مسجد وزیر خان کے خطیب مقرر ہوئے' خطابت کے ساتھ ساتھ درس وتدریس کا سلسلہ بھی شروع فرمایا۔

۱۳۴۲ھ بمطابق ۱۹۲۴ء میں آپ نے مرکزی انجمن حزب الأحناف ہند قائم کی اور دار العلوم حزب الاحناف کی بنیاد رکھی' جہاں سینکڑوں علماء وفضلاء اور مدرسین پیدا ہوئے' آج شاید ہی پاکستان کا کوئی شہر یا قصبہ ایسا ہوگا جہاں حزب الاحناف کے فارغ التحصیل علماء دینی خدمات سرانجام نہ دے رہے ہوں۔

حضرت کی ذات ستودہ صفات محتاجِ تعارف نہیں' بے باکی اور حق گوئی آپ کی طبیعت ثانیہ تھی' مخالفین کے طوفان آپ کے پائے ثبات کو جنبش نہ دے سکے' دنیا کی کوئی طاقت آپ کو مرعوب نہ کرسکی' علم وفضل کے تو گویا سمندر تھے' کسی مسئلہ پر گفتگو شروع کرتے تو گھنٹوں بیان جاری رہتا' سورہ فاتحہ شریف کا درس شروع کیا تو ایک سال تک صرف سورۂ فاتحہ شریف کا درس جاری رہا۔ آپ کے خلوص' ایثار' زہد وتقویٰ' سادگی اور اخلاقِ عالیہ کے مخالف وموافق سب معترف تھے' عوام وخواص سے انکساری سے ملتے' علمائے مشائخ اہل سنت کی عزت وتکریم کرتے دینی طلباء پر شفقت فرماتے' بحث سے اجتناب کرتے' مناظروں کی حوصلہ شکنی کرتے' گالیوں کے جواب میں خاموش رہتے' اپنی ضروریات کی اشیاء خود بازار سے خرید لاتے' جہاں خلافِ شرع بات دیکھتے نرمی سے نصیحت کرتے' دوکانداروں کو مسائل شریعت سے آگاہ فرماتے۔ لباس سادہ' کپڑے کی ٹوپی' تکمے والا کرتا' ٹخنوں سے اونچا پاجامہ' دیسی ساخت کا جوتا' استعمال کرتے تھے۔

حضرت علامہ سید صاحب کے تین صاحبزادے اور تین صاحبزادیاں تھیں جن میں سے ایک صاحبزادی اور دو صاحبزادوں نے بڑی عمر پائی ہے۔ ﴿۱﴾ سید احمد ابو البرکات قادری رحمۃ اللہ علیہ دار العلوم حزب الاحناف کا انتظام وانصرام آپ کے ذمہ ہی تھا جسے آپ نے بڑی خوبصورت انداز سے نبھایا

Marfat.com

﴿۲﴾ علامہ ابوالحسنات سید محمد قادری رحمۃ اللہ علیہ جامع مسجد وزیر خان کے خطیب اور جمعیت علمائے پاکستان کے صدر تھے' آپ تحریک پاکستان' جہاد کشمیر اور ختم نبوت کی مہم کے سچے جانباز سپہ سالار تھے۔

۲۲ رجب المرجب ۱۳۵۴ھ بمطابق 20 اکتوبر 1935ء کو آپ نے وصال فرمایا جب کہ آپ نماز عصر کے لیے نیت باندھ چکے تھے' اندرون دہلی دروازہ دارالعلوم حزب الاحناف میں آپ کی آخری آرامگاہ ہے۔

ہندو پاک میں آپ کی انتھک تدریسی کاوشوں کی بدولت بے شمار تلامذہ نے آپ سے علوم دینیہ کی تعلیم پائی' آپ کے صاحبزدگان کے علاوہ چند تلامذہ کے نام یہ ہیں۔

1۔ مولانا ارشاد علی الوری
2۔ مولانا محمد رمضان بلوچستانی
3۔ مولانا رکن الدین نقشبندی
4۔ مولانا غلام محی الدین کاغانی
5۔ مولانا محمد اسلم جلال آبادی
6۔ مولانا محمد رمضان لسبیلہ' سندھ
7۔ مولانا عبدالحق ولایتی
8۔ مولانا شفیق الرحمان پشاور۔
9۔ مولانا سید فضل شاہ
10۔ مولانا محمد مہر الدین
11۔ مولانا ابوالخیر نوراللہ نعیمی
12۔ مولانا عبدالعزیز۔ بورے والا۔
13۔ مولانا عبدالقیوم ہزاروی۔

آپ نے محققانہ تصانیف کا ذخیرہ یادگار چھوڑا ہے بعض تصانیف کے نام یہ ہیں۔

(1) تفسیر میزان الادیان (مقدمہ و تفسیر سورۃ فاتحہ شریف)
(2) علامات وہابیہ
(3) ہدایۃ الغوی بارشاد علی درر دِروافض۔
(4) اصول الکلام
(5) تحقیق المسائل
(6) ہدایۃ الطریق
(7) سلوک قادریہ
(8) فضائل رمضان
(9) فضائل شعبان
(10) الاستغاثۃ من اولیاء اللہ عین الاستغاثۃ من اللہ
(11) دیوان دیدار علی۔ فارسی۔ اردو

Marfat.com

# تقریظ جلیل

## از

## محقق اہل سنت علامہ مولانا محمد جلال الدین قادری زید مجدہ

## کھاریاں ضلع گجرات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

استفتاء اور فتویٰ کی تاریخ اتنی ہی پرانی ہے جتنی پرانی تاریخ اسلام کی ہے۔ قرآنِ مجید فرقانِ حمید کے نزول کے دوران صحابہ کرام علیہم الرحمۃ والرضوان نے بعض امور سے متعلق حضور پرنور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے شرعی حکم دریافت فرمایا تو اسی وقت بعض اوقات اللہ تعالیٰ جل وعلا نے قرآن مجید میں اس کا جواب نازل فرمایا اور اکثر اوقات خود شارعِ اسلام علیہ التحیۃ والسلام نے حکمِ شرعی واضح فرمایا۔ قرآنِ مجید کی متعدد آیات اور احادیثِ کثیرہ میں یہ صورتِ حال ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

نبیِ اکرم رسولِ معظم ﷺ کے وصالِ پُر ملال کے بعد صحابہ کرام، تابعین اور تبع تابعین کے دور میں شرعی امور میں استفتاء طلب کیے جاتے رہے اور مقتدر صحابہ کرام اور جلیل القدر ائمہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ان کو جواب عطا فرماتے رہے۔ یہی جواب فتاویٰ کہلائے۔ یہ سلسلہ سوال اور جواب کا وہیں نہیں رکا بلکہ اب تک جاری ہے اور انشاء اللہ قربِ قیامت تک جاری رہے گا۔

استفتاء کرنے والے کبھی اپنی ذات سے متعلق پیش آمدہ صورت حال سے سوال کرتے اور کبھی معاشرہ کو پیش آمدہ اجتماعی صورتِ حال سے سوال کرتے۔ مفتی انہیں حسب حال شرعی اصول وقواعد کی روشنی میں جواب عطا فرمادیتا۔ اس طرح بعض فتاویٰ کا تعلق ایک شخص سے ہوتا ہے اور بعض کا تعلق اجتماعی طور پر معاشرے

Marfat.com

سے۔ فتاویٰ کی اہمیت اور قدروقیمت دونوں صورتوں میں یکساں ہوتی ہے مگر اثر ونفوز کے اعتبار سے ثانی الذکر فتاویٰ ہمہ گیر اثر رکھتے ہیں۔ ایسے فتاویٰ بعض اوقات معاشرے سے کسی برائی کو ختم کردیتے ہیں۔ بعض اوقات ان کا اثر ونفوذ اتنا بڑھ جاتا ہے کہ اس سے مقتدر اعلیٰ کے اقتدار پر زد پڑتی ہے اور یہ بھی دیکھا گیا کہ فتاویٰ سے بعض اوقات حکمرانی تبدیل ہوگئی۔ یہ مقامِ اختصار ہے ورنہ اس کی کثیر مثالیں تاریخ میں موجود ہیں جن کو یہاں درج کیا جاسکتا ہے۔

فتاویٰ کی ایک حیثیت زبانی اور ایک تحریری ہے۔ مستفتی نے سوال اگر زبانی کیا تو مفتی نے اس کا جواب زبانی دے دیا اور اگر مُستفتی نے تحریری سوال کیا تو اس کا جواب مفتی نے تحریری دے دیا۔ زبانی سوال وجواب کا انضباط بہت دشوار امر ہے۔ البتہ تحریری فتاویٰ کی جمع وتالیف اور ترتیب قدرے آسان ہے۔

درج بالا حقیقت کے پیشِ نظر یہ کہا جاسکتا ہے کہ اسلامی تاریخ میں کتب فتاویٰ لاتعداد وبیشمار مرتب وموجود ہوں مگر شاید ایسا نہیں۔ اس کی وجہ وہی ہے جو اسلامی کتبِ تفاسیر' احادیث' فقہ' تاریخ' شروح کے ساتھ حادثہ ہوا یعنی وہ قلمی مسودات کا ایک متعد بہا حصہ ضائع ہوچکا ہے۔ بعض حصہ اسلام دشمن حکمرانوں کے حملوں کی نذر ہوچکا ہے۔ یہ بات تو بطور ضرب المثل کہی جاتی ہے کہ تاتاریوں کے حملوں سے عروس البلاد بغداد مقدس کا نایاب اور کثیر علمی ذخیرہ دریائے دجلہ کی نذر ہوا جس سے قلمی مسودات کی روشنائی سے دریائے دجلہ کا پانی سیاہ ہوگیا تھا۔ ایسے بیسیوں حادثات اسلامی کتب کے ساتھ ہوچکے ہیں۔ تاہم بحمدہ تعالیٰ اسلامی کتب کا ایک معتد بہا قیمتی ذخیرہ کسی نہ کسی طرح محفوظ رہ سکا ہے۔ چنانچہ دیگر کتبِ اسلامیہ کے ساتھ ساتھ کتبِ فتاویٰ کی ایک کثیر مقدار قلمی یا مطبوعہ صورت میں موجود ہے۔

فتویٰ کیا ہے اور اس کی مذہبی' دینی اور معاشرتی حیثیت کیا ہے؟ یہاں ان امور کے بیان کا موقع نہیں۔ مختصراً یوں جان لیجئے ایک شخص یا معاشرہ کو درپیش صورتِ حال میں اسلامی حکم جاننے کی کوشش استفتاء ہے اور اس صورتِ حال میں کتاب وسنت اور اقوالِ ائمہ وفقہاء کی روشنی میں کسی عالمِ دین کا شرعی جواب فتویٰ کہلاتا ہے۔ گویا فتویٰ کو ایک شخص یا ایک معاشرہ کی دینی' معاشرتی' معاشی اور سماجی زندگی میں بنیادی اہمیت

Marfat.com

حاصل ہے۔

زیر نظر فتاویٰ کی کتاب مسمی بہ "فتاوی دیداریہ" تین مفتیان کرام کے فتاوی کا مجموعہ ہے۔

1۔ مولانا مفتی محمد رمضان صاحب۔

2۔ مولانا مفتی سید محمد اعظم شاہ صاحب

3۔ مولانا مفتی سید ابو محمد محمد دیدار علی شاہ صاحب۔

تینوں مفتیانِ کرام جامع مسجد اکبر آباد (آگرہ) کے خطیب اور مفتی ہیں۔ جو یکے بعد دیگرے مذکور مسجد میں افتاء اور خطابت کے فرائض انجام دیتے رہے۔ جس رجسٹر میں تینوں مفتیان کرام کے فتاویٰ درج ہیں اس کا دورانیہ جنگِ عظیمِ اول کا زمانہ (1914ء تا 1919ء) ہے۔

اول الذکر دو مفتیان کرام کے حالات فقیر غفرلہ القدیر (راقم السطور) کو معلوم نہیں۔ البتہ تیسرے مفتی نبراس المحدثین استاذ العلماء والمدرسین مولانا سید ابو محمد محمد دیدار علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حالات کتبِ تذکرہ میں موجود ہیں۔ یہ وہی ہیں جنہیں امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ العزیز سے خلافت واجازت حاصل تھی۔ ہاں یہ وہی ہیں جو بعد میں مرکزی دار العلوم حزب الاحناف لاہور ہند (اور اب پاکستان) کے بانی ہیں۔

تینوں مفتیانِ کرام کے فتاویٰ کی کیفیت وکمیت بھی مختلف ہے۔

اول الذکر مفتی مولانا محمد رمضان صاحب کے فتاویٰ بہت قلیل ہیں۔ جو انگلیوں پر گنے جاسکتے ہیں۔ ان کے فتاویٰ تحریر کرنے کا انداز بھی مختصر ہے۔ وہ مختصر عبارت میں (اور اکثر اوقات) بغیر حوالہ کتبِ فقہ وغیرہ کے فتویٰ تحریر کر دیتے ہیں۔

ثانی الذکر مفتی مولانا سید محمد اعظم شاہ صاحب کے فتاوی اول الذکر مفتی کے فتاوی سے ذرا زیادہ ہیں۔ مجموعی طور پر وہ بھی قلیل ہیں۔ مگر ان کا انداز تحریر قدرے مفصل ہے وہ کتبِ حوالہ جات سے اپنی تحریر کو مزین کرتے ہیں۔

Marfat.com

ثالث الذکر مفتی مولانا سید ابو محمد محمد دیدار علی شاہ صاحب کے اکثر فتاویٰ طویل ہیں۔ وہ قرآن مجید کی آیاتِ کریمہ احادیثِ طیبہ اور اقوالِ ائمہ اور کتبِ فقہاء اور شروح محدثین کے کثیر در کثیر حوالہ جات سے اپنے موقف کو مستفتی کے لیے واضح کرتے چلے جاتے ہیں۔ بعض اوقات ائمہ کرام اور فقہائے عظام کے اختلاف کو بڑی شرح وبسط سے بیان کر دیتے ہیں اور ان اختلافات کی روشنی میں جواب فتویٰ کے مختلف پہلو واضح کر دیتے ہیں۔ (اگرچہ یہ امر علماء کی عظمت کا نشان ہے مگر بعض اوقات قاری اس سے الجھن محسوس کرتا ہے)

''فتاویٰ دیداریہ'' کے چند فتاویٰ سے اتفاق مشکل ہے۔ مگر یہ امر باعثِ قدح نہیں۔ مفتی اگر اخلاص، للّٰہیت اور ممکنہ تحقیق کے بعد جواب دے اور وہ جواب دیگر جمہور فقہائے امت اور مفتیانِ ملت کے خلاف واقع ہو تو اس کو خطائے اجتہادی کے مانند محمول کرنا چاہئے۔ مفتی مذکور باوجود خطا کے ماجور و مثاب ہوگا۔ انشاء اللہ العزیز۔

''فتاوی دیداریہ'' میں بعض وہ فتاویٰ ہیں جن کی بنا پر مروجہ کچہریوں میں فیصلے ہوئے جس کا صریح مفہوم یہ ہے کہ مولانا سید ابو محمد محمد دیدار علی شاہ صاحب علیہ الرحمۃ کے فتاوی کو عوام وخواص کے علاوہ مروجہ کچہریوں میں قابلِ حجت تسلیم کیا جاتا ہے۔

بعض فتاویٰ وہ ہیں جن کا بالواسطہ تعلق مروجہ کچہریوں سے تھا۔ وہ یوں کہ اوقاف' مساجد' مدارس وغیرہ کے مقدمات کے مصارف پورے کرنے سے متعلق فتویٰ دیا۔ بعض فتاویٰ کا تعلق مسلمانوں کے اجتماعی معاملات سے متعلق تھا۔ مثلاً عیدگاہ یا جامع مسجد میں سائلین کے سوال کرنے اور ان کی امداد کرنے والوں سے متعلق شرعی احکام کا واضح کرنا ہے۔

غرضیکہ ''فتاویٰ دیداریہ'' کتب فتاویٰ میں ایک قابل قدر اضافہ ہے۔ لیکن اس کی موجودہ افادیت کی صورت گری کا سہرا برادرم محترم علامہ مولانا مفتی محمد علیم الدین نقشبندی مجددی مدظلہ العالی کی گراں قدر' مشکل اور مسلسل مساعی جمیلہ کا مرہونِ منت ہے۔

مفتی محمد علیم الدین مجددی مدظلہ العالی نے فتاویٰ کے رجسٹر کو بنظرِ عمیق پڑھا۔ شکستہ خط اور بوسیدہ ہونے

Marfat.com

کے باعث پڑھنے میں جو مشکل پیش آئی وہ صرف وہی جانتے ہیں دوسرا اس مشکل کا اندازہ نہیں کر سکتا۔ ہاں وہ حضرات جو اس نوعیت کے مخطوطے مرتب کرتے ہیں وہ اس سے واقف ہیں۔

رجسٹر فتاویٰ پڑھ لینے کے بعد جو مراحل مفتی مراتب نے طے کیے ان کا مختصر تعارف (جو فقیر غفرلہ راقم السطور کی سمجھ میں آیا) یوں ہے۔

1۔ رجسٹر فتاویٰ اسی ترتیب سے ہے جس ترتیب زمانی سے مستفتی نے سوال کیا ظاہر ہے کوئی عبادات سے متعلق سوال کرتا ہے کوئی معاملات سے متعلق، کوئی مناکحات سے متعلق سوال کرتا ہے کوئی میراث کے بارے میں فتویٰ پوچھتا ہے۔ جس ترتیب زمانی سے جس نے جو سوال پوچھا اسی ترتیب سے جواب رجسٹر میں نقل کر دیا۔ یہ مجموعہ فقہی ابواب سے یکسر مختلف تھا۔ قاری کے لیے اس سے استفادہ بہت دشوار تھا۔ مرتب مفتی صاحب نے تمام فتاویٰ کو فقہی ابواب پر مرتب کر دیا ہے۔ اب اس سے قاری کے لیے استفادہ نہایت آسان ہے۔ وہ اپنی پسند کا باب کھول کر پڑھ سکتا ہے۔

2۔ مفتیانِ کرام نے فتویٰ کے دوران جن کتب کا حوالہ دیا ہے ان میں اکثر اوقات کتاب کا باب اور صفحہ درج نہیں اور نہ یہ درج ہے کہ متعلقہ کتاب کس مطبع کی ہے۔ مرتب موصوف نے حوالہ جات کی تخریج بڑی عرق ریزی سے کر دی ہے۔

3۔ عربی یا فارسی عبارات مندرجہ فتاویٰ، جن کا ترجمہ مفتیان کرام نے نہیں کیا مرتب موصوف نے ان کا سلیس اردو ترجمہ کر دیا ہے تاکہ قاری کے لیے آسانی پیدا ہو جائے۔

4۔ بعض مقامات پر عربی یا فارسی عبارت کا ترجمہ مفتیان کرام نے کیا ہے مگر وہ درست نہیں۔ مرتب موصوف نے اس ترجمہ کی تصحیح حاشیہ میں کر دی ہے۔

5۔ بعض مقامات پر مفتیانِ کرام نے جس کتاب کا حوالہ درج کیا ہے اصل کتاب میں وہ حوالہ ان الفاظ سے نہیں۔ مرتب موصوف نے حاشیہ میں کتاب متعلقہ کے اصل الفاظ نقل کر دیے ہیں۔

6۔ بعض اوقات مفتیانِ کرام نے جو عبارت کسی کتاب سے بطور حوالہ نقل کی وہ عبارت اس کتاب کی نہیں

Marfat.com

بلکہ کسی اور کتاب کی ہے۔ مرتب موصوف نے اصل کتاب کی نشان دہی فرمادی ہے۔

7۔ مرتب موصوف، جو بذاتِ خود مفتی ہیں، نے جہاں کہیں فتویٰ جمہور فقہائے امت کے خلاف ملاحظہ کیا اس کی تصحیح حاشیہ میں کر دی ہے۔

اس نوعیت کی کثیر مساعی ہیں جن کا حوالہ اصل مرتبہ "فتاویٰ دیداریہ" ہیں جا بجا ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

8۔ اصل مجموعہ فتاویٰ میں بوجہ بوسیدگی یا شکستگی جو کلمات پڑھے نہ جا سکے مرتب موصوف نے انہیں اندازہ سے درج کیا ہے مگر حاشیہ میں صاف وضاحت کردی ہے کہ یہ کلمہ اندازاً سیاق وسباق کے پیش نظر لکھا گیا ہے۔

9۔ مفتیانِ کرام نے بعض اوقات کسی عبارت کے لیے ایک حوالہ درج کیا ہے۔ مرتب موصوف نے وہی عبارت دیگر کتب میں موجود ہونے کی نشان دہی کر دی ہے۔

10۔ ایک اہم کام مجموعہ فتاویٰ کی تفصیلی فہرست درکار تھی جو مرتب موصوف نے نہایت عرق ریزی سے فقہی ابواب پر مرتب فرمادی ہے۔ فہرست پر نظر ڈالنے سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ فلاں مسئلہ یا فتویٰ کہاں اور کس صفحہ پر ہے۔

یہ تمام کوششیں قاری کی سہولت کے لیے کی گئی ہیں اور ساتھ یہ بھی مقصد ہے کہ مفتیانِ کرام کا وہ مجموعہ از سر نو زندہ ہو سکے۔ فجزاہ اللہ تعالیٰ احسن الجزاء آخر میں یہ فقیر ناتواں مرتب موصوف مولانا مفتی محمد علیم الدین نقشبندی مجددی کی بے مثال کوششوں کو بنظر تحسین دیکھتے ہوئے انہیں اس فتاویٰ کی ترتیب پر مبارک باد پیش کرتا ہے۔ مولیٰ تعالیٰ اپنے حبیب کریم ﷺ کے طفیل ان کی مساعی مقبول فرمائے اور یہ فتاویٰ امتِ مسلمہ کے لیے مفید فرمائے۔ آمین بجاہ طٰہٰ و یٰس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وبارک وسلم وکرم وشرف۔

فقیر قادری محمد جلال الدین عفی عنہ

۸/ ربیع الثانی ۱۴۲۶ھ

17/ مئی 2005ء

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تقریظِ جلیل

از

## استاذ الاساتذہ حضرت علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری مدظلہ العالی

محدثِ الوری حضرت مولانا ابو محمد سید محمد دیدار علی شاہ رحمہ اللہ تعالی ابن سید نجف علی ۱۲۷۳ھ/ ۱۸۵۶ء الور (انڈیا) میں پیدا ہوئے، ابتدائی تعلیم الور ہی میں حاصل کی، مزید تعلیم کے لیے دہلی جا کر مولانا کرامت اللہ خان سے درسِ نظامی کی اکثر و بیشتر کتابیں پڑھیں، اس کے بعد سہارنپور جا کر بخاری شریف کے محشی مولانا احمد علی سہارنپوری سے حدیث شریف پڑھی شیخ المحدثین مولانا وصی احمد محدث سورتی اور مقتدائے علماء واصفیاء پیر مہر علی شاہ گولڑوی آپ کے رفقاء میں سے تھے۔ فراغت کے بعد معقولات کی مزید تعلیم کے لیے رامپور جا کر مولانا ارشاد حسین رامپوری اور مولانا عبدالعلی رامپوری سے استفادہ کیا۔

دو سال تک حضرت سائیں توکل شاہ انبالوی قدس سرہ کی خدمت میں رہ کر ان کی خلافت سے مستفید ہوئے پھر ان کے ارشاد کے مطابق حضرت مولانا فضل رحمٰن گنج مراد آبادی شاگرد حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کے دستِ اقدس پر سلسلہ نقشبندیہ اور قادریہ میں بیعت ہوئے اور حضرت کے صاحبزادے مولانا شمس الدین احمد میاں رحمہ اللہ تعالیٰ کی معیت میں کچھ حصہ بخاری شریف، مؤطا امام مالک اور کچھ شرح وقایہ سنا کر اجازت حاصل کی۔

اس کے علاوہ انہیں امام احمد رضا بریلوی سے بھی اجازت و خلافت حاصل تھی، جس کا کچھ حصہ راقم کو حضرت مفتیٔ اعظم پاکستان علامہ ابوالبرکات سید احمد قادری سے حاصل ہوا تھا جسے راقم نے اپنی تصنیف ''تذکرہ اکابرِ اہلِ سنت'' میں شائع کر دیا تھا، وہاں سے لے کر اس مضمون کے آخر میں اس کا عکس شائع کیا جا رہا ہے۔

Marfat.com

فراغت کے بعد کچھ عرصہ 1901ء سے 1905ء تک مدرسہ ''ارشاد العلوم'' رامپور میں فرائضِ تدریس انجام دیتے رہے' اس کے بعد دو سال بمبئی چلے گئے' پھر اپنے وطن الور تشریف لائے اور وہاں ''قوت الاسلام'' کے نام سے ایک دار العلوم قائم کیا۔ کچھ عرصہ بعد لاہور تشریف لا کر جامعہ نعمانیہ میں فرائض تدریس انجام دیتے رہے ۱۳۳۴ھ/۱۹۱۶ء میں مولانا ارشاد حسین رامپوری کے ایماء پر اکبر آباد (آگرہ) تشریف لے گئے اور شاہی مسجد کے خطیب اور مفتی کی حیثیت سے دینی ذمہ داریاں ادا کرتے رہے' سید محمد اعظم شاہ کے بعد آپ وہاں کے مفتی مقرر ہوئے۔ سید محمد اعظم شاہ صاحب کے آخری فتویٰ پر یکم جولائی ۱۹۱۶ء/ ۳۰ شعبان ۱۳۳۴ھ درج ہے اور حضرت سید صاحب کے پہلے فتویٰ پر ۳ رمضان ۱۳۳۴ھ اس کے بعد کے کسی فتویٰ پر سید محمد اعظم شاہ کے دستخط نہیں ہیں۔ ادھر لاہور کے اہلِ علم و درد آپ کو لاہور بلانے کے لیے مسلسل کوشاں تھے' چنانچہ 1922ء میں آپ دوبارہ لاہور تشریف لے آئے اور جامع مسجد وزیر خاں میں خطابت' درس و تدریس اور افتاء کے فرائض انجام دیتے رہے۔

۱۹۲۴ء ''مرکزی انجمن حزب الاحناف'' قائم کی اسی انجمن کے تحت بعد میں دار العلوم قائم کیا جہاں سے بڑی تعداد میں علماء' خطباء اور مدرسین تیار ہوئے۔ بعد میں دار العلوم حزب الاحناف گنج بخش روڈ پر منتقل ہو گیا' آج کل آپ کے پر پوتے سید نثار اشرف صاحب دہلی دروازہ کے اندر چنگڑ محلہ میں واقع قدیم حزب الاحناف کو دوبارہ آباد کیے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ کی مزید توفیق و ہمت عطا فرمائے۔

غازی کشمیر مولانا علامہ ابوالحسنات سید محمد قادری اور مفتیٔ اعظم پاکستان علامہ ابوالبرکات سید احمد قادری رحمہما اللہ تعالیٰ آپ کے دونوں صاحبزادوں کے اہل سنت و جماعت پر بڑے احسانات ہیں' شارحِ بخاری علامہ سید محمود احمد رضوی آپ کے پوتے اکابر علماء اہل سنت و جماعت میں سے ہوئے ہیں۔ اس وقت ان کے صاحبزادے مولانا سید مصطفیٰ اشرف رضوی ان کے جانشین ہیں۔

4 جولائی 1986ء کو مرکزی مجلس رضا لاہور کے بانی اور صدر حکیم محمد موسیٰ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ ایک دفعہ حکیم عبد المجید عقیقی صدر خلافت کمیٹی لاہور نے بیان کیا کہ ترکی کی مشہور ادیبہ خالدہ ادیب

Marfat.com

خانم لاہور آئی تو طے ہوا کہ جمعہ کے بعد مسجد وزیر خاں میں جلسہ کیا جائے‘ جمعہ سے پہلے مولانا سید دیدار علی شاہ نے تقریر کی‘ ان کی تقریر میں ترکی کا نام سن کر خالدہ ادیب خانم نے پوچھا کہ یہ کیا کہہ رہے ہیں؟ اسے بتایا کہ تمہاری اور مصطفیٰ کمال پاشا کی پارٹی پر تنقید کر رہے ہیں‘ جمعہ کے بعد اس نے فارسی میں تقریر کی‘ اس کے بعد مولانا نے ڈیڑھ گھنٹہ تقریر کی‘ واپسی پر خالدہ نے کہا:

''یہ بہت بڑا عالم ہے''

حضرت مفتیٔ اعظم پاکستان علامہ ابو البرکات سید احمد قادری نے تحریک خلافت اور تحریکِ ترکِ موالات کے دور کا تذکرہ کرتے ہوئے بیان کیا کہ ایک دفعہ مولانا محمد علی جوہر‘ مولانا شوکت علی اور ڈاکٹر کچلو وغیرہ نے مسجد وزیر خان میں جلسہ منعقد کرنے کا پروگرام بنایا‘ حضرت ابا جی (مولانا سید محمد دیدار علی شاہ رحمہ اللہ تعالیٰ) نے مجھے فرمایا کہ اخباری تراشوں والا فائل اٹھا کر لائیں‘ وہ لے کر آیا تو آپ نے زوردار خطاب کیا اور اس میں مولانا محمد علی جوہر اور دوسرے لیڈروں کو مخاطب کر کے فرمایا کہ آپ نے فلاں موقع پر یہ کہا کہ فلاں موقع پر یہ کہا‘ یہ اسلام کی تعلیمات کے خلاف ہے‘ آپ کے خطاب کے بعد مولانا محمد علی جوہر کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: اللہ کا شکر ہے کہ ایسے علمائے ربانی موجود ہیں جو ہماری غلطیوں کی نشاندہی کرتے ہیں‘ یہ کہا اور اپنا خطاب ختم کر دیا۔

یہ بھی حضرت مفتیٔ اعظم پاکستان ابو البرکات سید احمد قادری نے بیان کیا کہ ایک دفعہ علامہ اقبال الیکشن میں کھڑے ہوئے‘ اور حضرت ابا جی (مولانا محمد دیدار علی شاہ) سے ملاقات کے لیے آئے‘ علامہ حضرت کے سامنے دوزانو ہو کر بیٹھے ہوئے تھے‘ یوں تو یاد نہیں کہ حضرت ''ابا جی'' کس مسئلے پر گفتگو فرما رہے تھے‘ لیکن اتنا یاد ہے کہ وہ الٰہیات کے کسی مسئلے پر گفتگو کر رہے تھے اور علامہ کی آنکھوں سے سیلِ اشک رواں تھا۔

مخالفین حضرت محدثِ الوری کے خلاف پروپیگنڈا کرتے ہوئے اس بات کو بہت اچھالتے ہیں کہ انہوں نے علامہ اقبال کے خلاف کفر کا فتویٰ دیا تھا‘ جب کہ حقیقت اس سے مختلف تھی‘ اقبالیات کے ماہر جناب سید نور محمد قادری رحمہ اللہ تعالیٰ نے بیان کیا کہ حضرت محدث الوری کی خدمت میں علامہ کے کچھ اشعار علامہ کا

Marfat.com

نام لیے بغیر پیش کیے گئے جن میں آفتاب کو مخاطب کرتے ہوئے اس کے لیے صفاتِ الوہیت ثابت کی گئی تھیں ظاہر کو دیکھتے ہوئے، حضرت محدث الوری نے فرمایا کہ یہ کفر ہے، جب کہ واقعہ یہ تھا کہ علامہ نے اللہ تعالیٰ کو آفتاب کہہ کر مخاطب کیا تھا، اس صورت میں یہ مسئلہ اگرچہ غور طلب ہوگا کہ اللہ کو آفتاب کہنا جائز ہے یا نہیں؟ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے نام توقیفی ہیں اس ذات اقدس کے لیے وہی نام استعمال کیے جائیں گے جو قرآن وحدیث میں آئے ہیں، تاہم ان اشعار کی بنا پر حکمِ کفر عائد نہیں ہوگا۔

## فتاویٰ دیداریہ آگرہ

کچھ عرصہ پہلے دار العلوم حزب الاحناف کے مفتی مولانا مفتی غلام حسن قادری امام وخطیب جامع مسجد مولانا روحی اندرون بھاٹی دروازہ لاہور کے پاس مجھے ایک رجسٹر ملا جس میں مفتیٔ اعظم پاکستان حضرت علامہ ابو البرکات سید احمد قادری، امام المحدثین مولانا سید محمد دیدار علی شاہ نقشبندی قادری محدث الوری مولانا مفتی محمد رمضان اور مولانا مفتی سید محمد اعظم شاہ (رحمہم اللہ تعالی) کے قلمی فتاویٰ تھے، رجسٹر کے کاغذات بوسیدہ اور سیاہ ہو چکے تھے۔ ان میں سے مفتی اعظم پاکستان علامہ ابوالبرکات سید احمد قادری رحمہ اللہ تعالی کے فتاویٰ تو دورِ حاضر کے ولی کامل، منقطع عن العلائق، بے نیاز از خلائق، اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت واطاعت میں منہمک شیخ المشائخ حضرت خواجہ قاضی محمد صادق نقشبندی مجددی دامت برکاتہم العالیہ کے پوتے جناب صاحبزادہ محمد عبدالسلام حفظہ القدوس السلام نے مرتب کر کے مکتبہ ''منار الہدیٰ'' کی طرف سے 363 صفحات میں شائع کر دیئے جزاہ اللہ تعالی خیر الجزاء۔

آج سے چند دن پہلے صاحبزادہ صاحب کے استاذ حضرت مولانا محمد جلال الدین قادری مدظلہ العالی (کھاریاں) کے برادرِ اصغر اور شاگردِ خاص مولانا مفتی محمد علیم الدین نقشبندی مجددی مدظلہ العالی مدرس دار العلوم سلطانیہ، نزد کالا دیو، جہلم نے 642 صفحات پر مشتمل مسودہ بھجوایا جو کمپوز شدہ فتاویٰ کی فوٹو سٹیٹ کاپی کی صورت میں تھا۔

اس مسودے کو دیکھ کر خوشی کے ساتھ ہی حیرت بھی ہوئی مفتی صاحب نے تھوڑے سے عرصے میں نہ

Marfat.com

صرف بوسیدہ اور سیاہ اوراق سے ان فتاویٰ کو پڑھا' نقل کیا' بلکہ حاشیہ میں حوالوں کی تخریج بھی کی' یہ نتیجہ ہے اس خلوص کا جوان کے سینے میں دین اور علوم دینیہ کے لیے موج زن ہے' بعض مقامات پر انہوں نے اختلافی نوٹ بھی لکھے ہیں اور یہ اہلِ علم کا حق ہے' بعد میں دیکھنے والے علماء فیصلہ کریں گے کہ ان میں سے درست کیا ہے؟

اس مجموعے میں زیادہ حضرت امام المحدثین سید محمد دیدار علی شاہ محدث الوری کے فتاویٰ ہیں یاد رہے کہ بقول مولانا محمد علیم الدین صاحب یہ ان کے تین سال ایک ماہ اور چند روز کے فتاویٰ ہیں' اس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ انہوں نے ساٹھ سال کے عرصے میں کتنے فتوے دیئے ہوں گے۔ کچھ فتاویٰ مولانا مفتی محمد رمضان اور حضرت مولانا سید محمد اعظم شاہ (رحمہما اللہ تعالیٰ) کے بھی ہیں افسوس کہ ان کے بارے میں تا حال راقم کو سوائے ان کے نام کے کچھ معلوم نہیں ہوسکا۔

## کچھ مرتب اور محقق کے بارے میں

گزشتہ سطور میں عرض کیا جا چکا ہے کہ حضرت علامہ مولانا مفتی محمد علیم الدین نقشبندی مجددی مدظلہ العالی اپنے بڑے بھائی اور کتب کثیرہ کے مصنف حضرت مولانا علامہ محمد جلال الدین قادری مدظلہ العالی (کھاریاں) کے شاگردِ خاص ہیں' وہ طویل عرصے سے دار العلوم سُلطانیہ' نزد کالا دیو' جہلم میں فرائض تدریس انجام دے رہے ہیں' بلا شبہ یادگار اسلاف ہیں۔

تدریس' تحقیق اور تصنیف سے انہیں شغف ہے' سنا ہے کہ چپکے چپکے امام علامہ یوسف صالحی شامی رحمہ اللہ تعالیٰ کی سیرت طیبہ کے موضوع پر شہرہ آفاق تصنیف ''سبل الهدیٰ والرشاد'' کا اردو ترجمہ کر رہے ہیں' ان کی منظر عام پر آنے والی چند تصانیف کے نام درج ذیل ہیں۔

(۱) سیرت سید الانبیاء ﷺ۔

یہ حضرت مولانا علامہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی نہایت اہم تصنیف ''بذل القوۃ فی حوادث سنی النبوۃ'' کا ترجمہ ہے اور اس کے صفحات 610 ہیں۔

(۲) احکامِ طہارت۔ 230 صفحات پر مشتمل یہ کتاب طہارت (وضو' غسل اور تیمم) کے ضروری احکام پر

Marfat.com

مشتمل ہے۔

(۳) دلیل زائرحرمین شریفین

498 صفحات پر مشتمل یہ کتاب حضرت ملا علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ''المسلک المتقسط فی المنسک المتوسط'' سے ماخوذ اور حج وعمرہ کے مسائل کے ساتھ مدینہ طیبہ کی حاضری کے آداب پر بھی مشتمل ہے۔

(۴) النبی الأطہر

(۵) تذکرہ قاضی فتح اللہ قادری شطاری رحمۃ اللہ علیہ

(۶) تعلیم وتعلّم

(۷) شرح مسلّم الثبوت

(۸) ترجمہ خزائن فتحیۃ الاسرار

(۹) شرح سبع معلقات

(۱۰) ترجمہ قرآن کریم

اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے حضرت علامہ کو صحت وتندرسی کے ساتھ عمر دراز عطا فرمائے اور ان کا علمی وروحانی فیض دور دراز تک پہنچائے۔

۲۰ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۶ھ

28 جون 2005ء

محمد عبدالحکیم شرف قادری

بانی مکتبہ قادریہ لاہور

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

لك الحمد اليك اسناد الحمد و نهاية سلاسل الحمد صل على حبلك الموصول المتصل الغير

منقطع مرسلك المرفوع بوصلك فوق كل مرتفع وعلى اله وصحبه خير ال وصحب رواة

وحملة بينه طرق الوصول الى ساحته الرحب وبعد فسلام عليكما ورحمة الله وبركاته

سيد الفاضل والمجيد الفاصل ذا الفخر السمي والقدر العلي مولينا المولوي

ابا محمد ديدار علي العلوي الحيدري الرضوي الالوري مفتي اكبرآباد

ابل الفساد وايده بالسداد والرشاد ونجله الاسعد الارشد الامجد الاحمد

الف وثلثمائة و سبع وثلثين من هجرة سيد الانام عليه وعلى اله وصحبه وابنه وحزبه افضل الصلاة والسلام

قاله بفمه ورقمه بقلمه عبد المصطفى احمد رضا المحمدي السني الحنفي القادري

البركاتي غفر الله له ما مضى من سياته وما ياتي امين والحمد لله رب العلمين



امام احمد رضا خان محدثِ بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی سند کا عکس

جو آپ نے

حضرت مولانا سید دیدار علی شاہ الوری رحمۃ اللہ علیہ

اور حضرت ابوالبرکات سید احمد رحمۃ اللہ علیہ

کو عطاء فرمائی۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تقدیم

از

## استاذ الاساتذہ علامہ حافظ خادم حسین رضوی نقشبندی مجددی مدظلہ العالی

مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور

الحمد للہ موفق المتقین لشکر النعمة، والصلوة والسلام علی من أرسله الله للعالمین رحمة وعلی آله وأصحابه الهداة، وعلی سائر من اقتفی أثره واهتدی بهداه.

أما بعد!

اللہ تبارک وتعالیٰ نے سلسلہ انبیاء ورسل امام الأنبیاء حضور پرنور ﷺ کی ذاتِ اقدس پر مکمل کرتے ہوئے اعلان فرمایا:

ولکن رسول الله وخاتم النبیین (الأحزاب:۴۵)

حضور نبی کریم ﷺ نہ صرف آخری نبی ہیں بلکہ آپ ﷺ پر نازل شدہ کتاب آخری الہامی کتاب، آپ ﷺ کی امت آخری امت اور آپ ﷺ کا دین (اسلام) آخری اور کامل واکمل دین ہے اللہ تعالیٰ نے اسلام کو اپنی پسندیدگی اور جامعیت کی سندیوں عطا فرمائی۔

الیوم أکملت لکم دینکم وأتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الإسلام دینا (المائدہ:۳)

ترجمہ: آج میں نے کامل کردیا تمہارے لیے تمہارا دین اور تم پر اپنی نعمت پوری کردی اور تمہارے لیے اسلام کو دین پسند کیا۔

إن الدین عند الله الإسلام (آل عمران:۱۹)

ترجمہ: بے شک دین اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے۔

Marfat.com

ان آیات میں اسلام کو کامل دین قرار دیا گیا ہے جس سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہوتی ہے کہ دین اسلام میں انسان کی جملہ ضروریات ومشکلات کا حل موجود ہے۔اگر ایسا نہ ہوتا تو یہ نعمت ''کامل'' ہونے کے درجہ کو نہ پہنچتی۔اسلام کا نظامِ حیات آخری وابدی ہے اسی میں ہماری تمام ضروریات کا حل پنہاں ہے۔

نبی کریم ﷺ کے دورِ مقدس میں حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنی تمام دینی ودنیاوی مشکلات کے حل کے لیے حضور ﷺ کی جانب رجوع فرماتے۔آپ ﷺ ان کے تمام سوالات کے جوابات عطا فرماتے اور یوں امت محمدیہ میں شرعی ضروریات کے حل کے لیے سوال وجواب کی روایت قائم ہوئی جسے استفتاء اور فتویٰ کا نام دیا گیا۔

## لفظ فتویٰ کی لغوی واصطلاحی تحقیق

لفظ فتویٰ فا پر فتحہ (زبر) کے ساتھ (فَتوٰی) بھی منقول ہے اور ضمہ (پیش) کے ساتھ (فُتوٰی) بھی۔ اس کا مادہ فتو یا فتی ہے بمعنی قوت وطاقت۔طاقتور جوان کو بھی فتیٰ کہتے ہیں لیکن یہاں مراد ''مدلل ومضبوط شرعی حکم'' ہے۔بعض نے اس کا معنیٰ مطلق ''جواب دینا'' بھی کیا ہے اس میں شرعی وغیر شرعی کی کوئی قید نہیں۔

علامہ میر سید شریف جرجانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

**الإفتاء بیان حکم المسئلة (التعریفات : ص: ۲۶)**

ترجمہ: حکمِ مسئلہ بیان کرنے کو افتاء کہتے ہیں۔

علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

**الإفتاء فإنه إفادة الحکم الشرعی (رد المختار: ج۴)**

ترجمہ: شرعی فیصلے سے آگاہ کرنے کو افتاء کہتے ہیں۔

فتویٰ کے اصطلاحی معنی کو اعلیٰ حضرت عظیم المرتبت رحمۃ اللہ علیہ نے یوں بیان فرمایا ہے:۔

**إنما الإفتاء أن تعتمد علی شیء وتبین لسائلک ان هذا حکم شرعی**

(فتاویٰ رضویہ: ج۱)

Marfat.com

ترجمہ: افتاء کا مفہوم یہ ہے کہ تو (کتاب وسنت، اجماع وقیاس اور کتب فقہ میں سے) کسی چیز پر اعتماد کر کے سوال پوچھنے والے کو بتائے کہ یہ شریعت مطہرہ کا حکم ہے۔

المصباح ص ۱۶ اپر مذکور ہے کہ:

الإخبار بحكم الله تعالىٰ عن مسئلة دينية بمقتضى الأدلة الشرعية لمن سأل عنه في أمر نازل على جهة العموم والشمول لا على وجه الإلزام

ترجمہ: کسی پیش آمدہ صورت میں، ادلہ شرعیہ کے تقاضے کے مطابق سائل کو دینی سوال کے بارے میں عموم وشمول کے طور پر نہ کہ لازم کرنے کے انداز پر اللہ تعالیٰ کا حکم بتانے کو افتاء کہتے ہیں۔

## افتاء کی اہمیت

افتاء کی اہمیت اس سے واضح ہے کہ یہ سنتِ الٰہیہ ہے اللہ رب العزت کا فرمان ہے:

ويستفتونک فی النساء قل الله يفتيكم فيهن (النساء: ۱۲۷)

ترجمہ: اور فتویٰ پوچھتے ہیں آپ سے عورتوں کے بارے میں آپ فرمایئے اللہ تعالیٰ فتویٰ دیتا ہے تمہیں ان کے بارے میں۔

اسی طرح ایک اور جگہ ارشاد فرمایا:

يستفتونک قل الله يفتيكم فی الكلالة (النساء: ۱۷۶)

ترجمہ: اے محبوب آپ سے فتویٰ پوچھتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ اللہ تمہیں کلالہ میں فتویٰ دیتا ہے۔

ان آیات میں افتاء کی نسبت تو اللہ تعالیٰ کی جانب ہے مگر اللہ تعالیٰ کے لیے لفظ ''مفتی'' کا استعمال قطعاً درست نہیں کیونکہ اس سے بہت سی خرابیاں لازم آئیں گی۔ بہر کیف ان آیات بینات کے تحت فتویٰ کی اہمیت سے کوئی ذی شعور انکار نہیں کر سکتا۔

Marfat.com

## فتویٰ دورِ رسالت مآب ﷺ میں

ہادی عالم حضور نبی کریم ﷺ وحی الٰہی کے ذریعے فتویٰ دیا کرتے تھے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی مقدس جماعت

فسئلوا أهل الذكر إن كنتم لا تعلمون (النحل:۴۳)

ترجمہ: پس اگر تم نہیں جانتے تو اہلِ علم سے سوال کرو

کے مطابق نبی کریم ﷺ سے فتویٰ طلب کیا کرتے تھے اور آپ ﷺ مسلمانوں کو عبادات، معاملات، اخلاقیات، آداب اور معاشرت وغیرہ میں شرعی احکام بیان فرماتے تھے۔ حضور ﷺ کے فتاویٰ کی حیثیت اسی قدر اعلیٰ وارفع ہے جس قدر آپ ﷺ کی ذات اقدس اعلیٰ وارفع ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے:۔

ما آتاكم الرسول فخذوه وما نهاكم عنه فانتهوا (الحشر: ۷)

ترجمہ: رسول تم کو جو کچھ دیا کریں وہ لے لیا کرو اور جس چیز سے تمہیں روکیں رُک جایا کرو۔

## فتویٰ دورِ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم میں

سید عالم حضور ﷺ کے ظاہری طور پر دنیا سے تشریف لے جانے کے بعد جلیل القدر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم منصبِ افتاء پر فائز ہوئے۔ ان میں حضرت عمر بن الخطاب، حضرت علی بن ابی طالب، حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت زید بن ثابت، حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم کے ساتھ ساتھ حضرت سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سرفہرست ہیں جبکہ تقریباً ایک سو بیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ان کے علاوہ ہیں۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ایک طبقہ حضرت ابو ہریرہ اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہما کی قیادت میں ہمہ وقت حفظِ حدیث اور اس کی روایت میں مصروف رہتا جب کہ درج بالا دوسرا طبقہ نصوص میں تدبر اور غور وفکر کر کے احکام کو اخذ کرتا تھا۔ ان کے پیش نظر قرآنِ کریم، نبی کریم ﷺ کے اقوال، اعمال اور تقریرات ہوتے تھے۔

مسائل کو اجتہاد کے ذریعے اخذ کرنے کا ثبوت قرآن کریم میں موجود ہے۔

Marfat.com

ارشادِ ربانی ہے:

**لعلمه الذين يستنبطونه منهم (النساء: ۸۳)**

ترجمہ: تو ضرور ان سے اس کی حقیقت جان لیتے (یہ جو بعد میں کوشش کرتے ہیں)

کتب احادیث میں حضرت معاذ بن رضی اللہ عنہ سے مروی وہ حدیث اس بارے میں ٹھوس دلیل ہے جب آپ کو یمن کا قاضی بنا کر بھیجا جانے لگا اس موقع پر نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

تمہارے پاس اگر کوئی جھگڑا آئے تو فیصلہ کیسے کرو گے؟ انہوں نے عرض کیا کہ اللہ کی کتاب سے فیصلہ کروں گا۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تم اللہ کی کتاب میں نہ پاؤ؟ عرض کی رسول اللہ ﷺ کی سنت سے فیصلہ کروں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا سنت میں بھی نہ پایا تو؟ عرض کی بغیر کسی کوتاہی کے پوری کوشش و محنت کے ذریعے اپنی رائے سے معلوم کروں گا۔ پس نبی پاک ﷺ نے ان کے سینے پر دستِ شفقت پھیرتے ہوئے فرمایا: اللہ کا شکر ہے جس نے رسول اللہ کے قاصد کو رسول اللہ کے پسندیدہ عمل کی توفیق دی۔

(ترمذی شریف' ابوداؤد شریف)

## فتویٰ بعد از دورِ صحابہ

جب اسلام پھیلتا ہوا بغداد' مصر' روم' بلخ' بخارا' سمرقند' اصبہان' شیراز' آذربائیجان' جرجان' زنجان' طوس' بسطام' استرآباد' خوارزم' مرغینان' دامغان' کرمان' ہند اور یمن وغیرہ تک پہنچا تو مسلمانوں میں آئے روز نت نئے مسائل نے جنم لینا شروع کیا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جانشین حضرات تابعین رحمۃ اللہ علیہم نے ان مسائل کو حل کرنے کے لیے اپنی زندگیاں وقف کر دیں۔ ان میں سرفہرست حضرت علقمہ بن قیس' حضرت ابراہیم نخعی' حضرت حماد بن مسلم' حضرت نعمان بن ثابت' حضرت سعید بن المسیب اور حضرت عطا بن ابی رباح ہیں۔

فقہ (شرعی احکام) کی ابتداء تو حضور ﷺ کے دورِ اقدس سے ہو چکی تھی اب ضرورت اس امر کی تھی کہ اس کی باقاعدہ تدوین کی جائے۔ چنانچہ اس ضرورت کو امام ابوحنیفہ حضرت نعمان بن ثابت نے پورا کیا اور فقہ کی تدوین شروع کی۔ تدوین کا مطلب یہ تھا کہ کسی بھی مسئلہ سے متعلق آیات و احادیث اور اقوال صحابہ پیش

Marfat.com

کیے جاتے۔ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ اس میں متعدد احتمالات بیان فرماتے اور ان کی تائید میں نصوص وعبارات پیش کرتے۔ تمام اصحاب (اپنے زمانے کے ہرفن کے ماہر ترین تقریباً چالیس افراد) ان احتمالات کی تنقیح و توضیح فرماتے، جب کسی ایک احتمال پر اتفاق ہوجاتا تو جچے تلے الفاظ میں لکھ لیا جاتا اور بعض اوقات متفق نہ ہونے کی صورت میں وہ احتمال اسی شخصیت کی طرف منسوب کرکے لکھ لیا جاتا۔

امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی اس علمی مجلس کا مرتب کردہ مجموعہ نہایت ضخیم تھا بعض حضرات نے اس میں درج مسائل چھ (۶) لاکھ اور بعض حضرات نے بارہ (۱۲) لاکھ بھی بیان کیا ہے۔ محتاط اندازے کے مطابق ان احتمالات کی تعداد ساٹھ (۶۰) ہزار سے زائد تھی۔

الفقہ زرعہ عبد اللہ بن مسعود وسقاہ علقمۃ
وحصدہ ابراھیم النخعی و داسہ حماد
وطحنہ أبو حنیفۃ و عجنہ أبو یوسف
وخبزہ محمد فسائر الناس یاکلون من خبزہ

(درمختار)

ترجمہ: فقہ کا کھیت حضرت عبداللہ بن مسعود نے بویا، حضرت علقمہ بن قیس نے سینچا، حضرت ابراہیم نخعی نے اس کو کاٹا، حضرت حماد بن مسلم نے مانڈا، امام اعظم نے پیسا، حضرت ابویوسف نے گوندھا اور حضرت محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہم نے روٹیاں پکائیں اور باقی سب اس کے کھانے والے ہیں۔

یعنی اجتہاد واستنباط کا سلسلہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے شروع ہوا، علقمہ نے تقویت پہنچائی، ابراہیم نے اس کے فوائدِ متفرقہ کو جمع کیا، حماد نے فروع کو زیادہ کیا، امام اعظم نے اس کو درجہ کمال تک پہنچایا اور تدوینِ فقہ کی مہم سر کی آپ ہی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے امام مالک، امام شافعی، امام احمد بن حنبل، امام ابویوسف، امام محمد اور امام زفر رحمۃ اللہ علیہم نے اصول مرتب کیے۔

ان حضرات نے قرآنِ کریم اور احادیثِ نبویہ ﷺ کے ساتھ ساتھ وہ تمام علوم جو اس دین کی تفہیم

Marfat.com

وتفسیر کے لیے ضروری تھے نہ صرف ایجاد کیے بلکہ ان تمام علوم و معارف میں مختلف افراد نے مہارتِ تامہ حاصل کر کے ان علوم کے قواعد و ضوابط تک مرتب کیے اور نسل در نسل ان علوم کے ماہرین کی تیاری کا ایک متواتر سلسلہ قائم فرمایا۔ الحمدللہ یہی سلسلہ آج اس دور میں بھی قائم ہے اور قیامت تک قائم رہے گا۔

## فتویٰ برصغیر پاک و ہند میں

خلفائے عباسیہ کے دور سے لے کر گذشتہ صدی کے اوائل تک اکثر و بیشتر اسلامی ممالک میں فقہ حنفی قانونی شکل میں رائج تھی۔ سلطنتِ مغلیہ کے زوال کے بعد فتویٰ نویسی یا افتاء کا کام مدارسِ دینیہ کی جانب منتقل ہو گیا ہے۔ اس وقت سے لے کر اب تک مدارسِ دینیہ بحسن و خوبی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے بعد اسلام کے تحفظ اور افتاء کے کام کو علمائے حق نے سنبھالا' ان میں سرفہرست حضرت مولانا شاہ فضل حق خیر آبادی' حضرت مولانا احمد اللہ شاہ مدراسی' حضرت مولانا کفایت علی کافی' حضرت مولانا مفتی عنایت احمد کاکوروی' حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانوی' حضرت مولانا ارشاد حسین رامپوری' حضرت مولانا مفتی نقی علی خان' حضرت مولانا مفتی تقی علی خان' حضرت مولانا مفتی عبدالعلی رامپوری۔ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی' تاجدار گولڑہ حضرت پیر سید مہر علی شاہ' مفتی امیر علی خان' مفتی سید دیدار علی شاہ' مفتی غلام جان ہزاروی' مفتی عطا محمد رتوی' مفتی عبدالحفیظ حقانی' مفتی احمد یار خان نعیمی' مفتی محمد عمر نعیمی' مفتی سید مسعود علی قادری' مفتی امین الدین بدایونی' مفتی اعجاز ولی خان اور مفتی ابوالبرکات سید احمد اور مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی وغیرہ ہیں۔

### کتب فتاویٰ کی تاریخ

بعض فقہائے امت نے کتب فقہ مرتب کیں تو بعض نے کتب فتاویٰ کو مرتب کیا۔ خالص فتاویٰ کے تحریری مواد کی تاریخ بھی عہد صحابہ رضی اللہ عنہم سے شروع ہوتی ہے۔ ابوالحسن بصری نے اپنی کتاب "المعتمد فی اصول الفقہ" میں لکھا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فتاویٰ کا مجموعہ ہی نہیں بلکہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے فتاویٰ کا مجموعہ بھی کتابی صورت میں پانچویں ہجری تک پایا جاتا تھا۔

Marfat.com

کتبِ فقہ کی تاریخ عہدِ صحابہ وتابعین سے شروع ہوکر آج کے اس دور تک پہنچتی ہے۔ حاجی خلیفہ نے کشف الظنون اور اسماعیل پاشا بغدادی نے ہدایت العارفین میں بارہویں صدی ہجری سے قبل تک کتب فتاویٰ کا ذکر کیا ہے۔ بارہویں صدی ہجری سے قبل اور اس کے بعد کی کتب فتاویٰ درج ذیل ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| فتاویٰ ابی بکر | فتاویٰ سراجیہ | فتاویٰ قاضی خان |
| فتاویٰ ظہیریہ | فتاویٰ طرطوسیہ | فتاویٰ بزازیہ |
| فتاویٰ تاتارخانیہ | فتاویٰ خیریہ | فتاویٰ عزیزیہ |
| فتاویٰ عالمگیری | فتاویٰ حمادیہ | فتاویٰ رضویہ |
| فتاویٰ نظامیہ | فتاویٰ مہریہ | فتاویٰ جماعتیہ |
| فتاویٰ نعیمیہ | فتاویٰ فقیہ ملت | فتاویٰ امجدیہ |
| فتاویٰ شریفیہ | فتاویٰ مصطفویہ | فتاویٰ فیض الرسول |
| فتاویٰ اجملیہ | فتاویٰ حامدیہ | فتاویٰ نوریہ |
| فتاویٰ مسعودی | فتاویٰ مظہریہ | فتاویٰ بریلی |
| فتاویٰ حزب الأحناف | فتاویٰ دیداریہ | |

## کچھ صاحبِ فتاویٰ کے بارے میں

آخر الذکر کتاب استاذ المحدثین حضرت علامہ مولانا مفتی سید محمد دیدار علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے دیئے گئے فتاویٰ کا مجموعہ ہے۔ موصوف کے حالات زندگی کا احاطہ حضرت قبلہ صاحبزادہ قاضی محمد عبد السلام نقشبندی مجددی سلطانی تفصیلاً کریں گے۔ راقم بھی اس کار خیر میں حصہ ڈالنے کی غرض سے استاد محترم حضرت علامہ محمد عبد الحکیم شرف قادری کی تحریر (موجود در تذکرہ اکابر اہلسنت) کا خلاصہ پیش کرتا ہے جو کہ یہاں نہایت موزوں ہے۔

استاذ العلماء والفقہاء حضرت مولانا سید محمد دیدار علی شاہ ابن سید نجف علی شاہ ۱۲۷۳ھ/۱۸۵۶ء بروز پیر بمقام الور محلہ نواب پورہ ہندوستان میں پیدا ہوئے۔ آپ کے اساتذہ میں سلسلہ نقشبندیہ کے معروف

Marfat.com

بزرگ حضرت مولانا شاہ فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی، محشی بخاری حضرت مولانا احمد علی سہارنپوری، حضرت مولانا قمرالدین اور جامع العلوم حضرت مولانا ارشاد حسین رامپوری جب کہ ہم درس ساتھیوں میں سلسلہ چشتیہ کی معروف شخصیت تاجدارِ گولڑہ حضرت مولانا پیر مہر علی شاہ گولڑوی اور محدث سورتی حضرت مولانا وصی احمد رحمۃ اللہ علیہم ایسی شخصیات شامل تھیں۔

سلسلہ قادریہ میں آپ امام العاشقین اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت اور خلیفہ مجاز ہوئے۔ بعد میں اعلیٰ حضرت فاضل بریلی نے آپ کو تمام کتب فقہ حنفی کی روایت کی اجازت بھی مرحمت فرمائی۔

لاہور میں آخری بار تشریف لانے سے پہلے آپ شاہی مسجد واقع آگرہ بھارت کے خطیب ومفتی مقرر ہوئے پھر پاکستان کے دل شہر لاہور میں تشریف لائے اور درس وتدریس کا آغاز فرمایا۔ اس دوران دہلی دروازہ کی قدیم ومعروف مسجد وزیر خان میں خطابت کی ذمہ داری آپ نے احسن انداز سے پوری کی۔ درس وتدریس سے دلی لگاؤ کے پیش نظر ۱۹۲۴ء میں آپ نے دار العلوم حزب الاحناف کی بنیاد رکھی اور دین متین کی خدمت کے لیے سینکڑوں علماء کی ایک جماعت تیار کی۔

آپ کی تصانیف کی تعداد دس سے زائد ہے جن میں تفسیر میزان الادیان، علامات وہابیہ، ہدایت الغوی درردروافض، تحقیق المسائل اور پیش نظر فتاویٰ کا مجموعہ ''فتاویٰ دیداریہ'' سرفہرست ہیں۔

آپ کا وصال ۲۲ رجب المرجب ۱۳۵۴ھ بمطابق ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۵ء کو ہوا۔

## چند معروضات فتاویٰ دیداریہ کے بارے میں

یہ کتاب اہلسنت کے تین ممتاز مفتیانِ کرام کے فتاویٰ کا مجموعہ ہے۔ ان میں حضرت مولانا مفتی محمد رمضان، حضرت مولانا مفتی سید محمد اعظم شاہ اور حضرت مولانا مفتی سید محمد دیدار علی شاہ رحمۃ اللہ علیہم شامل ہیں۔ ہر سہ حضرات کے فتاویٰ اس دور کے ہیں جب وہ حضرات یکے بعد دیگرے اکبر بادشاہ کی تعمیر کردہ شاہی مسجد واقع آگرہ ہندوستان کے مفتی وخطیب کی حیثیت سے خدمتِ دین میں مصروف تھے۔

Marfat.com

یہ کتاب تین سو چوالیس (۳۴۴) فتاویٰ پر مشتمل ہے۔ جن میں بارہ (۱۲) فتاویٰ حضرت مولانا مفتی محمد رمضان رحمۃ اللہ علیہ کے پچھتر (۷۵) فتاویٰ حضرت مولانا مفتی سید محمد اعظم شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے اور دو سو ستاون (۲۵۷) فتاویٰ اعلیٰ حضرت کے خلیفۂ اجل حضرت مولانا سید محمد دیدار علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے قلم سے صادر ہوئے۔ امام الفقہاء والمحد ثین حضرت مولانا سید محمد دیدار علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے فتاویٰ کی تعداد دیگر دو مفتیان کرام کے مجموعی فتاویٰ سے زائد ہے لہذا اسی بناء پر فتاویٰ کے اس مجموعہ کا نام "فتاویٰ دیداریہ" رکھا گیا ہے۔

یہ کتاب صرف فتاویٰ کا مجموعہ نہیں بلکہ فقہی مسائل کا ایک عظیم ذخیرہ ہے اس مجموعہ میں مختلف موضوعات مثلاً عقائد، طہارت، نماز، زکوۃ، طلاق، وقف، سیر، حظر واباحت اور میراث وغیرہ کے متعلق انتہائی پر مغز اور تفصیلی معلومات جواب کی صورت میں موجود ہیں۔ حضرت سید المحد ثین نے اپنے فتاویٰ میں بالکل وہی اسلوب اپنایا ہے جسے اعلیٰ حضرت عظیم المرتبت رحمۃ اللہ علیہ نے العطایا النبویہ فی الفتاویٰ الرضویہ میں اپنایا، ان شرعی معلومات سے نہ صرف علماء وخواص بلکہ عوام بھی یکساں مستفید ہو سکتے ہیں۔

اس مجموعہ میں حضرت سید المحد ثین کے پہلے فتویٰ پر متعلق تاریخ ۳ رمضان ۱۳۳۴ھ/۱۲ اگست ۱۹۱۶ء رقم ہے جب کہ آپ ۲۶ ذوالحجہ ۱۳۳۷ھ/۲۲ دسمبر ۱۹۱۹ء تک شاہی مسجد آگرہ ہندوستان کے منصب افتاء پر فائز رہے۔ اس لحاظ سے آپ کا شاہی مسجد آگرہ میں منصب افتاء پر فائز رہنے کا کل دورانیہ تقریباً ۳ سال ۱ ماہ ۲۰ دن بنتا ہے۔ حضرت سید الفقہاء کے لازماً فتاویٰ کے کئی ایک مجموعے ہوں گے ان کو تلاش کر کے منظر عام پر لانا علمائے اہلِ سنت پر فرض ہے تا کہ ان کو زمانہ کی دست برد سے بچایا جا سکے۔ حزب الاحناف کا کتب خانہ ان کا مخزن ہو سکتا ہے۔ وہاں ان کی تلاش ضروری ہے۔

اس مجموعہ میں سب سے زیادہ فتاویٰ میراث کے باب میں ہیں اور سب سے طویل فتویٰ وقف کے باب میں موجود ہے، یہاں دلچسپ امر یہ ہے کہ اس کا سوال بھی تقریباً سب سے مختصر ہے۔

حضرت سید المحد ثین نے بعض فتاویٰ میں اپنے نام کے ساتھ رضوی لکھا ہے۔ یہ نسبت امام موسیٰ رضا رحمۃ اللہ علیہ کی جانب ہے اعلیٰ حضرت عظیم المرتبت رحمۃ اللہ علیہ کی جانب نہیں چونکہ فتاویٰ کے اس مجموعہ کے

Marfat.com

زمانہ میں آپ کو اعلیٰ حضرت سے خلافت اور سند حدیث نہیں ملی تھی۔

حضرت مولانا مفتی سید محمد اعظم شاہ نے بعض اوقات عربی عبارت نقل کرتے وقت یہ وضاحت نہیں کی وہ عبارت کس کتاب سے ماخوذ ہے؟ بعض جگہوں پر اصل عبارت اور درج شدہ عبارت میں فرق بھی ہے گویا حضرت والا نے بعض مقامات پر روایت بالمعنیٰ سے بھی کام لیا ہے۔

## فتاویٰ دیداریہ کی انفرادیت

فتاویٰ دیداریہ اکثر کتب فتاویٰ سے کئی جہتوں میں ممتاز ہے' ان میں سے چند خوبیاں درج ذیل ہیں۔

☆ حضرت امام الفقہاء المحدثین رحمۃ اللہ علیہ نے سائل کا شرعی حکم بیان کرتے وقت کثرت سے معتبر کتب سے حوالہ جات نقل کیے ہیں۔ اس بنا پر وہ فتویٰ جہاں عام افراد کو شرعی معلومات فراہم کرنے کا ذریعہ بنے گا وہیں علماء کرام کے لیے معلومات کا ایک بیش بہا خزینہ ثابت ہوگا۔ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے حوالہ جات بیان فرمانے میں مفصل اسلوب اپنایا ہے اور صرف کتب کا نام بتانے پر ہی اکتفاء نہیں فرمایا بلکہ جلد نمبر' صفحہ نمبر اور مطبع کا ذکر بھی فرمایا ہے۔

☆ جواب دیتے وقت صرف ہاں یا نہ سے کام نہیں لیا گیا بلکہ جواب کے متعلقہ امور پر بھی انتہائی مفید بحث فرمائی ہے اس طرح جواب اور اس کے متعلقہ امور خوب نکھر کر واضح ہوتے ہیں اور ایک جواب کئی سوالات کا جواب بن جاتا ہے۔

☆ بعض مقامات پر شرعی حکم کی وضاحت کرتے ہوئے دیگر ائمہ کرام کے متعدد اقوال نقل فرمائے ہیں اور آخر میں مفتی بہ قول کو بھی ذکر فرمایا ہے۔

☆ پیشِ نظر فتاویٰ میں کئی مقامات پر فقہی قواعد کو بیان فرما کر مسائل کا استخراج کیا ہے اور تقریباً دس فقہی قواعد بھی درج فرمائے ہیں۔ ان فقہی قواعد کو مخدوم العلماء حضرت مولانا مفتی محمد علیم الدین نقشبندی دامت برکاتہم نے فہرستِ مضامین کے آخر میں یک جا محفوظ فرما دیا ہے۔

☆ متعدد نادرست فتاویٰ کی زبردست دلائل کے ساتھ اصلاح فرمائی' کہیں کسی مفتی کے مجمل فتویٰ کی

Marfat.com

وضاحت فرما کر اس کے اجمال کو دُور فرمایا تو کہیں کسی مفتی صاحب کی نقل کردہ عبارت کے دوران فقہی کتاب کی مجمل عبارت سے اخذ کیے گئے غلط نتیجہ کی درستگی فرمائی آپ نے یہ درستگی اس شاندار انداز میں فرمائی کہ حکم شرعی نکھر کر واضح ہو گیا۔ اس کی واضح مثال فتویٰ ۴۸ (صفحہ ۷۰ تا ۷۴) میں موجود ہے۔

☆ حضرت سید صاحب نے اکابرین کے نقش قدم پر عمل کرتے ہوئے فتویٰ میں غلطی معلوم ہو جانے کی صورت میں بلاخوف وتامل رجوع الی الحق فرمایا۔ اس مجموعہ میں بھی آپ کا دو مقام پر پہلے دیئے گئے فتویٰ سے رجوع کا علم ہوتا ہے۔ پہلا مقام صدقہ فطر کی مقدار کے متعلق اور دوسرا مقام وراثت کے ایک مسئلہ کے متعلق ہے۔ ان کی تفصیل متعلقہ ابواب میں دیکھی جا سکتی ہے۔

## کچھ مرتب فتاویٰ دیداریہ کے بارے میں

فتاویٰ کے اس عظیم مجموعہ کو منظر عام پر لانے کے سہرا استاذ العلماء عالم باعمل حضرت علامہ مولانا مفتی محمد علیم الدین نقشبندی متعنا اللہ بطول حیاتہ کے سر ہے۔ حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم بہترین مدرس، میدانِ تحقیق کے شاہسوار اور انتہائی منجھے ہوئے مصنف ہیں۔ اللہ رب العزت نے آپ کے سینے میں دینِ متین کی خدمت کا درد کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے مشاغل واوقات میں بیش بہا برکتیں عطا فرمائی ہیں، آپ کے کاموں کو دیکھ کر گمان ہوتا ہے کہ آپ ایک شخص نہیں بلکہ ایک ادارہ ہیں۔ اسلاف کی علمی میراث سے حد درجہ محبت فرماتے ہیں اور اس پر مکمل یقین رکھتے ہیں "البرکۃ مع اکابرکم" یہ محبت صرف دل ودماغ تک ہی محدود نہیں بلکہ قرطاس وقلم کے ذریعے اس کا اظہار بھی فرماتے ہیں۔

شاعر نے اکابر کی میراث کے متعلق مسلمانوں کو خوب جھنجوڑا ہے:

کبھی اے نوجوان مسلم! تدبر کیا تو نے
وہ کیا گردوں تھا جس کا تو ہے اک ٹوٹا ہوا تارا
تجھے اس قوم نے پالا ہے آغوشِ محبت میں
کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں تاج سردارا

Marfat.com

ہمارے اکابر کی ہزاروں قیمتی علمی تحقیقات تا ہنوز اشاعت کی منتظر ہیں لیکن نہ تو کوئی ان پر کام کرنے والا ہے اور نہ ہی شائع کرنے والا۔ اکابرِ اہلِ سنت کا بیشتر علمی خزانہ یا تو قصہ ماضی بن گیا ہے یا پھر خوراکِ دیمک۔ ہماری سستی کی وجہ سے اغیار ہماری کتابوں سے مسلسل علمی تحقیقات چرا کر اپنی جانب منسوب کر رہے ہیں لیکن ہم خواب خرگوش میں مست ہیں۔

گنوا دی ہم نے جو اسلاف سے میراث پائی تھی
ثریا سے زمین پر آسمان نے ہم کو دے مارا
مگر وہ علم کے موتی، کتابیں اپنے آبا کی
جو دیکھیں ان کو یورپ میں تو دل ہوتا ہے سیپارہ
باپ کا علم نہ بیٹے کو اگر ازبر ہو
پھر پسر قابل میراث پدر کیونکر ہو
ہر کوئی مست مے ذوق تن آسانی ہے
تم مسلمان ہو! یہ انداز مسلمانی ہے
حیدری فقر ہے نے دولتِ عثمانی ہے
تم کو اسلاف سے کیا نسبت روحانی ہے

اس وقت جو مجموعہ آپ کے ہاتھوں میں ہے یہ بھی ہماری ستم ظریفی کا شکار ہونے ہی والا تھا کہ اللہ رب العزت نے حضرت مولانا مفتی محمد علیم الدین نقشبندی کے دل میں اس مجموعہ کو منظر عام پر لانے کا جذبہ ودیعت فرمایا۔ اگرچہ یہ مجموعہ پون صدی سے زائد عرصہ کے بعد منظر عام پر آیا ہے لیکن اس کا مقدر یہی وقت تھا کہ کل امر مرھون باوقاتھا۔ حضرت مفتی صاحب نے یہ مجموعہ حضرت صاحبزادہ قاضی محمد عبد السلام نقشبندی صدیقی سے اور انہوں نے محقق العصر حضرت علامہ محمد عبد الحکیم شرف قادری کی وساطت سے حضرت مولانا محمد جلال الدین قادری (کھاریاں) سے حاصل کیا۔ حضرت مولانا محمد عبد الحکیم شرف قادری نے ہی حضرت مولانا مفتی محمد

Marfat.com

جلال الدین کو یہ مجموعہ مرتب کرنے کا مشورہ دیا تھا۔ بہرکیف اللہ تعالیٰ نے یہ سعادت حضرت مفتی محمد علیم الدین صاحب کے نصیب میں لکھی۔ مفتی صاحب نے اپنی بے پناہ علمی وذاتی مصروفیات کو پسِ پشت ڈال کر اہلِ سنت کا یہ عظیم ذخیرہ ضائع ہونے سے محفوظ فرمایا۔ شروع میں مفتی صاحب کا ارادہ صرف حضرت سید محمد دیدار علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے فتاویٰ کو مرتب کرنے کا تھا لیکن اس سے دیگر دو مفتیان کرام کے فتاویٰ پس منظر میں جانے کا اندیشہ تھا لہذا حضرت مفتی صاحب نے ان فتاویٰ کو بھی شامل کرلیا تا کہ یہ کہیں قصہء ماضی نہ بن جائیں۔

فتاویٰ کا یہ مجموعہ ترتیب پانے سے قبل نہ صرف انتہائی شکستہ تحریرات پر مشتمل تھا بلکہ کئی ہاتھوں کا لکھا ہوا تھا۔ ان تحریرات کو پڑھنا انتہائی دشوار تھا لیکن مفتی صاحب نے اس کام کو مکمل کرنے کا مضبوط ارادہ کر رکھا تھا اللہ تعالیٰ نے آپ کی غیبی مدد فرمائی اور تمام مشکلات کو آسانی میں تبدیل فرماتے ہوئے آپ سے یہ عظیم کام لے لیا۔ اس کام کو دیکھ کر اس بات کا بحسن وخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ حضرت مفتی صاحب پر اللہ تعالیٰ کا کس قدر فضل واحسان اور نبی کریم ﷺ وبزرگانِ دین رحمۃ اللہ علیہم کی کس قدر توجہاتِ کریمانہ ہیں۔

قبلہ مفتی صاحب کے گرانقدر علمی شہ پارے درج ذیل ہیں۔

۱. النبی الأطہر سیرت خیر البشر

تلقیح فہوم أہل الأثر فی عیون التاریخ والسیر مصنف: علامہ محمد عبدالرحمٰن ابن جوزی (۵۹۷۔۵۱۰)

علامہ جوزی کی کتاب ۷۰۰ صفحات پر مشتمل ہے' اس میں علامہ نے ابتدائے آفرینش سے اپنے عہد تک کی عظیم شخصیات کا انتہائی دلکش تذکرہ فرمایا ہے۔ کتاب کا ایک اہم جزو حضور خاتم النبیین ﷺ کے بارے میں جس کا ترجمہ علامہ مفتی صاحب نے ۱۸۲ صفحات میں کیا ہے۔

۲. بذل القوۃ فی حوادث سنی النبوۃ مصنف: علامہ مخدوم محمد ہاشم سندھی (۱۱۷۴۔۱۱۴۱)

کا ترجمہ سیرت سید الأنبیاء کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ سیرتِ نبوی ﷺ کے موضوع پر نہایت جامع اور اہم کتاب ہے۔

حضرت مفتی صاحب نے نہ صرف کتاب کا ترجمہ کیا ہے بلکہ کتاب کو مزید باطنی حسن کے ساتھ نکھارا

Marfat.com

ہے۔ کتاب پر کی گئی محنت کو دیکھ کر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مفتی صاحب کے لیے دعائیں نکلتی ہیں۔ ہر صاحب ذوق کے لیے یہ کتاب نہایت ضروری ہے۔

۳. دلیل زائر حرمین دو کتب ہیں، مجمل، مفصل، مصنف: مفتی محمد علیم الدین نقشبندی (صفحات ۴۹۸)

یہ کتابیں حجاج کرام کے لیے بہترین راہنما ہے۔ ان میں حج کے متعلقہ مسائل کو عام فہم انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ حاجیوں کے لیے بہترین تحفہ ہیں۔

۴۔ احکام طہارت　　　　مصنف: مفتی محمد علیم الدین صاحب

اس کتاب میں قبلہ مفتی صاحب نے طہارت کے تقریباً تمام فقہی مسائل کو سہل انداز میں بیان فرمایا ہے۔ اس موضوع پر دور حاضر میں اس قدر جامع کتاب میسر آنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔

۵۔ قرآن حکیم کا ترجمہ (زیر طبع)

۶. سبل الهدیٰ والرشاد فی سیرۃ خیر العباد کا ترجمہ (۲ جلدیں زیر طبع)

ان شاء اللہ مفتی صاحب کی یہ کاوشیں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی کیونکہ اللہ رب العزت کا وعدہ ہے

فمن یعمل من الصالحات وهو مؤمن فلا کفران لسعیه (سورۃ الأنبیاء: ۹۴)

ترجمہ: پس جو شخص کرتا ہے کوئی نیک کام بشرطیکہ مومن ہو تو رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔

آخر میں اللہ تعالیٰ کے حضور نبی ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے دعا ہے کہ وہ مصنفین فتاویٰ کے درجات بلند فرمائے اور حضرت مفتی صاحب اور تمام دوسرے حضرات جو دامے درمے قدمے سخنے اس کاوش میں شریک ہوئے ہیں ان سب کے علم و عمل اور عمر میں مزید برکتیں عطا فرمائے۔ آمین

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبه وخیر خلقه سیدنا ومولانا محمد وعلی آله وأصحابه أجمعین

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# گزارشات مرتب عفی عنہ

﴿۱﴾ ولایت نسب صداقت حسب حضرت صاحب زادہ مولانا محمد عبد السلام مدظلہ العالی نے جب جامعہ رضویہ فیصل آباد میں دورہ حدیث شریف پڑھنے کا ارادہ فرمایا تو مستقبل میں تدریس کے ساتھ ساتھ انھوں نے تحریر کے میدان میں آنے کا فیصلہ بھی کرلیا۔ اب اس کے لیے ایک ایسے موضوع کی تلاش تھی جو اس قدر شاندار علمی اور روحانی روایات کے حامل اس خانوادے کے نونہال کے شایانِ شان ہو۔ اسی دوران استاذ الاساتذہ متکلمِ اسلام ترجمان اہل سنت حضرت مولانا محمد عبد الحکیم شرف مدظلہ العالی کا ایک خط برادرِ مکرم استاذ محترم حضرت مولانا محمد جلال الدین قادری مدظلہ العالی کے پاس آیا کہ استاذ العلماء والمحدثین حضرت مولانا ابوالبرکات سید احمد شیخ الحدیث دار العلوم حزب الاحناف لاہور اور ان کے والد گرامی حضرت امام الفقہاء و شیخ المحدثین حضرت مولانا محمد دیدار علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہما کے فتاوی پر مشتمل ایک قلمی مجموعہ ترتیب ، تدوین، تخریج اور تحقیق کا منتظر ہے۔ انھوں نے اس خط میں فرمائش کی آپ اس مجموعہ کو مرتب فرمائیں۔ انھوں نے جواب میں اس پر آمادگی کا اظہار فرمادیا اور وہ قلمی مجموعہ حضرت مولانا محمد جلال الدین قادری مدظلہ العالی کے ہاں کھاریاں پہنچ گیا۔

فقیر راقم الحروف عفی عنہ کو یہ خیال آیا اگر یہ سعادت حضرت صاحب زادہ مدظلہ العالی کے حصہ میں آئے تو نہایت مناسب ہے۔ چنانچہ اس نا کارۂ خلائق نے شوق دلا کر ان کو اس عظیم کام کے لیے آمادہ کرلیا۔ ان دونوں حضرات کی مہربانی اور بالخصوص حضرت مولانا محمد جلال الدین قادری مدظلہ العالی کے کمال ایثار کے

Marfat.com

باعث یہ مجموعہ چند روز کے بعد حضرت صاحب زادہ صاحب کے پاس پہنچ گیا۔ آپ نے اس عظیم کام کو شروع فرمایا اللہ تعالیٰ کا شکر کہ کچھ عرصہ کے بعد مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا ابوالبرکات سید احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ کے اس مجموعہ میں شامل فتاوی کا مجموعہ ''فتاوی دار العلوم حزب الاحناف لاہور'' کے نام سے اشاعت پذیر ہو گیا۔

مخطوط کا باقی ماندہ حصہ مرتب شدہ حصے سے علمی اور تحقیقی اعتبار سے فائق تر تھا۔ لیکن اس کا ایک حصہ انتہائی شکستہ تحریرات پر مشتمل اور مختلف ہاتھوں کا لکھا ہوا تھا۔ اس حصہ کو پڑھنا انتہائی دشوار اور کٹھن کام تھا۔ راقم الحروف جب کبھی انہیں بقیہ حصہ کی ترتیب وتدوین کا کہتا تو وہ پہلوتہی کر جاتے چند بار انھوں نے اس سلسلے میں درپیش مشکلات کو واضح کرنے کے لئے وہ مخطوطہ فقیر غفرلہ کے سامنے رکھ دیا کہ آپ ہی اس کو پڑھ دیں۔ راقم الحروف کا خیال تھا کہ یہ کام مشکل ضرور ہے لیکن ناممکن نہیں، اگر ثابت قدمی اور صبر سے اس پر محنت کی جائے تو وہ پڑھا جا سکے گا انھوں نے باقی ماندہ کو اس طرح چھوڑ کر اسے حضرت مولانا شرف قادری مدظلہ العالی کے ہاں واپس ارسال کر دیا۔

فقیر کو اس کی اس طرح واپسی پر شدید قلق تھا آخر کار فیصلہ کر لیا باقی ماندہ اس حصہ کو فقیر خود مرتب کرے گا۔ اللہ تعالیٰ وتقدس کے فضل واحسان اور بزرگان دین کی توجہات کریمانہ سے یہ عاجز اس قابل ہو سکا کہ فتاوی کا یہ مجموعہ ترتیب پا کر ناظرین کے سامنے ہے۔ اس سلسلے میں پیش آنے والی مشکلات کا اندازہ عام قارئین کو نہیں ہو سکتا۔ صرف وہی لوگ اس کا اندازہ کر سکتے ہیں جنہیں کبھی شکستہ اور مختلف ہاتھوں کے لکھے ہوئے مخطوطات پر کام کرنے کا اتفاق ہوا ہو۔

﴿۲﴾ فقیر عفی عنہ نے جس اہم اور بابرکت امانت کو قارئین تک پہنچانے کی مشکل اور نازک ذمہ داری اٹھائی اس سلسلے میں فقیر کی کوششوں کا ایک نتیجہ آپ کے سامنے ہے۔ اس ناکارہ خلائق کو جن مراحل میں کامیابی ہوئی وہ اساتذہ کرام کی شفقتوں، والدین کریمین رحمۃ اللہ علیہما کی دعاؤں اور مرشد گرامی دامت برکاتہم القدسیہ کی توجہات عالیہ کا نتیجہ ہے۔ لغزشیں اور غلطیاں فقیر کی نالائقی کا باعث ہیں۔ قارئین حضرات

Marfat.com

سے بھی گزارش ہے کہ ان لغزشوں اور غلطیوں کی نسبت اس ناکارۂ خلائق کی جانب کریں حضرات مفتیان کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کا دامن ان سے پاک ہے نیز ازراہِ کرم فقیر کو اس سے آگاہ کریں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کو درست کیا جاسکے۔

﴿۳﴾ فتاوی میں ضمنی مسائل کی نشاندہی کے لئے فہرست میں مذکورہ صفحہ کی متعلقہ سطر پر ستارے کا نشان بنادیا گیا ہے، کتب فتاوی میں یہ جدت ہے اس سے قاری کے لئے مزید سہولت پیدا ہوگی۔

﴿۴﴾ ادارہ مظہر علم لاہور، جہلم، میرپور بلند مرتبہ دینی کتب کا ایک معیاری ادارہ ہے۔ متعدد دینی کتب اس کے زیر اہتمام اعلی معیاری انداز پر شائع ہو کر حسنِ قبول کا درجہ پاچکی ہیں۔ ایسا کیوں نہ ہو اس کے روح رواں دامت برکاتہ اور خادمین کے پیشِ نظر دین متین کی خدمت ہے۔ مال ومتاع اور نام ونمود نہیں۔ اس کی تمام مطبوعات ایک سے ایک عمدہ اور بہتر ہیں۔ فتاوی دیداریہ جلد اول کی اشاعت اسی ادارہ کے اہتمام سے ہورہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس مبارک ادارہ کے روح رواں دامت برکاتہ اور دیگر جملہ کارکنان کو دنیا اور آخرت میں اپنی بے کراں رحمتوں سے نوازتا رہے اور روز افزاں ترقیات ودرجات سے نوازتا رہے۔

آمین ثم آمین

وصلی اللہ علی حبیبہ محمد وآلہ وسلم

محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ

۲۷ محرم الحرام ۱۴۲۷ھ

۲۵ فروری ۲۰۰۶ء

ہفتہ

Marfat.com

# معتقدات
# مستحسنات
# بدعات

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 1﴾

## سوال

آخرت میں عبادت نماز روزہ کیوں نہ ہوگا کیا منعم کا انعام اور عبدیت کا اظہار منافی ہے۔؟

مولوی غلام محی الدین خان صاحب

امام مسجد شاہ جہان پور ۷ ادسمبر ۱۵ء

## الجواب

آخرت میں شکرِ انعامِ الٰہی ضرور ہے جو بالمعنی عبادت ہے اور وہاں عبادت بغرضِ حصولِ نجات وغیرہ نہیں ہے۔

قرآن شریف ناطق ہے۔

**یلیت قومی یعملون بما غفر لی ربی و جعلنی من المکرمین.** [1]

(ترجمہ: کاش میری قوم جان لیتی کہ کس کے باعث میرے رب نے مجھے بخش دیا اور معزز لوگوں میں سے کیا)

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

[1] القرآن الحکیم سورہ یس آیت نمبر ۲۶/ ۲۷.

Marfat.com

﴿فتویٰ نمبر......2﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے اسلام اس مسئلہ میں کہ بعض احادیثِ صحیحہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جنت میں قیامت کے بعد زوجین کی ملاقات ہوگی۔ اس میں دریافت طلب یہ امر ہے کہ ایک عورت نے یکے بعد دیگرے کئی خاوند کیے ہوں تو وہاں کس سے مل سکے گی اور کس سے نہ ملے گی؟۔ اس کا جواب معہ ادلہ ارسال ہو۔ والسلام

سائل: انوار حسین، ۱۸ شوال ۱۳۳۴ھ

## الجواب

### بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد موت علاقۂ زوجیت منقطع ہو جاتا ہے۔ اس طرح بعد انقضاءِ ایامِ عدت کے عورت کو جس کسی سے چاہے نکاح کرنا جائز ہے۔ اور مرد کو مثل اجنبی کے اپنی بیبیوں کو چاہنا ناجائز ہے، بخلاف ازواجِ مطہرات اور حضرت فاطمہ زہرا اور علی رضی اللہ عنہم۔ ☆ اس واسطے جب حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ پر اعتراض کیا، کہ تم نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو کیوں غسل دیا؟ تو اس کے جواب میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے یہی جواب دیا، کہ کیا تم نہیں جانتے، کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ فاطمہ کو تمہاری زوجیت میں میں نے باعتبار دنیا اور آخرت کے دیا ہے۔ یہ ضرور جنت میں بھی تمہاری ہی بیوی رہیں گی۔ جس سے صاف ظاہر ہے کہ اور تمام لوگوں کا بعد موت علاقۂ زوجیت منقطع ہو جاتا ہے۔ اور یہ ضرور نہیں ہے، جس کی جو بیوی دنیا میں ہو وہی اس آخرت میں ہو۔ ورنہ پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا جواب کیونکر صحیح ہوگا۔

چنانچہ در مختار میں ہے۔

**و یمنع زوجها من غسلها و مسها** [1]

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد/ ۳ صفحہ/ ۸۵ مطبوعہ بیروت.

Marfat.com

(ترجمہ: خاوند کو اپنی فوت شدہ بیوی کو غسل دینے اور چھونے سے روکا جائے گا)

قال الشامی رحمة الله علیه

قوله و یمنع زوجها الخ أشار الی ما فی البحر من ان شرط الغاسل ان یحل له النظر الی المغسول ؎۱

(ترجمہ: قولہ: مرد کو روکا جائے گا الخ اس میں اس قانون کی طرف اشارہ ہے جو البحر الرائق میں ہے' کہ غسل دینے والے کے لیے شرط یہ ہے مردے کی جانب اس کا دیکھنا جائز ہو)

و ایضا فی الدر المختار

و قالت الائمة الثلاثة یجوز (ای غسل الزوج زوجته) لان علیا رضی الله عنه غسل فاطمة رضی الله عنها قلنا هذا محمول علی بقاء الزوجیة لقوله علیه السلام کل سبب و نسب ینقطع بالموت الاسببی و نسبی مع ان بعض الصحابة انکر علیه شرح المجمع للعینی ؎۲

(ترجمہ: امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے علاوہ باقی تین ائمہ نے فرمایا کہ مرد کے لیے اپنی مردہ بیوی کو غسل دینا جائز ہے کیوں کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے خاتونِ جنت حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کو غسل دیا تھا۔ ہم کہتے ہیں کہ یہ غسل دینا زوجیت کے باقی رہنے پر محمول ہے' کیوں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ہر تعلق اور نسب موت کے ساتھ منقطع ہو جاتا ہے لیکن میرے ساتھ تعلق اور میرا نسب باقی رہتا ہے اس کے علاوہ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ان کے اس غسل دینے کو اچھا نہ سمجھا تھا۔ شرح المجمع للعینی)

قال الشامی

قوله: قلنا الخ قال فی شرح المجمع لمصنفه فاطمة رضی الله عنها غسلتها ام ایمن حاضنته ﷺ و رضی الله عنها فتحمل روایة غسل علی رضی الله عنه علی معنی التهیئة

---

؎۱ رد المحتار جلد ۳ صفحه ۵۸ مطبوعه بیروت

؎۲ الدر المختار مع رد المحتار جلد ۳ صفحه ۸۵ مطبوعه بیروت

Marfat.com

والقيام التام بأسبابه و لئن ثبتت الرواية فهو مختص به ألا ترى ان ابن مسعود رضى الله عنه لما اعترض عليه بذلک اجابه بقوله اما علمت ان رسول الله ﷺ قال ان فاطمة زوجتک فی الدنیا والآخرة فادعاءه الخصوصية دليل على ان المذهب عندهم عدم الجواز قلت و يدل على الخصوصية ايضا الحديث الذى ذكره الشارح [1] الخ

(ترجمہ: قولہ ہم کہتے ہیں الخ، کتاب ''المجمع'' کی جوشرح خود مصنف نے تحریر کی' اس میں ہے' کہ خاتون جنت حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو حضور اکرم ﷺ کی پرورش کرنے والی بی بی حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا نے غسل دیا تھا۔ اس صورت میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے غسل دینے کی روایت کو ان معنوں پر محمول کیا جائے گا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے ان کے لیے غسل پورے اسباب مہیا کیے اور اس کا بندوبست فرمایا۔ اور اگر غسل دینے کی روایت ثابت ہو جائے تو ایسا حکم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ مخصوص شمار ہوگا۔ کیا تمہیں نظر نہیں آتا کہ جب حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس بنا پر حضرت علی رضی اللہ عنہ پر اعتراض فرمایا تو انہوں نے جواب میں یوں ارشاد فرمایا کہ کیا تمہیں علم نہیں ہے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ فاطمہ تمہاری دنیا اور عقبی میں زوجہ ہے۔ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کا اپنی خصوصیت کا دعوی فرمانا' اس بات کی دلیل ہے' کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا مذہب یہ تھا کہ خاوند کے لیے اپنی زوجہ کو غسل دینا جائز نہیں ہے۔ اور خصوصیت پر وہ حدیث بھی دلالت کرتی ہے جسے شارح نے ذکر فرمایا ہے)۔

ہاں ممکن ہے کہ بذریعہ شفاعتِ زوج یا زوجہ یا خواہش زوجین' اللہ جس کو چاہئے اس کو دنیا ہی کی بیوی گو وہاں مستحقِ نار ہو' بخش کر اس کو ہی عطا فرمادے۔ علی ہذا ممکن ہے کہ شوہر بشفاعتِ زوجہ بخشا جائے اور بحسبِ خواہشِ زوجہ وہ شوہر اس کو عطا فرمایا جائے۔ [2]

کتبہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المجددی

---

[1] رد المحتار جلد ۳/ صفحہ ۸۵۸/ مطبوعہ بیروت.

[2] سوال ہذا کے مفصل جواب کے لیے ملاحظہ ہو الفتاوی الحدیثیہ صفحہ ۴۱، ۴۲، مطبوعہ مصر ۱۹۳۷ء

## ﴿فتویٰ نمبر......3﴾

### سوال

حضرت آدم علیہ السلام کی جب استغفار قبول ہوگئی تو اس بعد ہبوط کا حکم خلافِ قرینہ ہے۔ اس کے متعلق تحقیقی جواب ارشاد ہو۔

جناب مولوی غلام محی الدین خان صاحب
امام جامع مسجد شاہجہاں پور۔ ۱۷دسمبر ۱۵ء

### الجواب

حضرت آدم علیہ السلام کا ہبوط مصالحِ الٰہی سے تھا اس کا تعلق استغفار سے کچھ نہیں۔ تقدیم و تاخیرِ زمانی منافی حکمتِ الٰہیہ کو نہیں ہے۔

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......4﴾

## سوال

حضرت ہاجرہ قبل سے مومنہ تھیں یا نہیں۔ اور کنیزگی کا داغ ان پر کس قسم کا ہے کیوں کہ اس سے نسب اسماعیل علیہ السلام پر شائبہء مملوکیت پیدا ہوتا ہے۔

## الجواب

☆ حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا خورد سال تھیں جس وقت بادشاہ نے سارہ کو شکرانہء دعا میں دیا تھا اور کہا تھا

ها اجرك

یعنی اب میں تم کو اجر تیری دعا کا دیتا ہوں

لہٰذا ان کا نام ہاجرہ ہو گیا۔ پھر جب قریب بلوغ ہوئیں تو بی بی سارہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بخش دیا۔ اور کنیز بمعنے دختر وصبیہ ہے نہ بمعنے بردہ کیوں کہ دراصل بی بی سارہ کو خاندانِ شاہی کی دختر واسطے تبرک اور خدمت کے بادشاہ نے عنایت کی تھی۔

لفظ کنیز کے معنوں میں اشتباہ ہو گیا ہے جیسا کہ غلام عبد مولی وغیرہ ہے۔ روضۃ الصفا میں ہے

و هاجر بغایت جمیله بود چون بشرفِ صحبت و مصاحبتِ ابراهیم مشرف شد همان وقتِ قالبِ مطهرش صدفِ دُرِ وجودِ حضرت اسماعیل شد[۱]

(ترجمہ: حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا نہایت خوبصورت تھیں جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کی صحبت اور مصاحبت کے شرف سے مشرف ہوئیں اسی وقت آپ کا جسمِ اطہر حضرت اسماعیل علیہ السلام کے موتی جیسے وجود کے لیے صدف بن گیا)

اور یہ سب امور حسب الحکم ربانی ظاہر ہوئے تھے اور بی بی سارہ کو بذریعہ الہام حکم دیا گیا تھا جس کی تعمیل انہوں نے فرمائی۔ پس کوئی شبہ دربارۂ طہارتِ نسبِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نہیں رہا۔ اور ان کے اسلام میں بھی شک نہ رہا۔

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

[۱] روضة الصفا جلد صفحه مطبوعه

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......5﴾

### سوال

کرامات حضرت غوث اعظم جو بارہ برس کی برات ڈوبی ہوئی نکالنا مشہور ہے اور مردہ پانصد سالہ کو "قم باذن اللہ" کہہ کر اٹھانا' میلاد خوان بیان کرتا ہے برات کا نکالنا ضعیف روایت ہے اور مردہ جلانا قوی ہے۔ شرعاً اس کا ثبوت کیا ہے؟

سائل: رحمت علی محلہ راوی آگرہ

۱۷ فروری ۱۹۱۶ء

### الجواب

### ھو المصوب

حضرت سید السادات ابو محمد عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ غوثِ اعظم تھے ان کی کرامات درجہ تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں۔ جیسا کہ امام یافعی نے لکھا ہے۔

**ان کراماته تواترت او قربت من التواتر و معلوم با لاتفاق انه لم یظهر ظهور کرامته بغیره من شیوخ الافاق کرامۃً** ۱

☆ (ترجمہ: آپ کی کرامات متواتر یا تواتر کے قریب ہیں اور علماء کے اتفاق سے یہ امر معلوم ہے کہ آپ کی مانند کرامات کا ظہور آپ کے بغیر آفاق کے مشائخ میں سے کسی سے نہیں ہوا)

☆ مگر حکایت برات نکالنے کی کسی معتبر نے نہیں لکھی اور نہ مردہ کو **قم باذن اللہ** کہہ کر کسی مقام پر زندہ کیا ہے اور اس سے یہ لازم نہیں کہ حضرت غوث صاحب رضی اللہ عنہ اس درجہ کے نہ تھے۔ اکثر میلاد خوان بوجہ عدمِ واقفیت مہمل روایات اولیاء و انبیاء کی طرف منسوب کر دیتے ہیں اور یہ سمجھتے کہ اگر یہ یہاں غلط ہے تو بھی ان کی تعریف پوری ہم نے کر دی۔ متوقع ثواب کے ہوتے ہیں۔ خیر خدا ان پر رحم کرے۔

ہزاروں کرامات اولیاء اللہ سے اور اصحاب رسول علیہ السلام سے ظاہر نہ ہوئیں تو کیا جھوٹی روایت کہہ

Marfat.com

دینے سے ان کا رتبہ بڑھ جائے گا۔ ہرگز نہیں اصحابِ رسول تمام غوث وقطب واولیاء سے افضل ہیں اور تحقیق سے ثابت ہے کہ اولیاء اللہ کی کرامات اکثر اصحاب سے زیادہ ہیں۔ بہرحال ہر دو روایت جن کو پوچھا ہے کسی معتبر نے نہیں لکھی ہیں۔ اور امکان عقلی سے کوئی امر یقینی نہیں ہو سکتی۔

ہاں جو شخص منکر کراماتِ غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے وہ خطا کار ہو گیا کیونکہ تواتر سے ثابت ہے۔

**واللہ اعلم بالصواب و عندہ ام الکتاب.**

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......6﴾

## سوال

کوئی شخص اپنے مریدوں سے اپنے کو رسول اور پیغام آور کہلاتا ہو اور اس کا مطلب حقیقی معنی نہ ہوں اور اس کے مرید اس کو تمام القاب آداب میں داخل کرتے ہوں تو شرعاً اس کا کیا حکم ہے کیوں علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل حدیث میں ہے پھر محذور ہونے کی کیا وجہ ہے۔

## الجواب

جو پیر ایسا لفظ کہنا جائز رکھتا ہے تو وہ بدعتی اور بدکار ہے کیوں کہ شرعاً اس لفظ کو استعمال کرنا' جس میں شائبہ دوسرے معنے کفر کا ہونا جائز ہے۔ توبہ کرنا چاہئے۔ اور

☆ **علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل**

(ترجمہ: میری امت کے علماء نبی اسرائیل کے انبیاء کی مانند ہیں)

کے بعد صحت یہ معنے ہیں کہ کثرت علماء اور ان کا فیوض ہوگا نہ یہ کہ انبیاء اور اولیاء ایک ہی مدارج میں ہوں گے۔

**النبوة افضل من الولاية (۲)**

(ترجمہ: نبوت ولایت سے افضل ہے)

مسئلہ عقائد کا ہے۔

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

✿✿✿✿✿

---

(۱) کشف الخفاء جلد ۳ صفحہ ۶ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

(۲) لا جرم نبوت افضل باشد از ولایت خواہ ولایتِ نبی باشد خواہ ولایتِ ولی۔
(ترجمہ: یقینی طور پر نبوت سے ولایت افضل ہوگی خواہ وہ نبی کی ولایت ہو یا ولی کی ولایت)

مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب نمبر ۱۵

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 7﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دینِ متین اس مسئلہ میں، کہ ایصالِ ثواب احیاء کا اموات کو نافع ہے یا نہیں اور اگر ایصالِ ثواب ثابت ہے تو ایک چیز کا ثواب چند لوگوں کو پہنچایا جائے تو بالسویہ پہنچتا ہے یا تقسیم ہو کر بحسب حصہ لہٰذا بدلائلِ قویہ تحریر فرما کر مثاب و ماجور ہو جایئے جزاکم اللہ خیر الجزاء

## الجواب

اللهم رب زدنی علما.

اہلِ سنت و جماعت خصوصاً حنفیہ کے نزدیک نماز، روزہ، صدقہ وغیرہ کا ثواب بلا کم و کاست اموات کو بخشنا جائز ہے اور ان کو پہنچتا ہے اور ثواب پہنچانے والے کو بھی بلا کم و کاست اس عمل کا ثواب ملتا ہے۔

کما فی الشامی :

صرح علمائنا فی باب الحج عن الغیر بان للانسان ان یجعل ثواب عمله لغیره صلاة أو صوما أو صدقة او غیرها کذا فی الهدایة بل فی زکاة التتا رخانیة عن المحیط الافضل لمن یتصدق نفلا أن ینوی لجمیع المومنین والمومنات لانها تصل الیهم و لا ینقص من اجره شیء و هو مذهب اهل السنة والجماعة [۱] الخ

(ترجمہ: ہمارے علمائے کرام نے حجِ بدل کے باب میں تصریح کی ہے، کہ انسان کو اختیار حاصل ہے کہ اپنے عمل کا ثواب دوسرے کو دے دے۔ خواہ وہ عمل نماز ہو، روزہ ہو، صدقہ ہو یا ان کے علاوہ اور عمل ہو۔ ہدایہ میں اسی طرح ہے۔ بلکہ فتاوی تارتاخانیہ کی کتاب الزکاۃ میں محیط سے منقول ہے، کہ جو شخص نفلی صدقہ دے، اس کے

---

[۱] رد المحتار شرح الدر المختار جلد ۲ صفحہ ۲۴۳ مطبوعہ مصر

نوٹ: یہی عبارت کچھ تبدیلی کے ساتھ جلد ۲، صفحہ ۳۵۷ اور جلد ۲ صفحہ ۵۹۵ پر بھی موجود ہے۔

لیے افضل یہ ہے' کہ تمام اہلِ ایمان مردوں اور عورتوں کے ایصالِ ثواب کی نیت کرے کیوں کہ یہ ثواب ان کو پہنچے گا اور خود اس کے اجر میں کچھ کمی واقع نہ ہوگی۔ یہ اہلِ سنت وجماعت کا مذہب ہے)

☆ رہا یہ امر کہ پھر سب اموات کو حصہ پہنچتا ہے مثلاً ایک الحمد کا ثواب بخشا جائے تو پوری الحمد کا سب کو برابر پہنچتا ہے۔ یہ امر مختلف فیہ ہے۔ مگر امید فضلِ واسع خداوند کریم سے یہی ہے' کہ سب کو برابر پہنچے اور یہی مختار شامی علیہ الرحمۃ ہے۔ چنانچہ شامی علیہ الرحمۃ بعد تحریر اقوالِ مختلفہ تحریر فرماتے ہیں

**قلت لكن سئل ابن حجر المكی عما لو قرء لاهل المقبرة الفاتحة هل يقسم الثواب بينهم او يصل لكل منهم مثل ثواب ذلک كاملا فاجاب فانه افتی جمع بالثانی و هو اللائق بسعة الفضل۔ ۱**

(ترجمہ: میں کہتا ہے کہ امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ اگر قبرستان والوں کے لیے فاتحہ پڑھی تو اس کا ثواب ان مردوں کے درمیان تقسیم ہوگا یا ہر ایک مردے کو اس کی مثل کامل (فاتحہ) کا ثواب ملے گا تو آپ نے جواب دیا کہ علماء کی ایک جماعت نے دوسری شق کے مطابق فتوی دیا ہے اور اللہ تعالی کے وسیع فضل وکرم کے لائق یہی صورت ہے)

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی المجددی

☆☆☆ ذلک كذلک. إنی مصدق لذلک

نمقه بقلمه وقاله بفمه

العبد الجانی أبو البركات سيد أحمد القادری

الرضوی الألوری

---

۱ رد المحتار علی الدر المختار جلد/۲ صفحہ/۲۴۴ مطبوعہ مصر

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......8﴾

## سوال

محفلِ میلاد شریف میں قیام لازم ہے یا نہیں؟

سائل: از بلوچ پور
۲۲ اپریل ۱۹۱۶ء

## الجواب

## هو المصوب

قیام مولود میں نہ سنت ہے نہ واجب۔ بلکہ عاشقانِ رسول کا فعل تھا جو بے خودی میں کرتے ہیں۔اور اس کی مشابہت اور اظہارِ محبت کو کھڑا ہونا اکثر علمانے جائز لکھا ہے اور جو لوگ اس درجہ محبت نہیں رکھتے ان کو کھڑا ہونا ناجائز ہے۔فقط واللہ اعلم و حکمه حکم.

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......9﴾

## سوال

بجز مدینہ و بیت المقدس و خانہ کعبہ اور کسی زیارت کو سفر کرنا جائز ہے یا نہیں مثلاً خواجہ صاحب وغیرہ۔

سائل: از بلوچ پور

۲۲ اپریل ۱۹۱۶ء

## الجواب

### هو المصوب

حدیث میں ہے **لا تشدوا الرحال الا الی ثلاثة مساجد** [۱]

(یعنی تم بغرضِ عبادت سوائے تین مسجدوں کے اور کسی مسجد یا گھر کا سفر نہ کرو)

یہ مطلب نہیں ہے کہ زیارت نہ کرو۔ بلکہ زیارتِ قبور سنتِ رسول اور اصحاب وغیرہ ہے اور حدیث صحیح میں ہے۔

☆ **کنت نهيتكم عن زيارة القبور فالان زوروها** [۲]۔

☆ (ترجمہ: یعنی میں اول تم کو زیارت قبور سے منع کرتا مگر اب تم زیارت کیا کرو) فقط

المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

---

[۱] الجامع الصغير مع شرح فيض القدير جلد ۶/ صفحه ۴۰۳/ مطبوعه دار المعرفة بيروت.
بحواله مسند احمد، صحيح البخاري، صحيح مسلم، جامع ترمذي، سنن ابن ماجه

[۲] مسند احمد بن حنبل جلد ۵ صفحه ۳۵۶ المكتب الاسلامي

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......10﴾

## سوال

لڑکے نے ختم قرآن کیا تو اس کا ختم کس طرح ہو؟ اور وہ ثواب لے تو کس طرح لے؟ کیا دعا پڑھے؟

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لڑکے کے ختمِ قرآن کا کوئی طریقہ معین نہیں۔ ☆ختمِ قرآن کی خوشی میں اگر کھانا کھلایا جائے تو عمدہ بات ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول بھی ہے۔ ☆خواہ شیرینی پنج آیت پڑھ کر حضور ﷺ کو ثواب ہدیۃ پہنچا کر یا بغیر شیرینی کے ہر طرح جائز ہے اور موجب خیر و برکت ہے۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 11﴾

## سوال

فاتحہ وسلامتی کن کن سورتوں سے ہوتی ہے اور معمولی پڑھے (کو) جو ایک پارہ جانتا ہے کیا کیا پڑھنا چاہئے؟

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

☆ عوام جو اللہ کی سلامتی پہنچاتے ہیں یہ امر بے اصل ہے۔☆ بزرگوں کو ثواب پہنچانے کا یہ طریقہ ہے کہ کھانا غریبوں کو کھلا کر خواہ شیرینی تقسیم کر کے خواہ کھانے اور شیرینی کے ساتھ الحمد اور تین قل پڑھ کر خواہ اس سے زیادہ جس قدر ہو سکے پڑھ کر بعدہ درود پڑھ کر یہ دعا مانگے۔ یا اللہ اس کلام کا ثواب حضور ﷺ کو اور بعدہ تمام بزرگوں کو جن کا نام لینا مقصود ہو لے کر کہہ دیں کہ ان کو ثواب پہنچے۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

﴿فتویٰ نمبر......12﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ سوم میں جو کہ قرآن مجید پڑھا جاتا ہے اس میں سجدہ جوادا نہیں ہوتے اس کا ثواب مردہ کو پہنچتا ہے یا نہیں۔

محمد حسین پیش امام مسجد راجہ بازار مادھو گنج باندنکوئی سکنہ الور

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

بغیر سجدہ کئے ہوئے جب قرآن پڑھنے والے ہی کو سجدہ کرنے کا ثواب نہ ہو تو دوسرے کو اس کا ثواب کیوں کر پہنچ سکتا ہے۔☆ مگر اس میں شک نہیں جو لوگ ختم میں سجدہ تلاوت نہیں کرتے وہ بوجہ ترک واجب مستحق عذاب رہتے ہیں اور گناہگار۔☆ لہٰذا ان کو لازم ہے کہ اول تو وقتِ تلاوت ضرور سجدہ کرلیا کریں ورنہ بعد ختم جتنے سجدہ واجب ہوئے ہیں ان کو اکٹھا کرلیا کریں۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابومحمد محمد دیدار علی الحنفی المفتی
فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......13﴾

### سوال

مقتدی ایک مرتبہ دعا امام کے ساتھ مانگ چکے ہیں۔ پھر جداگانہ نماز ختم کر کے امام کے ساتھ مکرر دعا کا انتظار کریں یہ امر شرعاً کیسا ہے۔

ثانیاً فجر و مغرب وعشاء میں بعد سنن ونوافل تین مرتبہ امام کے ساتھ دعا مانگنا کیسا ہے۔

سیوم۔ الفاتحه علی النبی کہہ کر الحمد و قل هو الله و درود شریف و ان الله و ملائکته وغیرہ پڑھ کر ثواب بخشنا یہ کیسا ہے۔

سائل: مولوی مطیع اللہ' توپ خانہ جامع مسجد

۱۳ اپریل ۱۹۱۶ء

### الجواب

### هو المصوب

بعد المکتوبۃ دعا مستحب یعنی مسنون ہے۔ پھر ہر شخص اپنی نماز ختم کر کے دعا کرے مگر یہ طریقۂ جدیدہ کہ امام صاحب کی مکرر دعا پڑھنے اور ختم کرنے کے مقتدی منتظر رہیں' محض بے اصل اور مصالح شرعیہ اور علمیہ کے خلاف اور فعلِ مذموم ہے کیوں کہ قرآن شریف میں ہے:

**فاذا قضیت الصلوة فانتشروا فی الارض** [1]

(ترجمہ: پھر جب نماز ہو چکے تو پھر زمین میں اپنے کاروبار کے لیے چل پھر سکتے ہو)

اور مراد صلوۃ سے نماز فرض ہے بالاتفاق اور حدیث صحیح میں وارد ہے:

**انه کان یصلی جمیع السنن و الوتر فی البیت** [2]

---

[1] القرآن الحکیم : سورة الجمعة آیت: ۱۰

[2] سفر السعاده علی هامش کشف الغمة عن جمیع الامة جلد اول صفحہ ۸۷ میں ارشاد نبوی یوں درج ہے

Marfat.com

☆(ترجمہ: نبی کریم ﷺ تمام سنتیں اور وتر گھر میں ادا فرمایا کرتے تھے)

ایها الناس صلوا فی بیوتکم فإن أفضل صلاۃ الرجل فی بیته إلا المکتوبة

(ترجمہ: اے لوگو! اپنی نمازیں گھروں میں ادا کرو کیونکہ آدمی کے لیے فرض نماز کے علاوہ باقی نمازیں گھر میں نماز ادا کرنا افضل ہے)

☆ پس تمام فقہانے بہ نسبت مسجد کے گھر پر سنت کا پڑھنا افضل واحسن کہا ہے۔ لہٰذا مقتدی کا انتظار دعائے ثانی خلاف ان نصوصات کے معلوم ہوتا ہے۔ اور یہ امر پیدا ہونا مطابق حدیث:

قوم یعتدون فی الدعا اوالطهور[1]

یعنی ایک گروہ ایسا ہوگا کہ ظاہری پاکی اور دعا کی طوالت وکثرت رکھے گا۔ اور نہایت خشوع کا اظہار کرے گا۔ اور عبادت میں اس قدر دلچسپی نہ کرے گا۔

صاحب مجمع البحار لکھتا ہے۔

والمراد بلا تجهر بصلوتک الدعاء[2].

(ترجمہ: ولا تجهر بصلاتک میں صلوۃ سے مراد دعا ہے یعنی بلند آواز سے دعا نہ مانگو)

لہٰذا یہ محل قطعی بتکلف اور لائق ترک ہے اور بدعتِ مذمومہ سمجھنا چاہئے۔ ☆اسی طرح بعد نماز فجر و مغرب وعشاء الفاتحه علی النبی کہہ کر الحمد و قل وغیرہ پڑھنا کسی وجہ صحیح نہیں۔ اول تو ہیئت کذائی منقول نہیں۔ دوسرے فاتحہ کا ثواب مروج پیغمبر علیہ السلام خلاف ادب واحتیاط ہے۔ تیسرے خلاف حدیث مذکورہ بالا مکرر سہ کرر دعا یہ سب امور کراہت سے خالی نہیں۔ اگرچہ بظاہر محبوب معلوم ہوتے ہیں۔

---

[1] سنن أبی داؤد کتاب الطهارت : باب الإسراف فی الوضوء: حدیث رقم: ۹۶
نوٹ: پوری حدیث کے الفاظ یوں ہیں۔ سیکون فی هذه الأمة قوم یعتدون فی الطهور والدعاء

[2] مجمع بحار الانوار جلد ۳ صفحه ۳۴۷ مکتبه دار الایمان المدینة المنورة میں یہ الفاظ یہ ہیں:
الصلاة لغة الدعاء

Marfat.com

علامہ شامی فتاوٰی تنقیح حامدیہ میں لکھتا ہے۔

مطلب فی اهداء ثواب القراء ة علی النبی ﷺ قد اجاز بعض المتاخرین کا لسبکی وبعض المتقدمین من الحنابلة کأبی العباس محمد بن اسحاق و السراج النشا پوری من[1] اهداء ثواب القرآن له علیه السلام الذی هو تحصیل الحاصل

و قال ابن تیمیة لا تستجب بل هو بدعة و قال قاضی ابن شهنبه یمنع و ابن العطار ینبغی ان یمنع. و قال ابن الجزری لا یروی عن السلف ونحن بهم نقتدی. ثم قال و اجاب بعضهم بجوازه بل باستحبابه قیاس علی ما کان یهداء الیه فی حیاته فی الدنیا ولما طالب الدعا من عمر رضی الله عنه و حث الامة علی الدعاء بالوسیلة ثم قال فان لم یفعل ذلک فقد وان فعلت به فقد قیل به. قال الکمال بن حمره الحسین الاحوط الترک ملخصاً[1]

یہ سب بحالتِ انفراد ہے اور بصورتِ اجتماع بالاتفاق بدعت ہوگا مگر [2] نیم ملالوگوں کے اثر کا ہے جو [2] ہر بدعتِ مذمومہ کو سنت قرار دیتے ہیں۔ خدا رحم کرے۔

واللہ اعلم و آخر دعوانا ان الحمد اللہ رب العالمین۔

کتبہ المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

[1] تنقیح الفتاوی الحامدیہ جلد صفحہ

[2] اصل مخطوط سے عبارت پڑھی نہیں جا سکی اندازہ سے لکھی ہے۔ محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......14﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ ایک مولوی صاحب فرماتے ہیں:

۱۔ قبروں سے ولی اللہ کے لیے دعا مانگنا منت مانگنا سجدہ کرنا درست ہے اور ولی اللہ منت پوری کرتے ہیں۔

۲۔ گانا' ناچنا' باجا درست ہے۔ بزرگانِ دین نے سنا ہے

۳۔ اگر کوئی حافظِ قرآن کوٹ پتلون پہنا کرتا ہو اس کے پیچھے نماز درست ہوتی ہے یا نہیں؟

مولوی صاحب قبروں پر سجدہ کرنے گانے ناچنے کی اجازت دیتے ہیں۔ ان کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں؟ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ اور ائمہ دین کے نزدیک کیا حکم ہے؟ مولانا صاحب اپنے کو حنفی المذہب کہتے ہیں جواب مہری علماءِ دین کا ہونا چاہئے۔

۱۱ رمضان ۱۳۳۶ھ

مسلمانان قصبہ سدہ پور بذریعہ عبدالعلیم خان

## الجواب

اللھم رب زدنی علما۔

صفحہ ۲۴۵ جلد خامس درمختار میں بعد نقل اس روایت کے علامہ حصکفی رحمہ اللہ فرماتے ہیں

و ان علم اولا باللعب لا یحضر اصلا سواء کان ممن یقتدی به اولا لان حق الدعوة انما یلزمه بعد الحضور لا قبله ابن کمال' و فی السراج ودلت المسئلة ان الملاهی کلها حرام و یدخل علیهم بلا اذنهم لانکار المنکر قال ابن مسعود صوت اللهو والغناء ینبت النفاق فی القلب کما ینبت الماء النبات. قلت و فی البزازیة استماع صوت الملاهی کضرب قصب و نحوه حرام لقوله علیه السلام استماع الملاهی معصیة

Marfat.com

والجلوس عليها فسق والتلذذ بها كفر أى بالنعمة فصرف الجوارح إلى غير ماخلق لأجله كفر بالنعمة لا شكر فالواجب كل الواجب ان يجتبب كى لا يسمع لما روى (انه) عليه السلام ادخل اصبعه فى اذنه عند سماعه[1] ال خ

(ترجمہ: اگر معلوم ہو کہ مجلسِ دعوت میں لہو ولعب ہوگا تو بالکل حاضر نہ ہو۔ خواہ وہ ان لوگوں سے ہو جن کی اقتداء کی جاتی ہے یا نہ۔ کیوں کہ دعوت کا حق حاضر ہونے کے بعد لازم ہوتا ہے اس سے پہلے اس کا حق لازم نہیں ہوتا۔ ابن کمال۔ السراج میں ہے کہ اس مسئلہ نے دلالت کی کہ لہو ولعب کی تمام باتیں حرام ہیں لہٰذا بری بات کے انکار کے لیے ان کی اجازت کے بغیر ان کی مجلس چلا جائے۔ حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا لہو ولعب اور گانے کے آواز دل میں اس طرح نفاق اُگاتی ہے جس طرح پانی نباتات کو اگاتا ہے۔ میں کہتا ہوں بزازیہ میں ہے لہو ولعب کی آواز جیسا کہ بانس یا نرکل کو خاص انداز سے بجانا اور اس کی مانند دوسری آوازیں حرام ہیں۔ کیوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ مبارک ہے لہو ولعب کی آوازوں کا سننا گناہ اس کی خاطر بیٹھنا اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور اس سے لطف اندوز ہونا نعمت کی ناشکری ہے کیوں کہ اعضا کو ان افعال کی طرف پھیر دینا جن کے لیے ان کو پیدا نہیں کیا گیا اس نعمت کی ناشکری ہے، شکر گذاری نہیں۔ لہٰذا یہ حکم پوری طرح واجب ہے کہ ان سے اجتناب کرے تاکہ اسے ان کی آواز سنائی نہ دے۔ کیوں کہ مروی ہے کہ نبی اکرم علیہ السلام نے اسے سننے کے وقت اپنے کان میں انگلی ڈال دی تھی)

اور قبروں کو معبود سمجھ کر بہ نیتِ عبادت سجدہ کرنا شرک ہے اور غالباً اس نیت سے تو کوئی بھی مسلمان نہیں کرسکتا۔ رہا سجدہ کرنا بہ نیت تعظیم وہ پہلے پیغمبروں کی شریعت میں جائز تھا اور شریعتِ مصطفویہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں حرام۔

علی ہذا کوٹ پتلون بہ نیتِ تشابہ نصاریٰ پہننا فسق ہے۔

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۵، صفحہ ۲۴۵، ۲۴۶، مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

لہٰذا بوجہ ارتکابِ امورِ مذکورہ مولوی صاحب اور حافظ صاحب دونوں فاسق ہوں گے اور فاسق کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمہ ہے اور جو نماز مکروہ تحریمہ ہو اس کا اعادہ واجب ہے۔ ھکذا فی الشامی والکبیری فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المشہدی المفتی
فی جامع اکبرآباد

Marfat.com

# حدیث

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......15﴾

## سوال

**و مالنا طعام الا الاسودان التمر والماء.**

اس حدیث میں کھجور اور پانی کو اسود یعنی سیاہ فرمایا اس کا کیا مطلب ہے؟۔

سائل: مولانا غلام محی الدین خان صاحب

امام جامع مسجد شاہ جہان پور

۱۴ فروری ۱۹۱۶ء

## الجواب

مدینہ کے کھجور سیاہ ہوتے ہیں اور عمدہ ترین غذا ہے اور پانی بھی جب زیادہ ہو جائے تو مائل بہ سیاہی ہو جاتا ہے اس واسطے حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا مجمع البحار میں ہے:

**و مالنا طعام إلا الأسودان أی التمر والماء والسواد هو الغالب علی تمور المدينة ووصف الماء به للتغليب** [1]

(ترجمہ: ہمارے لیے دو سیاہ چیزوں یعنی کھجور اور پانی کے سوا کھانا نہیں ہے۔ مدینہ منورہ کی کھجوروں پر سیاہی کا غلبہ ہوتا ہے اور تغلیب کے لیے پانی کا بھی یہی وصف بیان کر دیا)۔

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

[1] مجمع بحار الأنوار جلد/ ۳ صفحہ/ ۱۴۴ مطبوعہ مکتبہ دار الایمان المدینۃ المنورۃ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......16﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان اس مسئلہ میں کہ ایک مسجد بادشاہ جلال الدین اکبر کے زمانہ کی بنوائی ہوئی اختیار خان فوجدار کی ہے۔ اور اس مسجد کے متعلق جائیداد بھی ہے اور اس کی نسبت مقدمات عرصہ سے چل رہے ہیں۔ اور انہی مقدمات کی بابت ایک ڈگری بنام علیم الدین وغیرہ ہوئی اور علیم الدین کی گرفتاری بھی نکلوائی۔ اسکی ادائیگی کے واسطے اہلِ اسلام امداد کریں تو اس کی بابت شرع کا کیا حکم ہے؟ اور امداد دینے والے کیا اجر پائیں گے؟ جو کچھ بیان فرمادیں اس کا اجر پائیں گے۔ مقدمات ہائی کورٹ اور ضلع میں بابت اسی مسجد کے چل رہے ہیں اس کے واسطہ بھی روپیہ درکار ہے۔

۲۲ شعبان ۱۳۳۶ھ

علیم الدین گھڑی ساز کناری بازار

احمد حسین وغیرہ کناری بازار متصل مسجد اختیار خان

## الجواب

### بسم اللہ الرحمن الرحیم

مسجدِ مذکور کی نسبت جو مقدمہ چل رہا ہے مجھ سے زیادہ اہل شہر اس سے واقف ہیں اور کیفیت ڈگری سے بھی جس قدر اہلِ شہر کو علم ہے میں اس سے زیادہ واقفیت حاصل نہیں کرسکتا۔ مگر ایسے موقع پریشانی میں مطلقا ہر مسلمان سنی مقلد خوش عقیدہ کی امداد بلاشبہ موجب اجرِ عظیم ہے۔ خصوصا ایسے شخص کی جس کا اعلان مسجدوں کی رہائی کے متعلق ہمیشہ اکثر جمعوں میں سنتے رہتے ہیں۔ حدیث صحیح میں وارد ہے۔

ما کان العبد فی عون اخیه المسلم کان اللہ فی عونه[1] او کما قال

---

[1] موسوعة اطراف الحدیث النبوی : ج/لد ۱ ، صفحه/ ۱۵۵ دار الکتب العلمیه بیروت

Marfat.com

ترجمہ: جب تک بندہ اپنے بھائی مسلمان کی مددگاری میں رہتا ہے اللہ اس کی امداد میں رہتا ہے۔

اور دوسری حدیث میں ہے کہ جو کوئی کسی مسلمان کی کڑی مشکل پوری کرے۔ البتہ اس کی ستر اڑی ہوئی مشکلات قیامت کے دن آسان کرے گا۔

بحوالہ مسلم، ابوداؤد، ترمذی، احمد غیرہم بالفاظِ ذیل:

**اللہ فی عون العبد مان کان العبد فی عون اخیه**

اور یہ تو ظاہر ہے، اللہ قرآنِ مجید میں فرماتا ہے:

☆ **انما یعمر مساجد الله من امن بالله و الیوم الآخر**[۱]

ترجمہ: بلاشبہ اللہ کی مسجدوں کو جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان لائیں وہی آباد کرتے ہیں

اور حدیث صحیح میں ہے:

**من بنی مسجدا لله بنی الله له بیتا فی الجنة**[۲]

ترجمہ: جو شخص اللہ کے واسطے مسجد بنادے اللہ اس کے واسطے جنت میں گھر بناتا ہے۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابومحمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی المفتی شہر اکبر آباد فی جامع مسجد

---

[۱] القرآن المجید، سورۃ التوبہ: آیت: ۱۷

Marfat.com

# طہارت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 17﴾

## سوال

کیا فرماتے ہے علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں زید نے بعد وضو کے اپنا ستر کھولا اور اس کے اندامِ نہانی کو اور لوگوں نے بھی جو باوضو تھے دیکھا۔ اب ایسی حالت میں زید کا وضو اور ان لوگوں کا وضو جن کی نظر اندامِ نہانی پر پڑی قائم رہا یا نہیں؟

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحيم

اللهم رب زدني علما

حنفیوں کے نزدیک اپنا یا کسی غیر کا اندامِ نہانی دیکھنے سے تو قطعاً وضو نہیں ٹوٹتا۔ البتہ کسی غیر کے اندامِ نہانی پر قصداً نظر ڈالنا یا ننگا ہو کر کسی کو اپنی اندامِ نہانی دکھانا بہت بڑا گناہ ہے۔ بلکہ بعد وضو اگر کوئی پانی سے استنجا کرنا یا آبدست لینا بھول جائے اور یاد آنے پر استنجا پانی سے کرے یا آب دست لے لے جب بھی وضو نہیں ٹوٹتا۔ اس واسطے کہ وضو کے توڑنے والی بالاتفاق اتنی باتیں ہیں۔

☆ اول ناپاک چیز کا مثل زرد پیپ' لہو کے یا پیشاب' پاخانہ نکلنا بدن انسان سے۔ خواہ سر کے پھوڑے سے بہنے یا زخم سے ہو یا پیٹ کے۔ خواہ پاؤں کے زخم یا پھوڑے سے' خواہ آنکھ یا کان کے زخم سے' یا پھنسی سے۔

اور نکلنے کے یہ معنے ہیں کہ اتنا خون وغیرہ نکلے کہ نکلنے کی جگہ چھل جائے۔ اور خون کا قطرہ باریک باریک ظاہر ہو کر خشک ہو جائے اور مطلقاً نہ بہیں تو وضو ہرگز نہ ٹوٹے گا۔

مع ہذا اگر زخم یا پھوڑے سے خشک کیڑے جھڑ پڑیں یا زخم سے بغیر خون پیپ کے لکڑی کی پھانس یا کنکر نکل آئے خواہ نکالا جائے یا زخم یا پھوڑے سے یا مردار گوشت گر پڑے یا کاٹ کر جدا کر دیا جائے وضو نہیں ٹوٹتا۔

Marfat.com

البتہ پیشاب پاخانہ کی جگہ سے اگر خشک کیڑا یا کنکر نکلے یا نکالا جائے پاخانہ کی جگہ سے بادسری یعنی ہوا نکلے خواہ آواز کے ساتھ یا بلا آواز تو بلاشبہ وضو ٹو جائے گا مگر فقط بادسری (ہوا نکلے) کے شبہ اور وہم سے وضو ہرگز نہ ٹوٹے گا۔

اور منہ بھر قے آئے' خواہ پت کی قے کڑوی ہو' خواہ ترش' بلغم کی ہو' یا سودا کی' یا کھٹا پانی' خون جما ہوا ہو' یا بہتا ہوا تو بلاشبہ وضو ٹوٹ جائے گا۔ البتہ اگر دماغ سے جما ہوا خون یا کتنا ہی بلغم نکلے وضو ہرگز نہ ٹوٹے گا۔

علی ہذا اگر کھانسی سے کتنا ہی بلغم نکلے وضو نہ ٹوٹے گا۔

اور اگر نماز میں مسنونِ حالت پر کتنی بھی دیر سوتا رہے نہ وضو ٹوٹے گا نہ نماز ٹوٹے گی۔ مگر جب جاگے' سونے کی حالت میں جو ارکانِ نماز ادا کئے ہیں یا کچھ بھی پڑھا ہے اس کو پھیر لے اور اس کا اعادہ کرے۔ ورنہ اگر ارکان فرض یا قراءت بقدرِ فرض کو دوبارہ نہ پھیرے تو نماز نہ ہوگی۔ مگر وضو بدستور قائم رہے گا۔

البتہ نماز میں التحیات میں یا قیام وغیرہ میں ایسا غافل ہو گیا کہ زمین پر گر پڑا ضرور وضو ٹوٹ جائے گا۔ اگر گرتے گرتے درمیان میں ہوشیار ہو گیا وضو ہرگز نہ ٹوٹے گا۔ اور اگر چت سو گیا یا کروٹ پر سو گیا یا ایسا تکیہ لگا کر سو گیا کہ اگر وہ جدا ہو جائے تو گر پڑے ضرور وضو ٹوٹ جائے گا۔

بہرنہج سونے کی حالت میں اس وقت وضو ٹوٹے گا جب اعضا اتنے سست ہو جائے کہ بادسری (ہوا نکلنے) کا گمان غالب ہو ورنہ مجرد سونے سے وضو نہیں ٹوٹتا اسی واسطے علامہ شامی صفحہ ۱۰۴ جلد اول ردالمحتار مصری میں تحریر فرماتے ہیں:

☆ کہ جو شخص ایسا معذور ہو کہ ہر وقت اس کی ریاح خارج ہوتی رہتی ہے ایک ادنی وقت نماز کا بھی نہیں گزرتا مگر بادسری (ہوا خارج ہوتی) رہتی ہے یا ہر وقت قطرہ آتا رہتا ہے تو اس کا وضو اگر اول وقتِ ظہر میں کیا ہے جب تک عصر کا وقت نہ آئے' اس خاص بیماری سے جس میں وہ مبتلا ہے خواہ وہ قطرہ کی بیماری ہو یا خون بہنے کی یا کوئی اور اس کا وضو نہ ٹوٹے گا۔

Marfat.com

لہٰذا اگر بادسری کی بیماری ہو اور اول وقتِ عشا یا ظہر میں وضو کر کے سو جائے تو جب تک ظہر یا عشا کا وقت باقی رہے گا اس کا وضو نہ ٹوٹے گا۔

اور عاقل بالغ مرد عورت اگر نماز میں اتنی آواز سے ہنس دیں کہ دوسرے سن لیں، جب بھی وضو ٹوٹ جائے گا۔ نابالغ کا نہ ٹوٹے گا۔ ان امور کے سوا اور کسی بات سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ درمختار، ہدایہ، شامی وغیرہ تمام کتبِ فقہ میں اس طرح لکھا ہے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی المفتی
فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......18﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ نسوار یا ناس کا ناک میں چڑھانا ناقض وضو ہے جیسے کہ فتاویٰ عالمگیریہ میں لکھا ہے۔

**وان استعط فخرج السعوط من الفم و کان ملاء الفم نقض و ان خرج من الاذنین لا ینقض کذا فی السراج الوهاج.**

صفحه ٤٠ سطر ٣٠ مطبوعه دهلی مطبع احمدی ١٢٧٨ھ

(ترجمہ: اگر کسی شخص نے ناک میں کوئی چیز چڑھائی۔ وہ چیز منہ سے باہر نکلی اور منہ بھر ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا اور اگر دونوں کانوں سے نکلی تو نہ ٹوٹے گا۔ السراج الوہاج)

اور اس کے مطابق بحوالہ فتاویٰ عالمگیریہ اپنے رسالہ میں ایک عالم اس نسوار کو ناقض وضو لکھتے ہیں اونکی عبارت یہ ہے فتاویٰ عالمگیریہ میں لکھا ہے کہ خروج نسوار کا اندرون دھن ناقض وضو ہے پس معلوم ہوا اس سے کہ تمباکو کی نسوار لینے والے جو غافل ہیں اس مسئلہ سے واجب ہے ان پر اعادہ تمام عمر کی نمازوں کا۔

انتهی بلفظه رساله شرب الدخان صفحه ٥٤ سطر ١١-١٢-١٣-١٤ -

مہربانی فرما کر جواب سے مرہونِ منت فرمادیں۔ خداوند کریم اجر دے۔

اس نسوار کا لینا بعض اشخاص بالخصوص پیشوایان و امامِ نماز نے تو یہاں تک اختیار کرلیا ہے کہ عین نماز میں یعنی ختم امامت و جماعت یا جماعت تراویح کے ترویحہ میں بار بار ناک میں چڑھاتے ہیں اور تھوکنے کے وقت وہی نسوار کا کھنگار یا بلغم بعینہ حلق میں آکر منہ سے برآمد ہوتی ہے۔ فتاوی عالمگیریہ اور دیگر کتب فقہ کو بغور ملاحظہ فرما کر اطمینان فرمائیں۔ فقط زیادہ والسلام

۱۱ ذی الحجہ ۱۹۱۶ء

قاضی فضل احمد انسپکٹر پولیس لودھیانہ پنجاب

Marfat.com

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحیم

اللھم رب زدنی علما

عبارتِ فتاویٰ عالمگیریہ سے ظاہر ہے کہ سعوط یعنی ناس یا نسوار اس وقت ناقض وضو ہے جب سعوط منہ سے منہ بھر کر نکلے اور منہ بھر کے نکلنے کی تعریف صحیح یہ ہے جو فتاوی عالمگیریہ میں محیط سے نقل کی ہے۔

**والحد الصحیح فی ملاء الفم ان لا یمکنه امساکه الابکلفة و مشقة کذا فی محیط السرخسی**[1]

☆(ترجمہ: منہ بھر کی صحیح تعریف یہ ہے کہ اسے دقت اور مشقت کے بغیر روکنا ممکن نہ ہو)

اور منہ بھر کر نکلنا غیر ممکن ہے جب تک سعوط معدہ تک جا کر معدہ کی نجاست سے مل کر باہر نہ نکلے جس کو قے کہتے ہیں جو بالاتفاق اگر منہ بھر کے ہو ناقض وضو ہے۔ چنانچہ یہ امر بہت ظاہر ہے اس دوسرے مسئلہ سے جو فتاوی مذکور صفحہ ۱۱ جلد اول میں مسئلہ مذکورہ سوال کے اوپر ہی مسطور ہے

**و لو صب دھنا فی اذنه فمکث فی دماغه ثم سال من اذنه او من انفه لا ینقض الوضوء و عن ابی یوسف رحمة الله علیه ان خرج من فمه فعلیه الوضوء لانه لا یخرج من الفم الابعدما وصل الی المعدة وھی محل النجاسة فصارله حکم القئ کذا فی المحیط**[2]

☆(ترجمہ: اگر کان میں تیل ٹپکایا وہ دماغ میں رک گیا پھر کان یا ناک سے بہا تو وضو نہ ٹوٹے گا۔ اور حضرت امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے ☆ کہ اگر وہ تیل منہ سے نکلا تو اس پر وضو کرنا لازم ہے کیوں کہ وہ معدہ میں پہنچے بغیر منہ سے نہیں نکل سکتا اور وہ نجاست کا مقام ہے اس کا حکم قے کا ہو جائے گا۔ محیط)

---

[1] الفتاوی العالمکیریہ مع ترجمہ اردو جلد اول صفحہ ۵۶ مطبوعہ المکہ پریس لاہور

[2] الفتاوی العالمکیریہ مع ترجمہ اردو جلد اول صفحہ ۵۲ مطبوع المکہ پریس لاہور

Marfat.com

☆ اور یہی مضمون تمام کتبِ فقہ سے ثابت ہے البتہ نسوار کا بلاوجہ اس کثرت سے سونگھنا خصوصاً نماز کے وقت جس کی دھانس اور بدبو سے عام مسلمان نمازیانِ مسجد نسوار نہ سونگھنے والوں کو تکلیف پہنچے بلاشبہ مکروہ ہے۔

چنانچہ حدیث صحیح سے ثابت ہے:

☆ کہ بعلت بدبو اور ایذا نمازیوں کے کچی پیاز لہسن کھا کر مسجد میں آنے سے سرورِ عالم ﷺ نے قطعاً ممانعت فرمادی:

حیث قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم من اکل من ھذہ الشجرۃ فلا یقربن مسجدنا[1]

☆ (ترجمہ: جس نے اس پودے سے کچھ کھایا ہو وہ ہماری مسجد کے قریب بالکل نہ آئے)

اور درمختار میں ہے

ویکرہ اکل نحو ثوم و یمنع منہ و کذا کل موذ ولو بلسانہ[2]

☆ (ترجمہ: مسجد میں لہسن کی مانند بدبودار چیز کھانا مکروہ ہے اور اس سے روکا جائے گا اور ایسے ہی ایذاء دینے والی ہر چیز سے روکا جائے گا ☆ اگر کوئی زبان سے ایذا دے تو اسے بھی مسجد آنے سے روک دیا جائے گا)۔

حررہ العبد العاصی رحمۃ ربہ القوی

محمد دیدار علی الرضوی مفتی جامع مسجد اکبرآباد

---

[1] اصحیح البخاری جلد ۱ صفحہ ۲۱۶ مطبوعہ دار الفکر

iiصحیح مسلم کتاب المساجد / ۱۷ مطبوعہ عیسی الحلبی

سنن ابی داؤد کتاب الأطعمہ حدیث رقم ۴۱

iiiوغیرہ من کتب الاحادیث تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو

موسوعہ اطراف الحدیث النبوی جلد ۸ صفحہ ۱۴۰، ۱۴۳

[2] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۱ صفحہ ۴۸۹ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......19﴾

## سوال

غسل کے وضو سے اگر غسل برہنہ کیا جائے تو نماز جائز ہے یا نہیں؟ اگر کسی کو برہنہ دیکھ لیا تو وضو میں کچھ خرابی آتی یا نہیں؟ اور اس سے نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

غسل کے وضو کے بعد دوبارہ وضو کرنے کی کوئی ضرورت نہیں اگرچہ برہنہ ہی غسل کیا ہو۔☆اس واسطے کہ اپنی شرمگاہ یا دوسرے کی شرمگاہ دیکھنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ البتہ اپنی شرمگاہ کو برہنہ چھو لینے سے امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ مگر دیکھنے سے تو ان کے نزدیک بھی نہیں ٹوٹتا۔ اور امامِ اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک تو نہ دیکھنے سے ٹوٹے نہ چھونے سے۔ لہٰذا اگر شرمگاہ بعد وضو چھو لی ہو تو بلحاظِ تحقیقِ امام شافعی رحمہ اللہ اگر وضو کر لے اولیٰ ہے نہ کہ ضروری۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

﴿فتویٰ نمبر......20﴾

## سوال

جناب پیش امام صاحب بعد سلام سنت الاسلام درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر فرمائیں؟

1۔ حوض دہ دردہ گز یعنی چالیس گز گھیرے کا ہے۔ کتنا گہرا ہونا چاہیئے؟

2۔ حوض پر چھت ڈال کر پانی ڈھاپنا ہو تو کتنے حصے کو ڈھانپ سکتے ہیں یا تمام حوض کو کھلا رکھنا ضروری ہے۔

3۔ تھوک یا ناک سے نکلنے والے مواد کو پانی میں ڈالنے سے کچھ نفرت پیدا ہوتی ہے۔ اس کے لیے حوض کے ساتھ علیحدہ نالی بنالی جائے تو بہتر ہے یا نہیں؟ حوض میں ڈالنے سے کچھ شرعی ممانعت تو ہونی چاہیئے۔

سائل: محمد ساجی سلمان راجپوری

۹ شوال ۱۳۴۴ھ

## الجواب

حامدا ومصليا و مسلما و عليكم السلام و رحمة الله و بركاته .

☆ حوض کم از کم دس گز لمبا اور دس گز چوڑا اور کم از کم اتنا گہرا ہونا چاہیئے کہ اس میں بلا تکلف چلو بھر کر پانی لے سکیں اور پانی خراب نہ ہو۔ ☆ اور کسی کا تھوک سینک چونکہ پاک ہے پانی ان سے ناپاک نہیں ہوتا۔ مگر علیحدہ تھوک وغیرہ کے واسطے نالی بنا دینا اولیٰ وافضل ہے تا کہ پانی صاف رہے اور لوگوں کو نفرت پیدا نہ ہو اور اگر بقدر وضو کی جگہ کے باقی سب حوض پاٹ دیا جائے جائز ہے۔ اس طرح ہمارے فقہا کی کتب حنفیہ میں ثابت ہے۔

Marfat.com

﴿فتویٰ نمبر......21﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ علاوہ چمڑے کے موزوں' کپڑے کے موزوں پر یا اون' کرمچ کے موزہ پر یا سوراخ دار موزہ پر مسح کرنا درست ہے یا نہیں۔

سائل بدرالدین ۱۲دسمبر ۱۹۱۵ء

## الجواب

هو الملهم للحق والصواب

بانات' کپڑا' ٹاٹ وغیرہ کا موزہ جو اس قدر گاڑھا ہو کہ پانی نہ چھنے اور بغیر باندھے ٹخنے سے چمٹا رہے اس پر مسح کرنا درست ہے۔ اور سوراخ بقدر تین انگلی پاؤں کے جو سب سے چھوٹی ہیں مسح کو ناجائز کر دیتا ہے اور اس سے کم پر جائز ہے۔ في المراقي الفلاح.

**ولو كان الخفان متخذين من شيء ثخين غير الجلد كلبد وجوخ وكرباس يستمسك على الساق من غير شد لا يشف الماء وهو قولهما وإليه رجع الامام وعليه الفتوى لأنه في معنى المتخذ من الجلد... والرابع خلو كل منهما أي الخفين عن خرق قدر ثلاث اصابع من اصغر القدم**[1]

(ترجمہ: موزے اگر چمڑے کے علاوہ کسی گھنی بُنی ہوئی چیز جیسے کہ نمدہ' اونی کپڑا (کمبل) کھدرٗ سے بنائے ہوئے ہوں اور باندھنے کے بغیر پنڈلی پر رکے رہیں اور پانی ان سے گذر کر پاؤں تک نہ پہنچے (تو ان پر مسح کرنا جائز ہے) یہ صاحبین کا قول ہے۔ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی طرف رجوع فرمالیا اور اسی پر فتوی ہے کیوں کہ ایسے موزے چمڑے سے بنائے ہوئے موزوں کے معنوں میں ہیں۔ (اور مسح کے جائز ہونے کی) چوتھی شرط یہ ہے کہ ان دونوں میں سے ہر ایک قدم کی چھوٹی تین انگلیوں کی مقدار کی پھٹن سے خالی ہو) والله أعلم بالصواب.

عاجز محمد رمضان

مفتی واعظ جامع مسجد آگرہ ۱۲/دسمبر ۱۹۱۵ء

---

[1] مراقي الفلاح شرح نور الايضاح على هامش الطحطاوي صفحه ۶۹'۷۰ مطبوعه نور محمد اصح المطابع كراچی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......22﴾

## سوال

ایک شخص کوئی جب بستر سے اٹھا غسل (فرض) پایا اور وہ حالتِ بیماری میں ہے یا موسم سردی کا ہے یا دیگر اور اسباب مانع ہیں۔ اگر نہائے تو اس کو ضرر پہنچے۔ اور نماز کا وقت موجود ہے تو ایسی حالت میں وہ کیا کرے ؟ تیمم اسے کیسا ہے؟ نماز ادا کرنا ہوگی یا کہ نہا کر قضا نماز ادا کرے گا؟ اور ایسے شخص کو مسجد میں جانا اور کھانا کھانا کیسا ہے؟

۱۷ رمضان ۱۳۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بیمار یا ضعیف کو اگر نہانے کی حاجت ہو جائے اور مرض بڑھنے کا یقین ہو' مجرد حیلہ جوئی نہ ہو' لازم ہے کہ غسل کا تیمم کر کے نماز پڑھے۔☆ اور چونکہ تیمم خلیفہ غسل کا ہے جس طرح کھانا پینا' مسجد میں جانا بعد غسل کے جائز ہے بعد تیمم کے بھی جائز ہے۔☆ البتہ جب طاقتِ غسل آ جائے اور خوف زیادتیِ مرض غسل سے نہ رہے' غسل کرنا واجب ہو جائے گا اور تیمم فوراً ٹوٹ جائے گی۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی

فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴾فتویٰ نمبر......23﴿

### سوال

ہاتھی پر امام چڑھ جائے اور نماز پڑھائے تو وہ نجس ہوگا یا نہیں؟

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

ہاتھی پر چڑھنے سے جب تک کوئی نجاست یا ہاتھی کا پسینہ نہ لگے کوئی ناپاک نہیں ہوتا۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......24﴾

## سوال

دھوبی اگر روئی دار کپڑے کو دھلا وے تو ناپاک سمجھا جائے گا یا نہیں؟

## الجواب

دھوبی اگر روئی کا کپڑا دھلاوے تو کوئی وجہ اس میں شبہ کی نہیں ہے کیوں کہ روئی کے کپڑے کا یہ ہی حکم ہے کہ اس کو بھگو کر اچھی طرح نچوڑ دیا جائے تو پاک ہو جاتا ہے۔ کذا فی منیۃ المصلی[۱]

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

[۱] منیۃ المصلی : صفحہ ۱۴۸ مطبوعہ مکتبہ قادریہ جامعہ نظامیہ لاہور

وقیل إذا غسل الثوب مرة وعصره بالمبالغة یطهر وقیل لا یطهر ما لم یغسل ثلاث مرات ویعصر فی کل مرة والفتوی علی الأول

(ترجمہ: بعض علماء نے فرمایا جب کپڑے کو ایک مرتبہ دھولیا اور خوب نچوڑ لیا تو پاک ہو جاتا ہے اور بعض علماء نے فرمایا جب تک تین بار نہ دھویا جائے اور ہر بار نہ نچوڑا جائے پاک نہیں ہوتا اور فتویٰ پہلے قول پر ہے)

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......25﴾

سوال دستیاب نہ ہو سکا۔

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

جب تک نجس پانی کے دودھ وغیرہ میں ملانے کا یقین نہ ہو اس دودھ دہی کا بلاشبہ کھانا جائز ہے۔
☆مجرد شبہ سے کوئی شے ناپاک نہیں ہو جاتی۔ اور جس کا مسلمان کو کھانا پینا جائز ہے اس کا ثواب پہنچانا بھی عبادت ہے۔ فاتحہ دلانا جائز ہے۔ ☆اس واسطے کہ اصل ہر چیز میں شرعاً طہارت ہے۔ تاوقتیکہ یقینِ نجاست نہ ہو جائے کوئی شے نجس نہیں ہو جاتی۔

☆ **الیقین لا یزول بالشک** قاعدہ مسلمہ فقہاء ہے۔ ☆مگر حتی المقدور مشرکوں کے کھانے پینے کی چیزوں سے بچنا افضل ہے۔ اور ان کا استعمال میں لانا مکروہ۔

چنانچہ صفحہ ۴۸۳ جلد خامس فتاوی عالمگیریہ میں ہے:

**ویکره الاكل والشرب في اواني المشركين قبل الغسل مع هذا لواكل اوشرب فيها قبل الغسل جاز و لا يكون آكلا ولا شاربا حراما و هذا اذا لم يعلم بنجاسة الاواني فاما اذا علم فانه لا يجوز ان يشرب و ياكل منها قبل الغسل لو شرب اواكل كان شاربا و آكلا حراما و هو نظير سور الدجاجة اذا علم انه كان على منقارها نجاسة فانه لا يجوز التوضى به والصلوة فى سراويلهم نظير الأكل والشرب من أوانيهم**[1]

☆(ترجمہ: مشرکین کے برتنوں میں ان کو دھونے سے پہلے کھانا پینا مکروہ ہے۔ اس کے باوجود اگر کوئی دھونے سے پہلے ان میں کھا پی لے تو جائز ہے۔ ایسی صورت میں وہ حرام کھانے یا پینے والا نہ ہوگا۔ یہ حکم اس

[1] الفتاویٰ العالم گیریہ : جلد ۵، صفحہ ۳۴۷، مطبوعہ مصر

Marfat.com

صورت میں ہے جب کہ اسے ان برتنوں کے ناپاک ہونے کا علم نہ ہو۔اور جب اسے ان کا ناپاک ہونا معلوم ہو جائے تو ان سے کھانا پینا جائز نہیں ہے جب تک دھو کر ان کو پاک نہ کر لے۔اگر ایسی حالت میں کھایا یا پیا تو حرام کھانے اور حرام پینے والا ہوگا۔اس کی مثال مرغی کے جھوٹے کی سی ہے کہ جب معلوم ہو کہ اس کی چونچ پر نجاست ہے تو اس کے جھوٹے پانی سے وضو کرنا جائز نہیں ہے۔اور ان کے پاجاموں اور دیگر کپڑوں میں نماز ادا کرنا ان کے برتنوں میں کھانے پینے کی مانند ہے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ
ابو محمد محمد دیدار علی المفتی
فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

﴿فتویٰ نمبر......26﴾

## سوال

مردہ کی چیرا پھاڑی سے وضو یا غسل میں تو کچھ خرابی نہیں آتی؟

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

مردے کی چیر پھاڑ سے بھی وضو نہیں ٹوٹتا نہ غسل۔ البتہ اگر اس کا خون یا گوشت ناپاک بدن سے لگ جائے اس کا دھونا اور پاک کرنا ضرور لازم ہے۔ واللہ اعلم و علمہ احکم

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

# نماز

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 27﴾

## سوال

عیدمیں اذان کس طرح ہے اورکون آیہ ہے اور چھ تکبیر کس طرح پڑھنا چاہیئے تکبیر تحریمہ چھ میں شامل ہے یانہیں اس کا مسئلہ تحریر فرمایئے گا۔

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحیم.

اللهم رب زدنی علما

عید کے دن نہ اذان کہنا سنت ہے نہ تکبیر کہنا۔☆اگر راستہ میں آہستہ آہستہ عیدگاہ تک آدمی آتے نظر آئیں اور وقت تنگ ہو تو رومال وغیرہ سے اشارہ کردینے کا' الصلوة جامعة پکار دینے کا مضائقہ نہیں۔

چنانچہ صفحہ ۲۱۰ فتح القدیر مطبوعہ مصر مع الہدایہ میں ہے:

فلا یوذن للعید والکسوف و فی مسلم عن جابر بن سمرة صلیت مع رسول الله ﷺ العید غیر مرة ولا مرتین بغیر اذان ولا اقامة ☆و عن عائشة رضی الله عنها خسفت الشمس علی عهد رسول الله ﷺ فبعث منادیا ینادی بالصلوة جامعة[۱] فقط

☆(ترجمہ: عیداور کسوف کی نماز کے لیے اذان نہ پڑھی جائے۔صحیح مسلم میں حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت نبی اکرم ﷺ کے ساتھ نمازِ عید ایک یا دو مرتبہ نہیں کئی مرتبہ' بغیر اذان اور اقامت کے پڑھی۔☆حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کے زمانہ اقدس میں سورج گرہن لگا آپ نے ندا کرنے والے کو بھیجا کہ وہ پکار کر کہے کہ نماز با جماعت ہونے والی ہے)

حررہ: العبد الراجی رحمة ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبر آباد

---

[۱] فتح القدیر : جلد ۱ صفحہ ۱۶۷ مطبوعہ مصر

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......28﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ بعد دفن کرنے میت کے قبر کا منہ بند کر کے اور مٹی ڈال کر اس موت پر اذان دینا کیسا ہے۔

۲۷ شعبان ۱۳۳۶ھ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ محکمہ ٹھیکہ ضلع بانس بریلی مسکونہ تاج گنج آگرہ کڑہ عمر خاں

## الجواب

وهو الموفق۔ بسم الله الرحمن الرحیم۔

اللهم رب زدنی علما

اذان کہنا' دفن کے وقت' مٹی ڈالنے سے پہلے یا پیچھے متقدمین فقہا کے نزدیک کہیں نظر سے نہیں گزرا اور علماءِ متاخرین سے بعض مستحب فرماتے ہیں اور بعض اس کی تردید فرماتے ہیں چنانچہ صفحہ ۲۸۳ درالمختار میں ہے:

قد یسن الأذان لغیر الصلاة کما فی اذن المولود والمصروع والغضبان ومن ساء خلقه من انسان أو بهیمة وعند مزدحم الجیش و عند الحریق و عند انزال المیت القبر قیاسا علی اول خروجه للدنیا لکن رده ابن حجر فی شرح العباب تغول الغیلان ای عند تمرد الجن لخبر صحیح فیه اقول و لا بعد فیه عندنا الخ أی لأن ما صح فیه الخبر بلا معارض فهو مذهب للمجتهد و ان لم ینص علیه لما قد مناه فی الخطبة عن الحافظ ابن عبدالبر والعارف الشعرانی عن کل الائمة الاربعة انه قال اذا صح الحدیث فهو مذهبی علی انه فی فضائل الاعمال یجوز العمل بالحدیث الضعیف[1]۔

---

[1] رد المحتار : جلد اول صفحه ۲۸۳ ، مکتبه رشیدیه کوئٹه

Marfat.com

(ترجمہ: بلاشبہ نماز کے علاوہ اور مواقع پر اذان مسنون ہے جیسا کہ نومولود غم میں مبتلا مرگی کے مریض غصے والے اور انسانوں اور چوپایوں میں جس کے اخلاق میں برائی آجائے ان سب کے کانوں نیز فوج کے جھمگٹے آگ لگنے اور میت کے قبر میں اتارنے کے وقت اذان مسنون ہے۔ لیکن حضرت حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے شرح العباب میں اس کی تردید کی ہے۔ ان مواقع کے علاوہ جنات کی سرکشی کے وقت بھی اذان پڑھنا مسنون ہے کیوں کہ اس بارے میں صحیح حدیث وارد ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ہمارے نزدیک اس میں کوئی بعد نہیں ہے۔ کیوں کہ جس عمل کے

بارے میں معارض صحیح حدیث وارد ہو وہ مجتہد کا مذہب ہوتا ہے اگر اس پر مجتہد نص بیان نہ کرے کیوں کہ خطبہ میں ہم حافظ ابن عبدالبر اور عارف شعرانی نے ائمہ اربعہ سے یہ ارشاد نقل فرمایا ہے کہ جب حدیث صحیح ثابت ہو جائے تو وہی میرا مذہب ہے۔ علاوہ بریں حدیث فضائلِ اعمال میں وارد ہے جہاں ضعیف حدیث پر عمل کرنا جائز ہے)

لہٰذا اگر اذان وقتِ دفن کہی جائے اس میں مزاحمت کرنا ہرگز نہ چاہئے اور اس درجہ اس کا ثبوت بھی نہیں ہے کہ ضرور ہی کہی جائے۔ واللہ اعلم و علمہ احکم

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابومحمد محمد دیدار علی الحنفی المشہدی المفتی شہر آگرہ۔
واعظ جامع مسجد اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......29﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اندریں صورت کہ تکبیر صف میں ایک مقام پر کھڑے ہو کر مقتدی کہے یا دروازہ مسجد سے تکبیر شروع کرے اور چلتا جائے اور صفِ اولی تک ختم کر دے جس طرح یہاں لاہور میں مولانا اکرام الدین صاحب بخاری امام مسجد وزیر خان کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ تعاملِ علماءِ بخارا اسی طرح ہے۔

۳ رجب ۳۶ھ

فضل الدین طالب علم

حمایت الاسلام لاہور

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحيم.

اللهم رب زدني علما

درمختار مطبوعہ مصر علی هامش رد المحتار کے صفحہ ۲۹۱ میں ہے

كره مشيه في اقامته[1]

(ترجمہ: تکبیر میں چلنا مکروہ ہے)

قال الشامي رحمه الله

قوله: كره ذكره في روضة الناطفي واختلفوا عندا تمامها اى عند قد قامت الصلوة فقيل يتمها ماشيا و قيل في مكانه اماما كان الموذن او غيره و هو الاصح كما في البدائع و قصر في السراج الخلاف على ما اذا كان اماما فلو غيره يتمها في موضع البداية بلا خلاف[1]

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۲ صفحه ۵۹، ۶۰ مطبوعه دار التراث العربي بيروت

Marfat.com

(ترجمہ: قولہ: تکبیر میں چلنا مکروہ ہے۔ روضۃ الناطفی میں اسے ذکر کیا۔ اقامت کے اختتام یعنی قد قامت الصلوۃ کے وقت چلنے میں اختلاف ہے۔ بعض نے فرمایا اسے چلتے چلتے مکمل کرے، اور بعض نے فرمایا اپنی جگہ پر کھڑا رہ کر اسے
مکمل کرے اگرچہ مؤذن ہی امام ہو یا امام اس کے علاوہ کوئی اور ہو۔ اصح قول یہی ہے جیسا کہ البدائع میں ہے۔ اور السراج الوہاج میں اختلاف صرف اسی صورت میں ذکر کیا ہے جب کہ مؤذن خود امام ہو اور اگر امام کوئی اور ہو تو جس جگہ کھڑے ہو کر اقامت کا آغاز کیا تھا اسی جگہ پر اسے مکمل کرے اس سے میں کوئی اختلاف نہیں ہے)

یعنی اصح قول تو یہی ہے کہ مکبر امام ہو خواہ موذن مقتدی جہاں تکبیر شروع کرے وہاں ہی ختم کرے۔ اسی طرح بدائع الصنائع میں ہے مگر بعض فرماتے ہیں کہ اگر امام ہی موذن و مکبر ہو تو تکبیر صفِ اولی میں کہہ کر قد قامت الصلوۃ کہتا ہوا مصلی تک تمام کر دے اور اگر مکبر و موذن غیرِ امام ہے تو بالاتفاق جہاں تکبیر شروع کرے اسی جگہ تمام کر دے

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المفتی
فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......30﴾

## سوال

انگوٹھے (چومنا) وقتِ نامِ پیغمبر علیہ السلام بعض کتب مثل جامع الرموز کنز العباد خزانۃ الروایات وغیرہ مستحب لکھا ہے۔ مولانا عبدالحی انار اللہ برہانہ نے حدیث مرویہ اور روایات منقولہ کو ضعیف لائق اعتبار نہیں فرمایا ہے ما۔ لہٰذا کیا ہوگا؟

سائل: مولوی مطیع اللہ صاحب توپ خانہ جامع مسجد

۱۳ اپریل ۱۹۱۶ء

## الجواب

### ھو المصوب

تقبیل ابہامین وقتِ نامِ رسول علیہ السلام بعض روایاتِ ضعیفہ میں وارد ہے۔ جن کی بابت بعض نے ضعف کا خیال اور بعض نے موضوع فرمایا ہے۔ لہٰذا جو تقبیل کرتا ہو اس کی منع نہ کیا جائے گا اور جو نہ کرتا ہو اس کو حکم نہ دیا جائے گا۔ کیوں کہ فضائلِ اعمال میں ضعیف حدیث پر عمل منع نہیں اور لا یصح لا یثبت کے لکھ دینے سے حدیث کا موضوع ہونا ثابت نہیں ہوتا۔ تحفۃ میں دربارہ ضعف و موضوعیت حدیث مسح علی الرقبہ لکھا ہے:۔

---

ما (الف) بعض فقہاء( تقبیل ابہامین را مستحب نوشتہ اند وحدیثے ہم دریں باب نقل می سازند مگر صحیح نیست۔

(ترجمہ: بعض فقہاء نے انگوٹھے چومنے کے مستحب لکھا ہے اور ایک حدیث بھی اس بارے میں نقل کرتے ہیم لیکن وہ حدیث صحیح نہیں ہے) مجموعہ فتاوی مولانا عبدالحی لکھنوی جلد ۳ صفحہ ۴۲ مطبوعہ ملک سراج الدین کشمیری بازار لاہور۔

(ب) أما فی الأذان فقد ورد ذلک (ای تقبیل الابہامین) فی احادیث مرفوعۃ وموقوفۃ کلہا ضعیفۃ ولا یصح فی ھذا الباب حدیث مرفوع. السعایۃ فی کشف ما فی شرح الوقایۃ: جلد ۲: صفحہ ۴۶: سہیل اکیڈمی لاہور

Marfat.com

قال احمد بن حجر فی شرحه الفتح المبین لانه ان کان صحیحا فی نفس الامر فقد اعطی حقه والا[1] لم یترتب علی العمل به مفسدة تحلیل و تحریم ولا ضیاع حق للغیر[2]

(ترجمہ: امام احمد بن حجر رحمۃ اللہ علیہ اپنی شرح الفتح المبین میں فرمایا چونکہ یہ حدیث درحقیقت صحیح ہے لہٰذا اسے اس کا حق دیا جائے گا بشرطیکہ اس پر عمل سے کوئی فساد نہ پڑے جیسا کہ حرام کو حلال قرار دینا یا حلال کو حرام قرار دینا اور نہ ہی اس سے کسی کے حق کا ضائع ہونا لازم آئے)

(وفیہ) و ذلک لیس من باب الاختراع فی الشرع و انما هو ابتغاء فضیلة و رجاء هامع امارة ضعفه من غیر ترتب مضرة علیه[3] انتهی

(ترجمہ: شریعت میں یہ خودساختہ حکم کے قبیل سے نہیں ہے بلکہ یہ عمل فضیلت کے حاصل کرنے اور اس کی امید کے لیے ہے باوجودیکہ ضعف کی علامت موجود ہے اور اس پر کوئی نقصان بھی مرتب نہیں ہوتا)

حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ نے اس فعل کو مسنون یا واجب سمجھنے سے انکار فرمایا ہے وہ بالکل صحیح ہے۔ مگر بدعت یا مکروہ یا عدمِ استحبابِ مشائخ مرقوم نہیں فرمایا جو باعث تکلیف ہو۔

هذا ما سنح لی عند التحقیق واللہ اعلم و حکمه احکم۔

کتبہ المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

[1] لفظ "الا" تحفة الطلبه کے حاشیہ میں المطبع المصطفائی (۱۳۱۱ھ) اور ادارۃ المعارف والعلوم الاسلامیہ کراچی (۱۴۱۹ھ) دونوں مطبوعہ نسخوں میں موجود ہے لیکن یہ کتابت کی غلطی معلوم ہوتی ہے۔

[2] تحفة الکملة علی حواشی تحفة الطلبة مع تحفة الطلبة ص ۱۱ شامل در مجموعہ رسائل اللکنوی: جلد اول: صفحہ ۲۵۹ مطبوعہ ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی

[3] تحفة الکملة علی حواشی تحفة الطلبة مع تحفة الطلبة ص ۱۱ شامل در مجموعہ رسائل اللکنوی: جلد اول: صفحہ ۲۵۹ مطبوعہ ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......31﴾

## سوال

زمانۂ طاعون ووبا میں اذان دینے میں بعض مقام پر بعد دفن مردہ اذان کا رواج دے دیا ہے۔ اس کی شرع میں کہاں تک اصل ہے۔

جناب مولوی غلام محی الدین خان صاحب
امام جامع مسجد، شاہجہاں پور۔
۱۷ دسمبر ۱۵ء

## الجواب

زمانۂ طاعون میں اذان دینا کوئی شرعی حکم نہیں ہے۔ ہاں وقتِ نزولِ بلیہ تکبیر ودعا کا حکم ہے۔ اہلِ اعمال نے اس کو دفعیہ کے واسطے مجرب سمجھ کر جاری کر دیا ہے۔

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......32﴾

## سوال

اگر دو یا چار رکعت کی نیت باندھی اور پھر نماز میں خیال آیا کہ نیت غلط باندھی یعنی بجائے دو کے چار یا چار کے دو کی باندھ لی تو کیا کرنا چاہئے؟

۲۹ رمضان ۱۳۶۱ھ ڈاکٹر صغیر حسین گلاب خانہ آگرہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

نیت نام دل کے قصد کا ہے۔ لہٰذا قبل تکبیرِ تحریمہ دل میں اتنا قصد ضروری ہے کہ میں ظہر کی نماز پڑھتا ہوں یا عصر کی قضا پڑھتا ہوں یا ادا فرض پڑھتا ہوں یا سنت۔ چنانچہ اگر وضو کے وقت یا گھر سے مسجد کو چلنے کے وقت بھی یہ قصد دل میں ہو اور وقت تکبیر تحریمہ مطلقاً کسی امر کا خیال نہ رہے اور اس وقت سے تکبیرِ تحریمہ تک علاوہ چلنے کے کوئی امر مفسدِ نماز مثل بات وغیرہ کے سرزد نہ ہو تو وہ نیت بھی معتبر ہوگی۔

☆ اور اگر قبل تکبیرِ تحریمہ، نہ وقت تکبیر تحریمہ مطلقاً کچھ بھی نیت نہ ہو اور بعد تکبیرِ تحریمہ دل میں قصد کیا جائے کہ میں ظہر کے فرض پڑھتا ہوں یا سنت بقولِ قوی و مفتی بہ معتبر نہ ہوگی۔ اور بعد اس نیت کے اگر تکبیر تحریمہ دوبارہ نہ کہی جائے گی تو نماز نہ ہوگی۔ گو بقول علامہ کرخی بعد تکبیر تحریمہ بعد رکوع تک بھی نیت کر لی جائے مگر یہ غیر مفتی بہ ہے۔

☆ اور زبان سے نیت کرنا بغرضِ صحتِ عزمِ قلبی مستحب و مستحسن ہے۔ چنانچہ صفحہ ۲۳۱ ہدایہ مطبوعہ مصر مع الشروح الاربعۃ میں ہے:

و المتقدم علی التکبیر کالقائم عنده اذا لم یوجد ما یقطعه و هو عمل لا یلیق بالصلوة و لا معتبر بالمتاخرة منها عنه لان ما مضی لا یقع عبادة لعدم النیة وفی الصوم جوزت للضرورة والنیة هی الارادة والشرط ان یعلم بقلبه ای صلوة یصلی اما الذکر باللسان فلا معتبر به و یحسن ذلک

Marfat.com

**لا جتماع عزيمته. ثم ان كانت الصلوة نفلا يكفيه مطلق النية و كذا ان كانت سنة فی الصحيح و ان كانت فرضا فلا بدمن تعيين الفرض كالظهر مثلا لا ختلاف الفروض۔** [1]

(ترجمہ: تکبیرِ تحریمہ سے پہلے نمازی کا کھڑا ہونا ایسا ہی ہے جیسے کہ کوئی شخص اس کے پاس کھڑا ہو جب تک اس کو قطع کرنے والی کوئی چیز نہ پائی جائے اس کا صرف کھڑا ہونا نماز میں شمار نہیں ہوسکتا۔ اور یہ ایک ایسا عمل ہے جو نماز کے لیے مناسب نہیں ہے۔ اور تکبیرِ تحریمہ کے بعد نیت کا اعتبار نہیں ہے کیوں کہ نیت سے پہلے جو نماز کا حصہ ادا ہوا وہ عبادت نہیں ہوا کیوں کہ اس میں نیت شامل نہیں ہے۔ اور روزے کی صورت میں جواز ضرورت کی بنا پر ہے۔ ☆اور نیت کے لیے شرط یہ ہے کہ اپنے دل سے جانے کہ کون سی نماز ادا کر رہا ہے۔ صرف زبان کے ساتھ اس کا ذکر کرنے کا اعتبار نہیں ہے اور دلی ارادہ کے ساتھ اس کا جمع ہونا مستحسن ہے۔ پھر اگر نماز نفل ہو تو مطلق نماز کی نیت کافی ہے صحیح قول کی رو سے سنت میں بھی حکم یہی ہے۔ اور اگر نماز فرض ہو تو فرض کو متعین کرنا مثلاً ظہر کی نماز ادا کرتا ہوں لازم ہے کیوں کہ فرض نمازیں مختلف ہیں)

اور تعدادِ رکعات میں اگر خطا ہو جائے مثلاً فرض ظہر میں دو کی نیت کرے اور فجر میں چار کی نیت کرے تو اس سے نماز میں کچھ نہیں ہوتا۔ جب ظہر کی پوری چار ادا کرلے اور فجر کی فقط دو رکعت پڑھے۔ چنانچہ ۳۰۹ در مختار مطبوعہ مصر مع الشامی میں ہے:

**و لا بدمن التعيين عند النية لفرض و لو قضاء و و اجب دون تعيين عدد ركعاته لحصولها ضمنا فلا يضر الخطاء فی عددها** [2] **مختصرا بقدر الحاجة**

(ترجمہ: نیت کے وقت، فرض اگرچہ قضا ہو اور اسی طرح واجب نماز کی تعیین ضروری ہے۔ ان کی رکعتوں کو متعین کرنا ضروری نہیں۔ کیونکہ ان کی نیت اس کے ضمن میں حاصل ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اگر کوئی شخص ان کی تعداد میں غلطی کردے تو اس سے کچھ نقصان نہیں ہوتا)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبر آباد

---

[1] الهدايه مع فتح القدير وغيره: جلد ۱، صفحه ۱۸۵ تا ۱۸۷ مطبوعه مصر

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......33﴾

## سوال

کیا وجہ ہے کہ جب حدیث صحیح لاصلوة الا بفاتحة الکتاب موجود ہے تو اس کے عامل کو احناف خاطی کہتے ہیں۔ حدیث جو درجہ صحت کو پہنچ گئی اس کا عامل کس طرح خاطی ہوگا۔ جواب محققانہ نہ متعصبانہ مرقوم ہو۔

سائل: عزیز اللہ خان بھوپال

۱۶ مارچ ۱۹۱۶ء

## الجواب

### ھو المصوب

حدیث کے صحیح ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کے معنی یا مطلب بھی صحیح ہوئے۔ خصوصا جب کہ ترکیبِ نحوی اور اسلوبِ اہلِ عرب مختلف ہو۔ یہاں پر ظرف بفاتحہ الکتاب کا محذوف ہے اور ہر جگہ ظرف کا محذوف ہونا واجب ہے۔ پس عبارت یہ ہوئی کہ ☆لا صلوة کاملة الا بفاتحة الکتاب[۱].

☆ (ترجمہ: فاتحہ الکتاب کے بغیر نماز کامل نہیں ہوتی)

☆ جس طرح لا وضو الا بالسواک[۲].

(ترجمہ: مسواک کے بغیر نماز نہیں)

☆ لا صلوة لجار المسجد الا فی المسجد[۳]

---

۱۔ i سنن الترمذی جلد اور صفحہ ۲۸۴ مطبوعہ دار الفکر بیروت

میں ان الفاظ سے یہ حدیث مروی ہے: لا صلوة لمن لم یقرأ بفاتحة الکتاب

ii سنن ابن ماجہ جلد اور صفحہ ۲۵۷ مطبوعہ دار المعرفة بیروت

میں ان الفاظ سے مروی ہے۔ لا صلوة لمن لم یقرأ فیها بفاتحة الکتاب

۲۔

۳۔ الجامع الصغیر مع شرحہ فیض القدیر جلد ۶ صفحہ ۴۳۱ مطبوعہ دار المعرفة بیروت

Marfat.com

(ترجمہ: مسجد کے پڑوسی کی نماز سوائے مسجد کے نہیں ہے)

اور یہ خیال غلط ہے کہ عاملِ حدیث صحیح خاطی ہو۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ جب تک اس کے معنے نہ معلوم ہوں اور عمل کرے گا تو بے شک خاطی ہوگا۔ فرب مبلغ اوعی من سامع ؎۱ حدیث موجود ہے یعنی سننے والے سے زیادہ نہ سننے والا سمجھنے والا ہوتا ہے اگر معنوں میں حصر لیا جائے گا تو اول اس کی سند چاہئے اور اگر عموم کیا جائے تو سینکڑوں احادیث کے معنی بگڑ جائیں گے۔

☆ چنانچہ لا مھدی الاعیسی ؎۲

(ترجمہ: عیسیٰ علیہ السلام کے بغیر کوئی مہدی نہیں)

☆ لا فتی الاعلی ؎۳

(ترجمہ: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے سوا کوئی جوان نہیں)

وغیرہ پس احادیث جو عدمِ جواز میں وارد ہیں ان کو اور اس حدیث کو مطابق کیا جائے گا۔ پس یا تو بوجہ تعارض دونوں کو چھوڑ دیں گے اور کتاب اللہ پر عمل کریں گے اور کتاب اللہ دوبارہ عدمِ قراءت ناطق ہے۔

اذا قرئ القران فاستمعوا له وانصتوا ؎۴

(ترجمہ: جب قرآن مجید پڑھا جائے سنو اور خاموش رہو)

یا کثرتِ عاملین اصحاب پر جن میں مجتہدین خصوصاً خلفائے اربعہ کا فعل لائق حجت علی الغیر ہوگا اور وہاں بھی عدمِ قرأت مرجح ہے لہٰذا عملِ احناف عقلاً ونقلاً بالکل صحیح ہے اور اس کے خلاف خطا ہے۔

واللہ اعلم و حکمہ احکم ھکذا فھم من المیزان للشعرانی فلینظر الیہ۔

المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

---

؎۱

؎۲

؎۳

؎۴ القرآن الحکیم : سورہ الاعراف آیت : ۲۰۴

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......34﴾

## سوال

قرآنِ مجید کو تجوید سے پڑھنا کیسا ہے۔ اہلِ عرب صحیح پڑھتے ہیں یا اہلِ ہند۔ حرکات زیر زبر پیش معروف پڑھنا چاہیے یا مجہول۔ زید حرکات کو معروف مثل علمائے عرب کے پڑھتا ہے۔ بعض لوگ اعتراض کرتے ہیں اور غلط بتاتے ہیں۔ طریقۂ تعلیم وتلاوت میں قراءِ عرب کی تقلید جائز ہے یا حفاظِ ہند۔

سائل: حافظ رحمت اللہ

مدرسہ احمدیہ کہار آگرہ ۵ مارچ ۱۹۱۶ء

## الجواب

قرآن شریف کو اس قدر (تجوید کے ساتھ) پڑھنا کہ جس میں وہ غلطی جس سے معنی کا فساد لازم آئے' اس سے محفوظ رہے' واجب ہے۔ ☆ اور بقیہ قواعدِ ترقیق وتفخیم وادغام وشدومد' ان کا جاننا افضل ومستحب ہے۔ اور قرآن شریف مطابق لغتِ عرب وقواعدِ نحویہ کے پڑھے۔

حدیث میں وارد ہے:

☆ تعلموا اللحن فی القرآن کما تتعلمونه [1]

(ترجمہ: قرآن مجید میں لحن کو سیکھو جس طرح کہ خود اس کو سیکھتے ہو)

☆ و اللحن اللغة والنحو وایضا الخطاء فی الاعراب فھو من الاضداد مجمع البحار [2]

☆ (ترجمہ: لحن کا معنی لغت اور نحو ہے نیز یہ لفظ اعراب میں غلطی کرنے کے معنوں میں بھی آتا ہے یہ لفظ اضداد سے ہے)

اقرء وا القرآن بلحون العرب وأصواتھا وایاکم و لحون اھل العشق ولحون اھل

---

[1] مجمع بحار الانوار جلد۴ صفحہ ۴۸۷ مکتبہ دار الایمان المدینة المنورة

[2] مجمع بحار الانوار جلد۴ صفحہ ۴۸۷ مکتبہ دار الایمان المدینة المنورة

Marfat.com

الکتابین ھو والإلحان جمع لحن ھو التطریب وترجیح الصوت وتحسین القراءة والشعر والغناء[۱]

(ترجمہ: قرآن مجید کو عربی خوش آوازی اور عربوں کی آوزوں کے ساتھ پڑھو اہلِ عشق اور اہلِ کتاب کی سروں سے پرہیز کرو۔ لحون اور الحان دونوں لحن کی جمع ہیں اس کا معنی ہے سُر نکالنا آواز کو گھمانا' گانے' شعر اور قراءت کو اچھی طرح سے ادا کرنا)

ملا علی قاری شرح منظومة الجزری رحمه الله علیه میں لکھتے ہیں

الواجب علی القاری ان یعلم من علم النحو للقران المجید مقدار ما یمتنع عن اللحن الجلی المخل للمعنی و اما ما زاد علی ذلک من الترقیق والتفخیم والمدود و الادغام فھو امر مستحب. انتھی (حدیقه)[۲]

(ترجمہ: قاری پر واجب ہے کہ قرآن مجید کے لیے نحو اتنی مقدار میں سیکھے جس سے وہ لحن جلی سے بچ سکے جو معنی میں خلل انداز ہوتا ہے اور اس سے جو امور زائد ہیں جیسے باریک پڑھنا' پُر پڑھنا' مد کے ساتھ پڑھنا اور ادغام یہ مستحب امور ہیں)

اعراب کا معروف پڑھنا عموما مکروہ ہوگا کیوں کہ اکثر جگہ ( لیا بالسنتھم [۳]) کا حکم لازم آئے گا۔ مثلاً راعنا [۴] راعینا پڑھنا تو غلط ہوگا اور حروف مد ولین کا فرق دشوار ہوگا۔ اور تقلید ان اہلِ عرب کی ہوگی جو صحت ولحن جانتے ہیں' والا فلا' ھکذا فی کتب القراء رحمة الله علیھم اجمعین

(علمائے قراءت رحمۃ اللہ علیہم کی کتابوں میں اسی طرح ہے)

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

---

۱۔ مجمع بحار الانوار جلد۴ صفحہ۴۸۷ مکتبہ دار الایمان المدینة المنورة

۲۔ المنح الفکریة شرح المقدمة الجزریة صفحہ مطبوعہ قراءت اکیڈمی لاھور

۳۔ القرآن الحکیم : سورہ النساء: آیت : ۴۶

۴۔ القرآن الحکیم : سورہ البقرہ: آیت : ۱۰۴

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......35﴾

## سوال

ضواد پڑھیں یا ظواد؟ قول فیصل کیا ہے۔

سائل: مولوی علاء الدین ضلع کھیڑی اودھ

۱۵اپریل ۱۹۱۶ء

## الجواب

دراصل نہ ضواد ہے نہ ظواد بلکہ ضواض پڑھا جائے۔ زبان کی جڑ کو داڑھ میں لگا کر پڑھو تو نہ دواد ہو نہ ظواد۔ یہ ہے قول فیصل۔

اور رسالۂ مرسلہ میں نے دیکھا اس میں صرف اس قدر ہے کہ جو مشتبہ الصوت حروف ہیں ان کو ایک دوسرے کی جگہ پڑھنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ باقی یہ نہیں ہے کہ ض کو ظ اور ص کو س قصداً پڑھا کرو۔

واللہ اعلم و حکمہ احکم.

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......36﴾

## سوال

ضواد لفظ عربی میں کس طرح ہے اور بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ فارسی ہندی لوگوں کو ظاء پڑھنا جائز ہے۔ افسوس اس مسئلہ کا اب تک فیصلہ نہیں ہوا مفصل جواب دیا جائے۔

ایک رسالہ ارشادفی سلسلة الضاد بھی ارسال کروں گا۔

سائل: مولوی علاء الدین نکاحسن
پرگنہ کھیڑی موضع نگلہ
۲۳فروری ۱۹۱۶ء

## الجواب

اس مسئلہ میں اصل حرف اس قدر ہے کہ ضواد مشابہ دال ہے یا ظ کے ہے۔ بس سب کے نزدیک مشابہ ظاء کے ہے۔

اس کا مطلب یہ سمجھ لیا ہے کہ وہ ظ کے لہجہ سے پڑھا جائے یہ بالکل غلط ہے۔ ورنہ لازم آئے گا کہ ذ' ز' ظ' ض' س' ش سب ایک ہی آواز ہو جائیں۔ کیوں کہ ذ' ث' ظ' ض مخرج ذ' ث اور ظ' ض کا س ص کا الگ ہے یا قریب قریب ہے۔ پس معلوم ہوا کہ قرب مخارج کو اتحاد آواز لازم نہیں۔ بلکہ ہر ایک حرف اپنی اصلی صفت سے علیحدہ دوسرے حرف سے ہے۔

ض کا ادا کرنا زبان کی جڑ کو دانتوں سے رگڑ کر ہے جس میں آواز دال اور ظ کے درمیان رہتی ہے اور جو اس پر قادر نہ ہوں جیسے فارسی میں تو ان لوگوں کو جس لہجہ میں پڑھیں جائز ہے۔ اور اب ہند کو عوام میں یہ کہا جاتا ہے کہ ضواد یعنی؟ پڑھو۔ جو علمائے قدیم کا دستور ہے اور یہ خیال مہمل ہے کہ لفظ ضاد دراصل ظ یا ذ ہے تو ایک حرف قرآن سے حذف ہو گیا۔ جس کی بابت ارشاد ہے:

Marfat.com

☆ انا افصح من نطق بالضاد[1]۔

(ترجمہ: میں ضاد کا نطق کرنے والوں میں سب سے زیادہ فصیح ہوں)

دوسرے فارسی یا ہندی میں ح' ث' ص' ض' ط' ظ' ع' ق' ذ نہیں آتے تو مناسب ہے کہ یہ لفظ پڑھانے سے نکال دیئے جائیں اور اکثر غیر مقلدین دھوکہ دیتے ہیں اور دھوکہ کھاتے ہیں۔

صرف ضاد میں اس قدر طوالت ہی کیا اور حرفوں میں یہ حکم نہیں ہے کہ اگر بدل کر پڑھے گا تو نماز نہ ہو گی؟

اس مسئلہ میں کوئی فیصلہ طلب بات نہیں ہے۔ رہی علماء کی تحقیق تو وہ قیامت تک جاری رہے گی۔ عوام کو اس میں دلچسپی لینا غیر مناسب ہے۔ ان کو تو مفتی بہ مسئلہ پر عمل کافی ہے۔ خیر اس میں ہے کہ اس حرف کو نہ تو دال پڑھا جائے اور نہ ظ بلکہ درمیانی حرف زبان کی جڑ کو داڑھوں میں رگڑ کر نکالو تو صاف نکلتا ہے۔ ذرا سی توجہ درکار ہے۔ افسوس کہ اپنے کام کی تحقیق میں دنیا بھر کی تکلیف گوارہ ہو اور ایک حرف کا پڑھنا اور مشق کرنا ایسا دشوار ہو کہ قرآن سے نکالنے پر راضی ہو جائیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون.

هذا ماسنح لی عند التحقیق والعلم بجمیع المعلومات عند الله ما یلیق.

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

[1] المصنوع فی احادیث الموضوع صفحہ ٦ مطبوعہ محمدی لاہور

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 37﴾

## سوال

اگر بجائے چار رکعت کے پانچ پڑھ لیں تو کیا کرنا چاہیے؟ یعنی چوتھی رکعت کے بعد بغیر سلام پھیرے کھڑا ہو جائے اور پڑھنا شروع کر دے اور پھر یاد آئے کہ یہ پانچویں رکعت ہے تو کیا کرنا چاہئے؟

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

☆ چار رکعت والی نماز میں بقدر التحیات آخر میں بیٹھنا فرض ہے۔ اور اس میں التحیات کا پڑھنا واجب ہے۔ ☆ جیسے بیچ کا قعدہ واجب ہے اور اس میں التحیات کا پڑھنا سنت ہے[1]۔

---

[1] پہلے قعدہ میں التحیات کے پڑھنے کی شرعی حیثیت کے بارے میں مراقی الفلاح شرح نور الایضاح علی ھامش الطحطاوی صفحہ نمبر ۱۳۶ میں ہے۔

ویجب قراءۃ التشھد فیہ' ای فی الأول وقولہ فی الصحیح متعلق بکل من القعود وتشھدہ. وھو احتراز عن القول بسنیتھما او بسنیۃ التشھد وحدہ.

(ترجمہ: پہلے قعدہ میں تشہد کا پڑھنا واجب ہے فی الصحیح کا تعلق قعدہ اور تشہد دونوں کے ساتھ ہے۔ یعنی صحیح قول یہ ہے کہ پہلا قعدہ واجب ہے اور اس میں تشہد کا پڑھنا بھی واجب ہے۔ اس سے دونوں کے سنت ہونے کے قول یا صرف تشہد کے سنت ہونے کے قول سے احتراز ہے)

اور الدر المختار علی ھامش رد المحتار جلد ا صفحہ ۳۴۴ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ میں ہے۔

(ھی ای من واجبات الصلاۃ) التشھدان (دونوں قعدوں میں تشہد پڑھنا واجب ہے)

ردالمحتار میں اس کی وضاحت یوں فرمائی۔

ای التشھد القعدۃ الأولی وتشھد الأخیرۃ.

(یعنی پہلے قعدہ کا تشہد اور دوسرے قعدہ کا تشہد پڑھنا واجب ہے)۔ محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ

Marfat.com

☆ لہٰذا اگر اخیر کا قعدہ کر کے پانچویں رکعت کو کھڑا ہوا ہے تو جب تک پانچویں رکعت کا سجدہ نہیں کیا ہے اگر یاد آ جائے فوراً بیٹھ کر درود و دعا پڑھ کر اگر نہ پڑھی ہو سلام پھیر کر سجدہ سہو کر لے۔

اور اگر پانچویں رکعت کا سجدہ کرنے کے بعد یاد آئے تو چھٹی رکعت پڑھ کر بعد التحیات اور درود و دعا سلام پھیر کر سجدہ سہو کر لے چار فرض ہو جائیں گے اور یہ دو رکعت زائد نفل ہو جائے گی۔

☆ اور اگر بغیر قعدہ اخیرہ پانچویں کو کھڑا ہو گیا تو پانچویں کے سجدہ سے پہلے اگر یاد آ جائے فوراً بیٹھ کر التحیات، درود، دعا پڑھ کر سلام پھیر کر سجدہ سہو کر لے۔ چاروں فرض کامل ہو جائیں گے۔

اور اگر پانچویں کا سجدہ کرنے کے بعد یاد آئے تو چھٹی رکعت پڑھ کر سجدہ سہو کرے یہ ساری نماز نفل ہو جائے گی اور فرض دوبارہ پڑھے۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......38﴾

## سوال

اگر صرف التحیات پڑھ کر سلام پھیرے اور درود شریف بھول گئے تو کیا نماز ہوگی؟

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

اخیر قعدہ میں بعد التحیات درود پڑھنا سنتِ موکدہ ہے۔ اور اس کے بعد ادعیہ ماثورہ سے کوئی بھی دعا پڑھنا مستحب ہے۔☆ اور ترکِ سنت یا مستحب سے چونکہ سجدہ سہو نہیں آتا لہٰذا کلیہ مقرر کیا گیا ہے☆ کہ مستحب کے ترک سے نماز کا پھیرنا مستحب ہوتا ہے۔ اور ترکِ سنت سے نماز کا پھیرنا سنت اور ترک واجب سے اگر سجدہ سہو بھی ترک ہو جائے تو نماز کا اعادہ واجب ہوتا ہے۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......39﴾

## سوال

اگرالحمدشریف کے بعدکوئی اورسورت پڑھنابھول گئےاوررکوع میں چلے گئےتوکیاکرناچاہئے؟

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما۔

بعدالحمدسورت ملانابھول کررکوع میں چلاجائے مضائقہ نہیں۔اس واسطے کہ سورت ملاناواجب ہے۔

☆اورترکِ واجب سے سجدہ سہوواجب ہوجاتا ہے۔لہٰذاآخرمیں سجدہ سہوبھی بھول جائے تواس نمازکادہرانا واجب ہے۔اگردوبارہ نہ پڑھےگاگنہگارہوگا۔

☆ اورایسی صورت اگرامام سےواقع ہواوربوجہ ترک کرنےضمِ سورت کےاورنہ کرنےسجدہ سہوکےاس نمازکوامام دوبارہ پڑھےتواس نمازمیں وہی نمازی شریک ہوسکتےہیں جواصل نمازمیں شریک تھے۔☆دوسرے نئےنمازی اس جماعت میں شریک نہیں ہوسکتے۔اس واسطے کہ جونمازامام نےاول پڑھی تھی فرض نمازتووہی تھی۔اب جودوبارہ پڑھی جاتی ہےواجب ہےنہ کہ فرض۔☆اورنئےنمازیوں نےابھی جونمازفرض تھی وہی ادا نہیں کی۔تواس رفعِ نقصان کی نمازمیں کس طرح شریک ہوسکتےہیں۔

اوراگررکوع سےوقت یادآنےکےسورت ملانےکی غرض سےکھڑاہوگیاتواب بعدسورت ملانے کےدوبارہ رکوع کرے۔اورآخرمیں سجدہ سہوکرےاوراگرسجدہ سہونہ کیاتواس نمازکااعادہ واجب ہوگا۔فقط

حررہ:العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

ابومحمدمحمددیدارعلی الرضوی الحنفی

جامع اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......40﴾

### سوال

قومہ اور جلسہ کا کیا حکم ہے۔ اگر قومہ ترک ہو جائے تو نماز ہو جائے گی یا نہیں۔

جناب مولوی غلام محی الدین خان صاحب

امام جامع مسجد شاہجہاں پور۔ ۱۷دسمبر ۱۵ء

### الجواب

قومہ اور جلسۂ التحیات کا ایک ہی حکم ہے۔ جن کے نہ کرنے سے نماز کا اعادہ کرے گا۔ اگر سجدہ سہو نہ کیا ہو۔ ذخیرہ میں ہے۔

**انما القیام بینهما و القعود بین السجد تین فرض عند ابی یوسف فترکه تبطل الصلوة عنده و عندهما الواجب وهو الاصح المذکور فی شرح البخاری. فیجب بترکه سجود السهو[۱]**

(ترجمہ: رکوع اور سجدہ کے درمیان قیام اور دونوں سجدوں کے درمیان قعود حضرات امام ابو یوسف علیہ الرحمہ کے نزدیک فرض ہے لہٰذا اس کا ترک آپ کے نزدیک نماز کو باطل کردے گا اور امام اعظم اور امام محمد رحمہما اللہ کے نزدیک واجب ہے اور یہی زیادہ صحیح ہے جو کہ شرح بخاری میں مذکور ہے۔ لہٰذا اس کے ترک سے سجدہ سہو واجب ہوگا)

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

[۱] ذخیرہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......41﴾

### سوال

جب ایک شخص کو امام مسجد' متولی نے مقرر کیا اور نمازی دوسرے امام سے راضی ہیں اور اول کے پیچھے نماز پڑھنے سے منکر ہیں۔ تو شرعاً کیا حکم ہے؟

از محلّہ میوہ کڑہ

۵ مارچ ۱۹۱۶ء

### الجواب

هو المصوب

اگر اہلِ محلہ نمازیوں کا امام مقرر کردہ یا تشخیص شدہ افضل ہے تو متولی کا تقرر نہ مانا جائے گا اور اگر برعکس ہے تو اس کا تقرر صحیح ہے۔ غنیۃ المستملی میں ہے۔

**و ان تنازع البانی فی نصب الامام و الموذن مع اهل المحلة فان کان من اختاره اهل المحلة اولی من الذی اختاره البانی فاختیار اهل المحلة اولی لان ضرره و نفعه عائد الیهم و ان کانا سواء فاختیار البانی اولی. کذا فی البزازیة و الخلاصة**[۱]

(ترجمہ: اگر امام اور موذن کے مقرر کرنے میں مسجد کے بانی اور اہل محلّہ میں اختلاف ہو جائے تو جس کو اہل محلّہ نے پسند کیا ہے وہ بانی کے پسندیدہ امام و موذن سے بہتر ہو تو اہل محلّہ کا پسند کردہ امام و مؤذن مقرر کرنا بہتر ہے کیونکہ اس کا نفع اور نقصان اہل محلّہ کی جانب راجع ہوتا ہے اور اگر دونوں برابر ہوں تو بانی کے پسندیدہ کو مقرر کرنا اولی ہے۔ فتاوی بزازیہ اور خلاصہ میں اسی طرح درج ہے)

والله اعلم بالصواب

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

---

[۱] غنیة المستملی فی شرح منیة المصلی صفحه ۵۷۱ مطبوعه دیوبند

Marfat.com

## ﴾فتوی نمبر......42﴿

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اندریں صورت کہ دو مرد و عورت اگر برابر کھڑے ہو کر نماز پڑھیں تو دونوں کی نماز ہو جائے گی یا مرد کی ٹوٹ جائے گی؟ اور اگر میاں بی بی نماز پڑھیں اور میاں امام ہو تو عورت کس طرح کھڑی ہو؟

از کلان پلٹن عرف کالی پلٹن ۲۲ شوال ۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

اگر مکلف مرد اور عورت مشتہاۃ مکلفہ دونوں ایک نماز میں ایک امام کے مقتدی ہوں خواہ ایک عورت کسی مرد کی اقتداء کرے اور امام نے امامت عورتوں کی یا ایک عورت کی نیت بھی کی ہو اور اس طرح جمیع حیثیات سے ایک نماز میں شریک ہوں یہ بھی شرط ہے کہ باعتبار جہت کے بھی شریک ہوں۔ پھر اس طرح ایک رکن کی مقدار برابر کھڑے ہوں کہ مرد کے بعض اعضا عورت کے بعض اعضا سے بلا حائل برابر ہو جائیں تو بلاشبہ اس مرد کی نماز جو عورت کے برابر ہوگا خواہ داہنی طرف ہو یا بائیں طرف فاسد ہو جائے گی۔ اور اگر امورِ مذکورہ سے ایک بھی شرط مفقود ہو جائے گی تو مرد کی نماز فاسد نہ ہوگی۔ مگر اگر امام نے وقت تکبیر تحریمہ میں امامت عورتوں کی نہ کی تھی تو مرد کی نماز مطلقا فاسد نہ ہوگی۔ بلکہ عورتوں کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

چنانچہ صفحہ ۵۶۹، ۵۷۰ کبیری میں ہے

اما (الترتیب) بینھم (ای بین الرجال وبین النساء) ففرض عندنا حتی لوحاذت امراۃ اوصبیۃ مشتھاۃ تعقل الصلوۃ رجلا او تقدمت علیہ قدر رکن و صلوتھما مطلقہ مشترکۃ تحریمۃ واداء و اتحد المکان والجھۃ بلا حائل و نویت امامتھا فسدت صلوۃ الرجل

**فشروط المحاذاة المفسدة عشرة الاول كونها بالغة او صبية مشتهاة والثانی کونها تعقل الصلوة والثالث ان یکون المحاذاة قدر رکن الرابع ان یکون الصلوة مطلقة ای ذات رکوع و سجود الخامس کون الصلوة مشترکة من حیث التحریمة بان تبنی المراة تحریمتها علی تحریمة الرجل او بنیا تحریمتهما علی تحریمة ثالث فلا تفسد المحاذاة اذا صلیا منفردین السادس کون الصلوة مشترکة من حیث الأداء. السابع اتحاد المکان الثامن اتحاد الجهة التاسع عدم الحائل بینهما. العاشر ان ینوی الامام امامة النساء[۱] انتهی مختصرا بقدر الحاجة[۱].**

☆(ترجمہ: مردوں اور عورتوں کے درمیان صفوں میں ترتیب ہمارے نزدیک فرض ہے۔ حتیٰ کہ اگر کوئی عورت یا شہوت والی بچی جسے نماز کی سمجھ بوجھ ہو کسی مرد کے برابر ایک رکن ادائیگی کے برابر یا اس سے آگے رہے اور دونوں کی نماز تحریمہ اور ادائیگی کے اعتبار سے مشترک ہو نیز مکان اور دونوں نماز ادا کرنے کی جہت ایک ہو، دونوں کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو اور امام نے عورت کے امامت کی نیت بھی کی ہو تو اس صورت میں مرد کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ اس سے معلوم ہوا کہ نماز کو فاسد کرنے والی محاذات کی شرطیں دس ہیں۔ (۱) برابر کھڑی ہونے والی عورت بالغ ہو یا شہوت والی نابالغ لڑکی ہو۔ (۲) وہ عورت نماز کو سمجھتی ہو۔ (۳) محاذات ایک رکن کی ادائیگی کے برابر ہو (۴) نماز مطلق ہو یعنی نماز رکوع اور سجود والی ہو (۵) نماز تحریمہ کے لحاظ سے مشترک ہو اس کی صورت یہ ہے کہ عورت اپنے تحریمہ کی بنا مرد کے تحریمہ پر کرے یا دونوں یعنی مرد اور عورت کسی تیسرے شخص کے تحریمہ پر بنا کریں۔ لہٰذا ان دونوں میں سے ہر ایک اگر اپنی منفرد نماز ادا کر رہا ہو تو یہ محاذات نماز کو فاسد نہیں کرتی (۶) نماز ادا کے اعتبار سے مشترک ہو (۷) دونوں ایک جگہ کھڑے ہوں (۸) دونوں کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو (۹) دونوں کا رخ ایک سمت میں ہو (۱۰) امام عورتوں کی امامت کی نیت کرے)

---

[۱] الکبیری: صفحہ ۴۸۵، ۴۸۶ مطبوعہ کتب خانہ رحیمیہ دیوبند.

Marfat.com

و فی صفحہ ۴۲۳ من الجزء الاول من الدرالمختار المطبوعہ فی المصر علی هامش ردالمحتار

واذا حاذته امراة مشتهلة ولاحائل بينهما اقله قدر ذراع فی غلظ اصبع او فرجة تسع رجلا فی صلوة مطلقة خرج الجنازة مشتركة فمحاذاة المصلية لمصل ليس فی صلاتها مكروهة لا مفسد تحريمة و ان سبقت ببعضها واداء و لو حكما كلاحقين واتحدت الجهة فلواختلفت كما فی جوف الكعبة و ليلة مظلمة فلا فساد فلا فسدت صلوته لو مكلفا والا لا ان نوی الامام وقت شروعه لا بعدها امامتها و ان لم تكن حاضرة و ان لم ينوها فسدت صلوتها[1] انتهی مختصرا.

(ترجمہ: اور صف میں جب کسی مرد کے محاذات میں شہوت والی عورت کھڑی ہو جائے اور دونوں کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔ اور اس حائل کی کم از کم مقدار ایک گز اونچائی اور انگلی کے برابر موٹائی ہونی چاہیئے۔ یا دونوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہو جس میں ایک مرد کے کھڑا ہونے کی گنجائش ہو۔ اور نماز مطلق ہو۔ اس سے نمازِ جنازہ خارج ہوگئی۔ اور وہ نماز دونوں کی مشترک ہو۔ اس سے معلوم ہوا کہ نماز پڑھنے والی ایسی عورت کی کسی مرد کے ساتھ محاذات کہ مرد وہ نماز ادا نہ کر رہا ہو جو عورت ادا کر رہی ہو مکروہ تو ہے لیکن اس سے مرد کی نماز کی فاسد نہیں ہوتی۔ دونوں کی نمازوں کا اشتراک تحریمہ اور ادائیگی میں ہو۔ اگرچہ عورت نے نماز کا کچھ حصہ پہلے ادا کر لیا ہو۔ اور ادائیگی میں اشتراک اگرچہ حکمی ہو۔ اس کی صورت یہ ہو سکتی ہے کہ دونوں لاحق ہوں۔ اور دونوں کا رخ ایک جانب ہو اگر دونوں کا رخ ایک جانب نہ ہو جیسے کہ کعبہ معظمہ کے اندر دونوں نماز ادا کر رہے ہوں یا تاریک رات میں دونوں نماز ادا کر رہے ہوں اور دونوں کا رخ ایک سمت میں نہ ہو تو نماز فاسد نہ ہوگی نماز کے فاسد ہونے کی شرط یہ ہے کہ مرد بھی مکلف ہو۔ اگر مرد مکلف نہ ہو تو نماز فاسد نہ ہوگی۔ نماز کے فاسد ہونے کی شرط یہ بھی ہے کہ امام نے عورت کی امامت کی نیت نماز کے آغاز میں کی ہو۔ اگرچہ عورت اس وقت

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار : جلد اول ' صفحہ ۴۲۳/ تا ۴۲۶، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ.

Marfat.com

حاضر نہ ہو اگر نماز شروع کر چکنے کے بعد عورت کی امامت کی نیت کی تو مرد کی نماز فاسد نہ ہوگی بلکہ عورت کی نماز فاسد ہوگی)

☆ اگر ایک عورت مجرد مقتدی ہو تو اس کو لازم ہے کہ تنہا امام کے پیچھے کھڑی ہو۔ اور اگر دو مرد مقتدی ہوں تو عورت پھر بھی تنہا دونوں مردوں کے پیچھے کھڑی ہو۔ چنانچہ صفحہ ۴۱۹ جلد اول در مختار مذکور میں ہے

**یقف الواحد ولو صبیا اما الواحدة فتتاخر محاذیا أی مساویا لیمین امامه علی المذهب**[1]

(ترجمہ: مقتدی صرف ایک مرد ہو اگر چہ وہ بچہ ہو تو امام کے محاذات میں یعنی اس کے برابر دائیں طرف کھڑا ہو یہی مختار مذہب ہے۔ اور اگر مقتدی صرف ایک عورت ہو تو وہ امام کے پیچھے کھڑی ہوگی)

**قال الشامی رحمه الله**

**(قوله فتتاخر) فلو کان معه رجل ایضا یقیمه عن یمینه والمراة خلفهما و لو رجلان یقیمهما خلفه والمراة خلفهما بحر. وتاخر الواحدة محله اذا اقتدت برجل لا بامراة مثلها ط عن البرجندی**[2]

(ترجمہ: اگر امام کے ساتھ ایک مرد اور ایک عورت ہو تو امام مرد کو اپنے دائیں جانب اور عورت کو اپنے پیچھے کھڑا کرے، اور اگر دو مرد اور ایک عورت ہو تو مردوں کو اپنے پیچھے اور عورت کو ان دونوں کے پیچھے کھڑا کرے۔ ایک مقتدی عورت ہو تو امام کی جگہ سے پیچھے کھڑی ہو جب کہ وہ مرد کی اقتداء کر رہی ہو۔ اور اگر وہ عورت دوسری عورت کی اقتداء کرے تو اس کے ساتھ کھڑی ہو پیچھے نہ کھڑی ہو)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبر آباد

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار : جلد اول، صفحہ ۴۲۳ تا ۴۲۶ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ.

[2] رد المحتار : جلد ۱، صفحہ ۴۱۹، مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر 43﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین دریافت طلب یہ امر ہے کہ مسجد واقع محلہ بلوچ پورہ آگرہ میں اس کے دروں کے آگے ایک چبوترہ جس کی اونچائی ایک بالشت کی ہے' بنا ہوا ہے اور چبوترہ پر ٹین کا سائبان پڑا ہوا ہے۔ چبوترہ کے آگے مسجد کا صحن ہے۔ بعض اوقات بوجہ زیادتی آدمیوں کے امام اس چبوترہ پر اندر سائبان کے کھڑا ہو جاتا ہے اور مقتدی اس کے پیچھے مسجد کے صحن میں کھڑے ہو کر نماز ادا کرتے ہیں۔ یعنی امام اونچائی پر کھڑا ہوتا ہے اور مقتدی نیچے اس طرح سے نماز ہو جائے گی یا نہیں۔

۲۳ شعبان ۱۳۳۶ھ

اعجاز الدین خان بلوچ پورہ کلاں آگرہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

بعض فقہاءِ متاخرین کا فتویٰ اس امر پر ہے کہ اگر قدِ آدم امام اونچا کھڑا ہوگا تو نماز مکروہ ہوگی ورنہ بلا کراہت جائز ہے۔ بعض فقہاءِ متاخرین کا اس امر پر فتویٰ ہے کہ بقدرِ ذراعِ شرعی جو ایک ہاتھ نو انگلی کا تقریباً ہوتا ہے مقتدیوں سے امام کا اونچا کھڑا ہونا مکروہ ہے۔ اور اگر اس مقدار سے کم اونچائی پر امام کھڑا ہو تو بلا کراہت نماز ہو جائے گی۔ اور بعض کے نزدیک اتنی اونچائی پر بھی کھڑا ہونا امام کو مقتدیوں سے مکروہ ہے کہ جس سے امام اور مقتدیوں کے درمیان اونچائی نیچائی کی تمیز ہو جائے۔ خواہ وہ اونچا ایک انگل کے ہو یا اس سے کم یا زیادہ خواہ بہت زیادہ بقدرِ آدم چنانچہ مرقاۃ شرح مشکوۃ میں ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں:۔

قیل مقدار قامة و قیل ما یقع به الامتیاز و قیل مقدار ذراع و علیه الاعتماد و کذا

Marfat.com

فی شرح المنیة[۱] والفتاوی العالمگریة والفتاوی الخانیة[۲]

(ترجمہ: بعض علماء نے فرمایا کہ قد کی مقدار امام کا مقتدیوں سے اونچائی پر کھڑا ہونا مکروہ ہے۔ اور بعض دیگر علماء نے فرمایا کہ اتنا اونچا کھڑا ہونا جس سے امام اور مقتدیوں کے درمیان امتیاز ہو جائے مکروہ ہے۔ اور بعض نے فرمایا ایک ذراع نمازیوں سے اونچا کھڑا ہونا مکروہ ہے۔ اعتماد اسی قول پر ہے شرح منیہ' فتاوی عالم گیریہ اور فتاوی خانیہ میں اسی طرح ہے)

بہر نہج قول آخر پر عمل کرنے سے بالاتفاق نماز بلا کراہت ہوگی اور قول دوم پر عمل کرنے سے اگرچہ قول اول اور قول دوم کے اعتبار سے کراہت ہوگی مگر قول سوم کے اعتبار سے ضرور کراہت باقی رہے گی۔ لہٰذا اگر صحن میں اتنی گنجائش ہو کہ امام اور مقتدی سب صحن میں کھڑے ہوسکیں بلا ضرورت امام کو اونچائی پر اگرچہ اونچائی کتنی ہی ہو ہرگز کھڑا ہو کر مفت بقول آخر مرتکب کراہت نہ ہونا چاہئے۔ ☆ اور اگر صحن میں گنجائش نہ ہو بضرورت اونچائی پر اگر امام کھڑا ہو جائے بالاتفاق عند الضرورت کراہت نہیں رہتی مگر حتی المقدور قول سوم کا لحاظ ضرور ہے الواقع کہ قول سوم ظاہر الروایت ہے چنانچہ علامہ شامی رحمہ اللہ ماتحت عبارت درمختار:

وقیل ما یقع به الامتیاز (ای بین مقام الامام والمؤتمین) هو الاوجه ذکره الکمال وغیره[۳]

(ترجمہ: ایک قول یہ ہے کہ امام کو اتنا اونچا کھڑا ہونا مکروہ ہے جس سے امام اور مقتدیوں کے درمیان امتیاز پیدا ہو جائے یہی قول برتر ہے اسے علامہ کمال اور دیگر علمائے کرام نے ذکر فرمایا ہے۔)

آگے تحریر فرماتے ہیں:

وهو ظاهر الروایة کما فی البدائع قال فی البحر والحاصل ان التصحیح قد اختلف

---

[۱] مرقاۃ المفاتیح: جلد ۳/ صفحہ ۷۷/ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

[۲] والفتاویٰ العالمکیریه والفتاوی الخانیه۔ یہ الفاظ مرقاۃ المفاتیح کے نہیں ہیں۔ محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ۔

[۳] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۲ صفحہ ۳۵۸ مطبوعہ احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

**والاولی العمل بظاهر الروایة و اطلاق الحدیث و کذا رجحه فی الحلیة[1]**

☆ (ترجمہ: یہ ظاہر روایت ہے جیسا کہ بدائع میں ہے۔ البحر الرائق میں فرمایا کہ خلاصہ یہ ہے کہ تصحیح میں اختلاف ہے۔ بہتر یہ ہے کہ ظاہر روایت اور اطلاق حدیث پر عمل کیا جائے)

☆ یعنی صحت کے تینوں قولوں میں اختلاف ہے بعض قولِ اول کو صحیح فرماتے ہیں بعض قول دوم کو اور بعض قول سوم کو۔ ایسی صورت میں صاحب بحر اور اشباہ والنظائر علامہ زین الدین رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ ظاہر روایت یعنی قول سوم پر جو اطلاق حدیث کے مطابق ہے عمل کرنا اولیٰ ہے۔ اور علامہ شامی رحمہ اللہ صفحہ ۵۳ جلد اول رد المحتار مطبوع مصر مع الدر المختار کے باب رسم المفتی میں تحریر فرماتے ہیں۔

**و کذا (ای یرجح احد القولین المصححین) لو کان احدها ظاهر الروایة و به صرح فی کتاب الرضاع من البحر حیث قال الفتوی اذا اختلفت کان الترجیح بظاهر الروایة و فیه من باب المصرف اذا اختلف التصحیح و جب الفحص عن ظاهر الر وایة والرجوع الیها[2]**

(ترجمہ: اسی طرح صحیح قرار دادہ دو قولوں میں سے ایک کو ترجیح دی جائے گی اگر ان دونوں میں ایک ظاہر الروایہ ہو، البحر الرائق کی کتاب الرضاع میں اس کی تصریح کی گئی ہے۔ وہاں فرمایا فتویٰ جب مختلف ہو جائے تو ظاہر الروایہ کو ترجیح دی جائے گی اور اسی کتاب کے باب مصرف میں ہے جب تصحیح کے درمیان اختلاف ہو تو ظاہر روایت کی تلاش اور اس کی جانب رجوع کرنا واجب ہے) فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع مسجد اکبر آباد

---

[1] رد المحتار : جلد ۲ صفحہ ۳۵۸ مطبوعہ احیاء التراث العربی بیروت

[2] رد المحتار : جلد ۱ صفحہ ۱۵۹، ۱۶۰ مطبوعہ احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......44﴾

### سوال

اکثر جولاہوں میں عورتیں لہنگا پہنتی ہیں۔ان کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں۔اور جن کی عورتیں باہر پھرتی ہیں اور لہنگا پہنتی ہیں بوجہ مفلسی کے تو اس کا کیا حکم ہے۔

### الجواب

☆ لہنگا خاص طریقہ ہنود کا ہے۔☆ بے ضرورت اس کا پہننا مکروہ ہے۔مگر غریب ہو اور کوئی لباس پر قادر نہ ہو تو کچھ مضائقہ نہیں۔البحر الرائق میں ہے۔

انما الممنوع فیما له بد ؀۱۔

(ترجمہ: منع اس کے لیے ہے جس کا بس چلتا ہو)

اور جن کی عورتیں (ضرورت کی بنا پر ؀۲) باہر پھرتی ہیں اور باعصمت ہیں ان کے پیچھے نماز مکروہ نہیں۔ اسی طرح عورت کی نماز کا حکم ہے۔

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم غفرلہ

---

؀۱ البحر الرائق جلد صفحہ

؀۲ قوسین میں اضافہ مرتب عفی عنہ کی جانب سے ہے۔

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......45﴾

### سوال

پیش امام اگر بازو ٹوٹا ہوا ہو اور تکبیر تحریمہ کے وقت وہ پورے طور پر کانوں تک ہاتھ نہ لے جا سکے اور کھانا بھی بائیں ہاتھ سے تناول کرے اس کو امام کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اور ایسے امام پیچھے نماز فاسد یا مکروہ ہوتی ہے یا نہیں؟

### الجواب

اگر دوسرا اس سے علم وعمل میں بہتر نہ ہو اس کے پیچھے نماز جائز ہے ورنہ مکروہ ہے۔

کما فی الدر المختار

و یکرہ خلف امرد و سفیہ و مفلوج وابرص شاع برصہ [۱]

(ترجمہ: نماز امرد' بے وقوف' فالج زدہ اور برص کے ایسے مریض کی اقتداء میں مکروہ ہے جس کا برص ظاہر ہو)

قال الشامی تحت عبارۃ المذکورۃ فی صفحہ ۴۱۶

و کذالک اعرج یقوم ببعض قدمہ فالا قتداء بغیرہ اولی تاترخانیۃ و کذا اجذم بیرجندی و مجبوب و حاقن ومن لہ ید واحدۃ فتاوی الصوفیۃ [۲]۔

(ترجمہ: یونہی لنگڑا' جو قدم کے ایک حصہ پر کھڑا ہوتا ہو' اس کے علاوہ کسی اور صحیح کی اقتداء میں نماز اولیٰ ہے۔ تاتارخانیہ' یہی حکم جذامی کی امامت میں نماز ادا کرنے کا ہے بیرجندی۔ یہی حکم اس کے پیچھے نماز ادا کرنے کا ہے جس کا آلہ تناسل کٹا ہوا ہو' جس نے پیشاب روکا ہوا ہو اور جس کا صرف ایک ہاتھ ہو فتاوی صوفیہ)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی

مفتی جامع مسجد اکبر آباد

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار جلد اول صفحہ ۴۱۵' ۴۱۶' مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[۲] رد المحتار جلد اول صفحہ ۴۱۶' مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## فتویٰ نمبر......46

## سوال

بدعتی کے پیچھے نماز پڑھے تو اُسی وقت اعادہ کرے یا گھر پر جا کر یا نہیں۔

جناب مولوی غلام محی الدین خان صاحب

امام جامع مسجد شاہجہاں پور۔ ۱۷ دسمبر ۱۵ء

## الجواب

بدعتی کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے۔

**من و قر صاحب بدعة فقد اعان علی هدم الاسلام** [۱]

(ترجمہ: جس نے کسی بدعتی کی عزت وتوقیر کی اس نے اسلام کو گرانے پر اعانت کی)

حدیث موجود ہے۔

نماز کو اسی وقت اعادہ کرے اور اگر خوف فساد کا ہو تو گھر پر اعادہ کرے۔

☆ **اتقوا مواضع التهم** [۲].

(ترجمہ: تہمتوں کے مقامات سے بچو)

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

[۱] الجامع الصغیر مع شرح فیض القدیر، جلد ٦ صفحه ٢٣٧ دار المعرفه بیروت

[۲] کشف الخفاء جلد ١ صفحه ٣٨ دار الکتب العلمیه بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر 47﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسلہء ذیل میں کہ جوشخص تعزیہ داری اور تعزیہ پرستی کورونق اسلام جانے اور اس بدعتِ ضلالہ میں دامے درمے قدمے سخنے کوشاں اور شریک ہوکر ترقی دے اور نماز کے فرائض وواجبات وسنن ومستحبات سے نابلد ہو۔ علم دینی میں بجز قرآن شریف کے اور کچھ پڑھا ہوا نہ ہو۔ صرف پنج وقتہ نماز پڑھتا ہو۔ عام مسلمانوں کی غیبت کرتا ہو اور سب کی تحقیر کرنا اس کا معمول ہو' تو ایسے شخص کا امام بنانا نماز فرائض میں ازروئے شریعتِ غرائے محمد رسول ﷺ کیسا ہے؟۔ **بینوا وتوجروا**

## الجواب

هو الموفق للصواب بسم الله الرحمن الرحيم.

اللهم رب زدني علما

☆ ایسا شخص بدعتی ہے اور فاسق ہے۔ اور بدعتی کو امام بنانا سخت گناہ ہے اور اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے۔ جس کا دوبارہ پھیر لینا واجب ہے۔

**کما فی الکبیری صفحہ۴۷۹:**

**و یکره تقدیم المبتدع ایضا لانه فاسق من حیث الاعتقاد و هو اشد من الفسق من حیث العمل۔[1]**

(ترجمہ: بدعتی کو امامت کے لیے آگے کھڑا کرنا مکروہ ہے کیونکہ وہ اعتقاد کے اعتبار سے فاسق ہے اور یہ عمل کے لحاظ سے فسق سے زیادہ سخت ہے)

حررہ: العبد العاصی ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی
المفتی جامع مسجد اکبر آباد غفر الله له ولوالدیه

---

[1] غنية المستملی ص ۵۱۴ مطبوعه سهيل اکیڈمی لاهور

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......48﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین و مفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ ایک شہر کی جامع مسجد میں نمازِ تراویح پڑھانے کے لیے کئی ایک داڑھی منڈا حافظ مقرر کیا گیا ہے وقتِ تقرر "زید" سے بایں عبارت فتوی طلب کیا گیا کہ ایک حافظ بوجہ ملازمت داڑھی منڈواتے ہیں آیا ایسے حافظ کے پیچھے تراویح پڑھنا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ "زید" نے حسبِ ذیل عبارت میں جواز کا فتوی دے کر خود اس حافظ کے پیچھے نماز پڑھنا شروع کی اور دوسروں کو بھی اس کے پیچھے نماز پڑھنے کی ترغیب دی۔

### عبارتِ جوابِ استفتاء

داڑھی منڈوانا حرام ہے۔ اور مرتکبِ حرام فاسق ہے۔ اور فاسق کے پیچھے نماز مکروہ تنزیہی ہے۔ جیسا کہ درمختار میں ہے۔

**یکره تنزیها امامة عبد اعرابی فاسق اعمی مبتدع**[1]

(ترجمہ: غلام، دیہاتی، فاسق، اندھے اور بدعتی کی امامت مکروہ تنزیہہ ہے)

اور حدیث ابوداؤد میں ہے

**لا یقبل الله صلوة من تقدم قوماهم لها کارهون**[2]

(ترجمہ: اللہ تعالیٰ نہیں قبول فرماتا نماز اس امام کی کہ مقتدی اس سے کراہت کرتے ہیں)

اب جناب عالی کی خدمت میں حسبِ ذیل سوالات کے جواب بروئے شرع ارقام فرمائے جانے کی استدعا ہے۔

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۱، صفحه ۴۱۲، ۴۱۳، ۴۱۴، مختصرا مکتبه رشیدیه، کوئٹه

[2] سنن ابی داؤد : جلد ۱، صفحه ۵۹، مکتبه امدادیه، ملتان

Marfat.com

۱۔ آیا صورتِ مسئولہ میں جواب جو زید نے دیا صحیح ہے یا کیا؟

۲۔ فاسق و مبتدع کے پیچھے مکروہ تحریمی ہوتی ہے یا مکروہ تنزیہی؟

۳۔ اگر سوال مذکور کا جواب زید کی جانب سے ٹھیک نہیں ہے اور فاسق و مبتدع کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہوتی ہے تو ایسی حالت میں ایسے غلط فتوی تحریر کرنے کی بابت کیا حکم ہے؟

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

اصل عبارت تنویر الابصار متن درمختار یہ ہے

**و یکرہ امامۃ عبد و اعرابی و فاسق و اعمی الا ان یکون اعلم القوم فھو اولی** [1]

(ترجمہ: مکروہ ہے امامت غلام اور اعرابی اور فاسق اور اندھے کی لیکن اگر یہ لوگ سب قوم میں سے مسائلِ دین زیادہ جانتے ہوں تو ان کے پیچھے بالکل بلا کراہت جائز بلکہ اولی ہے)

لیکن چونکہ عبارتِ متن ساکت تھی اس امر سے کہ آیا ان سب کی امامت مکروہ تحریمی یا تنزیہی اور فی الواقع بعض ان میں وہ لوگ ہیں جن کی امامت مکروہ تنزیہی ہے۔ اور ان میں فاسق کی امامت مکروہ تحریمہ۔ علامہ حصفکی رحمہ اللہ نے اپنی شرح درمختار میں ویکرہ کی شرح میں تحریر فرمادیا کہ اس مقام پر مراد کراہت سے کراہت تنزیہی ہے۔ اور اس تفسیر سے چونکہ یہ امر متوہم ہوتا تھا کہ فاسق کی امامت بھی مکروہ تنزیہی ہے اس کی بابت اس سے آگے اخیر میں تحریر فرمادیا کہ جن کی امامت مکروہ تنزیہی ہے چونکہ علتِ کراہت ان لوگوں میں جہالت تھی مسائلِ دینیہ سے اس واسطے کہ غلام کو بوجہ خدمت ہونے غالبا فرصتِ تحصیل نہیں ہوتی اور اعرابی یعنی

---

[1] تنویر الابصار مع الدر المختار و رد المحتار : جلد اول، صفحہ ۴۱۳، ۴۱۴، ۴۱۴ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

نوٹ: فھو اولی کے الفاظ متن تنویر الابصار کے نہیں بلکہ اس کی شرح الدر المختار کے ہیں

Marfat.com

گاؤں والے اکثر مسائل سے جاہل ہوتے ہیں۔ اور اندھا بوجہ معذور ہونے کے اکثر پاکی ناپاکی میں احتیاط بہت کم کرسکتا ہے۔ اور تحصیلِ علمِ دین سے بھی معذور رہ جاتا ہے لہٰذا اگر یہ لوگ اعلم القوم ہوں یعنی سب میں زیادہ جاننے والے مسائلِ دینیہ کے تو پھر بوجہ رفع ہو جانے علتِ کراہت ان کی امامت بہ نسبت اوروں کے اولیٰ ہوگی۔ ☆ مگر فاسق کی امامت چونکہ مکروہ تحریمی اور علتِ کراہت اس کی بے پرواہی ہے امورِ دینیہ سے بوجہ فاسق ہونے ☆ یعنی داڑھی منڈوانے یا ایک مشت داڑھی نہ رکھنے اور کتروانے کے علیٰ ہذا القیاس تحریر فرما دیا کہ مکروہ تنزیہی ہونا اعلم القوم ہونے کے اس کی امامت کا اولیٰ ہو جانا مخصوص ہے فقط ان لوگوں کے ساتھ جو فاسق نہ ہوں۔ ☆ ورنہ فاسق تو اگر اعلم بھی ہو جب بھی اس کی امامت مطلقاً مکروہ رہے گی یعنی مکروہ تحریمی نہ کہ مکروہ تنزیہی۔

چنانچہ صفحہ ۳۷۶ شامی مطبوعہ دہلی میں علامہ شامی رحمہ اللہ ماتحت قولہ غیر الفاسق کے تحریر فرماتے ہیں۔

**و لعل وجهه ان تنفير الجماعة بتقديمه يزول اذا كان افضل من غيره بل التنفير يكون فى تقديم غيره و اما الفاسق فقد عللوا كراهة تقديمه بانه لا يهتم لا مردينه و بان فى تقديمه للامامة تعظيمه و قد وجب عليهم اهانته شرعا و لا يخفى انه اذا كان اعلم من غيره لا تزول العلة فانه لا يؤمن ان يصلى بهم بغير طهارة فهو كالمبتدع تكره امامته بكل حال بل مشى فى شرح المنية على ان كراهة تقديمه كراهة تحريم لما ذكرنا قال و لذا لم تجز الصلوة خلفه اصلا عند مالک و رواية عن احمد فلذا حاول الشارح فى عبارة المصنف دخول الاستثناء على غير الفاسق[1] والله اعلم[1]**

**(رد المحتار جلد اول صفحه ۵۶۰ مطبوعه مصر)**

(ترجمہ: یہ جو صاحبِ درمختار تحریر فرماتے ہیں کہ اگر یہ لوگ اعلم القوم ہوں تو پھر فاسق کے علاوہ ان کی امامت مکروہ نہ رہے گی بلکہ اولیٰ ہوگی غالباً اس کی یہی وجہ ہے کہ جب وہ لوگ عالم ہوں گے لوگ ان سے نفرت نہ

---

[1] رد المحتار: جلد اول، صفحہ ۴۱۴، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ

Marfat.com

کریں گے مگر فاسق اگر عالم بھی ہو تو اس کی امامت مکروہ ہے اس واسطے کہ جب وہ دین سے بے پرواہ ہے تو خوف ہے کہ بے وضو ہی نماز پڑھا دے لہٰذا مثل بدعتی کی امامت کے ہر حال میں اس کی امامت بھی مکروہ ہے۔ خواہ وہ عالم ہو یا جاہل۔ بلکہ شرح منیہ میں اس کے واسطے نص کر دی کہ امامتِ فاسق مکروہ تحریمہ ہے۔ اور اسی قصد سے صاحب درمختار شارحِ تنویر نے استثناء کو کلامِ ماتن میں غیر فاسق پر محمول کر کے ظاہر کر دیا کہ صاحبِ تنویر کے نزدیک بھی فاسق کی امامت مکروہ تحریمہ ہے۔ اور اوروں کی مکروہ تنزیہی)

ہاں البتہ اگر ایسا امام فاسق ہو کہ اس کو دور نہ کر سکیں اور کسی دوسری جگہ بھی نماز با جماعت صالح امام کے پیچھے نہ مل سکے تو ترکِ جماعت سے فاسق کے پیچھے نماز پڑھ لینا بہتر ہے۔ اور ترکِ جماعت کا گناہ فاسق کے پیچھے نماز پڑھ لینے سے زائد ہے۔ اسی واسطے جب با جماعت نماز بجز اقتداءِ امامِ فاسق کے کہیں میسر نہ آئے بالاتفاق سب تحریر فرماتے ہیں کہ فاسق کے پیچھے نماز جائز ہے مگر چونکہ بالاتفاق جائز مع الکراھتہ ہے☆ جمہور فقہا تحریر فرماتے ہیں کہ اس نماز کو دوبارہ پھیر لیا جائے۔☆ اور جو شخص دوبارہ نہ پھیرے گا فاسق اور گنہگار ہوگا۔

چنانچہ صفحہ ۳۰۶ درمختار مطبوعہ مطبع دھلی علی ہامش ردالمحتار میں مطلب واجبات الصلوۃ میں ہے:

**و لھا واجبات لا تفسد بترکھا و تعاد وجوبا فی العمد والسھو ان لم یسجد لہ و ان لم یعدھا یکون فاسقا اثما. و کذاحکم کل صلوۃ ادیت مع کراھۃ التحریم تجب اعادتھا[۱]**

(ترجمہ: نماز کے کچھ واجبات ہیں جن کے ترک کر دینے سے نماز فاسد نہیں ہوتی لیکن ان کے جان بوجھ کر ترک کر دینے اور بھول کر چھوڑنے سے بشرطیکہ اس صورت میں سجدہ سہو نہ کیا ہو اعادہ واجب ہے۔ اگر اعادہ نہ کرے گا تو گناہ گار اور فاسق ٹھہرے گا یہی حکم ہر اس نماز کا ہے جسے کراہت تحریمہ کے ساتھ ادا کیا گیا ہو کہ اس کا اعادہ واجب ہے)

اور بصورتِ تنزیہی بھی نماز کا دوبارہ پھیرنا مستحب ہے صفحہ ۳۰۷ ردالمحتار میں ہے

---

[۱] الدر المختار و رد المحتار : جلد اول ' صفحہ ۳۳۶ ' ۳۳۷ ' مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ ' کوئٹہ

Marfat.com

**والحق التفصيل بین کون تلک الکراهة کراهة تحریم فتجب الاعادة او تنزیهة فتستحب** [1]

(ترجمہ: حق یہ ہے کہ اس کراہت میں تفصیل ہے اگر وہ کراہت تحریمی ہے تو نماز کا اعادہ واجب ہے اور اگر کراہت تنزیہی ہے تو اعادہ مستحب ہے)

البتہ اتنا شبہ بعض عباراتِ کتبِ فقہ اور عقائد سے پیدا ہوتا ہے کہ ان میں امامتِ فاسق کو بلا قید تحریم و تنزیہہ مطلقاً مکروہ لکھا ہے۔ پھر بلا وجہ اس کو کراہت تحریمہ پر کیوں محمول کیا جاتا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ جہاں کراھۃ مطلقاً بلا قید تحریم و تنزیہہ بیان کی جائے اس سے مراد کراہت تحریمہ ہوتی ہے اور کراہتِ تحریمہ کا ارتکاب حرام کے برابر ہوتا ہے۔ چنانچہ صفحہ ۲۱۴ درمختار مذکور میں ہے

**کل مکروه ای کراهة تحریم حرام ای کالحرام فی العقوبة بالنار عند محمد رحمه الله وعندهما الی الحرام اقرب** [2]

(ترجمہ: ہر مکروہ یعنی مکروہ تحریمی حرام ہے یعنی دوزخ میں عذاب کے اعتبار سے حرام کی مانند ہے یہ حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے اور حضرات شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے ہاں حرام کے زیادہ قریب ہے)

**قال الشارح**

**قوله کراهة تحریم و هی المراد عند الاطلاق کما فی الشرح** [3]

(ترجمہ: قولہ: کراہتِ تحریمی کے ساتھ مکروہ۔ جب لفظِ مکروہ مطلق ہو تو اس سے مراد یہی مکروہ ہوتا ہے)

علاوہ بریں جن فقہا نے تصریح کراہت تحریمہ کی کردی ہے وہ مفسر ہے ان روایات کی جن میں کراھۃ

---

[1] رد المحتار : جلد اول ، صفحہ ۳۳۷ ، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ ، کوئٹہ

[2] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۹ ، صفحہ ۴۰۹ ، مطبوعہ دارا لتراث العربی بیروت

[3] رد المحتار : جلد اول ، صفحہ ۴۰۹ ، مطبوعہ دار التراث العربی بیروت

Marfat.com

مطلقہ ہے جس کا ذکر بحوالہ شرح منیہ عبارتِ مذکورہ ردالمحتار میں گزر چکا۔لہٰذا زید فتوی دہندہ بھی بوجہ تعظیم وترویج اہلِ فسق فاسق ہو گیا اور زید اگر ایسے لوگوں کے پیچھے گا ہے گا ہے نماز پڑھ لیتا ہے تو مرتکبِ گناہِ صغیرہ ہے۔اور اگر ایسے فاسقوں کے پیچھے نماز پڑھنے کی اوروں کو ترغیب دیتا ہے اور خود بھی بلاضرورت ہمیشہ پڑھتا ہے تو اس کی عدالت بھی ساقط ہو جائے گی۔اور رویتِ ہلال تک میں اس کی شہادت غیر معتبر ہو گی چہ جائے کہ دیگر معاملاتِ دینی میں اس کا اعتبار کیا جائے۔صفحہ۳۰۲ شامی میں ہے

**صرح العلامة ابن نجيم في رسالته المولفة في بيان المعاصي بان كل مكروه تحريمامن الصغائر وصرح ايضا بانهم شرطوا لاسقاط العدالة بالصغيرة الادمان عليها[1]**

(ترجمہ: علامہ ابن نجیم رحمۃ اللہ علیہ نے گناہوں کے بیان میں تالیف فرمودہ اپنے رسالہ میں اس امر کی صراحت فرمائی ہے کہ ہر مکروہ تحریمی کا ارتکاب گناہِ صغیرہ ہے۔نیز علماء نے صغیرہ گناہ کے ارتکاب کے باعث عدالت کے اسقاط کے لیے اس پر مداومت کو شرط قرار دیا ہے) **واللہ اعلم وعلمہ أحکم**

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی
ابومحمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبرآباد

❁❁❁❁❁

---

[1] رد المحتار : جلد اول، صفحہ ۳۳۷، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......49﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین

1۔ ایک شخص نے جان بوجھ کے قصدا بسبب دنیاوی رنجش کے فعلِ حلال کو حرام کر دیا۔

2۔ غیر مقلدوں کو امداد دی۔

3۔ شرعی معالمہ میں بحلف جھوٹی شہادت دے

4۔ چار مسلمان اہلِ سنت وجماعت سے شرعی فعلِ حلال کو حق اور سچا تسلیم کر کے منحرف ہو گیا۔

اور یہ شخص پیش امام ہے۔ ایسے شخص کے واسطے شرع شریف نے کیا حکم دیا ہے؟ اور اس کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں؟ بحوالہ کتاب تحریر کریں اور اپنی مہر ثبت کریں۔

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما.

ایسے شخص کے پیچھے نماز مکروہ تحریمہ ہوتی ہے۔ لہٰذا ایسے شخص کا امام بنانا قطعاً ناجائز ہے اور موجبِ گناہ ہے۔ اس واسطے کہ وہ فاسق ہے اور فاسق کے پیچھے نماز مکروہ تحریمہ ہوتی ہے۔ چنانچہ کبیری میں ہے۔

**ولو انھم قدموا فاسقا یاثمون بناءً علی ان کراھة تقدیمه کراھة تحریم لعدم اعتنائه بامور دینه** [1]

(ترجمہ: اگر لوگوں نے کسی فاسق کو امامت کے لیے آگے کر دیا تو وہ گناہ گار ہوں گے۔ کیونکہ اسے امامت کے لیے آگے کرنا مکروہ تحریمی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اپنے دین کے معاملات میں توجہ نہیں دیتا)

---

[1] کبیری شرح منیة المصلی صفحه ۴۷۹ مطبوعه دیوبند

Marfat.com

اور اگر حرامِ قطعی کو حلال یا حلالِ قطعی کو اس نے حرام کر دیا ہے تو اس سے توبہ کرا کر اس کی بیوی سے اس کا دوبارہ نکاح پڑھا دینا ضروری ہے۔ ☆اس واسطے کہ حرامِ قطعی کو حلال اور حلالِ قطعی کو حرام کہہ دینے سے کافر ہو جاتا ہے۔

کمافی شرح العقائد:

والاستحلال کفر [۱]

(ترجمہ: حرام کو حلال قرار دینا کفر ہے)

حررہ:

محمد دیدار علی حنفی، مفتی

جامع مسجد اکبر آباد

[۱] شرح العقائد: صفحہ ۱۹۰ مطبوعہ ایچ. ایم سعید کمپنی کراچی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......50﴾

### سوال

شریعت کے مطابق بیان فرمائیں کہ کوئی شخص صبح کی نماز ہمیشہ قضا پڑھتا ہو فرضوں کے بعد والے نفل بھی نہ پڑھتا ہو آیا ایسے شخص کے پیچھے نماز کسی وقت کی ادا کرنا درست ہے یا نہیں؟

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نمازِ صبح بلا عذرِ شرعی ہمیشہ قضاء پڑھنا فسق ہے بلکہ صبح اور عشاء کی نماز کی بہ نسبت تو صریح حدیث صحیح میں وارد ہوا ہے کہ یہ دونوں نماز پڑھنا منافقوں پر بہت ہی بھاری ہے اور یہ اس وقت ارشاد فرمایا جب بعض اشخاص کو بعد نماز صبح جماعت میں نہ پایا چنانچہ صفحہ ۹۲ مشکوٰۃ شریف میں ہے۔

☆ عن ابی ابن کعب قال صلی بنا رسول اللہ ﷺ یوما الصبح فلما سلم قال اشاهد فلان قالوا لا قال اشاهد فلان قالوا لا قال ان هاتین الصلوتین أثقل الصلوات علی المنافقین (۱)

☆(ترجمہ: حضرت ابی بن کعب سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ہمیں نمازِ صبح پڑھائی جب سلام پھیرا فرمایا کیا فلاں موجود ہے صحابہ نے عرض کیا نہیں فرمایا کیا فلاں موجود ہے صحابہ کرام نے عرض کیا نہیں فرمایا یہ دو نمازیں منافقوں پر سب سے زیادہ بھاری ہیں)

اور صفحہ ۹۷ مشکوٰۃ شریف میں ہے کہ

☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک دن سلیمان نامی صحابی کو جو ہمیشہ شب بیدار مشغولِ عباداتِ پروردگار رہتے تھے۔ صبح کی نماز میں بوجہ تکانِ شب بیداری حاضر نہ پایا بے چین ہو گئے اور فرمایا کہ اگر وہ واقف ہوتے

---

(۱) مشکوۃ المصابیح مع شرح مرآۃ المناجیح ،جلد اول صفحہ ۲ ۱۷ مطبوعہ ضیاء القرآن لاہور

Marfat.com

اس فضیلت جماعت صبح سے جس کو میں جانتا ہوں تو رات بھر سوتے مگر صبح کی نماز باجماعت قضا نہ کرتے (۱)

اور تیسری حدیث مسلم شریف میں وارد ہے کہ جو سوتا رہ جاتا ہے اور نماز کو نہیں اٹھتا۔ اس کے دونوں کانوں میں شیطان پیشاب کر دیتا ہے (۲)

☆ پھر ایسے شخص کے جو ہمیشہ نمازِ صبح قضا کر کے پڑھتا ہو فاسق ہونے میں کیا کلام ہے۔ لہٰذا جب تک وہ توبہ نہ کرلے اور صبح کی نماز مثل دیگر نمازوں کے جماعت سے پڑھنا شروع نہ کردے ہرگز اس کو امام بنانا جائز نہیں ☆ اور اس کو امام بنا ہی دیا گیا تو جماعت کا ثواب مل جاوے گا مگر اس نماز کا دوبارہ پھیرنا بوجہ مکروہ ہو جانے نماز کے بلاشبہ واجب ہے **کما ھو من الشامی و غنیة المستملی و غیر ھما من کتب الفقه فقط**

---

(۱) مشکوۃ المصابیح مع شرح مرآۃ المناجیح، جلد اول صفحہ ۱۷۹ مطبوعہ ضیاء القرآن لاہور

نوٹ: حدیث پاک کے الفاظ یوں ہیں

☆ عن ابی بکر بن سلیمان بن ابی حثمة قال إن عمر بن الخطاب فقد سلیمان بن ابی حثمة فی صلوة الصبح وإن عمر غدا إلی السوق ومسکن سیلمان بین المسجد والسوق فمر علی الشفا ام سلیمان فقال لها لم أر سلیمان فی الصبح فقالت إنه بات یصلی فغلبته عیناه فقال عمر لأن أشهد صلوة الصبح فی جماعة أحب إلی من أن أقوم لیلة . رواہ مالک. مشکوۃ المصابیح صفحہ ۹۷ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

(ترجمہ: حضرت ابوبکر بن سلیمان بن ابی حثمہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے حضرت سلیمان بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ کو نمازِ صبح میں نہ پایا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ صبح کے وقت بازار گئے۔ حضرت سلیمان رضی اللہ عنہ کا مکان مسجد اور بازار کے درمیان تھا آپ رضی اللہ عنہ حضرت سلیمان رضی اللہ عنہ کی والدہ ماجدہ حضرت ام شفا رضی اللہ عنہا کے پاس سے گزرے انہیں کہا میں نے سلیمان کو صبح کی نماز میں نہیں دیکھا وہ عرض کرنے لگیں اس نے ساری رات نماز (نفل) ادا کرتے گذار دی تو (صبح کے وقت) ان کی آنکھ لگ گئی حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے صبح کی نماز کے وقت جماعت میں حاضر ہونا رات بھر کے قیام سے زیادہ پسندیدہ ہے اسے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے)

(۲) صحیح بخاری جلد اول صفحہ ۳۴۱ کتاب ۱۹ باب ۱۳

نوٹ: حدیث پاک کے اصل الفاظ یوں ہیں۔

ذکر عند النبی ﷺ رجل فقیل مازال نائما حتی اصبح ما قام إلی الصلاة فقال بال الشیطان فی إذنه

Marfat.com

اور دیگر نفل کو بے وقعت سمجھ کر کسی وقت بھی نہیں پڑھتا یا نفل جو سنت رسول اللہ ﷺ ہے اس کو ہلکا اور بے وقعت سمجھ کر نہیں پڑھتا ہے تو خوفِ کفر ہے۔ اس واسطے کہ چھوٹی سنتِ رسول اللہ ﷺ کو بھی ہلکا سمجھنا کفر ہے:

چنانچہ بحر الرائق میں

من تخفف سنة من سنن المرسلين فقد كفر (۱).

☆(ترجمہ: جس شخص نے انبیائے کرام علیہم السلام کی سنتوں میں سے کسی سنت کو ہلکا جانا وہ کافر ہو گیا)

اور صفحہ ۲۹ خاتمہ مسامرۃ میں ہے

قد حكموا بالكفر بالمواظبة على ترك السنة استخفافا بها (۲)

(ترجمہ: علمائے کرام نے سنت کو ہلکا جان کر ہمیشہ ترک کرنے پر کفر کا حکم عائد فرمایا ہے) فقط

حررہ: العبد الراجی رحمتہ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی مفتی جامع مسجد

(۱) البحر الرائق شرح كنز الدقائق جلد ۵، صفحہ ۱۳۰، مطبوعه : دار المعرفه بيروت

زیرِ نظر نسخہ میں الفاظ یوں ہیں (ويكفر) باستخفافه بسنة من السنن

(۲) المسامره صفحه

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......51﴾

## سوال

جناب مفتی صاحب السلام علیکم !

عرض یہ ہے کہ سود خور اور سود دینے والے اور تعزیہ میں چندہ دینے والے کے پیچھے جماعت ہوسکتی ہے یا نہیں۔

بینوا توجروا

۲۰ مارچ ۱۹۷۱ء

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم رب زدنی علما

☆ ایسا شخص فاسق ہے اور فاسق کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمہ ہے کما فی الھدایہ

**و یکرہ العبد لأنہ لا یتفرغ للتعلیم والأعرابی لأن الغالب فیھم الجھل والفاسق لانہ لا یھتم لا مر دینہ (۱)**

(ترجمہ: غلام کو امام بنانا مکروہ ہے کیوں کہ تعلیم حاصل کرنے کے لیے اس کو فراغت نہیں ہوتی۔ دیہاتی کو بھی امام بنانا مکروہ ہے کیوں کہ ان میں زیادہ تر جہالت ہوتی ہے۔ اسی طرح فاسق کو امام بنانا مکروہ ہے کیوں کہ وہ اپنے دین کے معاملہ کا اہتمام نہیں کرتا)

**و فی الشرح الوقایۃ:**

**فان ام عبد او اعرابی او فاسق او اعجمی او مبتدع او ولد الزنا کرہ (۲)**

---

(۱) الھدایہ، جلد اول جزء ۱ صفحہ ۳۶۴، ۳۶۵ مطبوعہ ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیۃ کراچی۔

(۲) شرح الوقایۃ جلد اول صفحہ ۱۵۲ مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز لاھور

Marfat.com

(ترجمہ: اگر غلام یا بدوی یا فاسق یا بدعتی یا ولد الزنا نے امامت کرائی تو وہ مکروہ ہے)

و فی صفحہ ۴۷۹ من الکبیری :

لو قدموا فاسقا یا ثمون بناء علی ان کراهة تقدیمه کراهة تحریم لعدم اعتنائه بامور دینه و تساهله فی الاتیان بلوازمه فلا یبعد منه الاخلال ببعض شروط الصلوة و فعل ما ینافیها بل هو الغالب بالنظر الی فسقه و لذا لم تجز الصلوة خلفه اصلا عند مالک رحمه الله و روایة عن أحمد إلا أنه جوزناها مع الکراهة لقوله علیه الصلوة والسلام صلوا خلف کل بر وفاجر(۱)

(ترجمہ: اگر لوگوں نے کسی فاسق کو امام بنالیا تو وہ گنہ گار ہوں گے اس لیے کہ اس کو امام بنا کر آگے کرنا مکروہ تحریمی ہے کیوں کہ وہ اپنے دینی امور میں توجہ نہیں دیتا اور اس کے لوازمات کو ادا کرنے میں سستی کرتا ہے تو اس سے کوئی بعید نہیں کہ نماز کی بعض شرطوں میں خلل ڈال دے اور ایسے کام کرے جو اس کے منافی ہوں اس کے فسق کو مدنظر رکھتے ہوئے یہی گمان غالب ہے لہٰذا امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک اس کے پیچھے نماز اصلا جائز نہیں اور امام احمد رحمہ اللہ کی ایک روایت بھی یہی ہے لیکن ہم نے کراہت کے ساتھ اس کی امامت کو جائز رکھا ہے کیوں کہ نبی پاک ﷺ کا ارشاد ہے کہ ہر نیک اور بد کے پیچھے نماز ادا کرو)

☆ علاوہ بریں تعزیہ میں چندہ دینے والا اگر ثواب سمجھ کر چندہ دیتا ہے بدعتی ہے اور بدعتی کا امام بنانا سخت تر مکروہ ہے سو اس واسطے کہ بدعت محلِ فسق و فجور سے بہت ہی بدتر ہے کما فی الکبیری

یکره تقدیم المبتدع ایضا لانه فاسق من حیث الاعتقاد و هو اشد من الفسق من حیث العمل لان الفاسق من حیث العمل یعترف بانه فاسق و یخاف لیستغفر بخلاف المبتدع (۲)

---

(۱) i غنیة المستملی شرح منیة المصلی صفحہ ۴۷۹ مطبوعہ دیوبند

ii غنیة المستملی شرح منیة المصلی صفحہ ۵۱۳، ۵۱۴ مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور۔

(۲) i غنیة المستملی شرح منیة المصلی صفحہ ۴۷۹ مطبوعہ دیوبند

ii غنیة المستملی شرح منیة المصلی صفحہ ۵۱۳، ۵۱۴ مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور۔

Marfat.com

(ترجمہ: بدعتی کو امامت کے لیے آگے کھڑا کرنا بھی مکروہ ہے کیونکہ وہ اعتقاد کے اعتبار سے فاسق ہے اور یہ عمل کے اعتبار سے فسق سے زیادہ سخت ہے کیونکہ عمل کے لحاظ سے فاسق اپنے فاسق ہونے کا اعتراف کرتا ہے اور ڈرتا رہتا ہے کہ استغفار کرے جب کہ بدعتی کا حال اس کے خلاف ہے)

اور در مختار مطبوعہ مصر فی صفحہ ۲۳۷ جلد اول میں ہے

کل صلوۃ ادیت مع کراھۃ التحریم تجب اعادتھا والمختار انه جابر للاول لان الفرض لا یتکرر (۱)

(ترجمہ: ہر نماز جسے کراہت تحریمی کے ساتھ ادا کیا جائے اس کا اعادہ واجب ہے اور مختار یہ ہے کہ دوبارہ پڑھی گئی نماز پہلی کے نقصان کا ازالہ کرتی ہے کیوں کہ فرض نماز کا تکرار نہیں)

یعنی جو نماز کراہتِ تحریمہ کے ساتھ ادا کی جاوے اس کا پھیرنا واجب ہے چنانچہ شامی کے اسی صفحہ مذکورہ ردمختار میں ہے:

والحق التفصیل بین کون تلک الکراھۃ تحریمۃ فیجب الاعادۃ او تنزیھۃ فتستحب (۲)

(ترجمہ: حق یہ ہے کہ اس بارے میں تفصیل ہے اگر کراہت تحریمی ہے تو اعادہ واجب ہے اور اگر تنزیہی ہے تو مستحب)۔

فقط: واللہ تعالی اعلم بالصواب
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مفتی جامع مسجد اکبرآباد
۲۸ جمادی الاول ۱۹۳۵ء

---

(۱) الدر المختار مع رد المحتار جلد اول صفحہ ۳۳۷ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

(۲) رد المحتار جلد اول صفحہ ۳۳۷ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......52﴾

### سوال

میں نے مسل متعلقہ آغا فرید صاحب کو حسب الارشاد ڈپٹی صاحب سلمہ من اولہ الی آخرہ دیکھا۔ رویدادِ مسلسل سے ظاہر ہے کہ عہدِ عدالت مہد حضرت سلطان عالم گیر غازی رحمۃ اللہ علیہ میں بعوض خدمت ِ خطابت وامامت عیدگاہ حافظ عبداللطیف صاحب مرحوم کا ایک روپیہ روز مقرر ہوا تھا اور پھر وہ وظیفہ کچھ کمی کے ساتھ ان کی اولاد میں مرزا حیدر صاحب تک منتقل ہوتا ہوا چلا آیا اور بدستور اب تک ان کو اور ان کی اولاد کو بلا لحاظ ادائے خدمت مذکور ملتا رہا اور مل رہا ہے اور بوجہ جاہل رہ جانے اولاد حافظ عبداللطیف صاحب مرحوم اور باوصف تنبیہات مکررہ نہ کوشش کرنے مرزا حیدر صاحب ان کے صاحبزادہ آغا فرید صاحب تحصیل علوم ضروریہ دینی میں اور ناخوش ہونے نمازیوں کے جن میں علماء بھی ہوتے ہیں ان کو خطابت اور امامت یعنی خدمتِ خطابت وامامت سے باوصف جاری رکھنے وظیفۂ معینہ سے علیحدہ کردیا گیا۔ پھر جب ان کی درخواستِ امامت وخطابت پر مولانا رمضان صاحب مرحوم کو حکم امتحان دیا گیا اور حسب درخواست مرزا صاحب موصوف مرزا صاحب کو امتحان دینے کے بھی آٹھ سات دن کی مہلت بھی دی گئی۔ مگر بایں ہمہ بعد امتحان مرزا صاحب مواجہہ مولانا سعادۃ اللہ صاحب وامام صاحب مداللہ ظلہا مولانا مرحوم تحریر فرماتے ہیں۔

"کچھ مسائل دریافت کیے تھے جن میں سے فرائض وواجبات پورے نہیں بیان کیے ترکیب نمازِ عید بھی کامل نہیں بتائی قرآن مجید کی صحت قراءت بھی قابل اطمینان نہیں مخارج سے ناواقف معلوم ہوتے ہیں"

اندریں صورت حکم مورخہ ۷ نومبر ۷۱ء ڈپٹی صاحب سلمہ اللہ عن جمیع آفات الدینیہ والدنیویہ کا یہ معلوم ہوتا ہے کہ مجھ سے فتویٰ اس امر کے بارے میں مطلوب ہے کہ ایسے خطیب کی امامت وخطابت جائز ہے یا نہیں؟

Marfat.com

## الجواب

صفحہ۴۱۳ درمختار میں ہے۔

و لو ام قوما و هم له كارهون ان الكراهة لفساد فيه او لانهم احق بالامامة منه كره له ذلک تحريما لحديث ابی داؤد ☆ولا يقبل الله صلوة من تقدم قوما وهم له كارهون. و ان هو احق لا والكراهة عليهم [1]

(ترجمہ: اگر کسی نے ایسے لوگوں کی امامت کرائی' جو اسے ناپسند کرتے ہیں' اگر ان لوگوں کی ناپسندیدگی اس میں کسی بگاڑ کے باعث ہے یا اس لیے ہے کہ وہ خود اس سے امامت کے زیادہ مستحق ہیں تو اس کے لیے امام بننا مکروہ تحریمی ہے۔ کیونکہ سنن ابی داؤد میں حدیث ہے کہ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی نماز قبول نہیں فرماتا جو ان لوگوں کے آگے ہو کر امامت کرائے جو اسے ناپسند کرتے ہوں۔ اور اگر وہ خود امامت کا زیادہ مستحق ہے تو کراہت نہیں پھر ان کی کراہت ان پر لوٹ جائے گی)

قال الشامی رحمة الله

قوله لحديث هكذا رواه فی النهر بالمعنی و عزاه الی الحلبی صاحب الحلية مع انه فی الحلية ذكره مطولا و نقله فی البحر عنها [2]

(ترجمہ: قولہ: حدیث کی وجہ سے' النہر میں ہے اسی طرح بالمعنیٰ روایت ہے۔ علامہ حلبی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے صاحب حلیہ کی طرف منسوب فرمایا ہے حالانکہ حلیہ میں یہ طوالت کے ساتھ ہے اور البحر میں اسی سے نقل فرمایا ہے)

یعنی اگر کوئی شخص کسی قوم کی امامت کرے اور وہ لوگ اس کی امامت سے کراہت کریں اگر ان کی

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۲' صفحہ ۲۵۴ ' مطبوعه دار احياء التراث العربی بيروت

[2] رد المحتار: جلد ۲' صفحہ ۲۵۴ ' مطبوعه دار احياء التراث العربی بيروت

Marfat.com

کراہت بوجہ کسی فسادِ دینی کے ہو یا اس وجہ سے ہو کہ وہ بہ نسبت اس کے امامت کے زیادہ حق دار ہیں تو اس کو امامت کرنا مکروہ تحریمہ ہے اس واسطے کہ ابو داؤد میں ہے کہ حضور رسالت مآب ﷺ فرماتے ہیں کہ اللہ نہیں قبول کرتا نماز اس شخص کی جو کسی قوم کا امام بن جائے اور وہ لوگ اس سے کراہت کرتے ہوں۔

علامہ شامی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ

یہی مضمون نہر میں ہے اور ایسا ہی حلیہ میں ہے اور صاحب حلیہ، حلبی کی طرف اس روایت کو نسبت کرتے ہیں اور ایسا ہی البحر الرائق میں۔

اور صورتِ مسئولہ میں ظاہر ہے کہ کراہت لوگوں کی شخص مذکور کی امامت و خطابت میں بوجہ فسادِ دینی کے ہے (جس کا شرعاً اعتبار ہے) نہ کہ نفسانیت سے کہ جو ہرگز قابل اعتبار نہیں۔ یا اس وجہ سے ہے کہ بہ نسبت شخص مذکور زیادہ حق دارِ امامت و خطابت باعتبارِ علم و فضل کے جماعت میں موجود ہوتے ہیں اور غالباً اسی وجہ سے ان کو ان کے عہدہ سے علیحدہ کیا گیا ہے۔ فقط

حررہ: العبد المفتقر الی رحمۃ ربہ الغنی

ابو محمد محمد دیدار علی مفتی

جامع مسجد اکبر آباد

۱۴ نومبر ۱۷ء

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......53﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ عرصہ بیس بائیس سال سے ایک شخص مسجد لال کرتی میں امامت کرتا تھا۔ چونکہ عرصہ چار سال سے اس کی حرکات ناشائستہ مثل قمار بازی وغیرہ کے متواتر اس کی دیکھنے میں آئیں۔ لہٰذا اس کو چند مرتبہ اس فعلِ قبیح سے متنبہ بھی کیا گیا۔ لیکن باوجود فہمائشِ کامل کے وہ حرکاتِ ناشائستہ سے باز نہ آیا۔ اور چند مرتبہ معافی تقصیرات کی دی گئی۔ اب اُس امام کو اہلِ محلہ نے عرصہ ایک ماہ سے مسجد سے علیحدہ کر دیا۔ اس نے چند آدمیوں کو اپنا مشیر بنا کر احاطۂ مسجد سے باہر لوگوں کو علیحدہ نماز پڑھانا شروع کر دیا۔ جس وقت مسجد کے اندر جمعہ کا خطبہ اور اذان نماز ہوتی ہے اس وقت وہ دوسرا امام بھی مسجد کے باہر یہی کام کرتا ہے اور مسجد کی آواز باہر اور باہر کی آواز اندرون مسجد آتی ہے اس صورت میں مسجد کے اندر اور باہر نماز ہوئی یا نہیں۔ بینوا توجروا

سائل: حافظ رحمت اللہ۔ ۲۳ دسمبر ۱۹۱۵ء

### الجواب

هو أعلم للحق والصواب

ایسا امام شرعاً لائق امامت نہیں تمام کتب میں ہے۔

تکره امامة الفاسق ما۔

(ترجمہ: فاسق کی امامت مکروہ ہے)

---

ما قدوری مع شرح اللباب جلد اول صفحہ ۹۰ مطبوعہ بیروت میں ہے:

ویکره تقدیم العبد والاعرابی والفاسق

(ترجمہ: غلام بدوی اور فاسق کو امامت کے لیے آگے کرنا مکروہ ہے)

Marfat.com

☆ اور جن لوگوں نے اُس کی اعانت کی ہے اور ایک نئی جماعت مسجد سے علیحدہ قریب مسجد قائم کی ہے وہ سب گنہگار ہیں اور تعزیر کے لائق ہیں قرآن مجید میں ہے:

﴿والذین اتخذوا مسجدا ضرارا و کفرا وتفریقا بین المومنین وارصاداً لمن حارب اللہ و رسولہ من قبل ولیحلفن ان اردنا الا الحسنی واللہ یشھد انھم لکذبون[1]﴾

(یعنی جنہوں نے ایک نئی مسجد ضد اور کفر پر بنائی اور مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے کے واسطے اور جو خدا اور سول سے لڑ رہا ہے یعنی بدکار ہے اس کی تھانگی (سراغ رساں) بننے اور قسم کھائی جائے گی کہ یہ کام ہم نے اچھا سمجھ کر کیا تھا۔ پس اللہ گواہی دیتا ہے کہ وہ جھوٹے ہیں)

ان لوگوں کو توبہ کرنا چاہئے اور خدا کے عذاب اور حکمِ شریعت کے خلاف کرنے سے بچیں۔ اور جہاں تک ممکن ہو مسجد کے برابر دوسری جماعت نہ کرنے دیں۔ مسجد والوں کی نماز میں کچھ نقصان نہیں۔ فقط

واللہ اعلم بالصواب وعندہ علم الکتاب.

عاجز محمد رمضان عفی عنہ

مفتی واعظ جامع مسجد آگرہ

۲۵ دسمبر ۱۹۱۵ء

❁❁❁❁❁

---

[1] القرآن الحکیم : سورہ التوبہ آیت ۱۰۷

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......54﴾

### سوال

اقتداء حنفی کی مالکی مذہب کے پیچھے جو آمین بالجہر نہ کرتا ہو جائز ہے؟ اور جمعہ کے سوا اور وقتِ نماز میں جماعت کا عادی نہ ہو تو اس کے پیچھے نماز کا کیا حکم ہے؟

سائل: سلامت علی متولی مسجد فتح آباد ضلع آگرہ

یکم جولائی ۱۹۱۶ء

### الجواب

#### هو الصواب

اقتداء مالکی مذہب کے پیچھے درست ہے جب تک کسی مختلف فیہ مسئلہ پر احتیاط کرتا ہو۔ **كذا فی الشامی**

**ذهب عامة مشائخنا إلى الجواز إذا كان يحتاط فى موضع الخلاف وإلا فلا** [۱]

(ترجمہ: ہمارے عام مشائخ کا مذہب یہ ہے کہ حنفی مذہب نہ رکھنے والے امام کی اقتداء جائز ہے جب کہ اختلاف کے مواقع میں احتیاط کرتا ہو ورنہ جائز نہیں ہے)

☆ جو شخص بلا وجہ ترکِ جماعت کرتا ہو اس کے پیچھے نماز مکروہ ہوگی۔

**لو تركها اهل مصر يومرون بها فان قبلوا والا يقاتلون عليها لانها من شعائر الاسلام** [۲]. **فقط**

☆ (ترجمہ: اگر کسی شہر والوں نے اسے (نماز باجماعت کو) ترک کر دیا تو ان کو اس کا حکم دیا جائے گا۔ اگر قبول کریں تو فبہا۔ ورنہ اس وجہ سے ان سے جنگ کی جائے گی کیونکہ یہ اسلام کے شعائر سے ہے) **والله اعلم وحكمه احكم**.

المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

---

[۱] رد المحتار: جلد اول صفحه ۵۶۳ مطبوعه مصر

[۲] الاختيار لتعليل المختار جلد اول صفحه ۸۰ مطبوعه دار المعرفة بيروت

Marfat.com

## فتویٰ نمبر......55

## سوال

پیش امام حنفی مذہب کا اگر شافعی مذہب کے طریقہ پر نمازِ فجر میں دعاءِ قنوت اور دیگر دعائیں پڑھے تو مقتدیوں کی نماز جائز ہوگی یا نہیں۔ اسی حالت میں جبکہ وہ امام دعائے قنوت پڑھنے میں مشغول اور دعا کرنے میں مصروف ہو بعض مقتدی رکوع میں اور بعض سجود میں ہوتے ہیں اور پریشان۔ ان کی نماز ہوئی یا نہیں؟۔

## الجواب

اگر امام شافعی المذہب ہے اور تمام مقتدی یا اکثر حنفی اور حنفیوں میں قابلِ امامت دوسرا شخص موجود بھی ہے، بلاشبہ حنفیوں کا شافعی کو امام بنانا بہتر نہیں۔ افضل یہی ہے کہ حنفی اپنا امام حنفی ہی کو بنائیں۔ اور اگر حنفیوں میں کوئی قابلِ امامت نہیں ہے ☆ اور امام شافعی جو امور حنفیوں کے نزدیک مفسدِ نماز ہیں اور اس کے نزدیک مفسد نہیں ہیں جیسے چوتھائی سر کا مسح کرنا یا خون بہہ نکلنے اور قے سے وضو نہ کرنا اور نماز میں ایک رکن کے اندر تین حرکت کرنا وغیرہ کہ ان سب صورت میں مقتدیوں کی نماز نہیں ہوتی ☆ اور اگر وہ ایسے امور میں حنفیوں کی رعایت سے قے اور خون سے وضو کرلیا کرے چوتھائی سر کا مسح ترک نہ کرے۔ علی ہذا جمیع مفسدات عند الحنفیہ سے محترز رہے، تنہا پڑھنے سے اس کے ساتھ بشرکتِ جماعت نماز پڑھنا افضل ہے۔

**کما فی صفحہ ۴۱۷ من ردالمحتار المصری**

**لا جدال بعد اتفاق عالمی المذهبین و هما رملی الحنفیه و رملی الشافعیة رحمهما الله تعالی فحصل ان الاقتداء بالمخالف المراعی فی الفرائض افضل من الانفراد اذا لم یجد غیره و الا فالا قتداء بالموافق افضل. ۱؎**

☆ (ترجمہ: حنفی اور شافعی ہر دو مذاہب کے دونوں عالموں یعنی علامہ رملی حنفی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ رملی شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اس امر پر اتفاق کے بعد کوئی جھگڑا باقی نہ رہا کہ مذہب مخالف کا امام جو فرائض میں مقتدی کے

---

۱؎ رد المحتار : جلد اول صفحہ ۵۶۳ مطبع مصطفی البابی الحلبی مصر

Marfat.com

مذہب کی رعایت کرتا ہو اس کی اقتداء میں نماز ادا کرنا' اکیلے نماز پڑھنے سے بہتر ہے جب کہ اس امام کے بغیر کوئی اور امام میسر نہ آئے ورنہ موافق مذہب کے امام کی افضل ہے)

☆ اور اگر وہ غیر مقلد ہے یعنی باوصف حنفی ہونے کے وہ امور (جو) حنفیوں کے نزدیک مکروہ ہیں جیسے بلاضرورتِ نازلہ اور وقوعِ مصیبتِ سخت کے اغیار سے جماعتِ اہلِ اسلام پر قنوت صبح کا پڑھنا' رفع یدین کرنا "آمین بالجہر کہنا' کبھی ایک بال کا مسح کرنا' کبھی سارے سر کا مسح کرنا' کبھی مسِ ذکر سے وضو کرنا' کبھی نہ کرنا' ایسے شخص کے پیچھے نماز ہرگز جائز نہیں۔ ☆اس واسطے کہ وہ بوجہ مخالفتِ جمہورِ اہل سنت اور ترکِ تقلید، فاسق اور بدعتی ہے۔ اور بدعتی اور فاسق کے پیچھے نماز مکروہ تحریمہ واجب الاعادہ ہوتی ہے جس کا پھیرنا واجب ہوتا ہے۔

کما فی صفحه ۴۷۹ من الکبیری

ویکره تقدیم المبتدع ایضا لانه فاسق من حیث الاعتقاد و هو اشد من الفسق من حیث العمل لان الفاسق من حیث العمل یعترف بانه فاسق و یخاف و یستغفر بخلاف المبتدع والمراد بالمبتدع من یعتقد شیئا علی خلاف یعتقده اهل السنة والجماعة[1]

(ترجمہ: امامت کے لیے بدعتی کو آگے کرنا بھی مکروہ ہے کیونکہ وہ اعتقاد کے لحاظ سے فاسق ہوتا ہے یہ عمل کے اعتبار سے فاسق سے زیادہ سخت ہوتا ہے کیونکہ عملی فاسق اعتراف کرتا ہے کہ وہ فاسق ہے۔ وہ خوف زدہ ہوتا ہے اور استغفار کرتا ہے۔ جب کہ بدعتی اس کے خلاف ہوتا ہے۔ بدعتی سے مراد ایسا شخص ہے جو کسی چیز کے بارے میں ایسا اعتقاد رکھے جو عقائد اہل سنت و جماعت کے خلاف ہو)

اور غیر مقلدین کا مخالفِ عقائدِ اہل سنت والجماعت مقلدینِ مذاہبِ اربعہ ظاہر ہی ہے اور اگر ان کے عقائد کی زیادہ ضرورت منظور ہو "جامع الشواهد فی اخراج الوهابیین عن المساجد" اور "کشف الحجاب" مولانا القاری عبدالرحمٰن پانی پت ملاحظہ ہو۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی مفتی جامع مسجد اکبرآباد

---

[1] کبیری شرح منیة المصلی صفحه ۴۷۹' ۴۸۰ مطبوعه دیوبند

## ﴿فتویٰ نمبر......56﴾

### سوال

جس شخص نے رمضان کا روزہ قصداً نہیں رکھا کیا وہ جمعہ کی امامت کر سکتا ہے؟ اور وہ عید کی نماز پڑھا سکتا ہے یا نہیں؟ مقتدی روزہ دار اور باشرع ہیں۔

۲۰ رمضان ۳۶ھ

دفعدار محمد شاہ

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

بغیر مرض اور سفر کے رمضان کے روزہ قصداً ترک کرنے والا علی ہذا ایک دو وقت قصداً نماز نہ پڑھنے والا یا ہمیشہ قضا کر کے نماز پڑھنے والا فاسق ہے۔☆ اور فاسق کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمہ ہے۔ اگر پڑھ لی جائے تو دوبارہ دہرانا واجب ہے۔ **ھکذا فی الشامی والکبیری و جمیع الفقہ**

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## فتویٰ نمبر 57

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین ان مسائل کے بارے میں جو ذیل میں لکھے ہیں۔ جو شخص امانت میں خیانت کرے۔ جو شخص کبھی نماز پڑھے کبھی نماز نہ پڑھے۔ جو شخص خدا اور رسول کو درمیان میں دے کر کسی کا مال مار بیٹھے۔ جو شخص لڑکا لڑکی پر منت مان کر بکرا بکری ذبح کرے۔ آیا ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا درست ہے یا نادرست؟ جواب دیجئے خدا اجر دے گا۔

۲۰ شعبان ۱۳۳۶ھ — وزیر خان بلوچ پورہ آگرہ

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

ان میں سے اکثر امور فسق و فجور ہیں اور مرتکب ان کا فاسق ہے اور فاسق کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمہ ہے۔ جس کا دوبارہ پھیرنا واجب ہے۔ لہٰذا جب تک دوسرے امام کے پیچھے جو فاسق نہ ہو نماز با جماعت ممکن ہو اور جماعت مل سکے فاسق کے پیچھے ہرگز نماز نہ پڑھی جائے چنانچہ شرح عبارت درمختار و یکرہ امامۃ فاسق الخ میں علامہ شامی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں۔

و فی المعراج قال اصحابنا لا ینبغی ان یقتدی بالفاسق الا فی الجمعۃ لانہ فی غیرھا یجد اماما غیرہ قال فی الفتح و علیہ فیکرہ فی الجمعۃ اذا تعددت اقامتھا فی المصر علی قول محمد المفتی بہ لانہ بسبیل الی التحول[1]

(ترجمہ: معراج میں ہمارے علمائے کرام نے فرمایا جمعہ کے علاوہ کسی اور نماز میں فاسق کی اقتدا نہ کرنی چاہئے

---

[1] رد المحتار : جلد اول، صفحہ ۵۶۰، مطبوعہ مصر

Marfat.com

کیوں کہ جمعہ کے علاوہ اور نمازوں میں اس کے بغیر اور امام پا سکتا ہے۔ فتح القدیر میں فرمایا اس صورت میں اگر جمعہ شہر میں متعدد مقامات پر قائم ہوتا ہو تو پھر فاسق امام کی اقتداء مکروہ ہے۔ یہ حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کا مفتیٰ بہ قول ہے کیوں کہ وہ فاسق امام سے غیر فاسق امام کی طرف پھر کر جا سکتا ہے)

☆ بناء علیہ اگر فاسق کے پیچھے نماز پڑھ بھی لے تو واجب ہے کہ اس کو دوبارہ پھیرے۔

چنانچہ صفحہ ۳۳۷ در مختار مطبوعہ مع ردالمحتار مصری میں ہے:

**کل صلوة ادیت مع کراهة التحریم تجب اعادتها[1]**

(ترجمہ: ہر وہ نماز جسے کراہتِ تحریمہ کے ساتھ ادا کیا گیا ہو اس کا اعادہ واجب ہے)

اور فسق و فجور ہونا امور مذکوران آیات و احادیثِ معتبرہ سے ظاہر ہے۔ صفحہ ۷۱ طریقہ محمدیہ مطبوعہ مصر مصنفہ برکوی رحمہ اللہ میں ہے۔

☆ **عن انس رضی الله عنه انه قال خطبنا رسول اللهﷺ انه قال لا ایمان لمن لا امانة له و لا دین لمن لا عهدله و تجری الامانة والخیانة فی القول ایضا (د) عن ابی هریرة رضی الله عنه انه قال قال رسول اللهﷺ المستشار موتمن و من افتی بغیر علم کان اثمه علی من افتاه ومن اشار علی اخیه بامر یعلم ان الرشد فی غیره فقد خانه قال الله تبارک و تعالی یا ایهاالذین امنوا لم تقولون ما لا تفعلون کبر مقتا عند الله ان تقولوا مالا تفعلون (م) عن ابی هریرة رضی الله عنه انه قال قال رسول اللهﷺ آیة المنافق ثلاث و ان صام و صلی و زعم انه مسلم اذا حدث کذب و اذا وعد اخلف و اذا ائتمن خان (خ م) عن عمرو بن العاص اربع من کن فیه کان منافقا خالصا و من کانت فیه خصلة منها کان فیه خصلة من النفاق حتی یدعها اذا ائتمن خان و اذا حدث کذب واذا عاهد غدر واذا خاصم**

---

[1] الدر المختار: جلد ۲، صفحه ۱۳۰، مطبوعه دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

فجر فالوعد بنية الخلف كذب عمدا حرام و اما بنية الوفاء فجائز ثم انه لا يجب عند اكثر العلماء رحمهم بل يستحب فيكون خلفه مكروها تنزيها بدليل قوله عليه السلام اذا وعد الرجل و نوى ان يفى له فلم يف به فلا جناح عليه و فى رواية فلا اثم عليه رواه (ت.ه) عن زيد بن ارقم و عند الامام احمد و من تبعه الوفاء واجب والخلف حرام مطلقا ففيه شبهة الخلاف و آية النفاق و شان السالک الاجتناب من الخلاف والاخذ بالوفاق[1]

(ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ نے ایک روز ہمیں خطبہ ارشاد فرمایا اور فرمایا ''جس میں امانت نہیں اس کا ایمان نہیں اور جس میں وعدہ کا پاس نہیں اس کا دین نہیں'' امانت اور خیانت گفتگو میں ہوتی ہے۔ امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ آپ نے کہا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جس سے مشورہ طلب کیا جائے امانت اس کے سپرد کی جاتی۔ اور جسے فتوی دیا گیا بغیر علم کے تو اس کے غلط فعل کا گناہ فتوی دینے والے پر ہوگا۔ اور اپنے بھائی کو کوئی مشورہ دینے والے جس شخص کو علم ہو کہ بھلائی اس کے علاوہ اور کام میں ہے تو یقیناً اس نے اس سے خیانت کی۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد مبارک ہے اے ایمان والو! وہ بات کیوں کہتے ہو جس پر خود عمل نہیں کرتے اللہ تعالیٰ کے ہاں بڑے غضب کی بات ہے کہ تم وہ کہو جس پر خود عمل نہ کرو۔'' امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا منافق کی تین نشانیاں ہیں اگر چہ وہ روزے رکھے اور نمازیں ادا کرے جب بات کرتا ہے جھوٹ بولتا ہے۔ جب وعدہ کرتا ہے اس کا خلاف کرتا ہے اور جب اس کو امانت سپرد کی جائے خیانت کرتا ہے۔ امام بخاری اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما نے حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جس شخص میں چار عادتیں ہوں وہ خالص منافق ہوتا ہے اور جس میں ان میں ایک عادت ہو اس میں نفاق کی ایک نشانی ہوتی ہے جب تک وہ اسے ترک نہ کر دے جب اسے امانت سپرد کی جائے خیانت کرتا ہے' جب

---

[1] الطريقة المحمديه مع الحديقة الندية جلد ۱ صفحه ۶۵۲تا ۶۵۷

Marfat.com

بات کرتا ہے جھوٹ بولتا ہے' جب معاہدہ کرتا ہے دھوکہ دیتا ہے اور جب جھگڑا کرتا ہے حق سے تجاوز کرتا ہے۔ پس توڑ دینے کی نیت سے وعدہ کرنا جان بوجھ کر جھوٹ بولنا اور حرام ہے۔ لیکن ایفا کی نیت سے وعدہ کرنا جائز ہے۔ پھر اکثر علماء کے نزدیک اس کا ایفاء مستحب ہے لہٰذا اس کا خلاف مکروہ تنزیہی ہے۔ اس کی دلیل نبی پاک ﷺ کا یہ ارشاد مبارک ہے جب کوئی شخص وعدہ کرے نیت اس کی پورا کرنے کی ہو پھر وہ پورا نہ کرے تو اس کے ذمہ کوئی معصیت نہیں اور دوسری روایت میں ہے کہ اس پر کوئی گناہ نہیں۔ اسے امام ترمذی اور امام بن ماجۃ رحمہ اللہ علیہما نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔ امام احمد رحمہ اللہ علیہ اور ان کے اتباع کے نزدیک وعدہ کا پورا کرنا واجب ہے اور اس کا خلاف مطلقاً حرام ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ وعدہ خلافی میں ائمہ کے درمیان اختلاف کا شبہ ہے اور یہ منافق کی نشانی بھی ہے اور سالک کی شان اختلاف سے بچنا اور اتفاقی امور پر کاربند ہونا ہے)

اور صفحہ ۵۸' ۵۹ مشکوۃ شریف مطبوعہ مجتبائی دہلی میں ہے۔

**عن عبداللہ بن عمرو بن عاص عن النبی ﷺ انه ذکر الصلوۃ یوما فقال من حافظ علیھا کانت له نورا و برھانا و نجاۃ یوم القیمة و من لم یحافظ علیھا لم یکن له نورا و لا برھانا ولا نجاۃ و کان یوم القیمة مع قارون و ھامان و ابی بن خلف رواہ احمد والدارمی و البیھقی فی شعب الایمان۔**[1]

☆(ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے اور انہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت کیا کہ آپ نے ایک دن نماز کا ذکر فرمایا اور ارشاد فرمایا جو اس کی حفاظت کرے قیامت کے دن یہ اس کے لیے نور' برہان اور نجات ہوگی اور جس نے اس کی حفاظت نہ کی اس کے لیے نہ نور ہوگا اور نہ برہان اور نہ ہی نجات۔ وہ قیامت کے دن قارون' ہامان اور ابی بن خلف کے ساتھ ہوگا۔ احمد' دارمی' شعب الایمان' بیہقی)

---

[1] مشکوۃ المصابیح صفحہ ۵۸' ۵۹ ' مکتبہ امدادیہ ملتان

Marfat.com

و فیه فی صفحة ۵۸

☆ عن عبادة بن الصامت قال قال رسول الله ﷺ خمس صلوات افترضهن الله تعالی من احسن وضوئهن و صلاهن بوقتهن و اتم رکوعهن و خشوعهن کان له علی الله عهدا ان یغفر له و من لم یفعل فلیس له عهد ان شاء غفرله و ان شاء عذبه رواه احمد و ابو داؤد وروی مالک و النسائی نحوه[۲] . فقط

ترجمہ: حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے پانچ نمازیں فرض کیں۔ جس نے ان کے لیے اچھی طرح وضو کیا' انہیں بروقت ادا کیا' ان کے رکوع اور خشوع کو پوری طرح ادا کیا اللہ تعالیٰ کے ذمۂ رحمت پر اس کے لیے وعدہ ہے کہ وہ اسے بخش دے اور جس نے ایسا نہ کیا اس کے لیے اللہ تعالیٰ کے ہاں کوئی وعدہ نہیں اگر وہ چاہے تو معاف فرمادے اور اگر چاہے تو اسے عذاب میں مبتلا فرمادے احمد' ابوداؤد' نیز امام مالک اور امام نسائی نے اسی کی مانند روایت کیا)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

---

[۲] مشکوۃ المصابیح صفحہ ۵۸' ۵۹' مکتبہ امدادیہ ملتان

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......58﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اور مفتیانِ شرع متین اس صورت میں کہ ایک امام نے ایک عورت بدکار سے جس نے علی الاعلان حرام کاری ایک مدت تک کر کے زنا کے پیسہ سے جائیداد تقریباً پانچ ہزار کی جس کی آمدنی تقریباً پچاس یا ساٹھ روپیہ ماہوار ہے' خرید کی تھی' اس کے لالچ میں آ کر نکاح کرلیا اور نکاح میں اس کے بجز مولوی دین محمد کے اور کوئی نہ تھا۔ اور وہ امام ایک مدت تک پوشیدہ اس عورت کے ساتھ رہتا تھا۔ اور اس کا حرام مال اور اس جائیداد حرام کی آمدنی کھاتا تھا۔ اور جب یہ امر ظاہر ہوا اور ایک شخص نے اشتہار چھپوا کر اس امر کے متعلق فتویٰ پوچھا تو اس نے اس فتویٰ پوچھنے کو اپنی ہتک سمجھ کر ہتک کی نالش کردی۔ لہٰذا گزارش ہے کہ ایسے امام کا کیا حکم ہے۔ اور جو مولوی اس طرح نکاح کرے اجازت مالِ حرام دے دے یا اس طرح مالِ حرام کے کھانے کی تدبیر کردے اور منع نہ کرے اس کا کیا حکم ہے؟

## الجواب

وهو الموفق للصواب

بسم الله الرحمن الرحيم۔

اللهم رب زدني علما

ایسا امام فاسق ہے۔ اور فاسق کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمہ ہے۔ دوبارہ پڑھنا اور پھیرنا واجب ہے۔ چنانچہ صفحہ ۴۱۴ ردالمحتار میں علامہ شامی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہیں۔

**و اما الفاسق فقد عللوا كراهة تقديمه بانه لا يهتم لامر دينه و بان فی تقديمه للإمامة تعظيمه و قد وجب عليهم اهانته شرعا ولا يخفى انه اذا كان اعلم من غيره لا تزول العلة فانه لا يومن ان يصلی بهم بغير طهارة فهو كالمبتدع تكره امامته بكل حال.**

Marfat.com

بل مشی فی شرح المنیة إن کراهة تقدیمه تحریم لما ذکرنا[1]۔

(ترجمہ: فاسق کوامامت کے لیے آگے کرنے کی کراہت کی وجہ علمائے کرام نے یہ بیان کی ہے کہ وہ اپنے دینی معاملات کی فکرنہیں کرتا نیز اس کوآگے کرنے میں اس کی تعظیم ہوتی ہے حالانکہ شرعا اس کی اہانت واجب ہے یہ امر مخفی نہیں ہے کہ اگر وہ دوسروں سے زیادہ عالم ہوتو کراہت کی یہ وجہ زائل نہیں ہوتی کیونکہ اس پر اعتماد نہیں ممکن ہے انہیں بغیر طہارت کے نماز پڑھادے تو اس کا حکم بدعتی کی مانند ہے جس کی امامت ہر حال میں مکروہ ہے بلکہ منیہ کی شرح یہ روش اختیار کی کہ ایسے کوامام بنانا مکروہ تحریمی ہے اس کی وجہ وہی ہے جو ہم نے ذکر کی ہے)

پھر اگر بوجہ فسق یعنی حرام خوری یا شبہ حرام خوری یا زنا وغیرہ کے لوگ اس کی امامت سے کراہت کرتے ہیں یا اس وجہ سے کراہت کرتے ہوں کہ اس امام سے افضل دوسرا شخص قابل امامت ان میں موجود ہے اور وہ جبراً امامت کرے تو اس کوامام بنا بھی مکروہ تحریمہ ہے بلکہ بموجب ظاہر روایت معنی حدیث اس کی نماز مقبول نہیں ہوتی اور جب امام کی نماز مقبول نہیں ہوتی تو مقتدی کی نماز کس طرح کامل ہوسکتی ہے۔ حالاں کہ باتفاق مقتدی کی نماز جواز وعدمِ جواز میں تابع ہوتی ہے نمازِ امام کے چنانچہ صفحہ ۳۵۰ کبیری میں ہے۔

و یکره للامام ان یوم قوما و هم له کا رهون بخصلة ای بسبب خصلة توجب الکراهة اولان فیهم من هو اولی منه بالامامة لقوله علیه الصلوة و السلام ثلاث لا تجاوز صلاتهم آذانهم العبد الأبق حتی یرجع وامرأة باتت وزوجها علیها ساخط و امام قوم و هم له کارهون. و فی حدیث آخر ثلثة ☆لا تقبل لهم صلوة من تقدم قوما و هم له کارهون الخ[2]۔

☆(ترجمہ: امام کے لیے مکروہ ہے کہ لوگوں کی اس حالت میں امامت کرائے کہ وہ اسے کسی ایسی خصلت

---

[1] رد المحتار جلد اول صفحہ ۴۱۴ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[2] غنیة المستملی صفحہ ۸۵۰ مطبوعہ کتب خانہ رحیمیہ دیوبند۔

Marfat.com

کے باعث ناپسند کرتے ہوں جو کراہت کا باعث بنے۔ کیوں کہ اس صورت میں مقتدیوں میں ایسے لوگ موجود ہوں گے جو اس سے امامت کے زیادہ حقدار ہوں گے۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے تین اشخاص ایسے ہیں جن کی نماز ان کے کانوں سے اوپر تجاوز نہیں کرتی۔ ۱۔ بھاگا ہوا غلام جب تک واپس نہ آجائے۔ ۲۔ عورت جس نے رات گذاری اس حالت میں کہ اس کا خاوند اس پر ناراض ہو۔ ۳۔ لوگوں کا امام جس کی امامت کو لوگ ناپسند کرتے ہوں۔ دوسری حدیث میں ہے کہ تین افراد ایسے ہیں جن کی کوئی نماز قبول نہیں ہوتی۔ ۱۔ جو لوگوں سے آگے امامت کے لیے بڑھ گیا جب کہ وہ اس کو ناپسند کرتے ہوں الخ)

☆ اور اگر امام یا کوئی اور مولوی بلکہ جو کوئی بھی مسلمان حرامِ قطعی کو حلال سمجھ لے اور اس کو حلال سمجھ کر کھائے یا کھانے کی اجازت دے تو وہ کافر ہو جاتا ہے۔

**کما هو مصرح من جميع كتب الفقه و العقائد.**

لہٰذا اس امام اور مولوی پر لازم ہے کہ اس کے حلال سمجھنے اور کھانے سے توبہ کرے اور نو مسلمان ہو کر دوبارہ اپنی بیوی سے نکاح کرے ورنہ کافر اور مومن کے درمیان نکاح قائم نہیں رہتا۔ اور جب نکاح قائم نہیں رہا تو اولاد حلال سے نہیں ہو سکتی۔

حررہ: العبد العاصی
ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المفتی
فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......59﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین ایسی صورت میں کہ امام کو متشابہ لگنے پر یا بھول سے قراءت سے رکا مقتدی نے لقمہ دیدیا امام نے لقمہ لے لیا آیا اس صورت میں دونوں کی نماز فاسد ہوگئی یا فقط مقتدی کی یا فقط امام کی؟ **بینوا توجروا**

۳ ربیع الاول ۳۵ھ

مولا بخش راجہ منڈی

### الجواب

**اللھم رب زدنی علما.**

صورتِ مسئولہ میں نہ امام کی نماز فاسد ہوئی نہ مقتدی کی۔ مقتدی کے لقمہ دینے اور امام کے لقمہ لینے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ البتہ مقتدی کو لقمہ دیتے ہوئے جلدی کردینا اور امام کو بعد تین آیت پڑھنے کے انتظار لقمہ کرنا جائز نہیں ہے مگر اگر بلا انتظار آیت کو بغرض یاد آجانے کے لوٹا رہا تھا اور مقتدی نے بتادیا تو دونوں کی نماز بلاکراہت ہوجائے گی۔ کچھ حرج نہیں ہے۔ **کما فی الدر المختار**

**بخلاف فتحه علی امامه فانه لا یفسد مطلقا لفاتح و آخذ بکل حال**[۱]

(ترجمہ: نمازی اپنے امام کے علاوہ کسی اور نمازی کو لقمہ دے گا تو اس کی نماز ٹوٹ جائے گی) بخلاف اس کے اگر اس نے اپنے امام کو لقمہ دیا تو نماز مطلقاً فاسد نہ ہوگی۔ یعنی ہر حال میں نہ لقمہ دینے والے کی اور نہ ہی قبول کرنے والے کی نماز فاسد ہوگی)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد دیدار محمد دیدار علی الرضوی مفتی جامع مسجد اکبرآباد

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۲ صفحہ ۳۲۹ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......60﴾

### سوال

جن اوقات میں نماز وسجدہ مکروہ ہے اوران میں کس قسم کے سجدے منع ہیں اور کس قسم کی نماز؟

جناب مولوی غلام محی الدین خان صاحب امام جامع مسجد شاہجہاں پور۔ ۱۷ دسمبر ۱۵ء

### الجواب

اوقاتِ منہیہ میں نفل، واجب، فرض تینوں سجدہ مکروہ ہیں۔ مراقی الفلاح میں ہے۔

**ویصح اداء ما وجب فیها ای الأوقات الثلاثة لکن مع الکراهة فی ظاهر الروایة کجنازة اذا حضرت و سجدة آیة تلیت فیها و نافلة شرع فیها او نذر ان یصلی فیها الخ**[1] .

☆(ترجمہ: جو نماز، ان تین مکروہ اوقات میں واجب ہوجائے، اس کی ادائیگی ظاہر روایت کی رو سے کراہت کے ساتھ جائز ہے۔ مثلاً جنازہ جب ان اوقات میں آجائے، آیتِ سجدہ کی تلاوت جو ان اوقات میں کی جائے، نفل نماز جو ان اوقات میں شروع کردی جائے یا ان اوقات میں نماز نفل پڑھنے کی نذر مان لے)

پس علاوہ فرض، نمازِ جنازہ وسجدۂ تلاوت بھی مکروہ ہے۔

**کتبه المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرله**

---

[1] طحطاوی حاشیہ مراقی الفلاح میں ہے

☆ **وفی البحر عن التحفة الأفضل أن یصلی علی جنازة حضرت فی تلک الاوقات ولا یوخرها بل فی الإیضاح والتبیین التاخیر مکروہ.**

ترجمہ: البحر الرائق میں تحفۃ الفقہاء سے ہے کہ اگر ان اوقات میں جنازہ آجائے تو نمازِ جنازہ پڑھے اسے غیر مکروہ وقت تک موخر نہ کرے۔ الایضاح والتبیین میں ہے کہ ان اوقات میں آئے ہوئے جنازہ کی نماز کو موخر کرنا مکروہ ہے۔

حاشیة الطحطاوی علی هامش، مراقی الفلاح صفحه ۱۰۰ مطبوعه نور محمد کار خانه تجارت کتب کراچی

محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 61﴾

## سوال

تجہیز و تکفین و نمازِ جنازہ بوقتِ زوال درست ہے کہ نہیں؟

۱۷ رمضان ۱۳۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

ٹکیہ آفتاب کی نمودار ہونے سے اس وقت تک جب آفتاب کی شعاعوں سے آنکھ نہ چھپے اور غروب کے وقت سوائے اس دن کی عصر کے ☆ علی ہذا نصف نہار شرعی سے 'یعنی صبحِ صادق سے غروبِ آفتاب تک جتنے گھنٹے دن ہوا اس کے نصف دن' ☆ آفتاب کے ڈھلنے سے پہلے تک نہ سجدۂ تلاوت جائز نہ نمازِ جنازہ جائز' علی ہذا نہ قضا نماز جائز' نہ ادا نماز جائز' نہ نفل نماز جائز' نہ واجب نماز جائز' نہ سنت جائز۔

چنانچہ ۲۲۴ جلد اول درمختار مصری مطبوعہ مع ردالمحتار میں ہے

**و کره تحريما و كل ما لا يجوز مكروه صلوة مطلقا و لو قضاء او واجبة او نفلا او على جنازة و سجدة تلاوة و سهو مع شروق واستواء و غروب الاعصر يومه[1] (انتهى مختصرا)**

(ترجمہ: مطلقاً ہر نماز' اگرچہ وہ قضا ہو' یا واجب ہو' یا نفل ہو' یا نمازِ جنازہ ہو[2] یا سجدۂ تلاوت ہو' یا سجدہ سہو ہو'

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد اول 'صفحه ۲۷۲' ۲۷۳' ۲۷۴' مطبوعه مكتبه رشيديه كوئٹه

[2] الدر المختار جلد ۱ اول صفحه ۲۷۵ على هامش رد المحتار میں ہے:

فلو وجبتا فيها لم يكره فعلهما اى تحريما وفي التحفة الأفضل أن لا تؤخر الجنازة.

☆ (ترجمہ: اگر سجدہ تلاوت اور نماز جنازہ مکروہ اوقات میں واجب ہوئے۔ یعنی ان اوقات میں آیہ سجدہ کی تلاوت کی یا جنازہ ان اوقات میں آ گیا تو ان کی ادائیگی ان اوقات میں مکروہ تحریمی نہیں ہے اور التحفہ میں ہے کہ افضل یہ ہے کہ نمازِ جنازہ کو مؤخر نہ کیا جائے)

Marfat.com

سورج کی ٹکیہ چمکنے، سر پر آنے اور غروب ہونے وقت، سواء اس دن کی عصر کے، ادا کرنا مکروہ تحریمی ہے نیز وہ نمازیں جو ان اوقات میں جائز نہیں ان کا ادا کرنا بھی مکروہ ہے)

☆ پھر نصف النہار ائمۂ ماوراء النہر کے نزدیک نصف النہار عرفی ہے کہ اس سے مراد ٹھیک دوپہر اور سایہ کے ٹھہرنے کا وقت ہے اور ائمہ خوارزم کے نزدیک مراد نصف النہار شرعی ہے۔

مثلاً صبح صادق چار بجے ہو اور غروبِ آفتاب ساڑھے سات بجے اس حساب سے دن ساڑھے پندرہ گھنٹہ کا ہوا جس کا نصف پونے آٹھ گھنٹہ ہوئے۔ لہٰذا مشائخ خوارزم کے نزدیک پونے بارہ بجے سے زوال تک وقت کراہیت جمیع نمازوں اور سجدہ تلاوت کا ہوگا چنانچہ صفحہ ۴۰۳ جلد اول ردالمحتار میں ہے۔

و عزا فی القهستانی القول بان المراد انتصاف النهار العرفی الی ائمة ماوراء النهر و بان المراد انتصاف النهار الشرعی وهو الضحوة الکبری الی الزول إلی ائمة خوارزم [۱]

(ترجمہ: قہستانی میں یہ قول، کہ نصف النہار سے مراد عرفی دن کا نصف ہے، ماوراء النہر کے علماء کی جانب منسوب ہے اور یہ قول کہ اس سے مراد شرعی دن کا نصف ہے، جو کہ ضحوی کبریٰ ہے، خوارزم کے ائمہ کرام کی طرف منسوب ہے)

☆ ائمۂ خوارزم اور علمائے خوارزم کی تحقیق پر فتوی دینے میں احتیاط معلوم ہوتی ہے اور چونکہ نصف النہار عرفی کے جو سایہ گھٹ کر بڑھنے کا وقت ہے اتنا قلیل وقت ہے کہ جس میں تو نیت بھی نہیں ادا ہو سکتی بلکہ حقیقتاً ایک رکعت ادا کرنے کی بھی اس وقت میں گنجائش نہیں ہوتی اور اس کی عموماً ہر شخص تحقیق بھی نہیں کر سکتا پھر ایسے قلیل غیر معلوم وقت میں ممانعت کے کیا معنی؟ لہٰذا قولِ اہلِ خوارزم ہی قوی معلوم ہوتا ہے کہ مراد نصف النہار سے زوال تک حدیثِ ممانعتِ نماز میں نصف النہار شرعی ہی ہے۔ چنانچہ اسی کے صفحہ ۴۷۳ میں علامہ شامی تحریر فرماتے ہیں:

---

[۱] رد المحتار: جلد اول، صفحہ ۲۷۳، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

قـد وقـع فـی عبـارات الـفقهاء ان الوقت المکروه هو انتصاف النهار الی ان تزول الشـمـس ولا یـخـفـی ان زوال الشمس انما هو عقیب انتصاف النهار بلا فصل و فی هذا القدر من الزمان لا یمکن اداء صلاۃ فلعل المراد انه لا تجور الصلوۃ بحیث یقع جزء منها فـی هذا الزمان اوالمراد بالنهار هوالنهار الشرعی. و هو من اول طلوع الصبح الی غروب الشـمس و علی هذا یکون نصف النهار قبل الزوال بزمان یعتدبه اسماعیل ونوح وحموی وفی القنیة واختلف فی وقت الکراهة عند الزوال فقیل من نصف النهار إلی الزوال لروایة أبـی سـعیـد عـن النبی ﷺ أنه نهی عن الصلاۃ نصف النهار حتی تزول الشمس قال رکن الدین الصباغی وما أحسن هذا لأن النهی عن الصلاۃ فیه یعتمد تصورها فیه [۱]

(ترجمہ: فقہائے کرام کی عبارات میں ہے کہ مکروہ وقت نصف النہار سے لے کر سورج کے زوال تک ہے۔ا ور یہ مخفی نہیں ہے کہ سورج کا زوال نصف النہار کے متصل بعد ہوتا ہے۔(اور اگر مراد عرفی دن کا نصف ہو تو) وقت کی اتنی قلیل مقدار میں کوئی سی نماز بھی ادا کرنا بھی ممکن نہیں۔تو شاید اس سے مراد اس وقت میں نماز جائز نہیں ہے یہ ہے کہ نماز کا کوئی حصہ اس وقت میں نہ پایا جانا چاہئے یا پھر دن سے مراد شرعی دن ہے جو کہ صبح صادق کے طلوع سے لے کر سورج کے غروب ہونے تک ہوتا ہے۔تو اس صورت میں نصف النہار زوال سے اتنے پہلے وقت میں ہوگا جس کو شمار کیا جاسکتا ہے۔اسماعیل 'نوح' حموی۔اور قنیہ میں ہے کہ زوال کے وقت کی مقدار میں اختلاف ہے۔بعض علماء نے فرمایا کہ یہ وقت نصف النہار سے لے کر زوال تک ہے کیوں کہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے حضور نبی کریم ﷺ سے روایت کی ہے کہ آپ نے نصف النہار سے لے کر سورج کے زائل ہونے تک نماز ادا کرنے سے منع فرمایا ہے۔امام رکن الدین صباغی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا یہ وضاحت کتنی خوب ہے کیوں کہ ایسے وقت میں نماز سے منع کیا گیا ہے جس کی مقدار میں نماز کی ادائیگی کا تصور

---

[۱] رد المحتار: جلد اول' صفحہ ۲۷۳' مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

کیا جا سکتا ہے)

اور جمعہ کے دن جوازِ نماز کا قول بوقتِ زوال اور مکہ مکرمہ میں جوازِ نمازِ رکعاتِ طواف کا قول جمیع اوقاتِ مکروہ میں ضعیف ہے چنانچہ صفحہ ۱۵۱ جلد اول میں علامہ سرخسی نے تضعیف اس قول کی بہت تفصیل سے بیان کی ہے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## فتویٰ نمبر......62

## سوال

اگر تیسری رکعت میں بیٹھ کر التحیات پڑھنے لگے اور پھر یاد آئے تو کیا کرے؟
اگر بجائے دو کے تیسری رکعت پڑھنی شروع کر دے اور پھر یاد آ گیا تو کیا کرے فجر کی نماز میں ایسا ہو تو کیا کرے؟

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

دو رکعت والی نماز میں تیسری رکعت کو بجائے پانچویں رکعت سمجھ لینا چاہیے مگر چوں کہ طلوعِ صبحِ صادق سے طلوعِ کامل تک مطلقاً بجز دو سنت فجر کے قبل اداءِ فرض نفل۔ سنت پڑھنا مکروہ ہے اور ناجائز لہٰذا جب تیسری رکعت کا سجدہ کرنے کے بعد یاد آئے تو کیا کرے اس واسطے کہ اس صورت میں اگر قعدہ اخیرہ کر کے کھڑا ہوا تھا تو دو رکعت نفل بعد فرض پڑھے جائیں گے اور اگر قبل قعدہ اخیرہ کھڑا ہوا تھا اور بعد سجدہ کر لینے تیسری رکعت کے یاد آیا اور چار پوری کر کے سجدہ سہو کر لیا تو ساری چاروں رکعت نفل ہو جائے گی۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ صبحِ صادق سے طلوعِ آفتاب تک قصداً نوافل پڑھنا مکروہ ہے۔ اور بلا قصد سہواً اگر پڑھے تو کچھ حرج نہیں۔ اللہ جل شانہ اس کو ثوابِ نوافل بلاشبہ عطا فرمائے گا۔ اس واسطے ان اوقات میں اگر قصداً بھی نفل پڑھ لے گا ثوابِ نفل کا ضرور مستحق ہوگا۔ علیٰ ہذا القیاس اگر طلوع اور غروب اور ٹھیک دو پہر بلکہ ضحوی کبریٰ یعنی نصف النہار شرعی سے جو طلوعِ صبحِ صادق سے غروبِ آفتاب تک کا نصف ہوتا ہے ٹھیک دو پہر تک ☆، جن اوقات میں خواہ نفل، سجدہ تلاوت ہو یا نمازِ جنازہ ایسے اوقات میں بھی اگر نماز پڑھے گا نماز ہو جائے گی مگر گنہگار نافرمانی ممانعت کا بہر صورت رہے گا۔

چنانچہ صفحہ ۲۰۲ ہدایہ مصری مع الشروح الاربعۃ کے شرح کفایہ میں ہے:۔

(قولہ لا تجوز الصلوۃ عند طلوع الشمس) ھذ ابا طلاقہ لا تکاد تستقیم ویحتمل

Marfat.com

انہ اراد بقولہ لا تجوز الکراھۃ فیتناول الفرائض والنوافل لان الکراھۃ اذا کانت لمعنی فی الوقت توجب نقصانا فی الصلوۃ و انما لا یجوز الفرائض فیھا لانھا وجبت کاملۃ فلا تتاوی بالنقصان حتی یجوز عصر یومہ لانہ وجب ناقصا والنقصان سببہ فاذا لا منافاۃ بین الکراھۃ و عدم جواز الفرائض و یحتمل انہ اراد بہ قضاء الفرائض والواجبات کالوتر و سجدۃ التلاوۃ و جبت بتلاوۃ فی وقت غیر مکروہ فاما لو تلا آیۃ السجدۃ فیھا و سجدھا او حضرت جنازۃ فیھا فصلی علیھا تجوز مع الکراھۃ لانھا وجبت ناقصۃ فاداھا کما وجبت و فی شرح الطحاوی و لوا وجب علی نفسہ صلوۃ فی ھذہ الاوقات فالافضل ان یصلی فی وقت مباح و لو صلی فی ھذا الوقت یسقط عنہ و کذالک اداء التطوعات فی ھذا الوقت یجوز مع الکراھۃ [1]

(ترجمہ: قولہ: سورج کے طلوع ہونے کے وقت نماز جائز نہیں ہے۔ یہ مسئلہ اپنے اطلاق کے ساتھ درستی کے قریب نہیں ہے۔ لیکن ممکن ہے کہ صاحب ہدایہ رحمۃ اللہ عنہ نے لاتجوز سے مراد مکروہ ہونا لیا ہے۔ تو اس صورت میں یہ حکم فرائض اور نوافل دونوں کو شامل ہو جائے گا کیوں کہ اس وقت میں نماز ادا کرنے کی کراہت کا باعث وقت میں پایا جاتا ہے جو نماز کو ناقص بنا رہی ہے۔ فرض نمازوں کی ادائیگی ان اوقات میں اس لیے جائز نہیں ہے کہ یہ کامل واجب ہیں۔ اور نقصان کے ساتھ ادا کرنے سے ادا نہ ہوں گے حتی کہ اس دن کی عصر اس وقت جائز ہے کیوں کہ یہ واجب ہی ناقص ہوئی ہے اس کے نقصان کا سبب یعنی وقت ہے۔ اس تاویل سے کراہت اور فرائض کے عدم جواز میں منافات نہ رہی۔ ایک احتمال یہ بھی ہے کہ صاحب ہدایہ رحمۃ اللہ علیہ کی مراد فرائض کی قضا اور واجبات مثلاً وتر، سجدۂ تلاوت ہو جو غیر مکروہ وقت میں تلاوت کے باعث واجب ہوا ہو۔ لیکن اگر ان اوقات میں کسی نے آیت سجدہ کی تلاوت کی اور سجدہ کر لیا یا ان اوقات میں جنازہ آیا اس کی نماز ادا کر لی تو

---

[1] الکفایہ شرح الھدایہ : جلد صفحہ مطبوعہ

Marfat.com

کراہت کے ساتھ جائز ہے۔ کیونکہ یہ سجدہ اور نماز جنازہ ناقص ہی واجب ہوئی تھیں۔لہٰذا اسے اسی طرح ادا کرلیا جس طرح کی واجب ہوئی تھیں۔شرح الطحاوی میں ہے اگر کسی شخص نے ان اوقات میں نماز اپنے اوپر واجب کرلی تو افضل یہ ہے کہ مباح وقت میں ادا کرے۔اور اگر اس وقت ادا کرلی تو اس کی ادائیگی سے عہدہ برآ ہوجائے گا۔اور اسی طرح اس وقت میں نوافل کی ادائیگی بھی کراہت کے ساتھ جائز ہے)۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......63﴾

## سوال

نمازِ فجر ملنے کا گمان کامل نہ ہو تو سنتِ موکدہ مقتدی کو ترک کرنا واجب ہوگا کہ جماعت میں (ملنا) لازمی ہوگا۔ بعضے بتلاتے ہیں کہ جب فرض نہ ملنے کا یقین ہو تو سنت ترک کے شامل جماعت ہو جانا چاہئے۔ سنت بعد طلوع آفتاب ادا کرے۔ اگر خالی نیت باندھ کر بلا رکوع وسجود سلام پھیر کر شامل فرض ہو جائے ایسی شکل میں قبل طلوع سنت ادا ہوسکتی ہے۔ اور یہ مسئلہ شرح وقایہ کے حاشیہ کا بتلایا جاتا ہے۔ لہٰذا ان سب باتوں میں کونسا مسئلہ صحیح ہے؟

## الجواب

☆ جب خوف، جماعت سے فرض نہ ملنے کا ہو، سنت ضرور ترک کردی جائے۔ اور سنت قضا نہیں کی جاتی لہٰذا بعد طلوعِ آفتاب اس جرمانہ میں دو چار چھ جتنی چاہے نفلیں پڑھ لے۔ اور اسی واسطے بعد نمازِ فرض تا طلوعِ آفتاب چونکہ نفل پڑھنا مکروہ ہے۔ ان سنتوں کے عوض اگر پڑھنا چاہے قبلِ طلوع نہیں پڑھ سکتا۔ اور یہ بعض فقہا نے لکھا کہ سنت کی نیت کرکے توڑ دے تاکہ اس کا ادا کرنا واجب ہو جائے بوجہ توڑ دینے کے یہ سنت واجب ہو جائے گی۔ بعد ادائے فرض قبلِ طلوع ان کا ادا کرنا بھی جائز ہو جائے گا مگر یہ قول مردود ہے اور نا قابلِ عمل بوجہ برائی شروع کرنے عبادت کے توڑ دینے کی نیت سے چنانچہ صفحہ ۱۴۴ ہدایہ مع الشروح الاربعۃ میں ہے۔

و من انتهى الى الامام فى صلوة الفجر و هو لم يصل ركعتى الفجر ان خشى ان تفوته ركعة و يدرك الاخرى يصلى ركعتى الفجر عند باب المسجد ثم يدخل لانه امكنه الجمع بين الفضيلتين و ان خشى فوتهما دخل مع الامام لان ثواب الجماعة اعظم والوعيد بالترك الزم[1].

---

[1] الهدايه مع فتح القدير وغيره  جلد ۱/ صفحه ۳۳۹/ مطبوعه مصر

Marfat.com

(ترجمہ: جو شخص نمازِ فجر میں امام کے پاس پہنچا لیکن اس نے ابھی فجر کی دو رکعت سنت ادا نہیں کی۔ اگر اسے خوف ہو کہ ایک رکعت جماعت کے ساتھ فوت ہو جائے گی اور دوسری رکعت امام کے ساتھ پالے گا تو مسجد کے دروازے کے پاس فجر کی دو رکعت سنت ادا کرے پھر اندر آئے۔ کیوں کہ اس کے لیے دونوں فضیلتوں یعنی سنت کی ادائیگی اور با جماعت نماز کو جمع کرنا ممکن ہے۔ اور اگر اسے خوف ہو کہ دونوں رکعتیں فوت ہو جائیں گے تو امام کے ساتھ نماز میں شامل ہو جائے کیوں کہ جماعت کا ثواب بڑا ہے اور اسے ترک کرنے کی وعید زیادہ پختہ ہے)

قال ابن کمال رحمه الله فی شرحه المسمی بفتح القدیر:

الحاصل انه اذا أمکن الجمع بین الفضیلتین ارتکب و الارجح و فضیلة الفرض بجماعة اعظم من فضیلة رکعتی الفجر و لو کان یرجو ادراکه فی التشهد قیل هو کادراک الرکعة عندهما و علی قول محمد لا اعتبار به کما فی الجمعة والوجه اتفاقهم علی صلوة الرکعتین هذا بما سنذکر و ما عن الفقیه اسماعیل الزاهد انه ینبغی ان یشرع فی رکعتی الفجر ثم یقطعها فیجب القضاء فیتمکن من القضاء بعد الصلوة و دفعه الامام السرخسی بان ما وجب با لشروع لیس باقوی مما وجب بالنذر و نص محمد ان المنذور لا یودی بعد الفجر قبل الطلوع وایضا شروع فی العبادة بقصد الافساد[۱] انتهی مختصرا۔

(ترجمہ: خلاصہ یہ ہے کہ جب اس کے لیے دونوں فضیلتوں کو جمع کرنا ممکن ہو تو کرے ورنہ ترجیح دے دے اور فرض کو با جماعت ادا کرنے کی فضیلت فجر کی دو سنتوں سے بڑھ کر ہے اور اگر اسے امید ہو کہ امام کو تشہد میں پالے گا تو بعض علماء نے فرمایا کہ یہ ایک رکعت پالینے کی مانند ہے اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے قول کی رو سے تشہد

---

[۱] فتح القدیر: جلد ۱، صفحہ ۳۳۹ مطبوعہ مصر

Marfat.com

کو پانے کا کوئی اعتبار نہیں ہے جس طرح کہ جمعہ میں ہے۔ مقصودِ کلام یہ ہے کہ اس موقع پر ادا یا قضا کے طور پر دو رکعت ادا کرنے پر اتفاق ہے۔ جیسا کہ ہم عنقریب ذکر کریں گے اور امام فقیہ اسماعیل زاہد رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ ایسی صورت میں مناسب یہ ہے کہ فجر کی دو رکعت سنتوں کو شروع کر کے توڑ ڈالے اس طرح ان کی قضا واجب ہو جائے گی تو اسے وقت کے فرض نماز کے بعد ادا کرنے کے قدرت حاصل ہو جائے گی لیکن امام سرخسی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تردید یوں کی ہے کہ شروع کرنے کے بعد جو نفل یا سنت نماز واجب ہوتی ہے وہ نذر مانی ہوئی نماز سے زیادہ قوی نہیں ہے۔ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے نص فرما دی ہے کہ نذر مانی ہوئی نماز فجر کی نماز کے بعد سورج کے طلوع ہونے سے پہلے ادا نہ کی جائے۔ نیز اس صورت میں عبادت کو فاسد کرنے کی نیت سے شروع کرنے کی خرابی بھی لازم آتی ہے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی

فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......64﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ جوشخص تراویح نہ پڑھے وہ گناہ گار ہے یانہیں۔

۲۵ رمضان المبارک ۳٦ھ

نئے خان تیکونیہ بازار آگرہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

تراویح سنتِ موکدہ ہے لہٰذا جس طرح فجر کی دوسنتیں اور ظہر کی چھ سنتوں کا چھوڑنا جائزنہیں اسی طرح تراویح کا چھوڑنا بھی جائزنہیں۔ چنانچہ صفحہ ۱۴۵ جلددوم مبسوط امام شمس الائمہ سرخسی رحمہ اللہ میں ہے

فی بیان کون التراویح سنة متوارثة أم تطوعا مطلقة متبداء ة اختلفوا فیها و ینقطع الخلاف بروایة الحسن عن ابی حنیفة رحمهما الله ان التراویح سنة لا یجوز ترکها لان النبی ﷺ اقامها ثم بین العذر فی ترک المواظبة علی ادائها بالجماعة فی المسجد وهو خشیة أن تکتب علینا وواظب علیها الخلفاء الراشدون رضی الله عنهم و قد قال النبی ﷺ علیکم بسنتی و سنة الخلفاء الراشدین من بعدی و ان عمر رضی الله عنه صلاها بالجماعة مع اجلاء الصحابة فرضی به علی رضی الله عنه حتی دعا له بالخیر بعد موته کما و رد و امر به فی عهده ۔[1]

---

[1] المبسوط : جزء ثانی، صفحه ۱۴۵ دار المعرفه بیروت

Marfat.com

(ترجمہ: تراویح کے متوارث سنت یا نئے سرے سے مطلقاً نفل نماز ہونے کے بارے میں علماء نے اختلاف فرمایا ہے حضرت امام حسن رحمۃ اللہ علیہ کی حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کے ساتھ یہ اختلاف منقطع ہوجاتا ہے کہ آپ نے فرمایا تراویح سنت ہے۔اس کا ترک کرنا جائز نہیں ہے۔ کیوں کہ نبی اکرم ﷺ نے اسے قائم فرمایا ازاں بعد اس کی مسجد میں جماعت کے ساتھ ادائیگی پر مواظبت کرنے کے بارے میں عذر بیان فرمایا کہ خوف تھا کہ وہ ہم پر کہیں فرض نہ ہوجائیں۔ حضرات خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم نے ان کی ادائیگی پر مواظبت فرمائی۔ اور نبی پاک ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ تم میری اور میرے بعد خلفائے راشدین کی سنت کو لازم پکڑو۔ نیز حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اسے جلیل القدر صحابہ کرام کے ساتھ جماعت کے ساتھ ادا فرمایا ہے تو اس پر حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ راضی ہوئے اور ان کے وصال کے بعد ان کے لیے دعائے خیر فرمائی جس طرح کہ وارد ہے اور اپنے زمانہ خلافت میں اسے قائم رکھنے کا حکم دیا)

لہٰذا تارکِ تراویح اتنا گناہ گار ہے جتنا تارکِ سنت گناہ گار ہوتا ہے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 65﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ کے متعلق کہ اگر کوئی مصلی امام کے ساتھ فجر کی نماز میں شریک ہو جائے بوجہ نہ پانے وقت کے سنت چھوڑ جائے تو اس کو بعد ادا فرضوں کے سنت کی قضا ہے یا نہیں؟ اگر ہے کس ترتیب اور ترکیب کے ساتھ ہے؟ اس میں اپنے مذہب کے مسائل اور مذہب جو کہ ادا کرنے کے قائل ہیں مسائل لکھنا چاہیے معہ علت اور دلیل کے۔

۱۸ شوال ۳۶ھ

خان ملا پیش امام مسجد رنگ ریزان راجہ منڈی

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صبح کی سنتیں اگر کسی وجہ سے فوت ہو جائیں تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تو ان کی قضا نہ قبل طلوعِ آفتاب کے جائز ہے اور نہ بعد طلوع۔ البتہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بعد طلوعِ آفتاب، قبلِ زوال اگر قضا کر لی جائے تو ثواب سنت ہی کا مل جائے گا۔ اور شیخین کے نزدیک چوں کہ حضور سرور ﷺ سے ممانعتِ قضائے سنتِ فجر حدیثِ مسلم سے ثابت ہے لہٰذا ان کے نزدیک بعد طلوعِ آفتاب کوئی اگر پڑھے تو نفل ہو جائیں گے نہ کہ سنت۔ البتہ اگر مع فرض فجر کے سنت بھی قضا ہو گئی ہوں تو بالاتفاق بعد طلوعِ آفتاب فرض وسنت دونوں قضا کیے جائیں گے۔

چنانچہ صفحہ ۱۶۱ جلد اول مبسوط علامہ شمس الائمہ سرخسی رحمہ اللہ میں ہے:

و لو صلی الرجل الفجر ثم ذکر انه لم یصل رکعتی الفجر لم یقضهما فی قول ابی حنیفة و ابی یوسف رحمهما الله تعالیٰ و قال محمد رحمه الله احب الی ان یقضیها اذا

Marfat.com

ارتـفـعـت الشـمـس. اما سائر السنن اذا فاتت عن موضعها لم تفض عندنا خلافا للشافعی رضی الله عنه و دلیلنا حدیث ام سلمة رضی الله عنها حین قالت لرسول اللهﷺ انقضیها نـحـن فـقـال لا. و لان السـنـة عبـارـة عـن الاقـتـداء برسول اللهﷺ فی ما تطوع به وهذا الـمـقـصـود لا یحصل بالقضاء بعد الفوات. وهی مشروعة للفصل بین الاذان والاقامة فلا یـحصل هذا بالقضاء بعد الفراغ من المکتوبة. فاما سنة الفجر فلو فاتت مع الفجر قضاها معه استحسانا لحدیث لیلة التعریس ☆فان النبیﷺ صلی رکعتی الفجر ثم صلی الفجر و لان هـذه السـنـة مـن الـقـوة ما لیس لغیرها. ☆قالﷺ صلوها فان فیهما الرغائب و ان انفردت بالفوات لم تقض عند ابی حنیفة و ابی یوسف رحمهما الله تعالیٰ لان موضعها بین الاذان والاقـامة و قدفات ذلک بالفراغ من الفرض و عند محمد رحمه الله تعالیٰ یقضیها اذا ارتـفـعـت الشـمـس قبل الزوال هکذا روی عن ابن عمر رضی الله عنهما و لان ما قبل الزوال فی حکم اول النهار و عند الشافعی رحمه الله یقضیها قبل طلوع الشمس بناء علی اصله فی الصلوات لها سبب . والله سبحانه و تعالی اعلم.[1]

ترجمہ: اگر کسی شخص نے فجر کی نماز ادا کی۔ پھر اسے یاد آیا کہ اس نے فجر کی دو رکعت سنتیں ادا نہیں کیں۔ تو امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ان دونوں رکعتوں کی قضا نہ کرے۔ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا مجھے پسند یہ ہے کہ جب سورج بلند ہو جائے تو ان کو قضا کر ے۔ لیکن اس کے علاوہ باقی سنتیں جب اپنے موقع سے رہ جائیں تو ان کو قضا نہیں کیا جائے گا۔ اس میں حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف ہے۔ ہماری دلیل ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی یہ حدیث ہے کہ جب آپ رضی اللہ عنہا نے حضور نبی کریم ﷺ سے دریافت فرمایا کیا ہم ان کی قضا کریں تو فرمایا نہیں۔ نیز (اس

---

[1] المبسوط: جلد ۱، صفحہ ۱٦۱، ۱٦۲، دار المعرفہ بیروت

Marfat.com

کی عقلی دلیل یہ ہے کہ) سنت سے مراد نوافل میں نبی کریم ﷺ کی اقتداء ہے۔ اور یہ مقصد سنتوں کے فوت ہونے کے بعد قضاء سے حاصل نہیں ہوسکتا۔ اور یہ اذان اور اقامت کے مابین فصل کے لیے مشروع ہیں لہٰذا یہ مقصد فجر کی نماز کی ادائیگی کے بعد حاصل نہیں ہوسکتا۔ مگر فجر کی سنتیں جب فجر کے فرضوں سمیت فوت ہوجائیں تو ان کو فرضوں سمیت استحساناً قضا کرے کیوں کہ حدیث لیلۃ التعریس میں ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے پہلے فجر کی دو رکعت سنتیں ادا فرمائیں اور اس کے بعد فجر کے فرض ادا فرمائے۔ نیز ان سنتوں میں اتنی قوت ہے جو دوسری سنتوں میں نہیں ہے۔ ☆ نبی پاک صاحبِ لولاک ﷺ نے فرمایا ان سنتوں کو پڑھو کیوں کہ ان میں عطیات ہیں۔ اور اگر صرف یہ سنتیں فوت ہوں تو امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ان کی قضاء نہ کرے۔ کیوں کہ ان کی ادائیگی کا مقام اذان اور اقامت کے درمیان ہوتا ہے۔ اور جب فرض سے فارغ ہوچکا تو وہ موقع فوت ہوگیا۔ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جب سورج بلند ہوجائے تو ان کو قضا کرے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اسی طرح مروی ہے۔ کیوں کہ زوال سے پہلے وقت کا حکم دن کے آغاز کا ہوتا ہے۔ لیکن امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک سورج کے طلوع ہونے سے قبل ان کی قضاء کرے ان کا یہ حکم مبنی ہے اس اصل پر کہ نمازوں کے اسباب ہیں (اور جب سبب موجود ہوں ان کو ادا کیا جاسکتا ہے)

علاوہ بریں دلیلِ شیخین رحمہما اللہ غالباً یہ حدیث ہے جو مشکوٰۃ شریف مطبوعہ مطبع اسلامی لاہور کے صفحہ ۹۴ باب اوقاتِ نہی میں بروایتِ بخاری و مسلم مروی ہے۔

☆ عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ لا صلوۃ بعد الصبح حتی ترتفع الشمس ولا صلوۃ بعد العصر حتی تغیب الشمس [1]

(ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ صبح کے بعد سورج کے بلند ہوجانے تک اور عصر کے بعد سورج کے غروب ہوجانے تک نماز (نفل) درست نہیں ہے)

---

[1] مشکوۃ المصابیح : صفحہ ۹۴، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ، ملتان۔

Marfat.com

اور یہ جو ترمذی شریف مطبع مجتبائی دہلی کے صفحہ ۵۷ جلد اول حضرت قیس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

☆ قال خرج رسول الله ﷺ فاقيمت الصلوة فصليت معه الصبح ثم انصرف النبي ﷺ فوجدني اصلي فقال مهلا يا قيس اصلاتان معا فقلت يارسول الله ﷺ اني لم اكن ركعت ركعتي الفجر قال فلا اذن [1]

☆(ترجمہ: حضرت قیس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی پاک ﷺ باہر تشریف لائے۔ اقامت کہی گئی۔ میں نے آپ ﷺ کے ساتھ صبح کی نماز ادا کی۔ پھر نبی اکرم ﷺ واپس آئے اور مجھے نماز پڑھتے دیکھا۔ فرمایا اے قیس رک جاؤ۔ کیا دو نمازیں اکٹھی ادا کر رہے ہو؟ میں نے عرض کی میں نے فجر کی دو رکعت سنت ادا نہیں کی تھیں۔ اس پر آپ نے فرمایا اب نہیں)

اول تو یہ حدیث مرسل ہے اور علامہ قاری رحمہ اللہ مرقات میں تحریر فرماتے ہیں

سياتي ان الحديث لم يثبت فلا يكون حجة على ابي حنيفة رحمه الله [2]

(ترجمہ: عنقریب یہ بات آرہی ہے کہ یہ حدیث ثابت نہیں ہے لہٰذا یہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے خلاف حجت نہیں بن سکتی)

و قال ابو عيسى الترمذي و اسناد هذا الحديث ليس بمتصل [3]

(ترجمہ: حضرت امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند متصل نہیں ہے)

علاوہ بریں ظاہر معنے "فلا اذن" کے یہی ہوتے ہیں کہ حضور سرورِ عالم ﷺ نے میری یہ عرض سن کر کہ میں نے دو سنت فجر کی نہیں پڑھی تھی اور شریک جماعت ہو گیا تھا فرمایا "فلا اذن" یعنی پس اس وقت نہ۔

---

[1] جامع الترمذی : صفحہ ۱۱۴ ، حدیث رقم ۴۲۲ ، مطبوعہ دار السلام للنشر والتوزیع الریاض.

[2] مشکوۃ المصابیح : صفحہ ۹۵ ، حاشیہ نمبر ۳ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ، ملتان

[3] i. جامع الترمذی : صفحہ ۱۴۴ دار السلام للشر والتوزیع الریاض

ii. مشکوۃ المصابیح : صفحہ ۹۵ ، حاشیہ نمبر ۳ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ، ملتان

Marfat.com

یعنی اگر ان سنتوں کو پڑھنا ہی ہے تو اس وقت نہ پڑھو بلکہ بعد طلوع آفتاب کے پڑھنا۔

چنانچہ اس کی مصرح دوسری حدیث ترمذی مذکورہ کے اسی صفحہ میں ہے

☆ عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ من لم یصل رکعتی الفجر فلیصلھما بعد ما تطلع الشمس[1]

☆ (ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جس نے فجر کی دو رکعت سنت نہ پڑھی ہو اسے چاہئے کہ سورج طلوع ہو چکنے کے بعد انہیں پڑھ لے)

بناء علیہ امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ

واحب ان یقضیھما بعد طلوع الشمس[2]

(ترجمہ: مجھے پسند ہے کہ فجر کی سنتوں کو سورج کے طلوع ہونے کے بعد قضا کرے)

ورنہ یہ حدیث بھی بمقابلہ اس حدیث کے جس کی بنا پر شیخین فرماتے ہیں کہ مجرد سنتِ فجر نہ قبل طلوع شمس قضا کی جائیں نہ بعد طلوع ضعیف ہے۔ کما ھو ظاھر من کلام الترمذی رحمہ اللہ حیث قال

ولا یعلم احد روی ھذا الحدیث عن ھمام بھذا الاسناد نحو ھذا الاعمرو بن عاصم الکلابی[3]

(ترجمہ: حضرت عمر بن عاصم کلابی کے سوا کسی ایسے شخص کے بارے میں علم نہیں جس نے اس حدیث کو حضرت ہمام رحمۃ اللہ علیہ سے اس سند کے ساتھ اس طرح روایت کیا ہو) فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبر آباد

---

[1] جامع الترمذی: صفحہ ۱۱۴، حدیث رقم ۴۲۳، مطبوعہ دار السلام للنشر والتوزیع الریاض۔

[2] المبسوط: جلد ۱، صفحہ ۱۶۱، دار المعرفہ بیروت

[3] جامع الترمذی: صفحہ ۱۱۴، ۱۱۵، مطبوعہ دار السلام للنشر والتوزیع الریاض۔

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......66﴾

## سوال

وتر واجب رمضان میں اول رکعت میں انا انزلناہ پڑھا اور دوسری میں تبت یدا پڑھا اور تیسری میں قل ھو اللہ پڑھا وتر کی دوسری رکعت میں بجائے قل یاایھا الکافرون کے تبت یدا پڑھنے سے نماز ہوئی یا نہیں؟

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وتر میں اکثر آنحضرت ﷺ اول رکعت میں سبح اسم دوسری میں قل یا ایھا الکفرون اور تیسری رکعت میں قل ھو اللہ تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ لہٰذا ان سورتوں کا پڑھنا مستحب ہے۔ اور اگر کوئی انا انزلنا اور تبت یدا اور قل ھو اللہ سے یا کسی اور سورت سے پڑھ لے جب بھی (نماز) وتر بلا کراہت ہو جائے گی کوئی حرج نہیں۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 67﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ امام نے تیسری رکعت میں ایک آیت الحمد شریف کی جہر سے پڑھی۔ اور مقتدی کے لقمہ دینے سے آہستہ شروع کی۔ آیا سجدہ سہو لازم آیا یا نہیں؟۔ **بینوا وتوجروا**

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

سجدہ سہو کا ترک کر دینے کسی واجب کے واجباتِ نماز سے یا تاخیرِ واجب یا تاخیر فرض سے واجب ہوتا ہے۔ چنانچہ صفحہ ۵۴۵، ۵۴۶، ۵۴۷ درمختار مطبوعہ علی ہامش ردالمحتار مصری میں ہے

**سجود السھو یجب بعد سلام واحد عن یمینه فقط سجدتان و تشھد و سلام بترک واجب مما مر فی صفة الصلوة سھوا و ان تکرر کرکوع قبل قراۃ[1] الخ مختصرا**

(ترجمہ: سجدہ سہو صفت صلوۃ میں مذکور واجبات میں کسی واجب کے سہو کے ساتھ ترک ہو جانے سے واجب ہوتا ہے۔ اگرچہ وہ تکرار کے ساتھ ہو۔ جیسا کہ قراءت سے پہلے رکوع کرنا' سجدہ سہوہ صرف دائیں جانب ایک سلام کے ساتھ دو سجدوں' تشہد اور سلام کے ساتھ ادا ہوتا ہے)

اور ظاہر ہے ہر آیتِ الحمد بقولِ احوط واجب مستقل ہے۔ لہٰذا اگر ایک آیت الحمد بھی سہوا چھوڑ دی سجدہ سہو واجب ہوگا۔

چنانچہ صفحہ ۳۳۸ درمختار مذکور میں ہے

**و فی المجتبی یسجد بترک آیة منھا (ای الفاتحة) وھو اولی قلت علیه فکل آیة واجبة[2]**

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد اول' صفحہ ۵۴۵' ۵۴۶' ۵۴۷ 'مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ.

[2] الدر المختار مع رد المحتار: جلد اول' صفحہ ۳۳۸' مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ.

Marfat.com

(ترجمہ: سورۃ فاتحہ کی ایک آیت کے ترک سے سجدہ سہو کرے۔ یہی اولیٰ قول ہے۔ میں کہتا ہوں اس سے ثابت ہوا کہ اس کی ہر آیت ایک علیحدہ واجب ہے یہ المجتبیٰ میں ہے)

☆ اور جہر جب جہری نماز میں امام پر واجب ہے لامحالہ ہر آیت الحمد کا جہر واجب ہوگا۔ اور اگر ایک آیت کا جہر ترک ہو جائے گا لازم آئے گا یا کل الحمد کا۔ لہٰذا اگر آیت الحمد سے سری میں جہراً پڑھی جائے گی علی ہذا اگر امام جہری میں سراً پڑھے گا ضرور اس پر سہو واجب ہوگا۔

حررہ: العبد الراجی ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی

المفتی فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

# ﴿فتویٰ نمبر......68﴾

## سوال

اگر چار رکعت پڑھنے ہوں اور دوسری رکعت میں التحیات معہ درود پڑھ لیا تو کیا کرنا چاہئے۔

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

☆ یہ کلیہ ہے کہ ترکِ واجب اور تاخیرِ فرض اور واجب سے سجدہ سہو واجب ہوتا ہے۔ اور سجدہ سہو کر لینے سے نقصان ترکِ واجب یا تاخیرِ فرض پورا ہوتا ہے۔ اسی واسطے بصورتِ ترکِ سجدۂ سہو اس نقصان کے پورا کرنے کے واسطے اس نماز کا اعادہ واجب ہوتا ہے۔ ☆ لہٰذا چار رکعت والی نماز میں چونکہ بعد التحیات کھڑا ہو جانا فرض ہے اور بوجہ پڑھنے درود پاک کے بقدر اللھم صل بھی فرض میں تاخیر ہو جاتی ہے سجدہ سہو واجب ہو جاتا ہے خواہ درود پڑھنے خواہ اللھم صل [!] ہی کہہ کر یاد آتے ہی کھڑا ہو جائے۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

---

[!] صاحب الدر المختار نے علامہ زیلعی کے حوالہ سے فرمایا کہ اصح یہ ہے کہ اللھم صل علی محمد سے سجدہ سہو واجب ہوگا۔ اس کی عبارت یوں ہے۔

وتاخیر قیام ای الثالثۃ بزیادۃ علی التشھد بقدر رکن وقیل بحرف وفی الزیلعی الأصح وجوبہ باللھم علی محمد ۔ الدر المختار مع رد المحتار جلد اول صفحہ ۸۴۵ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ۔ بہار شریعت میں بھی صاحب در مختار کا ارشاد نقل کیا گیا ہے۔

محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ

Marfat.com

# ﴿فتویٰ نمبر......69﴾

## سوال

اگر پہلی رکعت میں التحیات پڑھنی شروع کر دے تو کیا کرے؟ اگر تیسری یا پہلی رکعت میں سلام پھیر دے تو کیا کرے؟ اور اچھی طرح یاد نہ ہو یعنی شبہ ہو تو کیا کرے؟

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

☆ اگر پہلی یا تیسری رکعت میں پوری التحیات یا ایک دو کلمہ پڑھ لیا یا بھول کر سلام پھیر دیا تو بوجہ تاخیر فرض بعد پوری کرنے نماز کے سجدہ سہو واجب ہوگا۔ اور اگر اس امر میں شک ہو کہ پہلی رکعت ہے یا دوسری علیٰ ہذا تیسری ہے یا چوتھی تو اس کو چاہئے کہ سوچے اور جس امر کا ظن غالب ہو اسی پر بنا کرے۔ اور اگر دونوں جانب سے کسی طرف ظن غالب نہ ہو بلکہ دو طرفہ برابر شک ہے کہ نہیں معلوم پہلی ہے یا دوسری علی ھذا تیسری ہے یا چوتھی تو پہلی ہی رکھے۔ علیٰ ھذا تیسری ہی سمجھے مگر اس پہلی میں بیٹھ کر التحیات پڑھے اور اسی طرح تیسری میں بھی بیٹھ کر التحیات پڑھے پھر دوسری علی ھذا چوتھی رکعت التحیات درود دعا پڑھ کر سلام پھیر کر سجدہ سہو کر کے پھر التحیات درود دعا پڑھ کر سلام پھیر دے۔ اس واسطے کہ اگر فی الواقع وہ دوسری تھی تو بیچ کا قعدہ جو واجب ہے ادا ہو گیا۔ اور اگر چوتھی تھی تو قعدہ فرض ادا ہو گیا۔ اور ایک رکعت زائد پڑھنے سے جو خروج عن الصلوۃ میں یعنی سلام پھیرنے میں جو تاخیر ہوئی تھی اس کا نقصان سجدۂ سہو سے جاتا رہا۔ علیٰ ہذا بصورت ہونے اس پہلی رکعت کے دوسری حقیقتاً۔ اگر یہ تیسری میں اس کو دوسری سمجھ کر بیٹھا اور پھر ضرور ہے کہ تیسری میں بیٹھے اس واسطے کہ وہ فی الواقع چوتھی ہوگی۔ اور قعدہ اخیرہ فرض ہے۔ تو پھر چوتھی پڑھے گا اور فی الواقع وہ پانچویں ہوگی سجدہ سہو آخر میں کرنے سے یہ سارے نقصان سے نکل جائیں گے اور نماز کامل ہو جائے گی۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......70﴾

### سوال

پائجامہ یا تہ بند ٹخنوں کو چھپاتا ہوا جائز ہے اور نماز ہو جائے گی یا مکروہ؟ مرد کو اس کا پہننا جائز ہے یا نہیں؟

### الجواب

پائجامہ یا تہ بند ٹخنوں تک ہو تو جائز ہے مگر ٹخنوں سے نیچے مکروہ ہے اور نماز بھی مکروہ۔ حدیث ابوداؤد میں ہے۔

**ا ن اللہ جل ذکرہ لا یقبل صلوۃ رجل مسبل ازارہ** [1]

☆ (ترجمہ: بلاشبہ اللہ تعالی اس آدمی کی نماز قبول نہیں فرماتا جو اپنا تہ بند لٹکائے)

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم غفرلہ

[1] سنن ابی داؤد جلد اول صفحہ ۲۱۲ حدیث رقم ۶۳۸ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......71﴾

### سوال

بعد نماز گوشۂ جانماز کو لوٹ دینا دیکھا گیا ہے اس کی شرع میں کہاں تک اصل ہے۔

### الجواب

بعد نماز گوشۂ جانماز کو لوٹ دینا کسی معتبر کتاب میں نظر سے نہ گزرا۔

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

﴿فتوی نمبر......72﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مسلمان کلمہ گو اہلِ سنت و جماعت قوم شیخ پیشہ خاک روبی کرتے ہیں۔ آیا یہ لوگ مسجد میں نماز جماعت سے یا علیحدہ پڑھ سکتے ہیں یا نہیں اور مسجد ہذا کے پانی سے وضو کر سکتے ہیں یا نہیں۔ شرع شریف کیا حکم دیتا ہے؟

سائل: علیم الدین گھڑی ساز کناری بازار آگرہ

۱۰ ستمبر ۱۹۱۶ء

## الجواب

**بسم اللہ الرحمن الرحیم.**

**اللھم رب زدنی علما.**

ہر مسلمان سنی حنفی ہر ایک مسجد میں استحقاق نماز پڑھنے کا اور مسلمانوں کے ساتھ کھانے پینے کا استحقاق رکھتا ہے۔ خواہ وہ خاک روبی پیشہ کرے خواہ پاخانہ اٹھائے۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ جب مسجد میں آئے پاک صاف ہو کر آئے۔ اور نہ ایسی چیز کھا کر جس کی بو سے مسلمانوں کو ایذا پہنچے جیسے پیاز لہسن۔ اگر بسند (بدبو) ہے مسجد میں آئے مکروہ ہے۔ حضور سرور عالم ﷺ فرماتے ہیں۔

**من اکل من ھذہ الشجرۃ فلا یقربن مسجدنا[1]**

---

[1] (الف) صحیح البخاری جلد ۱ صفحہ ۲۱۶ مطبوعہ دار الفکر

(ب) صحیح مسلم المساجد/۱۷ مطبوعہ عیسی الحلبی

(ج) سنن ابی داؤد کتاب الاطعمہ حدیث رقم ۴۱

وغیرھا کتب الأحادیث تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو موسوعۃ اطراف الحدیث النبوی

جلد ۸ صفحہ ۱۴۰ تا ۱۴۳ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

☆ یعنی وہ شخص جو اس درخت یعنی پیاز لہسن سے کھائے بلاشبہ ہماری مسجد میں نہ آئے۔

علی ہذا جس کے بغل گندہ یا مونہ کی بدبو یا کوڑہ یا گنج وغیرہ سے لوگوں کو تکلیف ہو اگر وہ بسند (بدبو) سے ہو لوگ پریشان ہوتے ہوں اس کی جماعت اور حاضری مسجد معاف ہے۔ اور جب کچھ نہیں تو بھنگی چمار مسلمان سنی حنفی کو مسجد میں وضو کرنے پانی پینے نماز پڑھنے کا حق حاصل ہے۔ جو ایسے مسلمان کو فقط بوجہ خاک روبی کے نماز پڑھنے سے منع کرے سخت گناہگار ہے اور پیرو طریقِ کفارِ نابکار۔

حررہ

ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی

مفتی مسجد جامع آگرہ

Marfat.com

## ﴾فتویٰ نمبر......73﴿

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ جامع مسجد بھرت پور میں بروزِ جمعہ اکثر سائل اپنے کو غریب الوطن نادار مسافر اور ایسے الفاظ سے ملقب کر کے نمازیوں کی صف کے آگے پیچھے گشت لگا کر بآوازِ بلند سوال اپنی امداد کا زرِ نقد سے کرتے ہیں۔ ایسے وقت میں کوئی نمازی ادائے سنت میں کوئی اپنے دیگر اذکار میں مشغول ہوتے ہیں۔ آپ از روئے شریعت اطلاع بخشیں کہ ایسے وقت ان سائلان کو سوال کرنے سے باز رکھا جائے تو خلاف سنت ہوگا؟ بینوا توجروا

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

فقہائے کرام کے نزدیک تو مسجد میں سوال کرنا حاجت مند ہو یا غیر حاجت مند دونوں کو حرام ہے☆ اور مسجد میں سوال کرنے والے کو دینا مکروہ ہے۔ چنانچہ صفحہ ۴۸۸ جلد اول درمختار مطبوعہ مصر علی ہامش ردالمحتار میں ہے:

**و یحرم فیه السوال و یکره الاعطاء مطلقا و قیل ان تخطی**[۱]

☆(ترجمہ: مسجد میں مانگنا حرام ہے اور دینا مطلق مکروہ ہے بعض علماء نے فرمایا کہ اگر سائل لوگوں کی گردنوں کو پھلانگے تو دینا مکروہ ہے)

یعنی بعض فرماتے ہیں کہ اگر سائل مسجد میں صفوں پر کودتا اور صفوں کو چیرتا پھرے اور نماز پڑھنے والوں کو اور مسجد میں انتظارِ نماز میں بیٹھے ہوؤں کو تکلیف دے تو اس طرح سوال کرنا بھی حرام ہے اور ایسے سائل کو دینا

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۱ صفحہ ۴۸۸ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

بھی مکروہ ہے ورنہ دینے میں کوئی حرج نہیں۔اس واسطے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے حالتِ نماز میں سائل کو انگوٹھی نکال کردے دی اس پر اللہ نے ان کی تعریف فرمائی حیث قال اللہ

و یوتون الزکوۃ و هم راکعون[۱]

(ترجمہ: اور وہ زکوۃ ادا کرتے ہیں اس حال میں جب کہ وہ رکوع میں ہوتے ہیں)

چنانچہ درمختار مذکورہ میں صفحہ 296 جلد خامس کتاب الحظر والاباحۃ میں ہے

ویکره اعطاء سائل المسجد الا اذا لم یتخط رقاب الناس فی المختار کما فی الاختیار ومتن مواهب الرحمن لأن علیا رضی الله عنه تصدق بخاتمه فی الصلوة فمدحه الله بقوله ویوتون الزکوة و هم راکعون[۲]

(ترجمہ: مختار قول کی رو سے مسجد میں مانگنے والے کو دینا مکروہ ہے ہاں اگر وہ لوگوں کی گردنیں نہ پھلانگے تو مکروہ نہیں ہے جیسا کہ الاختیار اور مواہب الرحمٰن کے متن میں ہے۔ کیوں کہ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ نے دورانِ نماز اپنی انگشتری صدقہ کی تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی تعریف یوں فرمائی کہ یہ لوگ رکوع کی حالت میں صدقہ ادا کرتے ہیں)

قال الشامی رحمه الله :

قوله (الا اذا لم یتخط) ای ولم یمر بین یدی المصلین قال فی الاختیار فان کان یمر بین یدی المصلین و یتخطی رقاب الناس یکره لانه اعانة علی اذی الناس حتی قیل هذا فلس لا یکفره سبعون فلسا[۳].

(ترجمہ: قولہ: ہاں اگر لوگوں کی گردنیں نہ پھلانگے تو مسجد کے سائل کو دینا مکروہ نہیں۔یعنی نہ ہی وہ نمازیوں کے

---

[۱] القرآن المجید : سورة المائده : آیت ۵۵/

[۲] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۵ صفحه ۲۹۶ مکتبه رشیدیه کوئٹه

[۳] رد المحتار : جلد ۵ صفحه ۲۹۶ مکتبه رشیدیه کوئٹه

Marfat.com

آگے سے گذرے الاختیار میں ہے کہ اگر سوال کرنے والا نماز ادا کرنے والوں کے آگے سے گذرے اور لوگوں کی گردنوں کو پھلانگے تو اسے دینا مکروہ ہے کیوں کہ یہ لوگوں کو تکلیف پہنچانے پر اعانت ہے بعض علماء نے فرمایا کہ اس طرح دیئے ہوئے ایک پیسہ کے گناہ کا کفارہ ستر پیسے بھی نہیں ہو سکتے)

یعنی اگر سائل نمازیوں کے آگے سے نکل یا صفوں کو چیرتا اور ایذا دیتا پھرے تو اس کو ایک پیسہ دینے کے گناہ کا کفارہ اگر ستر پیسہ اللہ واسطے دے دے جب بھی نہیں ہو سکتا۔

بہر نہج جو سائل فی الواقع حاجت مند ہو اور قرینہ سے معلوم ہو کہ مجبور پریشان ہو کر سوال کرتا ہے یا قرینہ سے معلوم ہو کہ یہ سائل جو کرایہ ریل یا سواری مانگ رہا ہے بوجہ شدتِ مشقتِ سفر مانگتا ہے۔ اگر چہ پیدل چلنے پر قادر ہے یا جاڑوں میں بغیر سرمائی کے گزر کر سکتا ہے مگر بوجہ مشقتِ شاق سردی کے سوال کرتا ہے تو چونکہ اس کو سوال کرنا جائز ہے اگر مسجد میں سوال نہ کرے یا مسجد ہی میں کرے مگر اس طرح نہ کرے کہ صفوں کو چیرتا پھرے اور نمازیوں کو اس کے سوال سے ایذا نہ پہنچے اور لوگوں کے وردو وظائف اور نماز میں خلل انداز نہ ہو تو اس کو دینا بھی جائز ہے۔ بلکہ موجب ثواب ہے کما حققه الغزالی رحمه الله فی کتاب الفقر والزهد من الجزء التاسع لا حیاء العلوم فی صفحه306-307-308من احیاء المطبوعة علی هامش اتحاف السادة اور ایسی صورت پر محمول ہیں یہ حدیثیں۔

☆ قال النبی ﷺ للسائل حق و لو جاء علی فرس [۱]

(ترجمہ: مانگنے والے کا حق ہے اگر چہ گھوڑے پر سوار ہو کر آئے)

و قال النبی ﷺ لا یمنعن احدکم السائل ان یعطیه و ان کان فی یده قلبا من ذهب [۲]

---

[۱] i. احیاء علوم الدین : جلد ۴ صفحه ۳۲۷ مطبوعه دار الوعی حلب

ii. احیاء علوم الدین مع اتحاف السادة المتقین جلد ۱۱ صفحه ۵۹۴ دار الکتب العلمیه بیروت

[۲] اتحاف السادة المتقین جلد ۱۱ صفحه ۵۹۴ دار الکتب العلمیه بیروت

Marfat.com

(ترجمہ: تم میں کوئی بھی سائل کو ہرگز نہ روکے کہ اس کو کچھ دینا پڑے گا اگرچہ اس کے ہاتھ میں خالص سونا موجود ہو)

و قال علیہ السلام لو صدق السائل ما افلح من ردہ[۱]

(ترجمہ: سائل اگر سوال میں سچا ہو تو جس نے اس کو خالی لوٹا دیا اس نے فلاح نہ پائی)

حالانکہ صفحہ ۳۰۳ جلد تاسع اتحاف السادۃ المتقین شرح احیاء علوم الدین میں بہ نسبتِ حدیث اول منقول ہے کہ یہ حدیث بے اصل ہے۔ حیث قال صاحب الاتحاف رحمہ اللہ

عن احمد بن حنبل انه قال اربعة احادیث تدور فی الاسواق لیس لها اصل منها للسائل حق الخ[۲]

(ترجمہ: حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ چار احادیث بازاروں میں کثرت سے بولی جاتی ہیں لیکن ان کی کوئی اصل نہیں ہے ان میں پہلی ہے للسائل حق الخ۔)

اور حدیثِ ثانی کی نسبت تحریر فرماتے ہیں اس کی سند میں عثمان بن فائذ ضعیف ہیں[۳]۔

اور حدیث سوم کو بھی اگرچہ علامہ ابن المدینی سے نقل کرتے ہیں کہ ان کے نزدیک صحیح نہیں ہے[۴]

مگر تاہم یہ حدیث مفسر ہے پہلی دونوں حدیثوں کی خبر کی۔

خلاصہء مضمون دونوں احادیثِ مذکور اور نیز آیہ کریمہ

اما السائل فلا تنهر (سوالی کو مت جھڑکو)

---

[۱] اتحاف السادۃ المتقین جلد ۱۱ صفحہ ۵۹۴ دار الکتب العلمیہ بیروت

[۲] اتحاف السادۃ المتقین جلد ۱۱ صفحہ ۵۹۴ دار الکتب العلمیہ بیروت

[۳] اتحاف السادۃ المتقین جلد ۱۱ صفحہ ۵۹۴ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، میں ہے کہ:

وفیه عثمان بن فائد وهو ضعیف

[۴] ایضاً: میں ہے۔ قال ابن المدینی ثلاثة اشیاء لا یصح عن النبی علیہ السلام منها لو صدق السائل

Marfat.com

یہی ہوتا ہے کہ اگر سائل فی الواقع حاجت مند معلوم ہو گو اس کے ہاتھ میں سونا بھی ہو یا گھوڑے پر سوار ہو اور بوجہ زیادتِ مقدار ادائے دینِ لازمہ وغیرہ مثلاً وہ حاجت مند اور سچا معلوم ہو تو اللہ فرماتا ہے اس کو مت جھڑ کو اور اگر اس کو باوصف طاقت خالی ہاتھ کوئی پھیر دے گا وہ فلاح یاب نہ ہوگا۔ اور ایسے ہی حاجت مند سائل کے پھیر دینے کی نسبت بعض احادیث میں وارد ہوا ہے کہ قیامت کے دن اللہ فرمائے گا کہ اے میرے بندے میں بھوکا تھا تو نے مجھ کو کھانا نہیں کھلایا۔ میں پیاسا تھا تو نے مجھ کو پانی نہیں پلایا۔ میں ننگا تھا تو نے مجھ کو کپڑا نہیں پہنایا۔ جب بندہ عرض کرے گا تو توان سب امور سے پاک ہے تو ارشاد ہوگا ہمارا فلاں بندہ بھوکا تھا پیاسا تھا ننگا تھا اس نے تجھ سے مانگا اگر تو اس کو دیتا گویا ہم کو دیتا یعنی جب وہ فی الواقع حاجت مند تھا اور سچا اور تو اس کی حاجت روائی پر قادر تھا تو تو نے اس کو نہ کھلایا گویا ہم کو ہی نہ کھلایا علیٰ ہذا القیاس۔

☆ اگر غریب خستہ حال کے واسطے سوال کرے تو وہ بھی جائز اور داخل اعانتِ غرباء وفقرائے خستہ حال ہے۔ اور جن سے بے تکلفی ہو جیسے اپنے بزرگ یا حکام یا دوست جو بلا سوال بھی دیتے رہتے ہوں اور اس کے سوال سے ناراض نہ ہوں بلکہ خوش ہو کر دیں نہ کہ شرما کر تو ان سے بھی مانگ لینے کا مضائقہ نہیں چنانچہ صفحہ ۳۰۲ اتحاف السادۃ شرح احیاء العلوم کی جلد نہم میں علامہ زبیدی حنفی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں:

قوله (انه قد وردت مناه كثيرة فى السوال وتشديدات) عظمية تدل على تحريمه والمراد بالسوال ههنا سوال الناس عامة و يكون ذلك لنفسه و خرج بذلك إذا كان يسال لغيره فهذا غير داخل فى تلك التشديدات بل هو معونةو خرج بذالك أيضا ما اذا كان لنفسه و لكنه سال الاقارب والاصدقاء فهو طريق القوم وعليه العمل لأن الأصدقاء يفرحون بذلك ويرون الفضل والمنة للصديق القاصد واليه يشير قوله وورد فيه أيضا ما يدل على الرخصة إذ قال ﷺ للسائل حق انتهى[1] .

(ترجمہ: مانگنے کے بارے میں بہت سی ممانعتیں اور عظیم وعیدیں وارد ہیں جو اس کی حرمت پر دلالت کرتی ہیں

---

[1] اتحاف السادة المتقين جلد ۱۱ صفحه ۵۹۴ مطبوعه دار الكتب العلميه بيروت

Marfat.com

یہاں پر سوال سے مراد عام لوگوں سے مانگنا ہے اور وہ بھی اپنی ذات کے لیے۔ ان ممانعتوں سے وہ صورت خارج ہے جب کہ کسی دوسرے کے لیے مانگا جائے تو وہ ان وعیدوں میں داخل نہیں ہے بلکہ وہ تو کسی کی مدد کرنا ہے اور اس سے وہ صورت بھی خارج ہے جب کہ اپنے لیے مانگے لیکن رشتہ داروں اور دوستوں سے سوال کرے یہ صوفیۂ کرام کا طریقہ ہے اور اسی پر دور حاضر میں عمل ہے کیوں کہ دوست اس سے خوش ہوتے ہیں۔ اور قصد کرنے والے دوست کا اسے احسان اور مہربانی شمار کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کا ارشاد اسی طرف اشارہ کرتا ہے۔ نیز آپ سے وارد ارشاد میں اس طرح سوال کرنے کی رخصت پر دلالت پائی جاتی ہے کیوں کہ آپ کا ارشاد مبارک ہے للسائل حق الخ)

☆ ورنہ بلا ضرورت سوال کرنے والوں کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دُرّوں سے پٹوانا اور زیادہ حاجت سے جو اس نے جمع کر رکھا تھا اس کا فقراء حاجت مندوں کو دلوانا روایتِ صحیحہ سے ثابت ہے۔

چنانچہ صفحہ ۳۰۵ جلد نہم احیاء العلوم میں مذکور ہے:۔

**و سمع عمر رضی الله عنه سائلا یسال بعد المغرب فقال لواحد من قومه عش الرجل فعشاه ثم سمعه ثانیا یسال فقال الم اقل لک عش الرجل قال عشیته فنظر عمر فاذا تحت یده مخلاة مملوءة خبزا فقال لست سائلا و لکنک تاجر ثم اخذ المخلاة و نشرها بین یدی اهل الصدقة و ضربه بالدرة قال لا تعد[1]**

☆ ترجمہ: حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کو مغرب کے بعد مانگتے سنا آپ نے اپنے خاندان کے ایک فرد کو فرمایا اس شخص کو رات کا کھانا کھلا دو۔ اس نے اس کو کھانا کھلا دیا۔ آپ نے دوبارہ اسے مانگتے ہوئے سنا تو پوچھا کیا میں نے تم کو نہیں کہا تھا کہ اس شخص کو کھانا کھلا دو۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے دیکھا تو اس نے ہاتھ کے نیچے ایک توبرا روٹیوں سے پڑ تھا۔ تو آپ نے فرمایا تم مانگتے نہیں ہو تم تو تاجر ہو۔ پھر وہ توبرا لے لیا اور صدقہ کے مستحق افراد کے سامنے اسے پھیلا دیا اور اسے دُرّہ سے سزا دی اور فرمایا آئندہ ایسا مت کرو۔)

---

[1] احیاء علوم الدین مع اتحاف السادة المتقین جلد ۱۱ صفحہ ۵۹۹ دار الکتب العلمیه بیروت

Marfat.com

اوراتحاف مذکورہ کی جلد نہم صفحہ ۳۰۴ میں ہے:

قال النبی ﷺ :

☆ "من سال عن غنی فانما یستکثر من جمر جهنم و من سال و له ما یغنیه جاء یوم القیمة وو جهه عظم یتقعقع لیس علیه لحم".

قال العراقی رواه ابوداؤد وابن حبان...

و لمسلم من حدیث ابی هریرة

"من سال الناس اموالهم تکثرا فانما یسال جمرا"..

و للبزار والطبرانی من حدیث ابن مسعود و ابن عمر

"لا یزال العبد یسال و هو غنی حتی یخلق وجهه."

و فی اسناده لین.

و للشیخین من حدیث ابن عمر

"ما یزال الرجل یسال الناس حتی یاتی یوم القیامة لیس فی وجهه مزغة لحم".

و ایضا فیه و روی عبدالله بن احمد فی زوائد المسند من حدیث علی

"من سال مسئلة عن ظهر غنی استکثر بها من رضف جهنم"

و روی ابن حبان و ابن شاهین و تمام و الضیاء من حدیث عمر

"من سال لیثری ماله فانما هو رضف من النار یلقمه من شاء فلیقل و من شاء فلیکثر"

وایضا فیه و فی روایة للطبرانی فکان یلقم الرضفة الخ[1]

(ترجمہ: نبی پاک ﷺ نے فرمایا: "فراخ دستی کے باوجود جو شخص سوال کرتا ہے وہ دوزخ کے انگاروں کو زیادہ

---

[1] اتحاف السادة المتقین جلد ۱۱ صفحہ ۵۹۷ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

کر رہا ہے۔ اور جس شخص نے مانگا حالانکہ اس کے پاس اتنا تھا جو اس کے لیے کافی تھا وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے لا کہ اس کا چہرہ صرف ہڈی ہوگا جو حرکت کر رہی ہوگی)

علامہ عراقی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا "اسے امام ابوداؤد نے اور امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہما نے روایت کیا ہے"

صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے:

"جس نے اپنا مال بڑھانے کے لیے لوگوں سے سوال کا وہ انگارے مانگ رہا ہوتا ہے"

امام بزار اور امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہما نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ

"آدمی امیر ہونے کے باوجود سوال کرتا رہتا ہے حتی کہ اس کا چہرہ بوسیدہ ہو جاتا ہے"

اس حدیث کی سند میں کچھ نرمی ہے

امام بخاری اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی

"آدمی لوگوں سے مانگتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے کہ اس کے چہرہ پر گوشت کا ایک ٹکڑا بھی نہ ہوگا"

امام عبداللہ بن احمد رحمۃ اللہ علیہما نے زوائد مسند میں حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ

"جو شخص باوجود فراخ دستی کے سوال کرتا ہے وہ صرف دوزخ کے گرم پتھر زیادہ کر رہا ہوتا ہے"

امام ابن حبان، امام ابن شاہین، امام تمام اور امام ضیاء رحمۃ اللہ علیہم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی:

"جو شخص مال دار ہونے کے لیے سوال کرتا ہے مانگا ہوا وہ مال دوزخ کے گرم پتھر ہوتے ہیں جنہیں وہ نگلے گا اب جو چاہے کم مانگے جو چاہے زیادہ سوال کرے"

امام ابن جریر رحمۃ اللہ علیہ کی ایک روایت میں ہے کہ:

Marfat.com

''وہ گرم پتھر لگے گا۔ الخ''

پھر اس مال کی مقدار جس کے بعد سوال کرنا حرام ہے بحسب اختلاف حالات لوگوں کے اور اختلاف اوقاتِ حاجت کے بعض روایات میں وارد ہوا ہے کہ صبح اور شام کا کھانا ہے اس کا یا اس کے کھانے اور اس کے اہل وعیال کے کھانے کا اور زیادہ سے زیادہ اس کی مقدار پچاس درہم ہے جو تقریباً پندرہ روپیہ کے قریب ہوتے ہیں یا اس قیمت کا سامان بیان کیا گیا ہے۔ چنانچہ ۱۲۰۹ احیاء العلوم مذکورہ میں ہے۔

**و قدورد فی الحدیث**

**"استغنوا بغنی اللہ تعالی عن غیرہ قالوا و ما ھو قال غداء یوم و عشاء"**

**و فی حدیث آخر**

**"من سال و لہ خمسون درھم اوعدلھا من الذھب فقد سال الحافا"**

**و فی لفظ آخر**

**"اربعون درھما"**[1]

(ترجمہ: حدیث پاک میں آیا ہے

''اللہ تعالیٰ کی غنا کے ساتھ اس کے ماسوا سے غنی ہو جاؤ۔ صحابہ نے عرض کی وہ کیا ہے؟ فرمایا ایک دن کے صبح اور رات کھانا''

دوسری حدیث میں آیا ہے

''جس کے پاس پچاس درہم یا ان کے برابر رقم ہو اور وہ مانگے تو اس نے لوگوں سے لپٹ کر مانگا ہے''

ایک روایت کے الفاظ یوں ہیں:

''اس کے پاس چالیس درہم ہوں۔ الخ''

---

[1] احیاء علوم الدین مع اتحاف السادۃ المتقین، جلد ۱۱/ صفحہ ۲۰۸/ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

قال الزبیدی رحمہ اللہ فی شرح فی بیان حدیث الاول

و فی حدیث سهل بن الحنظلية قالوا و ما يغنيه يا رسول الله قال قدرما يغديه ويعشيه
رواه احمد وابو داؤد و ابن خزيمه و ابن حبان و ابن جرير والطبرانی والحاکم
فی حدیث علی قالوا و ما ظهر غنی قال عشاء لیلة ...
رواه عبدالله بن احمد و اسناده حسن
وهذا هو المختار من مذهب ابی حنیفة رضی الله عنه[1] .

(ترجمہ: علامہ زبیدی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی حدیث کی شرح میں فرمایا: حضرت سہل بن حنظلیہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے صحابہ نے عرض کی کونسی چیز آدمی کے لیے کافی ہوتی ہے فرمایا اتنی مقدار جس سے صبح اور شام کا کھانا ہوسکے۔ اسے امام ابوداؤد امام ابن خزیمہ امام ابن حبان امام ابن جریر امام طبرانی امام حاکم نے روایت کیا
حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے فراخ دستی کیا ہے؟ فرمایا ایک رات کا کھانا۔
اسے امام عبداللہ بن احمد رحمۃ اللہ علیہما نے روایت کیا اور اس کی سند حسن ہے
امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ عنہ کا مختار مذہب یہی ہے )

یعنی اس حدیث کو امام احمد اور ابوداؤد وغیرہ ائمہ حدیث نے سہل بن حنظلیہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور علی رضی اللہ عنہ سے بسندِ حسن دوسری روایت میں اس غنا کی مقدار جس کے بعد سوال حرام ہے فقط شام کے وقت کا کھانا آیا ہے۔ اور یہی مقدار مذہب امام اعظم سے مقدار مختار ہے۔

☆ اور ظاہر ہے کہ علاوہ حاجت مند، بیوہ، یتیم، فقراء، مساکین اور مسافرین کا جس کا قرائن سے فی الواقع ایسا ہی حاجت مند ہونا نہ ثابت ہو جائے ان کو دینا بھی حرام ہے اور اعانت ہے ان کے فعل حرام پر خصوصا جب صفوں کو چیرتے اور نمازیوں کو سختیء سوال سے ستاتے پھریں۔ جیسے عید و بقرعید کو بھیک کا پیشہ کرنے والے فقیر

---

[1] اتحاف السادة المتقين جلد ۱۱ صفحہ ۶۰۸ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

مسجدوں میں صفوں کو چیرتے اور مسجدوں میں نمازیوں کے آگے گھوڑ دوڑ کرتے پھرتے ہیں۔ ایسوں ہی کے دینے کی نسبت علامہ شامی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں کہ ان کو ایک پیسہ دینے کا گناہ اتنا ہوتا ہے کہ اگر اس کے کفارہ میں ستر پیسہ اللہ واسطے دیئے جائیں جب بھی دینے والا اس گناہ سے بری نہیں ہوتا۔ چنانچہ اول فتوی ھذا میں یہ مضمون معہ عبارت مذکور ہو چکا ہے۔

حررہ العبد الراجی ابو محمد محمد دیدار علی
المفتی فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......74﴾

### سوال

جمعہ کو کس وقت خرید وفروخت نہ چاہئے۔اذانِ اول یا اذانِ دوم سے۔

### الجواب

**هو المصوب**

☆ احتیاط یہ ہے کہ وقتِ جمعہ یعنی بعد زوال سے جس وقت تک جامع مسجد میں نماز نہ ہو جائے' خرید فروخت مکروہ تحریمی ہے اور اذانِ اول جو منار پر اول وقت دی جاتی ہے اس پر اکثر علماء کا اتفاق ہے۔

ردالمحتار میں ہے۔

**الاصح انه الاول باعتبار الوقت و هو الذی یکون علی المنارة بعد الزوال[1] .**

(ترجمہ: سعی کا وجوب اور بیع کا ترک جس اذان سے لازم ہوجاتے ہیں اس سے مراد اصح قول کے مطابق وہ ہے جو وقت کے اعتبار سے پہلی ہوتی ہے اور وہ زوال کے بعد منارہ پر پڑھی جاتی ہے)

اور مطلب بیع شراء کے مکروہ کا یہ ہے کہ بیع تو جائے گی مگر یہ فعل گناہ ہوگا۔

**واللہ اعلم بالصواب و عندہ ام الکتاب**

**کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ**

**عفی عنه و کفاہ**

---

[1] رد المحتار : جلد ۳ صفحه ۳۵ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......75﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین

اول یہ کہ خطبہ علمی یوم جمعہ یا عیدین میں معہ اشعار پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

دوم یہ کہ بخیالِ فہمید گیِ عوام خطبہ معہ اشعار پڑھنا جائے تو اس کی نسبت علماءِ حقانی کیا حکم صادر فرماتے ہیں؟

سوم یہ کہ اگر خطبہ علمی کا معہ اشعار پڑھنا ناجائز تصور کیا جائے تو بعد اختتام خطبہ اول، وقتِ نشستِ منبر، قبل آغازِ خطبہ ثانی بھی اشعارِ خطبہ علمی و دیگر مسائل کا اذکار کیا جائے تو یہ طریق نزدِ علماء درست ہے یا نہیں؟

سائل: محمد خان پیش امام

## الجواب

جلدِ اول فتاوی عالمگیریہ صفحہ ۱۰۶ میں ہے:

**و یحرم فی الخطبة ما یحرم فی الصلوة** [1]

(ترجمہ: دورانِ خطبہ وہ اعمال حرام ہیں، جو نماز میں حرام ہیں)

اور یہ اس واسطے کہ ظہر کے فرض جمعہ کے دن بوجہِ فرضیتِ جمعہ، دو رکعت ہیں۔ اس کی وجہِ تحقیقی فقہاءِ کرام سے یہ ہی معلوم ہوتی ہے، کہ خطبہ قائم مقام دو رکعتوں کے کر دیا گیا۔ لہٰذا اذانِ اول نمازِ جمعہ سنتے ہی سعی الی الخطبة بموجبِ سیاق اور دلالتِ آیۃ کریمہ:

**یا ایھا الذین امنوا اذا نودی للصلوۃ من یوم الجمعة فاسعوا الی ذکر الله** [2]

---

[1] الفتاوی العالمگیریہ مع ترجمہ اردو : جلد ۲ صفحہ ۸۱۲ المکہ پریس لاھور

[2] القرآن الکریم : سورہ الجمعہ آیت ۹

Marfat.com

(ترجمہ: اے ایمان والو! جمعہ کے روز جب نماز کے لیے ندا دی جائے' تو اللہ تعالیٰ کے ذکر کی طرف دوڑ پڑو)

فرض کر دی گئی اور نمازِ جمعہ کی اذان کے ساتھ سعی ذکر اللہ کی طرف' جس سے مراد باتفاق' وہ خطبہ ہے' واجب ہو گئی

کما فی الکبیری فی صفحه ۵۱۵

فھی (ای الخطبة) من جملة الخصوصیات التی لم یرد اسقاط الرکعتین الا مع مراعاتھا فکانت شرطا و شرط الخطبة کونھا فی الوقت لا تصح قبله لانه من جملة الخصوصیات المقیدیة بھا و ان تکون بحضرة الجماعة للتوارث فلو خطب وحده ثم حضرت الجماعة فصلی بھم لا تجوز للتوارث و لقوله فاسعوا الی ذکر الله و ھو یشمل الصلوٰة و الخطبة ۱؎.

(ترجمہ: خطبہ ان خصوصیات میں سے ہے' جن کی رعایت کے بغیر دو رکعتوں کا ساقط ہونا وارد نہیں ہے۔ لہٰذا یہ (خطبہ) جمعہ کے لیے شرط ہے۔ اور خطبہ کی شرائط یہ ہیں)

☆ (۱) خطبہ وقت کے اندر ہو۔ وقت سے پہلے یہ درست نہیں۔ کیونکہ یہ ان خصوصیات میں سے ایک ہے جن کے ساتھ نمازِ جمعہ مقید ہے۔

(۲) یہ جماعت کی موجودگی میں دیا جائے۔ اگر خطیب نے اکیلے خطبہ پڑھ دیا پھر جماعت آ گئی اور ان کے ساتھ اس نے نمازِ جمعہ ادا کی تو جائز نہیں۔ کیونکہ توارث اسی طرح جاری ہے۔ نیز ارشادِ باری تعالیٰ ہے فاسعوا الی ذکر الله (یعنی اللہ تعالیٰ کے ذکر کی طرف بھاگ کر آ ؤ) اس لفظ کے مفہوم میں نماز اور خطبہ دونوں شامل ہیں۔

چنانچہ روایتِ مذکور سے صاف ظاہر ہو گیا ہے کہ مقصود خطبہ سے مجرد وعظ نہیں ہے بلکہ من وجہ یہ خطبہ حکماً حکمِ نماز میں ہے۔ اس واسطے صاحبِ عالمگیریہ فرماتے ہیں' کہ جو امور نماز میں حرام ہیں' خطبہ میں بھی

---

۱؎ الکبیری شرح منیة المصلی صفحه ۵۱۵ مطبوعه دیوبند

Marfat.com

حرام ہیں ۱؎

اور نماز کے متعلق علامہ حصکفی درمختار مصری کے صفحہ ۳۵۷ میں تحریر فرماتے ہیں

و صح شروعه ایضا مع کراهة التحریم بتسبیح وتهلیل و تحمید.... کما صح لو شرع بغیر عربیة ای لسان کان وشرطا عجزه ۲؎

یعنی تکبیر تحریمہ میں اللہ اکبر کی جگہ سبحان اللہ یالا الہ الا اللہ کے ساتھ نماز شروع کر دی نماز ہو جائے گی مگر مکروہ تحریمہ ہوگی۔ جیسا کہ فارسی یا کسی دوسری زبان میں مثلاً "اللہ بہت بڑا ہے" کے ساتھ مکروہ تحریمہ ہوگی اور صاحبین کے نزدیک شرطِ صحت عجزِ مصلی ہے۔

یعنی بکراہتِ تحریمی بھی جب نماز ہوگی جب مصلی عربی میں اللہ اکبر ادا نہ کر سکے اور مجبوراً اردو میں یا کسی دوسری زبان میں ادا کرے۔

پھر بعد عبارتِ مذکور تحریر فرماتے ہیں۔

و علی هذا الخلاف الخطبة و جمیع اذکار الصلوة ۳؎

(ترجمہ: خطبہ اور نماز کے تمام ارکان کے بارے میں بھی یہی اختلاف موجود ہے)

یعنی جو حکم تکبیرِ تحریمہ کا ہے، وہی حکم بموجب اختلاف اقوالِ امام و صاحبین رحمہا اللہ خطبہ کا ہے۔ لہٰذا بلاشبہ خطبہ کا علاوہ عربی کسی غیر زبان میں گو جائز ہے، مگر مکروہ تحریمہ ہے۔

مگر اب کلام اس امر میں ہے کہ آیا دونوں خطبہ شرطِ جوازِ نماز ہیں یا مجرد ذکر اللہ بقدر الحمد للہ یا سبحان اللہ بھی کافی ہے۔ اور پھر دونوں خطبوں کے بعد، درمیان دونوں خطبوں کے کلام کرنا، یا نصیحت آمیز نظم یا نثر، طویل یا مختصر یا مطلقا جائز ہے یا ناجائز۔ اور جائز ہے تو جائز مع الکراہت ہے یا بلا کراہت۔ لہٰذا اولا

---

۱؎ الفتاوی العالمگیریه مع ترجمه اردو جلد ۲ صفحه ۸۱۲ المکه پریس لاهور

۲؎ الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۳ صفحه ۱۶۰، ۱۶۱ دار احیاء التراث العربی بیروت

۳؎ مع رد المحتار : جلد ۳ صفحه ۱۶۱ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

تفصیل ان امور کی بیان کی جاتی ہے۔ پھر متعلق خطبۂ علمی جواب دیا جائے گا۔

امام اعظم رحمۃ اللہ کے نزدیک شرطِ جوازِ نمازِ جمعہ فقط ذکراللہ بقدر الحمدلله یا مجرد لا اله الا الله بہ نیت خطبہ ہے۔ جس کا زبان عربی میں ادا کرنا ضرور ہے۔ اور اگر سوا عربی کے بھی شروع کردی تو جوازِ نماز کو کافی ہوگا۔ مگر یہ فعل مکروہ تحریمہ ہے۔ اور صاحبین کے نزدیک شرطِ صحتِ نماز کم از کم خطبہ کا زبان عربی میں اور عندالعجز' جب عربی میں نہ پڑھ سکے' بقدر التحیات پڑھنا ضرور ہے۔

**كما فى الدر المختار صفحه ۸۴۷**

**و كفت تحميدة او تهليلة او تسبيحة للخطبة المفروضة مع الكراهة وقا لا لا بدمن ذكر طويل واقله قدر التشهد الواجب بنيتها[۱]**

(ترجمہ: خطبہ کی فرضیت کی ادائیگی کے لیے ایک بار الحمد لله یا لا اله الا الله یا سبحان الله کہنا کافی ہے لیکن صرف اسی پر اکتفاء کرنا مکروہ ہے۔ صاحبین رحمۃ اللہ علیہما فرماتے ہیں' کہ خطبہ کی فرضیت کی ادائیگی کے لیے طویل ذکر ضروری ہے جس کی کم از کم مقدار تشہد ہے اور یہ خطبہ کی نیت سے پڑھا جانا ضروری ہے۔

☆ اور سنت موکدۃ بالاتفاق دو خطبہ ہیں جو بہت دراز نہ ہوں اس واسطے کہ خطبوں کا بہت دراز پڑھنا مکروہ ہے۔ **كما فى الدالمختار :**

**و يسن خطبتان خفيفتان و تكره زيادتهما على قدر سورة من طوال المفصل[۲] .**

☆(ترجمہ: دو ہلکے خطبہ پڑھنا سنت ہے اور ان کا طوالِ مفصل کی ایک سورت سے زیادہ ہونا مکروہ ہے)

اور بقدر تین آیت کے درمیان میں بیٹھنا بھی سنت ہے۔

**كما فى الدر المختار :**

**بجلسة بينهما بقدر ثلث آيات[۳]**

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۳ صفحه ۱۹ دار احياء التراث العربى بيروت

[۲]

[۳]

Marfat.com

(ترجمہ: دو خطبوں کے درمیان تین آیات کی مقدار جلسہ کرے)

☆ ہر خطبہ کے اول میں حمد و ثنا اور شہادتین اور صلوۃ وسلام اور کچھ مضامینِ وعظ ساتھ تلاوت آیتِ کلام اللہ کے مسنون ہے۔ چنانچہ خطبہ میں کبھی سورۃ والعصر کبھی رکوع لا یستوی اصحاب النهار الآیة کا پڑھنا حضور سرور عالم ﷺ سے منقول ہے۔ اس واسطے تارک کسی بھی امر کا امورِ مذکور سے گنہگار ہوتا ہے۔ اور بعد جلسہ خفیفہ خطبۂ ثانی میں بعد اعادۂ حمد و ثناء وصلوۃ وسلام اور مومن مرد اور عورتوں کے واسطے دعا مروی وماثور۔

کما فی البحر الرائق

و هی (ای الخطبة) تشتمل علی عشرة احدها البداء ة بحمد الله و ثانیها الثناء علیه بما هو اهله وثالثها الشهادتان ورابعها الصلوة علی النبی ﷺ و خامسها العظة والتذکیر و سادسها قراء ة القرآن و تارکها مسیٔ روی انه صلی الله علیه و سلم قرأ فیها سورة العصر و مرة اخری لا یستوی اصحاب النار وأصحاب الجنة أصحاب الجنة هم الفائزون و اخری و نادوا یا مالک و سابعها الجلوس بین الخطبتین و ثامنها ان یعید فی الخطبة الثانیة الحمد لله والثناء والصلوة علی النبی ﷺ و تاسعها ان یزید فیها الدعاء للمومنین والمومنات وعاشرها تخفیف الخطبتین بقدر سورة من طوال المفصل ویکره التطویل[۱]

☆ (ترجمہ: خطبہ دس امور پر مشتمل ہوتا ہے۔ (۱) الحمد للہ سے آغاز کیا جائے (۲) اس پاک ذات کی ثناء ایسی کہی جائے جس کا وہ اہل ہے۔ (۳) توحید ورسالت کی شہادت (۴) نبی پاک ﷺ پر درود (۵) وعظ ونصیحت (۶) قرآن مجید کی قراءت۔ اس کو ترک کرنے والا ایک برا کام کرنے والا ہے۔ مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ خطبہ میں سورہ عصر کی تلاوت فرماتے اور کبھی لا یستوی أصحاب النار وأصحاب الجنة

---

[۱] البحر الرائق: شرح کنز الدقائق: جلد ۲ صفحہ ۱۵۹ دار المعرفة بیروت

Marfat.com

أصحاب االجنة هو الفائزون : (ترجمہ: جنتی اور دوزخی برابر نہیں، جنتی لوگ ہی کامیاب ہیں) اور کبھی ونادوا یا مالک پڑھا کرتے تھے (۷) دو خطبہ کے درمیان بیٹھنا (۸) دوسرے خطبہ میں الحمد للہ اللہ تعالیٰ کی ثنا اور نبی اکرم ﷺ پر درود پاک کا اعادہ کرنا۔ (۹) اس خطبہ میں اہلِ ایمان مردوں اور عورتوں کے لیے دعا کا اضافہ کرنا (۱۰) طوالِ مفصل کی ایک سورت کے برابر خطبہ میں تخفیف کرنا ان کو طویل کرنا مکروہ ہے)

☆ اور اخیر میں ذکرِ خلفاءِ راشدین اور عمین مکرمین اور اہلِ بیتِ کرام مستحسن ہے:

**كما فى صفحة ۱۴۸ من البحر المصرى**

**ذكر الخلفاء الراشدين مستحسن بذلك جرى التوارث و يذكر العمين**

(ترجمہ: خلفائے راشدین کا ذکر مستحسن ہے۔ توارث اسی طرح جاری ہے اور نبی پاک ﷺ کے چچاؤں کا ذکر بھی کرے)

☆ اور دعا کرنا سلطان اسلام کے لئے اور جائز اور اس کو مستحب سمجھنا بدعت۔

**كمافى اخر الصفحة المذكورة من البحر**

**و فى السراج الوهاج واما الدعاء للسطان فى الخطبة فلا يستحب روى ان عطاءً ا سئل عن ذلك فقال انه محدث و انما كانت الخطبة تذكيرا**[1]

☆ (ترجمہ: سراج وہاج میں ہے، کہ خطبہ میں بادشاہِ اسلام کے لیے دعا کرنا مستحب نہیں ہے۔ حضرت عطاء رحمۃ اللہ علیہ سے اس کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا یہ نو ایجاد امر ہے خطبہ تو صرف نصیحت ہوتا ہے)

اس عبارت سے ظاہر ہے کہ دعا سلاطینِ اسلام کے واسطے امر زائد ہے خطبہ سے اس کو کوئی علاقہ نہیں کسی سے اس پر انکار منقول نہیں۔ بلکہ ظالم بادشاہوں کی تعریفِ بے جا پر یہاں تک انکارِ فقہا منقول ہے کہ اس وقت اگر سامعین باتیں کرنے لگیں اور نہ سنیں تو بہتر ہے۔

---

[1] البحر الرائق: شرح كنز الدقائق: جلد ۲ صفحه ۱۶۰ دارالمعرفة بيروت

Marfat.com

کما فی البحر

ان الخطیب مادام فی الحمد والموعظة فعلیهم الاستماع فاذا اخذ فی مدح الظلمة والثناء علیهم فلا باس بالکلام حینئذ[1]

(ترجمہ: خطیب جب تک وعظ ونصیحت میں مشغول رہے حاضرین پر واجب ہے کہ اسے سنیں اور جب ظالم حکمرانوں کی مدح وثناء شروع کرے تو اس وقت باتیں کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے)

☆ مگر باایں ہمہ نقصانِ سنیۂ خطبہ یا ارکانِ جمعہ کی روایت نہیں پائی جاتی۔☆ اندریں صورت خطبۂ علمی میں تو بعد اختتامِ مضامینِ مذکورۂ خطبہ، زبانِ عربی میں اردو میں مضامینِ وعظ ہی غالبا مسطور ہیں جن کا اول ہی سے اگر خطبہ میں پڑھنا شروع کر دیا جائے جائز ہے گو مع الکراہۃ جائز ہے۔ پھر بعد اختتامِ تمام مضمونِ خطبہ کے زبانِ عربی میں جو طریق مسنون ہے اگر ان مضامینِ اردو کو بغرضِ نفعِ عوام پڑھ دیا جائے بلاشبہ جائز معلوم ہوتا ہے۔ جب دعاء سلاطینِ اسلام کے واسطے جائز ہے تو یہ مضامین باوصف ہونے ان مضامین کے مضامینِ وعظ بغرض صحیح اگر پڑھے جائیں کیا حرج ہے۔ البتہ ابتدا ہی سے قصدا خطبہ اردو میں پڑھا جائے تو بلاشبہ عند الامام مکروہ تحریمہ یعنی جائز مع الکراہۃ ہے۔ اور صاحبین کے نزدیک بلا عجز مطلقا ناجائز ہے۔ جیسے تکبیر کو علاوہ زبان عربی کے کسی زبان میں ادا کرنا جائز مع الکراہت تحریمہ اور نزدیکِ صاحبین بلا عجز مطلقا ناجائز ہے۔ کما مر فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی النقشبندی القادری

المفتی جامع مسجد اکبر آباد

---

[1] البحر الرائق: شرح کنز الدقائق: جلد ۲ صفحہ ۱۶۰ دار المعرفہ بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......76﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں مفتیانِ شرحِ مبین اس مسئلہ میں، کہ ہندوستان میں نمازِ جمعہ کے بعد، جو چار رکعت احتیاطی فرض پڑھے جاتے ہیں، اس کی حقیقت کیا ہے۔ اگر ہندوستان میں جمعہ کی جماعت ہو جاتی ہے تو احتیاطی کے کیا معنی؟ اور اگر نہیں ہوتی تو وہ دو رکعت جو جماعت کے ساتھ پڑھی جاتی ہیں کیا حکم رکھتی ہیں؟ فرض ہیں یا نفل اگر نفل ہیں؟ تو نفلوں کے جماعت کا ثبوت کیا ہے؟ دلائل سے جوابِ باصواب تحریر فرما کر مطلع فرمائیے۔

سائل: انتظام اللہ، انوار حسین، فیاض خان، لیاقت حسین صاحبان

چڑیمار ٹولہ آگرہ ۲/ شوال ۱۳۳۴ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

و ھو الموفق للصواب

صورتِ مسئولہ میں چونکہ فرضیتِ جمعہ قطعی الثبوت ہے اور شروطِ جمعہ ظنی الثبوت لہٰذا بوجہ قطعی الثبوت ہونے کے باوصف فقدانِ بعض شروط، مثل شرطِ سلطان وغیرہ کے جمعہ کو عقیدۃً فرض سمجھ کر ضرور ادا کیا جائے اور چونکہ فقدانِ بعضِ شروط اور نیز عدمِ جوازِ جمعہ متعدد مسجدوں میں بقولِ مرجوع مورثِ شبہِ عدمِ صحتِ جمعہ ہے اور شبہات سے بچنا مومن کو ضروری لہٰذا بعد اداءِ جمعہ، چار فرض کا پڑھنا بہ نیت ادرکت وقتہ ولم اؤد بعد یا اس نیت سے کہ ادا کرتا ہوں میں وہ چار فرض اس آخر ظہر کے جو میرے ذمہ ضروری ہے۔ کما فی الشامی

و نقل المقدسی عن المحیط کل موضع وقع الشک فی کونہ مصرا ینبغی لھم ان یصلوا بعد الجمعۃ اربعا بنیۃ الظھر احتیاطا حتی انہ لو لم تقع الجمعۃ موقعھا یخرجون عن عھدۃ فرض الوقت باداء الظھر و مثلہ فی الکافی و فی القنیۃ لما ابتلی اھل مرو باقامۃ

Marfat.com

الجمعتين فيها مع اختلاف العلماء فی جواز هما امر ائمتهم بالاربع بعدها حتما احتياطا و نقله كثير من شراح الهداية و غيرها و تداولوه و فی الظهيرية و اكثر مشائخ بخاریٰ عليه ليخرج عن العهدة بيقين ثم نقل المقدسی عن الفتح انه ينبغی ان يصلی اربعا ينوی بها آخر فرض ادركت وقته و لم اؤده ان تردد فی كونه مصرا او تعددت الجمعة [۱] الخ

(ترجمہ: علامہ مقدسی رحمۃ اللہ علیہ نے محیط سے یوں نقل فرمایا کہ ہر مقام جہاں اس کے مصر (شہر) ہونے میں شک ہو وہاں کے رہنے والوں کو چاہئے کہ جمعہ کی جماعت کے بعد احتیاطاً چار رکعتیں ظہر کی نیت سے ادا کریں تاکہ اگر جمعہ اپنے مقام (مصر) میں ادا نہیں ہوا تو وقت میں فرض نماز سے ظہر کی ادائیگی کے ساتھ، یقینی طور پر عہدہ برآں ہو جائیں۔ کافی میں اسی طرح ہے۔ اور قنیہ میں ہے کہ جب مرو کو رہنے والے دو جگہ جمعہ قائم کرنے کی آزمائش میں مبتلا ہوئے اور ساتھ ہی ان دو مقامات میں جمعہ کے جواز میں اختلاف بھی تھا تو ان لوگوں کے ائمہ نے ان کو احتیاط کے لیے چار رکعت ضروری طور پر ادا کرنے کا حکم دیا۔ ہدایہ کے شارحین اور دیگر بہت سے علماء نے اس کا ذکر کیا ہے۔ اور رواج دیا ہے۔ ظہیریہ میں ہے کہ بخاریٰ کے اکثر علماء کا یہی موقف ہے تاکہ ذمہ داری سے یقینی طور پر عہد برآ ہو سکیں۔ اس کے بعد علامہ مقدسی رحمۃ اللہ علیہ نے فتح القدیر سے نقل فرمایا کہ مناسب یہ ہے کہ چار رکعت ادا کرے اور نیت یہ کرے کہ آخری وہ فرض نماز ادا کرتا ہوں جس کا وقت میں نے پایا اور ابھی ادا نہیں کی۔ جب کہ اس جگہ کے شہر ہونے کا شک ہو یا متعدد مقامات پر جمعہ ادا کیا جاتا ہو۔ [۲]

حررہ: ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی

۳ رمضان ۱۳۳۴ھ

---

[۱] رد المحتار علی الدر المختار، جلد ۲، صفحہ ۱۴۶ مطبوعہ مصر

[۲] امام الفقہاء والمحدثین حضرت مولانا سید محمد دیدار علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا شاہی جامع مسجد اکبر آباد (آگرہ) میں بحیثیت مفتی وخطیب تقرر کے بعد یہ پہلا فتوی ہے۔ فتوی کے اجراء کی تاریخ ۳ رمضان ۱۳۳۴ھ ہے۔ رجسٹر پر غلطی سے سوال کے آنے کی تاریخ ۲ شوال درج ہوگئی ہے۔ آپ کے پوتے حضرت سید محمود احمد رضوی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کے اس مسجد میں بحیثیت مفتی وخطیب تقرر کی تاریخ ۳ رمضان ہی لکھی ہے (ملاحظہ ہو کتاب سیدی ابو البرکات) لہٰذا اسی کو ترجیح حاصل ہے۔

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 77﴾

## سوال

بعض مسلمان ایک متقی امام کے پیچھے عیداور جمعہ کی نماز پڑھتے ہیں اور بعض لوگ کسی ضد کی وجہ سے امامِ فاسق کے پیچھے پڑھتے ہیں۔ آیا یہ جائز ہے یا نہیں اور ایک شہر میں دو جگہ عیداور جمعہ ہو سکتا ہے یا نہیں۔

۱۹صفر ۱۳۳۵ھ

سائل حسام الدین بینواہ علاقہ ریاست الور

## الجواب

نمازِ عیدین اور نمازِ جمعہ دو جگہ جائز ہے☆ مگر متقی امام کے ہوتے ہوئے فاسق امام کے پیچھے نمازِ جمعہ وعیدین پڑھنا بلاشبہ مکروہ تحریمہ ہے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ العلی
ابو محمد محمد دیدار علی الألوری السنی
مفتی جامع مسجد اکبرآباد

Marfat.com

﴿فتویٰ نمبر......78﴾

## سوال

دستیاب نہیں ہوسکا۔

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

عید کی نماز واجب ہے ساتھ چھ تکبیروں واجب کے' علاوہ تکبیر تحریمہ کے۔ لہٰذا بعد تکبیر تحریمہ سبحانک اللھم پڑھ کر امام' مقتدی سب رفع یدین کے ساتھ تکبیر کہہ کر ہاتھ نہ باندھیں۔ تیسری تکبیر کہہ کر ہاتھ باندھیں پھر امام اعوذ' بسم اللہ' الحمد' سورت پڑھ کے رکوع کرے اور دوسری رکعت میں بعد الحمد اور سورت کے تین تکبیر اسی طرح کہے اور ہاتھ نہ باندھیں اور ہاتھ چھوڑے ہوئے ہی اللہ اکبر کہہ کر رکوع کریں اور زیادہ تصریح ہمارے رسالہ فضائلِ رمضان میں ہے۔ بطریقِ نمونہ ایک رسالہ ارسال ہے۔ جتنے مطلوب ہوں ڈیڑھ آنہ فی رسالہ سے آپ طلب کر سکتے ہیں۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......79﴾

## سوال

جناب مولوی صاحب کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسئلہ ذیل میں بعد انتقال زوجہ کے شوہر اس کو کاندھا دے سکتا ہے اور منہ اس کا دیکھ سکتا ہے یا نہیں؟ بموجب شرع شریف کے کیا حکم ہے؟ مع نام کتاب وصفحہ سے آگاہی فرمائیں۔

سائل: غلام نبی بازار آگرہ۔ ۲۷ ربیع الاول ۱۳۳۵ھ

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحيم.

اللهم رب زدني علما.

یہ امر تو ظاہر ہی ہے کہ جب غیر کندھا دے سکتے ہیں تو شوہر کے کندھا دینے میں کیا حرج ہے؟ حالانکہ غیر بعد موت بھی عورت کی طرف دیکھنے سے منع کیے گئے ہیں اور شوہر کو بعد موت اپنی زوجہ کا منہ بلکہ بازو تک دیکھنا بلا تکلف جائز ہے۔ کما فی الدر المختار

**و يمنع زوجها من غسلها ومسها لا من النظر اليها على الاصح** [1]

(ترجمہ: خاوند کو اپنی مردہ بیوی کو غسل دینے اور ہاتھ لگانے سے روکا جائے گا' لیکن اس کی طرف دیکھنے سے اصح قول کے مطابق نہ روکا جائے گا)

**قال الشامي رحمه الله في صفحه ٦٣ من شرح الدر المختار**

**قوله من النظر اليها عزاه في المنح الى القنية و نقل عن الخانية انه اذا كان للمرأة محرم يممها بيده و اما الاجنبي فبخرقة على يده و يغض بصره عن ذراعها و كذا الرجل**

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۳ صفحه ۸۵ مطبوعه دار احياء التراث العربي بيروت

Marfat.com

فی امرأته الافی غض البصر[۱]۔

(ترجمہ: قولہ: اس کی طرف دیکھنے سے نہ روکا جائے گا۔ منح الغفار میں اس قول کو قنیہ کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ اور ☆ فتاوی خانیہ سے نقل کیا ہے کہ جب عورت کا کوئی محرم موجود ہو اور کوئی عورت موجود نہ ہو تو اس کو غسل نہ دیا جائے' بلکہ وہ محرم اپنے ہاتھ سے اسے تیمم کرادے۔ لیکن اجنبی اپنے ہاتھ پر کپڑا لپیٹ کر تیمم کرائے اور تیمم کے وقت اس کے ہاتھ نہ دیکھے۔ خاوند اگر اپنی مردہ بیوی کو تیمم کرائے تو اس کا حکم بھی اجنبی مرد کی مانند ہے۔ لیکن ہاتھوں کو دیکھنے کی اسے اجازت ہے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی

مفتی جامع مسجد اکبر آباد

---

[۱] رد المحتار جلد ۳ صفحہ ۸۵ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......80﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید اپنی زوجہ کا جنازہ اٹھا کر گھوارہ اور قبر میں رکھ سکتا ہے یا نہیں؟

۷ مارچ ۱۹۱۸ء

غلام نبی گڑھ گاریاں آگرہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صفحہ ۶۳۳ جلد اول درمختار میں ہے۔

**و یمنع الزوج من غسلھا و مسھا لا من النظر الیھا علی الارجح** [1]

یعنی شوہر کو منع کیا جائے اپنی بیوی کے غسل دینے سے اور اس کو ہاتھ لگانے سے نہ کہ اپنی بیوی کو دیکھنے سے بعد موت کے بروایت اصح۔

لہٰذا اولی اور افضل یہی ہے کہ قبر میں بھی عورت کو وہی لوگ اتاریں جن پر وہ حرام تھی یعنی اس کے رشتہ دار ذی رحم محرم نہ کہ شوہر۔

صفحہ ۵۵۳ من الکبیری

**و ذو الرحم المحرم اولی بوضع المراۃ فان لم یکن فاھل الصلاح من الاجانب ذکرہ فی المحیط** [2]

---

[1] الدر المختار علی ھامش رد المحتار جلد ۱ صفحہ ۶۳۳ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[2] غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی صفحہ ۵۵۲ مطبوعہ مکتبہ رحیمیہ دیوبند

Marfat.com

(ترجمہ: اولیٰ یہ ہے کہ عورت کو ذی رحم محرم رشتہ دار قبر میں رکھیں۔ اگر کوئی ایسا رشتہ دار موجود نہ ہو تو اجنبی جو اہلِ صلاح ہوں یہ کام سرانجام دیں۔ محیط)

☆ اور جو منقول ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے حضرت خاتونِ جنت فاطمہ زہراء رضی اللہ عنہا کو غسل دیا تھا اول تو اس پر انکارِ صحابہ منقول ہے۔ علاوہ بریں یہ امر مخصوص ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ساتھ بوجہ باقی رہنے علاقۂ زوجیت کے درمیان سیدنا علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا کے قیامت تک بخلاف دوسرے لوگوں کے' علاوہ حضور ﷺ اور سیدنا علی کرمہ اللہ وجہہ اور حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا کے' کہ مرنے کے بعد زوجہ کے سب کا علاقۂ زوجیت منقطع ہو جاتا ہے۔

**كما هو ظاهر من رواية المنقولة فى الدر المختار فى صفحه ٦٣٣ حيث قال:**

**وقالت الائمة الثلاثة يجوز لأن عليا رضى الله عنه غسل فاطمة رضى الله عنها قلنا هذا محمول على بقاء الزوجية لقوله ﷺ كل سبب و نسب ينقطع بالموت الاسببى و نسبى مع ان بعض الصحابة انكر عليه شرح المجمع للعينى[۱]**

(ترجمہ: حضرات ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ تعالیٰ نے فرمایا خاوند کے لیے اپنی مردہ بیوی کو غسل دینا جائز ہے کیوں کہ حضرت سیدنا علی مرتضی رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کو غسل دیا تھا۔ ہم جواب میں کہتے ہیں کہ غسل دینے یہ روایت ان دونوں حضرات کے درمیان وفاتِ حضرت خاتونِ جنت رضی اللہ عنہا کے باوجود زوجیت کا تعلق باقی رہنے کے باعث ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا موت کے ساتھ ہر تعلق اور نسب ختم ہو جاتا ہے لیکن میرا تعلق اور نسب باقی رہتا ہے۔ علاوہ ازیں بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس پر انکار بھی فرمایا تھا۔ شرح المجمع للعینی)

حررہ: العبدالراجی

ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المفتی فی جامع اکبرآباد

---

[۱] الدر المختار على هامش رد المحتار جلد ۱ صفحه ٦٣٣ مكتبه رشيديه كوئٹه

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......81﴾

سوال دستیاب نہیں ہوا۔

۱۷رمضان ۱۳۳۶ھ

## الجواب

عمامہ پر یا کفنِ میت پر یا پیشانی یا سینۂ میت پر عہدنامہ یا بسم اللہ یا کلمہ طیبہ لکھنے کو بعض فقہا نے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ اس کی برکت سے میت کو بخش دے چنانچہ صفحہ ۶۶۸ درمختار میں ہے۔

کتب علی جبهة المیت او عمامته او کفنه عهدنامه یرجی ان یغفر الله للمیت و اوصاه بعضهم ان یکتب فی جبهته و صدره بسم الله الرحمن الرحیم ففعل ثم رؤی فی المنام فسئل فقال لماوضعت فی القبر جاء تنی ملائکة العذاب فلما رأوا مکتوبا علی جبهتی بسم الله الرحمن الرحیم قالوا امنت من عذاب الله [1]

(ترجمہ: میت کی پیشانی، اس کے عمامہ اور کفن پر عہدنامہ لکھے تو امید ہے کہ میت کو بخش دیا جائے گا۔ بعض لوگوں نے وصیت کی کہ اس کی پیشانی اور سینہ پر بسم الله الرحمن الرحیم لکھا جائے۔ چنانچہ ایسا کیا گیا۔ خواب میں اسے دیکھا گیا اور پوچھا گیا تو اس نے کہا مجھے جب قبر میں رکھا گیا عذاب کے فرشتے آ گئے جب انہوں نے میری پیشانی پر بسم الله الرحمن الرحیم لکھا دیکھا تو کہنے لگے تو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے امن میں رہا)

البتہ مگر روشنائی وغیرہ سے لکھنے میں چونکہ خوفِ تلویث وتوہینِ کلام الٰہی ہے بعض فقہا روشنائی سے لکھنے کو منع کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ بلا روشنائی وغیرہ کلمہ کی انگلی سے بسم اللہ پیشانی اور کلمہ طیبہ سینہ پر لکھ دیا جائے چنانچہ صفحہ ۶۶۹ شامی میں ہے۔

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد اول، صفحہ ۶۶۸ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

نقل بعض المحشين عن فوائد الشرجی ان مما یکتب علی جبهة المیت بغیر مداد بالاصبع المسبحة بسم الله الرحمن الرحیم و علی الصدر لا اله الا الله محمد رسول الله وذلک بعد الغسل قبل التکفین۔[1]

(ترجمہ: بعض حاشیہ نگاروں نے فوائد شرجی سے نقل کیا کہ میت کی پیشانی پر سیاہی کے بغیر شہادت کی انگشت کے ساتھ بسم الله الرحمن الرحیم لکھا جائے اور اس کے سینہ پر لا اله إلا الله محمد رسول الله. یہ کام میت کو غسل دینے کے بعد اور کفن پہنانے سے پہلے کیا جائے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
ابو محمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبر آباد
۱۷ رمضان ۱۳۳۶ھ

[1] رد المحتار جلد اول ' صفحه ٦٦٩ مطبوعه مكتبه رشیدیه کوئٹه

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......82﴾

### سوال

اگر پارچہ پر کلمہ لکھ کر میت کے سر پر لپیٹ دیتے ہیں یہ عمل ناجائز تو نہیں ہے؟

۱۷ رمضان ۱۳۳۶ھ

### الجواب

عمامہ میت کے سر پر لپیٹنا مختلف فیہ ہے۔ متقدمین فقہا مکروہ فرماتے ہیں اور متاخرین فقہا فقط علماء و مشائخ کے واسطے غالبا بغرضِ اظہارِ تعظیمِ علم مستحب سمجھتے ہیں۔ چنانچہ صفحہ ۹۳۶ درمختار میں ہے

**وتكره العمامة للميت في الأصح مجتبى و استحسنها المتاخرون للعلماء والاشراف**[۱]

(ترجمہ: صحیح تر قول کی رو سے میت کو عمامہ پہنانا مکروہ ہے۔ لیکن متاخرین فقہاء نے علماء اور بزرگ لوگوں کے لیے اسے مستحسن قرار دیا ہے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی المفتی فی جامع اکبر آباد
۱۷ رمضان ۳۳۶ھ

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار جلد اول، صفحہ ۶۳۶ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......83﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلۂ ذیل میں کہ جنازہ کو گورستان لے جاتے وقت کون سی رفتار مناسب ہے؟ آہستہ یا تیز یا اپنی معمولی رفتار سے جانا چاہیے؟ اگر تیز رفتاری سے کچھ ضعیف لوگ میت کو کاندھا نہ دے سکیں اور پیچھے رہ جائیں تو کیسا ہے؟

### الجواب

هو الموفق للصواب

بسم الله الرحمن الرحيم۔ اللهم رب زدني علما

جنازہ کو تیز گام حالت سے لے جانا سنت ہے۔ مگر مثلِ ہنود بھاگتے ہوئے لے جانا درست نہیں ہے۔

**کما فی الدر المختار: ويسرع بها بلا خبب ای عدو سريع**[1]

(ترجمہ: جنازہ کو اٹھا کر جلدی جلدی چلیں تیز نہ دوڑیں)

**قال الشامی رحمة الله عليه حد التعجيل المسنون ان يسرع به بحيث لا يضطرب الميت على الجنازة للحديث اسرعوا بالجنازة**[2]

(ترجمہ: جلدی چلنے کی مسنون حد یہ ہے کہ اتنا تیز چلیں کہ پالکی میں میت ہچکولے نہ کھانے لگے۔ کیونکہ حدیث پاک میں ہے جنازہ کو اٹھا کو جلدی چلو)

البتہ بلحاظ ضعیف لوگوں کے اگر آہستہ کچھ دور تک چلیں کچھ نقصان نہیں معلوم ہوتا۔ مگر طریق سنت وہی ہے جو نقل کر دیا گیا۔ فقط

حررہ: العبد العاصی

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی جامع مسجد اکبرآباد

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۳ صفحہ ۱۲۶ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

[2] رد المحتار: جلد ۳ صفحہ ۱۲۶ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......84﴾

### سوال

نمازِ جنازہ کی جونیت ہوتی ہے اس کوامام کامل طور پر نہ کہے اور مثلاً والدعاء لھذہ المیت پڑھنا چھوڑ دے وہ نماز جائز ہوئی یا نہیں؟ بینوا توجروا

### الجواب

☆ شرائطِ نمازِ جنازہ چھ امور ہیں۔

(اول) میت کا مسلمان ہونا۔ اور جب تک میت دفن نہ کی جائے میت کا غسلِ مسنون کے ساتھ پاک ہونا۔ ہاں البتہ اگر میت مسلم ہے بلاغسل ونمازِ جنازہ دفن کردی گئی ہوتو تین دن تک اس کی قبر پر بھی نماز ہوسکتی ہے بلکہ ضرور ہے۔ اس واسطے کہ نمازِ جنازہ فرضِ کفایہ ہے

شرطِ دوم، سوم، چہارم، مصلی کے بدن اور کپڑے اور جاءِ نماز کا پاک ہونا۔ لہٰذا اگر ناپاک جوتے پہنے ہوئے یا اس جوتے پر جس کا تلا ناپاک ہے گو اوپر سے پاک ہو نماز پڑھی جائے جائز نہ ہوگی۔

شرطِ پنجم میت کا امام کے سامنے رکھا جانا۔

اور رکنِ نمازِ جنازہ اول چار تکبیریں ہیں اور رکنِ دوم قیام ہے اگر والدعاء لھذہ المیت زبان سے نہ کہا کچھ نقصان نہیں۔ البتہ دل میں نیت نمازِ جنازہ کی بوقتِ تکبیرِ تحریمہ ہونا ضروری ہے۔ تلفظ بالنیۃ مستحب ہے نہ شرائطِ نماز سے ہے اور نہ ارکان سے۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی مفتی

جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......85﴾

## سوال

کیا نیتِ جنازہ میں مرد و عورت کی ضمیر میں فرق ہے جیسا کہ ذیل میں نیت درج ہے یا دونوں کی ایک نیت ہے اگر ایک ہے تو کیا نیت ہے۔ نیت نمازِ جنازہ بموجب تحریر بالا درج کی جاتی ہے وہ یہ ہے۔

نویت ان اودی اربع تکبیرات صلوة الجنازة الثناء لله تعالی والصلوة علی النبی والدعاء لهذا المیت متوجها الی الکعبة الشریفة. الله اکبر

سائل: غلام نبی کڑہ گاریان آگرہ

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحیم.

اللهم رب زدنی علما

کتبِ فقہ میں بعد تیسری تکبیر کے یہی دعا ماثور ہے

اللهم اغفر لحینا و میتنا وشاهدنا وغائبنا وصغیرنا و کبیرنا وذکرنا وانثانا اللهم من احییته منا فاحیه علی الاسلام و من توفیته منا فتوفه علی الایمان[1]۔

(ترجمہ: اے اللہ! ہم میں سے زندہ، مردہ، موجود، غائب، چھوٹے، بڑے، مرد، عورت کو بخش دے۔ اے اللہ! ہم میں سے جسے تو زندہ رکھے اسے اسلام پر زندگی نصیب فرما اور ہم میں سے جسے تو موت دے اسے ایمان پر موت نصیب فرما)

چونکہ احییته و توفیته کی ضمیر من کی طرف پھرتی ہے جو عام ہے اور شامل ہے مردگان اسلام کو مرد ہوں خواہ عورت۔ لہٰذا نماز مرد کی ہو خواہ عورت کی یہی ایک ضمیر مذکور رہے گی۔ البتہ اگر اس سے پہلے اگر یہ دعا

---

[1] الدرالمختار علی هامش رد المحتار جلد ۱ صفحه ۶۴۴ مکتبه رشیدیه کوئٹه

Marfat.com

پڑھے جس کو علامہ شامی صفحہ ۶۴۴ جلد اول شامی میں نقل فرماتے ہیں۔

اللھم اغفر له وارحمه وعافه واعف عنه واكرم نزله ووسع مدخله واغسله بالماء والثلج والبرد و نقه من الخطايا كما ينقى الثوب الابيض من الدنس و ابدله دارا خيرا من داره واهله خيرا من اهله و زوجا خيرا من زوجه و ادخله الجنة واعذه من عذاب القبر وعذاب النار[1] منح.

(ترجمہ: اے اللہ! اسے بخش دے۔ اس پر رحم فرما۔ اس کو عافیت عطا فرما۔ اس کو معاف فرما۔ عزت کے ساتھ اس کی مہمانی فرما۔ اس کی قبر کو وسیع فرما۔ اس کو پانی، برف اور اولوں سے غسل دے۔ اسے گناہوں سے اس طرح صاف فرما جس طرح کہ سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کر دیا جاتا ہے۔ اس کو اس کی دنیا والے گھر سے بہتر گھر اور دنیا کے اہل سے بہتر اہل، دنیا کے جوڑا سے بہتر جوڑا بدلے میں عطا فرما۔ اسے جنت میں داخل فرما۔ اسے عذابِ قبر اور عذابِ دوزخ سے پناہ میں رکھ)

تو ضرور مرد کی نماز میں اس طرح پڑھے اور عورت کی نماز میں ''ہ'' کی جگہ ''ہا'' پڑھنا چاہیے جیسے طفل نابالغ کی نماز میں اللھم اجعله پڑھتے ہیں اور نابالغ لڑکی نماز میں اللھم اجعلھا پڑھتے ہیں اور نیت اول تو قصدِ دل کو کہتے ہیں مگر عربی میں نیت کرے تو مرد کی نماز میں کہے لھٰذا المیت اور عورت کی نماز میں لھٰذہ المیت.

حررہ: العبد الراجی
ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المفتی
فی جامع اکبر آباد

---

[1] رد المحتار جلد ۱ صفحہ ۶۴۴ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......86﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ نمازِ جنازہ کی صفوف میں درمیانی فرق (فصل) کتنا ہونا چاہیے؟ اگر نمازی زیادہ ہوں اور جگہ تنگ ہو تو اس صورت میں کم از کم کتنا کتنا فصل رکھا جائے؟

سائل: حبیب احمد آگرہ

## الجواب

هو الموفق للصواب

بسم الله الرحمن الرحيم۔

اللهم رب زدني علما۔

نمازِ جنازہ میں سجدہ تو ہوتا نہیں۔ لہٰذا زیادہ فصل کی ضرورت نہیں۔ بقدرِ گنجائش اور وسعت وتنگیٔ جگہ کے اختیار ہے۔ بحسبِ ضرورت جتنا فصل ممکن ہو رکھیں۔ اس واسطے اس کے متعلق فقہا سے تصریح نہیں پائی جاتی۔ فقط

حررہ: العبد العاصی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی المفتی

جامع مسجد اکبر آباد

غفر الله له ولوالديه

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 87﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ ذیل میں کہ صفیں نماز جنازہ کی بہ عددِ طاق رہیں گی یا نہیں؟ یعنی ایک اور تین کے بعد نمازیوں کی کثرت پر یہی عمل رہے گا پانچ اور سات وغیرہ یا زیادتی پر اس کا لحاظ نہ کیا جائے گا؟

### الجواب

هو الموفق للصواب

بسم الله الرحمن الرحيم۔

اللهم رب زدني علما

صفوفِ جنازہ بحالتِ قلت وکثرتِ رجال ہر حال میں طاق رکھنا مستحب ہے۔ مشکوٰۃ شریف میں ہے

**عن مالک بن هبیره قال سمعت رسول الله ﷺ يقول ما من مسلم يموت فيصلى عليه ثلاثة صفوف من المسلمين اوجب۔**[1]

☆(ترجمہ: حضرت مالک بن ہبیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' کہ حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے سنا: کہ جو مسلمان مرے' اس پر تین صفیں مسلمانوں کی نماز جنازہ ادا کریں' تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت واجب فرمادیتا ہے)

حررہ: العاصی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی المفتی جامع مسجد اکبرآباد

غفر الله له ولوالديه

---

[1] مشکوۃ المصابیح : صفحہ ۱۴۷ ' مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......88﴾

## سوال

کیا مرد وعورت کے دو چار جنازے ہوں تو ان کی ایک ہی نماز جائز ہے یا علیحدہ علیحدہ؟

سائل: غلام نبی کٹرہ گاریان آگرہ

۱۷ مارچ ۱۹۱۸ء

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

اگر کئی جنازے مرد اور عورت کے اکٹھے ہوں تو اولی اور افضل یہی ہے کہ ہر جنازہ کی نماز علیحدہ پڑھائی جائے۔ کما فی صفحہ ۶۲۸ من الدرالمختار المطبوعۃ مع الشامی

و اذا اجتمعت الجنائز فا فراد الصلوۃ علی کل واحدۃ اولی من الجمع[1]

(ترجمہ: اگر کئی جنازے اکٹھے ہو جائیں تو ہر جنازہ پر الگ نماز ادا کرنا تمام پر اکٹھی نماز ادا کرنے سے اولی ہے)

اور جو ان میں افضل ہو باعتبار دین و دیانت میں اس کی نماز اول پڑھائی جائے۔

کما فی الدر المختار فی صفحۃ المذکورۃ

تقدیم الافضل افضل[2]

(ترجمہ: افضل کی نماز جنازہ پہلے ادا کرنا افضل ہے)

اور اگر سب کی اکٹھی پڑھائی جائے تب بھی جائز ہے۔ اور اندریں صورت اگرچہ جنازوں کا اس طرح رکھنا بھی کہ ایک کا سر دوسرے کے پاؤں کی طرف رہے جائز ہے مگر امام افضل کے پاس ہو۔ مگر اولی یہ ہے کہ سب

---

[1] الدرالمختار علی ھامش رد المحتار جلد ۱ صفحہ ۶۲۸ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[2] ایضا

Marfat.com

قبلہ کی طرف آگے پیچھے اس طرح رکھے جائیں کہ سب کا سینہ امام کے سامنے رہے تاکہ نماز علی وجہ السنۃ ادا ہو۔ چنانچہ صفحہ ۶۴۸ درمختار میں ہے

**و ان جمع جاز ثم ان شاء جعل الجنائز صفا واحدا و قام عند افضلهم و ان شاء جعلها صفا مما يلى القبله واحدا خلف واحد بحيث يكون صدر كل جنازة مما يلى الامام[1]**

(ترجمہ: اگر سب کی نمازِ جنازہ اکٹھی پڑھے تو جائز ہے پھر اگر چاہے تو تمام جنازوں کو ایک صف میں رکھ دے اور ان سے افضل کے پاس کھڑا ہو اور اگر چاہے تو قبلہ کی جانب ان جنازوں کی صف بنالے یوں کہ ایک جنازے کے پیچھے دوسرا ہو۔ اور ہر جنازے کا سینہ امام کی سمت میں ہو)

**قال الشامی**

(ترجمہ: علامہ شامی نے فرمایا:)

**هذا جواب ظاهر الرواية و روى عن ابى حنيفة غير رواية الاصول ان الثانى اولى لان السنة هى قيام الامام بخداء الميت[2]**

(ترجمہ: ظاہر روایت کی رو سے یہ جواب ہے۔ حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے اصول کی روایت کے علاوہ اور روایت میں یوں منقول ہے کہ دوسرا طریقہ بہتر ہے کیوں کہ سنت یہ ہے کہ امام میت کے سامنے کھڑا ہو)

مگر مرد کا جنازہ امام کے قریب رہے بعدہ صبی کا پھر عورت کا **کما هو مذكور فى صفحة ۶۴۹ من الدر المختار**

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
محمد دیدار علی الحفی المفتی فی جامع اکبر آباد

---

[1] الدر المختار علی ہامش رد المحتار جلد ۱ صفحہ ۶۴۸ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[2] رد المحتار جلد ۱ صفحہ ۶۴۸ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......89﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ ذیل میں، کہ امام کو جنازہ سے کتنے فاصلہ پر کھڑا ہونا مناسب ہے؟

حبیب احمد آگرہ

## الجواب

هو الموفق للصواب.

بسم الله الرحمن الرحيم.

اللهم رب زدني علما

اس کی کوئی حد مقرر نہیں ہے۔ البتہ میت کا بجانب قبلہ اور امام کے آگے ہونا ضرور ہے۔

کما فی الدر المختار

و شرطها ایضا حضوره و وضعه و کونه هو او أکثره امام المصلی و کونه للقبلة [1]

(ترجمہ: نمازِ جنازہ کے صحیح ہونے کے لیے میت کا موجود ہونا، اس کا پورا یا کچھ جسم، نمازی کے سامنے ہونا اور اس کا قبلہ کی جانب ہونا شرط ہے)

حررہ: العاصی

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی جامع مسجد اکبرآباد

غفر الله له ولوالديه

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد سوم: صفحہ ۹۸، ۹۹، دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......90﴾

### سوال

بعد نمازِ جمعہ' جنازہ' تجہیز و تکفین کی کراہت کیوں ہے بلکہ بنظر ثواب و کثرتِ جماعت بعد نمازِ جمعہ مناسب ہے۔

### الجواب

تعجیلِ نمازِ جنازہ واسطے اہتمام نمازِ جمعہ ہے۔ اگر تعجیل نا ممکن ہو تو بعدِ نماز دفن کرنا مکروہ نہیں ہے۔ بلکہ صرف اس غرض سے تساہل کرنا کہ جماعتِ کثیر نماز پڑھے گی غیر مناسب ہے۔ اس کو مکروہ تنزیہی یعنی خلاف اولیٰ لکھا ہے۔ کذا فی الطحطاوی ۔[1]

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

❁❁❁❁❁

---

(۱) فلو جهز االميت صبيحة يوم الجمعة يكره تاخير الصلوة عليه ليصلى عليه الجمع العظيم بعد صلوة الجمعة ولو خافوا فوت الجمعة بسبب دفنه يوخر الدفن

(ترجمہ: اگر میت کو جمعہ کے دن صبح کے وقت غسل اور کفن دے کر تیار کر دیا گیا تو اس کی نمازِ جنازہ کو اس لیے موخر کرنا مکروہ ہے کہ نمازِ جمعہ کے بعد بہت بڑی جماعت اس کی نمازِ جنازہ ادا کرے گی اگر دفن کے باعث نمازِ جمعہ کے فوت ہونے کا خوف ہو تو دفن کو موخر کر دیا جائے)

الطحطاوی علی مراقی الفلاح : صفحہ ۳۳۲ /مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......91﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ مردہ کو اندر مسجد یا صحن میں رکھ کر نمازِ جنازہ پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

۲۷ شعبان ۱۳۳۶ھ

اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ محکمہ ٹھیکہ ضلع بانس

بریلی مسکونہ تاج گنج آگرہ کڑہ عمر خان

## الجواب

وھو الموفق۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صحن مسجد اور بناءِ مسجد یعنی اتنی مسجد جو پٹی ہوئی ہو چونکہ عرفِ عام اہلِ اسلام بانئ مسجد کے نزدیک مسجد ہی ہوتی ہے۔ اور عموماً ہندوستان وغیرہ میں یہی عادت ہے کہ کچھ حصہ مسجد پٹوا دیتے ہیں اور اکثر کہیں کم حصہ کھلا ہوا صحن رکھتے ہیں۔ بعض جگہ مسجد کے نیچے جگہ خالی پختہ رکھ کر پانی سے بھر کے اوپر سے پٹوا دیتے ہیں اور دو طرفہ کناروں کی طرف سے کھلا رکھ کر وضو کرنے کی جگہ وضو کے لیے بنا دیتے ہیں اور اس کو خارج مسجد سمجھتے ہیں۔ اس واسطے کہ مسجد کے اندر وضو کرنا بالاتفاق ممنوع ہے اور بعض جگہ مسجد کا سامان رکھنے کی غرض سے مسجد یا صحنِ مسجد کے نیچے سردابہ رکھ دیتے ہیں کہ جو بالاتفاق جائز ہے۔ البتہ اس کی اس زمین کے اندر جتنی زمین مسجد سمجھی جاتی ہے اور بانیِ مسجد نے اس کو بہ نیتِ مسجد وقف کیا ہو خواہ اس کے نیچے سامانِ مسجد کے لیے جگہ خالی ہو یا مصارفِ مسجد کے پانی کے لیے جگہ ہو علی ہذا خواہ وہ پٹی ہو یا بصورت صحن۔ نمازِ جنازہ بلا عذر پڑھنا بعض کے نزدیک مکروہ تنزیہی اور بعض فقہا کے نزدیک مکروہ تحریمی اور قوی روایت یہی ہے کہ مکروہ تحریمہ ہے چنانچہ آخر

Marfat.com

صفحہ ۶۵۲ جلد اول درمختار مطبوعہ مصر مع ردالمحتار میں ہے

**و کرھت تحریما وقیل تنزیھا فی مسجد جماعة ھو أی المیت فیه وحدہ او مع القوم واختلف فی الخارجة عن المسجد وحدہ او مع بعض القوم والمختار الکراھة مطلقا. خلاصة بناء علی ان المسجد انما بنی للمکتوبة و توابعھا کنافلة و ذکر و تدریس علم وھو الموافق لا طلاق حدیث ابی داؤد من صلی (علی) میت فی المسجد فلاصلوة له[1]**

ترجمہ: نمازِ جنازہ پنج گانہ جماعت والی نماز مسجد میں ادا کرنا مکروہ تحریمی ہے اور بعض علماء کے ہاں مکروہ تنزیہی ہے اس صورت میں جب کہ صرف میت مسجد میں ہو یا لوگوں سمیت میت مسجد میں ہو۔ اس صورت میں اختلاف ہے جب کہ صرف میت مسجد سے باہر ہو یا کچھ نمازیوں سمیت وہ باہر ہو۔ مختار یہ ہے کہ ہر صورت میں کراہت ہے۔

خلاصہ: اس کراہت کی وجہ یہ ہے کہ مسجد صرف پنج گانہ نماز اور اس کے توابع مثلاً نفل نماز، ذکر، علوم کی تدریس کے لیے بنائی جاتی ہے اور یہی سنن ابوداؤد کے حدیث کے اطلاق کے موافق ہے وہ حدیث یوں ہے۔ **من صلی علی میت فی المسجد فلا صلاۃ له.**

(یعنی جو مسجد میں کسی آدمی کی نماز جنازہ ادا کرے اس کی نماز نہیں ہے)

اور چونکہ کراہتِ تحریمہ ظاہر الروایۃ ہے لہٰذا یہی روایت مختار ہے اور فتوی کے قابل۔ چنانچہ آخر صفحہ ۶۵۳ ردالمحتار مذکور میں ہے

**و بھذا التقریر ظھر ان الحدیث موید للقول المختار من اطلاق الکراھة الذی ھو ظاھر الروایة[2]**

---

[1] الدر المختار مع ر د المحتار : جلد ۱ ' صفحہ ۶۵۲ ' ۶۵۳ ' ۶۵۴ ' مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[2] رد المحتار : جلد ۱ صفحہ ۶۵۳ ' ۶۵۴ ' مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

(ترجمہ: اس تقریر سے ظاہر ہوا کہ حدیثِ پاک مختار قول کی تائید کرتی ہے کہ کراہت مطلق ہے اور یہی ظاہر روایت ہے)

☆ لہٰذا اگر عذر مینہ وغیرہ کا ہو تو بصورتِ عذرِ صحیح مسجد کے اندر بھی بلا کراہت جائز ہے۔ چنانچہ ۶۵۴ شامی مذکورہ میں ہے

**انما تکرہ فی المسجد بلا عذر فان کان فلا**[۱]

(ترجمہ: جنازہ کی نماز مسجد میں صرف بغیر عذر کے مکروہ ہے اور اگر عذر ہو تو کوئی کراہت نہیں)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المفتی شہر آگرہ واعظ
فی جامع مسجد اکبر آباد

---

[۱] رد المحتار: جلد ۱ صفحہ ۶۵۴، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......92﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس امر میں کہ ایک شخص کا انتقال اس کے وطن سے چالیس کوس کے فاصلے پر ہوا اس کے رشتہ دار اس جنازہ کو دو روز میں وطن میں لائے۔ اس عرصہ میں میت کے بدن سے بو آنے لگی تھی اور جنازہ پھول گیا تھا۔ مگر کسی مقام سے پھٹا نہ تھا۔ چنانچہ اس کو غسل بھی دیا گیا۔ لیکن اس کے جسم سے کسی مقام پر زخم تک ظاہر نہ ہوا۔ مگر بموجب فرمانے وہاں کے قاضی کے بغیر نماز جنازہ کے اس میت کو دوسرے دن اس کی موت سے دفن کر دیا گیا۔ جب یہ خبر ایک دوسرے عالم کو ہوئی تو انہوں نے قاضی صاحب کی غلطی ظاہر کر کے تیسرے دن قبر پر نماز جنازہ ادا کی۔ اس پر قاضی صاحب معترض ہیں کہ بوجہ پڑھنے نماز جنازہ کے تیسرے دن قبر پر مولوی صاحب پر کچھ جرمانہ ہونا چاہئے۔ لہٰذا مفصل بحوالۂ کتب معتبرہ تحریر فرمایا جائے آیا نمازِ جنازہ تیسرے دن قبر پر پڑھنا جائز تھا یا نہیں؟ اور قاضی صاحب کا فرمان بجا ہے یا غلط؟ بینوا وتوجروا

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں نمازِ جنازہ میت پر اس وقت تک پڑھنا ضروری ہے جب تک اس کے اعضا نہ بکھریں اور سالم رہیں اور بدن اس کا پھٹا نہ ہو۔ اور اگر میت کو دفن کر دیا ہو بغیر اداءِ نمازِ جنازہ کے اور ظن غالب ہو کہ ابھی تک بدن میت کا پھٹا نہیں ہو گا بلکہ سالم ہو گا تو اس کی قبر پر نمازِ جنازہ ادا کر لی جائے۔

**کما فی الھدایة**

**و ان دفن المیت و لم یصل علیه صلی علی قبره لان النبی ﷺ صلی علی قبر امرأة من الانصار ویصلی علیه قبل ان یتفسخ والمعتبر فی معرفة ذلک اکبر الرأی هو**

Marfat.com

الصحیح لاختلاف الحال و الزمان و المکان۔[۱]

(ترجمہ: اگر میت کو دفن کر دیا گیا اور اس پر نمازِ جنازہ نہ پڑھی گئی تو اس کی قبر پر نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی کیونکہ نبی کریم ﷺ نے انصار کی ایک عورت کی قبر پر نمازِ جنازہ پڑھی تھی۔ میت کے پھٹنے سے پہلے اس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی اور اس کی پہچان میں غالب رائے کا اعتبار ہے اور یہی صحیح ہے کیوں کہ یہ مدت حالت، وقت اور جگہ کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہے)

اور میت کے سالم رہنے کا اندازہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابی یوسف رحمۃ اللہ علیہ نے تین دن کا لکھ کر اگرچہ اپنی کتاب امالی وغیرہ میں فرما دیا ہے کہ بعد تین دن کے اگر میت کو بلا نمازِ جنازہ دفن کر دیا ہو تو تین دن کے بعد نمازِ جنازہ قبر پر پڑھی جائے مگر صحیح یہی ہے کہ یہ اندازہ لازم نہیں ہے اگر بعد کئی دن کے بھی غالب ظن بوجہ موسمِ سرما یا دبلا ہونے میت کے بھی ہو کہ جسمِ میت پھٹا نہ ہوگا بلکہ سالم ہوگا تو بعد تین دن کے بھی نماز جنازہ پڑھی جائے اور اگر قبل تین دن کے بوجہ موٹا ہونے جسمِ میت کے اور شدتِ موسمِ برسات یا گرما کے غالب ظن سب کا یہی ہو کہ اب جسمِ میت پھٹ گیا ہوگا تو جب بھی نماز جنازہ تین دن کے اندر ہی پڑھی جائے۔

کما فی العنایة تحت عبارة الهدایة "هو الصحیح"

قوله هو الصحیح احتراز عما روی عن ابی یوسف رحمة الله علیه فی الامالی انه یصلی علی المیت فی القبر الی ثلثة ایام و بعده لا یصلی علیه و هکذا ذکر ابن رستم فی نوادره عن محمد رحمة الله علیه عن ابی حنیفة رحمة الله علیه والصحیح ان ذلک لیس بتقدیر لازم لان تفرق الاجزاء یختلف باختلاف حال المیت من السمن والهزال و باختلاف الزمان من الحر و البرد واختلاف المکان من الصلابة والرخاة۔[۲]

(ترجمہ: قولہ یہی صحیح ہے: یہ اس روایت سے احتراز ہے جو حضرت امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے امالی میں ہے

---

[۱] الهدایه جلد ۲ صفحه ۱۴۴، ۱۴۵ مطبوعه ادارة القرآن والعلوم الاسلامیه کراچی

[۲] العنایة شرح الهدایة بهامش فتح القدیر جلد اول صفحه ۴۵۹، المطبعة الکبری الامیریه مصر

Marfat.com

کہ دفن شدہ میت پر نمازِ جنازہ تین دن تک پڑھی جائے گی اور اس کے بعد نہ پڑھی جائی گی۔ امام ابن رستم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب نوادر میں حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے' حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے واسطے سے یہی روایت نقل کی ہے۔ لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ اندازہ لازم نہیں ہے' کیونکہ اعضا کے پھٹنے کی مدت میت کی حالت کے اختلاف یعنی فربہ ہونے اور دبلا ہونے' وقت کے اختلاف یعنی گرمی اور سردی اور جگہ کے اختلاف یعنی قبر کی جگہ کا سخت ادا نرم ہونے' سے مختلف ہوتی ہے)

اور صورتِ مسئولہ میں تو نمازِ جنازہ تیسرے دن پڑھی گئی ہے لہٰذا قول وفعل مولوی صاحب بلا تکلف صحیح ہے اور قاضی صاحب سے جو خطا ہوئی اس سے لازم ہے کہ توبہ کریں نہ کہ اپنی بات سے مولوی صاحب کو مستحق جرمانہ بنادیں اور اگر وہ اپنی ضد سے باز نہ آئیں تو ایسا ضدی قاضی ہرگز قابلِ قضا وفتوی نہیں۔

واللہ اعلم وعلمہ احکم

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی

مفتی جامع مسجد اکبرآباد عرف آگرہ

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......93﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ میت کو داہنی طرف سے قبر میں اتارنا کتاب میں تحریر نہیں ہے لیکن اکثر صاحب ایسا کہتے ہیں کہ بعد دوپہر کے بائیں طرف سے میت کو قبر میں اتارنا چاہیے تاکہ سایہ قبر میں اول نہ داخل ہووے۔ ہمزاد سایہ کے ہمراہ دفن ہوتا یا کیا؟

برائے توجہ واحسان جواب جلد مرحمت ہو تاکہ اطمینان ہو فقط

مستفتی احمد نصیر خان۔

امام مسجد بگیانہ

### الجواب

جمیع کتب فقہ میں تمام فقہا یہی تحریر فرماتے ہیں کہ جنازہ کو قبر سے قبلہ کی جانب رکھنا چاہیے اور قبلہ ہی کی طرف سے اٹھا کر قبر میں رکھا جائے۔ چنانچہ ہدایہ میں ہے۔

**و یدخل المیت الخ یعنی توضع الجنازة فی جانب القبلة من القبر و یحمل منه المیت فیوضع فی اللحد(۱)**

(ترجمہ: میت کو قبلہ کی جانب کنارۂ قبر سے داخل کیا جائے۔ یعنی جنازہ کو قبر سے قبلہ کی جانب رکھا جائے وہاں سے میت کو اٹھایا جائے پھر قبر کے اندر رکھا جائے)

---

۱ الهدایه مع حاشیه مولانا عبد الحی لکهنوی رحمة الله علیه، جلد اول جزء ۲ صفحه ۱۵۱ مطبوعه دار القرآن والعلوم الاسلامیه کراچی

وضاحت: ویدخل المیت تک ہدایہ کی عبارت ہے اس سے آگے مولانا عبدالحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ کے حاشیہ کی عبارت ہے۔

Marfat.com

لہذا یہ عقیدہ خلافِ سنت رکھنا ہے کہ بعد دوپہر بائیں طرف سے اتاریں اور قبل دوپہر داہنی طرف سے بالکل لغو بلکہ بدعت ہے اور بی اصل۔ ایسے عقائدِ باطلہ سے مسلمانوں کو بچنا اور دوسروں کو بچانا ضروری امر ہے۔

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی
ابومحمد محمد دیدارعلی الرضوی المشہدی الحنفی
المفتی فی جامع اکبرآباد
مورخہ ۲۷ محرم الحرام ۳۴ھ

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......94﴾

## سوال

گزارش ہے کہ عرصہ پانچ یا چھ روز گزرے دھوبی ایک عورت کا جنازہ لے کر صبح کی نماز سے پہلے مسجد اکبری میں نماز جنازہ پڑھانے کے واسطے آئے۔ جماعت نمازِ صبح ہونے کے بعد امام صاحب مسجد اکبری نیچے مسجد کے تشریف لائے۔ اور دھوبیوں سے دریافت فرمایا کہ یہ عورت نماز پڑھتی تھی یا نہیں؟ اس مجمع دھوبیوں میں سے کسی نے یہ کہا کہ یہ نماز نہیں پڑھتی تھی۔ امام صاحب نے سنا امر فرمایا کہ ہم نماز نہیں پڑھائیں گے۔ نہیں پڑھائی۔ اور مکان کو چلے گئے۔ چلے جانے کے بعد احمد خان موذن مسجد اکبری نے جنازہ کی نماز پڑھا دی۔ لہٰذا رپورٹ اطلاع ارسالِ حضور ہے۔

نواب علی منصب دار و محاسب

جناب عالی

مفتی صاحب: براہِ مہربانی مطلع فرمائیں کہ جب امام صاحب کو یہ معلوم ہو گیا تھا کہ متوفیہ مسلمان ہے تو ان کو زیادہ تحقیقات کرنے کی ضرورت تھی یا نہیں؟ اور نماز جنازہ پڑھانے سے انکار کرنا جائز تھا یا نہیں؟

۲۴ جولائی ۱۹۱۸ء محمد عبدالغفار عفی عنہ

## الجواب

اللھم رب زدنی علما ارنا الحق حقا و الباطل باطلا

صفحہ ۶۴۲ جلد اول در مختار مطبوعہ علی ھامش ردالمحتار میں ہے

وھی فرض علی کل مسلم خلا اربعة بغاة و قطاع الطریق اذا قتلوا فی الحرب ولو بعدہ صلی علیھم لانه حد أو قصاص و کذا اھل عصبة و مکابر فی مصر لیلا بسلاح وخناق غیر مرة فحکمھم کالبغاة و من قتل نفسه و لو عمدا یغسل و یصلی علیه و به یفتی و ان کان اعظم و زرا من قاتل غیرہ و رجح الکمال قول الثانی بما فی مسلم انه علیه

Marfat.com

السلام اتی برجل قتل نفسه فلم یصل و لا یصلی علی قاتل احد ابویه اهانة له والحقه فی النهر بالبغاة[1]

☆(ترجمہ: چار قسم کے لوگوں کے سوا ہر مسلمان کی نمازِ جنازہ پڑھنا فرض ہے۔اور وہ یہ ہیں (۱) باغی (۲) ڈاکو جب یہ کہ دونوں قسم کے لوگ جنگ میں قتل کر دیئے جائیں۔اور جنگ کے بعد اگر انہیں قتل کیا جائے تو ان کی نماز جنازہ ادا کی جائے گی کیوں کہ ان کا یہ قتل حد یا قصاص کے طور پر ہوگا (۳) شہر میں رات کو اسلحہ کے ساتھ بے گناہ لوگوں سے تعرض کرنے والا (جگا ٹیکس وصول کرنے والا) (۴) لوگوں کو گلا دبا کر مارنے والا جب کہ یہ بار بار ایسا کرے۔ان کا حکم باغی افراد کا سا ہے۔اور جس نے خودکشی کی اگر چہ عمداً کی ہو اسے غسل دیا جائے گا۔اور اس پر نماز جنازہ بھی پڑھا جائے گی۔فتوی اسی پر ہے۔اگر چہ اس کا گناہ دوسروں کو قتل کرنے سے زیادہ ہے۔علامہ کمال رحمۃ اللہ علیہ نے دوسرے قول کو ترجیح دی ہے کیوں کہ صحیح مسلم میں ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک شخص کو لایا گیا جس نے خودکشی کی تھی۔اور آپ نے اس کی نمازِ جنازہ نہ پڑھی۔اپنے ماں باپ میں سے کسی ایک کو قتل کرنے والے کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے گی۔یہ حکم اس کی اہانت کے لیے ہے۔اور النہر میں اسے باغیوں کے ساتھ لاحق کیا گیا ہے۔

اور صفحہ ۱۷۲ جلد اول فتاوی عالم گیریہ میں ہے

الصلوة علی الجنازة فرض کفایة اذا قام به البعض واحدا کان او جماعة ذکرا کان او انثی سقط عن الباقین واذا ترک الکل اثموا هکذا فی التتار خانیة والصلوة علی الجنازة تتادی بأداء الامام وحده لان الجماعة لیست بشرط الصلوة علی الجنازة کذا فی النهایة وشرطها اسلام المیت وطهارته مادام الغسل ممکنا[2]

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار : جلد اول، صفحہ ۶۴۲،۶۴۳، مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ۔

[2] الفتاوی العالم گیریہ مع اردو ترجمہ، جلد ۲، صفحہ ۸۹۴، مطبوعہ فضل ربی پریس راولپنڈی

Marfat.com

ماحصل ان تمام عبارتوں کا یہ ہے کہ جنازہ فرضِ کفایہ ہے۔ جولوگ موجود ہوں ان میں سے اگر ایک آدمی تنہا بھی نمازِ جنازہ ادا کرے گا سب گناہ سے بری الذمہ ہو جائیں گے۔ اور اگر کوئی بھی نہ پڑھے اور بلا نمازِ جنازہ میت دفن کردی جائے سب گنہگار رہوں گے۔

اور شرط نمازِ جنازہ یہ ہے کہ میت مسلمان ہو۔ مگر اگر میت مسلمان امامِ وقت سے باغی ہو کر حالتِ بغاوت میں ماری گئی ہو یا ڈاکو ڈکیتی کی حالت میں مارا گیا ہو یا جو شخص اپنی ماں کو یا باپ کو قتل کرڈالے اور ان کے قصاص میں مارا جائے اور بروایتِ راجح جو شخص خودکشی کرے ان کی نمازِ جنازہ بغرض ان کی ذلت ظاہر کرنے اور لوگوں کے زجر وتنبیہ فرمانے کے نہ پڑھی جائے۔ ☆ علاوہ بریں جو شخص قرض دار مرجاتا بغرض زجر فرمانے لوگوں کے قرض نہ ادا کرنے سے حدیث صحیح میں آیا ہے کہ میت کا حال آنحضرت ﷺ لوگوں سے دریافت فرما کر اگر قرض دار ہوتا خود اس کی نماز جنازہ نہ پڑھاتے اور دوسروں کو فرماتے کہ تم پڑھا دو۔ پھر سبیل اداءِ قرض ہو جاتی تو خود آپ بہ نفسِ نفیس علیہ الصلوٰۃ والسلام پڑھا دیتے ورنہ خود نہ پڑھاتے چنانچہ صفحہ ۲۱۲ مشکوۃ المصابیح مطبوعہ نظامی دھلی میں ہے۔

عن سلمہ بن الاکوع قال کنا جلوسا عند النبی ﷺ اذاتی بجنازۃ فقالوا صل علیھا فقال ھل علیه دین قالوا لا فصلی علیھا ثم اتی بجنازۃ اخری فقال ھل علیه دین قیل نعم قال ھل ترک شیئا قالوا ثلثة دنانیر فصلی علیھا ثم اتی بالثالثة فقال ھل علیه دین قالوا ثلثة دنانیر قال ھل ترک شیئا قالوا لا قال صلوا علی صاحبکم قال ابو قتادۃ ھل یارسول اللہ علیک و علی آلک واصحابک و علی دینه رواہ البخاری[1]

☆ (ترجمہ: حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نبی کریم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں بیٹھے تھے کہ ایک جنازہ لایا گیا لوگوں نے آپ سے عرض کی اس کی نمازِ جنازہ پڑھا دیں۔ آپ نے دریافت فرمایا کیا اس کے ذمہ کچھ قرض ہے؟ لوگوں نے عرض کی نہیں۔ اس پر آپ ﷺ نے اس کی نمازِ جنازہ

[1] مشکوۃ المصابیح صفحہ مطبوعہ

Marfat.com

پڑھادی۔ پھرایک اور جنازہ لایا گیا۔ آپ نے دریافت فرمایا کیا اس کے ذمہ کچھ قرض ہے؟ لوگوں نے عرض کی ہاں۔ آپ نے پوچھا کیا اس نے کچھ مال چھوڑا ہے؟ لوگوں نے عرض کی تین دینار ترکہ چھوڑا ہے آپ نے اس کی نمازِ جنازہ بھی پڑھادی۔ پھر تیسرا جنازہ لایا گیا۔ آپ نے پوچھا کیا اس پر قرض ہے؟ لوگوں نے بتایا تین دینار قرض ہے۔ پوچھا کیا کچھ چیز چھوڑی ہے؟۔ لوگوں نے عرض کی نہیں تو آپ نے صحابہ کرام سے فرمایا اپنے ساتھی کی نمازِ جنازہ ادا کرو۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ! کیا آپ' آپ کی آل' صحابہ اور مجھ پر قرض نہیں ہے؟)

بہرنہج باوجود جاننے اس امر کے کہ یہ مسلمان ہے ضرور استفسار فرمالیتے کہ یہ قرضدار تو نہیں؟ تاکہ آپ کے بذاتِ خاص نماز نہ پڑھانے سے لوگ ادائے قرض کی کوشش کریں۔ اور قرض دار نہ مریں۔ اور شاید آپ کے نماز نہ پڑھانے سے کسی کو رحم آجائے اور وہ اس کا قرض ادا کردے۔ لہٰذا اگر میت اور میت کے لانے والے تمام افراد بے نمازی ہوں اور اتنے ترک نماز سے بے خوف ہوں کہ خود بھی کوئی نماز نہ پڑھے اور مثل مزدوروں کے میت کو رکھ کے علیحدہ جا بیٹھیں۔ اور وقتِ دریافت بے خوفِ خدا بے دھڑک کہہ دیں کہ اس نے بھی کبھی نماز نہ پڑھی۔ اور کوئی بزرگ یا عالم ایسے ہوں کہ ان کی نماز نہ پڑھانے سے وہ سب لوگ یا بعض لوگ نماز پڑھنے لگیں۔ اور تنہا وہ خود نہ پڑھائے اور دوسروں کو کہہ دے یا اشارہ کردے کہ تم پڑھادو۔ تو یہ امر بلاشبہ موافقِ حدیثِ مذکور معلوم ہوتا ہے۔ گو صریح روایت بہ نسبت نماز نہ پڑھانے ایسے بے نمازی کے جنازہ کی اب تک نہیں ملی۔ اور غالباً وجہ نہ ملنے ایسی روایت کی یہی معلوم ہوتی ہے کہ زمانہ رسول اللہ ﷺ بلکہ صحابہ وتابعین میں کوئی مسلمان بے نمازی ہوتا ہی نہ تھا۔ اس واسطے کہ نماز نہ پڑھنے کا گناہ تمام دنیا بھر کے گناہوں سے اتنا زیادہ ہے کہ حدیث صحیح میں وارد ہے۔

☆ **قال النبی ﷺ من ترک الصلوۃ متعمدا فقد کفر**[1]

یعنی جو قصداً نماز چھوڑدے وہ بلاشبہ کافر ہوگیا۔

---

[1] الجامع الصغیر مع فیض القدیر، جلد ۶، صفحہ ۱۰۲، دار المعرفہ بیروت

Marfat.com

چنانچہ بعض ائمہ دین بموجبِ ظاہرِ حدیث یہی فرماتے ہیں۔ مگر ہمارے امامِ اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ متعمدا کے معنے بلحاظ دیگر احادیث مستحلا کے ہیں۔ یعنی جو کوئی نماز چھوڑنے کو حلال سمجھ لے وہ بالاتفاق کافر ہو جاتا ہے ورنہ فاسق ہونے میں کسی کو کلام نہیں۔ اور مسلم شریف میں ہے

☆ قال ﷺ بین العبد و بین الکفر ترک الصلوة [۱]

(ترجمہ: بندے اور کفر وشرک کے درمیان فرق نماز ترک کرنے کا ہے)

والله اعلم و علمه احكم. اللہ ہم کو اور تمام مسلمانوں کو توفیقِ اتباعِ شریعت اور اجتنابِ بدعت اور ملازمتِ نمازِ پنج گانہ بخوف وخشیت عطا فرمائے آمین ثم آمین

حررہ: العبد الراجی

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی

فی جامع اکبر آباد

---

[۱] صحیح مسلم : صفحہ ۵۱، حدیث رقم ۲۴۷، دار السلام للنشر والتوزیع الریاض

نوٹ: مسلم شریف کے الفاظ یہ ہیں :

بین الرجل وبین الشرک والکفر ترک الصلاۃ .

ترجمہ: مسلم آدمی اور کفر وشرک کے درمیان فرق نماز کو ترک کرنے کا ہے۔

Marfat.com

# زکوۃ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......95﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس امر میں کہ اگر عشر زکوۃ کو ظالم بادشاہ جبراً وصول کر لیں اور ان کے صرف کرنے کی جگہ صرف نہ کریں تو اصحابِ زکوۃ وعشر وخراج پر اس کے مصارف پر دوبارہ عشر وزکوۃ وغیرہ نکال کر خرچ کرنا لازم ہے؟

۹ رجب المرجب ۳۶ھ

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحيم

شرعاً دوبارہ نکال کر اس کے مصارف پر خرچ کرنا لازم تو نہیں مگر دیانۃً دوبارہ نکال دے اور مصارف پر خرچ کرے تو افضل ہے تا آنکہ عند البعض خراج بھی دوبارہ نکال کر اس کے مصرف پر خرچ کر دے تو افضل ہے۔

**كما فی الدر المختار المطبوعة علی هامش ردالمحتار فی صفحه ۲۶ من الجزء الثانی**

**أخذ البغاة والسلاطين الجابرة زكوة الاموال الظاهرة كالسوائم والعشر والخراج لااعادة على اربابها ان صرف الما خوذ فی محله الآتی ذكره والايصرف فيه فعليهم فيما بينهم و بين الله اعادة غير الخراج لانهم مصارفه[1]**

(ترجمہ: باغی اور ظالم بادشاہ اموالِ ظاہرہ مثلاً چوپایوں کی زکوۃ' عشر اور خراج وصول کر لیں تو نصاب کے مالکوں پر ان کا دوبارہ ادا کرنا لازم نہیں ہے بشرطیکہ وہ وصول کردہ زکوۃ وغیرہ اپنے مصارف پر خرچ کر دیں جن کا ذکر آئے گا۔ اور اگر وہ مال ان مصارف پر خرچ نہ ہوا ہو تو نصاب کے مالکوں پر ان کا دوبارہ ادا کرنا ان کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان لازم ہے۔ خراج کی دوبارہ ادائیگی لازم نہیں ہے کیونکہ وہ باغی وغیرہ بھی اس کے مصارف ہیں)

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۲ ' صفحه ۲۶ ' مطبوعه مكتبه رشيديه كوئٹه

Marfat.com

مگر اس زمانہ میں چونکہ خراج بھی اپنے موقع پر خرچ نہیں کیا جاتا لہٰذا اس کا دوبارہ نکال کر اس کے مصارف پر خرچ کرنا احتیاط ہے۔

**کما هو ظاهر من قول الشامی فی صفحه ۲۶ من الجزء الثانی**

**اما الخراج فلا یفتون باعادته لانهم مصارفه إذ اهل البغی یقاتلون اهل الحرب والخراج حق المقاتلة شرح الملتقی[1]**

(ترجمہ: خراج کی صورت میں علمائے کرام اس کے اعادہ کا فتویٰ نہیں دیتے کیونکہ وہ باغی اور ظالم بادشاہ خود بھی ان کے مصارف ہیں کیونکہ باغی لوگ اہلِ حرب سے جنگ کرتے ہیں۔اور خراج جنگ کرنے والوں کا حق ہے۔شرح الملتقی)

اسی واسطے عدمِ اخراجِ خراج کو دوبارہ دینا علامہ زیلعی سے ضعیف معلوم ہوتی ہے۔

**حیث قال الشامی رحمه الله فی الصفحة المذکورة .**

**و ذکر الزیلعی ما یفید ضعفه حیث قال و قیل لانفتیهم باعادة الخراج[2]**

(ترجمہ: علامہ زیلعی رحمۃ اللہ علیہ نے ایسی عبارت ذکر فرمائی ہے جو خراج کے دوبارہ ادا نہ کرنے کے قول کے ضعیف ہونے پر دلالت کرتی ہے۔انہوں نے فرمایا کہ کہا گیا ہے کہ ہم خراج کے اعادہ کا فتویٰ نہیں دیتے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبرآباد

---

[1] رد المحتار : جلد ۲ ، صفحه ۲۶ ، مطبوعه مکتبه رشیدیه کوئٹه

[2] رد المحتار : جلد ۲ ، صفحه ۲۶ ، مطبوعه مکتبه رشیدیه کوئٹه

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......96﴾

## سوال

مکرمی معظمی مولانا مفتی سید دیدار علی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ بمبئی میں عید بقرعید کے دن مسجدوں میں بوقتِ نماز جس طرح فقیر جن کا پیشہ ہے بھیک ہے اور سوال کرنے کو عیب نہیں' بلکہ ہنر سمجھتے ہیں اور نمازیوں کے آگے سوسو پچاس پچاس بھاگتے پھرتے ہیں اور وظیفہ پڑھنے والوں کو جو بانتظار بیٹھے ہوتے یا بعد نماز طعن وتشنیع کرتے ہیں۔ ان کو دینا اور ان کو جو منع کرنے پر قادر ہو متولی یا اہل محلّہ ان کا منع نہ کرنا اور اس کو نیک کام سمجھنا کیسا ہے؟

۱۵ رمضان ۱۳۳۶ھ

مولوی عبدالحلیم امام مسجد جالملی محلّہ بمبئی

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

☆ جس کے شخص کے پاس ایک دن کا کھانا موجود ہو یا بالقوہ یعنی وہ شخص جو تندرست اور مزدوری کر کے ایک دن کا کھانا حاصل کرسکتا ہے' وہ حکما اسی شخص کے حکم میں ہے' جس کے پاس ایک دن کا کھانا موجود ہو۔ ایسے شخص کو کھانے کے واسطے سوال کرنا حرام ہے۔ البتہ اگر ایک دن کے کھانے کے لائق موجود ہو مگر کپڑے قدرِ ضرورت نہ رکھتا ہو یا مکانِ سکونت بقدرِ گزر نہ رکھتا ہو علی ہذا مسافر گھر تک پہنچنے کا سامان نہ رکھتا ہو تو بقدرِ رفعِ ضرورت اس کو سوال جائز ہے۔ ضرورت سے زائد اس کو بھی سوال حرام ہے۔ اور ایسے سائل کو دینا بھی حرام بسبب مدد کرنے کے فعلِ حرام پر جو سوال ہے۔

چنانچہ جلد دوم باب المصرف صفحہ ۷۵ در مختار میں ہے:۔

ولا یحل ان یسال شیئا من القوت من له قوت یومه بالفعل او بالقوة کالصحیح

Marfat.com

المكتسب و يائم معطيه ان علم بحاله لاعانته على المحرم ۔[1]

☆(ترجمہ: جس شخص کے پاس بالفعل ایک دن کی خوراک موجود ہواس کے لیے سوال کرنا حلال نہیں اور اس شخص کے لیے بھی سوال حلال نہیں جس کے پاس بالقوہ ایک دن کی غذا موجود ہو جس طرح کہ وہ شخص جو تندرست اور کمانے والا ہو۔ اگر ایسے سائل کو دینے والے شخص کو اس کا حال معلوم ہو تو وہ گناہ گار ہوگا کیوں کہ اس نے حرام پر امداد کی ہے)

قال الشامی رحمه الله :

قوله ولا يحل قيد بالسوال لان الاخذ بدونه لا يحرم بحر و قيد بقوله شيئا من القوت لان له السوال ما هو محتاج اليه غير القوت كثوب شر نبلالية و اذا كان له دار يسكنها ولايقدر على الكسب قال ظهير الدين لا يحل له السوال اذا كان يكفيه مادونها معراج ۔[2]

(ترجمہ: قولہ لا یحل: یعنی اس کے لیے جائز نہیں مصنف علیہ الرحمہ نے اسے سوال کے ساتھ مقید فرمایا کیوں کہ سوال کے بغیر کسی سے کچھ لینا حرام نہیں ہے۔ بحر۔ نیز حضرت مصنف علیہ الرحمۃ نے کچھ خوراک کی قید لگائی۔ کیوں کہ جس کے پاس خوراک موجود ہے اسے اس کے علاوہ اور ضرورت کی چیز مثلاً کپڑے کا سوال کرنا جائز ہے۔ شرنبلالیہ۔ اور جب اس کے پاس گھر ہو جس میں رہ رہا ہو اور وہ کھانے کی قدرت نہ رکھتا ہو تو امام ظہیر الدین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا جب سوال کے بغیر اس کی کفایت ہو سکے تو اسے سوال کرنا جائز نہیں ہے)

☆ اور ظاہر ہے کہ بمبئی کے سائل جو عیدین میں نمازیوں کو تنگ کرتے ہیں اور ظاہر ہے کہ بے نمازی ناپاک بے غسل اس طرح صفوں کے آگے صفوں کو چیرتے ہوئے پھرتے ہیں کہ بالکل حرمتِ مسجد نہیں رہتی۔

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۲ صفحہ ۷۵، ۷۶ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[2] رد المحتار جلد ۲ ، صفحہ ۷۵، ۷۶ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

لہٰذا ان کو دینا اور منع نہ کرنا ہتکِ حرمتِ مسجد کرانا ہے جو قطعاً حرام ہے۔ اور جو لوگ باوصفِ قدرت ان کو منع نہیں کرتے وہ مرتکبِ حرام اور سخت گناہگار ہیں۔ اور جو ان کو دیتے ہیں وہ بھی بسبب مدد کرنے والے فعلِ حرام کے سخت گنہگار ہیں۔ اور جو ایسے سائلوں کو مسجد سے نکال دیں مستحق ثواب ہیں۔

چنانچہ صفحہ ۶۰۹ جلد اول شامی میں ہے

قال فی النهر والمختار ان السائل إن كان لا يمر بين يدى المصلى و لا يتخطى للرقاب و لا يسال الحافا بل لامر لابد منه فلا باس بالسوال والاعطاء اه و مثله فی البزازية و فيها فلا يجوز الاعطاء اذا لم يكونوا على تلك الصفة المذكورة قال الامام ابو نصر العياضی ارجو ان يغفر الله تعالى لمن يخرجهم من المسجد و عن الامام خلف بن ايوب لو كنت قاضيا لم اقبل شهادة من يتصدق عليهم[1]

(ترجمہ: النہر میں ہے کہ مختار یہ ہے کہ مانگنے والا اگر نمازی کے آگے سے نہ گزرے اور نہ ہی لوگوں کی گردنیں پھلانگے اور اصرار کر کے نہ مانگے بلکہ کسی ایسی چیز کے لیے مانگے جس کے بغیر اسے چارہ نہ ہو تو اس مانگنے اور دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ فتاویٰ بزازیہ میں اسی طرح ہے اور اس میں یہ بھی ہے کہ جب سائل اس طرح مذکورہ کیفیت پر نہ ہوں تو ان کو دینا جائز نہیں ہے۔ اور امام ابو نصر عیاضی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کو معاف فرما دے گا جو انہیں مسجد سے نکال دے۔ اور امام خلف بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اگر میں قاضی ہوتا تو ان لوگوں کی شہادت قبول نہ کرتا جو ان کو دیتے ہیں)

یعنی امام خلف بن ایوب فرماتے ہیں کہ اگر میں قاضی ہوتا ایسے سائلوں کو صدقہ دینے والوں کی شہادت کبھی نہ قبول کرتا نباء علیہ صفحہ ۲۹۶ جلد خامس کتاب الکراھیۃ ودر مختار میں علامہ حصکفی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

---

[1] رد المحتار جلد ۱، صفحہ ۶۰۹ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

هذا فلس لا يكفره سبعون فلسا[۱]

یعنی ایسے سوال پیشہ مسجد میں سوال کرنے والے سائلوں کو ایک پیسہ دینے کا اتنا گناہ ہے کہ اگر اس کے عوض ستر پیسہ اللہ واسطے دیئے جائیں تو وہ اس ایک پیسہ دینے کے گناہ کا کفار نہیں ہو سکتا۔

لہٰذا متولیانِ مسجد اور اہلِ محلّہ پر لازم ہے کہ ضرور اس طوفانِ بے تمیزی کا علاج کریں اور عیدین کی صفوں میں گشت کرنے سے ان ظالموں کو منع کر کے مستحقِ اجرِ عظیم ہوں۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

---

[۱] رد المحتار جلد ۵، صفحہ ۲۹۶ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

وضاحت: حضرت سند المحدثین رحمۃ اللہ علیہ نے غلطی سے اس حوالہ کو درمختار کی طرف منسوب فرمایا لیکن درحقیقت یہ حوالہ اس پر علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ کے حاشیہ رد المحتار کا ہے۔

محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......97﴾

### سوال

جناب مولانا صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اشتہار انجمن اسلامیہ بھرت پور میں جو سیکرٹری صاحب نے صدقہ فطر کا وزن ہمارے سیر مروجہ سے جو اسی روپیہ سیر ہوتا ہے سوا دو سیر لکھا ہے کیا یا صحیح ہے یا غلط؟

سائل: حافظ رفیق احمد، امام مسجد بھرت پور

۱۴ شوال ۱۳۴۴ھ

### الجواب

از خاکسار دیدار علی بخدمت حافظ محمد رفیق صاحب امام مسجد جامع بھرت پور سلمہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

شرح وقایہ کی جلدِ اول صفحہ ۳۰۱ میں ہے، کہ صاعِ عراقی حنفیوں کے نزدیک صدقۂ فطر میں معتبر ہے اور صاعِ حجازی شافعیوں کے نزدیک۔ صاعِ عراقی میں آٹھ رطل عمدہ نئی گیہوں سماتی ہیں اور حجازی میں ایک ثلث پانچ رطل۔ لہٰذا امام شافعی رحمۃ اللہ کے نزدیک صدقۂ فطر نصف صاعِ حجازی ہے اور امام صاحب رحمۃ اللہ کے نزدیک نصف صاعِ عراقی۔

اور وہ دو من کا ہوتا ہے اور من، چالیس استار کا اور استار، ساڑھے چار مثقال کا۔ اس حساب سے ایک من ایک سو اسی (180) مثقال کا ہوا۔ اب حساب کرلو کہ مثقال ساڑھے چار ماشہ کا ہوتا ہے اور نصف صاع دو من کا ہوتا ہے۔ جس کے 360 مثقال اور ایک ہزار چھ سو بائیس (1622) ماشہ ہوئے، جس کے 135 تولہ ہوتے ہیں اور چونکہ ہمارا سیر مروجہ اسی روپیہ بھر کا ہوتا ہے، اور روپیہ ساڑھے گیارہ ماشہ کا۔ لہٰذا 135 تولہ سے فی تولہ جب چار رتی نکالی تو 5 روپیہ (تولہ) 10 ماشہ بھر نکلے اور ان کو جب 135 میں جمع کیا تو 140 روپیہ (تولہ) 10 ماشہ بھر وزن نصف صاعِ عراقی کا، جو دو من شرعی ہوتا ہے، ہوا۔ اور اب ایک سو چالیس (140) تولہ دس ماشہ بھر وزن کو اسی 80 روپیہ پر جو وزن ہمارے سیر مروجہ کا ہے تقسیم کیا تو پونے دو سیر دس

Marfat.com

ماشہ بھر ہمارے سیر سے وزن نصف صاع عراقی کا ہوا جو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ کے نزدیک معتبر ہے۔ لہٰذا احتیاطاً مناسب ہے کہ آدھ پاؤ کم دو سیر صدقۂ فطر نکالا جائے اور پونے دو سیر دس ماشہ بھر سے ہرگز کم نہ ہو۔

نہیں معلوم محمد شرف الدین خان صاحب سیکرٹری انجمن اسلامیہ بھرت پور نے جو فقہائے محققین حنفیہ کی طرف نسبت کر کے نصف صاع کا وزن تقریباً سوا (دو) سیر مروجہ لکھا ہے کس حساب سے بلا حوالہ کتاب اس وثوق سے کیسا لکھا ہے۔ ردالمحتار، درمختار، شرح وقایہ سے جو ثابت ہوتا ہے وہ مفصلاً خدمتِ عالی میں عرض کر دیا گیا۔ لہٰذا سیکرٹری صاحب کی خدمت میں بعد ابلاغِ سلام مسنون میری طرف سے عرض کر دینا کہ اگر اس تحقیق سے خاکسار کو بھی مع حوالۂ کتب مفصلاً مطلع فرمایا جائے (تو) مشکور ہوں گا۔ ورنہ آئندہ بلا تحقیق ایسی جرات نہ فرمائیں۔ اس واسطے کہ بموجب صاع حجازی بھی جو مختار امامِ شافعی رحمۃ اللہ ہے تقریباً صاع اڑھائی سیر تیرہ روپیہ (تولہ) اور نصف صاع سوا سیر ساڑھے چھ روپیہ (تولہ) بھر کا ہوتا ہے۔[۱]

والسلام

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی

مفتی جامع مسجد آگرہ

۱۴ شوال ۱۳۳۴ھ

☆[۱] امام الفقہاء المحدثین حضرت مولانا دیدار علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تحقیق سے رجوع فرمالیا تھا چنانچہ ملاحظہ ہو اسی فتاویٰ کی کتاب الظہار صفحہ ۵۴۹/فتویٰ نمبر ۲۰۹/ میں ظہار کے بارے میں فرمایا "اگر بوجہ بڑھاپے یا مرض کے مطلقاً روزہ رکھنے کی طاقت نہ رکھے ساٹھ مسکینوں کو دو دفعہ ترکاری سے پیٹ بھر کھانا کھلانا ہے یا ساٹھ مسکینوں کو فی مسکین سوا تین چھٹانک دو سیر گیہوں دے دینا ہے"

محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ

Marfat.com

# روزہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......98﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس صورت میں کہ ایک شہر میں انتیس ذیقعدہ کو پیر کے روز منگل کی شب کو رویت ہلال ذوالحجہ ہوئی۔ ایسی حالت میں کہ مطلع صاف نہ تھا۔ بلکہ ابرِ غلیظ محیط تھا دیکھنے والوں میں سے دو آدمیوں نے آکر ایک جماعت معززینِ شہر کے سامنے شہادۃ چاند دیکھنے کی دی۔ اوران کی شہادۃ کی تائید میں اور بھی شہر کے مختلف محلوں سے خبریں آئیں' کہ پیر کے روز فلاں فلاں شخص نے چاند دیکھا' جو کہ بعض ثقہ اور بعض مستورالحال ہیں۔ مفتی صاحب نے ایسی حالت میں کہ علت فی السماء رویت کے وقت میں موجود تھی' ان دو شہادتوں کو کافی اور قابل اعتبار تسلیم کر کے اعلان کرا دیا' کہ عید الضحی حسب الشہادۃ پنجشنبہ کو ہوگی۔ اس شہادت کی تاکید میں بذریعہ خطوط کے یہ بھی معلوم ہوا تھا کہ دکن حیدر آباد اور نگ آباد ومکہ معظمہ میں بھی عید الضحیٰ جمعرات کو تھی حسب اعلان بنا بر شہادۃ کل شہر میں جمعرات کو عید ہوئی مگر چند آدمیوں نے جن کی تعداد تیس یا چالیس سے زیادہ نہیں اس شہادت کو غیر معتبر سمجھ کر جمعرات کو عید نہیں کی۔ جن میں اکثر جاہل اور بعض ذی علم ہیں۔ اوراب وہ کہتے ہیں کہ جنہوں نے اس شہادت پر عید کر لی نہ ان کی نماز ہوئی اور نہ قربانی۔ بلکہ سب کی نماز عید اور قربانیاں ضائع گئیں اور یہ سارا فتنہ ایک دیوبندی مولوی صاحب کا ہے کہ انہوں نے ہمارے مولوی صاحب کے فتویٰ کی مخالفت کر کے ہمارے بعض علماء کو جدا کر کے باہم تفرقہ ڈال دیا ہے۔ لہٰذا جو امر حق ہو اس سے جلد مطلع فرمایا جائے۔

## الجواب

اللهم رب زدنی علما.

ھدایۃ مع الشروح الاربعہ مطبوعہ مصر کے صفحہ ۲۰۲ جلد ثانی میں ہے

و اذا کان بالسماء علة لم یقبل فی هلال الفطر الا شهادة رجلین او رجل و امراتین لانه تعلق به نفع العبد و هو الفطر فاشبه سائر حقوقه والاضحی کا لفطر فی هذا فی ظاهر الروایة و هو الاصح خلا فا لماروی عن ابی حنیفة رحمه الله انه کهلال رمضان لانه تعلق

Marfat.com

به نفع العباد وهو التوسع بلحوم الاضاحی[1]

(ترجمہ: اور جب آسمان پر علت ہو تو عید فطر کے چاند کے لیے امام صرف دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتوں کی شہادت کو قبول کرے۔ کیونکہ اس کا تعلق بندوں کے نفع کے ساتھ ہے جو کہ افطار ہے۔ تو اس کی مشابہت بندوں کے باقی حقوق کے ساتھ ہوگئی۔ اور عید قربانی کا حکم بھی ظاہر روایت کی رو سے عید فطر کی مانند ہے۔ اور یہی اصح ہے۔ لیکن اس میں حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ایک روایت مختلف ہے جس کی رو سے عید قربانی کا چاند رمضان المبارک کے چاند کی مانند ہے۔ کیونکہ اس سے بندوں کے منافع کا تعلق ہے اور نفع قربانیوں کے گوشت کے ساتھ فراخ دستی ہے)

قال ابن همام رحمة الله فی شرحه فی صفحه ۲۰۳ من فتح القدیر

قوله لانه تعلق به نفع العباد تعلیل لظاهر الروایة و فی التحفة رجح روایة النوادر فقال والصحیح انه یقبل فیه شهادة الواحد. لان هذا من باب الخبر فانه یلزم المخبر اولا ثم یتعدی الی غیره

وایضا فانه یتعلق به امر دینی و هو وجوب الاضحیة و هو حق الله تعالی فصار کهلال رمضان فی تعلق حق الله تعالیٰ به فیقبل فی الغیم الواحد العدل ولا یقبل فی الصحو الا التواتر[2]

(ترجمہ: قولہ: کیونکہ اس کے ساتھ بندوں کے نفع کا تعلق ہے۔ یہ ظاہر روایت میں بیان کردہ حکم کی تعلیل ہے۔ تحفہ میں نوادر کی روایت کو ترجیح دی گئی ہے۔ صاحب تحفہ نے فرمایا کہ صحیح یہ ہے کہ اس بارے میں ایک شخص کی شہادت کو قبول کیا جائے گا۔ کیونکہ شہادت خبر کے باب سے ہے تو پہلے یہ خبر دینے والے پر لازم ہوتی ہے پھر اس سے متعدی ہو کر اوروں پر لازم ہوتی ہے۔ نیز اس کے ساتھ ایک دینی معاملہ کا تعلق ہے۔ اور وہ ہے قربانی کا واجب ہونا جو کہ اللہ تعالیٰ کا حق ہے۔ تو یہ چاند بھی رمضان المبارک کے چاند کی مانند ہے کہ اس کا تعلق بھی

[1] الهدایه: جلد اول: جز ۲، صفحه ۲۵۲، ادارة المعارف والعلوم الاسلامیه کراچی

[2] فتح القدیر جلد ۲ صفحه ۶۱، ۶۲ المطبعة الکبری الامیریه مصر

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کے حق کے ساتھ ہے۔ لہٰذا بادل میں ایک عادل کی گواہی قبول کر لی جائے گی۔ لیکن مطلع صاف ہونے کی صورت میں متواتر اخبار کو ہی قبول کیا جائے گا)

و فی صفحه ۵۴ من الجزء الاول للدر المختار

فی شرح المنية للحلبی عند قوله و لا یجوز مس مصحف الابغلافه اذا تعارض امامان معتبر ان عبر احدهما بالصحیح و الآخر بالاصح فالاخذ بالصحیح اولی لانهما اتفقا علی انه صحیح و الاخذ بالمتفق او فق فليحفظ [۱]

(ترجمہ: حلبی کی شرح منیہ میں جہاں منیۃ المصلی میں ہے کہ قرآن مجید کو غلاف کے بغیر چھونا جائز نہیں۔ اس پر علامہ حلبی رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا جب دو معتبر اماموں کا تعارض ہو ایک نے ایک صورت کو صحیح سے تعبیر کیا جب کہ دوسرے نے دوسری کو اصح سے تعبیر فرمایا تو صحیح والے قول کو اپنانا زیادہ بہتر ہے کیونکہ وہ دونوں اس صورت کے صحیح ہونے پر اتفاق کرتے ہیں تو متفق صورت کو اپنانا اوفق ہے اسے خوب یاد رکھ لو)

لہٰذا ہلالِ عید الضحیٰ میں بقولِ صحیح ایک مرد مسلمان عادل کی بھی گواہی عید اور قربانی کر لینے کے واسطے کافی تھی، گواہی صورتِ مسئولہ میں بموجب روایتِ ظاہر الروایت تو بعض ثقہ اور بعض مستور الحال موجود ہیں۔ اندریں صورت صحتِ نمازِ عید اور صحتِ قربانی میں کسی طرح بھی کلام نہیں ہو سکتا۔ لامحالہ اس کی مخالفت کرنا اور یہ کہنا کہ نہ نماز ہوئی نہ قربانی فی الواقع یہ ایسے ہی مولوی اور ان کے بھولے بھالے متبعین ہی کا کام ہے، جو امکان کذب جناب باری کی قائل ہیں۔ اور مجلس میلادِ رسول اللہ ﷺ کو کنیا کے جنم اشٹمی سے تشبیہ دیتے ہیں جیسا کہ کلام مستفتی سے ظاہر ہے۔

اعاذنا الله و جميع المومنين من امثال هذه المفتين آمين ثم آمين.

(ترجمہ: اللہ تعالیٰ ہمیں اور تمام اہل ایمان کو اس قسم کے مفتیوں سے اپنی پناہ میں رکھے آمین ثم آمین)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبر آباد

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۱ صفحه ۵۴، مکتبه رشیدیه کوئٹه

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......99﴾

## سوال

عرفہ کے روزہ کا کیا حکم ہے۔

محمد اسلام خان

قصبہ شمس آباد ضلع آگرہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما

تفسیر عزیزی میں تفسیر والفجر میں ہے کہ ذی الحجہ کے نو روزوں کے ایک دن کا روزہ برس دن کے برابر ہے ط۱۔ اس میں عرفہ آ گیا۔

حررہ: محمد دیدار علی عفی اکبر آباد

---

ط۱ تفسیر عزیزی : پارہ عم : صفحہ : ۱۵۸ مطبوعہ لاہور میں ہے

روزہ ہر روز آں دہ روز برابر یک سال است

ترجمہ: ذی الحجہ کے پہلے دس دنوں میں سے ہر دن کے روزے کا ثواب ایک سال کے روزے کے برابر ہے۔

محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......100﴾

## سوال

آگرہ میں ایک شاہ صاحب نو وارد ہیں جو اپنے کو شاہ بہاء الدین کا خلیفہ ظاہر کرتے ہیں۔ وہ ایک مسماۃ کے گھر جو ان سے تعارف وارادت رکھتی تھی تشریف لائے۔ عورت نے بوجہ نادانستگی اپنے خورد سال بچے کے ہاتھ پان بنا کر ان کے لئے باہر بھیج دیا۔ مگر شاہ صاحب روزہ دار تھے تاہم انہوں نے ٹھیک دس بجے دن کے پان مرسلہ عورت نوش فرما کر اپنا نفل روزہ توڑ دیا یہ کہہ کر کے اس تحفہ پان کو رد کرنا نہیں چاہتا۔ اور پھر دوسرا پان گھر میں سے منگوا کر مسماۃ کے شوہر کو بھی کہ جو ان سے عقیدت رکھتا تھا نفل روزہ تڑوا دیا۔ اس معاملہ کے دس پندرہ دن بعد وہی عورت اکّہ پر سوار ہو کر اپنے ایک رشتہ دار کے گھر جاتی تھی۔ شدتِ دھوپ کا وقت تھا۔ شاہ صاحب نے براہِ کرم بہ اصرارِ تمام اس عورت کا نفل روزہ تڑوا دیا۔ تب اس کو دھوپ میں اپنی رشتہ داری میں جانے دیا۔

پس کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس بارہ میں کہ یہ فعل شاہ صاحب کا کس حد تک شرعاً جائز وروا تھا۔ اور اس کا فاعل موجبِ ثواب یا عذاب ہوگا اور اس کا مرتبہ گروہِ اسلام میں کیسا سمجھنا چاہئے؟

۲ شعبان ۱۳۳۶ھ ۱۳ مئی 1918ء

محمد نواب مرزا حکیموں گلی آگرہ

## الجواب

اللھم رب زدنی علما۔

☆ نفلی روزہ رکھ کر کسی کی ناراضگی کے خیال سے یا کسی مسلمان کے خوش کرنے کی نیت سے یا خوف شدتِ گرمی یا شدتِ تشنگی سے توڑنا جائز ہے۔ مگر پھر اس روزہ کو قضا کرنا واجب ہو جاتا ہے۔

چنانچہ صفحہ ۱۸۱ مشکوۃ شریف مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی میں ہے

عن عائشة رضی الله عنها قالت دخل علیّ النبیُ ﷺ ذات یوم فقال هل عند کم شیء فقلنا لا قال فانی إذا صائم ثم اتانا یوما آخر فقلنا یارسول الله ﷺ اهدی لنا حیس

Marfat.com

فقال ارنیه فلقد صحبت صائما فاکل رواہ مسلم[1]۔

(ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک روز نبی اکرم ﷺ میرے پاس تشریف فرما ہوئے فرمایا کیا تمہارے پاس کچھ کھانے کو ہے؟ ہم نے عرض کیا نہیں تو آپ نے فرمایا پھر آج میرا روزہ ہے۔ اس کے بعد آپ ایک اور دن تشریف لائے ہم نے عرض کی ہمارے ہاں حیس یعنی ایک کھانا جو کھجور، گھی اور ستو سے تیار ہوتا ہے ہدیہ کے طور پر آیا ہے تو آپ نے فرمایا مجھے دکھاؤ میں صبح سے روزہ سے ہوں آپ نے وہ کھایا۔ اسے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا)

و عن ام ھانی قالت لما کان یوم الفتح فتح مکۃ جاء ت فاطمۃ فجلست علی یسار رسول اللہ ﷺ و ام ھانی عن یمینہ فجاء ت الولیدۃ باناء فیہ شراب فناولتہ فشرب منہ ثم ناولہ ام ھانی فشربت منہ فقالت یا رسول اللہ لقد افطرت و کنت صائمۃ. فقال لھا أ کنت تقضین شیئا قالت لا قال لا یضرک ان کان تطوعا. رواہ ابو داؤد والترمذی والدارمی و فی روایۃ لاحمد والترمذی نحوہ و فیہ فقالت یا رسول اللہ اما کنت صائمۃ فقال الصائم المتطوع امیر نفسہ ان شاء صام و ان شاء افطر[2]

(ترجمہ: حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے فرمایا جب فتح یعنی فتحِ مکہ کا دن تھا حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حاضرِ خدمت ہوئیں اور نبی اکرم ﷺ کے بائیں جانب بیٹھ گئیں اور ام ہانی آپ کے داہنی جانب تھی ایک چھوٹی بچی ایک برتن اٹھائے آئی اس میں پینے کی کوئی چیز تھی۔ آپ ﷺ نے اس سے نوش فرمایا پھر وہ ام ہانی کو دے دیا تو میں نے بھی پیا۔ ام ہانی عرض کرنے لگیں یا رسول اللہ میں روزہ افطار کر دیا حالانکہ میرا روزہ تھا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے دریافت فرمایا کیا تم قضا کر رہی تھیں تو اس نے عرض کیا نہیں تو فرمایا اس کا تجھ کچھ نقصان نہیں ہے بشرطیکہ تمہارا یہ روزہ نفلی ہو۔ اسے امام ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اور امام

---

[1] مشکوۃ المصابیح صفحہ ۱۸۱ مکتبہ امدادیہ ملتان

[2] مشکوۃ المصابیح صفحہ ۱۸۱ مکتبہ امدادیہ ملتان

Marfat.com

دارمی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا' امام احمد رحمۃ اللہ علیہ اور امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک اور روایت میں بھی اسی طرح ہے اور اس حدیث میں یوں ہے میں نے عرض کی یارسول اللہ! کیا میرا روزہ نہ تھا تو فرمایا نفلی روزہ رکھنے والا اپنے آپ کا حکمران ہوتا ہے چاہے وہ روزہ رکھے اور چاہے افطار کرے)

**و عن زهرى عن عروة عن عائشه قالت كنت انا و حفصة صائمتين فعرض لنا طعام اشتهيناه فاكلنا منه فقالت حفصة يارسول الله إنا كنا صائمتين فعرض لنا طعام اشتهيناه فأكلنا منه قال اقضيا يوما آخر مكانه رواه الترمذى ۱۔**

(ترجمہ: امام زہری رحمۃ اللہ علیہ' انہوں نے حضرت عروہ رحمۃ اللہ علیہ اور انہوں نے ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا کہ انہوں نے فرمایا کہ میں اور حفصہ روزہ سے تھیں ہمارے سامنے کھانا آیا جس کی ہمیں خواہش تھی۔ تو ہم نے اس سے کھالیا۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یارسول اللہ! ہم دونوں روزہ دار تھیں ہمارے سامنے کھانا آیا۔ اس کی ہمیں خواہش تھی تو ہم نے اسے کھالیا تو فرمایا اس کی جگہ ایک دن قضا کرلو۔ اسے امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا)

**قال فى اللمعات والمرقات شرحى المشكوة ۱**

(ترجمہ: لمعات التنقیح اور مرقاۃ المفاتیح' جو دونوں مشکوۃ شریف کی شرحیں ہیں میں ہے)

**قوله ﷺ اقضيا هذا دليل الحنفية على وجوب قضاء صوم التطوع ۲۔**

(ترجمہ: نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ: تم دونوں قضا کرلو یہ احناف کی دلیل ہے اس حکم شرعی پر کہ نفلی روزہ کی قضا واجب ہے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابومحمد محمد دیدار علی الحنفی المفتی فی جامع اکبرآباد
۸ شعبان ۱۳۳۶ھ

---

۱ مشکوۃ المصابیح صفحہ ۱۸۱ مکتبہ امدادیہ ملتان
۲ حاشیہ مشکوۃ المصابیح صفحہ ۱۸۱ مکتبہ امدادیہ ملتان

Marfat.com

# خرید و فروخت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 101﴾

## سوال

نوٹ پر کمیشن کرنسی لے کر فروخت کرنا جائز ہے؟ دوکان پر کوئی خرید کرنے آئے تو دوسرے دوکان سے مال لاکر اس کو نرخ پر دینا اور ایک آنہ دلالی لینا جائز ہے؟

سودگران لکونہ متصل جامع مسجد آگرہ

۵ مارچ ۱۹۱۶ء

## الجواب

### ھو المصوب

نوٹ شرعاً بحکم سرکار عامل ہے جو گم ہو جائے تو شئی اس کا مل جاتا ہے۔ نہ دراصل روپیہ ہے اور نہ سونا ہے۔ پس بظاہر اس کی کرنسی رواج اور ضرورت پر ہو جائز ہے جیسے سکہ سے چاندی۔ جن کی قیمت زیادہ کم ہو جاتی ہے۔ لہذ جائز سمجھا جائے گا کہ نوٹ کو حسب رواج کم وبیش فروخت کیا جائے اور اگر نوٹ کو روپیہ فرض کیا جائے تو بے شک کرنسی ناجائز ہوگی جیسا کہ بعض علماء نے لکھا ہے مگر اول قول زیادہ محقق ہے۔

اگر شے مبیعہ بوجہ عیب یا دھوکہ دینے بائع کے واپس کرے تو واپس لینا ہوگا۔ من الحامدیۃ

**ان غرہ ای غر المشتری البائع و بالعکس او غرہ الدلال فله الرد و الا فلا وبه افتی صدر الاسلام وغیرہ و تصرفه فی بعض المبیع قبل علمه بالغبن غیر مانع منه فیرد مثل ما اتلفه و یرجع بکل الثمن علی الصواب علائی علی التنویر الخ** ما.

(ترجمہ: اگر خریدار کو فروخت کنندہ نے دھوکا دیا یا معاملہ اس کے برعکس ہوا یا دلال نے دھوکا دیا تو اسے اجازت ہے کہ بیع کو لوٹا دے ورنہ نہیں لوٹا سکتا حضرت صدر الاسلام رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر علماء نے یہی فتوی دیا ہے اور غبن

---

ما تنقیح الفتاویٰ الحامدیۃ جلد اول صفحہ ۲۷۰ مکتبہ حبیبیہ کوئٹہ

Marfat.com

کے علم سے قبل مبیع کے کسی حصہ میں تصرف اس اختیار کے مانع نہیں ہے لہٰذا جتنا خرچ کیا اس کی مثل واپس کرے اور درست قول یہی ہے کہ پوری ادا کردہ قیمت لوٹا لے یہ جزئیہ علائی علی التنویر سے ماخوذ ہے)

ایسی صورت میں کہ دلال بائع سے لے کر خود فروخت کردے تو اس کو دلالی اصل بائع سے لینا چاہئے۔ فتاویٰ حامدیہ میں ہے۔

**الدلال اذا باع العین بنفسه ثم اراد ان یاخذ من المشتری الدلالة لیس له ذلک لانه هو العاقد حقیقة و تجب علی البائع الدلالة لانه فعل بامر البائع**[۱] .

(ترجمہ: دلال جب کسی چیز کو خود فروخت کرے پھر خریدار سے دلالی وصول کرنے کا ارادہ کرے تو اس کو یہ حق حاصل نہیں کیوں کہ حقیقت میں وہ خود معاملہ طے کرنے والا ہے اس کی دلالی فروخت کرنے والے کے ذمہ ہوگی کیوں کہ اس نے فروخت کنندہ کے حکم سے فروخت کی ہے)

**واللہ اعلم بالصواب**

**کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ**

---

[۱] تنقیحِ الفتاویٰ الحامدیہ جلد اول صفحہ ۲۵۹ مکتبہ حبیبیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......102﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس صورت میں کہ میرا حصہ مکان جس میں ہم تین بھائی شریک ہیں اگر میں بلا تقسیم کسی اجنبی کو بیچوں تو جائز ہے یا نہیں جائز؟ اور اگر بھائی خرید لیں تو مجھ کو ان کو اسی قیمت پر جو دوسروں سے ملتی ہے دینے میں کچھ عذر نہیں ہے۔

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللہ رب زدنی علما

خواہ اجنبی کو حصہ مذکور بیچا جائے خواہ اپنے دونوں بھائیوں کو یا ایک کو جو اس مکان میں شریک ہیں اگر معہ زمین مشترکہ بیچا جائے بلا اختلاف جائز ہے کوئی حرج نہیں۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی

۱۷ جمادی الاولی ۱۳۳۶ھ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......103﴾

## سوال

مالا بدمنہ ترجمہ اردو ذکر بیع' تجارت وغیرہ میں درج ہے کہ "حضرت رسول اللہ ﷺ جب قرض ادا کرتے تھے تو بجائے ایک وسق کے دو وسق ادا کرتے تھے" لہٰذا کتابِ مذکور کی عبارت سے ایک خیال یہاں پر یہ پیدا ہوگیا ہے کہ جب صاف کتاب بیع میں ایسی عبارت درج ہے تو مسلمان کو بلا شرط اس طور قرض دینے والے کو لینے والا ضرور کچھ فائدہ پہنچائے۔

۱۷رمضان ۱۳۳۶ھ

## الجواب

جو کچھ مالا بدمنہ میں لکھا ہے بہت صحیح ہے۔ اور اس پر عمل کرنا مستحب ہے۔ مگر اس وقت تک ہی مستحب ہے کہ جب کبھی قرض دار وقتِ اداءِ قرض اگر کچھ بھی زیادہ (نہ دے) تو قرض خواہ کچھ بھی نہ مانگے نہ شکائت کرے۔ ورنہ قرض دھندہ یہ سمجھ کر دے گا کہ یہ ضرور وقتِ ادائیگی کچھ زیادہ؟! دیتا ہے۔☆ اگر کبھی نہ دے گا تو پھر حسب عرف تقاضا کر کے زیادہ لے لوں گا تو پھر بلاشبہ سود ہو جائے گا۔

چنانچہ صفحہ ۳۵ جلد چہاردھم مبسوط شمس الائمہ سرخسی رحمہ اللہ میں ہے یہی وجہ ہے کہ اگر قرض لینے سے پیشتر قرض دہندہ کو کبھی کھانا نہیں کھلاتا تھا تو اب بوجہ قرض کھانا۔!۔۔۔حرام ہے۔۔!۔۔

عن محمد بن سیرین قال اقرض عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ابی بن کعب رضی اللہ عنہ عشرہ الاف درہم و کانت لابی رضی اللہ عنہ نخل بعجل فاھدی ابی بن کعب رضی اللہ عنہ رطبا لعمر رضی اللہ عنہ فردہ علیہ فلقیہ ابی فقال اظننت انی اھدیت الیک لاجل مالک ابعث الی مالک فخذہ فقال عمر لابی رضی اللہ عنہما رد علینا

---

! اصل مخطوط سے عبارت صاف نہیں پڑھی جا سکی۔ (محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ)

Marfat.com

هدیتنا و به ناخذ فان عمر رضی الله عنه انما رد الهدیة مع انه کان یقبل الهدایا لانه ظن انه اهدی الیه لاجل ماله فکان ذلک منفعة القرض فلما اعلمه ابی رضی اللہ عنه انه ما اهدی الیه لاجل ماله قبل الهدیة منه وهذا هو الاصل و لهذا قلنا ان المنفعة اذا کانت مشروطة فی الاقراض فهو قرض جر منفعة و ان لم یکن مشروطة فلا باس به لحتی لو ردالمستقرض اجود مما قبضه فان کان ذلک عن شرط لم یحل لانه منفعة القرض و ان م یکن ذلک عن شرط فلا باس به لانه احسن فی قضاء الدین و هو مندوب الیه[1]

☆ترجمہ: حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو دس ہزار درہم قرض دیا۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا عجل میں کھجوروں کا باغ تھا تو آپ نے پکی ہوئی تازہ کھجوریں حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو تحفہ میں ارسال کیں آپ نے وہ ان کو واپس لوٹا دیں۔ پھر حضرت ابی رضی اللہ عنہ کی آپ سے ملاقات ہوئی۔ اور عرض کیا آپ نے گمان کیا کہ میں نے آپ کو یہ تحفہ آپ کے مال کے باعث بھیجا تھا۔ اپنے مال کی طرف کسی کو بھیج دو اور اسے لے لو۔ اس پر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہمارا تحفہ ہمیں واپس بھیج اور ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ کیوں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے تحفہ لوٹا دیا تھا حالانکہ آپ تحفے قبول فرمالیا کرتے تھے کیوں کہ انہوں نے گمان کیا کہ انہوں نے ان کے مال کی وجہ سے ہدیہ بھیجا تھا۔ تو یہ قرض پر نفع ٹھہرتا تھا۔ جب حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے انہیں بتایا کہ انہوں نے مال کی وجہ سے ہدیہ نہ دیا تھا تو آپ نے ہدیہ قبول کرلیا۔ اور یہی قانون ہے۔ اسی لیے ہم کہتے ہیں جب قرض دینے میں منفعت شرط ہو تو یہ ایسا قرض ہوتا جو نفع کے حصول کا باعث ہوتا ہے۔ اور اگر نفع کی شرط نہ ہو تو کوئی حرج نہیں۔ حتی کہ اگر قرض دار نے وصول شدہ مال سے بہتر مال واپس کیا اگر یہ شرط کے باعث نہ ہو تو حرج نہیں۔ کیوں کہ اس نے قرض کی ادائیگی میں بہتر طریق اپنایا اور یہ مستحب ہے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبرآباد

---

[1] المبسوط للسرخسی: جزو ۱۴، صفحہ ۳۵، مطبوعہ بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......104﴾

## سوال

ایسی شے تجارت کی جس کا نرخ بازار میں ایک قائم نہیں رہتا جیسے پارچہ یا دیگر' اور یہ ہمراہ روپیہ بارضامندیٔ خریدار ٔزائد قیمت پر بوعدہ کسی مدت کے' بیع جائز ہے کہ نہیں؟

۱۷ رمضان ۱۳۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اگر خریدار سے یہ معلوم کر کے ادھار خریدے گا دس روپیہ کی چیز کو گیارہ بارہ کو بیچے اور یہ کہہ بھی دے کہ نقد دس کو بیچ رہا ہوں اور وہ اس امر پر راضی ہو جائے' بلاتکلف جائز ہے۔ بوجہ پائے جانے ارکان بیع کے مع الشروط کہ وہ مبادلہ مال کا ہے بتراضی بائع ومشتری۔ البتہ اولی یہ ہی ہے نقد ادھار ایک نرخ سے بیچے۔

البتہ اس طرح بیچنا ناجائز ہے کہ کسی سے اس طرح بیع کرے کہ اگر نقد روپیہ دو گے تو میں نے تم کو یہ مال دس میں بیچا ورنہ بارہ میں چنانچہ صفحہ ۲۴۸ مشکوۃ شریف میں ہے

عن ابی ہریرۃ قال نہی رسول اللہ ﷺ عن بیعتین فی بیعۃ رواہ مالک والترمذی وابوداؤد والنسائی[1]

☆ (ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ایک بیع میں دو بیعوں کو جمع کرنے سے منع فرمایا۔ مالک' ترمذی' ابوداؤد' نسائی)

حررہ : العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبر آباد

[1] مشکوۃ المصابیح : صفحہ ۲۴۸ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......105﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ قربانی کی کھال کی قیمت قبل ذبح طے کرسکتا ہے یا نہیں؟ اگر کرسکتا ہے تو کتنے دن پہلے؟

محمد اسلام خان قصبہ شمس آباد ضلع آگرہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما

بقولِ مفتیٰ بہ جو چیز پیدائشی طور سے دوسری چیز میں ملی ہوئی ہو جیسے کھال اور بال، کہ بال کھال سے اور کھال گوشت سے ملی ہوئی ہے، اس کو تاوقتیکہ باہم جدا نہ کرلے اس کا بیچنا جائز نہیں۔ یہاں تک کہ اگر اس طرح بیچ کر اچھی طرح جدا کر کے خریدار کو دیدی جب بھی بیع فاسد غیر صحیح ہی رہتی ہے خواہ وہ قربانی کی کھال ہو۔

کما فی الدر المختار

بیع لبن فی ضرع و لؤ لؤ فی صدف وصوف علی ظهر غنم و کذا کل ما اتصاله خلقی کجلد حیوان کما مر لما انه معدوم عرفا و لو سلم الصوف او ا اللبن بعد العقد لم ینقلب صحیحا[۱] فقط

☆(ترجمہ: تھنوں میں موجود دودھ، سیپی میں موجود موتی اور بھیڑ بکری کی پیٹھ پر موجود اون کی بیع فاسد ہے اور اسی طرح ہر اس شے کی بیع فاسد ہے جس کا اتصال دوسری چیز کے ساتھ پیدائشی طور پر ہو جیسے کہ جانور کی کھال جیسا کہ پہلے گذر چکا کہ یہ عرف میں معدوم شمار ہوتی ہیں، اگر بائع نے عقد بیع کے بعد اون اور دودھ خریدار کے سپرد کردیئے تب بھی یہ بیع صحیح نہیں ہوگی)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
جامع مسجد اکبرآباد

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۷ صفحہ ۱۸۴، ۱۸۵، مطبوعہ مصر

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......106﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مسلمان کلمہ گو سیندھی یعنی تاڑی (جو ایک نشی شے بمنزلہ شراب کے ہوتی ہے) بیچنے کا سرکار سے اجارہ لینا اور خود بذاتہ فروخت کرنا یا ملازملان سے فروخت کروانا اور فائدہ حاصل کرنا جائز ہے یا نہیں؟

۹ شعبان ۳۶ھ

ایک عالم نے اس کی فروخت کی بابت فتوی دے دیا ہے اور فرماتے ہیں کہ گنے کا رس بیچنا اور اس سے فائدہ اٹھانا عوام کا طریقہ ہے۔ اسی طرح درخت سیندھی یعنی کھجور کا رس المعروف تاڑی کے بیچنے میں بھی کسی قسم کا حرج نہیں۔ کیوں کہ جس زمین میں یہ درخت ہوتے ہیں وہ زمین تو رکی رہتی ہے اور اس سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا اور سرکاری محصول دینا پڑتا ہے۔ اس لئے اس کا بدلہ اس طریق سے حاصل ہو سکتا ہے۔

لہٰذا اس عالم کا کہنا صحیح ہے یا غلط اور اگر غلط ہے تو ایسا فتوی دینے والے اور اس پر عمل کرنے والے کی بابت شریعت میں کیا حکم ہے؟ بحوالہ عباراتِ کتب مفصل تحریر فرما کر اعزاز فرمائیں اور اجرِ عظیم کمائیں۔

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

☆ سنا جاتا ہے کہ علی الصباح جب جاڑوں میں برتن تاڑی کا درخت سے کھولا جاتا ہے اس میں نشہ نہیں ہوتا اور کچھ دیر بعد اس میں نشہ آتا ہے لہٰذا جس شخص کو بیچی جائے اگر وہ کافر ہے اور تاڑی میں ابھی نشہ بھی نہیں آیا ہے مگر یہ معلوم ہے کہ یہ نشہ کے واسطے خریدتا ہے تو بعض کے نزدیک اس سے بیچ کر قیمت لینا جائز ہے اور بعض کے نزدیک مکروہ تحریمہ ہے اور مسلمان سے بیع کی جائے اور یہ علم ہو کہ نشہ کی غرض سے خریدتا ہے باتفاق مکروہ تحریمہ بلکہ امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک تو حرام ہے۔

Marfat.com

چنانچہ صفحہ ۲۷۶ جلد خامس باب الخطر والاباحۃ درمختار میں ہے:

و جاز بیع عصیر عنب ممن یعلم انه یتخذه خمرا لان المعصیة لا تقوم بعینه بل بعد تغیره و قیل یکره لاعانته علی المعصیة و نقل المصنف من السراج والمشکلات ان قوله ممن ای من کافر اما بیعه من المسلم فیکره و مثله فی الجوهرة والباقانی وغیرهما وزاد القهستانی معزیا للخانیة انه یکره بالاتفاق[1]

(ترجمہ: انگور کا رس اس شخص کے ہاتھ فروخت کرنا جائز ہے جو اسے شراب بنائے گا۔ کیوں کہ گناہ اس کی ذات کے ساتھ قائم نہیں ہے بلکہ اس میں تبدیلی آچکنے کے بعد جو شراب حاصل ہوگی اس کے ساتھ گناہ قائم ہوگا۔ بعض علمائے کرام نے فرمایا کہ ایسا کرنا مکروہ ہے کیوں کہ اس میں گناہ پر اعانت ہوتی ہے۔ حضرت مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے السراج اور المشکلات سے نقل فرمایا کہ قولہ اس شخص کے ہاتھ فروخت کرنا اس سے مراد کافر ہے۔ مسلمان کے ہاتھ اسے فروخت کرنا مکروہ ہے جوہرہ' باقانی وغیرہ میں اسی طرح ہے قہستانی خانیہ کی طرف منسوب کرکے یہ اضافہ فرمایا کہ یہ بالاتفاق مکروہ ہے)

و ایضا فی الدر المختار فی صفحہ ۲۳۷

کل مکروه ای کراهة تحریم حرام ای کالحرام فی العقوبة بالنار عند محمد و اما المکروه کراهة تنزیه فالی الحل اقرب اتفاقا عندهما وهو الصحیح المختار. و مثله البدعة والشبهة الی الحرام اقرب فالمکروه تحریما نسبته الحرام کنسبته الواجب الی الفرض فیثبت بما یثبت به الواجب یعنی بظنی الثبوت و یاثم بارتکابه کما یاثم بترک الواجب[2]

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۹ صفحہ ۴۷۶' ۴۷۷ مطبوعہ احیاء التراث العربی بیروت

[2] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۹ صفحہ ۴۰۹ مطبوعہ احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

(ترجمہ: ہر مکروہ یعنی جس میں کراہت تحریمی پائی جائے حرام ہوتا ہے۔ یعنی وہ دوزخ میں سزا کے اعتبار سے حرام کی مانند ہے۔ یہ حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے۔ لیکن وہ مکروہ جس میں کراہت تنزیہی پائی جائے وہ بالاتفاق حلال کے زیادہ قریب ہوتا ہے۔ حضرات شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک اور یہی صحیح اور پسندیدہ قول ہے اور اس کی مثال بدعت ہے شبہ حرام کے زیادہ قریب ہے۔ مکروہ تحریمی کی نسبت حرام کے ساتھ اس نسبت کی مانند ہے جو واجب کو فرض سے ہوتی ہے۔ لہٰذا یہ اسی طرح کی دلیل شرعی سے ثابت ہوگا جس سے واجب ثابت ہوتا ہے۔ یعنی ظنی الثبوت دلیل سے ثابت ہوگا۔ اور اس کے ارتکاب سے آدمی اسی طرح گناہ گار ہوگا جس طرح کے واجب کے ترک کرنے سے گناہ گار ہوتا ہے)۔

قال الشامی:

قولہ ای کراهة تحریم وهی المرادة عند الاطلاق کما فی الشرح و قیده بما اذا کان فی باب الحظر والاباحة الخ بیری[1]

ترجمہ: قولہ: مکروہ تحریمی اور جب مکروہ بولا جائے اور اس کے ساتھ کوئی قید نہ ہو تو پھر یہی مراد ہوتا ہے جیسا کہ شرح میں ہے اور اسی میں ہے یہ حکم اس وقت ہے جب کہ یہ لفظ باب الحظر والاباحہ میں ہو)

اور ظاہر ہے کہ روایتِ مذکورہ میں کراہتِ مطلقہ ہے اور روایتِ مذکورہ روایت باب الحظر والاباحۃ کی بھی ہے۔ لہٰذا روایتِ مذکورہ میں مراد کراہت سے امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک حرمت مراد ہے۔ اور بقول شیخین کراہتِ تحریمہ واللہ اعلم و علمہ احکم

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

✿✿✿✿✿

---

[1] رد المحتار: جلد ۹ صفحہ ۴۰۹ مطبوعہ احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......107﴾

### سوال

گزارش یہ ہے کہ لوکل ایجنسی کا سرمایہ جو بنک بنگال میں بلاسود جمع ہو رہا ہے اس کا زر سود رائیگان جاتا ہے۔ اب بوجہ اشد ضرورتِ تعلیمِ انگریزی اطفالِ مسلمانان آگرہ یہ درخواست ہے کہ وہ رقمِ سود مسلم ہائی اسکول آگرہ کو دے دی جائے جو بمقابلہ ضائع و بیکار ہونے کے اس طور پر صرف میں آ جانا قرینِ مصلحت ہے۔ یہ بھی التماس ہے کہ اگر فتوی لیا جانا ضرور ہو تو ہم سے طلب کیا جائے۔

حسبِ استفسارِ ممبرانِ لوکل کمیٹی خصوصا بیری خان صاحب وڈپٹی عبدالغفار خان صاحب

سائل: فخر الدین، سید محمد علی ممبران کمیٹی ہائی سکول اسلامیہ آگرہ ۸ جون ۱۹۱۶ء

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما

☆ بقولِ مختار ہندوستان دار الحرب نہیں ہے اور نصِ قرآنی صراحتاً ناطق ہے۔

**قال اللہ تعالیٰ:**

**احل اللہ البیع و حرم الربوا**[1]

یعنی: اللہ نے بیع کو حلال کر دیا اور ربا یعنی بیاج کو حرام کر دیا

اور ربا کی تعریف صاحب ہدایہ اس طرح تحریر فرماتے ہیں۔

**ان الربا ھو الفضل المستحق لاحد المتعاقدین فی المعاوضة الخالی عن عوض شرط فیه ولا یعتبر الوصف لانه لا یعد تفاوتا عرفا**[2]۔

---

[1] القرآن الحکیم سورہ : البقرہ آیت ۲۷۵

[2] الھدایہ جلد ۵ صفحہ ۱۸۰ مطبوعہ ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی

Marfat.com

(ترجمہ: سود وہ زیادتی ہوتی ہے جس کا مستحق معاوضہ میں معاملہ کرنے والوں میں سے ایک ہوتا ہے۔ وہ زیادتی کسی کے عوض میں نہیں ہوتی۔ نیز وہ زیادتی معاملہ میں شرط کی گئی ہوتی ہے۔ اور معاملہ میں بدل قرار دی گئی چیزوں کے وصف کا اعتبار نہیں ہوتا کیونکہ وصف یعنی اعلیٰ ادنی ہونے کا عرف عام میں اعتبار نہیں ہوتا) مگر یہ تعریف وزنی اور کیلی چیزوں میں متحقق ہوتی ہے۔ جیسا چاندی' سونے' اناج' مثلاً اگر کسی نے ایک روپیہ کی چاندی خریدی اور بغیر بھاؤ پوچھنے کے یا بعد پوچھنے بھاؤ کے بائع کو دس روپیہ دے دیئے۔ اور اس نے بغیر مانگنے مشتری کے بلاشرط کم وبیش گیارہ روپیہ بھر چاندی دیدی تو بھی یہ ایک روپیہ بھر شرعاً حقیقۃً بیاج ہے۔ اس واسطے فقہاء تحریر فرماتے ہیں کہ اگر روپیہ کے ساتھ ایک روپیہ کے پیسہ شریک کر کے خریدی جائے تو بوجہ جنس بدل جانے کے اب گیارہ روپیہ بھر چاندی حلال ہو جائے گی۔

مگر صورتِ مسئولہ کی دو صورتیں ہیں۔ ایک صورت یہ ہے کہ روپیہ بنک میں بلاشرط کمی بیشی امانتاً رکھا جاتا ہے یا بطریقۂ قرض دیا جاتا ہے۔ اس صورت میں قطع نظر اس امر سے کہ وقف کا روپیہ متولی کہاں کہاں محفوظ رکھ سکتا ہے اور بطورِ قرض دے بھی سکتا ہے یا نہیں۔ ظاہر ہے کہ بصورتِ امانت بجز اپنی امانت کے زیادت کا ہرگز استحقاق نہیں۔ اور اگر بصورتِ قرضہ دیا جاتا ہے تو اگر بشرطِ نفع قرض دیا جاتا ہے کہ ہم علاوہ اپنے روپیہ کے وقت ادائیگی تم سے روپیہ سینکڑہ مثلاً زائد لیں گے۔ بلاشبہ وہ ایک روپیہ زائد لینا حرام ہے۔

چنانچہ درمختار میں ہے:

☆ **و فی الاشباہ ☆ کل قرض جر نفعا فھو حرام**[1]

(ترجمہ: الاشباہ میں ہے ہر قرض جو نفع لائے وہ حرام ہے)

**قال الشامی رحمۃ اللہ علیہ فی صفحہ ۱۰۴ من الجزء الرابع لرد المحتار**

**قولہ کل قرض ای اذا کان مشروطا کما علم مما نقلہ عن البحر و عن الخلاصۃ**[2]۔

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۷ صفحہ ۲۹۸ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

[2] رد المحتار جلد ۷ صفحہ ۲۹۸ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

(ترجمہ: قولہ: ہر قرض یعنی جب کہ نفع قرض لینے دینے میں شرط ہو جس طرح کہ البحر الرائق اور خلاصہ کی نقل کردہ عبارت سے معلوم ہوا ہے)

اور اگر وقت قرض دینے کے نفع کی شرط نہ لفظاً تھی نہ عرفاً اور وقت ادائیگی قرضدار بطریق جزائے احسان

کے کچھ زائد دیدے اس کے لینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**کما فی الشامی فی الصفحۃ المذکورۃ :**

**و فی الذخیرۃ و ان لم تکن النفع مشروطا فی القرض فعلی قول الکرخی لاباس به**[۱]

(ترجمہ: اور ذخیرہ میں ہے کہ اگر نفع لینے دینے کی شرط قرض میں نہ ہو تو امام کرخی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق اس نفع لینے دینے میں کوئی حرج نہیں ہے)

حررہ : العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی المجددی
جامع مسجد اکبر آباد

---

[۱] رد المحتار جلد ۷ صفحہ ۲۹۸ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......108﴾

## سوال

ایک شخص نے ایک روپیہ ایک ماہ کے وعدہ پر قرض لیا اور وعدہ کیا کہ ایک روپیہ اور دس بابا کے سیر گیہوں زائد دوں گا تو جائز ہے یا نہیں۔ اس کو دیہات میں روپ کہتے ہیں۔ جاہل لوگ منسوب بہ سود کرتے ہیں۔ اس کا جواب مشرح معہ حوالہ کتب مرقوم ہو۔

سائل: مولوی علاء الدین
نگلہ پر نگلہ حسن ضلع کھیڑی اودھ
۲۲ فروری ۱۹۱۶ء

## الجواب

روپیہ قرض اس شرط پر دیا کہ اس کی واپسی پر اس قدر گیہوں یا پیسے (زوائد) ملیں گے شرعاً جائز نہیں۔ کیوں کہ قرض میں شرط منافع کی کرنا سود میں داخل ہے۔

☆ **كل قرض جر نفعا فهو ربا**[1]

(ترجمہ: ہر قرض جو نفع لائے وہ سود ہے)

درمختار میں ہے:

**فلو شرى عشرة دراهم فضة لعشرة دراهم وزاده دانقا ان وهبه منه انعدم الربا و لم يفسد الشراء**[2].

(ترجمہ: اگر دس درہم کے بدلے دس درہم چاندی خریدی اور ایک دانق زائد دیا اگر وہ دانق دینے والے نے

---

[1] الجامع الصغیر مع شرح فیض القدیر جلد ۵ صفحہ ۲۸ مطبوعہ دار المعرفہ بیروت

[2] الدر المختار علی ہامش رد المحتار جلد ۴ صفحہ ۱۹۶ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

ہبہ کردیا تو ربا ختم ہوگیا اور وہ بیع فاسد نہ ہوئی)

**فلو مشروطا وجب ردہ** ۱ .

(ترجمہ: اگر ایک دانق بیع میں بطور شرط شامل ہو تو اس کا واپس کرنا واجب ہے)

جس کا حاصل یہ ہے کہ بغیر شرط قرض کی واپسی کے وقت کچھ زائد سلوک کر دے تو جائز ہے مگر قرض لیتے وقت یہ شرط نہ کرے ورنہ سود ہوگا۔

کتبہ المفتی السید محمد اعظم غفرلہ

---

۱ رد المحتار حاشیہ در مختار جلد ۴ صفحہ ۱۹۶ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......109﴾

### سوال

ایک مسلمان متوفی پر ایک ہندو ساہوکار کا ڈیڑھ صد روپیہ قرض ہے۔ من جملہ اور اس کے (ایک سو روپیہ) اصلی اور ۵۰ روپے سود کا ہے۔ وارث متوفی کے اصل روپیہ دینا چاہیں تو کیا سود کا مواخذہ قرض دار متوفی پر آخرت میں ہوگا یا وہ شرعاً ناجائز سمجھا جائے گا؟ کیوں کہ سود لینا دینا کسی حالت میں جائز نہیں ہے۔

۱۷ رمضان ۱۳۳۶ھ

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

حتی المقدور سود کا نہ دینا بہتر بلکہ ضروری ہے اس میں کوئی مواخذہ شرعی نہیں ہے۔

حررہ : العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......110﴾

### سوال

بیع سلم یعنی لانے کرنا ایک روپیہ دے کر ایک من گیہوں لینا از روئے شرع جائز ہے اور بیع سلم کس طرح شرع میں جائز ہے۔

سائل: مولوی علاء الدین نگلہ
پرگنہ نگہ حسن ضلع کھیڑی اودھ
۲۲ فروری ۱۹۱۶ء

### الجواب

بیع سلم جس کو لانے کہتے ہیں اس میں ضرور ہے کہ اول قسم اس چیز کی جس کی قیمت مقرر کرے پھر اس کا نرخ پھر اس کی جگہ پھر اس کا وقت کہ فلاں ماہ۔ پس یہ بیع سلم جائز ہے۔ نرخ کی کمی بیشی بائع مشتری کی رضامندی پر ہے۔ مگر اس قدر زیادتی شرعاً مکروہ ہوگی۔

کتبہ: السید المفتی محمد اعظم غفرلہ

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر...... 111﴾

## سوال

بجائے ایک من جونخود کے ایک من غلہ بوعدہ کسی مدت کے لینا درست یا نہیں؟

۱۷ رمضان ۱۳۳۶ھ

## الجواب

بابِ ربا میں قاعدہ کلیہ یہ ہے جب ثمن اور مبیع ایک جنس ہوں جیسے چاندی چاندی کے ساتھ خریدی جائے یا سونا سونے کے ساتھ خریدا جائے خواہ ایک طرف کھوٹا ہو اور دوسری طرف (کھرا) علی ھذا سکہ دار' بے سکہ کے عوض خریدا جائے یا بے سکہ دار (کے)' خواہ دونوں طرف کھرا مال ہو۔ علی ھذا جیسے گیہوں' گیہوں کے ساتھ خریدے جائیں تو اس صورت میں برابر برابر خریدنا جائز ہے اور دست بدست۔ اگر ایک چاول کی بھی زیادتی کمی ہوگی بیع حرام ہوجائے گی اور وہ کمی زیادتی داخل (ربا) ہوگی۔ اور اگر قیمت لے کر چاندی دکان کے اندر سے ہی نکال کردے گا اتنی دیر کرنا بھی حرام ہوگا۔

اور اگر جنس بدل جائے مثلاً جو کے ساتھ چنے خریدے جائیں مثلِ صورتِ مسئولہ کے تو زیادتی کمی بلاشبہ حلال ہے مثلاً من جو کے عوض دو من چنے خریدنا جائز ہے۔ مگر ادھار خریدنا۔ اگر برابر برابر خریدے مطلقا حرام ہے۔ اس واسطے کہ دونوں ایک طریق سے تول کر لیے دیئے جاتے ہیں۔ البتہ اگر تول بھی بدل جائے مثلاً چنے کا عرف پائلی وغیرہ کے پیمانہ کے انداز سے بیچنے کا کہیں عرف ہو اور جو ترازو سے تول کردیئے لیے جائیں تو ایسی جگہ من جو دو من اور تین من بھر چنوں کے عوض ادھار بھی بیچنا جائز ہوجائے گا۔ اور اگر چنے مکئی باجرہ وغیرہ کا انداز تول سے اگر عرف ہوگا وزنی سمجھا جائیں گی اور اگر عرفا کیل یعنی پائلی وغیرہ میں بھر کر بیچنے کا ہوگا کیلی سمجھے۔ مگر جو گیہوں ہمیشہ خواہ عرفا کیل سے بکیں یا تول سے ہمیشہ کیلی ہی سمجھی جائے گی۔ لہٰذا اگر کہیں جو تول سے بکتے ہوں اور چنے کیل سے تو چونکہ جو ہمیشہ کیلی ہی سمجھے جاتے ہیں لہٰذا کیلی کا کیلی کے ساتھ اندریں صورت ادھار خریدنا مثلاً چنوں کا ایسی جگہ جو کے ساتھ ادھا خریدنا قطعا ناجائز ہوگا اور اگر دست

Marfat.com

بدست خرید اجائے بوجہ بدل جانے جنس کے من جو کے عوض دو من چنے یا گیہوں لینا مثلاً جائز ہوگا۔ چنانچہ ہدایہ مذکور میں ہے۔

و اذا عدم الوصفان الجنس والمعنی المضموم الیه حل التفاضل والنساء لعدم العلة المحرمة والاصل فیه الاباحة واذا وجدا حرم التفاضل و النساء لو جو دا العلة و اذا وجد احدهما و عدم الاخر حل التفاضل و حرم النساء[۱]

(ترجمہ: اگر دونوں وصف معدوم ہوں یعنی جنس اور قدر تو ان میں باہمی کمی بیشی سے بیچنا بھی جائز ہے اور اگر ادھار ہو تو بھی جائز ہے۔ کیونکہ حرام ٹھہرانے والی علت موجود نہیں اور اصل اس میں اباحت ہے۔ اور جب یہ دونوں وصف یعنی قدر اور جنس پائے جائیں تو زیادتی اور ادھار دونوں حرام ہیں کیونکہ حرمت کی علت موجود ہے۔ اور جب ایک وصف موجود ہو اور دوسرا معدوم ہو تو زیادتی جائز ہے لیکن ادھار حرام ہے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
ابو محمد محمد دیدار علی المفتی
فی جامع اکبر آباد

---

[۱] الهدایه: جلد ۳، صفحه ۱۸۲ ادارة القرآن والعلوم الاسلامیه کراچی

Marfat.com

# حجر

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......112﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ

(۱) سات یا آٹھ برس کی لڑکی کے معاف کرنے سے مہر معاف ہوسکتا ہے؟

(۲) اگر اس کا باپ مہر معاف کردے معاف ہوسکتا ہے یا باپ کے معاف کرنے سے بھی معاف نہیں ہوسکتا؟

(۳) اگر نابالغہ کا شوہر مرجائے ایامِ عدت اپنے سسرال میں شوہر کے گھر ہی پورے کرے یا اپنے میکے میں بھی ایامِ عدت پورا کرسکتی ہے؟

(۴) اپنے جہیز کی وہ خود مالک ہے یا شوہر متوفی یا اس کے ماں باپ، اگر شوہر مرجائے؟

(۵) اس نابالغہ کے نکاح کا ولی اس کا باپ ہے یا اس لڑکی کے سسرال والے؟

عبدالرحمٰن امام مسجد باندی کوئی

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

☆ نابالغہ لڑکی کا مہر معاف کردینا یا اپنی کسی چیز کا ہبہ کردینا قابلِ اعتبار نہیں۔ لہٰذا جب تک وہ بالغ نہ ہو جائے مہر معاف نہیں کرسکتی۔ اور وہ بھی جب معاف ہوگا جب خوشی سے معاف کرے۔ اور اگر مار کے خوف سے معاف کردے ہرگز معاف نہ ہوگا۔ ☆ اور نابالغہ کی طرف سے اس کا ولی جو باپ ہے اگر وہ معاف کردے جب بھی معاف نہیں ہوسکتا۔ ☆ نابالغہ کے مال سے ولی کو ہبہ کردینے اور معافی وغیرہ کا ہرگز اعتبار نہیں ہوتا۔

چنانچہ صفحہ ۳۶۶ جلد دوم درمختار مصری مطبوعہ مع ردالمحتار میں ہے:۔

و صح حطها[۱]

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۲ صفحہ ۳۶۶ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

(ترجمہ: عورت کے لیے مہر کا ساقط کرنا درست ہے)

قال الشامی رحمۃ اللہ:

(قولہ وصح حطھا) الحط الاسقاط کما فی المغرب و قید بحطھا لان حط أبیھا غیر صحیح لو صغیرۃ و لو کبیرۃ توقف علی اجازتھا ولا بد من رضاھا ففی ھبۃ الخلاصۃ خوفھا بضرب حتی وھبت مھر لم یصح لو قادرا علی الضرب[1] الخ

(ترجمہ: قولہ: عورت کے لیے مہر کو ساقط کرنا درست ہے۔ "حط" کا معنی ساقط کرنا ہے۔ جیسا کہ مغرب میں ہے۔ مہر کے ساقط کرنے کو عورت کے ساتھ خاص رکھا کیوں کہ اس کے باپ کے لیے ساقط کرنا صحیح نہیں ہے۔ اگر وہ کم سن ہو۔ اور اگر عورت بڑی (بالغہ) ہو تو ساقط کرنا عورت کی اجازت پر موقوف ہوگا۔ مہر کے ساقط کرنے میں عورت کی رضامندی ضروری ہے۔ خلاصہ کی کتاب الھبہ میں ہے اگر مار نے دھمکی دی حتی کہ عورت نے مہر ہبہ کر دیا۔ اس صورت میں اگر دھمکی دینے والا مارنے پر قادر ہو تو اس کا ساقط کرنا درست نہیں)

اور دعویٰ مہر 'نابالغہ کی طرف سے' نابالغہ کا ولیِ اقرب' جو اس کا ولیِ نکاح ہے وہی کر سکتا ہے۔

نابالغہ پر چار مہینہ دس روز تک کسی سے نکاح کرنا جائز نہیں ہے۔ چار مہینے دس روز عدت بیٹھنا اس پر بھی لازم ہے۔ چنانچہ صفحہ ۶۵۵ درمختار مذکور میں ہے۔

والعدۃ للموت اربعۃ اشھر و عشرا بشرط بقاء النکاح صحیحا الی الموت و لو صغیرۃ[2]

(ترجمہ: خاوند کے مرنے کی صورت میں عدت چار ماہ اور دس روز ہے۔ اس عدت کی شرط یہ ہے کہ موت تک نکاح صحیح رہے۔ اگرچہ عورت کم سن ہو)

مگر صغیرہ پر چار مہینے دس روز کا سوگ کرنا لازم نہیں چنانچہ صفحہ ۱۷۱ جلد دوم درمختار مذکور میں ہے:

---

[1] رد المحتار: جلد ۲ صفحہ ۳۶۶ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[2] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۲ صفحہ ۳۶۶، ۳۶۷ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

و لا حداد علی سبعة کافرة و صغیرة ومجنونة[1] الخ

☆(ترجمہ: سات عورتوں پر سوگ منانا لازم نہیں ہے۔(۱) کافرہ (۲) نابالغہ (۳) پاگل الخ)

☆ اس واسطے کہ سوگ عبارت ہے ترکِ زیب وزینت سے' جو سرمہ لگانا خوشبودار تیل اور مہندی لگانا ہے اور زعفرانی کپڑے پہننا۔ اس واسطے کہ بوجہ عدمِ بلوغ' وہ مخاطبہ حقوق اللہ نہیں ہے۔ اور سوگ حق اللہ ہے چنانچہ ہدایہ صفحہ ۴۰۶ مطبوعہ مطبع یوسفی میں ہے:

والحداد ان تترک الطیب والزینة والکحل والدهن المطیب وغیر المطیب من عذر و فی جامع الصغیر الامن وجع ولا تختضب بالحناء لما روینا ولا تلبس ثوبا مصبوغا بالعصفر ولا بزعفران ولا حداد علی کافرة ولا علی صغیرة لان الخطاب موضوع عنها[2]

☆ترجمہ: سوگ یہ ہے کہ خوشبو' زینت' سرمہ' خوشبودار تیل اور غیر خوشبودار تیل کے استعمال کو ترک کردے۔ ہاں عذر کے باعث استعمال کرسکتی ہے۔ جامع صغیر میں درد کے باعث یہ اشیاء استعمال کرسکتی ہے۔ عورت سوگ کی مدت کے دوران مہندی نہ لگائے۔ اس کی دلیل وہ حدیث پاک جو ہم نے روایت کردی ہے۔ نیز عصفر اور زعفران کے ساتھ رنگے ہوئے کپڑے بھی نہ پہنے۔ کافر عورت کے ذمہ سوگ نہیں ہے اور نہ ہی کم سن عورت پر سوگ لازم ہے کیوں کہ شرعی احکام کا خطاب اس سے اٹھالیا گیا ہے۔)

البتہ بوجہ لازم ہونے عدت کے ایامِ عدت شوہر کے گھر میں پوری کرسکتی ہے چنانچہ صفحہ ۴۰۷ ہدایہ مذکورہ میں ہے:

وعلی المعتدة ان تعتد فی المنزل الذی یضاف الیها با لسکنی حال وقوع الفرقة والموت و ان کان نصیبها من دار المیت لا یکفیها فاخرجها الورثة من نصیبهم انتقلت لان هذا انتقال بعذر توثرفیه الاعذار وصار کما اذا خافت علی متاعها او خافت

[1] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۲ صفحه ٦۵۵ مکتبه رشیدیه کوئٹه

[2] الهدایه : جلد ثانی جزو ثالث ' صفحه ۳۴٦ تا ۳۴۸ مختصرا ادارة القرآن والعلوم الاسلامیه کراچی

Marfat.com

سقوط المنزل[1]

☆(ترجمہ: عورت پر لازم ہے کہ وہ اس گھر میں عدت گذارے کہ خاوند سے فرقت اور اس کی موت کی حالت میں جس گھر کی طرف اس کی سکونت کی نسبت تھی۔ اگر مرنے والے خاوند کی وراثت سے اس کے حصہ میں آنے والا مکان اس کی سکونت کے لیے کافی نہ ہو اور ورثہ نے اس کو اپنے حصہ سے نکال دیا تو وہاں سے نکل آئے کیوں کہ یہ منتقل ہونا عذر کے باعث ہے اور عذر اس سلسلہ میں موثر ہیں۔ تو اس کا حکم اس عورت کی مانند ہوگیا جسے اپنے سامان کے ضائع ہونے کا خوف ہو یا مکان کے گر جانے کا خوف ہو)

قال العینی رحمۃ اللہ: (قولہ علی متاعھا) ای ذالک المنزل من سرقۃ او نھب[2] فقط

(ترجمہ: قولہ: اسے اپنے سامان کے ضائع ہونے کا خوف ہو یعنی اس مکان میں اسے چوری یا کسی کے چھیننے کے باعث اسے اپنے سامان کے ضائع ہونے کا خوف ہو)

صورتِ مذکورہ میں ولیِ اقرب نکاحِ صغیرہ مذکورہ کا اس کا باپ ہے اس کو بعد انقضائے عدتِ وفات جہاں مناسب سمجھے اس کے نکاح کر دینے کا اختیار ہے۔ صفحہ ۳۳۷ درمختار مذکورہ میں ہے

الولی فی النکاح العصبۃ بنفسہ[3]

(ترجمہ: نکاح میں ولی عصبہ بنفسہ ہوتا ہے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی

---

[1] الھدایہ: جلد ثانی جزو ثالث، صفحہ ۳۵۰ تا ۳۵۱ مختصر ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی

[2] (۱) حاشیہ الھدایہ: جلد ثانی جزو ثالث، صفحہ ۳۵۱ مختصر اً، ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی

۲ (۲) البنایہ شرح الھدایۃ للعینی جلد ۲، صفحہ ۳۳۷، ملک سنز فیصل آباد

[3] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۲ صفحہ ۳۳۷ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

# مضاربہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر.......113﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے عمر کو کچھ روپیہ چند شرائط کے ساتھ دیا جن کی نقل ہم رشتہ سوال ہذا ہے۔ عمر نے اس روپیہ سے تجارت کی۔ روپیہ صرف زید کا اور کاروبارِ تجارت عمر کے متعلق تھا۔ زید نے کچھ عرصہ بعد اپنے روپیہ کی نالش کردی۔ اب یہ مقدمہ پنجاب میں منتقل ہوکر آ گیا ہے اور فریقین شرعی فیصلہ پر راضی ہیں۔

دریافت طلب یہ امر ہے کہ اس شرائط نامہ کے بموجب یہ قرض تھا یا شرکت؟ اور شرکت تھی تو کون سی قسم کی؟ اور تجارت کے نفع نقصان میں دونوں بہ حصہ مساوی شریک ہوں گے یا اس کا بار صرف زید پر یا صرف عمر پر پڑے گا؟ اور مالِ موجودہ یا جو روپیہ قرض میں ہے وہ کس کا خیال کیا جائے گا؟ بدیں صورت اپنے کل روپیہ پانے کا عمر سے مستحق ہے یا بعض کا؟

نقلِ شرائط نامہ دستخطی فریقین مورخہ ۲ جنوری ۱۳ء

جناب من بعد ادائے آداب کے التماس آپ کی خدمت بابرکت میں یہ ہے مجھ کو جناب کے ارشاد کی تعمیل بسروچشم منظور ہے مگر شرط ذیل

اول یہ کہ بعد ایک سال کے منافعہ لینا ہوگا۔

دوسرے یہ کہ کل اخراجات دوکان کے نفع نقصان میں شریک ہونا ہوگا۔

تیسرے یہ کہ اگر جناب کو علیحدگی منظور ہو تو پیشتر چھ مہینہ کے اطلاع دیجئے گا۔ وہ روپیہ بعد منہائی نفع ونقصان کے جو باقی رہے گا دیا جائے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ مال دے دیا جائے وہ نہیں دیا جائے گا۔ روپیہ بتدریج دیا جائے گا۔

چوتھے یہ کہ میری تجارت میں آپ دست انداز نہ ہوں گے۔ مجھ کو اپنی رائے پر کام کرنا ہوگا۔ فقط دستخط عمر

بینوا توجروا

سائل: حکیم سید عرفان علی

Marfat.com

# الجواب

**اللهم رب زدنی علما.**

صورتِ مسئولہ میں حسبِ شروط ہم رشتہء سوال عقدِ مضاربۃ صحیح ہے۔اس واسطے کہ بموجب عرف شرطِ دوم کا یہی مطلب سمجھ میں آتا ہے کہ نفع میں شرکت حصہ برابر کے بالنصف رہے گی۔اور شرطِ شرکتِ نقصان وغیرہ اگرچہ خود باطل ہیں مگر صحتِ مضاربۃ میں ہرگز حارج نہیں۔

**کما فی الجزا الخامس فی البحر فی صفحة ۲۶۴**

**الخامس ان یکون نصیب کل منهما معلوما فکل شرط یودی الی جهالة الربح فهی فاسدة و مالا فلا. مثل ان یشترط ان یکون الوضعیة علی المضارب او علیهما فهی صحیحة و هو باطل۱؎**

☆(ترجمہ: مضاربہ کے صحیح ہونے کی پانچویں شرط یہ ہے کہ مال کے مالک اور کام کرنے والے میں سے ہر ایک کا حصہ نفع سے معلوم ہو۔☆ لہٰذا ہر وہ شرط جس سے نفع کا حصہ مجہول ہوجائے اس سے مضاربہ فاسد ہوجائے گی اور جس شرط سے نفع کا حصہ مجہول نہ ہو مضاربہ صحیح رہے گی۔☆ مثلاً یہ شرط لگائی کہ نقصان مضارب پر ہوگا یا دونوں کے ذمہ ہوگا تو مضاربہ صحیح ہے اور شرط باطل ہے)

**و فی العالم گیریة**

**کل شرط یوجب جهالة الربح او قطع الشرکة فی الربح یوجب فساد المضاربة و ما لا یوجب شیئا من ذلک لا یوجب فسادها. نحو ان یشترط ان یکون الوضیعة علیهما کذا فی الذخیرة.۲؎**

(ترجمہ: ہر وہ شرط جس سے نفع کا مجہول ہونا یا نفع میں دونوں کی شراکت کا خاتمہ لازم آئے وہ مضاربہ کے فساد کا

---

۱؎ البحر الرائق شرح کنز الدقائق: جلد ۷ صفحہ ۲۶۴ دار المعرفہ بیروت

۲؎ الفتاوی العالم گیریہ جلد ۴ صفحہ ۲۸۸ مطبوعہ مصر

Marfat.com

باعث ہوتی ہے اور جس شرط سے یہ لازم نہ آئے وہ مضاربہ کے فساد کا باعث نہیں ہوتی مثلاً یوں شرط لگائی کہ نقصان دونوں پر تقسیم ہوگا)

اور جب شرعاً بشروطِ مذکورہ مضاربہ صحیح ہے اور بموجبِ عرفِ عام شرط دوم سے آدھے نفع میں زید و عمر کا شریک ہونا ظاہر ہے اور نیز فتاوی عالمگیریہ میں ہے۔

**و لو قال رب المال للمضارب على ان ما زرق الله من الربح بيننا جاز او يكون الربح بينهما سواء.** [۱]

(ترجمہ: مضاربہ میں مال کے مالک نے مضارب (کام کرنے والے) کو کہا کہ ہماری مضاربہ اس شرط پر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ نفع عطا فرمایا وہ ہمارے درمیان ہوگا یا کہا کہ نفع دونوں کے درمیان برابر تقسیم ہوگا۔ تو عقد مضاربہ جائز اور درست ہے)

زید اپنے مال کا مع نفع کے نصف کا مستحق ہے۔ علیٰ ھذا عمر کل نفع سے نصف کا حقدار۔ اور اگر نفع کچھ بھی نہیں ہوا تو عمر کو کچھ نہیں ملے گا **كما فى العالم گيرية**

**و لو كانت (الى المضاربة) صحيحة فلم يربح المضارب لا شىء له** [۲]

☆ (ترجمہ: اگر مضاربہ درست ہو اور مضارب کو کوئی نفع حاصل نہ ہو تو اسے کچھ نہیں ملے گا)

اور اگر زمانہ مضاربہ میں اول نفع ہو اور آخر زمانہ راس المال کچھ کم ہو جائے تو اول نفع سے راس المال پورا کر دیا جائے گا۔ بعدہ جو کچھ زائد راس المال سے بچے گا وہ باہم تقسیم ہو جائے گا۔

اور اگر بعد پورا کر دینے کے نفع سے کچھ نہ بچے تو مضارب کو کچھ نہیں ملے گا اور باوصف نفع سے راس المال پورا کرنے کے بھی نقصان راس المال پورا نہ ہو تو مضارب سے کچھ نہ لیا جائے گا۔

**كما فى الكنز.**

---

[۱] الفتاوی العالم گیریه — جلد ۴ — صفحه ۲۸۸ — مطبوعه مصر

[۲] الفتاوی العالم گیریه — جلد ۴ — صفحه ۲۸۸ — مطبوعه مصر

Marfat.com

و ماهلک من المضاربة فمن الربح فان زاد الهالک علی الربح لم یضمن المضارب ۱۔

☆(ترجمہ: مضاربہ کے عقد کے بعد جو کچھ مال ضائع ہوگا وہ نفع سے پورا کیا جائے گا۔ اور اگر نقصان نفع سے زیادہ ہو تو اس کا ضامن مضارب نہیں بلکہ وہ اصل زر سے پورا کیا جائے گا)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

محمد دیدار علی الرضوی مفتی

جامع مسجد اکبر آباد

۱ کنز الدقائق علی هامش البحر الرائق: جلد ۷، صفحه ۲۶۸ دار المعرفه بیروت

Marfat.com

# وکالت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......114﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ میں ملازم حاجی اکرم الٰہی محمد انوار الٰہی صاحب سوداگرانِ جفت کے ہاں تقریباً چار سال سے ہوں۔ اور تمام کاروبار کی خرید وفروخت میرے ہاتھ سے ہے۔ اب مالکان نے حکم کیا کہ تم اطراف سے روپیہ وصول کرلاؤ۔ چنانچہ بحکم ان کے واسطہ روپیہ وصول یابی کے گیا۔ اور چلتے وقت ایک زنجیر دی گئی تھی کہ اس کو لگانا اور جو روپیہ وصول ہو روانہ کرنا۔ چنانچہ جو روپیہ وصول ہوتا گیا یعنی بریلی سے بذریعہ رجسٹری روانہ کردیا اور مراد آباد سے ایک شخص آنے والا تھا ان کو دے دیا۔ اب نگینہ اور نجیب آباد سے قریباً 260 روپیہ کے وصول ہوئے۔ وہاں پر سے وقت نہ ملا روانہ کرنے کا۔ اور نہ نوٹ گاڑی کے وقت سے پہلے دستیاب ہوئے۔ وہاں پر سے سہارن پور پہنچا قریباً 8 بجے شب کے۔ اتفاق سے مالکان کا لڑکا ارشاد الٰہی صاحب وہاں پر مل گئے۔ اب خیال ہوا کہ یہ بھی روپیہ وصول کرنے کو آئے ہیں۔ اگر یہ ہمراہ چلے تو روپیہ کم وصول ہوگا۔ اس وجہ سے اس گاڑی سے چلنا خیال کیا۔ انہوں نے جب یہ دیکھا کہ یہ جائے گا تو خود کہنے لگے کہ میں تمہارے ساتھ چلوں گا۔ میں نے بہت انکار کیا کہ آپ نہ جائیں۔ اگر آپ جائیں گے تو ہم بھی صبح چلیں گے۔ چونکہ یکہ وغیرہ آ گیا تھا اور چلنے کا ارادہ بھی کر چکے تھے اس وجہ سے انہوں نے کہا اب چلو۔ کل مظفر نگر اور میرٹھ ہو کر دہلی پہنچیں گے۔ میں ہمراہ ہو گیا۔ اور ٹکٹ مظفر نگر کا لیا۔ اور ہم دونوں مظفر نگر نہ اتر سکے۔ غنودگی آ گئی۔ اور آگے اسٹیشن پر اٹھ کر معلوم کیا تو معلوم ہوا کہ مظفر نگر اسٹیشن پیچھے رہ گیا۔ آپس میں اب رائے (یہ ٹھہری) کہ صبح میرٹھ ہو کر پھر مظفر نگر آ جائیں گے۔ گاڑی میں چل دیئے۔ ہم نے بموجب حکم کے زنجیر سے صندوق کو باندھ رکھا تھا۔ اور باحفاظت اوپر سر کے رکھا تھا سیٹ پر۔ اور اچھی طرح بیٹھ گئے کہ ایسا نہ ہو کہ میرٹھ بھی نکل جائے ہم دونوں سوتے رہ جائیں۔ آخرش زیں وجہ پان کھایا اور تمباکو پان میں زائد کھایا کہ غنودگی نہ آئے۔ مگر خدا کی قدرت کہ چھاؤنی میرٹھ پر ہم نے اٹھ کر صندوق کو دیکھا۔ اور بستر لپیٹ لیا کہ آگے اتریں گے۔ کھڑکی پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ گئے۔ اور بھائی ارشاد الٰہی جو کہ ہمراہ تھے وہ بھی سیٹ پر بیٹھے تھے۔ ہم دونوں گفتگو

Marfat.com

ہی کر رہے تھے کہ آگے اتریں گے۔ گاڑی چھاؤنی میرٹھ کے چل جانے پر ہم جاگتے رہے۔ اب جب کہ شہر میرٹھ پر گاڑی ٹھہرنے پر میرٹھ شہر کے جب کہ مسافر اترتے تھے ہم غنودگی سے گھبرا کر اٹھے۔ اور بھائی ارشاد الٰہی صاحب کو اٹھایا۔ اور کہا کہ شہر میرٹھ آ گیا۔ اترو۔ اب اترتے وقت سامان اٹھانا چاہا اور ادھر نظر کی تو اسٹیل بکس نہ پایا جن میں مبلغ 260 روپیہ مالک کے اور کپڑے میرے موجود تھے۔ فوراً ٹکٹ کلکٹر کے پاس گیا اور اسے کہا کہ میرا اسٹیل بکس ابھی کوئی لے گیا ہے۔ آپ ٹکٹ نہ لیں جب تک میں نہ دیکھ لوں۔ انہوں نے کہا ایک شخص پلیٹ فارم ٹکٹ دے کر گیا ہے اور خالی ہاتھ آیا تھا اور ایک سٹیل بکس ہاتھ پر رکھ کر لے گیا ہے۔ اور ابھی گیا ہے دوڑ کر۔ بہت تلاش کیا۔ اور ایک داروغہ صاحب کے ہمراہ بھی مگر کسی طرح منہ نہ لگا۔ آخرش رپورٹ پولیس میں کی۔ وہ ہمراہ ہے۔ اس کو ملاحظہ کر کے جو قاعدۂ شرع ہو میرے ذمہ روپیہ ادائیگی ہو تو مطلع کریں یا اگر نا جائز ہو تو مطلع کریں۔

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

صورتِ مسئولہ سے ظاہر ہے کہ مسمی الطاف خان مستفتی امینِ روپیہ وصول شدۂ کرم الٰہی نے بموجب حکم کرم الٰہی کے اسٹیل بکس کو جس میں روپیہ امانتی وصول شدہ کرم الٰہی کا اور مستفتی کے کپڑے بھی تھے، بوقت روانگی ریل زنجیر سے سیٹ کی زنجیر کے ساتھ باندھ دیا تھا اور حکمِ مالک کے موافق حفاظت میں کسی طرح کمی نہیں کی اور بایں ہمہ وہ تلف ہو گیا اور وقتِ قیامِ ریل کوئی اس کو لے گیا۔ لہٰذا اب روپیہ کا تاوان مالکِ مال کو الطاف خاں سے شرعاً لینا درست نہیں۔

**کما فی الهداية**

**الو ديعة امانة فى يد المودع اذا هلكت لم يضمنها**[1]

[1] الهدايه : جلد ۳ صفحه ۲۷۳ مكتبه شركت علميه ملتان

(ترجمہ: جس شخص کو ودیعت سپرد کی جائے اس کے قبضہ میں ودیعت امانت ہوتی ہے۔ جب وہ ضائع ہو جائے تو وہ اس کا ضامن نہ ہوگا)

البتہ اگر الطاف خان اپنے مال کی طرح یا حسبِ حکمِ مالک یعنی کرم الٰہی حفاظتِ مال نہ کرتا ضرور ضامن ہوتا۔

**كما هو ظاهر من الكتب الفقهية**

(جیسا کہ فقہ کی کتابوں سے ظاہر ہے)

حررہ: ابو محمد محمد دیدار علی

مفتی جامع مسجد اکبر آباد

مورخہ یکم اکتوبر ۱۹۱۶ء

Marfat.com

## فتوی نمبر......115

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ زید اپنے ملازم بکر کو بغرض روپیہ وصول یابی مختلف شہروں میں بھیجتا ہے۔ اور چلتے وقت روپیہ تلف ہو جانے کے خوف سے یہ کہہ دیتا ہے' کہ ہر شہر میں سے جس قدر روپیہ وصول ہو وہیں سے بھیج دینا۔ اپنے پاس روپیہ رکھنے کی کچھ ضرورت نہیں ہے۔ خرچ کا کچھ خیال نہ کرے اور شب کے وقت سفر نہ کرنا۔ ہر شہر میں ایسے وقت ہی روانہ ہونا جو تم دن میں دیگر شہر میں پہنچو اور ایک زنجیر بھی بکر کو دیدیتا ہے کہ اگر کوئی وقت شب کو کہیں سے چلنا ہو یا دن کے وقت تمہارا چلنے کا ارادہ ہو تو اس زنجیر کو ٹرنک اور ریل کی تپائی میں ڈال کر قفل لگا دینا تا کہ ٹرنک تلف ہونے سے محفوظ رہے۔ لیکن بکر نے کسی بات کی پرواہ نہ کی اور ٹرنک راستہ میں کھو دیا۔ چونکہ اس میں کچھ روپیہ بھی تھا وہ بھی تلف ہو گیا۔ لہٰذا اس صورت میں ان روپوں کا کون ذمہ دار ہو سکتا ہے۔

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللہ رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں بکر' زید کا چونکہ ملازم ہے اور بغرض وصولیابی روپیہ مختلف شہروں میں زید کا بھیجا ہوا ہے۔ لہٰذا زید کا رسول یعنی قاصد بغرض قبض مالِ زید ہوا اور رسول بغرض وصول وقبض شرعاً امین ہوتا ہے۔

كما هو ظاهر من رواية الهداية

والوكيل بقبض الدين لا يكون وكيلا بالخصومة لانه امين محض والقبض ليس بمبادلة فاشبه الرسول[1]

---

[1] الهدایہ جلد ۳ صفحہ ۱۹۴ مطبوعہ مکتبہ شرکت علمیہ ملتان

Marfat.com

☆(ترجمہ: قرض پر قبضہ کے لیے وکیل، خصومت' کا وکیل نہیں ہوتا کیوں کہ وہ صرف امین ہوتا ہے۔اور قبضہ میں مال کا مال کے ساتھ مبادلہ نہیں ہوتا تو اس کی مشابہت ایلچی سے ہوئی)

اور جب بکر شرعاً امانت دار زید کا ہے' امانت کا حکم شرعاً یہ ہے کہ اگر وہ تلف ہو جائے' امین اس کا ضامن نہیں ہوتا۔

**کما فی الھدایہ :**

**الودیعة امانة فی ید المودع اذاھلکت لم یضمنھا[۱]**

(ترجمہ: جس کو ودیعت کے طور پر کوئی چیز دی جائے' تو وہ چیز اس کے قبضہ میں امانت ہوتی ہے' اگر ضائع ہو جائے تو وہ اس کا ضامن نہیں ہوتا)

مگر اگر امانت دار بموجبِ حکم صاحبِ مال حفاظت نہ کرے' یا اپنے مال کی طرح اس کی حفاظت نہ کرے' اور اس وجہ سے تلف ہو جائے' جیسا کہ صورتِ مسئولہ سے ظاہر ہے' ضرور ضامن ہو گا۔لہٰذا صورتِ مسئولہ میں بکر ضرور مالِ تلف شدۂ زید کا ضامن ہوگا۔اس واسطے کہ ہدایہ میں ہے

**واذا نھاہ المودع ان یخرج بالودیعة فخرج بھا ضمن لان التقیید مفید اذا لحفظ فی المصر ابلغ فکان صحیحا[۲]**

(ترجمہ: ودیعت دینے والے نے' وصول کرنے والے' کو اس ودیعت کے ساتھ سفر کرنے سے منع کیا۔اس نے اس کے ساتھ سفر کیا تو ضائع ہونے کی صورت میں وہ ضامن ہوگا۔کیوں کہ ایسی قید لگانے کا فائدہ ہوتا ہے۔اس لیے کہ شہر میں حفاظت بہتر ہو سکتی ہے تو یہ قید لگانا درست ہے)

حررہ : العبدالعاصی

محمد دیدار علی' مفتی مسجد جامع اکبر آباد ۲۲ ستمبر ۱۹۱۶ء

---

[۱] الھدایہ جلد ۳ صفحہ ۲۷۲ مطبوعہ شرکت علمیہ ملتان

[۲] الھدایہ جلد ۳ صفحہ ۲۷۳ مطبوعہ مکتبہ شرکت علمیہ ملتان

Marfat.com

# ماہیہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......116﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں؛ کہ ہندہ نے اپنی جائدادِ مملوکہ؛ جو بذریعہ مہر اور بطریقِ میراث کے اپنی والدہ کی طرف سے حاصل کی تھی؛ ان کو اپنی دو لڑکیوں پر جو نابالغ تھیں؛ ھبہ کردیا اور ھبہ نامہ بھی لکھ دیا۔ مگر باوجود موجودگی ولیِ اقرب کے؛ جوان کا باپ ہے اور اب تک موجود ہے جس کی مہدِ تربیت میں وہ دونوں لڑکیاں پرورش پارہی ہیں۔ اور ان کا کفیلِ نان ونفقہ بجز باپ کے اور کوئی نہ تھا۔ خود ہی ہندہ قابض ومتصرف جائدادِ مذکورہ پر رہی۔ اور اب تک اس جائداد پر قابض ومتصرف ہے۔ اندریں صورت یہ جائداد ملکِ ہندہ ہی رہے گی یا ان لڑکیوں کی مِلک قرار دی جائے گی؟ اور بعد مرنے ان لڑکیوں کے یہ جائداد وارثوں پر تقسیم ہوسکتی ہے یا نہیں؟

سائل: محمد زکریا خان قصبہ فرید نگر ضلع میرٹھ

۱۷ شوال ۱۳۳۴ھ

## الجواب

### وهو الموفق للصواب

بسم الله الرحمن الرحيم.

الحمد لوليه. والصلوة على رسوله و نبيه و آله و صحبه اجمعين. اللهم رب زدني علما۔

رکنِ ہبہ ایجاب وقبول ہے۔ یعنی ھبہ کرنے والا عاقل بالغ کہے؛ کہ میں نے یہ مکان یا یہ چیز تم کو بخشی یا ھبہ کی۔ پھر موھوب لہ یعنی جس کو بخشا جائے؛ کہے کہ میں نے قبول کیا۔ اور شرط صحیح ہونے ھبہ کے یہ ہے؛ کہ جس چیز کو واہب ہبہ کرے وہ فقط اس کی ملک ہو۔ اس میں کوئی اس کا شریک نہیں۔ اور جب وہ ھبہ کرے تو اُس میں اپنی شرکت نہ رکھے۔ اور اس چیز سے اپنا قبضہ اٹھالے۔ بلکہ اگر مکان ہے تو اس میں سے اپنا کل سامان نکال

Marfat.com

لے۔ کما فی الدر المختار

و شرائط صحتها فی الموهوب ان یکون مقبوضا غیر مشاع ممیزا غیر مشغول کما سیتضح و رکنها هو الایجاب و القبول[1].

(ترجمہ: ہبہ کے درست ہونے کی شرطوں میں ایک یہ ہے' کہ ہبہ کی جانے والی چیز موہوب لہ کے قبضہ میں آ جائے۔ (اگر وہ تقسیم کو قبول کرتی ہو تو) غیر منقسم نہ ہو۔ نیز وہ چیز غیر موہوب چیز سے متمیز اور الگ ہو۔ کسی اور چیز کے ساتھ مشغول نہ ہو جیسا کہ عنقریب واضح ہو جائے گا اور اس کا رکن ایجاب اور قبول ہے)

و هکذا فی العالمگیریه حیث قال:

و منها ای من شرائط الهبة ان یکون الموهوب مقبوضا حتی لا یثبت الملک للموهوب له قبل القبض. و ان یکون الموهوب مقسوما اذا کان مما یحتمل القسمة و ان یکون الموهوب متمیزا عن غیر الموهوب و لا یکون متصلا و لا مشغولا بغیر الموهوب[2]

(ترجمہ: ہبہ کے شرائط میں سے یہ ہے کہ (۱) ہبہ کے جانے والی شی پر موہوب لہ کا قبضہ ہو' حتی کہ اس پر قبضہ کرنے سے پہلے اس کی ملکیت ثابت نہ ہوگی (۲) ہبہ کی جانے والی چیز اگر تقسیم کو قبول کرتی ہو تو' وہ تقسیم شدہ ہو۔ (۳) موہوب چیز غیر موہوب اشیاء سے علیحدہ ہو ان کے ساتھ نہ یہ متصل ہو اور نہ ہی مشغول ہو)

علی هذا جیسے شئے موہوبہ میں امورِ مذکورہ شرطِ صحتِ ہبہ ہیں' موہوب لہ کے شئے موہوبہ کا مالک ہونے کے لئے یہ شرط ہے' کہ موہوب لہ جس جلسہ میں واہب ہبہ کرے' یا ہبہ نامہ لکھ کر دے' اُس جلسہ میں بہ اذن و اجازتِ واہب اس کو خالی کرا کے اس پر قبضہ تام کر لے۔ اور اگر اُس جلسہ میں قبضہ نہ کر سکے تو دوسرے وقت اس سے اجازت لے کر اس پر کامل قبضہ حاصل کر لے۔ اور اگر وہ اجازتِ قبضہ نہ دے اور اپنا ہی قبضہ رکھے تو اس کا مالک واہب ہی رہے گا اور وہ ہبہ نامہ وغیرہ سب لغو بیکار رہے گا۔

---

[1] الدر المختار مع شرحه رد المحتار جلد ۸ صفحه ۴۲۲، ۴۲۳ مطبوعه بیروت لبنان

[2] الفتاوی العالم گیریه جلد ۴ صفحه ۳۷۴ مطبوعه مصر

Marfat.com

چنانچہ درمختار میں ہے۔

**و تتم الهبة بالقبض الكامل و لو الموهوب شاغلا لملك الواهب لا مشغولا به الاصل ان الموهوب ان مشغولا بملك الواهب منع تمامها[1] .**

(ترجمہ: ہبہ موہوب لہ کے کامل قبضہ سے مکمل ہوتا ہے۔ اگر ہبہ کی جانے والی چیز' ہبہ کرنے والے کی کسی چیز کو شاغل ہو (جیسے بوری میں گندم ہے تو بوری کو ہبہ کرے۔ گندم کو اس کے ساتھ ہبہ نہ کرے) لیکن واہب کی کسی چیز سے مشغول نہ ہو (جیسے گندم کو ہبہ کرے لیکن بوری کو ہبہ نہ کرے اس صورت میں ہبہ درست نہ ہوگا) ہبہ کے درست ہونے کا قاعدہ یہ ہے کہ اگر موہوب سے واہب کی کسی چیز میں مشغول نہ ہو (جیسے گندم بوری کے اندر ہو اور صرف گندم ہبہ کرے) تو یہ صورت ہبہ کے تکمیل میں مانع ہے)

**قال الشامی :**

**قوله منع تمامها اذا القبض شرط فصولين[2]**

(ترجمہ: قولہ: یہ صورت ہبہ کی تکمیل کو مانع ہوگی' کیونکہ موہوب لہ کا قبضہ کرنا شرط ہے۔ یہ مسئلہ جامع فصولین میں درج ہے)

اور اگر موھوب لہ نابالغ بے سمجھ ہے' جیسا کہ صورتِ مسئولہ میں دونوں دختر ہیں' تو ایسی صورت میں موھوب لہ کے باپ کا قبضہ ضروری ہے۔ خواہ موھوب لہ کی ماں موھوب لہ کو ھبہ کرے یا بھائی یا کوئی اجنبی 'بشرطیکہ موھوب لہ مہدِ تربیتِ باپ میں ہو۔ اور باپ ہی موھوب لہ کے نان ونفقہ اور ضروریات کا کفیل ہو' جیسا کہ صورتِ مسئولہ سے ظاہر ہے' کہ دونوں لڑکیوں کے نان ونفقہ اور ضروریات کا کفیل عند الھبہ باپ ہی تھا۔ اور باپ ہی تا موت ایک دختر اور تا بلوغ وعقدِ دخترِ ثانی رہا۔ ہاں البتہ اگر ماں واھبہ' موھوب لہ کے نان و نفقہ اور ضروریات کی متکفل باوصف موجودگی باپ کے ہوتی اور باپ ان کا خبر گیر نہ ہوتا تو اندریں صورت ماں کا

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۸ صفحہ ۴۲۷ مطبوعہ بیروت

[2] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۸ صفحہ ۴۲۷ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

قبضۂ سابقہ ہی بعد ھبہ مثل قبضہ موھوب لہ ہی کے بقول مفتی بہ سمجھا جاتا۔ كما فى العالمگيرية

و لو كان الصغير فى عيال الجد أو الاخ او الام او العم فوهب له هبة فقبض الهبة من كان الصغير فى عياله والاب حاضر اختلف المشايخ فيه و الصحيح الجواز هكذا فى فتاوى قاضى خان و به يفتى هكذا فى الفتاوى الصغرى فقط[1]

☆ (ترجمہ: اگر چھوٹا بچہ، دادا، یا بھائی، یا ماں، یا چچا کی کفالت میں ہو، اسے کوئی چیز ہبہ کی گئی، اس پر اس شخص نے قبضہ کیا جس کی کفالت میں وہ نابالغ بچہ ہے اور باپ موجود ہے، علماء کا اس ہبہ کے صحیح ہونے اور غیر صحیح ہونے میں اختلاف ہے۔ لیکن صحیح یہ ہے کہ ایسا ہبہ جائز ہوتا ہے۔ فتاوی قاضی خان میں اسی طرح ہے۔ اسی پر فتوی ہے یہ فتاوی صغریٰ میں ہے)

و ايضا فيه :

و هبة الاب لطفله تتم بالعقد ولا فرق فى ذلك بينما اذا كان فى يده او فى مودعه.. و كذا لو وهبته امه و هو فى يدها والاب ميت و ليس له وصى و كذا كل من يعوله كذا فى التبيين. و هكذا فى الكافى[2]

☆ (ترجمہ: باپ کی جانب سے اپنے نابالغ بچے کو کیا گیا ہبہ عقد سے کامل ہو جاتا ہے۔ ہبہ کی گئی چیز اس کے قبضہ میں ہو یا اس بچے کے قبضہ میں جسے وہ دی گئی دونوں صورتوں میں ہبہ کی صحت میں کوئی فرق نہیں آتا۔ (کچھ الفاظ کے بعد) اور اسی طرح اگر اس نابالغ کی ماں نے اسے کوئی چیز ہبہ کی وہ چیز ابھی ماں کے قبضہ میں ہے اس نابالغ کا باپ مر چکا ہے اور اس کا وصی بھی کوئی نہیں تو ہبہ کامل اور درست ہے اور یہی حکم ہے اس صورت میں جب کہ نابالغ کا کفیل اسے ہبہ کرے۔ تبیین میں ایسے ہے اور کافی میں بھی ایسے ہی ہے)

☆ اور جب باوصف موجودگی ولیِ اقرب، یعنی باپ لڑکیوں موھوب لہما کے اور رہنے ان دونوں لڑکیوں

---

[1] الفتاوى العالم گيرية جلد ۴ صفحه ۳۹۳ مطبوعه مصر

[2] الفتاوى العالم گيريه جلد ۴ صفحه ۳۹۱ مطبوعه مصر

Marfat.com

کے عند الھبہ مہدِ پرورش باپ میں اور نہ ہونے ماں کے کفیل نان ونفقہ ہر دو دختران' ماں نے جائداد مملوکہ اپنی دونوں لڑکیوں کو ھبہ کر کے اور ھبہ نامہ لکھ کر ان کے ولیِ اقرب اور کفیلِ نان ونفقہ یعنی باپ کے قبضہ میں بالکل اپنا قبضہ اٹھا کر صورتِ مسئولہ میں نہیں دی' تو وہ جائداد لڑکیوں کے مِلک میں نہیں آئی۔ بلکہ بدستور ان کی ماں مسماۃ ھندہ ہی کی مملوک رہی۔ اس واسطے کہ بعد الھبہ بموجبِ روایاتِ مذکورہ کے قبضہ سابقہ یا نیا اس جائدادِ موھوبہ پر ان کی ماں مسماۃ ھندہ کا بقولِ مفتی بہ قائم مقام قبضہ ان لڑکیوں موھوب لہما کے جب ہوتا جب باپ ان کا کفیل نہ ہوتا۔ اور ان کی پرورش کی متکفل ان کی ماں مسماۃ ھندہ واھبہ ہی ہوتی۔ اور جب باپ ولیِ اقرب متکفل نان ونفقہ و جملہ ضروریاتِ دختران مذکورہ موجود تھا' تو اب ضرور تھا کہ ماں مسماۃ ھندہ بعد ھبہ' اس جائداد سے اپنا قبضہ اٹھا کر ان لڑکیوں کے باپ کو قبضۂ تام دے دیتی' تا کہ مِلکِ ھندہ سے وہ جائداد نکل کر مِلک دونوں لڑکیوں کی ہو جاتی۔ اور جیسا مسماۃ ہندہ نے بعد ہبہ اب تک اس جائداد سے باوصف موجودگیِ ولیِ اقرب کفیلِ نان ونفقہ و جملہ ضروریاتِ دختران مذکورہ اس پر سے اپنا قبضہ نہیں اٹھایا' وہ جائداد ان لڑکیوں کی مِلک نہیں ہوئی۔ اور جب ان لڑکیوں کی ہی مِلک نہیں ہوئی تو بعد موت ان لڑکیوں کے ورثاء پر کسی طرح تقسیم نہیں ہو سکتی۔

کما هو ظاهر من الروايات المذكورة اور دوسری صورت فتاویٰ عالمگیریہ سے تو یہ بھی امر ظاہر ہے کہ اگر باپ کفیلِ نان نفقہ بھی نہ ہو' جب یعنی بغیر قبضہ باپ کے' خواہ ماں ھبہ کرے یا کوئی اور موھوب لہ کسی کی مہدِ تربیت میں ہو' سوائے باپ کے اس کا قبضہ موجودگی باپ میں' قائم مقام قبضۂ موھوب لہ صغیر نہیں ہو سکتا۔ اور بلا قبضہ باپ کے ھبہ ناتمام رہتا ہے۔ چنانچہ فتاویٰ عالمگیریہ میں ہے:

و اما غير الاب والجد نحو الاخ والعم والام و سائر القرابات ففي الاستحسان يملكون قبض الهبة اذا كان الصغير في عيالهم و كذلك وصي هؤلاء يملكه استحسانا. اذا كان في عياله و كذا الاجنبي الذي يعول اليتيم و ليس لليتيم احد سواه جاز قبض الهبة استحسانا و يستوي في هذه المسائل اذا كان الصبي يعقل القبض او لا يعقل وهذا كله اذا كان الاب ميتا او حيا غائبا غيبة منقطعة فاما اذا كان حيا حاضراً و الصبي في عيال هؤلاء

Marfat.com

هل يصح لم يذكر الفصل في الكتب نصا إلا أنه ذكر في الاجنبي اذا كان يعول اليتيم و ليس لهٰذا اليتيم احد سواه جاز قبض الهبة عليه و هذا الشرط يقتضي ان لا يصح قبض هولاء اذا كان حاضرا و ذكر في الجد ايضا انه لا يملك القبض على الصغير اذا كان الاب حيا ولم يفصل بينما اذا كان الصغير في عياله او لم يكن فظاهر ما اطلقه يقتضي ان لا يصح كذا في الذخيرة[1]

(ترجمہ: باپ اور دادا کے علاوہ باقی رشتہ داروں' بھائی یا چچا یا ماں کی کفالت میں اگر نابالغ ہو' تو استحسان کی رو سے ان کے قبضہ کی صورت میں ہبہ درست ہو جاتا ہے۔ اور اسی طرح ان کے وصی کو بھی نابالغ کی طرف سے ہبہ کی چیز پر قبضہ کا اختیار ہے' جب کہ وہ اس وصی کی کفالت میں ہو۔ ☆ اور اسی طرح وہ اجنبی جس کی کفالت میں وہ نابالغ رہتا ہو اور اس کے بغیر اس یتیم کی دیکھ بھال کرنے والا کوئی اور نہ ہو تو اس کا قبضہ بھی درست ہے۔ ان صورتوں میں بچہ کو قبضہ کی سمجھ ہو یا نہ ہو حکم ایک ہی ہے۔ یہ سب کچھ اس صورت میں درست ہو گا جب کہ نابالغ کا باپ مر چکا ہو یا وہ دور دراز علاقہ میں رہتا ہو۔ اور اگر باپ زندہ موجود ہو اور نابالغ بچہ ان لوگوں کی کفالت میں ہو' تو فقہ کی کتابوں میں اس صورت کا حکم مذکور نہیں ہے۔ ہاں اس قدر موجود ہے کہ اجنبی شخص اگر یتیم کی کفالت کرتا ہو اور اس کے سوا یتیم کی دیکھ بھال کرنے والا کوئی اور نہ ہو تو اس اجنبی کا ہبہ کی ہوئی چیز پر قبضہ درست ہوتا ہے۔ اس شرط کا تقاضا یہ ہے کہ اگر باپ موجود ہو تو ان کا قبضہ درست نہیں۔ دادا کی صورت میں بھی مذکور ہے' کہ نابالغ کی طرف سے اس کا قبضہ باپ کے زندہ ہونے کی صورت میں درست نہیں باپ کے کفیل ہونے یا کفیل نہ ہونے کی صورت میں اس حکم میں کوئی فرق نہیں ہے۔ تو اس اطلاق کے ظاہر کا تقاضا یہ ہے' کہ اس کفیل کے قبضہ سے ہبہ کامل نہ ہو سکے گا جب تک باپ قبضہ نہ کر لے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

[1] الفتاوی العالم گیریہ جلد ۴ صفحہ ۳۹۲' ۳۹۳ مطبوعہ مصر

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......117﴾

## سوال

خلاصۂ سوالِ طویل لاطائل زید کی بجز ایک بیٹی کے تمام بیٹیاں آوارہ اور بدچلن ہیں۔ لہٰذا زید اپنی نیک چلن بیٹی کے نام تمام جائیداد کا وصیت نامہ لکھ کر سب ورثہ کو معہ اپنی بیوی کے محروم الارث کرنا چاہتا ہے۔ عندالشرع یہ امر جائز ہے یا ناجائز؟ بینوا و توجروا.

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صورتِ مسئولہ میں زید اپنی حیات میں جس بیٹی سے خوش ہے علی ہذا علاوہ بیٹی کے جس سے بھی خوش ہو اس کو کل جائیداد یا جس قدر بھی چاہے ہبہ کر کے اگر اپنا قبضہ اٹھا کر اس کو قبضۂ تام دیدے اور نیز اپنی حیات میں تمام جائداد کو وقف کر کے اگر کسی متولی کے سپرد کردے وقف بھی کر سکتا ہے۔ ☆ مگر چند ورثہ کو محروم کر کے ایک وارث کو ھبہ کر دینا گو حرام نہیں مگر مکروہ اور ظلم ضرور ہے۔

چنانچہ طیبی سے حاشیہ صفحہ 261 مشکوۃ میں ہے:۔

**ولو وھب بعضھم (الی بعض الاولاد) دون بعض فمذھب الشافعی و مالک و ابی حنیفۃ رحمھم اللہ انہ مکروہ ولیس بحرام والھبۃ صحیحۃ[1] .**

(ترجمہ: اگر کسی نے اپنی اولاد میں کچھ کو نظر انداز کر کے، کچھ کو ہبہ کیا، تو امام شافعیؒ امام مالک اور امام ابوحنیفہ رحمھم اللہ کا مذہب ہے، کہ ایسا کرنا مکروہ ہے حرام نہیں ہے اور ہبہ درست ہے)

---

[1] (الف) حاشیہ مشکوۃ المصابیح صفحہ ۲۰۷ مطبوعہ المطبع المجتبائی دھلی

(ب) شرح الطیبی جلد ۷ صفحہ ۲۲۲۸ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ

Marfat.com

☆ البتہ اگر ہبہ مرض الموت میں کرے گا جو بالآخر وصیت ہے یا وصیت نامہ بعض اولاد کے نام لکھ کردے گا' تو وہ ناجائز رہے گا۔ چنانچہ حدیث صحیح میں ہے:

**الا لا وصية لوارث** [1]

(ترجمہ: خبردار وارث کے لیے وصیت جائز نہیں ہے)

اور بموجب اسی حدیثِ صحیح تمام کتب فقہ میں ہے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابومحمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبرآباد

---

[1] i جامع الترمذی حدیث رقم ۲۱۲۰' ۲۱۲۱

ii سنن نسائی باب ۵ حدیث رقم ۲۷۱۳' ۲۷۲۷

iii مسند احمد جلد ۴ صفحہ ۱۸۶' ۱۸۷' ۲۳۸

وغیرھا کتب الأحادیث تفصیل کے لیے:

موسوعہ اطراف الحدیث النبوی جلد ۸ صفحہ ۱۴۰ تا ۱۴۳ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت کی طرف رجوع کریں۔

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......118﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص کی پہلی زوجہ سے اولاد ہوئی۔ وہ زوجہ اس کی اولاد چھوڑ کر فوت ہوگئی۔ پھر اس نے دوسرا نکاح کیا اس سے بھی اولاد ہوئی۔ وہ شخص بیمار ہوا۔ حالتِ بیماری میں ایک ہبہ نامہ جائداد وغیرہ کا پچھلی اولاد اور زوجۂ موجودہ کے نام لکھ کر رجسٹری کرادی۔ اس وقت پہلی اولاد موجود تھی۔ پھر وہ شخص اسی بیماری میں دس بارہ یوم بعد فوت ہوگیا اب بموجب شرع شریف پہلی اولاد بھی حصہ پانے کی مستحق ہے؟ بینوا توجروا

سائل: محی الدین ساکن جی پور

۵ ذیقعدہ ۱۳۳۶ھ

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

الحمد للہ رب العالمین. والصلوۃ والسلام علی رسولہ ونبیہ وعلی آلہ وذریتہ. اللھم رب زدنی علما.

صورتِ مسئولہ میں شخصِ مذکور نے چونکہ مرض الموت میں ورثہ کو ہبہ کیا ہے' لہٰذا یہ ہبہ شرعاً ناجائز ہے اور جمیع مالِ متروکہ مع مالِ موہوب جمیع ورثہ اولادِ ہر دو زوجہ و زوجۂ موجودہ و دیگر ورثہ پر اگر ہوں حسبِ شریعت تقسیم ہوگا' ☆ اس واسطے کہ ہبہ مرض الموت میں اگرچہ ابتداء ہبہ ہوتا ہے مگر بعد موت حکم وصیت کا رکھتا ہے اور وصیت وارث کو ناجائز ہے۔

چنانچہ صفحہ 181 جامع الفصولین میں ہے

وھب قنا لامراتہ فاعتقتہ ثم مات المریض نفذ و تضمن القیمۃ اذا التملیک فی

Marfat.com

الابتداء صح لکن القلب وصیة بعد ذالک و ھوالمختار[1].

(ترجمہ: اپنی بیوی کوایک غلام ہبہ کیا۔اس بیوی نے اسے آزاد کردیا۔پھر خاوند مریض مرگیا تو عتق نافذ رہے گا اور عورت اس غلام کی قیمت کی ضامن ہوگی کیوں کہ عورت کو مالک بنانا آغاز میں درست تھا لیکن بعد میں وہ وصیت میں تبدیل ہوگیا۔یہی مختار ہے)

حررہ:

ابومحمد محمد دیدار علی عفی اللہ عنہ وعن والدیہ مفتی

مسجد جامع اکبرآباد

[1] جامع الفصولین جلد ۲ صفحہ ۱۸۱ مطبوعہ: دار الاشاعة العربیة کوئٹہ

Marfat.com

# وقف

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......119﴾

### سوال

ایک زمین زید کے ہاتھ میں ہے۔ اور وہ مالکانہ تصرفات کرتا رہا اور اس کے بعد بھی ورثا کرتے رہے۔ جس کو زائد از چالیس برس سے ہوئے اور کوئی مزاحم نہ ہوا۔

اب اس کے ورثا متصرف ہیں۔ عمر دعوی وقف کر کے اس زمین کو لینا چاہتا ہے اور کاغذ وقف رکھتا ہے۔ شرعا کیا حکم ہے؟

### الجواب

#### هو المصوب

عمر کا دعویٰ در بارۂ وقف، بعض دستاویز وقف سے ناجائز ہے جب کہ مدت دراز تک مالکانہ تصرف رہا۔

فتاویٰ حامدیہ میں ہے:۔

(سئل) فيما اذا كان بيد زيد عقار معلوم يتصرف فيه هو وابوه من قبله من مدة تزيد على اربعين سنة بلا معارض ثم مات عن ورثة قام عمرو الان يدعى عليهم انه وقف عليه ولم يصدقوه على ذلك و مضت هذه المدة ولم يدع عمر و بذلك و لا منعه مانع شرعي و الكل في البلدة فهل لا تسمع دعواه المزبور

(الجواب) نعم قال في المبسوط ترك الدعوى ثلاثا و ثلاثين سنة و لم يكن له مانع من الدعوى ثم ادعى لا تسمع دعواه لان ترك الدعوىٰ مع التمكن يدل على عدم الحق ظاهرا. وقدافتى بمثل ذلك شيخ الاسلام عبدالله آفندى المفتى بالممالك العثمانية وسئل في هذه الصورة عما اذا سمع القاضى تلك الشهادة و حكم بنزع العقار للوقف من يد الورثة و كتب به حجة فهل ينفذ حكمه ام لا و ما يلزم

Marfat.com

ذلک القاضی فاجاب لا ینفذ حکمه ولا تعتبر حجته و یعزل[۱]

(ترجمہ: سوال: زید کے قبضہ میں ایک معین جائداد ہے جس میں وہ اور اس سے پہلے اس کا باپ چالیس سال سے زائد عرصہ سے بغیر کسی رکاوٹ کے تصرف کرتے آئے ہیں۔ پھر وہ وارث چھوڑ کر مر گیا عمرو اٹھ کھڑا ہوا اور ان کے خلاف دعوی کرتا ہے کہ وہ وقف ہے وہ ورثاء اس کی اس معاملہ میں تصدیق نہیں کرتے اتنی مدت گذری لیکن کیا عمرو نے اس کا دعوی نہیں کیا' اور نہ ہی کسی شرعی مانع نے اسے اس سے روکا' یہ سب لوگ شہر میں رہتے ہیں کیا مذکورہ دعوی نہیں سنا جائے گا۔

جواب: ہاں (نہیں سنا جائے گا) مبسوط میں ہے کہ ایک شخص نے تینتیس برس تک دعوی چھوڑے رکھا اور دعوی سے کوئی مانع بھی موجود نہ تھا اس کے بعد اس نے دعوی کیا اب دعوی نہ سنا جائے گا کیونکہ باجود قدرت کے دعوی کو ترک کرنا بظاہر اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس کا حق نہ تھا۔ شیخ الاسلام عبداللہ آفندی مفتی ممالک عثمانیہ نے اسی طرح کا فتوی دیا ہے ان سے اس صورت کے بارے میں پوچھا گیا کہ جب قاضی اس شہادت کی سماعت کرے اور ورثاء کے قبضہ سے جائداد کو وقف کے لیے چھین لینے کا حکم دے اور اس کی حجت تحریر کر دے تو کیا اس کا حکم نافذ ہوگا یا نہیں اور اس قاضی پر کیا لازم آتا ہے تو آپ نے جواب دیا کہ اس کا حکم نافذ نہ ہوگا اس کی حجت کا اعتبار نہ کیا جائے گا اور اسے معزول کر دیا جائے گا)

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

✿✿✿✿✿

[۱] تنقیح الفتاوی الحامدیه جلد اول صفحه نمبر ۱۲۲ مطبوعه مکتبه حبیبه کوئٹه

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......120﴾

## سوال

حضرت میران نمک شاہ کی درگاہ کو سرجان ولیم نے ۱۲۱۵ھ میں زمین وقف کردی۔ متولیان نے کچھ دنوں بعد تقسیم نصف نصف کر کے ایک کی زوجہ نے اراضی کو رہن کر دیا۔ ایک نے زوجہ کے نام بیع نامہ لکھ دیا۔ اب اس اراضی کو ایک اس زوجہ کا جس نے اراضی کو رہن کیا ہے بیع نامہ بنام جس ونت رائے اور مسمی بہاری لال کرتی ہے شرعاً کیا حکم ہے؟۔ بینوا توجروا

سائل: ولی اللہ محمد شاکر منڈوی سگ شہر آگرہ

۱۸ مارچ ۱۹۱۶ء

## الجواب

## ھو المصوب

قرینہ سوال اور معاملہ سے واضح ہوتا ہے کہ اس عطیہ سرجان ولیم پر متولیاں (درگاہ) تصرف کرتے رہے۔ اگر چہ بنام وقف درگاہ کو دی گئی تھی۔ مگر تصرفاتِ مالکانہ متولیاں یکے بعد دیگرے مدتِ دراز تک کرتے رہے اور کوئی مزاحم نہ ہوا۔ لہٰذا اب دعویٰ وقف لائق سماعت نہیں۔ فتاوی حامدیہ میں ہے:

(سئل) فيما إذا كان بيد زيد ارض معلومة يتصرف فيها بطريق الإرث بلا معارض له ولمورثه قبله من مدة تزيد على ستين سنة والآن قام ناظر وقف اهلى يعارضه فيها مدعيا جريانها فى الوقف المذبور مستندا فى ذلك لمجرد ذكرها فى كتاب وقف بيده منقطع الثبوت ولم يسبق ولا لمن قبل من نظار الوقف وضع يد عليها لجهة الوقف فهل حيث كان الامر كذلك يمنع الناظر من معارضة زيد فيها ويعمل بوضع اليد والتصرف المذبورين ولا عبرة بمجرد ذكر الأرض فى كتاب الوقف المذبور بدون سبق تصرف شرعى لجهة الوقف المذبور.

Marfat.com

(الجواب) نعم لأن حجج الشرع الشريف ثلاثة البينة والإقرار والنكول وكتاب الوقف إنما هو كاغذ به خط وهو لا يعتمد عليه ولا يعمل به كما صرح به كثير من علمائنا ولا ينزع شيء من يد أحد إلا بحق ثابت معروف [۱]

(ترجمہ) سوال: زید کے قبضہ میں مقرر زمین ہے جس میں وہ وراثت کے طور پر تصرف کرتا ہے۔ساٹھ سال سے زائد کا عرصہ ہوا کہ اس اور اس کے مورث کے تصرف میں رہی کوئی مقابل نہیں آیا۔اب ملکی وقف کا نگران اس سے معارضہ کرتا ہے اور یہ دعوی کرتا ہے کہ مذکورہ زمین وقف ہے اور دلیل صرف یہ دیتا ہے اس کے پاس وقف کی کتاب میں صرف اس کا ذکر موجود ہے۔اس کا ثبوت اس کے پاس کچھ نہیں۔وقف کے اعتبار سے نہ اس نگران کا اس زمین پر کبھی قبضہ رہا اور نہ اس سے پہلے نگرانوں کا قبضہ رہا۔تو کیا اس صورتِ حال میں وقف کے نگران کو اس زمین کے بارے میں معارضہ سے روکا جائے گا۔مذکورہ بالا افراد کے اس زمین پر قبضے اور تصرف پر عمل کیا جائے گا اور مذکورہ بالا زمین پر وقف کے اعتبار سے کبھی کسی تصرف کے بغیر صرف اس وقف کی کتاب میں اس کے ذکر کا کچھ اعتبار نہ کیا جائے گا۔

**جواب:** ہاں (وقف کی کتاب میں صرف اس کے ذکر کا کوئی اعتبار نہیں ہے) شرع شریف میں صرف تین چیزیں، ثبوت کی دلیل ہیں (۱) گواہی (۲) اقرار (۳) انکار۔وقف کی کتاب صرف کاغذات کا مجموعہ ہے جن پر تحریر ہے۔اس پر اعتماد نہیں کیا جاتا اور نہ اس پر عمل کیا جاتا ہے۔اس کی تصریح ہمارے کثیر علماء نے فرمائی ہے۔ معروف طریقہ سے ثابت شدہ حق کے بغیر کسی شخص کے قبضہ سے کوئی چیز چھینی نہیں جاسکتی)

پس مالکانہ تصرف بلا مزاحمت مرید وغیرہ کرتے رہے اور انتقالاتِ بیع ورہن نافذ ہوتے رہے۔لہٰذا اب اس کو وقف قرار دینا صحیح نہیں۔واللہ أعلم وحکمه أحکم

کتبه المفتی السید محمد اعظم شاہ غفر له

**فائدہ:**

ایسی صورت میں اگر حاکم وقف بھی قرار دے تو اس کا حکم غلط ہوگا جیسا کہ مسئلہ نمبر ۳۹ میں درج ہے۔

منہ غفرلہ

---

[۱] تنقیح فتاوی حامدیہ، العلامة محمد امین بن عابدین شامی جلد اول صفحہ ۲۱ امکتبہ حبیبیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 121﴾

## سوال

ایک مکان زرخرید ہے۔ اپنے بھانجے کو ملا۔ اسے فروخت کیا اور بیع نامہ میں (سوائے اصل الدین مکان متعلقہ مسجد فلاں) لکھا لیکن کوئی وقف نامہ نہ شرائط نہ مصارف تحریر کئے۔ مگر ارادہ ہے کہ اگر خدا وسعت دے تو مسجد کی خدمت اپنے پاس سے اور زمین مذکورہ کی آمدنی وغیرہ سے کروں گا اور ولایت خود رکھوں گا۔ اب اہل محلہ اور ممبرانِ مسجد مجبور کرتے ہیں کہ اس کا روپیہ یعنی قیمت موصول ادا کرے تا کہ ہم مسجد میں لگا دیں یا کرایہ نامہ لکھ دے۔ شرعاً ایسے موقع پر کیا حکم ہے جو تعمیل کی جاوے۔

## الجواب

## ھو المصوب

وقف میں ضرورت تکمیل کی ہے خصوصا جب کہ زمین کسی مسجد کو وقف کی جائے تو حوالۂ متولی جب تک نہ کرے تو کامل نہ ہوگا (صفحہ ۲۱۵ جامع الاحکام جلد اول دیکھو)

**قال ابو جعفر وعلیه الفتوی.**

(ترجمہ: امام ابو جعفر نے فرمایا اور اسی پر فتوی ہے)

اور یہاں نہ تو واقف نے وقف نامہ لکھا اور نہ تصریح مصارف اور نہ اقرار کیا ہے ☆ بلکہ آئندہ ارادہ ظاہر کیا ہے۔ اور زبردستی وقف نہیں ہوسکتا۔

اگر وقف ہی فرض کیا جائے تو مالک خود کو متولی قرار دیتا ہے بعدہ کسی کو حق نہیں ہے کہ اس سے علیحدہ کرے۔

جب تک اُس سے خرچ وغیرہ کی تفصیل نہ معلوم ہو کہ اس قدر آمدنی مسجد کے فلاں کام میں اور اس قدر اپنے رشتہ داروں کے واسطے مقرر کیا ہے یا سب مسجد میں اپنے آپ جمع کرتا رہوں گا۔ اور کسی محلہ دار یا

Marfat.com

حاکم کو ہرگز حق نہیں ہے کہ صرف آئندہ ارادہ پر وقف جائز کر دیں جب تک کامل نہ ہو جاوے۔

☆ اور محلہ دار سخت لادین ہیں کہ جو وقف بھی قرار دیتے ہیں اور اس کی قیمت واقف سے لے کر مسجد میں حرام مال لگانا چاہتے ہیں۔ ☆ کیونکہ کہ وقف کا بیچنا اور روپیہ لینا حرام ہے۔ اور مسجد میں اس کا لگانا سخت کبیرہ گناہ ہوگا اور محلہ داروں کو کوئی منصب دست اندازی کا نہیں ہے۔ جب تک تکمیلِ وقف واقف کی طرف سے نہ ہو جاوے اور کاغذ پر رجسٹری نہ کراوے۔ اور علاوہ اس کے ابھی اس نے مکان نہ وقف کیا اور نہ حدود معین کئے نہ تصریحِ قبضہ نہ تفصیلِ خرچہ نہ بیان تولیت۔

غرض کہ یہ زمین وقف نہیں۔ اور مطالبہ اہلِ محلہ کا بالکل غلط اور جہالت پر مبنی ہے۔ ہاں مالک کو فہمائش کریں کہ وعدہ پورا کرے۔ تا کہ عنداللہ ماخوذ نہ ہو۔

واللہ اعلم وحکمہ احکم

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......122﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں میونسپل بورڈ نے ایک زمین بہ نیت وقف کرنے کے مسلمانوں پڑ واسطے قبرستان کے خریدی ہے اور ابھی مسلمانوں کے سپرد نہیں کی۔ آیا بلا اجازت اور سپرد کرنے کے مسلمانوں کو اس میں کسی مسلمان کو مردہ دفن کرنا جائز ہے یا نہیں؟

سائل: انوار حسین چڑی مارٹولہ اکبرآباد

۲۰ شوال ۱۳۳۴ھ

## الجواب

الحمد لله العلى الاعلى والصلوة والسلام على رسوله المصطفى وآله المجتبى.
اللهم رب زدنى علما.

وقف بلا قبضہ دینے کے پورا نہیں ہوتا۔ کما فی الدر المختار

ولا يتم الوقف حتى يقبض لم يقل للمتولى لان تسليم كل شيء بما يليق به ففى المسجد بالافراز[1]

(ترجمہ: وقف تام نہیں ہوتا' جب تک قبضہ نہ ہو جائے۔ مصنف علیہ الرحمۃ نے یہ نہ فرمایا کہ جب تک متولی قبضہ نہ کرلے کیوں کہ ہر چیز کی سپردگی اس کے حال کے مناسب ہوتی ہے مسجد میں اس کی زمین کو جدا کر دینے سے وقف تام ہو جاتا ہے)

قال الشامى رحمة الله عليه

قوله ففى المسجد بالا فراز اى والصلوة فيه وسياتى و فى المقبرة بدفن واحد

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ٦ صفحہ ۲۱۷'۲۱۸ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

فصاعدا باذنه [1]۔

☆(ترجمہ: قولہ: مسجد میں اس کی زمین کو الگ کردینے سے وقف تام ہوجاتا ہے۔☆یعنی اس کے ساتھ ساتھ واقف کی اجازت سے اس میں نماز ادا کرنے سے ۔جس کی تفصیل عنقریب آرہی ہے۔ ☆قبرستان میں واقف کی اجازت سے ایک یا ایک سے زائد مردوں کے دفن ہونے (سے) وقف کامل ہوجاتا ہے)

لہٰذا جب تک باجازتِ واقف یا وکیل واقف ایک یا کچھ زائد مردے اس میں دفن نہ کردیے جاویں کسی مسلمان کو بلا اجازت اس میں دفن کرنا جائز نہیں۔فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی المجددی

مفتی جامع مسجد اکبرآباد

۱۹ شوال ۱۳۳۴ھ [2]

❀❀❀❀❀

---

[1] رد المحتار جلد ٦ صفحہ ۴۸۱ مطبوعہ بیروت

[2] اصل مسودہ میں اسی طرح سوال پر تاریخ ۲۰ شوال ۱۳۳۴ھ اور جواب پر ۱۹ شوال ۱۳۳۴ھ درج ہے۔ممکن ہے یہ اختلاف سائل یا حضرت مجیب رحمۃ اللہ علیہ کی غلطی فہمی کی بنا پر ہو۔

محمد علیم الدین عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......123﴾

## سوال

ہم مفتیانِ دینِ اسلام اور علمائے کرام سے یہ دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ عابدہ نے کچھ روپیہ کی وصیت کی اور زید سے کہا کہ اس روپیہ سے ایک مسجد بنوا دینا۔ زید نے اس روپیہ سے حسبِ وصیت مسجد تیار کرائی لیکن ضروریاتِ تعمیر کے لیے وہ روپیہ ناکافی ہوا اور کچھ روپیہ زید نے اپنے پاس سے لگا کر اس کی تعمیر کو تکمیل تک پہنچا دیا۔ مسجد کے صحن کے ملحق اس نے علیحدہ اپنی زمین پر چند دکانات اپنے ذاتی صرف سے بنوائیں اور ان پر وہ تاحینِ حیات قابض و متصرف رہا۔ کرایہ وغیرہ بھی خود وصول کرتا رہا اور انہیں نقلا و اصلا کسی صورت میں بھی وقف نہیں کیا تو زید کے بعد اس کا لڑکا عمرو وراثتا ان دو کانوں کا حقدار و مالک ہوگا یا نہیں۔ اور کیا زید کے انتقال کے بعد بغیر کسی وصیت کے وہ جائدادِ موروثی وقف میں شامل سمجھی جائے گی؟

سائل حاجی الطاف حسین

## الجواب

ظاہر ہے کہ بغیر وقف کئے ہوئے کسی کا مال کسی طرح وقف نہیں ہوسکتا تو لامحالہ بعد انتقال زید کے مثل دیگر مال جائداد بعد ما تقدم علی الارث زید کے ورثہ ان دوکانات کے بھی بحسبِ حصصِ متعینِ شریعت مستحق ہوں گے۔ اور اگر بجز ایک بیٹے کی یا چند بیٹوں کے اور کوئی وارث نہیں ہے تو فقط بیٹے ہی کل مال وجائداد اور ان دوکانات کے شرعا وارث ہوں گے۔ مسجد کے پاس مسجد سے ملحق اپنی ذاتی زمین بنانے سے وہ مکان بغیر وقف کئے ہوئے ہرگز وقف نہیں ہوسکتا۔ بلکہ مسجد بھی بعد بنانے کے جب وقف ہوگی جب بانیٔ مسجد اس کو اپنی ملک سے جدا کر کے عموما نماز پڑھنے کی مسلمانوں کو اجازت دیدے اور اس میں نماز پڑھنے لگیں کہ:

**فی الدالمختار :**

**ولا یتم الوقف حتی یقبض لم یقل للمتولی لان تسلیم کل شیء بما یلیق بہ ففی**

Marfat.com

**المسجد بالافرازوفی غیرہ بنصب المتولی و بتسلیمه ایا ہ ابن کمال**[1]

(ترجمہ: وقف کامل نہیں ہوتا جب تک اس پر قبضہ نہ ہوجائے۔ مصنف علیہ الرحمہ نے یہ نہ فرمایا کہ جب تک متولی اس پر قبضہ نہ کرلے کیوں کہ ہر چیز کی سپردگی اس طرح ہوتی ہے جواس کے مناسب ہو۔ مسجد میں سپردگی اس کو اپنی دیگر ملکیت سے علیحدہ کردینے سے اوراس کے علاوہ باقی میں متولی مقرر کرنے اور وقف شدہ چیز اس کے حوالے کرنے سے وقف تام ہوگا)

**قال الشامی :**

**قوله ففی المسجد بالافراز ای والصلوٰۃ فیه**[2]

(ترجمہ: صاحبِ درمختار نے فرمایا کہ مسجد میں وقف تام اس وقت ہوجاتا ہے جب کہ اس کو اپنی دیگر مملوکہ زمین سے علیحدہ کردیا جائے یعنی اس میں نماز بھی ادا کرلی جائے۔)

☆ اور علاوہ مسجد دیگر مکانات ودکانات میں وقف صحیح جب ہوگا جب واقف وقف کرکے کسی کو متولی مقرر کرکے اس کے سپرد کردے۔ اور تاوقتیکہ دوسروں کو متولی مقرر کے اس کے سپرد نہ کردے اور خود متصرف رہے بموجب عبارتِ مذکورہ درمختار وہ مکان یا دوکان گو تحریریا زبانی وقف کردی ملک واقف سے نہ نکلے گا۔ اور بوجہ ناتمام رہنے وقف کے مالک مکان ہی اس کا مالک رہے گا۔ البتہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک خود واقف ہی متولی ہوسکتا ہے۔ لہٰذا اگر وہ خود متولی رہنا چاہے تو امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مجرد وقف کرکے اپنی کل جائداد سے جدا کرکے بحیثیتِ تولیت قابض ومتصرف رہنا بھی تکمیل وقف کو کافی ہے۔

**کما فی الشامی :**

**ان من شرط التسلیم و هو محمد لم یصح تولیة الواقف لنفسه و من صححها وهو**

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۶ ،صفحه ۲۱۷، ۲۱۸، مطبوعه دار احیاء التراث العربی بیروت

[2] رد المحتار جلد ۶ صفحه ۲۱۷، ۲۱۸ مطبوعه دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

أبويوسف رحمة الله عليه لم يشترطه تامل ط

(ترجمہ: جس نے سپرد کرنے کو شرط قرار دیا اور وہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ ہیں ان کے نزدیک وقف کرنے والے کا خود متولی بننا درست نہیں۔ اور جس نے وقف کرنے والے کا خود متولی درست قرار دیا ہے اور وہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ ہیں انہوں نے اس کی شرط نہیں لگائی)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

جامع مسجد اکبر آباد

ط رد المحتار جلد ٦ صفحه ٤١٨ مطبوعه دار احياء التراث العربی بيروت

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......124﴾

### سوال

علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ہذا میں کیا فرماتے ہیں ایک پرانا وقف قبرستان ہے۔ جس میں اب صرف چند قبریں نظر آتی ہیں۔ اور بہت ممکن ہے کہ کچھ ایسی قبریں ہوں جو مٹی میں دب کر ناپید ہوگئی ہوں۔ اس میں مدت سے مردے دفن نہیں ہوتے۔ چنگی سے وہاں دفن کرنے کی اجازت نہیں۔ اس قبرستان میں طلباءِ علومِ دین کے لیے دارالاقامۃ یا مدرسہ بنوانا جائز ہے یا نہیں؟ نمایاں قبروں کو یا تو چاردیواری کے ذریعہ محفوظ کر دیا جائے گا یا ان پر چھت قائم کر کے اس پر طلبہ کے درس یا قیام کے لیے جگہ بنوادی جائے گی۔

۸ شوال ۱۳۳۶ھ

محمد شریف ساکن ملٹھولہ آگرہ

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

اس قسم کے قبرستان میں قدیم سے گو اس میں نشان ایک قبر بھی باقی نہ رہے بموجب روایۃ فتاوی عالم گیریہ تو مطلقا انتفاع ناجائز معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ صفحہ ۴۵۳ جلد ثانی فتاوی عالم گیریہ میں ہے۔

سئل ھو (ای القاضی الامام شمس الائمہ الاوزجندی رحمہ اللہ) ایضا عن المقبرۃ فی القری اذا اندرست و لم یبق فیھا اثر الموتی ولا العظم ولا غیرہ ھل یجوز زرعھا واستغلا لھا قال لا. و لھا حکم المقبرۃ کذا فی المحیط فلو کان فیھا حشیش یحش و یرسل الی الدواب ولا ترسل الدواب فیھا کذا فی البحر الرائق[1]

(ترجمہ: حضرت قاضی امام شمس الائمہ اوزجندی رحمۃ اللہ علیہ سے دیہات کے ایسے قبرستانوں کے بارے میں پو

[1] الفتاوی العالمگیریہ : جلد ۲، صفحہ ۴۷۰، ۴۷۱ مطبوعہ مصر

Marfat.com

چھا گیا جب وہ قدیم ہو جائیں ان میں مردوں کی نشانیاں اور ہڈیاں وغیرہ نہ رہیں تو کیا ان میں کھیتی باڑی کرنا اور غلہ اگانا جائز ہے۔ تو آپ نے فرمایا نہیں۔ ان کے لیے قبرستان کا حکم ہے۔ محیط ☆ اگر وہاں گھاس موجو ہو تو اسے کاٹ لیا جائے اور چوپایوں کی طرف بھیج دیا جائے۔ لیکن چوپایوں کو ان میں چرنے کے لیے نہ چھوڑا جائے گا۔ البحر الرائق)

☆ البتہ ایک دو قبر ماضی میں جس کو قبرستانِ دائرہ یا عامہ نہیں کہہ سکتے یہ تعاملِ قدیم پایا جاتا ہے کہ ان کو مثل حجرہ کے چاردیواری یا گنبد میں دے کر اوپر صحنِ مسجد بنوا دیا گیا ہے یا اتنی اونچی جگہ چاردیواری میں دے کر اس کے گرداگرد صحن مسجد بنوا دیا گیا ہے یا مکان قیام گاہِ مسافرین وطلبہ بنوا دی گئی ہیں چنانچہ یہ امر جامع مسجد آگرہ سے اور مسجد وزیر خان واقع لاہور سے اور درگاہ حضرت سلیم چشتی رحمہ اللہ وغیرہ دیگر مقامات سے ظاہر ہے۔ بلکہ غالبا روضہ جناب سرورِ عالم ﷺ بھی اسی صحن مسجد کے اندر ہے جو بعد حضور رسالت مآب ﷺ صحنِ اصلی پر زائد کیا گیا ہے مگر قبرستانِ عامہ کا قیاس اس مقبرہ پر نہیں کر سکتے جس میں ایک دو قبر کے بعد لوگوں نے کسی وجہ سے دفن کرنا چھوڑ دیا ہو اس واسطے کہ اس مقبرہ سے حکم قبرستان ہونے کا اٹھ جاتا ہے۔

چنانچہ صفحہ ۲۷۵ جلد خامس بحر الرائق میں ہے۔

و فی الخانیة امراة جعلت قطعة ارض مقبرة و اخرجتها من یدها و دفن فیها ابنها و هذه الارض غیر صالحة للقبر لغلبة الماء علیها قال الفقیه ابو جعفر رحمه الله ان کانت الارض بحال یرغب الناس عن دفن الموتی فیها لفسادها لم تصر مقبرة و کان للمراة ان تبیعها و اذا باعت کان للمشتری ان یرفع المیت عنها او یامر برفع المیت عنها[1]

☆(ترجمہ: فتاوی قاضی خان میں ہے ایک عورت نے زمین کے ایک ٹکڑے کو قبرستان بنا لیا۔ اسے اپنے قبضہ سے خارج کر دیا اور اس میں اپنے بیٹے کو دفن کر دیا۔ لیکن یہ زمین پانی کے غلبہ کے باعث قبر کے لیے مناسب نہیں ہے۔ حضرت فقیہ ابو جعفر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اگر زمین اس طرح کی ہو کہ لوگ اس کی خرابی کے باعث

---

[1] البحر الرائق شرح کنز الدقائق : جلد ۵ ، صفحہ ۲۷۵ ، دار المعرفه بیروت

Marfat.com

مردے دفن کرنے سے اعراض کریں تو وہ قبرستان قرار نہ پائے گی۔عورت کو حق حاصل ہے کہ اسے فروخت کردے اور جب وہ فروخت کردے تو خریدار کو اختیار ہے کہ میت کو وہاں سے اٹھا کر کہیں اور منتقل کردے یا وہاں سے میت کو اٹھا لینے کا حکم دے دے)

حالاں کہ ایک دومیت کے دفن ہوجانے کے بعد وقف مقبرہ تام ہوجاتا ہے۔اور ملک واقف سے نکل جاتا ہے ﷺ چنانچہ صفحہ ۲۵۳ بحرالرائق میں ہے

و عند ابی یوسف رحمه الله یزول ملکه بالقول کما هو اصله و اذا التسلیم عنده لیس بشرط والوقف لازم و فی فتاوی قاضی خان و ناخذ فی ذلک بقول ابی یوسف و عن محمد رحمه الله اذا استقی الناس من السقایة و سکنوا الخان والرباط و دفنوا فی المقبرة زال الملک لان التسلیم عنده شرط والشرط تسلیم نوعه و ذلک بما ذکرنا و یکتفی بالواحد بتعذر فعل الجنس کله[1]

(ترجمہ: امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک صرف زبان سے وقف کہہ دینے سے مالک کی ملکیت زائل ہوجاتی ہے جس طرح کہ اس کی اصل ہے۔ کیوں کہ سپرداری ان کے نزدیک شرط نہیں' اور وقف لازم ہوجاتا ہے۔فتاوی قاضی خان میں ہے کہ اس سلسلہ میں حضرت امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کا قول اختیار کرتے ہیں۔ حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ جب لوگوں نے سبیل سے پانی بھرا' سرائے اور رباط میں ٹھہرے اور قبرستان میں مردوں کو دفن کردیا تو مالک کی ملکیت زائل ہوجائے گی۔ کیوں کہ سپرداری ان کے نزدیک شرط ہے۔اور شرط اس کی نوع کی سپرداری ہے۔اور یہ ان امور سے ہوتی ہے جن کا ہم نے ذکر کیا ہے۔اور ایک شخص کا فعل یعنی پانی بھرنا' ٹھہرنا اور مردہ دفن کرنا کافی ہے کیوں کہ ساری جنس کا فعل مشکل ہے)

اور مقبرۂ داثرہ کی نسبت روایت فتاوی عالم گیریہ تو جو بہت مفصل ہے گزر ہی چکی۔مگر صاحب بحر بھی اس روایت مذکورہ کے اوپر اس طرح تحریر فرماتے ہیں:۔

---

[1] البحر الرائق شرح کنز الدقائق : جلد ۵ ' صفحہ ۲۷۵ ' دار المعرفه بیروت

Marfat.com

ولا یجوز لاھل القریة الانتفاع بالمقبرة الدائرة فلو کان فیھا حشیش یحش و یرسل الی الدواب ولا ترسل الدواب فیھا[1]

☆(ترجمہ: مٹے ہوئے قبرستان سے گاؤں والوں کو نفع اٹھانا جائز نہیں ہے۔ اگر وہاں گھاس ہو تو اسے کاٹ لیا جائے اور چوپایوں کی طرف بھیج دیا جائے لیکن چوپایوں کو اس میں نہ چھوڑا جائے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

[1] البحر الرائق شرح کنز الدقائق: جلد ۵، صفحہ ۲۷۵، دار المعرفہ بیروت

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......125﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ قومِ ہنود کچھ روپیہ مسجد میں دے اور یہ کہہ کردے کہ میں اپنی نوکری میں سے دیتا ہوں اس کا روپیہ مسجد میں لیا جائے یا نہیں اور وہ شخص ملازم ہو۔

سائل: محمد حسین

پیش امام مسجد راجہ بازار

مادھو گنج باندکوئی سکنہ اور

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما

☆ ہندو کے روپیہ سے جو مسجد بنائی جائے خواہ وہ تجارت یا کسی پیشہ کے ذریعہ سے حاصل کیا ہو یا بذریعہ نوکری اس کو مسجد کا حکم نہیں ہوتا۔

☆ علاوہ بریں اس کے روپیہ سے جھاڑ، فانوس، پنکھے، مسجد کے کنویں یا قلعی وغیرہ میں خرچ کردیا جائے کچھ مضائقہ نہیں جائز ہے۔

حررہ:

العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......126﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نے مسجدِ محلہ میں ٹائم پیس یعنی گھڑی خورد عند اللہ دی اور سپردِ متولی کر دی۔ اس کا استعمال عرصہ تک رہا۔ مہتممِ مسجد نے بوجہ پرانے اور ست ہونے کے اور خوف اس امر کے کبھی سہوا مسجد میں رہ جائے اور چوری چلی جائے اس کو بقیمتِ مناسب فروخت کر کے اس میں مزید رقم شامل کر کے ۱۵ روپیہ کا کلاک یعنی گھڑی کلاں بنا بر استعمالِ مسجدِ متذکرہ خریدی ہے۔ اب وہ شخص جس نے کہ ٹائم پیس مذکور دی تھی واپس چاہتا ہے۔ لہٰذا اندریں صورت وہ شخص گھڑی خورد متذکرہ کی واپسی کا استحقاق بموجبِ شرعِ شریف رکھتا ہے یا کیا؟ بینوا توجروا

اولاد حسین

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

بعد صحتِ وقف اور سپرد کر دینے کسی موقوفہ کے متولی کو واقف پھر واپس نہیں لے سکتا۔ اس واسطے کہ وقف بعد التسلیم الی المتولی لازم ہو جاتا ہے۔ اور ملکِ واقف سے خارج ہو جاتا ہے۔

فی الدر المختار فی صفحة ۳۹۹ من الجزء الثالث

ولا یتم الوقف حتی یقبض و لم یقل للمتولی لا تسلیم کل شیء بما یلیق به ففی المسجد بالافراز و فی غیرہ بنصب المتولی وتسلیمه ایا ہ ابن کمال[۱]۔

(ترجمہ: وقف تام اس وقت ہوتا ہے جب واقف قبضہ دے دے۔ صاحب تنویر الابصار نے یہ نہ فرمایا کہ جب متولی کو قبضہ دے دے تو وقف تام تب ہوتا ہے کیونکہ ہر شے کی سپردگی اس طرح ہوتی جو اس کے حال کے لائق

[۱] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۶ صفحہ ۴۱۷، ۴۱۸، دار التراث العربی بیروت

Marfat.com

ہو۔ مسجد میں سپردگی اپنی جائداد سے الگ کرنے کے ساتھ ہوتی ہے لیکن اس کے علاوہ اور اشیاء کے وقف میں وقف اس وقت تام ہوگا جب وقف کنندہ متولی مقرر کرے اور موقوف شے اس کے سپرد کردے۔ ابنِ کمال)

و فی صفحة ۲۰۴

فاذا تم ولزم لا یملک [۱]

☆ (ترجمہ: جب وقف تام ہوجائے اور لازم ہوجائے تو واقف اس کا مالک نہیں ہے)

قال الشامی :

قوله لا یملک ای لا یکون مملوکا لصاحبه ولا یملک ای لا یقبل التملیک لغیره بالبیع و نحوه لاستحالة تملیک الخارج عن ملکه.

(ترجمہ: قولہ: وقف مملوک نہیں ہوتا یعنی نہ تو وہ وقف کنندہ کی ملک میں رہتا ہے اور نہ ہی اسے کسی اور کی ملک میں دیا جاسکتا ہے مثلاً فروخت کرکے یا کسی اور طریقہ سے۔ کیوں کہ جو چیز کسی کی ملکیت سے خارج ہے اس پر کسی اور کو مالک بنانا محال ہے)

☆ مگر عند الضرورت اگر متولی باذنِ واقف یا خود واقف جب وہ شئے موقوفہ پرانی ہوجائے اور خراب یا اس کی حاجت نہ رہے اور اس کو بیچ کر اس کی قیمت سے اس سے عمدہ چیز خرید کر بجائے اس شئے موقوفہ کے رکھ دے تو باتفاق جائز ہے۔ چنانچہ صفحہ ۱۷۷ اسعاف میں ہے۔

و ان بلیت الحصیر کان له (ای للواقف) ان یبیعها و یشتری بثمنها حصیرا آخر وهکذا الحکم لو اشتری قندیلا ونحوه للمسجد واستغنی عنه [۲]

(ترجمہ: اگر چٹائی پرانی ہوجائے تو وقف کنندہ کو اسے فروخت کرکے اس کی قیمت سے اور چٹائی خریدنے کا حق ہے۔ یہی حکم اس صورت میں ہے جب کہ مسجد کے لیے قندیل یا اس کی مانند کوئی اور چیز خریدی۔)

اور صفحہ ۲۵۲ جلد خامس بحر میں ہے

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۶ صفحه ۴۲۱ دار التراث العربی بیروت

[۲] الاسعاف فی حکم الاوقاف صفحه مطبوعه

Marfat.com

**و فی الخانیة رجل بسط بما له حصیرا للمسجد فخرب المسجد ووقع الاستغناء عنه فان ذلک یکون له ان کان حیا ولورثته ان کان میتا و ان بلی ذلک کان له ان یبیع ویشتری بثمنه حصیرا آخر و کذا لو اشتری حشیشا او قندیلا للمسجد[1].**

(ترجمہ: کسی شخص نے مسجد کے لیے اپنے مال سے چٹائی خرید کر بچھائی' پھر مسجد ویران ہوگئی اور اس چٹائی کی ضرورت نہ رہی تو یہ چٹائی اس بچھانے والے کی ہوگی اگر وہ زندہ ہے اور اگر وہ مرچکا ہو تو اس کے ورثہ کی ہے۔ اور اگر وہ چٹائی بوسیدہ ہوجائے تو اسے فروخت کر کے دوسری چٹائی خریدنے کا حق حاصل ہے۔ اور اسی طرح حکم ہے اگر اس نے مسجد کے لیے گھاس یا قندیل خریدی ہو)

چنانچہ سوال مذکور میں ایسی ہی صورت ہے کہ گھنٹہ کی ضرورت باقی ہے اور اس سے استغناء نہیں ہے مگر پورانہ ہونے کی وجہ سے اس کو بیچ کر دوسرے کے خریدنے کی ضرورت واقع ہوئی ہے۔ لہٰذا عندالبیع اگر واقف راضی تھا اور اب طلب کرتا ہے۔ باتفاق اس کو بیچ کر نیا خریدنا جائز تھا اور جائز ہے۔ اور واقف کو اب کسی طرح حقِ نزاع حاصل نہیں۔ اور اگر واقف اول سے ناراض تھا اور نہ متولی کو عندالوقف بوقتِ ضرورت صراحتہ نہ عرفا نہ دلالتہ اختیارِ تصرف واقف کی طرف سے حاصل تھا اور نہ پھر متولی نے بوجہِ ضرورت اور خوفِ تلفِ وقف بیچ دیا اس کے ساتھ اور قیمت ملا کر اس سے بہتر خرید کر رکھ دیا تو امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک تو صحیح یہی ہے کہ متولی کو حق بھی حاصل تھا چنانچہ صفحہ ۲۵۱ جلد خامس بحر میں ہے۔

**اما الحصر والقناديل فالصحيح من مذهب ابی یوسف انه لا يعود الى ملک متخذه بل يحول الى مسجد آخر او يبيعه قيم المسجد للمسجد[2].**

(ترجمہ: چٹائیوں اور قندیلوں کے بارے میں حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا صحیح مذہب یہ ہے کہ وقف کنندہ کی ملکیت میں واپس نہیں آتے بلکہ کسی اور مسجد میں منتقل کردیا جائے گا یا مسجد کا متولی انہیں اسی مسجد کے لیے فروخت کردے گا)

---

[1] البحر الرائق شرح کنز الدقائق جلد ۵ صفحہ ۲۷۳ دار المعرفه بیروت

[2] البحر الرائق شرح کنز الدقائق جلد ۵ صفحہ ۲۷۲ دار المعرفة بیروت

Marfat.com

اور امام محمد رحمہ اللہ سے اگرچہ ایک روایت یہی ہے کہ پرانہ ہو جانے سے بوریہ وغیرہ آلاتِ مسجد ملکِ واقف ہو جاتی ہیں۔ لہٰذا بدوں اذنِ واقف آلات وسامانِ مسجد کو متولی نہیں بیچ سکتا۔ مگر دوسری روایت امام محمد رحمہ اللہ سے بھی علاوہ اینٹ پتھر سامان بناءِ مسجد کے دوسرے سامان بندھنے بوریہ کی نسبت مثل قول امام ابو یوسف رحمہ اللہ ہے۔

چنانچہ صفحہ ۲۰۳ جلد خامس بحر الرائق میں ہے:

**فی الخانية اذا وقف جنازة او نعشا او مغتسلا وهو التور العظيم فی محلة خربت المحلة و لم يبق اهلها قالوا لا ترد الی ورثة الواقف بل تحول الی محلة اخری اقرب الی هذه المحلة فرقوا بين هذا و بين المسجد اذا خرب ما حوله علی قول محمد يصير ميراثا لان المسجد مما لا ينقل الی مكان آخر وهذه الاشياء مما تنقل**[1]

☆(ترجمہ: جس نے میت کو اٹھانے کا تابوت یا مردہ کو نہلانے کا تخت یا غسل دینے کا مقام جو کہ بڑا برتن ہوتا ہے کسی محلہ میں وقف کیا۔ محلہ ویران ہو گیا اور وہاں کے رہنے والے باقی نہ رہے تو علمائے کرام نے فرمایا یہ وقف کردہ اشیاء واقف کے ورثاء کو واپس نہ لوٹائی جائیں گی بلکہ اس محلہ کے سب سے قریبی محلہ میں منتقل کر دی جائیں گی۔ امام محمدؒ کے نزدیک جب مسجد کے اردگرد آبادی ویران ہو جائے تو مسجد کی وہ جگہ واقف کے ورثاء کے لیے میراث بن جاتی ہے۔ علمائے کرام نے مسجد کی جگہ اور مذکورہ بالا اشیا کے حکم میں فرق کی وجہ یہ بیان فرمائی ہے کہ مسجد کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہیں کیا جا سکتا لیکن یہ اشیاء ایک مقام سے دوسرے مقام تک منتقل کی جا سکتی ہیں)

اور امام ابن ہمام رحمہ اللہ نے فتح القدیر میں بدھنے بوریہ کو بھی اسی حکم میں رکھا ہے اور اس قیاس ابن ہمام کی جو صاحبِ بحر نے مخالفت کی ہے علامہ شامی رحمہ اللہ نے بدلیل اس کو رد کر دیا ہے لہٰذا بموجب قول ثانی امام محمد رحمہ اللہ بھی فعلِ متولی صحیح ہے۔ لیکن بنظر روایت اولیٰ امام محمد رحمہ اللہ علیہ متولی کو مناسب ہے کہ جس طرح ہو سکے واقف کو اپنے فعل پر راضی کرے تاکہ محلِ اختلاف مطلقاً باقی نہ رہے۔

حررہٗ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المفتی فی جامع اکبر آباد

---

[1] البحر الرائق شرح کنز الدقائق جلد ۵ صفحہ ۲۷۳ دار المعرفہ بیروت

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......127﴾

### سوال

ایک جگہ درخت پیپل تھا اس میں ہندو پرستش کرتے ہیں۔ اس کے نیچے سے مسجد برآمد ہوئی ہم لوگ اس میں نماز پڑھتے ہیں۔ شرعاً کیا حکم ہے؟

سائلین: نمازیاں مسجد رحیم بخش کچہری

۲۲ اپریل: ۱۹۱۶ء

### الجواب

### هو المصوب

ان مسلمانوں کو بڑا ثواب ہے جنہوں نے اس مسجد قدیم کو مسجد قائم کیا ہے۔ اللہ فرماتا ہے۔

انما يعمر مساجد الله من امن بالله واليوم الآخر[1] .

(ترجمہ: حقیقت میں اللہ تعالی کی مسجدیں وہی آباد کرتے ہیں جو اللہ تعالی اور آخری دن (روز قیامت پر) ایمان رکھتے ہیں)

حررہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

✿✿✿✿✿

[1] القرآن الحکیم: سورۃ التوبہ آیت ۱۸

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......128﴾

### سوال

کیا زید زیرِ مسجد صحنِ مسجد میں ایسی کوئی کوٹھڑی بنا سکتا ہے کہ جس میں آدمی سکونت کر سکے؟ اگرچہ وہ مسجد کے فائدہ کی غرض سے ہو کہ جس میں یہ احتمال کسی وقت میں ہونا ممکن ہے کہ اوپر نماز ہو رہی ہے اور زیرِ مسجد شراب خواری، خواہ فعلِ زنا وغیرہ ہو۔ پس ایسی دور اندیشی خیال کر کے شرع شریف زیرِ مسجد کسی کو کوٹھڑی وغیرہ بنانے کا حکم دے سکتی ہے یا نہیں؟ مع نام کتاب وصفحہ سے آگاہی ہر سہ سوالات کے فرمائیے۔

### الجواب

☆ مسجد یا صحنِ مسجد کے نیچے یا اوپر وقتِ بناءِ مسجد اگر خود مسجد بنا کر وقف کرنے والا کوئی حجرہ یا مکان سامانِ مسجد رکھنے کو یا امام کے رہنے کو بنا دے جائز ہے۔ مگر بعد وقف کر دینے مسجد کے اگر خود واقف بھی مسجد کے یا صحنِ مسجد کے نیچے یا اوپر امام کے رہنے کو بھی اگر مکان یا حجرہ بنا دے جائز نہیں۔

کما فی البحر فی صفحہ ۲۵۱

انه لوبنی بیتا علی سطح المسجد لسکنی الامام فإنه لا یضر فی کونه مسجدا لانه من المصالح فان قلت لو جعل مسجدا ثم اراد ان یبنی فوقه بیتا للامام او غیره هل له ذلک قلت قال فی التتار خانیة اذا بنی مسجدا و بنی غرفة و هو فی یده فله ذلک و ان کان بناه وخلی بینه و بین الناس ثم جاء بعد ذلک یبنی لا یترکه و فی جامع الفتاوی اذا قال عنیت ذالک فإنه لا یصدق فاذا کان هذا فی الواقف فکیف بغیرهٖ[۱]۔

(ترجمہ: بانیِ مسجد نے اگر مسجد کی چھت پر امام کی رہائش کے لیے گھر بنایا، تو اس سے اس کے مسجد ہونے کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔ کیونکہ مصالحِ مسجد میں داخل ہے۔ اگر تم پوچھو کہ بانی نے مسجد کو مسجد قرار دے دیا پھر اس نے چاہا کہ امام کے لیے یا کسی اور غرض کے لیے گھر بنائے کیا اسے ایسا کرنے کی اجازت ہے؟ میں کہتا ہوں کہ

[۱] البحر الرائق: جلد ۵ صفحہ ۲۷۱ دار المعرفة بیروت

Marfat.com

فتاوی تاتارخانیہ میں ہے کہ جب بانی نے مسجد بنائی ابھی وہ اس کے قبضہ میں تھی کہ اس نے اس کے اوپر کمرہ بنالیا تو اسے اجازت ہے۔ اور جب وہ مسجد بنا چکا اور اپنا قبضہ چھوڑ کر اسے لوگوں کے سپرد کر دیا پھر آیا تا کہ اوپر مکان تعمیر کرے تو اسے اس کی اجازت نہ دی جائے گی۔ اور جامع الفتاوی میں ہے کہ اگر بانی کہے کہ میرا پہلے سے یہ ارادہ تھا تو اس کی تصدیق نہ کی جائے گی۔ یہ حکم مسجد کو وقف کرنے والے کا ہے اور اوروں کو کیسے اجازت ہوسکتی ہے)

اور اگر خوفِ بے ادبی اور اہانتِ مسجد ہو جیسا کہ صورت سوال سے ظاہر ہے' ہرگز جائز نہیں۔ اس واسطے کہ مسجد کی زمین تحت الثریٰ سے آسمان تک باعتبارِ ادب و تعظیم حکم مسجد ہی کا رکھتی ہے۔ جو امور مسجد میں جائز نہیں ہیں' وہ نہ مسجد کے اوپر جائز نہ مسجد کے نیچے جائز۔

کما فی الدر المختار :

و کرہ تحریما الوطوء فوقہ و البول و التغوط لانہ مسجد الی عنان السماء[1]

☆(ترجمہ: مسجد کی چھت پر جماع کرنا' پیشاب اور پاخانہ پھرنا مکروہ تحریمی ہے۔ کیونکہ یہ زمین سے لے کر آسمانوں تک مسجد ہے)

قال الشامی رحمۃ اللہ فی صفحۃ ۴۸۵ من الجزء الاول رد المحتار المصری

قولہ الی عنان السماء و کذا الی تحت الثری کما فی البیری عن الاسبیحابی[2]

(ترجمہ: قولہ: یہ زمین سے آسمانوں تک مسجد ہے۔ یونہی یہ جگہ تحت الثری تک مسجد ہے۔ البیری میں اسبیجابی سے اسی طرح منقول ہے۔)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

محمد دیدار علی الرضوی' مفتی جامع مسجد اکبر آباد

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۲' صفحہ ۳۷۰ دار احیاء العربی بیروت

[2] رد المحتار: جلد ۲' صفحہ ۳۷۰ دار احیاء العربی بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......129﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین و مفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ مسجدِ قدیم از سرِ نو تعمیر کرائی جائے اور بعض حصہ یا کل از سرِ نو تعمیر ہو سکے نیچے سراسر دوکانات کرایہ چلانے کو بنوائی جائیں جیسا کہ بالفعل مسجد دولہ شاہ متصل کالا محل آگرہ از سرِ نو تعمیر کرائی جا رہی ہے جس کا تعلق ممبر صاحبان لوکل انجنسیوں سے ہے۔ آیا یہ حق متولی مسجد کو ہے یا نہیں؟ اور اگر نئی مسجد اس طرح بنوائی جائے تو اس کا سارا نیچے کا حصہ کرایہ کے مکان یا دوکانوں کا رہے۔ اس کی آمدنی مسجد ہی کے واسطے متعلق کی جائے تو اس مسجد کو مسجد کا حکم ہوگا یا نہیں؟

۲۷ صفر

حاجی الہ دین دولہ شاہ آگرہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

فتاویٰ عالمگیریہ صفحہ ۴۲۹ جلد ثانی میں ہے

قیم المسجد لا یجوز له ان یبنی حوانیت فی حد المسجد أو فی فنائه لان المسجد اذا جعل حانوتا اومسكنا تسقط حرمته وھذا لا یجوز والفناء تبع المسجد فیكون حكمه حكم المسجد كذا فی المحیط السرخسی[1]

(ترجمہ: مسجد کے متولی کے لیے مسجد یا اس کے فناء میں دکانیں تعمیر کرنا درست نہیں۔ کیوں کہ مسجد کو جب دکان یا سکونت کا مکان بنا لیا جائے تو اس کی عزت و حرمت ختم ہو جاتی ہے۔ اور یہ جائز نہیں ہے۔ اور فنائے مسجد، مسجد کے تابع ہوتی ہے اس کا حکم بھی وہی ہے جو مسجد کا ہے۔ محیط سرخسی)

---

[1] الفتاوی العالم گیریه جلد ثالی صفحه ۴۶۲ مطبوعه مصر

Marfat.com

یعنی محیط سرخسی میں ہے کہ منتظم مسجد کو مسجد اور فناءِ مسجد کی حد میں دوکان یا مکانِ سکونت بنوانا ہرگز جائز نہیں اس واسطے کہ اس سے حرمت مسجد ساقط ہوجائے گی۔

اور اس سے زیادہ مصرح صفحہ ۴۴۳ میں مطلقا بلا قید منتظم اور بانی وواقف اس طرح لکھا ہے۔

**اذا اراد انسان ان یتخذ تحت المسجد حوانیت غلة لمرمة المسجد او فوقه لیس له ذالک کذا فی الذخیرة[۱]**

(ترجمہ: اگر کوئی شخص مسجد کے نیچے یا اوپر دکانیں بنائے تا کہ مسجد کی مرمت کے لیے آمدنی کا ذریعہ ہو تو اسے ایسا کرنے کا حق نہیں ہے۔ذخیرہ)

یعنی بغرضِ انتظامِ مرمتِ مسجد آمدنی مسجد کیواسطے اگر کوئی شخص مسجد کے نیچے یا اوپر دوکانیں بنادے یہ حق کسی کو حاصل نہیں ☆اور بایں ہمہ اگر کوئی بانی مسجد مسجد کے نیچے یا اوپر مکانِ سکونت بغرض کرایہ یا دوکانیں بنوادے (اور اس کے اوپر یا نیچے کے مکان کو اپنی ملکیت میں رکھے) اور وقف کر کے اس کا راستہ بھی جدا کر دے اور اس (مسجد) کو اپنی ملک سے جدا بھی کردے تو اس مسجد کو حکمِ مسجد نہیں یہاں تک کہ وہ اس کو بیع کرسکتا ہے اور اس کے ورثہ کو بطریقِ وراثت پہنچ سکتی ہے۔

چنانچہ بحوالہ ہدایہ جلد ثانی فتاوی عالمگیریہ کے صفحہ ۴۴۳ میں ہے:

**و من جعل مسجدا تحته سرداب او فوقه بیت و جعل باب المسجد الی الطریق و عزله فله ان یبیعه و ان مات یورث عنه[۲]**

(ترجمہ: جس شخص نے مسجد بنائی لیکن اس کے نیچے (اپنی ملکیت برقرار رکھ کر) تہہ خانہ یا اس کے اوپر گھر بنایا اور مسجد کا دروازہ (عام) رستہ کی طرف بنادیا اور اس کو علیحدہ بھی کردیا تو اس کو حق حاصل ہے کہ اس کو بیچ دے۔اور اگر مر جائے گا تو مسجد کی وہ جگہ اس کی میراث قرار پائے گی)

---

[۱] الفتاوی العالم گیریه جلد ثانی صفحه ۴۵۵ مطبوعه مصر

[۲] الفتاوی العالم گیریه جلد ثانی صفحه ۴۶۲ مطبوعه مصر

Marfat.com

ہاں اگر سردابہ بغرضِ مصالحِ مسجد یعنی مسجد کے سامان کے واسطے مثل سردابۂ بیت المقدس کے بنا کر وقف کیا ہے بلاشک جائز ہے۔

چنانچہ اس صفحہ میں ہے:

**و لو کان السرداب لمصالح المسجد جاز کما فی مسجد بیت المقدس کذا فی الھدایۃ** [1]

(ترجمہ: اگر تہہ خانہ مسجد کی مصلحتوں کے لیے ہو تو جائز ہے جیسا کہ بیت المقدس کی مسجد میں ہے) [2] فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی مفتی

جامع مسجد اکبر آباد

---

[1] الفتاوی العالمگیریہ جلد ثانی صفحہ ۴۵۵ مطبوعہ مصر

[2] واضح رہے کہ یہ تہہ خانہ اس جگہ کو مسجد قرار دینے سے پہلے بنایا جاسکتا ہے مسجد قرار دینے کے بعد تہہ خانہ یا اوپر گھر بنانا جائز نہیں۔ اگر چہ مسجد کے مصالح کے لیے ہو لیکن مسجد کے نیچے تہ خانہ بطور مسجد بنایا جاسکتا ہے۔

مرتب عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......130﴾

## سوال

حسبِ استفسار جناب حکیم حیات خان صاحب ممبر لوکل کمیٹی اکبرآباد بہ نسبت وقفِ امکنۂ منہدمہ وقف برائے مسجد ہنڈی ھینگ۔[1]

۸جنوری ۱۹۱۷ء

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحیم.

اللهم رب زدنی علما

اگر یہ زمین یا مکانِ موقوفہء مسجد ہنڈی ہینگ بعینہ وہی زمین یا مکان ہے، جس کو واقف نے مسجد پر وقف کیا تھا اور یہ وقف امراء وسلاطین سے نہیں ہے، مثل اوقاف جامع مسجد کے، بلکہ اپنے مالِ مملوکہ سے کسی نے وقف کیا تھا تو بلاشبہ اس کا بیچنا ناجائز ہے۔ ☆اور اگر آمدنیِ وقف سے کوئی زمین یا مکان خریدا ہوا ہے، ☆یا وقفی مکانِ موقوفہ منہدم ہوگیا ہے اور اس کو آباد کرنا اور بنانا یا اس کی زمین کو کرایہ پر چلانا متعذر وغیرہ ممکن ہے (تو) بلاشبہ متولین مسجد بحکمِ قاضی اس کو بیچ کر اس سے دوسری زمین یا مکان کارآمدِ مسجد خرید سکتے ہیں۔ چنانچہ صفحہ ۴۱۸ جلد ثالث شامی میں ہے

**قال هشام سمعت محمدا یقول الوقف اذا صار بحیث لا ینتفع به المساکین فللقاضی ان یبیعه و یشتری بثمنه غیره و لیس ذلک الا للقاضی**[2]

(ترجمہ: امام ہشام رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا، کہ میں نے حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے سنا، کہ وہ فرمارہے تھے، کہ جب وقف کی حالت ایسی ہوجائے، کہ مسکین اس سے نفع نہ حاصل کرسکیں، تو قاضی کو اختیار ہے کہ

---

[1] فتاوی کے رجسٹر میں سوال درج نہیں ہے۔

[2] رد المحتار جلد ۳ صفحہ ۴۱۸ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

اسے فروخت کردے اور اسی کی قیمت سے اس کے علاوہ اور خرید لے۔ قاضی کے سوا کسی اور کو یہ اختیار حاصل نہیں ہے)

و ایضا فیه فی صفحة ۴۱۹

واعلم ان عدم جواز بیعه (ای بیع الوقف) اذا تعذر الانتفاع به انما هو فیما و ردعلیه وقف الواقف اما اذا اشتراه المتولی من مستغلات الوقف فانه یجوز بیعه بلا هذا الشرط لان فی صیرورته و قفا خلافا والمختار انه لا یکون وقفا فللقیم ان یبیعه متی شاء لمصلحة عرضت و ستاتی المسئلة فی الفصل الاتی متنا[۱]۔

(ترجمہ: وقف کی چیز کو فروخت کرنے کا عدم واز جب کہ اس سے نفع حاصل کرنا ممکن نہ رہے، صرف اس صورت میں ہے جب کہ وقف کرنے والے نے اسے وقف کیا ہو۔ لیکن اگر وقف کی آمدنیوں سے اسے خریدا، تو اس کا فروخت کرنا جائز ہے۔ اس میں قاضی کے ہونے وغیرہ کی کوئی شرط نہیں۔ کیونکہ ایسی خرید کردہ چیز کے وقف ہونے میں اختلاف ہے۔ مختار یہ ہے کہ یہ وقف نہیں ہے۔ لہٰذا متولی جب چاہے مصلحت پیش آنے کی صورت میں فروخت کر سکتا ہے۔ یہ مسئلہ اگلی فصل میں متن کے اندر آرہا ہے)

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبرآباد

۞۞۞۞۞

---

[۱] رد المحتار جلد ۳ صفحہ ۴۱۸ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر...... 131﴾

## سوال

ایک طوائف کی طرف سے فرانسیسی نے مسجد بنوادی اور وہ اس کے سامنے مدفون ہے۔اس مسجد میں نماز نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں نے چھوڑ دیا ہے۔اور فرانسیسی نے بقبضہ مسلمانان دے دی تھی۔اب تکیہ کی زمین ہندو نے لی ہے مسجد کو بھی وہ کھودے گا لہٰذا اب حکم شرع شریف کیا ہے۔

سائل: حافظ تکیہ

ہنگ منڈی فروری ۱۹۱۶ء

## الجواب

نماز اس مسجد میں ہوجائے گی مگر ثواب مسجد نہ ہوگا اور جب کہ مسجد کو قبضہ مسلمانوں میں دے دی ہے۔ تو پھر اس کو کھودنے کی اجازت نہیں ہے۔خود مسلمان انتظام کریں۔اور اپنے روپیہ سے بنوادیں اور اس کے اثاثہ کو فروخت کر کے قرض ادا کردیں تاکہ مسجد کا ثواب بھی ہوجائے۔واللہ اعلم وحکمہ احکم۔

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......132﴾

## سوال

مسجد کی تعمیر کے لیے رنڈی کچھ دینا چاہے تو اس کام کے واسطے لیا جائے یا نہیں؟ بینوا توجروا

سائل: ریاست لال گڑھ ضلع بلاس پور

۲۵ نومبر ۱۹۱۵ء

## الجواب

وھو الصواب للحق والصواب

رنڈی کا روپیہ مسجد میں لگانا جائز نہیں ہے۔

☆ لأن حلوان الکاھن ومھر البغی لیس بطیب [۱]

(ترجمہ: کیوں کہ کاہن کی مزدوری اور بدکار زانی عورت کا مہر پاکیزہ نہیں ہے)

واللہ اعلم بالصواب

عاجز محمد رمضان عفی عنہ

مفتی واعظ جامع مسجد آگرہ

۲۶ نومبر ۱۹۱۵ء

---

[۱] صحیح البخاری: حدیث رقم: ۲۲۸۲ صفحہ ۴۴۸ مطبوعہ: مکتبہ دار السلام ریاض میں ہے:

☆ ان رسول اللہ ﷺ نھی عن ثمن الکلب ومھر البغی وحلوان الکاھن

یہی الفاظ حدیث رقم: ۲۲۳۷ کے ہیں اور اس کے قریب الفاظ حدیث رقم ۵۳۴۶ اور ۵۷۶۱ کے ہیں۔

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......133﴾

## سوال

علمائے دین وفقیہانِ شرعِ متین درج ذیل صورت حال کے بارہ میں ازروئے شرع کیا ارشاد فرماتے ہیں۔ یہ ریاست لال گڑھ کے نام سے مشہور ہے۔ یہاں ہندو راجہ بہادر ہیں۔ کامل الاختیار ہیں۔ پھانسی وغیرہ کا اختیار بھی حاصل ہے۔ نہایت خلیق وسخی الصدر ہیں۔ اس بستی میں ہندو زیادہ مسلمان کم ہیں۔ دو مسجدیں یہاں ہیں۔ ایک پختہ دوسری خام۔ سنہ حال میں خام مسجد کو پختہ بنانے کا اہلِ اسلام ارادہ کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ پورا کرے۔ اس کام کے واسطے مبلغ آٹھ سو روپیہ جمع ہیں۔ قریب بارہ سو کے تخمینہ کیا گیا ہے۔ اس میں چندہ کیا جائے گا اس چندہ میں اگر مہاراجہ صاحب کچھ امداد کریں تو مسجد میں خرچ کر سکتے ہیں یا کیا؟ یا کوئی اور ہندو بھی دینا چاہے تو اس کو لینا چاہیے یا نہیں؟ بینوا توجروا

سائل: حاجی عبداللہ سوداگر۔

ریاست لال گڑھ ضلع بلاس پور

۲۵ نومبر ۱۹۱۵ء

## الجواب

### وھو الملھم للحق والصواب

چندہ مسجد میں سوائے اہل اسلام اور کسی کا نہ لگائیں گے۔ ہاں اگر کوئی غیر مذہب مسلمانوں کو روپیہ ہبہ کے طور پر دے اور وہ مسلمان اپنی طرف سے مسجد میں لگا دیں تو جائز ہے۔

واللہ اعلم بالصواب

عاجز محمد رمضان عفی عنہ مفتی واعظ جامع مسجد آگرہ

۲۶ نومبر ۱۹۱۵ء

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......134﴾

## سوال

مسجد کی تعمیر میں جو سامان لگایا جائے اس کو ہندو لوگ نفع یا کفایت سے دینا چاہیں تو خرید سکتے ہیں یا بازار بھاؤ جیسا کہ عام لوگ خرید کرتے ہیں۔ بینوا وتوجروا

سائل: حاجی عبداللہ
سوداگر ریاست لال گڑھ
ضلع بلاس پور
۲۵ نومبر ۱۹۱۵ء

## الجواب

وهو الملهم للحق والصوب

ہنود سے خریدنا جائز ہے۔

واللہ اعلم بالصواب
عاجز محمد رمضان عفی عنہ
مفتی واعظ جامع مسجد آگرہ
مورخہ ۲۶ نومبر ۱۹۱۵ء

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......135﴾

## سوال

ماقولکم رحمکم اللہ دریں مسئلہ ایک کہنہ مسجد جو بالکل منہدم اور ویران ہے اس کے اینٹ پتھر وغیرہ سے دوسرے شہر یا قصبہ میں دوسری مسجد بنانا یا پتھر وہاں سے اس دوسری مسجد کے لئے اٹھانا جائز ہے یا نہیں؟۔ یہ امر بھی واضح رہے کہ مسجد شکستہ کے قریب ایک اور ایسی مسجد ہے اور وہ بھی نمازیوں سے خالی ہے۔

سائل: واجد علی ساکن محلہ ٹکا پور

۸شوال ۱۳۳۴ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

رب زدنی علما

اگر مسجد خراب شدہ اور اس دوسری مسجد غیر آباد کے اینٹ پتھر وغیرہ و دیگر سامان کے تلف ہونے کا اور لوگوں نے اس کو توڑ کر یا اس کے افتادہ سامان اینٹ پتھر وغیرہ کو لے جا کر اپنے مکانوں میں لگانے کا خوف نہ ہو جب تو بقولِ مفتی بہ اس کی کسی چیز اینٹ پتھر وغیرہ سے دوسری مسجد میں لگانا اور اس سے دوسری مسجد بنانا ناجائز نہیں۔

**کما فی الدرالمختار:**

و لو خرب ما حوله و استغنى عنه يبقى عندالامام و الثانى ابدا الى قيام الساعة و به يفتى حاوى قدسى[1] .

(ترجمہ: اگر مسجد کے اردگرد آبادی ویران ہو جائے اور اس کی ضرورت نہ رہے تو بھی وہ جگہ حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک قیامت کے بپا ہونے تک مسجد ہی رہے گی اور فتوی اسی پر ہے "حاوی قدسی")

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ٦ صفحه ٤٢٩ مطبوعه بیروت

Marfat.com

قال الشامی :

قوله (عند الامام و الثانی) فلا یعود میراثا ولا یجوز نقله ونقل ماله الی مسجد آخر سواء کانوا یصلون فیه أو لا. و هو الفتوی حاوی قدسی. و اکثر المشائخ علیه مجتبیٰ و هو الاوجه فتح[۱].

(ترجمہ: صاحبِ درِ مختار نے فرمایا کہ حضرت امام اعظم اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ کے نزدیک وہ جگہ مسجد ہی رہے گی۔ لہٰذا وہ جگہ دوبارہ میراث قرار نہیں پائے گی۔ نہ ہی اس مسجد کو وہاں سے منتقل کرنا جائز ہے اور نہ ہی اس کے مال کو دوسرے مسجد میں منتقل کیا جا سکتا ہے۔ خواہ لوگ اس میں نماز ادا کرتے ہوں یا نہ۔ یہی فتویٰ ہے ''حاوی قدسی'' اکثر مشائخ کا یہی موقف ہے۔ مجتبیٰ یہی اوجہ ہے فتح القدیر)

☆ اور اگر خوف اس امر کا غالب ہو کہ بعض خدا ناترس اس کے تمام یا بعض پتھروں کو لے کر گھروں میں لگا دیں گے اور تمام سامان یوں ہی ضائع ہو رہا ہے اور ہو جائے گا تو اس سے دوسری مسجد بنانا یا دوسری مسجد میں اس کا بعض سامان مایحتاج لگا دینا جائز ہے۔

کما فی الفتاوی العالم گیریه.

فی فتاوی النسفی سئل شیخ الاسلام عن اهل قریة افترقوا و تداعی مسجد القریة الی الخراب و بعض المتغلبة یستولون علی خشب المسجد و ینقلونه الی دیارهم هل لواحد من أهل القریة ان یبیع الخشب بامر القاضی و یمسک الثمن لیصرفه الی بعض المساجد او الی هذا المسجد قال نعم کذا فی المحیط[۲].

(ترجمہ: فتاوی نسفی میں ہے کہ حضرت شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ سے ایک گاؤں والوں کے بارے میں پوچھا گیا جو تتر بتر ہو گئے اور گاؤں کی مسجد ویران ہو گئی اور کئی زبردستی قبضہ کرنے والے مسجد کی لکڑیوں کے والی بن گئے وہ انہیں اپنے گھروں کی طرف لے جانے لگے۔ کیا گاؤں والوں میں سے کسی کو یہ اجازت ہے کہ قاضی کے حکم

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۶ صفحہ ۴۲۹ مطبوعہ بیروت

[۲] الفتاوی العالم گیریه جلد ۲ صفحہ ۴۷۸، ۴۷۹ مطبوعہ مصر

Marfat.com

سے لکڑیوں کو فروخت کر دے اور ان کی رقم اپنے پاس رکھیں تا کہ اسے کسی مسجد یا اسی مسجد پر خرچ کر دے؟ تو انہوں نے جواب میں فرمایا ہاں۔ اسے اجازت ہے۔ محیط میں اسی طرح ہے۔

و فی ردالمحتار :

و عن الثانی ینقل الی مسجد آخر باذن القاضی جزم به فی الاسعاف حیث قال ولو خرب المسجد و ماحوله و تفرق الناس عنه لا یعود الی ملک الواقف عند ابی یوسف فیباع نقضه باذن القاضی و یصرف ثمنه الی بعض المساجد[1].

(ترجمہ: اور دوسرے امام یعنی امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ جب مسجد کے اردگرد سے آبادی ویران ہو جائے، تو وہ جگہ بانی کی ملک میں دوبارہ واپس نہیں آتی۔ بلکہ قاضی کے حکم سے اسے دوسری مسجد کی طرف منتقل کر دیا جائے اسعاف میں اسی حکم پر جزم فرمایا ہے۔ کیونکہ صاحب اسعاف نے فرمایا، کہ اگر مسجد اور اس کا اردگرد ویران ہو جائیں اور لوگ وہاں سے بکھر جائیں تو امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وہ جگہ وقف کرنے والے کی ملکیت کی طرف واپس نہیں آتی۔ لہٰذا اس کا ملبہ قاضی کے حکم سے فروخت کر دیا جائے گا اور اس کی قیمت کسی مسجد میں خرچ کر دی جائے گی)

اور جو مسجد زیادہ تر اس مسجد خراب شدہ کے قریب ہو وہ اس سامان کی حقدار ہے اگر اس کو حاجت ہو۔

کما فی الدرالمختار

حشیش المسجد و حصیره مع الاستغناء عنهما و کذا الرباط والبئر اذا لم ینتفع بهما فیصرف و قف المسجد والرباط والبئر والحوض فی اقرب مسجد او رباط او بئر او حوض الیه[2]

---

[1] رد المحتار — جلد ۴ — صفحه ۳۵۹ — مطبوعه مصر

[2] الدر المختار مع المحتار — جلد ۴ — صفحه ۳۵۹ — مطبوعه مصر

Marfat.com

☆(ترجمہ: مسجد کا گھاس اور اس کی چٹائیاں' جب ان کی ضرورت نہ رہے☆اور اسی طرح سرائے اور کنواں کا حکم ہے' کہ جب ان سے نفع نہ اٹھایا جاتا ہو' تو مسجد' سرائے' کنوئیں اور حوض کی وقف اشیاء اس کے قریب ترین مسجد یا سرائے یا کنوئیں یا حوض پر صرف کردی جائیں)

حررہ:

المفتی ابو محمد محمد دیدار علی مفتی

جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 136﴾

## سوال

علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین درج ذیل سوالات کے بارے میں از روئے شرع شریف کیا ارشاد فرماتے ہیں۔

1۔ خام مسجد کو شہید کر کے پختہ بنا سکتے ہیں؟

2۔ خام مسجد کی دیواروں کی مٹی لکڑی وغیرہ فروخت کر کے اس کی قیمت کو پختہ مسجد میں لگا سکتے ہیں؟ فروخت کرنے میں کیا ہندو مسلمان کا خیال کیا جائے؟۔اور سامان مسجد کا خواہ ہندو خریدیں یا مسلمان تو وہ ہر جگہ استعمال میں لا سکتے ہیں۔جیسا کہ مکان بنوانا یا احاطہ کی دیواروں میں یا کوئی نجس جگہ اس مٹی سے دیوار اٹھوائیں تو جائز ہے یا کیا؟۔بینوا توجروا

## الجواب

### ھو الملھم للحق والصواب

جدید مسجد بنالینا اور مسجد کو منہدم کر کے اس کی اشیاء بعد فروخت جدید مسجد میں لگانا جائز ہے جیسا کہ نفع المفتی والسائل [1] میں ہے۔پس ضرورت میں بیع جائز ہے۔مشتری خواہ ہندو ہو خواہ مسلمان کوئی خاص قوم نہیں ہوسکتا۔واللہ اعلم بالصواب

عاجز محمد رمضان عفی عنہ مفتی واعظ جامع مسجد آگرہ ۲۶ نومبر ۱۹۱۵ء

---

[1] نفع المفتی والسائل مشمولہ مجموعۃ اللکنوی جلد ۴ صفحہ ۱۸۴ مطبوعہ: ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی میں ہے:

الاستفسار: مسجد غیر منهدم هل یجوز الناس أن یهدموه لیبنوه احکم من الأول.

الاستبشار: لا یجوز أن یخاف انهدامه فیجوز لأهل المحلة لا لغیرهم أن یهدموه ویبنوه استحکاما من مال انفسهم لا من مال الوقف كذا فی السراج المنیر عن فتاوی ابراهیم شاهی.

ترجمہ: سوال: مسجد غیر منہدم ہے کیا لوگوں کے لیے جائز ہے کہ اس کو منہدم کر کے پہلی مسجد سے زیادہ مضبوط عمارت بنالیں۔

جواب: عام لوگوں کے لیے اس کا از سرِ نو بنانا صرف اس صورت میں جائز ہے کہ اس کے منہدم ہونے کا خوف ہو۔مضبوط تر تعمیر کے لیے اہلِ محلہ کو اجازت ہے کہ اس کو منہدم کریں اور محکم تر عمارت بنالیں۔اہلِ محلہ کو بھی نئی عمارت اپنے مال سے بنوانے کی اجازت ہے وقف کے مال سے اجازت نہیں۔سراج منیر۔فتاویٰ ابراہیم شاہی۔

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 137﴾

## سوال

علمائے دین اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں' کہ ریاست گوالیار میں ایک بیوہ عورت کے دو مکان ہیں۔ اور اس کی ایک مسجد بھی ہے اور ایک مسجد پنچائتی ہے۔ لیکن وہ دونوں مسجدیں ویران ہیں اور وہ محلہ بھی ویران ہے۔ بسبب روزگار کے وہ بیوہ عورت آگرہ کو چلی آئی ہے' اور اس کا کوئی وارث نہیں ہے۔ ایک شخص گوالیار سے آیا ہے اور اس بیوہ عورت سے کہا کہ تیرے مکان کو سرکار ضبط کرنے لگی ہے یا تو تم چل کر مکان کو آباد کرو' یا مکان کو مسجد کے نام کر دو' تو تمہارے مکان اس ذریعہ سے بچا دیں گے۔ اس بیوہ عورت نے اپنی زبان سے کہد یا کہ مکان میں نے مسجد کے نام کئے۔ اس کو عرصہ چار سال کا ہوا۔ لیکن اب وہ بیوہ عورت بہت مفلس و لاچار ہے۔ لہٰذا وہ چاہتی ہے کہ مکانوں کو فروخت کر کے کچھ روپیہ مسجد کی مرمت میں لگا دے۔ اور کچھ روپیہ سے اپنی اوقات بسر کرے۔

## الجواب

وهو الموفق للصواب.

بسم الله الرحمن الرحيم.

اللهم رب زدني علما

صورتِ مسئولہ میں فقط اتنا کہہ دینے سے کہ میں نے مکان مسجد کے نام کئے وقف تمام نہیں ہوتا تاوقتیکہ کسی متولی کے سپرد نہ کر دیا جائے۔

کما فی الدر المختار:

ولا يتم الوقف حتى يقبض و لم يقل للمتولى لان تسليم كل شئ بما يليق به ففى المسجد بالافراز و فى غيره بنصب المتولى و تسليم اياه ابن كمال[1].

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ٦ صفحہ ٤١٧، ٤١٨ دار احياء التراث العربى بيروت

Marfat.com

(ترجمہ: وقف کامل نہیں ہوتا جب کہ واقف قبضہ نہ دے دے۔ یہ نہ فرمایا' کہ جب تک متولی کو قبضہ نہ دے' کیوں کہ ہر شے کی سپردگی اس طرح سے ہوتی ہے جو اسکے مناسب ہو۔ مسجد میں جگہ کو علیحدہ کر دینے سے اور اس کے علاوہ باقی چیزوں میں متولی مقرر کرنے اور اس کو سپرد کرنے سے وقف تام ہوتا ہے۔ ابن کمال)

اور جب وقف تمام نہیں ہوا اور واقفہ بہت تنگ دست اور مسجدیں ویران بھی ہیں اور محلّہ بھی ویران ہے اس واقفہ بیوہ کو اس کو بیچ کر اپنے صرف میں لانا جائز ہے اگر فی الواقع سوالِ مذکور صحیح ہے۔ اور یہ بھی صحیح ہے کہ بعد الوقف کسی کو متولی مقرر کر کے اس کے سپرد نہیں کیا تھا۔ فقط واللہ اعلم

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی مفتی

جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......138﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس امر میں کہ مسجد کس کو کہتے ہیں۔ میرا علم عربی ناکافی ہے اس قدر لیاقت نہیں ہے کہ میں رموز اور نکاتِ زبانِ عربی کو قابلِ اطمینان طور پر سمجھ سکوں لیکن بادی النظر میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ الفاظ (حد مسجد) کی صحیح تعبیر ہو جانے سے مسئلہ متنازعہ فیہ اس مقدمہ کا حل ہو جائے گا۔ مسجد اس جگہ کو کہتے ہیں کہ جس پر سجدہ کیا جائے اور حد اس سطح ارضی کو کہتے ہیں جو ہمارے مدرکات ظاہری (یعنی بصارت وسماعت وغیرہ) سے محدود ہو سکے۔ میری ناقص رائے میں طبقاتِ تحتِ سطحِ ارض حدِ شرعی میں داخل نہیں ہو سکتی۔ اگر میری یہ رائے صحیح ہے تو سجدہ گاہ کے نیچے اگر دکانیں واسطے مصالحِ مسجد کے بنائی جائیں کہ ان سے آمدنی واسطے مصارفِ ضروری مسجد کے اور واسطے مرمت وقیامِ آئندہ عمارتِ مسجد کے پیدا ہو جائے یعنی وہ مسجد کی حد کے باہر متصور ہوں گی کیونکہ بوقتِ نماز وہ دکانیں ہماری قوت اور حدِ بصارت کے باہر ہوں گی چونکہ مجھ کو اعتراف اپنی ناقابلیت کا ہے لہٰذا میری یہ ناچیز رائے واسطے منظوری یا ترمیم وتنسیخ کے خدمت عالی میں جناب مفتی صاحب زاد اللہ افضالکم بغرض میری ہدایتِ آئندہ کے پیش ہو۔

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

فی الواقع مسجد کے معنی لغوی سجدہ گاہ کے ہی ہیں جیسے صلوۃ کے لغوی معنی تحریک الصلوین یعنی کولھے ہلانے کے ہیں مگر جیسے اصطلاحِ شریعت میں صلوۃ بموجب بیانِ شارع علیہ السلام ارکانِ مخصوصہ کو کہتے ہیں علی ہذا مسجد حسب بیانِ شارع علیہ السلام اس زمین کو کہتے ہیں جس کو مالکِ زمین اپنے قبضہ سے نکال کر عام مسلمانوں کو ہمیشہ کے واسطے بغیر کسی کی شرکت کے اللہ واسطے وقف کر دے۔

چنانچہ علامہ ابن ہمام صفحہ ۴۴۵ جلد خامس فتح القدیر مطبوعہ مصر میں

Marfat.com

ماتحت عبارتِ ھدایه :

**و من اتخذ ارضه مسجدا لم یکن له ان یرجع ولا یبیعه ولا یورث عنه**[1]

☆(ترجمہ: جس شخص نے اپنی زمین کو مسجد بنادیا اس کو یہ حق حاصل نہیں کہ اسے دوبارہ اپنی ملکیت میں لوٹا لے۔نہ ہی وہ اسے فروخت کرسکتا ہے اور نہ ہی یہ اس کی میراث بن سکتی ہے)

تحریر فرماتے ہیں:

**یعنی بعد صحته بشرطه و فی فتاوی قاضی خان رجل له ساحة لا بناء فیها امر قوما ان یصلوا فیها بجماعة قالوا ان امرهم بالصلوة فیها ابدا و امرهم بالصلوة بجماعة و لم یذکر الابد إلا أنه أراد الأبد ثم مات لا یکون میرا ثا عنه**[2]

(ترجمہ: یہ احکام زمین کے شرائط کے ساتھ صحیح طور پر مسجد بننے کے بعد ہیں۔فتاوی قاضی خان میں ہے ایک شخص کے پاس کھلا میدان ہے جس میں کوئی عمارت نہیں مالک نے لوگوں کو اس میں باجماعت نماز ادا کرنے کا حکم دیا تو علماء نے فرمایا اگر مالک نے ان کو اس جگہ ہمیشہ کے لیے نماز ادا کرنے کا حکم دیا یا ان کو باجماعت نماز ادا کرنے کا حکم دیا اس کے ساتھ ہمیشہ کے لیے نہ کہا لیکن اس کی نیت ہمیشہ کے لیے تھی اس کے بعد وہ مالک مرگیا تو وہ میدان اس کی میراث قرار نہ پائے گا)

**اور ماتحت عبارة هداية**

**و من جعل مسجدا تحته سرداب او فوقه بیت و جعل باب المسجد الی الطریق و عزله عن ملکه فله ان یبیعه و ان مات یورث عنه**[3]

☆(ترجمہ: ہدایہ میں ہے کہ جس شخص نے مسجد یوں بنائی کہ اس کے نیچے (اپنی ملکیت برقرار رکھ کر) تہ خانہ

---

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | الهدایه مع الشروح | جلد ۵ | صفحه ۶۴ | المطبعة الكبرى مصر |
| ۲ | فتح القدیر | جلد ۵ | صفحه ۶۴ | المطبعة الكبرى مصر |
| ۳ | الهدایه مع الشروح | جلد ۵ | صفحه ۶۳ | المطبعة الكبرى مصر |

Marfat.com

یا اس کے اوپر گھر بنایا اور مسجد کا دروازہ رستے کی طرف بنا دیا نیز اسے اپنی ملکیت سے جدا کر دیا اس کو اختیار ہے کہ اس کو فروخت کر دے اور اگر مر جائے گا تو یہ اس کی میراث قرار پائے گی۔

ہدایہ کی اس عبارت کے تحت صاحب فتح القدیر نے ارشاد فرمایا کہ:

**لانه لم يختص لله تعالىٰ لبقاء حق العبد فيه** [1]

(ترجمہ اس حکم کی وجہ یہ ہے کہ وہ جگہ اللہ تعالی کے لیے مخصوص نہیں ہوئی کیونکہ اس کے اوپر یا نیچے بندے کا حق باقی ہے)

علامہ اکمل الدین رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب عنایہ مصری صفحہ ۴۴۴ جلد خامس ہدایہ مع الشروح میں تحریر فرماتے ہیں:۔

**قوله فله ان يبيعه اى لا يكون مسجدا و هوظاهر الراوية لان المسجد ما يكون خالصا له تعالىٰ قال الله تعالىٰ و أن المساجد لله اضاف المسجد الى ذاته مع ان جميع الا ما كن له فاقتضى ذلك خلوص المساجد لله تعالىٰ و مع بقاء حق العباد فى اسفله اوفى علاه لا يتحقق الخلوص** [2]

(ترجمہ: صاحب ہدایہ نے فرمایا اس مسجد کے بانی کو اسے فروخت کرنے کا حق حاصل ہے یعنی وہ جگہ مسجد قرار نہ

---

[1] فتح القدیر کی اصل عبارت یوں ہے:

**والمسجد خالص لله سبحانه ليس لأحد فيه حق قال الله تعالى وأن المساجد لله مع العلم بأن كل شيء له فكان فائدة هذه الإضافة اختصاصه به وهو بانقطاع حق كل من سواه عنه وهو منتف فيما ذكر**
**(جلد ۵ صفحه ٦٣ مطبوعه مصر**

ترجمہ: مسجد خالص اللہ تعالی کے لیے ہوتی ہے۔ اس میں کسی کا حق نہیں ہوتا۔ ارشاد باری تعالی ہے مسجدیں اللہ تعالی کی ہیں۔ باوجود اس کے کہ یہ معلوم ہے کہ ہر شی اسی کی ہے تو اس اضافت کا فائدہ یہ ہوا کہ مساجد اس کے ساتھ مخصوص ہو گئیں۔ اللہ کے ساتھ ان کا اختصاص اس وقت ہو گا جب اس کے سوا ہر کسی کا حق ان سے منقطع ہو جائے اور مذکورہ صورت میں یہ منتفی ہے۔

[2] **العناية على الهداية على هامش فتح القدير جلد ۵ صفحه ٦٣ مطبوعه مصر**

Marfat.com

پائے گی۔ یہی ظاہر روایت ہے کیوں کہ مسجد وہ جگہ ہوتی ہے جو خالص اللہ تعالی کے لیے ہوارشاد باری تعالی ہے (اور مسجد یں صرف اللہ تعالی کے لیے ہوتی ہیں) اس میں اللہ تعالی نے مساجد کی نسبت اپنی ذات کی طرف فرمائی جب کہ تمام جگہیں اسی کی ہیں اس کا تقاضا یہ ہے کہ مسجد یں خالص اللہ تعالی کے لیے ہوں اور اگر کسی بندے کا حق مسجد کے اوپر یا نیچے باقی ہوتو وہ جگہ خالص اللہ تعالی کے لیے نہ ہوئی)

اور جب یہ ثابت ہو چکا کہ روایت عدمِ جوازِ مکان یا دوکان کرایہ اور سکونت ظاہر الروایۃ ہے اور اس کے مقابلہ میں روایات ضعیفہ کا جن کا امام سے مروی ہونا مشکوک ہے اور پچھلے بعض فقہا کے اقوال مروی ہیں وہ ہرگز قابل اعتماد نہیں ہوسکتے خصوصا ایسے اقوال جو مخالف ہوں سیاقِ کلامِ مجید کے (سورہ جن) اللہ جل شانہ اپنی مقدس کتاب میں ارشاد فرماتا ہے۔

**ان المساجد لله فلا تدعوا مع الله احدا** [1] .

(ترجمہ: مسجد یں اللہ تعالی کے لیے ہیں لہٰذا اس کے ساتھ کسی اور کی عبادت مت کرو)

علامہ جلال الدین رحمۃ اللہ علیہ تفسیر میں تحریر فرماتے ہیں :.

**ان المساجد مواضع الصلوة لله فلا تدعوا مع الله احدا بان تشركوا كما كانت اليهود والنصارى اذا دخلو كنائسهم و بيعهم اشركوا** [2]

(ترجمہ: مسجد یں یعنی نماز ادا کرنے کے لیے مقامات اللہ تعالی کے لیے ہیں۔ اللہ تعالی کے ساتھ کسی اور کی عبادت مت کرو۔ یوں کہ اس کے ساتھ کسی اور کو شریک ٹھہراؤ جس طرح کہ یہودی اور عیسائی اپنے گرجا گھروں اور عبادت خانوں میں جاتے تو اللہ تعالی کے ساتھ اوروں کو شریک ٹھہرایا کرتے تھے)

علامہ ابن نجیم بحر الرائق مطبوعہ مصر کے صفحہ ۲۰ جلد خامس میں تحریر فرماتے ہیں

**و حاصله ان شرط كونه مسجدا ان يكون سفله وعلوه مسجد اينقطع حق العبد**

---

[1] القرآن الحکیم سورۃ الجن آیت ۱۸

[2] تفسیر الجلالین علی هامش الفتوحات الإلهیه جلد ۴ صفحہ ۴۲۱، ۴۲۲، مطبوعہ مصر

Marfat.com

عنه لقوله تعالی و ان المساجد لله بخلاف ما اذا کان السرداب او العلوموقوفا لمصالح المسجد فانه یجوز اذ لا ملک فیه لاحد بل هو من تتمیم مصالح المسجد فهو کسرداب مسجد بیت المقدس هذا هو ظاهر المذهب و هناک روایات ضعیفة مذکورة فی الهدایة و بما ذکرنا علم ان لو بنی بیتا علی سطح المسجد لسکنی الامام فانه لا یضر فی کونه مسجدا لانه من المصالح فان قلت لوجعل مسجد اثم ارادان یبنی فوقه بیتا للامام او غیره هل له ذلک قلت قال فی التتار خانیة اذا بنی مسجد ا و بنی غرفة و هو فی یده فله ذلک و ان کان حین بناه خلی بینه و بین الناس ثم جاء بعد ذلک یبنی لا یترکه و فی جامع الفتاوی اذا قال عنیت ذلک فانه لا یصدق فاذا کان هذا فی الواقف فکیف لغیره فمن بنی بیتا علی جدار المسجد وجب هدمه ولا یجوز اخذا الاجرة وفی البزازیة و لا یجوز للقیم ان یجعل شیئا من المسجد مستغلا ولا مسکنا[1]۔

(ترجمہ: خلاصہ یہ ہے کہ کسی جگہ کے مسجد قرار پانے کی شرط یہ ہے کہ اس کے اوپر اور نیچے والا حصہ مسجد ہی ہوتا کہ بندوں کا حق اس سے منقطع ہو جائے کیوں کہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے کہ ''مسجدیں اللہ تعالی کے لیے ہوتی ہیں'' اگر اس کے خلاف مسجد کے نیچے کا تہہ خانہ یا اس کے اوپر کا مقام مسجد کے مصالح کے لیے ہو تو وہ جائز ہے کیوں کہ اس میں کسی بندے کی ملک باقی نہیں ہے۔ بلکہ وہ مسجد کے مصالح کی تکمیل کے لیے ہے وہ بیت المقدس کی مسجد کے تہہ خانہ کی مانند ہو جائے گا۔ یہ ظاہر مذہب ہے۔ اس مقام پر ضعیف روایات بھی ہیں جو ہدایہ میں مذکور ہیں۔ اور جو ہم نے ذکر کیا اس سے یہ معلوم ہوا کہ اگر مسجد کی چھت پر امام کی رہائش کے لیے گھر تعمیر کیا جائے تو اس سے اس کے مسجد ہونے کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا کیوں کہ یہ مسجد کے مصالح میں داخل ہے۔ اگر تم کہو اگر کسی نے مسجد بنا دی پھر اس کے اوپر امام یا کسی اور کی رہائش کے لیے مکان بنا دیا تو کیا مسجد کے بانی کو اس کا اختیار ہے؟ میں کہتا ہوں فتاوی تاتارخانیہ میں فرمایا کہ جب بانی نے مسجد بنائی اور اس پر کمرہ بنا لیا جب کہ وہ ابھی اس

---

[1] البحر الرائق جلد ۵ صفحہ ۲۷۱ دار المعرفہ بیروت

Marfat.com

کے قبضہ میں ہے تو اسے اس کی اجازت ہے۔ اور جب اس نے اسے مسجد قرار دے دیا اور اس جگہ کو لوگوں کے لیے چھوڑ دیا پھر اس کے بعد آیا تا کہ اوپر کمرہ بنائے تو اسے اس کی اجازت نہ دی جائے گی۔ جامع الفتاوی میں ہے اگر وہ کہے کہ میرا ایسا کرنے کا پہلے سے ارادہ تھا تو اس کی تصدیق نہ کی جائے گی جب حکم وقف کرنے والے کے لیے یہ ہے تو دوسرے کا کیا حال ہوگا۔ لہٰذا جو شخص مسجد کی دیوار پر گھر بنائے اس کو گرا دینا واجب ہے اور اس کی اجرت لینا درست نہیں۔ فتاوی بزازیہ میں ہے کہ متولی کے لیے مسجد کے کسی حصہ کو نہ آمدنی کا ذریعہ بنانا جائز ہے اور نہ ہی سکونت کا مکان)

حررہ:

العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی

جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......139﴾

## سوال

جس امام اور خطیب کی اولاد جاہل اور نا قابلِ امامت ہو اور تحصیل علوم دین اور ضروریاتِ دین میں کوشش نہ کرے وہ مستحق وظائفِ معینہ کے باوصف عدم اداءِ خدماتِ معینہ ہو سکتے ہیں یا نہیں؟ فقط

## الجواب

صفحه ۲۱۰ جلد اول تنقیح الفتاوی الحامدية

قال مولانا العلامة صاحب الخزانة ناقلا عن مبسوط فخر الاسلام بنص و اذا مات من له وظيفة فی بيت المال لحق الشرع واعتزاز الاسلام كاجراء الامامة و التاذين و غير ذلک مما فيه صلاح الاسلام والمسلمين و للميت ابناء يراعون و يقيمون حق الشرع و اعزاز الاسلام كما يراعی او يقيم الاب للامام ان يعطی وظيفة الاب لابناء الميت لا لغيرهم لحصول مقصودا لشرع وانجبار كسر قلوبهم[1]

☆ ترجمہ: یعنی علامہ جامع خزانۃ الروایات' مبسوط فخر الاسلام رحمۃ اللہ علیہ سے اس طرح نقل فرماتے ہیں' کہ جس کسی کا وظیفہ بیت المال سے کسی حق شرعی کی وجہ سے مثل اجرا امامت اور اذان وغیرہ کے یعنی اس قسم کے امور کی وجہ سے جس میں اسلام اور مسلمانوں کی بہتری ہو (مقرر ہو) اور وہ شخص مرجائے۔ اور میت ایسی اولاد چھوڑے جو اپنے باپ کی طرح حقوقِ شرع ادا کرتی ہو اور خدماتِ دینی بدستور انجام دیتی ہو' تو حاکم پر لازم ہے کہ باپ کا وظیفہ اس کی اولاد کو بدستور دیتا رہے۔ اور ان سے چھین کر ان کا وظیفہ کسی غیر کو ہر گز نہ مقرر کرے کہ

---

[1] تنقیح الفتاوی الحامدیه : جلد اول صفحه ۲۱۹ المکتبه الحبیبیه کوئٹه

نوٹ: تنقیح الفتاوی الحامدیه میں ''اجراء الامامة'' کے الفاظ ہیں جب کہ ردالمحتار میں ''اجر الامامة'' کے الفاظ ہیں یہ ترجمہ ردالمحتار کی عبارت کے مطابق ہے۔

فقیر مرتب عفی عنہ

Marfat.com

بہ سبب حاصل ہونے مقصودِ شرعی یعنی خطابت و امامت کے اس کی اولاد سے بدستور اور دلداری اس امام کی اولادِ شکستہ دل کی۔

کہ یہ امر بہت ہی کچھ موجب اجرِ عظیم ہے۔

دل بدست آور کہ حج اکبر است

از ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است

☆ ہاں البتہ اگر اولاد اس امامِ متوفی یعنی اپنے باپ کے طریق پر نہ چلے اور مشغولِ لہو و لعب یا امورِ دنیوی رہ کر جاہل رہ جائے تو وہ ہرگز مستحق وظائفِ معینہ نہیں رہتی۔ امامِ دین اور حاکمِ شرع کو چاہئے کہ اس کو موقوف کر کے اس خدمت پر دوسرے شخص کو مقرر کرے اور اس کا وظیفۂ خدمت جو حقدارِ خدمت ہو اس کو دے ورنہ دو گناہوں کا بار بذمۂ حاکم رہے گا۔ ایک غیر حقدار وظیفہ ء خدمت کو دے کر بے محل مال بیت المال کا صرف کرنا دوم حقدارِ خدمت سے اس کا حق روکنا۔

چنانچہ علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ ص ۳۸۰ جلد ثالث ردالمحتار شرح درمختار میں بعد تحریر عبارتِ مذکورہ تنقیح حامدیہ اس طرح فرماتے ہیں۔

قال البیری اقول هذا موید لما هو عرف الحرمین الشریفین و مصر و الروم من غیر نکیر من ابقاء ابناء المیت و لو کانوا صغارا علی وظائف آبائهم مطلقا من امامة و خطابة و غیر ذلک عرفا مرضیا لان فیه احیاء خلف العلماء و مساعدتهم عن بذل الجهد فی الاشتغال بالعلم و قد افتی بجواز ذلک طائفة من اکابر الفضلاء الذین یعول علی افتائهم ه ا.

قلت و مقتضاه تخصیص ذلک بالذکور دون الاناث و انت خبیر بان الحکم یدور مع علته فان العلة هی احیاء خلف العلماء و مساعدتهم علی تحصیل العلم فاذا اتبع الابن طریقة والده فی الاشتغال بالعلم فذالک ظاهر وأما اذا اهمل ذلک و اشتغل باللهو واللعب او فی امور الدنیا جاهلا غافلا معطلا للو ظائف المذکورة او ینیب غیره من اهل

Marfat.com

العلم بشيء قليل و يصرف باقى ذلك فى شهواته فانه لا يحل لما فيه من اخذ وظائف العلماء و تركهم بلا شئ يستعينون به على العلم كما هو الواقع فى زماننا فان عامة اوقاف المدارس والمساجد والوظائف فى ايدى جهلة اكثرهم لا يعلمون شيًا من فرائض دينهم و ياكلون ذلك بلا مباشرة ولا انابة بسبب تمسكهم بان خبز الاب لابنه فيتوارثون الوظائف ابا عن جد كلهم جهلة كالانعام و يكبرون بذلك فراهم و عمائمهم و يتصدرون فى البلدة حتى أدى الى اندارس المدراس والمساجد و اكثرها صار بيوتا باعوها و بساتين استغلوها فمن اراد ان يطلب العلم لا يجدله ماوى يسكنه ولا شيًا ياكله فيضطر الى ان يترك العلم. و يكتسب ووقع فى زماننا ان رجلا من اكابر دمشق مات عن ولد اجهل منه ولا يقرا ولا يكتب فوجهت من وظائفه تولية مسجد و مدرسة على رجلين من اعلم علماء دمشق فذهب ولده و عزلهما عن ذلك بالرشوة .

و فى اواخر الفن الثالث من الاشباه اذا ولى السلطان مدرسا ليس باهل لم تصح توليته.

و فى البزازية السلطان اذا اعطى غير المستحق فقد ظلم مرتين بمنع المستحق و اعطاء غيره.

ففى توجيه هذه الوظائف لابناء هولاء الجهلة ضياع العلم والدين و اعانتهم على اضرار المسلمين فيجب على ولاة الامور توجيها على اهلها و نزعهامن ايدى غير الاهل واذا مات احدمن اهلها توجه على ولده فان لم يخرج على طريقة والده يعزل عنها و توجه للاهل اذ لاشك ان غرض الواقف احياء وقفه من ذلك فكل ما كان فيه تضييعه فهو مخالف لغرض الشرع والواقف هذا هو الحق الذى لا محيد عنه ولا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم[1] .

---

[1] رد المحتار: جلد ۳ صفحه ۳۰۷، ۳۰۸ مكتبه رشيديه كوئٹه

Marfat.com

(ترجمہ: حضرت علامہ بیری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اس امر کی تائید حرمین شریفین، مصر اور روم کے عرف (رسم ورواج) سے ہوتی ہے جس کا کسی نے انکار نہیں کیا کہ مرحوم علماء کی اولاد کو مطلقاً ان کے آباء واجداد کے وظائف پر برقرار رکھا جاتا ہے۔ خواہ ان کی ملازمت خطابت ہو یا امامت ہو یا اس کے علاوہ اور کچھ ہو۔ یہ ایک پسندیدہ رواج ہے۔ کیونکہ اس میں علماء کرام کی اولاد کی پرورش اور حصولِ علم میں ان کی مشغولیت کی کوشش پر امداد ہوتی ہے۔ اس کے جواز پر اکابر علماء کی ایک ایسی جماعت نے فتوی دیا ہے، جن کے فتوی کی طرف رجوع کیا جاتا ہے)

میں کہتا ہوں اس کا تقاضا یہ ہے کہ ان وظائف کو صرف مردوں کے حق میں برقرار رکھا جائے، مستورات کو یہ وظائف سپرد نہ کیے جائیں۔ اور تمہیں علم ہے کہ حکم اپنی علت کے ساتھ ساتھ دائر ہوتا ہے۔ اس حکم کی علت علمائے کرام کی اولادوں کی پرورش اور حصولِ علم میں ان کی معاونت ہے۔ لہٰذا علم کی مشغولیت میں اگر بیٹا باپ کے طریقہ کی اتباع کرے، تو اس صورت کا حکم ظاہر ہے۔ لیکن جب وہ اس کو چھوڑ دے، لہو ولعب اور دنیاوی امور میں مشغول رہے۔ خود جاہل، غافل اور بے کار ہو لیکن اہلِ علم میں کسی اور کو حقیر معاوضہ پر اپنا نائب بنا لے اور باقی آمدنی کو اپنی خواہشات پر صرف کر کے تو یہ جائز نہیں ہے۔ کیونکہ اس صورت میں علماء کے وظائف پر قبضہ اور انہیں بغیر کسی معقول معاوضہ کو چھوڑ دینا ہے جس سے وہ اپنے علمی اضافہ میں مدد حاصل کر سکیں۔ جس طرح کہ ہمارے زمانہ میں یہ واقع ہے۔ مدارس اور مساجد کے عام اوقاف اور ان کے وظائف جاہلوں کے قبضہ میں ہیں۔ وہ اپنے دین کے فرائض بالکل نہیں جانتے اور بغیر کام کاج کیے اور بغیر کسی اور کو نائب مقرر کیے ان اوقاف کو کھا رہے ہیں۔ ان کی دلیل یہ مشہور کہاوت ہے "باپ کی روٹی بیٹے کے لیے ہوتی ہے" وہ ان وظائف کے یکے بعد دیگرے آباء واجداد سے وارث چلے آتے ہیں جو سارے کے سارے حیوانوں کی طرح جاہل ہیں۔ اس کے ذریعہ سے وہ بڑی بڑی پوستینیں اور دستاریں پہنتے ہیں۔ شہروں میں صدارت کے مقام پر براجماں ہوتے ہیں۔ اور اس کی بدولت مدارس اور مساجد مٹ گئے۔ ان میں اکثر گھر بن چکے جن کو انہوں نے فروخت کرا یا ہے یا باغات بنا کر ان کو آمدنی کا ذریعہ بنا لیا ہے۔ جو شخص اب علم حاصل کرنا چاہے اس کے لیے کوئی ٹھکانا نہیں جہاں وہ سکونت اختیار کر سکے اور کوئی چیز کھانے کو نہیں۔

Marfat.com

لہٰذا مجبور ہو کر وہ علم کو خیر باد کہنے اور کمانے میں لگ جاتا ہے۔

ہمارے زمانہ کا واقعہ ہے کہ دمشق کے اکابر سے ایک شخص مر گیا۔ اس نے ایک لڑکا چھوڑا جو اس سے زیادہ جاہل تھا۔ نہ لکھنا جانتا تھا نہ پڑھنا۔ لہٰذا مسجد اور مدرسہ کی تولیت کے فرائض دو ایسے آدمیوں کے سپرد کر دیے گئے، جو دمشق کے علماء میں سب سے بڑے عالم تھے۔ اس کا لڑکا گیا رشوت دے کر ان دونوں کو اس عہدہ سے معزول کر دیا۔

الاشباہ کے فن ثالث کے آخر میں ہے کہ اگر بادشاہ کسی شخص کو تدریس کی تولیت عطا کرے جو اس کا اہل نہیں تو اس کا متولی بنانا درست نہیں۔

فتاوی بزازیہ میں ہے کہ بادشاہ جب غیر مستحق کو کوئی چیز دیتا ہے تو وہ دوہرا ظلم کرتا ہے پہلا یہ کہ وہ مستحق کو محروم کرتا ہے دوسرا یہ کہ غیر مستحق کو دیتا ہے۔

ان وظائف کو ان جاہلوں کی اولادوں کے سپرد کرنے میں علم اور دین کا نقصان ہے۔ نیز ان کی اس پر امداد کرتا ہے کہ وہ اہلِ اسلام کو نقصان پہنچائیں۔ لہٰذا معاملات کے نگرانی کرنے والے لوگوں پر واجب ہے کہ ان وظائف کو اہل لوگوں کے سپرد کریں اور نا اہل لوگوں کے ہاتھوں سے ان کو چھین لیں۔ جب ان وظائف کے اہل لوگوں میں کوئی مر جائے تو یہ ذمہ داری اس کے بیٹے کی طرف سپرد کی جائے اگر وہ اپنے والد کے طریقہ پر چلنے والا نہ نکلے تو اسے معزول کر کے کسی اہل شخص کے سپرد کی جائے۔ کیونکہ بلاشبہ واقف کی غرض اس کے وقف کا باقی رہنا ہے۔ اور ہر وہ صورت جس میں وقف کا ضیاع ہو وہ شارع اور واقف کی غرض کے مخالف ہے۔ یہی سچی بات ہے اس سے اعراض نہیں کیا جا سکتا۔ اللہ تعالیٰ کے بغیر نہ طاقت ہے اور نہ ہی قوت وہ برتر اور باعظمت ہے)

حررہ:

العبد الراجی رحمۃ ربہ الغنی

ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی مفتی

جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......140﴾

## سوال

زید ایک مسجد کا متولی تھا اس کے مرنے کے بعد اس کا لڑکا متولی ہوا جو متشرع متدین اور احکامِ اسلام کا سچا حامی اور پورا منتظم ہے وہ تولیت اس کے حصہ میں آئی تو بغیر اس کے کہ اس کی شرعی حالت میں کوئی عینی اختلاف واقع ہوا اس سے تولیت کی واپسی جائز ہے یا نہیں۔

## الجواب

اس واقف کی جانب سے جو متولی ہو یا خود واقف متولی ہو اور امانت دار دیندار ہو اس کو تولیت سے معزول کرنا ہرگز جائز نہیں اور اگر اس کو باوجود امین و متدین ہونے کے معزول کر کے دوسروں کو متولی بنا دے تو شرعا دوسرے کی تولیت صحیح نہ ہوگی۔ کما فی الدر المختار

فلو ما مونا لم تصح تولية غيره اشباه[1].

(ترجمہ: واقف نے خود کسی کو متولی بنایا اس متولی نے کسی دوسرے کو متولی بنایا تو اگر وہ امین ہے تو کسی اور کو متولی بنانا درست نہیں ہے)

قال الشامی

قوله فلو ماموناً لم تصح تولية غيره قال فی شرح الملتقى معزيا الى الاشباه لا يجوز للقاضی عزل الناظر المشروط له النظر بلا حيانة ولو عزله لا يصير الثانی متوليا ويصح عزل الناظر بلا خيانة لو منصوب القاضی ای لا الواقف[2]

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۶ صفحہ ۴۵۴ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

[2] رد المحتار جلد ۶ صفحہ ۴۵۸۱ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

نوٹ محولہ بالا نسخہ میں کچھ الفاظ غلط طبع ہوئے ہیں نقل میں اُن کی تصحیح کر دی گئی ہے

Marfat.com

(ترجمہ: اگر وہ امین ہے تو کسی اور کو متولی بنانا درست نہیں۔ شرح الملتقی میں الاشباہ کی طرف منسوب یہ جزیہ درج ہے۔ قاضی کے لیے خیانت کے بغیر اس متولی کو معزول کرنا جائز نہیں جس کی تولیت کی واقف نے شرط لگائی ہو۔ اگر قاضی اسے معزول بھی کرے گا تو دوسرا قاضی کا مقرر کردہ متولی شرعا متولی نہ ہوگا اور اگر قاضی نے کسی کو متولی بنایا تو اسے خیانت کے بغیر بھی معزول کرنا درست ہے۔ واقف کے مقرر کردہ متولی کو معزول کرنا درست نہیں ہے) فقط

حررہ العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 141﴾

## سوال

ایک مسجد مقدمہ کر کے لی گئی ہے۔اس میں اختلاف ہے۔اکثر کی یہ رائے ہے کہ تولیت لوکل ایجنسی کو دی جاوے اور اکثر یہ کہتے ہیں کہ ہم خود انتظام کریں گے۔غرض کہ باہم جنگ جدل ہے شرعاً کیا حکم ہے؟۔

سائلین: نمازیاں مسجد رحیم بخش کچہری کہاک

۱۲۲پریل ۱۹۱۶ام

## الجواب

### هو الصواب

جولوگ بانیِ مسجد یا اہلِ محلّہ ہیں، ان کا حق ہے، کہ مسجد کی خبر گیری کریں۔غیر محلّہ کو دینا اس وقت جائز ہوگا، جب اسے لیاقت انتظام کی ہوگی۔اور بوجہ جہالت آپس میں جنگ وجدل کرتے ہوں، تو ان کا حق جاتا رہے گا۔اور لوکل ایجنسی یا کسی اور محلّہ داروں کے سپرد نگرانی کردی جائے گی اور کثرتِ رائے پر عمل کیا جائے گا۔مستملی میں ہے۔

رجل بنى مسجدا وجعله لله فهو احق بمرمته وعمارته و بسط البوارى والحصير و القناديل والأذان والإقامة والإمامة فيه إن كان اهلا لذلك و ان لم يكن فالراى فى ذلك اليه و كذا ولد البانى و عشيرته من بعده اولى من غيرهم و ان تنازع البانى فى نصب الإمام والمؤذن مع اهل المحلة فان كان من اختاره اهل المحلة اولى من الذى اختاره البانى فاختيار اهل المحلة اولى لان ضرره ونفعه عائد إليهم وإن كانا سواء فاختيار البانى اولى كذا فى البزازية والخلاصة [1]

---

[1] غنية المستملى شرح منية المصلى صفحه ٦١٥ مطبوعه سهيل اكيڈمى لاهور

Marfat.com

(ترجمہ: جس شخص نے مسجد بنائی اور اسے اللہ تعالیٰ کے لیے وقف کر دیا' تو وہی شخص اس کی مرمت' عمارت' چٹائیوں اور صفوں کے بچھانے' روشنی کے لیے فانوسوں کے مہیا کرنے' اس میں اذان' اقامت پڑھنے اور امامت کرانے کا زیادہ حق دار ہے' بشرطیکہ اس کا اہل ہو۔ اگر وہ ان امور کا اہل نہ ہو اس بارے میں اس کی رائے اور اسی طرح بانی کے بعد اس کی اولاد اور خاندان والے' دوسروں سے زیادہ حق رکھتے ہیں۔ اگر مسجد کے بانی کا اہل محلہ سے امام اور موذن کے تقرر کے بارے میں جھگڑا ہو تو اگر جو شخص اہلِ محلہ نے پسند کیا ہو وہ بانی کے پسندیدہ شخص سے بہتر ہو تو اہلِ محلہ کا پسندیدہ شخص اولیٰ ہے کیونکہ اس کا نفع یا نقصان ان کو پہنچے گا۔ اور اگر دونوں برابر ہوں تو بانی کا پسندیدہ شخص بہتر ہے۔ بزازیہ اور خلاصہ میں اسی طرح ہے)

المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......142﴾

## سوال

دوکان دار مجبوری کو پانی جامع مسجد سے دوکان پر منگائیں۔ استنجا وضو کریں تو جائز ہے؟۔ لے کر فروخت کرنا جائز ہے؟۔

سوداگران نکوہنہ متصل جامع مسجد آگرہ

۵ مارچ ۱۹۱۶ء

## الجواب

### هو المصوب

مسجد اور اس کا پانی اور ڈھیلہ اور فرش مخصوص حاضرینِ جماعت مسجد کے واسطے ہے۔ اس کو دوکان یا مکان پر لے جانا مکروہ ہے۔ کتاب کراہیہ عالم گیری میں ہے۔

**ویکره رفع الجرة من السقاية و حملها الى منزله لان وضع للشرب لا للحمل كذا فى محيط السرخسى. و حمل ماء السقاية الى اهله ان كان ماذونا للحمل يجوز و الا فلا كذا فى الوجيز الكردرى فى المتفرقات**[1]

(ترجمہ: پانی کے حوض سے گھڑا اٹھانا اور اسے اپنے گھر لے آنا مکروہ ہے کیوں کہ وہ پانی پینے کے لیے ہے اٹھانے کے لیے نہیں۔ محیط سرخسی میں اسی طرح ہے۔ حوض، ٹینکی کا پانی اٹھانا اگر اسے اٹھالے جانے کی اجازت ہو تو جائز ہے ورنہ نہیں۔ وجیز کردری کے متفرقات کے باب میں یوں یہی مذکور ہے)

واللہ اعلم بالصواب.

کتبہ المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

[1] الفتاوی العالم گیریہ جلد ۵ صفحہ ۳۴۱ مطبوعہ مصر

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......143﴾

## سوال

جناب مولانا صاحب قبلہ مدظلہ۔ السلام علیکم۔ مزاجِ مبارک۔ اس مسئلہ میں علماءِ دین وشرعِ متین کیا ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک درخت پیپل کا مسجد میں گرا ہے اس سے نقصان مسجد کو فرش کو ہے۔ چونکہ تمام جگہ جڑیں پھیل جاتی ہیں۔ اور داہنی طرف کے احاطہ کی دیوار پھٹ گئی ہے۔ جو عنقریب گرنے کو ہے اور اس کی وجہ سے داہنی طرف کی محراب پھٹ چکی ہے۔ مسجد کو سخت نقصان پہنچ رہا ہے۔ اس کو کٹوانے کے لیے کیا ارشاد ہے؟۔ فقط

۲۱ ستمبر ۱۹۱۶ء

وزیر خان واشرف علی۔

## الجواب

مسجد میں درخت لگانا مکروہ ہے مگر جائز ہے جب اس کے لگانے سے زمینِ ناقص مسجد کی مضبوطی ہو جائے۔ اور اس میں جو سیل اور تری رہتی ہے وہ کم ہو جائے۔ کما فی الدر المختار

ویکرہ غرس الاشجار فی المسجد الالنفع کتقلیل نزو تکون للمسجد علی ھذا[1].

(ترجمہ: مسجد میں درخت لگانا مکروہ ہے۔ ہاں اگر درخت لگانے کا کوئی فائدہ ہو تو کراہت نہیں ہے جیسے کہ مسجد کی نمی کو کم کرنے کے لیے درخت لگائے جائیں)

☆ علی ہذا درخت کو مسجد میں رکھنا بھی جائز نہیں اگر اس سے زمین مسجد کو کچھ نفع نہ ہو خصوصاً ایسی صورت میں ہرگز لگا رکھنا جائز ہی نہیں جب اسی مسجد کو نقصان پہنچ رہا ہے۔

کما فی الشامی عن رسالة ابن حاج :

---

[1] الدر المختار علی ھامش رد المحتار جلد ۱ صفحہ ۴۸۸، ۴۸۹، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

ولا یجوز ابقائه ایضا لقوله علیه الصلوة والسلام لیس لعرق ظالم حق لان الظلم وضع الشیء فی غیر محله و هذا کذالک الخ ما أطال به و رایت فی آخر الرسالة بخط بعض العلماء انه وافقه علی ذالک المحقق ابن ابی شریف الشافعی رحمة الله علیه ا۔فقط

(ترجمہ: مسجد میں بغیر ضرورت لگے ہوئے درخت کا باقی رکھنا بھی جائز نہیں ہے کیوں کہ نبی پاک ﷺ کا ارشاد ہے جس نے زیادتی کر کے کسی کی زمین میں پودا لگایا تو اسے اس پودے کو باقی رکھنے کا حق نہیں ہے۔ کیونکہ کسی چیز کو اپنے مقام میں نہ رکھنے کا نام ظلم ہے اور مسجد میں درخت لگانا بھی ویسا ہی ہے۔ اس پر انہوں نے طویل کلام فرمایا ہے، پھر رسالہ کے آخر میں میں نے بعض علماء کے قلم سے یہ لکھا ہوا دیکھا کہ محقق ابن ابی شریف شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس معاملہ میں امیر ابن حاج سے موافقت فرمائی ہے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
محمد دیدار علی الرضوی مفتی
شہر اکبر آباد

ا؎ رد المحتار جلد ا صفحہ ۴۸۸، ۴۸۹ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......144﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دینِ متین در بارہ جوازِ نماز کے مسجد کی چھت پر آیا جائز ہے یا ناجائز؟ اور جائز ہے تو بضرورت جائز ہے یا بلاضرورت بھی؟ اور پھر جواز مع الکراہت ہے یا بلا کراہت؟ اور پھر چھت پر بھی ثواب مسجد کے برابر ہوگا یا کم یا مثل دیگر مقامات کے؟ بینوا تو جروا جزاکم الله.

سائل: شجاع الدین رشتہ دار ریاست کوٹہ
ومولوی رکن الدین شاہ صاحب مجددی الوری

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحیم.

الحمد لله رب العالمین والصلوٰة والسلام علی سید المرسلین و علی آله و صحبه اجمعین اللهم رب زدنی علما.

مسجد کی چھت جمیع احکام میں حکم مسجد ہی ہے کا رکھتی ہے چنانچہ صفحہ 458 درمختار میں ہے۔

وکره تحریما الوطی فوقه والبول والتغوط لانه مسجد الی عنان السماء [1]

☆(ترجمہ: مسجد کی چھت پر جماع کرنا' پیشاب کرنا اور پاخانہ پھرنا مکروہ تحریمی ہے کیوں کہ مسجد آسمان تک مسجد ہوتی ہے)

قال الشامی رحمة الله :

قوله الوطی فوقه ای الجماع خزائن اما الوطی فوقه بالقدم فغیر مکروه الافی الکعبه بغیر عذر لقولهم بکراهة الصلوة فوقها [2]

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۲ صفحہ ۳۷۰ مطبوعہ بیروت

[2] رد المحتار جلد ۲ صفحہ ۳۷۰ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

(ترجمہ: قولہ وطی اس کا معنی ہے جماع' خزائن' لیکن قدموں کے ساتھ مسجد کی چھت پر چلنا مکروہ نہیں ہے۔
☆ہاں کعبہ کی چھت پر بغیر عذر کے چلنا مکروہ ہے کیوں کہ علماء نے فرمایا کہ اس کے اوپر نماز مکروہ ہے)

یعنی چونکہ فقہا کعبہ شریف کی چھت پر نماز پڑھنا مکروہ فرماتے ہیں۔ لہٰذا کعبہ شریف پر چلنا پھرنا منع فرماتے ہیں۔ کہ مکروہ اس واسطے کہ جب بلحاظِ ادب کعبۃ اللہ' کعبہ شریف کی چھت پر نماز جو عبادت ہے وہ بھی مکروہ ہے' تو چلنا پھرنا کب جائز ہوسکتا ہے۔ چنانچہ کبیری میں ہے:

**و یکرہ ایضا (ای الصلوٰۃ) علی سطح الکعبۃ للحدیث و المعنی فیہ عدم التعظیم وترک الادب[1]**

(ترجمہ: کعبہ معظمہ کی چھت پر نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ کیوں کہ اس بارے میں حدیث وارد ہے۔ اور وجہ اس کی عدمِ تعظیم اور ترکِ ادب ہے)

اور حدیث یہ ہے جو ترمذی شریف میں بھی ہے اور علامہ ابراہیم حلبی رحمۃ اللہ علیہ بھی باب مکروہاتِ صلوٰۃ کبیری تحریر فرماتے ہیں چنانچہ کبیری میں ہے

**و تکرہ الصلوٰۃ فی طریق العامۃ لما روی الترمذی و ابن ماجۃ عن ابی عمر رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ ﷺ نھی ان یصلی فی سبعۃ مواطن فی المزبلۃ والمجزرۃ والمقبرۃ و قارعۃ الطریق و فی الحمام و فی معاطن الابل و فوق ظھر بیت اللہ[2]۔**

☆(ترجمہ: عام لوگوں کے رستہ پر نماز ادا کرنا مکروہ ہے۔ کیونکہ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابوعمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ حضور نبی پاک ﷺ نے سات جگہوں میں نماز ادا کرنے سے منع فرمایا۔ (۱) کوڑا کرکٹ کے ڈھیر' (۲) جانوروں کے ذبح کی جگہ (۳) قبرستان (۴) شاہ راہ (۵) حمام (۶) اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ (۷) خانہ کعبہ کے اوپر)

---

[1] غنیۃ المستملی صفحہ ۳۶۳ مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور

[2] غنیۃ المستملی صفحہ ۳۶۲ سہیل اکیڈمی لاہور

Marfat.com

لہٰذا اگرچہ کعبہ شریف بھی فرش سے عرش تک حکمِ کعبہ ہی رکھتا ہے۔ مگر بنا بر کعبہ کی تعظیم، تقبیل واستلام وطواف وغیرہ کے ساتھ چونکہ مقصود بالذات اور مہتم بالشان ہے، کعبہ کے اوپر بلاضرورت چڑھنے بلکہ نماز پڑھنے سے بھی صراحتاً حضور ﷺ نے منع فرمادیا اور داخلی کعبہ کو بھی بصورتِ ازدحام اور ایذا رسانیٔ مسلمین یا خود تکلیف پانے کے یا رشوت دے کے بھی اندر جانے کو داخلِ ارکانِ حج بلکہ مستحباتِ حج نہ رکھا۔

**کما فی الدر المختار فی صفحة 277**

**و یندب دخول البیت اذا لم یشتمل علی ایذاء نفسه او غیره** [۱]

☆ (ترجمہ: خانہ کعبہ کے اندر داخل ہونا مستحب ہے جب کہ اپنے اور دوسروں کو اس کے لیے تکلیف اٹھانی نہ پڑے۔)

**قال الشامی:**

**و مثله فیما یظهر دفع الرشوة علی دخوله** [۲]

(ترجمہ: اس کی مثال وہ صورت ہے جس میں غالباً خانہ کعبہ میں داخلہ کے لیے رشوت دینی پڑتی ہو)

☆ اور مسجد کی تعظیم چونکہ بغرض نماز و عبادت ہے۔ مسجد میں اور مسجد کے چھت پر بلاضرورت ان امور سے مطلقاً منع فرمادیا گیا جو مخالفِ عبادت یا اصلاحِ مسجد میں ہیں چنانچہ بلاقصدِ عبادت مسجد کی چھت پر چڑھنے کو بھی بعض فقہا نے مکروہ لکھا ہے چنانچہ عبارتِ مذکورہ عدمِ کراہت چلنے پھرنے کی مسجد کی چھت پر بغایت وثوق علامہ شامی نقل فرما کر اس کے بعد تحریر فرماتے ہیں۔

**ثم رایت القهستانی نقل عن المفید کراهة الصعود علی سطح المسجد** [۳]

☆ (ترجمہ: پھر میں نے علامہ قہستانی کو دیکھا کہ انہوں نے "المفید" سے مسجد کی چھت پر چڑھنے کی کراہت نقل کی ہے)

---

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | الدر المختار مع رد المحتار | جلد ۴ | صفحه ۴۵ | مطبوعه بیروت |
| ۲ | رد المحتار | جلد ۴ | صفحه ۴۵ | مطبوعه بیروت |
| ۳ | رد المحتار | جلد ۲ | صفحه ۳۷۰ | مطبوعه بیروت |

Marfat.com

☆ حالانکہ بغرضِ اذان جو من وجہ عبادت ہے اور من وجہ اعلام، صحابۂ کرام کا مسجد پر چڑھ کر آذان کہنا ثابت ہے روایتِ معتبر سے۔ چنانچہ باب الاذان شامی میں ہے۔

**و قال ابن سعد بالسند الی ام زید بن ثابت رضی الله عنهم کان بیتی اطول بیت حول المسجد فکان بلال یؤذن فوقه من اول ما اذن الی ان بنی رسول الله ﷺ مسجده فکان یؤذن بعد علی ظهر بیت المسجد و قد رفع له شی فوق ظهره[۱]**

(ترجمہ: امام ابن سعد نے سند کے ساتھ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی والدہ ماجدہ سے روایت کی، کہ میرا گھر مسجد نبوی کے اردگرد گھروں میں سب سے اونچا تھا، نبی اکرم ﷺ کے مسجد تعمیر فرمانے سے پہلے، حضرت بلال رضی اللہ عنہ اس کے اوپر اذان پڑھا کرتے تھے۔ اس کے بعد آپ مسجد کی چھت پر اذان دیا کرتے تھے۔ آپ کے لیے مسجد کی چھت پر کوئی بلند چیز رکھ دی جاتی تھی جس سے صاف ظاہر ہے کہ علامہ قہستانی اور صاحب مفید کے نزدیک مسجد کی چھت پر چڑھنا جب ہی مکروہ ہے جب بغرضِ عبادت نہ ہو بلکہ محض تفریح یا تماشہ کے واسطے ہو۔ اور اگر بغرضِ اصلاحِ مسجد ہو تو بلاشبہ جائز ہے۔)

**کما فی صفحه 25 من البزازیة**

**وللقیم ان یشتری من مال المسجد سلما یصعد به علی السطح لکنس الثلج وتطیین سطح المسجد[۲]**

(ترجمہ: مسجد کے متولی کو اجازت ہے کہ مسجد کے مال سے ایک سیڑھی خریدے تاکہ برف کو اتارنے اور مسجد کی چھت کو مٹی سے لیپنے کے لیے چھت پر چڑھا جا سکے)

علی ھذا بلاشبہ جائز ہے، اگر بغرضِ عبادت ہو، جیسے اذان یا تلاوتِ قرآن یا نماز یا درود وظائف کے واسطے، تو مسجد کی چھت پر چلنا پھرنا بھی مکروہ نہیں۔

---

[۱] رد المحتار جلد ۲ صفحہ ۴۹ مطبوعہ بیروت

[۲] الفتاوی البزازیه علی هامش الفتاوی الهندیة جلد ۶ صفحه ۲۶۹ مطبوعه مصر

Marfat.com

کما فی من الشامی اندریں صورت مجرد عبارت مذکورہ قہستانی پر شامی علیہ الرحمۃ کا یہ فرمانا:

**و یلزمه کراهة الصلوٰة ایضا فوقه**[1]

(اس سے لازم آتا ہے کہ مسجد کے اوپر نماز ادا کرنا بھی مکروہ ہے)

☆ بیشک محلِ تامل ہے چنانچہ خود شامی علیہ الرحمۃ نے اپنی یہ رائے تحریر فرما کر فرمادیا ہے فلیتامل[2]

(ترجمہ: اس پر خوب غور کرو)

یعنی یہ جبری رائے قابل سوچنے کے ہے۔ اس واسطے ہدایہ، شرح وقایہ، فتاویٰ عالمگیریہ، فتاوی بزازیہ، غنیۃ المستملی وغیرھا کسی معتبر کتاب میں باوصف تفحیصِ تام پتہ نہیں ملتا کہ کسی نے بھی مسجد کی چھت پر نماز پڑھنے کو مکروہ لکھا ہو۔ بلکہ برخلاف اس کی صحت اقتدا کی مسجد کے چھت پر امامِ مسجد کے ساتھ جب امام سے آگے نہ ہو بوجہ ہونے مسجد کی چھت کے حکمِ مسجد میں باعتبار تمامِ احکام کے فقہا سب تصریح فرما رہے ہیں چنانچہ درمختار میں ہے کہ اس عبارت کے تحت میں علامہ شامی تحریر فرماتے ہیں:

**قال الزیلعی و لهٰذا یصح اقتداء من علی سطح المسجد بمن فیه اذا لم یتقدم علی الامام ولا یبطل الاعتکاف بالصعود الیه ولا یحل للجنب والحائض والنفساء الوقوف علیه و لو حلف لا ید خل هذه الدار فوقف علی سطحها یحنث**[3]

(ترجمہ: علامہ زیلعی علیہ الرحمہ نے فرمایا اسی لئے مسجد کی چھت پر موجود مقتدی کی اقتداء مسجد کے اندر امام سے جائز ہے، جب کہ وہ امام سے آگے نہ ہو۔ اس پر چڑھنے سے اعتکاف باطل نہیں ہوتا۔ جنبی، حیض اور نفاس والی کو چھت پر ٹھہرنا حرام ہے۔ نیز اگر کسی نے قسم اٹھائی اس گھر میں داخل نہ ہوگا پھر اس کی چھت پر جا ٹھہرا تو حانث ہو جائے گا)

---

[1] رد المحتار جلد ۲ صفحہ ۳۷۰ مطبوعہ بیروت

[2] ایضا

[3] رد المحتار جلد ۲ صفحہ ۳۷۰ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

اور بعینہ یہی مضمون صفحہ 127 ھدایہ[1] میں ہے و ھکذا فی شرح الوقایة و عمدة الرعایة البتہ بلحاظِ علتِ ادب و تعظیمِ کعبہ شریف کے چھت پر کبیری طحطاوی' مراقی الفلاح' عالمگیریہ' خانیہ' بزازیہ' وغیرھا ساری ہی کتابوں میں چڑھنے اور نماز پڑھنے کو مکروہ لکھا ہے۔

لہٰذا بلا تکلف مسجد کی چھت پر بلا کراہت نماز پڑھنا جائز ہے اور جو ثواب مسجد کے اندر ملتا ہے تمام عباراتِ فقہا سے یہی مفہوم ہوتا ہے کہ وہی ثواب چھت پر ملے گا۔

☆ حق یہ ہے کہ مسجد کے تمام احکام کو کعبہ شریف کے احکام پر قیاس کرنا ہی خطا ہے۔ مسجد میں نمازی کے آگے سے گزرنا حرام اور کعبہ کے حرم میں جائز ہے۔ علی ہذا اور بہت امور (میں اختلاف موجود ہے) شامی مصری کے صفحہ 186 میں ہے:

روی المطلب بن ابی وداعة قال رأیت رسول اللهﷺ حین فرغ من سعیه جاء حتی اذا حاذی الرکن فصلی رکعتین فی حاشیة المطاف و لیس بینه و بین الطائفین أحد رواه احمد و ابن ماجة و ابن حبان و قال فی روایته رایت رسول اللهﷺ یصلی حذ والرکن الاسود والرجال والنساء یمرون بین یدیه و مابینهم و بینه سترة[2]

(ترجمہ: حضرت مطلب بن ابی وداعہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا' کہ جب آپ سعی سے فارغ ہوئے تو چلے اور حجر اسود کے بالمقابل آئے مطاف کے کنارہ پر آپ نے دو رکعت نماز ادا فرمائی۔ آپ اور طواف کرنے والے صحابہ کے درمیان کوئی نہ تھا۔ اسے امام احمد بن حنبل' امام ابن ماجہ اور

---

[1] ہدایہ کی عبارت اس طرح ہے:

ویکره المجامعة فوق المسجد والتخلی لأن سطح المسجد له حکم المسجد حتی یصح الاقتداء منه بمن تحته ولا یبطل الاعتکاف بالصعود إلیه ولا یحل للجنب الوقوف علیه . هدایه جلد اول صفحه ۲۴۱ مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان

[2] رد المحتار جلد ۳ صفحه ۴۵۷ مطبوعه بیروت

Marfat.com

امام ابن حبان نے روایت کیا ہے انہوں نے اپنی روایت میں فرمایا کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو حجرِ اسود کے بالمقابل نماز ادا فرماتے ہوئے دیکھا۔ مرد اور عورتیں آپ کے سامنے گذر رہے تھے اور ان کے اور آپ کے درمیان سترہ موجود نہ تھا)۔

**ثم قال بعد اسطر**

**ثم رایت فی البحر العمیق حکی عز الدین بن جماعة عن مشکلات الآثار للطحاوی ان المرور بین یدی المصلی بحضرة الکعبة یجوز[۱]**

(ترجمہ: پھر میں نے البحر العمیق میں دیکھا کہ اس میں علامہ عز الدین بن جماعہ نے مشکلات الآثار للطحاوی سے نقل فرمایا کہ کعبہ شریف کے سامنے نمازی کے آگے سے گذرنا جائز ہے)

☆ اور ایسا ہی تفسیر بِبکۃ مبارکا[۲] میں صاحبِ تفسیرِ کبیر نے حضرت امام جعفر رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ آپ کے سامنے حرم میں ایک شخص نے جو نمازی کے آگے سے گزرنے کو منع کیا تو آپ نے فرمایا:

**ھذا مکة یترک الناس یبک بعضھا بعضا[۳]**

(ترجمہ: یہ مکہ ہے لوگوں کو ایک دوسرے پر بھیڑ کرنے کے لیے چھوڑ دیا جاتا ہے) فقط

حررہ: العبد الراجی

ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی

✿✿✿✿✿

---

۱؎ رد المحتار جلد ۳ صفحہ ۴۵۷ مطبوعہ بیروت

۲؎ القرآن المجید آل عمران ۹۶

۳؎ التفسیر الکبیر، الإمام الرازی، جلد ۸ صفحہ ۱۵ مطبوعہ مصر میں عبارت یوں ہے

فإنھا سمیت مکة لأنه یبک بعضھم بعضا

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......145﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین بادشاہ یا کسی امیر نے ایک جائداد مسجد کو وقف چھوڑی اور کوئی شرائط وقف کے مصارف پر نہیں اور آمدنی خرچ سے بدرجہا زائد جمع ہوتی ہے۔ بعض مرتبہ ضرورتِ سرکار میں سے اس کا روپیہ بطورِ قرض دیا جاتا ہے۔ پس ایسی آمدنی سے علماء کا وظیفہ یا اون کی اولاد کا واسطے پرورش کے مقرر کیا جائے یا مسجد میں غربا امرا روزہ دار وغیرہ کے کھانے کو افطاری تیار کی جائے تو جائز ہے یا نہیں؟۔ امید کہ مفصل جواب عنایت ہو۔

بینوا توجروا

سائل: عبداللہ، مائی مندی

۱۵ فروری ۱۹۱۶ء ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۳۴ھ

## الجواب

هو المصوب

☆ شرعاً ایسے اوقاف میں پابندی شرائط کی نہیں۔ بالفرض اگر شرائط ہوں تو بھی منتظمین کو اس پابندی لازم نہیں۔ ☆ بلکہ وہ حق طلباء اور علماء اور فقرا وغیرہ کا ہے اور امام و مفتی و مدرس وغیرہ کی اولاد کا وظیفہ مقرر کرنا لاریب جائز ہے۔ علماء کی پینشن بھی دے سکتے ہیں۔ افطاری اور کھانا بھی منتظم اس سے کر سکتا ہے۔ اس مسئلہ کو دیگر اوقاف پر قیاس کر کے غلطی ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ مفصل فتاویٰ حامدیہ کتاب الوقف صفحہ ۲۱۰ میں ہے۔

افتی علامة الوجود المولی ابو السعود مفتی السلطنة السلیمانیة بان اوقاف الملوک والامراء لا یراعی شرطها لأنها من بیت المال او ترجع الیه. من حاشیة الاشباه قبیل قاعدة ☆اذا اجتمع الحلال و الحرام و ذکر السیوطی فی رسالة النقل المستور فی جواز قبض المعلوم من غیر حضور. بانه افتی جمیع علماء ذلک العصر

Marfat.com

كالسبكي و ولديه والزملكاني و ابن عدلان و ابن المرجل و ابن جماعة والاوزاعي والزركشي والبلقيني والاسنوي وغيرهم بان هذه ارصادات لا اوقاف حقيقة فللعلماء المنزلين ان ياكلوا منها و ان لم يباشروا وظائفهم الخ. و في شرح الوهانية ما ياخذه الفقهاء من المدارس لا اجرة لعدم شروط الاجارة و لا صدقة لان الغني ياخذها بل اعانة لهم على حبس انفسهم للاشتغال حتى لو لم يحضروا الدرس بسبب اشتغال او تعليق جاز اخذهم الجامكية معين المفتي من آخر كتاب الوقف و قد ذكر علماء نا ان من له حق في ديوان الخراج كالمقاتلة والعلماء و طلبتهم والمفتين والفقهاء يفرض لاولادهم تبعا ولا يسقط بموت الاصل ترغيبا و ذكر في مآل الفتاوى ان لكل قاري في كل سنة في بيت المال مائتي درهم او الفي درهم لان اخذها في الدنيا والا ياخذ في الآخرة من رسالة السيد الحموي فيما رتب وارصد باوامر الورزاء المصريين قال مولانا العلامة صاحب الخزانة ناقلا عن مبسوط فخر الاسلام بنص و اذا مات من له وظيفة من بيت المال لحق الشرع و اعتزاز الاسلام كا جراء الامامة والتاذين وغير ذلك مما فيه صلاح الاسلام والمسلمين وللميت ابناء يراعون و يقيمون حق الشرع واعزاز الاسلام كما يراعي و يقيم الاب فلامام ان يعطي و ظيفة الاب لا بناء اللميت لا لغيرهم لحصول مقصود الشرع و انجبار كسر قلوبهم والامام مربي فخلف الموتى باذن الشرع والشرع امر بابقاء ما كان على ما كان لابناء الميت لا غيرهم قلت هذا مويد لما هو عرف الحرمين الشريفين و مصر والروم المعمورة من غير نكير من ابقاء ابناء الميت و لو كانوا صغارا على وظائف آباء هم مطلقا من امامة و خطابة و غير ذلك و امضاء و لي التقرير للفراغ لهم بذلك و تقريرهم بعد وفاتهم عرفا مرضيا مقبولا لان فيه احياء خلف العلماء و مساعدتهم على بذل الجهد في الاشتغال بالتعلم

Marfat.com

و قدافتی بجواز ذلک طائفة من اکابر الفضلاء الذین یعول علی افتائهم واللہ اعلم.

بیری زادہ علی الاشباہ من کتاب الفرائض [1]

☆(ترجمہ: علامة الوجود مولانا ابو السعود مفتی سلطنت سلیمانیہ رحمۃ اللہ علیہ نے فتویٰ دیا ہے کہ باشاہوں اور امراء کے اوقاف میں ان کی شرائط کا لحاظ نہ رکھا جائے گا۔ کیوں کہ وہ اوقاف بیت المال سے ہوتے ہیں یا اس کی طرف لوٹ جانے والے ہوتے ہیں۔ ان کا یہ فتوی ☆اذا اجتمع الحلال و الحرام الخ کے قاعدہ سے کچھ پہلے الاشباہ والنظائر کے حاشیہ میں ہے۔

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسالۃ "النقل المستور فی جواز قبض المعلوم بغیر حضور" میں فرمایا کہ اس زمانہ کے تمام علماء جیسے کہ امام سبکی، ان کے دونوں بیٹوں، امام زملکانی، امام ابن عدلان، امام ابن المرجل، امام ابن جماعہ، امام اوزاعی، امام زرکشی، امام بلقینی، امام اسنوی وغیرہم رحمھم اللہ تعالی نے فتوی دیا کہ یہ عطیات رعایا کی دیکھ بھال کے لیے ہوتے ہیں۔ حقیقت میں یہ وقف نہیں ہوتے لہٰذا جو علماء وہاں رہتے ہیں ان کو وہاں سے کھانا جائز ہے اگر چہ اپنا مقررہ کردہ کام نہ کریں۔

شرح وہبانیہ میں ہے فقہاء جو مال (شاہی) مدارس سے لیتے ہیں وہ اجرت نہیں ہوتی کیوں کہ اجارہ کی شرطیں پائی نہیں جاتیں۔ اور نہ ہی وہ صدقہ ہوتا ہے کیوں کہ غنی بھی اسے وصول کرتے ہیں بلکہ کاموں کے لیے اپنے آپ کو پابند کرنے کے لیے وہ مال ان کے لیے بطور اعانت ہوتا ہے۔ حتی کہ کسی مصروفیت یا بندش کے باعث وہ سبق میں حاضر نہ ہوں تو بھی ان کے لیے تنخواہ لینا جائز ہے۔ معین المفتی آخر کتب الوقف۔ ہمارے علماء نے ذکر کیا ہے کہ خراج کے مستحقین کے رجسٹر میں جن لوگوں کے نام درج ہوتے ہیں جیسے جنگ کرنے والی فوج، علماء ان کے طالب علم، مفتی، فقہاء ان کی اتباع میں ان کی اولاد کو ان کاموں کی طرف رغبت دلانے کے لیے حصہ مقرر کیا جائے گا۔ اصل آدمی کی موت سے اس کا حصہ ساقط نہ ہوگا۔

مآل الفتاوی میں ہے۔ بیت المال سے ہر قاری کے لیے سالانہ دوسو درہم یا دو ہزار درہم مقرر کیے

---

[1] تنقیح الفتاوی الحامدیہ : جلد اول صفحہ ۲۱۸، ۲۱۹ مکتبہ حبیبیہ کوئٹہ

Marfat.com

جائیں گے اگر وہ اپنا حصہ دنیا میں وصول کرنا چاہے۔ ورنہ وہ آخرت میں اسے وصول کرے گا۔ جزئیہ علامہ حموی رحمۃ اللہ علیہ کے رسالہ سے اخذ کیا گیا ہے جو مصری وزراء کے احکام سے مرتب اور جاری کیا گیا تھا۔

مولانا علامہ صاحب ''الخزانہ'' نے ''مسبوط فخر الاسلام'' سے نقل کر کے یوں تحریر کیا۔ جب کوئی ایسا شخص مر جائے جس کا حق شرع یا اعزازِ اسلام کی خاطر بیت المال میں ہے جیسے کہ وہ شخص امامت اور اذان وغیرہ ایسے کاموں کو جاری رکھتا ہو جس میں اسلام اور مسلمانوں کی بہتری ہو اور اس مرنے والے کے بیٹے ہوں جو شریعت کا اور اسلام کا اعزاز اسی طرح قائم رکھیں اور اس کا لحاظ رکھیں جس طرح کہ باپ قائم رکھتا اور لحاظ رکھتا تھا تو حکمران پر لازم ہے کہ باپ کا وظیفہ بیٹوں کو دے۔ اور کسی کو نہ دے۔ کیوں کہ اس طرح کرنے سے شریعت مطہرہ کا مقصود بھی حاصل ہوگا اور ان کے ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑنے کا باعث بھی ہوگا کیوں کہ حکمران مربی ہوتا ہے۔ اور شریعت کے حکم مطابق مرنے والوں کا جانشین ہوتا ہے۔ اور شریعت مطہرہ حکم دیتی ہے جو چیز جس حالت پر ہے اس کو اس طرح باقی رکھا جائے۔ لہٰذا یہ حق میت کے بیٹوں کا ہوتا ہے ان کے علاوہ اوروں کا نہیں۔

میں کہتا ہوں اس کی تائید حرمینِ شریفین، مصر اور روم کے بغیر کسی انکار کے عرف اور رواج سے بھی ہوتی ہے کہ اولاد کو اگرچہ وہ کم عمر ہیں ہوں، ان کے آباء واجداد کے وظائف پر مطلقاً بحال رکھا جاتا ہے خواہ وہ امام ہوں یا خطیب ہوں یا اس کے علاوہ کوئی اور منصب دار ہوں۔ اور مقرر کرنے والے صاحب اختیار کا ان کو برقرار رکھنا ان کو اس کام کے لیے فارغ رکھنے کے لیے ہوتا ہے۔ اور آباء واجداد کی وفات کے بعد ان کو مقرر کرنا ایک پسندیدہ اور مقبول عرف ہے۔ کیوں کہ اس میں علمائے کرام کی اولاد کو زندہ رکھنے اور علم میں ان کو کوشش جاری رکھنے پر اعانت کا سامان ہے اور ان اکابر فضلاء نے اس کے جواز کا فتویٰ دیا ہے جن کے فتاویٰ کی طرف رجوع کیا جاتا ہے۔ بیری زادہ علی الاشباہ من کتاب الفرائض)

پس عبارتِ بالا سے واضح ہے کہ جس قدر اوقاف شاہی ہیں ان میں علماء، فقراء، غرباء، تمام

Marfat.com

مسلمین کو حق ہے کہ حضرات منتظمین موقع سے اوس کو غور کریں اور کامل اختیار ہے کہ افطاری وکھانا' وظیفہ وغیرہ کرسکیں۔

هذا ما سنح لی عند تحقيق المقام والعلم بجميع المعلومات عند الله الملک العلام

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

۱۰ ربیع الثانی ۱۳۳۴ھ

## تصدیق علمائے دیوبند

اوقاف شاہی میں یہ مصارف درست ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

عزیز الرحمٰن عفی عنہ

مفتی مدرسہ دیوبند۔

۱۴ ربیع الثانی ۱۳۳۴ھ

۱۹ فروری ۱۹۱۶ء

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......146﴾

## سوال

مسجد کے مقدمہ میں روپیہ متولی نے اپنے پاس سے لگایا۔اب وہ آمدنی مسجد سے وہ روپیہ لینا چاہتا ہے شرعاً کیا حکم ہے؟۔بینوا توجروا

سائل:امام بخش حویلی خواجہ

۱۶فروری ۱۹۱۶

## الجواب

ایسے موقع پر روپیہ قرض لیکر لگا دینا اور آمدنی مسجد سے مجرا لینا جائز ہے۔حموی لکھتا ہے۔

اذا استقبله امر و لم يجد بدا من الا ستدانة ينبغى له ان يستدين بامر الحاكم ثم يرجع من غلة الوقف لان للقاضى ولاية الاستدانة على الوقف.... و تفسير الا ستندانة بما ذكر انما هو فيما اذا لم يكن فى يده شئ من الغلة و اما اذا كان فى يده شئ منها اشترى شيئا للوقف و نقد الثمن من ماله جازله ان يرجع بذلك فى غلته و ان لم يكن بامر القاضى[۱] .

(ترجمہ:اور جب متولی کوئی معاملہ درپیش ہو اور قرض حاصل کرنے کے بغیر چارہ نہ ہو تو اسے چاہئے کہ حاکم کے حکم کے ساتھ قرض حاصل کرے۔پھر وقف کی آمدنی سے وصول کرے۔کیوں کہ قاضی کو وقف پر قرض حاصل کرنے کی ولایت حاصل ہوتی ہے۔۔۔۔قرض حاصل کرنے کی وضاحت جو پہلے بیان ہو چکی صرف اس صورت میں ہے جب کہ وقف کی آمدنی سے اس کے پاس کچھ نہ ہو۔اور اگر اس کے پاس اس سے کچھ رقم موجود ہو تو وقف کے لیے چیز خرید لے اور اپنے مال سے پیسے ادا کردے۔پھر اس کی آمدنی سے وصول کرلے اگرچہ یہ کام اس نے قاضی کے حکم سے نہ کیا ہو)

واللہ اعلم و حکمہ احکم.

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

[۱] الاشباہ والنظائر مع شرحہ الحموی،جلد اول،صفحہ ۳۰۳ مطبوعہ ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر...... 147﴾

## سوال

مسجد کی اشیائے کہنہ کو بیچ کر اسی مسجد میں لگانا جائز ہے یا نہیں؟

سائل: امام بخش، حویلی خواجہ آگرہ
۷؍فروری؍۱۹۱۶ء

## الجواب

جائز ہے۔ بزازیہ میں ہے۔

اذا استغنی عنه یباع و یصرف ثمنه فی ذلك المسجد[1]

(ترجمہ: جب اس سامان کی ضرورت نہ رہے تو اس کو فروخت کر دیا جائے اور اس کی قیمت اسی مسجد میں صرف کی جائے)

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

[1] یہ الفاظ جزئیہ کی روایت بالمعنی معلوم ہوتے ہیں۔ ایک مقام پر ہے۔

اشتری قندیلاً او حشیشاً للمسجد ثم استغنی عنه یعود إلی الملک ان المالک حیا وإلی ورثته إن مات وعلی قول الثانی رحمه الله یباع ویصرف ثمنه إلی حوائج المسجد

فتاوی بزازیه علی هامش العالم کیریه جلد ۵ صفحہ ۲۸۳، مطبوعہ مصر

(ترجمہ: مسجد میں روشنی کے لیے قندیل یا بچھانے کے لیے گھاس خریدا پھر ان کی ضرورت نہ رہی اگر مالک زندہ ہے تو یہ چیزیں اس کی ملک میں واپس آجائیں گی اور اگر وہ مر چکا ہے تو اس کے ورثاء کی ملکیت میں آجائیں گی اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے قول کی رو سے ان کو فروخت کر دیا جائے گا اور ان کی قیمت مسجد کی ضرورتوں میں صرف کی جائے گی)

دوسرا مقام پر مسجد کے بے آباد ہونے کی صورت میں یہ حکم تحریر ہے:

یحول إلی مسجد آخر او یبیعها القیم لأجل المسجد . جلد ۵ صفحه ۲۷۰ مطبوعه مصر

(ترجمہ: ان اشیاء کو کسی دوسری مسجد میں لے جایا جائے گا یا مسجد کا متولی انہیں اسی مسجد کی آبادی کی خاطر فروخت کر دے گا)

محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ

Marfat.com

## ﴾فتویٰ نمبر......148﴿

## سوال

وسطِ مسجد میں قبورِ مومنین ہوں۔ان کو صحن میں برابر کر دینا جائز ہے یا نہیں۔اور مسجد میں یا دائیں بائیں قبور ہوں تو نماز پڑھنا اس جگہ شرعا کیسا ہے۔

## الجواب

اگر صحنِ مسجد میں قبور آ جائیں اور عظام رمیم ہوگئی ہوں تو شرعا ان کو برابر کر دیا جائے۔اور مسجد میں داخل کرلیا جاوے جیسا کہ کھیت وغیرہ میں حکم ہے۔اور جس جگہ قبور ہوں خواہ سامنے،دائیں بائیں وہاں نماز مکروہ ہے۔سامنے اگر ہوں تو کراہت تحریمی ہے اور جانب میں تنزیہی۔

كذافي مجموعة الفتاوى لابي الحسنات رضى الله عنه۔

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......149﴾

### سوال

شیعہ مذہب کی مسجد کا حکم کیا ہے۔

### الجواب

مسجدِ شیعہ کا اور اہلِ تسنن کا ایک ہی حکم ہے کیوں کہ شیعہ بمطابق مذہبِ صحیح فاسق ہیں [1]۔

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

[1] یہ حکم اس صورت میں ہے جب کہ ان کے عقائد کفریہ نہ ہوں۔ اگر ان کے عقائد کفریہ ہوں جیسا کہ دورِ حاضر کے تبرائی رافضی تو پھر یہ حکم نہ ہوگا۔

محمد علیم الدین عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......150﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس امر میں کہ وقفِ جامع مسجد میں جب افطاری شامل مصالحِ مسجد نہیں ہے تو جو شیرینی تقسیم کی جاتی ہے، شامل ہوگی یا نہیں۔

سائل: ڈپٹی صاحب منیجر لوکل کمیٹی

جامع مسجد اکبرآباد

## الجواب

**اللھم ارنا الحق حقا والباطل باطلا**

صورتِ مسئولہ میں اول تحقیق اس امر کی ضرور ہے، کہ وقف کی کیا تعریف ہے؟ اور کے (کتنی) قسم پر منقسم ہے؟ اور ہر قسم کے احکام جداگانہ ہیں یا ایک؟۔

لہٰذا جاننا چاہئے، کہ وقف جو شریعت میں حقیقتا وقف ہے، وہ مراد ہے کسی شے مملوکہ کی منفعت اور آمدنی سے، جو صدقہ کردی جائے، کسی مدِ خاص پر، مسجد پر، خواہ مدرسہ پر، فقراء پر، خواہ اغنیاء پر، بغرض تحصیل ثوابِ دائمی کے یا اصل شے کو بیع اور رہن وغیرہ تصرفات سے روک دیا جائے، باوصف باقی رہنے اصل شے کے ملکِ واقف پر بقول امامِ اعظم رحمہ اللہ یا ملکِ اللہ پر بقولِ صاحبین رحمہما اللہ۔ اور فتویٰ اسی قول پر ہے:

**کما فی الدر المختار فی صفحة ۳۹۱**

**الوقف هو حبس العين على حكم ملك الواقف والتصدق بالمنفعة عنده و عندهما هو حبسها على ملك الله تعالى و صرف منفعتها على من احب و لو غنيا فيلزم فلا يجوز له ابطاله ولا يورث عنه و عليه الفتوى ابن كمال و ابن الشحنة. و سببه ارادة محبوب النفس في الدنيا ببر الاحباب و في الآخرة بالثواب يعني بالنيته من اهلها[1]. الخ**

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ٦ : صفحه ٤٠٦ تا ٤٠٧، ملتقطاً مطبوعه دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

(ترجمہ: وقف' کسی چیز کو وقف کنندہ کی ملکیت کی شرط پر روک لینا اور اس کی منفعت کو صدقہ کرنا ہے۔ وقف کہ یہ تعریف حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہے۔ اور صاحبین کے نزدیک کسی چیز کو اللہ تعالیٰ کی ملکیت کی شرط پر روک لینا اور اسی کی منفعت اس شخص پر خرچ کرنا ہے' جس کو وقف کنندہ پسند کرے' اگرچہ وہ غنی ہو۔ جب وہ چیز واقف کی ملک سے نکل جائے گی تو وقف لازم ہو جائے گا۔ لہٰذا نہ اس کو باطل کرنا جائز ہے اور نہ ہی وہ واقف کی متروکہ میراث قرار پائے گا اور فتویٰ اسی قول پر ہے۔ ابن کمال ابن شحنہ۔ اس کا سبب دنیا میں دل کو محبوب شے سے دوستوں کے ساتھ نیکی کرنے کی نیت اور ارادہ کرنا اور آخرت میں ثواب کا ارادہ کرنا یعنی آخرت میں حصولِ ثواب کی نیت' اس کے اہل سے ہے)

اس قسم کے وقف کا یہی حکم ہے' کہ ایسے وقف کے متعدد واقف ہوں یا ایک' اگر اس نے کسی جہتِ معین پر وقف کیا ہے' مثلاً ایک مسجد بنوائی اور ایک مدرسہ' یا فقط مسجد اور فقط اس مسجد پر کچھ دوکانوں یا مکانوں یا زمین وغیرہ کو وقف کر دیا' یا فقط مدرسہ پر۔ تو مصارفِ مسجد سے کچھ آمدنی بچے (اسے محفوظ رکھا جائے) تو آمدنی وقفِ مسجد سے مدرسہ پر اور وقفِ مدرسہ سے مسجد پر' مخالفِ شرطِ واقف صرف کرنا ہرگز جائز نہیں۔

**کما فی صفحۃ ۲۱۶ من الجزء الخامس من البحر الرائق**

**اما اذا اختلف الواقف او اتحد الواقف و اختلفت الجهة بان بنى مدرسة و مسجدا و عين لكل وقفًا و فضل من غلة احدهما لا يبدل شرط الواقف**[1]

☆ (ترجمہ: جب وقف کنندہ کئی ایک ہوں' یا وقف کنندہ تو ایک ہی ہو' لیکن وقف کی جہات مختلف ہوں' اس طرح کہ ایک مدرسہ بنایا اور ایک مسجد بنائی' ہر ایک کے لیے علیحدہ وقف معین کر دیا۔ اگر ایک وقف کی آمدنی سے بچ رہا' تو وقف کنندہ کی شرط کو تبدیل نہ کیا جائے گا)

اور صفحہ ۴۱۸ درمختار میں ہے:

**اتحد الواقف والجهة وقل مرسوم بعض الموقوف عليه بسبب خراب وقف**

---

[1] البحر الرائق: جلد ۵ صفحہ ۲۳۴ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت.

Marfat.com

احدهما جاز للحاكم ان يصرف من فاضل الوقف الآخر عليه لأنهما كشئ واحد و ان اختلف احدهما بان بنى رجلان مسجدين او رجل مسجد او مدرسة وقف عليهما او قافا لا يجوز له[۱]

☆(ترجمہ: وقف کنندہ ایک ہواوراس نے کئی وقف کیے۔ لیکن ان تمام کی جہت ایک ہی ہواوران اوقاف میں سے کسی وقف کے ویران ہوجانے کے باعث کسی موقوف علیہ کے لیے وقف کے محصول میں کمی واقع ہوگئی' تو حاکم کے لیے جائز ہے کہ دوسرے وقف کی فاضل آمدنی سے اس پر خرچ کرے۔ کیوں کہ وہ دونوں وقف ایک چیز کی مانند ہیں۔ اوراگر دونوں یعنی وقف کنندہ اور جہت میں کوئی ایک مختلف ہومثلا دوآدمیوں نے دومسجدیں بنائیں یاایک آدمی نے ایک مسجداورایک نے مدرسہ بنایااوردونوں کے لیے مختلف وقف کیےتوحاکم کے لیےایسا کرنا جائزنہیں ہے)

چنانچہ بعینہ اسی عبارت سے استفادہ کر کے مولانا عبدالحی صاحب بھی صفحہ ۱۵۶ جلد دوم جواب اول استفتا ۶۸ میں تحریر فرماتے ہیں۔

ذلک قال الشامی رحمة الله علیه

قوله اتحد الواقف والجهة بان وقف و قفين على المسجد احدهما على العمارة والاخرى الى امامه أو موذنه والامام والموذن لا يستقر لقلة المرسوم للحاكم الدين ان يصرف من فاضل وقف المصالح والعمارة الى الامام والموذن باستصواب اهل الصلاة من اهل المحلة ان كان الوقف متحدا لان غرضه احياء وقفه و ذلک يحصل بما قلنا بحر عن البزازية[۲]

(ترجمہ: قولہ: وقف کنندہ اوروقف کی جہت ایک ہو۔ جیسا کہ ایک شخص نے دووقف ایک مسجد کے لیے کئے ایک

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۶ صفحه ۴۳۱' مطبوعه دار احیاء التراث العربی بیروت

[۲] i. فتاوی مولانا عبد الحی لکھنوی : جلد صفحه مطبوعه

ii. رد المحتار: جلد ۶ صفحه ۴۳۱' مطبوعه دار احیاء التراث العربی بیروت

مسجد کی آبادی کی خاطر اور دوسرا امام یا مؤذن کے لیے کیا' اور امام اور مؤذن وقف کے محصول میں کمی ہونے کے باعث نہیں ٹھہرتے۔ تو دین دار حاکم کے لیے جائز ہے کہ آبادی اور مصالح کے لیے وقف کردہ چیز کی فالتو آمدنی کو محلہ دار نمازیوں کے مشورہ کے ساتھ امام اور مؤذن کے لیے خرچ کرے' بشرطیکہ وقف متحد ہو۔ کیونکہ وقف کنندہ کی غرض اسے آباد رکھنا ہے اور یہ مقصود اسی طرح حاصل ہوسکتا ہے جو ہم نے بیان کیا ہے۔ بحر۔ بزازیہ)

اور غالباً وقفِ جامع مسجد ہذا اور اکبری مسجد وغیرہ اوقافِ شاہانِ سلف اور ان کے امراء' وزراء کو اسی قسم کا وقف سمجھ کر ہمارے مولانا مفتی مرحوم نے رجسٹر مشروعہ ۲۴ اکتوبر کے فتوی ۴۸ میں بموجب سوال ڈپٹی صاحب وسوداگر میر عبدالجلیل صاحب بلاحوالہ کسی کتاب کے تحریر فرمایا ہے۔[1]

☆ مدارس ومکاتب' واقعہء مساجد کے متعلق فقہاء علیہم الرحمۃ میں اختلاف ہے۔ بعض کا یہی مسلک ہے کہ آمدنِ مساجد سے مدارس ومکاتب میں صرف کرنا نہ چاہئے۔ اور بعض فقہاء رحمہم اللہ نے مدارس و مکاتب کو تعمیرِ باطن قرار دے کر جائز قرار رکھا ہے۔ چنانچہ غالباً بموجب اس فتوی کے ہمارے ممبروں کو مصارفِ متعلقہء مدرسہء جامع مسجد وغیرہ میں کچھ شبہات ہو رہے ہیں۔ مگر مجھ کو ایسی روایت باوصف تلاش نہیں ملی اور نہ ملنے کی امید ہے کہ جس میں بہ نسبت صرف کرنے ایسے وقف سے مدارسِ مستقلہ پر یا مدارسِ مسجد پر اختلافِ فقہا ثابت ہو۔ بلکہ بہ نسبت ایسے وقفِ معین کے بالاتفاق جمہور فقہاء یہی تحریر فرماتے ہیں ☆ کہ وقفِ معینِ مسجد کی فاضل آمدنی سے مدرسہ پر' وعلی ہذا اوقافِ معینہء مدرسہ کی فاضل آمدنی سے مسجد پر صرف کرنا مطلقاً جائز نہیں۔ اور اس تقدیر پر باوصفِ علم اس امر کے یہ اوقاف بالتعین فقط متعلق عمارت' بدھنے' بوریا مسجد کے ہیں متولیانِ اوقافِ مذکورہ آمدنیِ اوقافِ مسطور سے مدرسہ پر صرف کرنے سے ضرور گنہگار ہوں گے اور عنداللہ دین دار۔ اور ملازمینِ مدرسہ خواہ وہ مفتی ہوں یا مدرس ضرور نزدیک جمہور فقہا کے اور بموجب فتوی مذکورہ مفتی صاحب مرحوم' نزدیک بعض فقہاء کے نہ سہی مگر نزدیک بعض (دوسرے) فقہا کے ضرور حرام خور ٹھہریں گے۔

---

[1] یہ فتوی اس رجسٹر سے پہلے کسی اور رجسٹر میں ہوگا۔ نہ معلوم وہ کہاں ہے۔

Marfat.com

چنانچہ صفحہ ۴۱۳ ردالمحتار مصری میں ہے:

فان التهت عمارته و فضل من الغلة شئ يبدا بما هو اقرب للعمارة و هو عمارته المعنوية التى هى قيام شعائره قال فى الحاوى القدسى والذى يبدا من ارتفاع الوقف اى من غلته عمارته شرط الواقف اولا ثم ما هو اقرب الى العمارة و اعم للمصلحة كالامام للمسجد والمدرس للمدرسة يصرف اليهم قدر كفا تيهم ثم السراج والبساط كذلك الى آخر المصالح هذا اذا لم يكن معينا فان كان الوقف معينا على شىء و يصرف اليه بعد عمارة البناء[۱].

☆ (ترجمہ: اگر اس کی تعمیر مکمل ہو جائے اور آمدنی سے کچھ بچ رہے تو خرچ کا آغاز اس جہت سے کیا جائے گا جو اس کی تعمیر کے سب سے قریب ہو۔ اور یہ معنوی تعمیر (آبادی) ہے اور معنوی تعمیر اس کے علامات کا قیام ہوتا ہے۔ الحاوی القدسی میں فرمایا' وقف کی آمدنی کا خرچ وقف کی تعمیر پر کیا جائے گا۔ وقف کنندہ نے خواہ اس کی شرط لگائی ہو یا نہ۔ پھر اس جہت پر خرچ کیا جائے گا جو تعمیر کے قریب تر ہو اور اس کی مصلحت کے لیے عام تر ہو جیسے مسجد کے لیے امام' مدرسہ کے لیے استاذ ان پر اتنا خرچ کیا جائے گا جو ان کے لیے کافی ہو۔ اس کے بعد چراغ اور دری' فرش پر اسی طرح مصالح کے آخر تک خرچ کیا جائے گا۔ یہ اس صورت میں ہے جب کہ وقف معین نہ ہو اگر اسی جہت کے لیے معین ہو' تو عمارت بن چکنے کے بعد اس جہت پر خرچ کیا جائے گا)

اور صفحہ ۴۵۷ درمختار میں ہے:

ليس للقاضى ان يقرر وظيفة فى الوقف بغير شرط الواقف ولا يحل للمقرر له الاخذ الا النظر على الوقف باجر مثله[۲].

☆ یعنی قاضی کو نا جائز ہے کہ بغیر شرطِ واقف کے وقفِ معین سے کسی کا وظیفہ مقرر کرے۔ اور جس کا وظیفہ

---

[۱] رد المحتار : جلد ۳ صفحہ ۴۱۲ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[۲] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۳ صفحہ ۴۵۷ ایضا

Marfat.com

مقرر کیا جائے اس کو اس وظیفہ کا لینا حرام ہے ہرگز حلال نہیں۔ البتہ ناظر یعنی محافظ اور نگہبانِ وقف بقدر اپنی محنتِ محافظت کے اجرت لے سکتا ہے نہ کہ بطریق وظیفہ کے' کہ خواہ وہ کام کرے یا نہ کرے اور مستحقِ وظیفہ رہے۔

علی ہذا اگر محاسب اور جابی یعنی کرایہء وقف وصول کرنے والا' کہ ضرورت پڑے تو بقدرِ ضرورت ہر ایک کی محنت کے اندازہ پر ان کو آمدنیِ اوقافِ مذکورہ سے اجرت اور محنتانہ دے سکتا ہے۔

چنانچہ صفحہ ۴۵۷ شامی میں ہے:

**اعلم ان عدم جواز الاحداث مقید بعدم الضرورة کما فی فتاوی شیخ قاسم اماما ادعت الیه الضرورة واقتضت المصلحة کخدمة الربعة الشریفة وقراءة العشر والجبایة وشهادة الدیوان فیرفع الی القاضی ویثبت عنده الحاجة فیقرر من یصلح لذلک یقدر له اجر مثله او یاذن للناظر فی ذلک قال الشیخ قاسم والنص فی مثل هذا فی الولوالجیة. ابوسعود علی الاشباه[1].**

(ترجمہ: نیا وظیفہ کے مقرر کرنے کا عدمِ جواز اس صورت سے مقید ہے' جب کہ ضرورت نہ ہو' جیسا کہ فتاوی شیخ قاسم رحمۃ اللہ علیہ میں ہے لیکن اگر ضرورت ہو اور مصلحت کا تقاضا ہو مثلاً قرآن مجید کے اجزاء کی خدمت' کرایہ اور عشر کو جمع کرنا' رجسٹر کا معاینہ' تو معاملہ قاضی کے سامنے پیش کیا جائے اور ضرورت ثابت کی جائے وہ اس شخص کا تقرر کرے جو اس کام کی صلاحیت رکھتا ہو۔ اور اس کے لیے مثلی اجرت مقرر کرے تو یا متولی کو اس کی اجازت دے دے حضرت شیخ قاسم رحمہ اللہ نے فرمایا اس قسم کی جزئیات کی نص فتاوی ولوالجیہ میں ہے۔ **ابو سعود علی الاشباہ**)

☆ دوسری صورت اس وقف کی' جو حقیقتاً وقف ہے یہ ہے' کہ واقف کی جانب سے یہ امر ثابت ہو جائے کہ واقف نے کسی مصلحتِ خاصہ پر مثل صورتِ اول کے مثلاً فقط تعمیرِ شکست و ریختِ مسجد پر یا مصارفِ تیل بتی پر یا فقط وظائفِ امام و موذن پر وقف نہیں کیا تھا ☆ بلکہ واقف نے آمدنی ان اوقاف کو مطلق مصالحِ مسجد پر

---

[1] رد المحتار: جلد ۴ صفحہ ۴۳۵' ۴۳۶ مطبوعہ مطبعہ المصطفی البابی الحلبی مصر

Marfat.com

بالتصریح وقف کیا تھا۔ تو اندریں صورت مصلحتوں کا اعتبار بحسبِ عرفِ زمانہ وعادتِ واقف ہوگا۔ اگر عرف وعادتِ زمانۂ واقف معلوم نہ ہو تو عرف وعادتِ زمانۂ حال پر فتوی دیا جائے گا۔ اس واسطے کہ بصورتِ عدم مخالفتِ نص جو حکم عرف وعادت سے ثابت ہو، وہ مثل اسی حکم کے ہوتا ہے، جو نص صریح سے ثابت ہو۔

كما فى صفحه ۴۱۰ من الجزء الثالث للشامى:

☆ و فى شرح البيرى عن المبسوط ☆ان الثابت بالعرف كالثابت بالنص[1]

(ترجمہ: البیری کی شرح میں مبسوط سے ہے، کہ جو چیز عرف سے ثابت ہو، وہ ایسے ہی ہوتی ہے، جس طرح کہ کوئی چیز نص سے ثابت ہے)

☆ بلکہ رسالہ نشر العرف شامی علیہ الرحمۃ سے تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ اگر عرفِ زمانہء قدیم معلوم بھی ہو تو بہر صورت عرف وعادتِ زمانہء حال ملحوظ ہوگا۔ خصوصا ایسے اوقاف میں جن کا حال کچھ بھی معلوم نہیں۔

چنانچہ رسالہ نشر العرف میں علامہ محقق ابن عابدین رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں۔

و قد سمعناك ما فيه الكفاية فى اعتبار العرف والزمان واختلاف الأحكام باختلافه فللمفتى الآن ان يفتى على عرف اهل زمانه و ان خالف زمان المتقدمين و كذا للحاكم العمل بالقرائن فى أمثال ما ذكرناه حيث كان امرا ظاهرا[2]

یعنی جب بقدر کفایت کافی طور سے تم کو اعتبارِ عرف اور زمانہ کی کیفیت اور باعتبار اختلافِ زمانہ کے حکموں کے بدلنے کی حالت معلوم ہو چکی۔ تو اب مفتی کو لازم ہے، کہ گو عرفِ حال، متقدمین کے عرف کے مخالف ہو، مگر اپنے زمانہ کے عرف کے موافق فتوی دے۔ اور اسی طرح حاکم امورِ ظاہرہ دیکھ کر عمل قرائن حال پر کرے۔ بشرطیکہ مخالفِ نصِ صریح شارع علیہ الصلاۃ والسلام نہ ہو۔

☆ لہٰذا چوں کہ اعتبارِ مصالحِ مسجد موقوف عرفِ زمانہء حال پر ہے اور ظاہر ہے جو بھی کوئی وقف مصالحِ

---

[1] رد المحتار: جلد ۳ صفحه ۴۱۰ مطبوعه مكتبه رشيديه كوئٹه

[2] نشر العرف فى بناء بعض الأحكام على العرف (مشموله رسائل ابن عابدين) جلد دوم: صفحه ۱۲۸ مطبوعه سهيل اكيڈمى لاهور

Marfat.com

مسجد پر کرے گا وہ اعتبار مصالحِ مسجد کا امورِ غیر منصوصہ میں اپنے زمانہ کے عرف کے مواقف کرے گا۔ اگر وہ تمام مصلحتیں شرعاً جائز ہوں گی اور ان پر وقف کرنے سے واقف مستحق ثواب ہوگا۔ اور جن امور کو اہلِ زمانہ مخالفِ مصلحتِ مسجد سمجھیں ان کا وہ ہرگز لحاظ نہ کرے گا۔ اور ان کی طرف اس کا خیال بھی نہ ہوگا۔ لہٰذا جس زمانہ میں پنکھے رکھنے کو بھی موجب غفلت نمازیاں مسجد سمجھتے تھے۔

**کما هو ظاهر من مدخل الشريعة حيث قال**

**و يكره و ضع المرواح فى المسجد**[1]

(مسجد میں پنکھے رکھنے کو بھی داخلِ مصالحِ مسجد نہیں رکھا)

بعض نے روشنی قدرِ ضرورت کو مدنظر رکھ کر انتظامِ تیل بتی کو بھی مصالحِ مسجد سے خارج سمجھ لیا۔ کسی نے بلحاظِ اس امر کے کہ نماز زمین پر پڑھنا بہ نسبت نماز پڑھنے کے دری وغیرہ پر افضل ہے۔

**حيث قال الحلبى رحمه الله فى ۳۴۷ من الكبيرى**

**لكن الصلوة على الارض بلاحائل و على ما انبته الارض كالحصير و البوريا افضل لانه اقرب الى التواضع**[2]

(ترجمہ: لیکن نماز زمین پر بغیر کسی حائل کے اور ایسی چیز پر جو زمین سے اُگی ہو جیسے چٹائی اور بوریا' ادا کرنا افضل ہے۔ کیونکہ یہ تواضع کے زیادہ قریب ہے)

بہ نسبت غائتِ تواضع' فرشِ بوریہ وغیرہ کو بھی مصالحِ مسجد میں شامل نہ رکھا۔

---

[1] المدخل لابن الحاج جلد ۲ صفحہ ۲۱۷ مطبوعہ دار الحديث

نوٹ: مدخل کی اصل عبارت یوں ہے:۔

وقد منع علمائنا رحمة الله عليهم المرادح اذ ان اتخاذها فى المسجد بدعة

حضرت مصنف علیہ الرحمۃ نے روایت بالمعنی کی ہے۔ محمد علیم الدین عفی عنہ

[2] غنية المستلمى صفحه ۳۴۷ كتب خانه رحيميه ديوبند

Marfat.com

كما هو ظاهر من قول ابن نجيم رحمه الله فی صفحة ۲۱۲ من البحر الرائق الجلد الخامس :

فی القنية رقم لركن الدين الصباغی قال كتبت الی المشائخ ورمز للقاضی عبدالجبار و شهاب الدين الامامی هل للقيم شراء المراو ح من مصالح المسجد فقالا لا ثم رمز للعلاء الترجمانی فقال الدهن والحصير والمرواح ليس من مصالح المسجد و انما مصالحه عمارته ثم رمز لابی حامد و قال الدهن والحصير من مصالحه دون المراوح و قال يعنی مولانا بديع الدين هو اشبه للصواب و اقرب إلی غرض الواقف فقد تحرر ان الراجح كونهما من المصالح[1]

(ترجمہ: قنیہ میں امام رکن الدین صباغی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب یہ قول ہے کہ میں نے مشائخ یعنی قاضی عبدالجبار رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ شہاب الدین امامی رحمۃ اللہ علیہ کی جانب سوال لکھا کہ کیا متولی کے لئے جائز ہے کہ مصالحِ مسجد سے پنکھے خریدے۔ ان دونوں حضرات نے فرمایا نہیں۔ پھر علاء علاء الترجمانی رحمۃ اللہ علیہ کی جانب یہ قول منسوب فرمایا' کہ تیل' چٹائی اور پنکھے مصالحِ مسجد سے نہیں ہیں۔ پھر مولانا بدیع الدین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ قول درستی کے زیادہ مشابہ اور واقف کی غرض کے زیادہ قریب ہے۔ لہٰذا انہوں نے ان دونوں یعنی تیل اور چٹائی کو مصالح سے ہونے کے راجح ہونے کو عمدہ قرار دیا)

یعنی قاضی عبدالجبار و شہاب الدین امامی رحمہا اللہ سے جب مالِ وقف علی مصالحِ المسجد کی نسبت سوال کیا گیا کہ پنکھوں کا خرید کر مسجد میں رکھنا بھی داخل مصالحِ مسجد ہے تو انہوں نے فرمایا کہ نہیں۔ اس واسطے کہ مصالحِ مسجد کی درمختار سے یہ تعریف مفہوم ہوتی ہے' کہ جس کے نہ ہونے سے غرضِ بنائے مسجد' جو آبادئ مسجد ہے' ذکر اللہ کے ساتھ اور نماز و تذکیرِ مسائل دینی فوت ہو جائے۔

چنانچہ صفحہ ۴۱۶ درمختار میں ہے علامہ علاء الدین حصکفی رحمۃ اللہ تحریر فرماتے ہیں:

---

[1] البحر الرائق شرح كنز الدقائق: جلد ۵ ،صفحه ۲۲۸' ۲۲۹' مطبوعه دار المعرفه بيروت

Marfat.com

**انما یکون المدرس من الشعائر لو مدرس المدرسة کما مر اما مدرس الجامع فلا لانہ لا یتعطل لغیبته بخلاف المدرسة حیث تقفل اصلا۔**[1]

(ترجمہ: مدرس اس وقت شعائر سے ہوگا' جب وہ مدرسہ کا مدرس ہوگا۔ جیسا کہ پہلے گذر چکا۔ اگر جامع مسجد کا مدرس ہو تو وہ شعائر سے نہیں ہے۔ کیونکہ مسجد اس کے موجود نہ ہونے سے معطل نہیں ہوتی بخلاف مدرسہ کے کہ وہ مدرس کے بغیر بالکل مقفل ہو جاتا ہے)

یعنی مدرس کو جو شعائر اور مصالح میں شمار کیا ہے اس سے وہی مدرس مراد ہو سکتے ہیں جو مدرسہ کے مدرس ہوں نہ کہ مدرسِ مصالحِ مسجد۔ اس واسطے کہ مدرسِ مسجدِ جامع کے غائب ہونے سے مسجد معطل نہیں ہو سکتی بخلاف غیبتِ مدرسِ مدرسہ کے کہ ان کے بغیر مدرسہ مقفل ہو جائے گا۔

چنانچہ یہی سمجھ کر پنکھوں کے نہ ہونے سے مسجد معطل نہیں ہو سکتی' قاضی عبدالجبار اور شہاب الدین امامی رحمہما اللہ نے پنکھوں کو مصالح مسجد سے خارج سمجھ لیا۔ پھر جب یہ دیکھا گیا کہ جن مسجدوں میں پنکھوں کا' خصوصاً زمانہ گرمی میں' انتظام نہیں ہوتا نمازی کم ہو جاتے ہیں۔ اور آبادی کی کمی ہونے لگتی ہے۔ عام طور سے علماء نے اجازت دی دے۔ اور تمام مساجد میں عرفِ عام ہو گیا کہ جن میں آمدنی اوقاف ہے' اس آمدنی سے' ورنہ نمازی اپنے پاس سے پنکھوں کے انتظام کو عموماً مصالحِ مسجد سے سمجھتے ہیں۔ بلکہ بعض نے تو اکثر مساجد میں آمدنیٔ اوقافِ مسجد سے بجلی کی روشنی اور بجلی کے پنکھے جاری کیے ہیں' اور جو نئی مسجد اب بنی ہیں اور ان کے بانیوں نے ان پر جو وقف کئے ہیں انہیں اوقاف سے بغرض تحصیل ثواب اور کثرتِ نمازیانِ مسجد بجلی کے پنکھے اور بجلی کی روشنی بھی ساتھ ہی لگاتے ہیں۔ چنانچہ علامہ زین الدین بن نجیم رحمہ اللہ نے بھی اپنے زمانہ کے واقفوں کی عادت وعرف کو دیکھ کر پنکھوں کو بالتصریح مصالح مسجد سے شمار کیا ہے۔

چنانچہ کتاب الوقف الاشباہ والنظائر میں تحریر فرماتے ہیں:۔

**وقف علی المصالح فهی للامام والخطیب والقیم و شراء الدهن والحصیر**

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۳: صفحہ ۴۴۳' دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

والمراوح[۱]

(ترجمہ: اگر کسی نے کوئی چیز مسجد کے مصالح کے لیے وقف کی تو یہ امام، خطیب، متولی، تیل، چٹائیوں اور پنکھوں کی خریداری کے لیے ہے)

علی ھذا جن مسجدوں کی آمدنی اوقافِ صحیحہ جو حقیقتاً واقفوں کے مالِ مملوکہ سے وقف ہیں، بہت زیادہ ہے، اسی آمدنی سے وظیفہ مدرسینِ مسجد و طلبہ، مسجدِ مذکور کو اور ناظر و جابی یعنی محصل کرایہ اور محاسب اور نگہبانانِ مسجد اور فراش وغیرہ کو مصالحِ مسجد سے سمجھتے ہیں۔ اور یہ عرف اس قدر شائع ہو گیا کہ عرب سے ہند تک مسلسل ہے۔ اور مذکور کو مصالحِ مسجد سے تحقیقاً ہونا بہت واقفانِ حال سمجھنے لگے اور زمانہ علاء الدین حصکفی رحمہ اللہ صاحب درمختار بلکہ ان کے زمانہ سے بھی پہلے معلوم ہوتا ہے کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔[۲]۔۔۔۔ حالات واقفین، منتظم مسجد، امام، موذن خطیب، مدرس مسجد، فراش، روشنی کنندہ کو من جملہ مصالح مسجد یعنی عمارتِ باطنی مسجد سمجھنے لگے چنانچہ صفحہ ۴۱۰ درمختار میں ہے:۔

و یدخل فی وقف المصالح قیم

امام خطیب و الموذن یعتبر[۳]

الشعائر التی تقدم شرط ام لم یشرط بعد العمارة ھی امام و خطیب ومدرس وو قاد و فراش و موذن و ناظر و ثمن زیت و قنادیل و حصر و ماء و ضو و کلفة نقله للمیضاة[۴]

---

[۱] الاشباہ والنظائر: جلد اول: صفحہ ۳۰۱، ۳۰۲، ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی۔

[۲] رجسٹر فتاوی سے عبارت پڑھی نہیں جا سکی۔ مرتب عفی عنه

[۳] یہ شعر علامہ ابن وہبان رحمۃ اللہ علیہ کے منظومہ کا ہے جو انہوں نے علم فقہ میں لکھا اور اس سے آگے اس کی شرح سے منقول عبارت ہے جو علامہ شرنبلالی رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمائی۔ جیسا درمختار کی محولہ عبارت سے ماقبل عبارت سے عیاں ہوتا ہے۔ مرتب عفی عنه

[۴] الدر المختار مع رد المحتار جلد ٦ صفحہ ۴۴۳ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

قال الشامی رحمه الله:

قوله فی وقف المصالح. أی فیما لو وقف علی مصالح المسجد[1]

(ترجمہ: یعنی اگر وقف مصالحِ مسجد پر ہو تو مصالحِ مسجد میں منتظم اور متولی اور امام اور خطیب اور موذن اور مدرس اور روشنی کنندہ اور فراش اور ناظرِ وقف بھی داخل ہیں۔ اور مصارف تیل اور قندیل اور چٹائی اور آبِ وضو اور وضو کی جگہ تک آبِ وضو لانے کی اجرت بھی داخلِ مصالحِ مسجد ہیں)

اور بعینہ یہی مضمون صفحہ ۲۱۳ بحر الرائق میں ہے۔ علامہ ابن نجیم رحمہ اللہ اس طرح تحریر فرماتے ہیں۔

والذی یبتدا بہ من ارتفاع الوقف عمارتہ شرط الواقف اولا ثم ما ھو اقرب الی العمارۃ و اعم للمصلحۃ کالامام للمسجد و المدرس للمدرسۃ یصرف الیھم قدر کفایتھم ثم السراج والبساط کذلک إلی آخر المصالح و ظاھرہ تقدیم الامام والمدرس علی جمیع المستحقین بلا شرط والتسویۃ بالعمارۃ یقتضی تقدیمھما عند شرط الواقف انہ اذا ضاق ریع الوقف قسم علیھم بالحصۃ و ان ھذا الشرط لایعتبر و لکن تقدیم المدرس انما یکون بشرط ملازمتہ للمدرسۃ للتدریس الأیام المشروطۃ فی کل جمعۃ ولذا قال للمدرسۃ لان مدرسھا اذا غاب تعطلت بخلاف مدرس الجامع[2]

(ترجمہ: وقف کی آمدنی کے خرچ کا آغاز اس کی تعمیر پر کیا جائے گا۔ واقف نے خواہ اس کی شرط لگائی ہو یا نہ۔ زاں بعد اس مد میں خرچ کیا جائے گا جو عمارت کے سب سے زیادہ قریب ہو۔ اور جس کی مصلحت سب سے زیادہ عام ہو جیسا کہ مسجد کے لیے امام اور مدرسہ کے لیے مدرس۔ ان پر اتنا خرچ کیا جائے گا جو ان کے لیے کفایت کرے۔ اس کے بعد چراغ، دریوں، چٹائیوں سے لے کر مصالح کے آخر تک ترتیب سے خرچ کیا جائے گا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ تمام مستحقین سے مسجد کے امام اور مدرسہ کے مدرس کو بغیر شرط کے مقدم رکھا

---

[1] رد المحتار جلد ۶ صفحہ ۴۴۳ دار احیاء التراث العربی بیروت

[2] البحر الرائق جلد ۵ صفحہ ۲۳۰، ۲۳۱ دار المعرفۃ بیروت

Marfat.com

جائے گا۔ اور ان کو عمارت کے برابر مستحق قرار دینے کا تقاضا یہ ہے کہ اگر واقف نے شرط لگائی ہو کہ ان کو عمارت سے مقدم رکھا جائے تو مقدم رکھا جائے گا۔ اور جب وقف کی پیداوار کم ہو تو ان پر حصوں کے لحاظ سے تقسیم کی جائے گی اور مقرر حصہ کی شرط کا اعتبار نہ رہے گا۔ لیکن مدرس کو اس شرط پر تقدیم حاصل ہوگی جب کہ وہ ہر ہفتہ میں تدریس کے لیے مقرر دنوں میں تدریس کے لیے حاضر رہے۔ اور اسی لیے فرمایا "مدرسہ کا مدرس" کیونکہ جب مدرسہ سے اس کا مدرس غیر حاضر ہوگا تو مدرسہ معطل ہو جائے گا۔ جامع مسجد کے مدرس کی یہ کیفیت نہیں ہوتی)

الحاصل خلاصہ تحریرِ علامہ ابن نجیم رحمہما اللہ یہ ہوا کہ وقف علی المصالح میں آمدنیِ وقفِ مسجد سے خواہ واقف سے تصریح پائی جائے یا نہ پائی جائے بعد ضروریات تعمیرِ ظاہری مسجد اول امامِ مسجد کو بقدر کفایت دیا جائے گا۔ اور اگر وقف علی مصالح المدرسہ ہے تو بعد تعمیرِ مدرسہ مدرس کو دیا جائے گا۔ پھر مصارفِ چراغ، بتی، فرش وفروش وغیرہ میں خرچ کیا جائے گا۔ اور مدرسِ جامع مسجد داخلِ مصالحِ مسجد نہیں ہو سکتا۔ اس واسطے کہ اگر مدرسِ جامع غائب رہے مسجد کی آبادی میں کچھ فرق نہیں آ سکتا۔ بخلاف مدرسِ مدرسہ کہ بغیر حاضریِ مدرس مدرسہ بند ہی ہو جاتا ہے۔ اور تصریح اس امر کی بہت ہی واضح عبارتِ منقولہ صفحہ ۴۱۶ درمختار میں گزر چکی مگر منحۃ الخالق حاشیہ البحر الرائق مصری کے صفحہ ۲۱۴ میں علامہ شامی رحمہ اللہ تردید اس قول مذکور کی کہ مدرسِ جامع داخلِ شعائرِ مسجد نہیں ہو سکتا۔

شرح قول البحرا لرائق بخلاف مدرس الجامع میں اس طرح تحریر فرماتے ہیں۔

قال المقدسی رحمه الله انت خبیر بان ما ذکر لایشهد لما ادعی من الفرق بین المدرسة والجامع و غایة ما فیه ان الجامع الذی شرط تدریس اذا غاب مدرسه لم یقطع من حیث کونه مسجدا و یتعطل من حیث کونه مدرسة فیجب تقدیمه من هذه الحیثیة[۱] .

---

[۱] منحة الخالق حاشیه البحر الرائق: جلد ۵ صفحه ۲۳۱ دار المعرفه بیروت

Marfat.com

(ترجمہ: علامہ مقدسی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ تم کو معلوم ہے کہ جو کچھ بیان کیا گیا یہ ان کے اس دعویٰ پر شہادت نہیں دیتا' جو انہوں نے کیا ہے' کہ مدرسہ اور جامع مسجد کے مدرس میں فرق ہے۔ ان کی آخری بات یہ ہو سکتی ہے کہ وہ جامع مسجد جس میں واقف نے تدریس کی شرط لگائی ہو جب اس کا مدرس غیر حاضر ہو گا تو اس کی مسجد ہونے کی حیثیت تو ختم نہ ہو گی۔ لیکن اس کے مدرسہ ہونے کی حیثیت تو معطل ہو جائے گی۔ لہٰذا اس حیثیت کے پیش نظر اس مدرس کو مقدم کرنا ضروری ہے)

یعنی جس جامع مسجد میں تصریحِ واقف یا عرفِ حال سے بحسب کثرت وقلتِ آمدنیءِ وقف مدرسہ کا جاری رکھنا بھی ثابت ہو مدرس مدرسہ اور مدرس جامع میں فرق کرنے کی دلیل قائم نہیں ہوتی۔ اس واسطے کہ مدرسِ جامع کے غائب ہونے سے اگرچہ مسجدِ جامع کی جامعیت اور آبادی میں فرق نہیں آتا۔ مگر آبادیٔ مدرسہء مسجد میں تو ضرور فرق آ جائے گا۔ بلکہ مثل دیگر مدارس کے مدرس کے نہ ہونے سے مدرسہء مسجد جامع بھی معطل اور بند ہو جائے گا۔ لامحالہ مدرسِ جامع بھی داخلِ مصالحِ مسجد ہو گا۔

بہرنہج اگر تصریحِ واقف یا دلالتِ عرف سے مدرسِ جامع کا مصالح اور آبادیٔ مسجد سے ہونا ثابت ہو گا تو بالاتفاق مدرسِ جامع کو بھی آمدنیءِ وقف سے بقدر کفاف دینا جائز ہو گا۔ اور اگر ثابت نہ ہو جیسا کہ قولِ روایتِ درمختار اور بحر سے ظاہر ہے مگر مدرس کو اس صورتِ ثانی میں بھی آمدنیءِ وقف علی المصالح سے دینا ناجائز ہو گا۔ اور مدرس کو تنخواہ لینا حرام۔ پھر واعظ اور مفتی کو تو دینا اور واعظ اور مفتی کو مشاہرہ لینا بدیں صورت کسی طرح بھی جائز نہیں ہو سکتا۔ اس واسطے کہ بمبئی' کلکتہ' دہلی' الور' لاہور وغیرہ میں جو مساجدِ جدید وقدیم کم وبیش اوقافِ حقیقی رکھنے والی ہیں' بحسب ان کی آمدنی کے اگرچہ یہ عرف میں شائع وذائع ہو گیا ہے کہ وظائف یعنی تنخواہ و مشاہراتِ محاسب وفراش و چوکیدار' امام وموذن' خطیب ومدرسینِ مدرسہء مسجد اور نیز مصارفِ افطاری و شیرینیءِ ختم اور تیل اور بتی بوریہ بنکی اور نیز پاخانہائے متعلقہ' مسجد کو بھی واقفینِ حال مصالحِ مسجد سے سمجھتے ہیں اور بموجب ان سے عرفِ زمانہءحال کے بموجب روایت مذکورہ شر العرف اوقافِ مساجدِ قدیمہ بھی عمل درآمد ہو رہا ہے۔ مگر کسی شہر کی کسی مسجد اوقاف کثیرہ رکھنے والی میں واعظ اور مفتی کو ملازم رکھتے ہوئے دیکھا نہ

Marfat.com

سنا۔ اور مصالح مسجد سے واعظ اور مفتی کو جہاں تک میری نظر ہے کسی فقیہہ کو شمار کرتے ہوئے کسی بھی کتاب میں نہیں دیکھا۔ جو اوقاف متعلقہ مساجد بیت المال سے قرار دیے گئے ہیں ان سے ضروری وظیفہ مفتی اور علما اور طلبہ کے اب تک ضرورت نقل کی گئی ہے جس کا ذکر عنقریب آنے والا ہے۔ اور چوں کہ ملازمین اس قسم کے وقف کے جس کا ذکر ہو رہا ہے اجیر قرار دیئے گئے ہیں عند الفقہا بغیر کام کرنے کے مستحق مشاہرہ و اجرت معینہ نہ ہوں گے۔

چنانچہ صفحہ ۲۰۹ فتاویٰ حامدیہ میں ہے:

فی البحر لا یستحق الامن باشر العمل و فی الاشباہ قد اغتر کثیر من الفقہاء فی زماننا فاستباحوا معالیم الوظائف من غیر مباشرۃ الخ [1]

☆ (ترجمہ: البحر الرائق میں ہے' کہ جو شخص کام نہ کرے وہ مزدوری کا مستحق نہیں ہے۔ الاشباہ میں ہے' کہ ہمارے زمانہ کے بہت سے فقہاء کو دھوکا ہوا ہے انہوں نے مقررہ وظائف کو حاصل کرنا بغیر کام کیے مباح قرار دیا ہے)

مر النص قید فی صفحہ ۲۰۵

ما یاخذہ الناظر ھو بطریق الاجرۃ ولا اجرۃ بدون العمل بحر عن الخانیۃ.[2]

(ترجمہ: نگران جو وظیفہ پاتا ہے جو مزدوری ہوتی ہے۔ اور عمل کے بغیر مزدوری نہیں۔ محیط۔ خانیہ)

اگر ناظر و امام وغیرہ ملازمین وقف مذکور سے ایسے بیمار ہو جائیں کہ بالکل خدمت معینہ ادا نہ کر سکیں یا بوجہ سفرِ حج ادائے خدمتِ معینہ سے بالکل معذور ہیں' مستحقِ اجرت و مشاہرہ نہ رہیں گے۔

چنانچہ صفحہ ۴۴۷ جلد ثالث شامی میں ہے

ذکر الخصاف انہ لو أصاب القیم خرس أو عمی أو جنون أو فالج أو نحوہ من الأفات فإن أمکنہ الکلام والأمر والنہی والأخذ والإعطاء فلہ اخذ الاجر والا فلا قال

---

[1] تنقیح الفتاوی الحامدیۃ: جلد اول: صفحہ ۲۱۴ المکتبۃ الحبیبیہ کوئٹہ

[2] تنقیح الفتاوی الحامدیۃ: جلد اول: صفحہ ۲۱۳ المکتبۃ الحبیبیہ کوئٹہ

Marfat.com

الطرطوسی و مقتضاه ان المدرس و نحوه اذا اصابه عذر من مرض او حج بحیث لا یمکنه المباشرة لا یستحق المعلوم لانه ادار الحکم فی المعلوم علی نفس المباشرة فان وجدت استحق المعلوم والا فلا و هذا هو الفقه[۱]

(ترجمہ: امام خصاف رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا متولی کو اگر گونگا پن' اندھا پن' پاگل پن' فالج یا ان کی مانند امراض لاحق ہو جائیں' اگر اس کے لیے کلام کرنا' حکم دینا' روکنا' لینا اور دینا ممکن ہو تو اس کو اجرت حاصل کرنا جائز ہے ورنہ نہیں۔ اور علامہ طرطوسی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اس کا تقاضا یہ ہے کہ مدرس اور اس کی مانند لوگوں کو جب کسی بیماری یا حج پر روانگی کے باعث عذر لاحق ہو جائے' کہ وہ اپنے فرائض ادا نہ کر سکیں' تو مقررہ وظیفہ کے مستحق نہیں۔ کیونکہ مقررہ وظیفہ کے حصول کا دار و مدار عمل کرنے پر ہے۔ اگر عمل پایا گیا تو مقررہ وظیفہ کے مستحق ہیں ورنہ نہیں۔ اور یہی سمجھداری کی بات ہے)

یعنی منتظمِ وقف اور مدرس وغیرہ ملازمین کام کریں گے تو مستحق اجرت ہوں گے ورنہ کچھ نہ ملے گا۔ اور مدرس اور امام و موذن وغیرہ کے متعلق یہ حکم جب صحیح ہوگا جب بموجب مذہبِ متاخرین جوازِ اجرت کا بمعاوضہ قیدِ امامت اور تدریس کے کسی مسجد یا مدرسۂ خاص کے ساتھ جو قول مفتی بہ ہے' فتویٰ دیا جائے۔ اور اندریں صورت ان جملہ ملازمینِ مسجد' امام و مدرس' وغیرہ کی چھوڑی ہوئی تنخواہ' اگر یہ مر جائیں' اتنے دنوں کی' جن میں انہوں نے کام کیا ہے' ان کے ورثہ کو ضرور دی جائے گی۔ اور ایامِ تعطیل کی وضع کر لی جائے گی۔ اور بموجب مذہبِ متقدمین چونکہ وظائفِ امام و موذن و مدرسِ علوم دینیہ بطریق امداد سمجھی جاتی ہیں مثل صلہ کے بیت المال سے' لہٰذا ان کا چھوڑا ہوا وظیفہ بعد موت ان کے ورثا کو نہیں ملتا۔ البتہ ایام کام کرنے کا وظیفہ ان کو ضرور ملے گا' بوجہ ہونے اس وظیفہ کے بطریق امداد اور صلہ کے۔

چنانچہ صفحہ ۴۴۵ درمختار میں ہے:

مات المؤذن و الامام و لم یستوفیا و ظیفتهما من الوقف سقط لانه کالصلة کا

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۶ صفحہ ۴۹۰' ۴۹۱' ۴۹۲ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

لقاضی و قیل لا یسقط لانہ کالاجرۃ کذا فی الدرر قبیل باب المرتد و غیرھا قال المصنف ثمہ و ظاھرہ ترجیح الاول لحکایۃ الثانی بقیل قلت قد جزم فی البغیۃ تلخیص القنیۃ بانہ یورث بخلاف رزق القاضی کذا فی وقف الاشباہ و مغنم النھر[۱].

(ترجمہ: مؤذن اور امام مرگئے ۔وقف سے انہوں اپنا وظیفہ نہ پایا۔تو وہ وظیفہ ساقط ہوجائے گا۔کیونکہ ان کا وظیفہ عطیہ ہوتا ہے۔جس طرح کہ قاضی کا وظیفہ عطیہ ہوتا ہے۔بعض علماء نے فرمایا کہ مرنے سے وظیفہ ساقط نہیں ہوتا۔کیونکہ یہ مزدوری کی مانند ہوتا ہے۔الدرر کے باب المرتد سے تھوڑا پہلے اور دیگر کتابوں میں اسی طرح ہے۔حضرت منصف رحمۃ اللہ علیہ نے وہاں فرمایا' کہ ترجیح پہلے قول کو ہے۔کیونکہ دوسرا قول ''قیل'' کے ساتھ نقل کیا گیا ہے۔میں کہتا ہوں کہ ''البغیہ تلخیص قنیہ'' میں ہے کہ ان کا وظیفہ وراثت میں تقسیم ہوگا بخلاف قاضی کے وظیفہ کے۔الاشباہ کے وقف اور النھر کے کتاب المغنم میں اسی طرح ہے۔)

قال الشامی رحمہ اللہ :

قولہ فی البغیۃ فجزمہ بہ یقتضی ترجیحہ قلت و وجھہ ما سیذکرہ فی مسئلۃ الجامکیۃ ان لھا شبہ الاجرۃ و شبہ الصلۃ ثم ان المتقدمین منعوا اخذ الاجرۃ علی الطاعات و افتی المتاخرون بجوازہ علی التعلیم والاذان والامامۃ فالظاھر ان من نظر الی مذھب المتقدمین رجح شبہ الصلۃ فقال بسقوطھا بالموت لان الصلۃ لا تملک قبل القبض و من نظر مذھب المتاخرین و ھو المفتی بہ رجح شبہ الاجرۃ فقال بعدم السقوط و حیث کان مذھب المتاخرین ھو المفتی بہ جزم فی البغیۃ بالثانی بخلاف رزق القاضی فانہ لیس لہ شبہ بالاجرۃ اصلا اذلا قائل باخذ الأجرۃ علی القضاء و علی ھذا مشی الطرطوسی فی انفع الوسائل علی ان المدرس و نحوہ من اصحاب الوظائف اذا مات فی اثناء السنۃ یعطی بقدر ما باشر و یسقط الباقی[۲]

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۶ صفحہ ۴۹۰، ۴۹۱، ۴۹۲ دار احیاء التراث العربی بیروت

[۲] رد المحتار: جلد ۶: صفحہ ۴۹۱، دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

(ترجمہ: قولہ بغیہ میں ہے۔ صاحبِ درمختار کا اس پر جزم فرمانا' تقاضا کرتا ہے' کہ یہی حکم راجح ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اس کی وجہ وہ ہے جو منصف رحمۃ اللہ علیہ شاہی ملازمین اور لشکر کی تنخواہوں کے مسئلہ میں ذکر کریں گے' کہ ان کی مشابہت مزدوری سے بھی ہے اور عطیہ سے بھی۔ پھر متقدمین نے عبادات پر مزدوری لینے کو منع فرمایا ہے اور متاخرین نے تعلیم' اذان اور امامت پر اجرت کے جواز کا فتویٰ دیا ہے' تو ظاہر ہے' جس کی نظر متقدمین کے مذہب پر ہے اس نے عطیہ کے ساتھ مشابہت کو راجح قرار دیا۔ اور موت کے ساتھ اس کے سقوط کا قول کیا ہے۔ کیونکہ عطیہ قبضہ سے پہلے ملکیت میں نہیں آتا۔ اور جس نے متاخرین علماء کے مذہب کو دیکھا اور مفتیٰ بہ یہی ہے۔ اس نے اجرت کے ساتھ مشابہت کو راجح کہا اور فرمایا یہ موت سے ساقط نہیں ہوتا۔ اور چونکہ متاخرین کا مذہب مفتی بہ ہے' ''بغیہ'' میں دوسرے قول پر ہی جزم فرمایا۔ قاضی کا وظیفہ اس سے مختلف ہے کیونکہ اس کی مشابہت اجرت کے ساتھ بالکل نہیں ہے۔ کیونکہ قضا پر اجرت حاصل کرنے کا قائل کوئی بھی نہیں۔ علامہ طرطوسی رحمۃ اللہ علیہ نے ''النفع الوسائل'' میں اس کو اختیار کیا اور فرمایا مدرس اور اس کی مانند جن لوگوں کے وظائف مقرر ہیں' اگر وہ دوران سال مرجائیں' تو جتنا عرصہ کام کیا اس کی مزدوری دی جائے گی۔ اور باقی مقرر کردہ وظیفہ ساقط ہو جائے گا۔

☆ تیسری قسم وقف کی وہ وقف ہے جو بادشاہانِ سلف نے بیت المال سے اور ان کی اولاد اور ان کے امراء و وزراء نے جاگیروں سے' جو بیت المال سے رکھتے تھے ☆' مسجدیں بنا کر مساجد پر وقف کئے ہیں یا خانقاہوں پر کہ وہ بھی مآلاً بیت المال ہی سے وقف کرنے کا حکم رکھتی ہیں۔ ایسے اوقاف اگر مصلحتِ عامۂ مومنین پر وقف کئے گئے ہیں اور ان کا وقف کرنا صحیح ہے اور اس طرح کے وقف کرنے میں ضرور واقف مستحق اجر ہوں گے۔

چنانچہ صفحہ ۲۸۲ ردالمحتار میں ہے:۔

فی التحفة المرضیة عن العلامة قاسم من ان وقف السلطان لارض بیت المال صحیح[1]

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۳ صفحہ ۲۸۳' مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

(ترجمہ: التحفہ المرضیہ میں علامہ قاسم رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول منقول ہے کہ بیت المال کی زمین سے بادشاہ کا وقف کرنا درست ہے)

اور صفحہ ۴۳۰ درمختار میں ہے

**و لو وقف السلطان من بیت ما لنا لمصلحة عمت یجوز[۱]**

ترجمہ: اگر بادشاہ اہلِ اسلام کے بیت المال سے عمومی مصلحت کی خاطر وقف کرے تو وہ جائز ہے)

**و فی صفحة ۴۳۰ من الجزء الثالث رد المحتار**

**لان بیت المال معد لمصالح المسلمین فاذا ابده علی مصرفه الشرعی یثاب[۲].**

(ترجمہ: بیت المال مسلمانوں کی مصلحتوں کے لیے ہے۔ جب بادشاہ نے اس کو اس کے شرعی مصرف پر ہمیشہ کے لیے کر دیا' تو وہ ثواب پائے گا)

اسی میں ہے۔

**لعل مراده ای مراد العلامة القاسم من صحة الوقف انه لازم لا یغیر اذا کان علی مصلحة عامة کما نقل الطرطوسی رحمه الله عن قاضی خان من ان السلطان لو وقف ارضا من بیت مال المسلمین علی مصلحة عامة جاز قال ابن وهبان لانه ابده علی مصرفه الشرعی فقد منع من یصرفه من امراء الجور فی غیر مصرفه[۳].**

(ترجمہ: علامہ قاسم رحمۃ اللہ علیہ کی وقف کے صحیح ہونے سے مراد یہ ہے' کہ وہ وقف لازم ہو جائے گا۔ اور جب وہ عمومی مصلحت کے لیے وقف ہو تو اسے تبدیل نہ کیا جائے گا۔ جیسا کہ علامہ طرطوسی رحمۃ اللہ علیہ نے امام قاضی خان رحمۃ اللہ علیہ سے نقل فرمایا کہ بادشاہ بیت المال کی کوئی زمین عام مصلحت کے لیے وقف کرے تو جائز

---

۱۔ الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۶ صفحه ۴۶۷' دار احیاء التراث العربی بیروت

۲۔ رد المحتار: جلد ۳ صفحه ۴۶۷' دار احیاء التراث العربی بیروت

۳۔ رد المحتار: جلد ۳ صفحه ۲۸۳' مکتبه رشیدیه کوئٹه

Marfat.com

ہے۔امام ابن وھبان رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اس کی وجہ یہ ہے کہ اس نے اس زمین کو اس کے شرعی مصرف پر ہمیشہ کے لیے وقف کر دیا اور ظالم امراء کو اس کے مصرف کے علاوہ اور کاموں میں صرف کرنے سے روک دیا)

یعنی قاضی خان اور ابن طرطوسی اور علامہ قاسم رحمہم اللہ کی صحتِ وقفِ بیت المال سے یہی مراد ہے کہ جو وقف بیت المال سے مصلحتِ عامہء اہل اسلام پر کیا جائے وہ لازم ہے۔اس کو کوئی نہیں بدل سکتا۔

علامہ ابن وھبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کی وجہ یہ ہے' کہ واقف کی مراد اس وقف سے یہی ہے کہ مصارفِ شرعیہ متعلقہ' مصلحتِ عامہ پر یہ وقف ہمیشہ جاری رہے۔اور کوئی ظالم امیر امرائے ستم گر سے علاوہ مصارفِ معینہ شرعیہ اس کو دوسری جگہ صرف نہ کر سکے۔☆اور ظاہر ہے کہ جب وقفِ بیت المال میں شرطِ واقف تک ملحوظ نہیں ہوتی' پھر علاوہ مصلحت عامہ کوئی دوسرا شخص گو وہ امیر الاسلام ہی کیوں نہ ہو' دوسری جگہ اس کو کیوں کر صرف کر سکتا ہے۔البتہ اگر یہ ثابت ہو جائے کہ شاہانِ سلف یا ان کی اولاد یا ان کے امراء وزراء نے اپنے مالِ مملوکہ سے ان اوقاف کو وقف کیا ہے نہ کہ مال بیت المال سے' تو ضرور مصارف ان اوقاف میں شروطِ واقف کا لحاظ ہوگا۔اور جو احکام قسمِ اول وقف اور قسمِ دوم میں مذکور ہوئے حسب ثبوتِ نیت اور شرطِ واقف بالموجب عرفِ زمانہء حال' وہی احکام ان پر بھی جاری ہوں گے۔اور بصورتِ عدمِ ثبوت اور عدمِ علم اس امر کے یہ اوقاف مالِ مملوکہء سلاطین اور ان کے وزراء امرایا ان کی اولاد سے ہیں یا نہیں' ان پر وہی احکام جاری ہوں گے' جو اس پر جاری ہوئے ہیں' جن کا وقف کرنا مال بیت المال سے ثابت ہو۔بلکہ اسی وجہ سے بعض فقہاء نے تو یہی تحریر فرمایا کہ بیت المال سے اگر وقف کیا جائے وہ وقف ہی صحیح نہیں ہوتا۔مگر حقیقتاً اس قول سے ان کی غرض یہی ہے' کہ اس پر احکامِ وقف باعتبار مصارفِ وقف کے جاری نہیں ہوتے۔یہ مراد نہیں ہے' کہ وہ فی الواقع صحیح اور لازم ہی نہیں ہوگا۔ کما ظاھر من الروایات المذکورۃ.

اور میرے فتوی مرتبہ بمہور علماء ٹونک وغیرہ میں بھی اس قسم کی بہت سی روایات کے ساتھ موثق کرکے' میں نے جو یہ لکھا ہے کہ اوقافِ شاہانِ سلف حقیقتاً وقف نہیں ہیں بلکہ وظائفِ مرصودہء مخصوصہء علماء وطلبہ مالِ بیت المال سے ہیں میری یہی غرض ہے۔

Marfat.com

چنانچہ علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ رد المحتار مطبوعہ مصر صفحہ ۲۵۲ باب العشر و الخراج میں تحریر فرماتے ہیں:۔

و حیث ملکها بالشراء صح وقفه لها و تراعی شروط وقفه قال فی التحفة المرضیة سواء کان سلطانا او امیرا او غیرهما و ما ذکره الجلال السیوطی من انه لا یراعی شروطه ان کان سلطانا او امیر ا و انه یستحق ریعه من یستحق فی بیت المال من غیر مباشرة للوظائف فمحمول علی ما اذا وصلت الی الوقف با قطاع السلطان ایاه من بیت المال کما لا یخفی. الخ حاصله ان ما ذکره السیوطی لا یخالف ما قلنا لانه محمول علی ما اذا لم یعرف شراء الوقف لها من بیت المال بل و صلت الیه باقطاع السلطان لها ای بان جعل له خراجها مع بقاء عینها لبیت المال فلم یصح وقفه لها و لا تلزم شروطه بخلاف ما اذا ملکها ثم وقفها کما قلنا. قلت لکن بقی ما اذا لم یعرف شراء ہ لها لا عدمه فالظاهر انه لا یحکم بصحة و قفها لانه لا تلزم من وقفه لها انه ملکها و لهذا قال السید الحموی رحمة الله علیه فی حاشیة الاشباه قبیل قاعدة اذا اجتمع الحلال و الحرام مانصه و قد افتی علامة الوجود المولی ابو السعود مفتی السلطنة السلیمانیة بان اوقاف الملوک والامراء لا یراعی شرطها لانها من بیت المال او ترجع الیها و اذا کان کذلک یجوز الاحداث "اذا کان المقرر فی الوظیفة او المرتب من مصاریف بیت المال الخ" و لا یخفی ان المولی ابا السعود رحمة الله علیة ادری بحال اوقاف الملوک و مثله ما سیذکر الشارح فی الوقف عن المجیة عن المبسوط ان السلطان یجوز له مخالفة الشرط اذا کان غالب جهات الوقف قری و مزارع لان اصلها لبیت المال الخ. یعنی اذا کانت لبیت المال و لم یعلم ملک الواقف لها فیکون ذلک ارصادا لا وقفا حقیقة ای ان ذلک السلطان الذی وقفه اخرجه من یبت المال و عینه لمستحقیه من العلماء والطلبة و نحوهم

Marfat.com

عونالهم علی ما وصولهم الی بعض حقهم من بیت المال[1].

(ترجمہ: اور چونکہ وہ خریدنے کی وجہ سے مالک ہو گیا ہے لہٰذا اس کا اسے وقف کرنا صحیح ہے۔ اور اس وقف میں واقف کی شرائط کا لحاظ کیا جائے گا التحفۃ المرضیۃ میں فرمایا وہ خریدار خواہ بادشاہ یا امیر ہو یا ان دونوں کے علاوہ کوئی اور ہو۔ اور امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ "اگر اسے وقف کرنے والا بادشاہ یا امیر ہو تو اس کی عائد کردہ شرائط کا لحاظ نہ کیا جائے گا۔☆ اور اس کی آمدنی کا وہی بغیر کام کیے مستحق ہوگا جو بیت المال سے وظائف کا مستحق ہے" امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان فرمودہ حکم اس صورت میں ہے جب کہ وہ جائداد بادشاہ نے بیت المال سے وقف کنندہ کو بطور جاگیر عطا کی ہو جیسا کہ مخفی نہیں ہے۔

اس کا خلاصہ یہ ہے کہ امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے جو فرمایا وہ ہمارے قول کے مخالف نہیں ہے۔ کیوں کہ یہ حکم اس صورت پر ہے جب کہ وقف کنندہ کی خریداری بیت المال سے معلوم نہ ہو۔ بلکہ اس تک وہ جائداد بادشاہ بطور جاگیر عطا کرنے سے پہنچی ہو۔ اس طرح سے کہ اس کی آمدنی بادشاہ اس کو عطا کرے لیکن وہ جائداد بیت المال کی ہی رہے۔ تو اس صورت میں اس کا وقف صحیح نہیں ہے۔ اور نہ ہی وقف کرنے کی صورت میں اس کی مقرر کردہ شرائط لازم ہیں۔ لیکن اس صورت میں حکم مختلف ہوگا جب کہ وقف کنندہ اس کا مالک ہو پھر اس کو وقف کرے جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے۔

میں کہتا ہوں کہ اس صورت کا حکم باقی رہ گیا کہ پتہ نہ چلتا ہو کہ وقف کنندہ نے اسے خریدا ہے یا نہیں۔ تو ظاہر ہے اس صورت میں اس کے وقف کی صحت کا حکم نہ ہوگا۔ کیونکہ اس کے وقف کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ اس کا مالک بھی ہو۔ اسی لیے علامہ سید حموی رحمۃ اللہ علیہ " إذا اجتمع الحلال والحرام" قاعدہ سے پہلے یوں فرمایا ہے کہ علامۃ الوجود میں مولانا ابو السعود مفتی سلطنت سلیمانیہ رحمۃ اللہ علیہ نے فتویٰ صادر فرمایا کہ بادشاہوں اور امراء کے اوقاف میں ان کی عاید کردہ شرائط کا لحاظ نہ کیا جائے کیونکہ وہ اوقاف بیت المال سے ہوتے ہیں یا اس کی طرف لوٹ جاتے ہیں۔ جب صورتِ حالات یہ ہے تو وظیفہ یا تنخواہ کی مقررہ

[1] الدر المختار رد المحتار: جلد ٦: صفحہ ۲۲۵، دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

مقدار؟ اگر بیت المال سے ہو تو اس میں نیا وظیفہ یا تنخواہ مقرر کرنا جائیز ہے یہ امر مخفی نہیں ہے کہ مولانا ابوالسعود رحمۃ اللہ علیہ بادشاہوں کے اوقاف کے حالات کو سب سے بہتر جانتے تھے اور اس کی مانند عنقریب حضرت شارح (صاحب درمختار) رحمۃ اللہ علیہ کتاب الوقف میں محبیہ سے' اور صاحب محبیہ مبسوط سے یوں نقل کرتے ہیں' کہ جب وقف کی اکثر جہات دیہات اور کھیت ہوں تو بادشاہ کے لیے شرط کی مخالفت درست ہے۔ کیوں کہ اس کی اصل بیت المال سے ہے۔ یعنی جب اوقاف بیت المال کے ہیں اور معلوم نہیں کہ وقف کنندہ ان کا مالک تھا یا نہیں' تو یہ عطیہ ہوگا نہ کہ حقیقی وقف۔ یعنی جس بادشاہ نے اس کو وقف کیا' اس نے اس جائداد کو بیت المال سے نکالا اور اس کے مستحق افراد یعنی علماء' طلباء اور ان کی مانند افراد کے لیے معین کر دیا تاکہ ان کا حق جو بیت المال میں ہے اس سے ان کے کچھ حصہ پر رسائی کی مدد ہو جائے)

اور چونکہ بالاتفاق وقفِ بیت المال جو مصلحتِ عامہ علماء' فضلا' طلبہ' مفتی' واعظ' وغیرہ پر ہوتا ہے' لازم ہو جاتا ہے۔ اور اگر خاص طور پر بادشاہ یا امام اپنی اولاد پر وقف کرے لازم نہیں ہوتا۔ اور اس کو مجازاً بھی وقف نہیں کہا جاتا۔ بلکہ اس پر اطلاق لفظِ ارصاد کیا جاتا ہے۔ اور جو وقف مصلحتِ عامہ پر ہو۔ گو حقیقتاً اس پر بھی اطلاق لفظِ ارصاد کیا جاتا ہے مگر بوجہ لازم ہو جانے ایسے اوقاف کے مجازاً ان پر اطلاقِ لفظِ وقف صحیح ہے۔ اور اکثر علما نے ایسے اوقاف علیٰ مصلحتِ عامہ کو صحیح مانا ہے۔

علامہ شامی صفحہ ۲۸۲ جلد ثالث رد المحتار میں عبارت مذکورہ کے آگے تحریر فرماتے ہیں:

و لـذا لما اراد السلطان نظام المملكة برقوق فى عام نيف و ثمانين و سبع ماية ان ينـقـض هـذه الاوقـاف لكونها اخذت من بيت المال و عقد لذلک مجلسا حافلا حضره الشيخ سـراج الـديـن البـلـقيـنى والبرهان ابن جماعة و شيخ الحنفية الشيخ اكمل الدين شـارح الهـداية فـقـال البـلـقيـنى ما وقف على العلماء والطلبة لا سبيل الى نقضه لان لهم الـخـمـس اكثر من ذلک و ما وقف على فاطمة و خديجة و عائشة رضى الله تعالىٰ عنهن ينـقـض وافـقـه عـلـى ذلک الحاضرون كما ذكره السيوطى فى النقل المستور فى جواز

Marfat.com

قبض معلوم الوظائف بلا حضور ثم رايت نحوه فی شرح الملتقی ففی هذا تصریح بان اوقاف السلاطين من بيت المال ارصادات لا أوقاف حقيقة و ان ما كان منها على مصاريف بيت المال لا ينقض بخلاف ما وقفه السلطان على اولاده او عتقائه مثلا و انه حيث كانت ارصادا لا يلزم مراعاة شروطها لعدم کو نها و قفا صحيحا (أی حقيقة) فان شرط صحته ملك الواقف والسلطان بدون الشراء من بيت المال لا يملكه و قد علمت موافقة العلامة الاكمل على ذلك و هو موافق لما مر عن المبسوط و عن المولى ابی السعود و لما سيذكره الشارح فی الوقف عن النهر[1].

(ترجمہ: اور اسی لیے جب سلطان نظام المملکت برقوق نے سن سات سو اسی سے کچھ سال بعد ارادہ کیا کہ ان اوقاف کو توڑ دیا جائے کیونکہ وہ بیت المال سے لیے گئے تھے تو اس کے لیے اس نے ایک بیت بڑی مجلس قائم کی۔ شیخ سراج الدین بلقینی شیخ برہان بن جماعہ اور شیخ الحنفیہ شیخ اکمل الدین شارح ہدایہ بھی اس مجلس میں شریک ہوئے۔ حضرت شیخ بلقینی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا جو اوقاف علماء اور طالب علموں کے لیے ہیں ان کے توڑنے کی کوئی صورت نہیں ہے۔ کیونکہ ان کا حصہ خمس ہے جو اس سے زائد بنتا ہے۔ اور جو حضرت فاطمہ' حضرت خدیجہ' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہن پر وقف ہیں ان کو توڑ دیا جائے۔ حاضرین نے اس پر ان سے موافقت کی۔ جس طرح کہ علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "النقل المستو فی جواز بعض معلوم الوظائف بلا حضور" میں ذکر کیا۔ پھر میں نے الملتقی کی شرح میں اسی طرح دیکھا۔ اس میں تصریح ہے کہ بادشاہوں کے بیت المال سے وقف عطیات ہوتے ہیں۔ وہ حقیقی اوقاف نہیں ہوتے۔ اور ان میں جو بیت المال کے مصارف کے پر خرچ کے لیے وقف ہوں' ان کو ختم نہیں کیا جائے گا۔ لیکن اگر بادشاہ نے اپنی اولاد یا اپنے آزاد کردہ غلاموں اور ان کی طرح اور لوگوں پر وقف کیا تو چوں کہ وہ عطیات ہوتے ہیں لہٰذا ان کی شرائط کا لحاظ کرنا ضروری نہیں۔ کیونکہ یہ اوقاف درحقیقت صحیح وقف نہیں ہوتے اس لیے کہ وقف کے

---

[1] الدر المختار رد المحتار: جلد ٦ صفحه ٢٢٦' دار احياء التراث العربی بيروت

Marfat.com

صحیح ہونے کے شرط یہ ہے کہ وقف کرنے والا اس کا مالک ہو۔ اور بادشاہ اس وقت تک مالک نہیں ہوتا جب تک کہ وہ اسے بیت المال سے خرید نہ لے۔ اور تمہیں اس مسئلہ پر علامہ اکمل الدین کی موافقت کا علم ہو چکا اور وہ مبسوط اور مولانا ابوالسعو درحمۃ اللہ علیہ کے بیان کردہ جزئیہ کے موافق ہے۔ اور یہ اس کے بھی موافق ہے جو حضرت شارح (صاحب درمختار) رحمۃ اللہ علیہ کتاب الوقف میں النہر سے نقل فرمائیں گے)

خلاصہ: یعنی شیخ سراج بلقینی اور برہان بن جماعہ اور شیخ الحنفیہ اکمل الدین شارح ہدایہ فرماتے ہیں کہ اوقاف سلاطین جو مصارف بیت المال پر وقف کئے گئے ہوں ان کو کوئی موقوف نہیں کر سکتا۔ البتہ جو انہوں نے اپنی اولاد وغیرہ پر وقف کئے ہیں وہ ٹوٹ سکتے ہیں۔

اسی واسطے علامہ شامی رحمہ اللہ صفحہ ۲۰۹ اور صفحہ ۲۱۰ فتاوی حامدیہ مطبوعہ مصر میں بحوالہ رسالہ ''نقل المستور'' سیوطی رحمہ اللہ اور شرح وہبانیہ اور معین المفتی وغیرہ تحریر فرماتے ہیں:

افتی علامة الوجود المولی ابو السعود رحمه الله مفتی السلطنة السلیمانیة بان اوقاف الملوک والامراء لا یراعی شروطها لانها من بیت المال و ترجع الیه من حاشیة الاشباه قبیل قاعدة اذا اجتمع الحلال والحلال و ذکر السیوطی رحمه الله فی رسالة نقل المستور فی جواز قبض المعلوم من غیر حضور بانه افتی جمیع علماء ذلک العصر کالسبکی و ولدیه والزملکانی و ابن عدلان و ابن المرجل و ابن جماعة والاوزاعی والزرکشی والبلقینی و الاسنوی وغیرهم بان هذه ارصادات لا اوقاف حقیقة فللعلماء المنزلین ان یاکلوا منها و ان لم یباشرو وظائفهم الخ. و فی شرح الوهبانیة ما یاخذه الفقهاء من المدارس لا اجرة لعدم شروط الاجارة ولا صدقة لان الغنی یا خذها بل اعانة لهم علی حبس انفسهم للاشتغال حتی لو لم یحضروا الدرس بسبب اشتغال او تعلیق جاز اخذهم الجامکیة معین المفتی من آخر کتاب الوقف[1]

---

[1] تنقیح الفتاوی الحامدیه: جلد اول صفحه ۲۱۸، ۲۱۹ المکتبة الحبیبة کوئٹه

Marfat.com

خلاصہ ترجمہ: یعنی علامہ عصر مولانا ابوسعود رحمہ اللہ مفتی سلطنت سلیمانیہ اور علامہ تاج الدین سبکی اور ان کے دونوں صاحبزادوں اور علامہ زملکانی اور علامہ ابن عدلان اور علامہ ابن مرجل اور علامہ ابن جماعہ اور امام اوزاعی اور علامہ زرکشی اور علامہ بلقینی اور علامہ اسنوی وغیرھم رحمھم اللہ علماءِ مشاہیر زمانہ کا اس امر پر اتفاق ہے 'کہ اوقافِ سلاطین گو ان کو مجازاً وقف کہا جاتا ہے اور باعتبار لزوم اور صحت کے ان پر حکم وقف کیا جاتا ہے مگر حقیقتاً یہ وظائفِ محفوظہ مرصودہ ان علماء طلباء واعظین ومفتیانِ دینِ متین ہیں جن کو اوقاف سے تعلق ہو۔ اسی واسطے اگر شرطِ واقف معلوم بھی ہو اس کا لحاظ نہیں کیا جاتا۔ اور اگر عرصہ تک خدمتِ وظیفہ متعلقہءِ وقفِ مذکورہ کی جگہ خالی رہے اور ایک زمانہ تک وہ وظیفہ جمع رہا ہو علماءِ منزلین یعنی ان علماء کو جو اس وظیفہ پر معین ہوں بغیر کام کئے ہوئے اس وظیفہ سے کھانا درست ہے۔

اور جو کچھ وظیفہ اوقاف مذکورہ سے علماء وفقہا کو ملتا ہے بسبب نہ پائے جانے شروطِ اجارہ کے نہ بطریقِ اجرت ملتا ہے اور نہ بطریقِ صدقہ اس واسطے کہ صدقہ حق مساکین کا ہے۔ اور یہ وظیفہ ان علماء وفقہا کو بھی جو غنی اور مال دار ہوں اگر اکثر اوقات خدمتِ دین میں صرف کریں لینا جائز ہے۔ لامحالہ ان کو اس امر کی اعانت اور امداد کی وجہ سے ملتا ہے جو وہ خدمتِ دین میں مشغول رہے ہیں۔ لہٰذا وہ اگر کبھی بہ سبب مشغولیٔ امرِ دینی یا تعلقِ ذاتی کے حاضرِ مدرسہ اور اپنی خدمت معینہ پر نہ ہوں تو ان کو اپنا وظیفہء معینہ لینا جائز ہے۔ پھر یہ اوقاف مدرسہ پر ہوں یا مسجد پر سب کا حکم وہی ہے جو وظائفِ معینہ کا ہوتا ہے بیت المال سے۔ چنانچہ علامہ ابن نجیم رحمہ اللہ مصنف الاشباہ والنظائر صفحہ ۱۱۸ جلد خامس بحر الرائق میں تحریر فرماتے ہیں کہ مالِ بیت المال مصالحِ مسلمین میں صرف کیا جاتا ہے۔ بیانِ مصالح میں تحریر فرماتے ہیں۔

إن المصالح بناء المساجد والنفقة عليها فيدخل فيه الصرف على اقامة شعائرها من وظائف الامامة والاذان و نحوها و فى المحيط ان هذا النوع يصرف الى ازراق الولاة واعوانهم و ازراق القضاة والمفتين والمحتسبين والمسلمين و كل من تقلد شيئا من امور المسلمين و الى مافيه صلاح المسلمين و فى التجنيس ذكر من المصارف

Marfat.com

المعلمين والمتعلمين فقال فی فتح القدير وبهذا يدخل طلبة العلم بخلاف المذكورين هنا لانه قبل ان يتاهل عامل لنفسه لكن يعمل بعده للمسلمين و فی فتاوی قاضی خان من الحظر والاباحة سئل الرازی من بيت المال هل للاغنياء فيه نصيب قال لا الا ان يكون عاملا او قاضيا و ليس للفقهاء فيه نصيب الافقيه فرغ نفسه لتعليم الناس الفقه أو القرآن فيحمل ما فی التجنيس علی ما اذا فرغ نفسه لذلک بان صرف غالب اوقاته فی العلم و ليس مراد الرازی الاقتصار علی العامل اوالقاضی بل اشار بهما الی كل من فرغ نفسه لعمل المسلمين فيدخل الجندی والمفتی فيستحقان الكفاية مع الغنی[۱]

و فيه بعد اسطر

فی مال الفتاوی لكل قاری فی كل سنة مائتا دينار اوالفا درهم ان اخذها فی الدنيا والاخذها فی الآخرة والمراد بالقاری المفتی لما فی الحاوی القدسی ولم يقدر فی ظاهر الرواية قدر الأرزاق والأعطية سوی قوله ما يكفيهم وذراريهم وسلاحهم وأهاليهم و ما ذكر فی الحديث لحافظ القران وهو المفتی اليوم مائتا دينار [۲]

و قال الشامی و هو المفتی اليوم لانهم كانوا يحفظون القرآن و يعلمون الاحكام[۳]

(ماحصل ترجمہ عبارت مذکور) یعنی جب اوقاف سلاطین وامراء وغیرہ جن کا کچھ حال معلوم نہیں، وہ باتفاقِ فقہاءِ محققین حکم اسی وقف کا رکھتے ہیں، جو وقفِ بیت المال سے مصلحتِ عامہ پر کیا جائے۔ اوران اوقاف میں شرطِ واقف بھی اگر مصرفِ خاص پر ہو ملحوظ نہیں ہوتی۔ اورداخل مصلحتِ عامۂ اہل اسلام بناءِ مسجد اور شعائراور مصالحِ مسجد بھی ہیں جن کا ذکر بموجب عرف وروایاتِ کتبِ معتبرہ قسم دوم وقف علی مصالح المسجد

---

۱ البحر الرائق شرح كنز الدقائق : جلد ۵ صفحه ۱۲۷ دار المعرفة بيروت

۲ البحر الرائق شرح كنز الدقائق : جلد ۵ صفحه ۱۲۸ دار المعرفة بيروت

۳ ايضا

Marfat.com

بلا قید کے مصلحتِ خاصہ میں بتفصیل ہو چکا۔ اور چونکہ مصالح ضروریہ عامہء اہلِ اسلام سے بالاتفاق مفتی اور واعظ اور محتسب اور محاسب وقف بھی ہیں۔ لہٰذا علامہ زین الدین ابن نجیم اور علامہ ابن عابدین شامی علیہما الرحمۃ اپنی کتاب البحر الرائق و ردالمحتار میں اور نیز علامہ قاضی خان اپنے فتاوی میں تحریر فرماتے ہیں کہ عالمِ فقہ جو اکثر اوقات مشغول علمِ دین میں اور مفتی، واعظ، قاضی، طلباءِ علم، یعنی وقف کے متعلق بحسبِ ضرورت جو کام کرنے والے ہیں، خواہ وہ غنی ہوں اگر وہ مشغول خدماتِ دینی اہلِ اسلام رہیں، سب کو بلالحاظ شرطِ واقف ان کو وظیفہ دیا جائے گا۔ اور اگر وہ اکثر اوقات اور بغیر کسی سے کچھ اجرت ٹھہرائے کارِ دینی پر امورِ دینی میں مشغول رہیں اور کسی وقت اپنی خدمت متعلقہء وقف پر حاضر بھی نہ ہوں، حقدار اپنے وظیفہ معینہ کے رہیں گے۔ اور من جملہ متعلقین وقفِ علامہ شامی اور صاحب البحر الرائق تحریر فرماتے ہیں، کہ بتصریح حدیث مفتی کو سالانہ دو سو دینار یا دو ہزار درہم دیا جائے گا۔ اور اگر اس قدر وظیفہ معینہ سے اس کو دنیا میں نہ دیا جائے گا۔ آخرت میں مانعین سے لین دار رہے گا۔

اور چونکہ کہ درہمِ شرعی بموجبِ تحقیق مولانا شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ، مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی و مولانا قاضی ثناء اللہ پانی پتی اور نواب قطب الدین صاحب صاحبِ مظاہر حق اور صاحبِ کشف الغطاء وغیرہ محققین علمائے ہند ۳ ماشہ ایک رتی اور رتی کا پانچواں حصہ ہوتا ہے لہٰذا کلدار روپیہ سے خدمتِ افتاء کا وظیفہ مفتی کا تقریباً ۲۷ روپیہ کلدار ماہوار ہوا۔ اور دوسرے کارگزاران خدمتِ دینِ متینِ علماء، فضلاء، مدرس واعظ کے متعلق علامہ ابن نجیم صاحب البحر الرائق و مصنف الاشباہ والنظائر ۱۱۸ میں تحریر فرماتے ہیں ☆ کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مستحقین بیت المال علماء، فضلاء، مدرسین وغیرہ کو برابر ان کی کفایت کے اور ضرورت کے موافق دیا کرتے تھے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بقدرِ حاجت اور ان کے علم و فضل کے مطابق دیا کرتے تھے۔ وھذہ نصہ

وفی القنیة من کتاب الوقف کان ابوبکر رضی اللہ عنہ یسوی فی العطاء من بیت المال و کان عمر رضی اللہ عنہ یعطیھم علی قدر الحاجة و الفقه و الفضل[1] .

---

[1] البحر الرائق شرح کنز الدقائق : جلد ۵ صفحہ ۱۲۸ دار المعرفہ بیروت

Marfat.com

☆(ترجمہ: قنیہ کی کتاب الوقف میں ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سب کو برابر عطیات دیا کرتے تھے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ضرورت' فقہ اور بزرگی کے اندازے پر دیا کرتے تھے)

پھر فرماتے ہیں ہمارے زمانہ میں عمر رضی اللہ عنہ کا اتباع کرنا اس امر میں بہت بہتر ہے۔

حیث قال رحمہ اللہ:

و الا خذ بما فعله عمر رضی الله عنه فی زماننا احسن[1]

(ترجمہ: ہمارے زمانہ میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عملِ مبارک کو اختیار کرنا احسن ہے)

علاوہ بریں بجز تعیین تنخواہِ مفتی کے کسی کی نسبت باوجود تلاشِ تام' تعین مشاہرۂ معینہ کے کوئی روایت نہیں ملتی۔ البتہ روایات مذکورہ صفحہ ۱۱۸ جلد خامس البحر الرائق سے جو ابھی نقل ہو چکی ہے یہ بات ضرور سمجھی جاتی ہے کہ وہی مفتی اور واعظ اور مدرس وغیرہ باوصف غنی ہونے کے مستحق وظائف کے آمدنی اس قسم کے اوقاف سے ہو سکتے ہیں جو اکثر اوقات مشغول علومِ دینی رہیں۔ مع ہذا وہ لوگ جو مشغول خدماتِ ضروریہ دینی اہلِ اسلام کے رہتے ہیں نہ وہ لوگ جو اکثر اوقات مشغولِ تعلیم علومِ دنیوی یا دیگر امور دنیوی رہیں۔ چنانچہ وہ علماء' طلبہ جو اکثر اوقات مشغولِ تعلیم و تعلم محض علومِ فلسفہ وریاضی و منطق و ہیأت و ہندسہ و حساب وغیرہ رہیں' بیت المال سے مستحق وظیفہ نہیں ہو سکتے۔ البتہ علمِ صرف ونحو وعلمِ ادب جن کا سیکھنا تحصیل علوم دینی کے واسطے ضروری ہے' وہ علوم حسبِ ضرورت بالتبع داخلِ علومِ دینی رکھے گئے ہیں اور اس قدر ان علوم کا سیکھنا سکھانا داخلِ علومِ دینیہ اکثر فقہاءِ محققین نے سمجھا۔ چنانچہ بحث مصارف بیت المال میں شرح عبارتِ درمختار ''و کفایة العلماء'' الخ میں علامہ ابن عابدین رحمہ اللہ صفحہ ۳۹۷ ردالمحتار مطبوعہ مصر میں تحریر فرماتے ہیں۔

هم اصحاب التفسير والحديث والظاهر ان المراد بهم من يعلم العلوم الشرعية فيشمل الصرف والنحو وغيرهما حموی عن البرجندی.[2]

(ترجمہ: علماء سے مراد اصحاب تفسیر و حدیث ہیں۔ ظاہر ہے ان سے مراد وہ لوگ ہیں جو علومِ شرعیہ سکھاتے

---

[1] البحر الرائق شرح كنز الدقائق : جلد ۵ صفحه ۱۲۸ دار المعرفه بيروت
[2] رد المحتار جلد ۲ صفحه ۲۶۳ دار احياء التراث العربی بيروت

Marfat.com

ہیں۔لہٰذا یہ صرف' نحو وغیرہ علوم کو شامل ہے۔حموی'۔برجندی)

اور جب روایاتِ مذکورہ سے یہ امر ثابت ہو گیا' کہ مستحق وظائف کے آمدنیٔ قسم ثالث وقف سے وہی علماء' طلباء' مفتی' واعظ' مدرسین علومِ دینی وغیرھم ہیں' جو اکثر اوقات مشغول خدمتِ دینی رہیں۔خواہ وہ غنی ہوں یا فقیر۔اوران کو جو دیا جاتا ہے نہ بطریقِ صدقہ کے دیا جاتا ہے اور نہ بطریق اجرت کے۔اسی واسطے اگر وہ کبھی اپنی خدمتِ معینہ دینیہ پر نہ بھی آئیں مستحقِ وظیفہ رہتے ہیں۔اور جس قدر ان کے وظائف شرعاً مقرر ہیں اور بوجہ اکثر اوقات مشغول رہنے کے امورِ دینیہ میں' جس قدر مستحق ہیں' اگر ان کو نہ دیا جائے تو قیامت تک اس کے لینے کے وہ حق دار ہیں۔اور اسے ان کے حقوق کو زیادہ یا کل کے روکنے والے قیامت تک دین دار۔اور یہ بھی ثابت ہو چکا کہ جس قسم کے مالِ بیت المال سے علماء' طلباء فضلاء مستحق ہیں اس قسم کے مال سے مسجد بھی بنا سکتے ہیں۔اور مسجد کے مصالح اور شعائر پر بھی اس سے خرچ کر سکتے ہیں۔چنانچہ جنہوں نے مال بیت المال سے وقف کرنے کو صحیح لکھا ہے اس کے یہی معنے ہیں کہ مصالحِ مسلمین پر اگر وقف کیا جائے چونکہ وہ مال مصالح مسلمین کے واسطے مخصوص ہے' جائز ہے۔اور جنہوں نے بیت المال سے وقف کرنے کو ناجائز اور وقفِ غیر صحیح لکھا ہے' اس کے یہی معنی ہیں' کہ ایسے وقف میں شروطِ واقف اگر معلوم بھی ہوں ان کا لحاظ نہیں کیا جاتا۔اور آمدنی ایسے اوقاف کو اگر وہ مخصوص کسی مسجد یا خانقاہ کے ساتھ بھی ہوں' مصالحِ مسلمین سے نہیں روکا جاتا۔تو یہ امر اچھی طرح واضح ہو گیا کہ جہاں افطاریٔ صائمینِ رمضان کو اور تقسیمِ شرینی کو ختمِ قرآن کی شب میں علیٰ ھذا اور جن امور کو موجبِ مصلحتِ اہلِ اسلام اور باعثِ ترقیٔ نمازیانِ مسجد یا باعتبار عرفِ عام کے سمجھتے ہوں اور فی الواقع ان امور میں مصلحت و ترقی اہلِ اسلام اور رونقِ اسلام اور اہلِ اسلام شرعاً ہو تو بلاشبہ آمدنی اس قسم کے اوقاف سے ایسے امور میں صرف کرنا بھی جائز ہے۔

☆ اب بعد تکمیلِ جواب بغرضِ توضیح وافادۂ عاملینِ اوقاف مذکورہ چند روایاتِ ضروریہ اور لکھ دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔اول یہ کہ وقف بیت المال کی آمدنی اگر کم ہو جائے اور جملہ مستحقوں کو کافی نہ ہو سکے تو اول بقدرِ تعمیر وقف پر اور درستیٔ شکست و ریختِ امکنۂ وقف پر صرف کیا جائے اور اگر وہ وقف علی المسجد

Marfat.com

ہو تو بعدہ مصالح ضروریہ مسجد میں کہ وہ امام اور خطیب اور مدرس اور روشنی کرنے والے فراش اور موذن اور ناظر ہیں اور قیمتِ قندیل اور تیل اور فرشِ بوریہ وغیرہ اور وضو کا پانی بھرنے والے ان مصارف میں خرچ کیا جائے چنانچہ صفحہ ۲۱۵ جلد خامس البحر الرائق میں ہے

فتحصل ان الشعائر التی تقدم فی الصرف مطلقا بعد العمارة الامام والخطیب والمدرس والوقاد والفراش والموذن والناظر و ثمن القنادیل والزیت والحصر و یلحق بثمن الزیت والحصر ثمن ماء الوضوء واجرة حمله و کلفة نقله من البئر الی المیضاة[1]

(ترجمہ: ماحصل یہ ہے کہ تعمیرِ وقف کے بعد جن شعائر پر وقف کی آمدنی کے خرچ کرنے کو مقدم کیا جائے گا وہ یہ ہیں (۱) امام (۲) خطیب (۳) مدرس (۴) چراغ جلانے والا (۵) صفیں بچھانے والا خادم (۶) نگران (۷) لالٹینوں کی قیمت (۸) تیل (۹) چٹائیاں (۱۰) تیل اور چٹائیوں کی قیمت کے ساتھ وضو کے پانی کے قیمت (۱۱) اس کے اٹھا کر لانے کی مزدوری اور (۱۲) کنویں سے وضوخانہ تک اس کو لانے کی مزدوری شامل ہے)

اور چونکہ وقفِ بیت المال سے علماء، فضلا خواہ وہ واعظ ہوں یا مفتی یا مدرس ہوں یا امام اور موذن اور سادات کرام بھی حقدار ہیں۔ بعد امام و موذن کے اگر آمدنی سب کو کافی نہ ہو سکے ان سب میں جو زیادہ حاجت مند ہوں ان کا وظیفہ دیا جائے اور اگر حاجت مندی میں سب مساوی ہوں تو باعتبار مرتبہ دینی کے جس کا مرتبہ بڑا ہو ان کو مقدم کیا جائے۔

کما فی صفحہ ۱۸۸ من الحموی شرح الاشباہ المطبوعة فی مطبع نول کشور حیث قال

و اذا عجز الواقف عن الصرف الی جمیع المستحقین فان کان اصله من بیت المال روعی فیه صفة الاحقیة من بیت المال فان کان فی اهل الوظائف من هو بصفة الاستحقاق من بیت المال و من لیس کذلک فقدم الاولون علی غیرهم من العلماء و طلبة العلم و آل رسول اللہ ﷺ و ان کانوا کلهم بصفة الاستحقاق منه قدم الاحوج فالا حوج

---

[1] البحر الرائق شرح کنز الدقائق : جلد ۵ صفحہ ۲۳۲ دار المعرفة بیروت

Marfat.com

فان استووا فی الحاجة قدم الاکبر فالاکبر فیقدم المدرس ثم الموذن ثم الامام ثم القیم[1] الخ.

(ترجمہ: وقف کنندہ جب تمام مستحقین پر خرچ کرنے سے عاجز ہو تو اگر اس وقف کی اصل بیت المال سے ہو تو اس صورت میں بیت المال سے زیادہ استحقاق کی صفت کا لحاظ رکھا جائے گا۔ اگر وظائف پانے والوں میں کچھ زیادہ استحقاق کی صفت سے متصف ہوں اور کچھ ایسے ہوں جو ایسے نہ ہوں تو پہلے اہل وظائف جیسے کہ علماء طلباءِ علم اور آلِ رسول اللہ کو دوسروں سے مقدم کیا جائے گا۔ اور اگر سب استحقاق میں برابر ہوں تو زیادہ حاجت مند کو پہلے دیا جائے گا اور اگر وہ ضرورت میں برابر ہوں تو بڑے کو مقدم کیا جائے گا لہٰذا پہلے مدرس پھر مؤذن پھر امام پھر متولی کو اوروں سے مقدم کیا جائے گا۔)

☆ دوم یہ کہ جن کو بطریقِ اعانت اور عزتِ اسلامی کے بیت المال سے وظیفہ دیا جاتا ہے اگر وہ مرجائیں ان کا وظیفہ بعینہ جو مقرر تھا وہ ان کے بیٹوں کو دیا جائے گا۔ گو وہ صغیر السن ہی ہوں۔ اگر وہ باپ کے طریقہ پر چلیں یا مشغولِ تحصیلِ علوم رہیں کما فی صفحه ۲۱۰ من الجزء الاول لفتاوی الحامدیة

قال مولانا العلامة صاحب الخزانة نا قلا عن مبسوط فخر الاسلام بنص و اذا مات من له وظیفة فی بیت المال لحق الشرع و اعتزاز الاسلام کا جراء الامامة و التاذین و غیر ذلک مما فیه صلاح الاسلام و المسلمین و للمیت ابناء یراعون و یقیمون حق الشرع واعزاز الاسلام کما یراعی و یقیم الاب فللامام ان یعطی وظیفة الاب لابناء المیت لا لغیرهم لحصول مقصود الشرع و الجبار کسر قلوبهم والامام مربی فخلف الموتی باذن الشرع والشرع امر بابقاء ما کان علی ما کان لا بناء المیت لا غیرهم. قلت هذا موید لما هو عرف الحرمین الشریفین و مصر و الروم المعمورة من غیر نکیر من ابقاء ابناء المیت و لو کانوا صغارا علی وظائف ابائهم مطلقا من امامة وخطابة و غیر ذلک و امضاء ولی التقریر الفراغ لهم بذلک و تقریرهم بعد وفاته عرفا مرضیا مقبولا لان فیه احیاء خلف

---

[1] الاشباہ والنظائر: جلد اول صفحہ ۳۱۱ مطبوعہ ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی

Marfat.com

العلماء و مساعدتهم علی بذل الجهد فی الاشتغال بالعلم و قد افتی بجواز ذلک طائفة من اکابر الفضلاء الذین یعول علی افتائهم[1] واللہ اعلم.

(ترجمہ: مولانا علامہ صاحب خزانہ نے مبسوطِ فخر الاسلام سے نقل کر کے یوں لکھا کہ جب وہ شخص مر جائے جس کا وظیفہ حقِ شرع اور اعزازِ اسلام کی خاطر بیت المال سے متعین ہو مثلاً امامت اور اذان اور اس کے علاوہ دیگر مناصب جن میں اسلام اور عام مسلمانوں کی بھلائی ہو اور مرنے والے کے بیٹے ایسے ہوں' جو شریعت مطہرہ کے حق اور اسلام کے اعزاز کو اسی طرح قائم رکھیں اور اس کی رعایت رکھیں' جس طرح کہ باپ کیا کرتا تھا تو امام پر لازم ہے کہ باپ کا وظیفہ میت کے بیٹوں کو دے نہ کہ اوروں کو کیوں کہ ایسا کرنے سے شریعت کا مقصود حاصل ہو جائے گا اور ان کے ٹوٹ ہوئے دلوں کو جوڑنے کا سامان پیدا ہوگا۔ امام اور حکمران مربی ہوتا ہے۔ بیٹا مرنے والوں کا جانشین شریعت کے حکم کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور شریعت نے بیٹوں کے لیے جو پہلے تھا اسے اسی طرح باقی رکھنے کا حکم دیا ہے۔ اس نے غیروں کو دینے کا حکم نہیں دیا۔ میں کہتا ہوں اس جزئیہ کی تائید حرمینِ شریفین' مصر اور رومِ معمورہ کے عرف سے ہوتی ہے۔ جس سے کسی کو انکار نہیں۔ کہ مرنے والوں کے بیٹوں کو ان کے اباء واجداد کے امامت' خطابت وغیرہ کے وظائف پر برقرار رکھا جائے گا اگر چہ وہ کم عمر ہوں۔ نیز تقرری کا فیصلہ کرنے والا ان کو اس وظیفہ کے لیے فارغ رکھنے کا حکم جاری کرے گا۔ اور والد کے مرنے کے بعد بیٹوں کو اس منصب پر باقی رکھا جائے۔ یہ ایک پسندیدہ اور مقبول عرف ہے۔ کیونکہ اس میں علمائے کرام کی اولاد کے لیے عطیات ہیں۔ اور علم میں مشغول رہنے میں' ان کی کوشش کرنے پر امداد واعانت ہے۔ اکابر فضلاء کی ایک ایسی جماعت نے اس کے جواز کا فتویٰ صادر فرمایا ہے جن کے فتاویٰ کی جانب رجوع کیا جاتا ہے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی' مفتی

جامع مسجد اکبر آباد

✿✿✿✿✿

[1] تنقیح الفتاوی الحامدیہ: جلد اول صفحہ ۲۱۹ المکتبۃ الحبیبیۃ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر 151﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ ریاست الور متصل ریلوے اسٹیشن موضع نگلی کھورہ کے لب سڑک ایک مسجد باغبان کی ہے۔ اب مہاراجہ والیِ الور نے ایک سڑک جدید موتی ڈونگری سے رجمٹ کو نکالی ہے۔ داغ بیل بھی ہوگئی ہے۔ اس سڑک میں یہ مسجد آ گئی ہے اس مسجد کو مہاراجہ صاحب شہید کرانا چاہتے ہیں۔ اور مسجد کے خالی کرنے کو نوٹس بھی لگا دیا ہے کہ یا تو ایک ماہ کے اندر خالی کردو ورنہ سزاوار ہوں گے۔ اور مسجد کا معرفت انجینئری تخمینہ بھی کرالیا ہے کہ تم کو روپیہ خزانہ سے مل جائے گا۔ اس روپیہ سے دیگر مسجد تعمیر کرلو۔ اور جو تخمینہ کیا گیا ہے وہ لاگت مسجد سے کم ہے۔ دیگر مسجد تیار نہیں ہوسکتی۔ اگر اس معاملہ میں کوشش کی جائے کہ راج ہی مسجد بنوادے تو یہ بات شریعت میں جائز ہے یا نہیں۔ یا اس کے معاوضہ میں روپیہ راج سے لے کر دیگر مسجد بنوائی جائے تو یہ بات جائز ہے یا نہیں؟ اور چونکہ راج نے مسجد سڑک میں کرلی ہے اس لئے بچنا ناممکن ہے۔

عبدالرحمٰن، امر خان، لعل خان از الور

## الجواب

وھو الموفق للصواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

قول تحقیق اور مفتی بہ تو یہی ہے کہ وقف اپنی جگہ سے نہ بدلا جائے اور اس کا معاوضہ نہ لیا جائے۔ خاص کر مسجد کہ اس کو اپنی جگہ سے کسی طرح نہ ہٹانے دیا جائے گو دوسری جگہ اس سے بہتر اور نافع ہو۔☆ ہاں اس صورت میں مضائقہ نہیں کہ وہ محض بے کار رہ جائے۔ اور لوگ ظالم اس کی لکڑی پتھر اپنے کام میں لانے لگیں۔

چنانچہ صفحہ ۴۲۷ شامی میں ہے:

**قال العلامة البیری والحاصل ان الاستبدال اما عن شرط الاستبدال اولا عن شرطه فان کان لخروج الوقف عن انتفاع الموقوف علیهم فینبغی ان لا یختلف فیه و ان**

Marfat.com

كان لا لذالك بل اتفق انه امكن ان يوخذ بثمنه ما هو خير منه مع كونه منتفعا به فينبغي ان لا يجوز لان الواجب ابقاء الوقف على ماكان عليه دون زيادة لانه لا موجب لتجويزه لان الموجب في الاول الشرط و في الثاني الضرورة ولا ضرورة في هذا اذلا تجب الزيادة بل نبقيه كما كان[1]

(ترجمہ: علامہ بیری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا خلاصہ یہ ہے کہ وقف کو تبدیل کرنا یا تو تبدیل کرنے کی شرط کے ساتھ ہوگا یا وقف کو تبدیل کرنے کی شرط کیے بغیر ہوگا۔ اگر یہ تبدیل کرنا شرط کی بنا پر ہو تو وقف کو ان لوگوں کے نفع اٹھانے سے فارغ کرنے کے لیے ہوگا جن پر وہ وقف ہے تو اس صورت میں مناسب یہی ہے کہ اس کے عدم جواز میں اختلاف نہ ہو۔ اور اگر یہ تبدیل کرنا اس لیے نہ ہو بلکہ اتفاقی طور پر پیش آ جائے اور یہ ممکن ہو کہ اس کی قیمت سے اس سے بہتر چیز حاصل کی جا سکے اور ساتھ ہی اس فائدہ بھی اٹھایا جا سکتا ہو تو مناسب یہی ہے کہ یہ صورت جائز نہ ہو۔ کیوں کہ لازم ہے کہ وقف کو اپنی اصلی حالت پر برقرار رکھا جائے۔ اس میں زیادتی نہ کی جائے۔ کیوں کہ جواز پیدا کرنے کا کوئی سبب موجود نہیں ہے۔ کیونکہ پہلی صورت میں باعث شرط ہے دوسری صورت میں ضرورت ہے اور موجودہ صورت میں ضرورت نہیں ہے کیوں کہ زیادتی واجب نہیں ہے بلکہ ہم اسے اصلی حالت پر باقی رکھیں گے)

☆ مگر اگر کوئی غاصب اور ظالم جبراً چھین کر قیمت دینا چاہے اور بعینہ اس زمینِ مغصوبہ کا لینا کسی طرح ممکن نہ ہو تو اس کی قیمت لے کر متولی کو جائز ہے کہ دوسری جگہ اس کے بدلے خریدے یا اس کے بدلے دوسرا مکان مثلِ مسجد بنا کر اس کی قیمت اگر وہ ظالم غاصب دے تو متولی کو جائز ہے کہ اس مکان کو بعوض اس وقفِ مغصوب لے کر اس کو وقف علی المسلمین ہمیشہ نمازِ پنج گانہ کے واسطے کرے تا کہ اس کو حکم مسجد کا ہو جائے اور نمازیوں کو ثوابِ مسجد ملنے لگے۔

كما هو ظاهر من رواية الشامي المذكورة في صفحه ۴۲۶ حيث قال رحمة الله في شرح رواية الدر: ولا يجوز استبدال العامر الافي الاربع[2]

---

[1] رد المحتار: جلد ۳، صفحہ ۴۲۷، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[2] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۳، صفحہ ۴۲۶، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

(ترجمہ: آبادوقف کوصرف چارصورتوں میں تبدیل کیا جاسکتا ہے)

**قوله فی اربع بعد ذکر الاثنین الثالثة ان یجحده الغاصب ولا بینة ای واراداها دفع القیمة فللمتولی اخذها لیشتری بها بدلا [1]**

(ترجمہ: صرف چارصورتوں میں تبدیل کیا جاسکتا ہے دوصورتوں کوذکر کرنے کے بعد فرمایا تیسری صورت یہ ہے کہ غاصب اس کا انکار کردے اور کوئی گواہ بھی موجود نہ ہو نیز وہ اس کی قیمت ادا کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو متولی کے لیے اسے وصول کرنا درست ہے تاکہ اس کے ساتھ اس کا بدل خرید لے)

اور جب مسجد خراب ہو جائے اور لوگ نماز پڑھنے والے وہاں سے اجڑ جائیں تو اندریں صورت اس کا سامان دوسری مسجد میں لگانے کی اجازت صراحۃ موجود ہے چنانچہ صفحہ ۴۰۷ سطر ۲۶ جلد سوم شامی مصر میں ہے

**والذی ینبغی متابعة المشائخ المذکورین فی جواز النقل بلا فرق بین مسجد او حوض کما افتی به الامام ابو شجاع والامام الحلوانی و کفی بهما قدوة ولا سیما فی زماننا فان المسجد أو غیره من رباط او حوض اذا لم ینقل یاخذ انقاضه اللصوص والمتغلبون کما هو مشاهد و کذالک اوقافه یاکلها النظار او غیرهم و یلزم من عدم النقل خراب المسجد الآخر المحتاج الی النقل الیه قبله [2]**

(ترجمہ: مسجد یا حوض میں فرق کیے بغیر نقل میں مذکورہ بالا مشائخ کی اتباع مناسب ہے۔ جیسا کہ امام ابوشجاع رحمۃ اللہ علیہ اور امام حلوانی رحمۃ اللہ علیہ نے فتوی دیا ہے ان کی سرداری اوروں سے مستغنی کردینے والی ہے۔
☆ بالخصوص دورِ حاضر میں کیوں کہ مسجد اور اس کے علاوہ دیگر اوقاف مثلاً سرائے یا حوض کو منتقل نہ کیا جائے تو اس کا ملبہ چور اور زبردستی کرنے والے لوگ لے جائیں گے جیسا کہ مشاہدہ میں آیا ہے۔ یہی حال اوقاف کا ہوتا ہے انہیں متولی اور دیگر افراد کھا جاتے ہیں۔ منتقل نہ کرنے سے دوسری مسجد جس کو اس سامان کے منتقل

---

[1] رد المحتار: جلد ۳ صفحہ ۴۲۶، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[2] رد المحتار: جلد ۳ صفحہ ۴۲۷، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

کرنے کی ضرورت ہوتی ہے وہ بھی ویران ہو جاتی ہے )

و نقل فی الذخیرة عن شمس الائمة الحلوانی انه سئل عن مسجد او حوض خرب ولا یحتاج الیه لتفرق الناس عنه هل للقاضی ان یصرف اوقافه الی مسجد آخر او حوض آخر فقال نعم و مثله فی البحر عن القنیة و للشر بنلالی رسالة فی هذه المسئلة اعترض فیها ما فی المتن تبعا للدر بما مر عن الحاوی و غیره ثم قا ل وبذلک تعلم فتوی بعض مشائخ عصر نابل و من قبلهم کالشیخ الامام امین الدین بن عبد العال والشیخ الامام احمد بن یونس الشبلی والشیخ زین ابن نجیم . والشیخ محمد الوفائی فمنهم من افتی بنقل بناء المسجد و منهم من افتی بنقله ونقل ماله الی مسجد آخر[1]

ترجمہ: ذخیرہ میں ہے کہ حضرت شمس الائمہ حلوانی رحمۃ اللہ علیہ سے ایک ویران مسجد یا تالاب کے بارے میں پوچھا گیا جس کی ضرورت باقی نہیں رہی۔ کیونکہ لوگ اس کے اردگرد سے متفرق ہو گئے ہیں۔ کیا قاضی کے لیے جائز ہے کہ اس کے اوقاف کو دوسری مسجد یا دوسرے حوض پر صرف کردے؟ تو انہوں نے جواب دیا ہاں بحر میں قنیہ سے اسی طرح لکھا ہے۔ علامہ شرنبلالی رحمۃ اللہ علیہ کا اس بارے میں ایک رسالہ ہے۔ جس میں الدر کی اتباع میں متن میں مذکور مسئلہ پر اعتراض کیا ہے۔ جیسا کہ حاوی وغیرہ سے مروی ہے۔ پھر فرمایا اس سے تم کو دورِ حاضر کے بعض مشائخ بلکہ ان سے قبل مشائخِ کرام مثلاً شیخ امین الدین بن عبد العال رحمۃ اللہ علیہ' حضرت شیخ احمد بن یونس شبلی رحمۃ اللہ علیہ' شیخ زین بن نجیم رحمۃ اللہ علیہ' اور شیخ محمد ابو وفائی کی عمارت کو منتقل کرنے کے فتوی کا علم ہو گیا ہے۔ بعض علماء نے مسجد کی عمارت کو منتقل کرنے اور بعض نے اسے اور اس کے مال کو دوسری مسجد کی طرف منتقل کر دینے کا حکم دیا ہے )

حررہ: العبد العاصی

ابو محمد محمد دیدار علی

---

[1] رد المحتار : جلد ۳ صفحہ' ۴۲۷ مطبوعة مکتبه رشیدیه کوئٹه

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......152﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں کہ جو مسجد اس صورت میں ہو کہ دونوں جانب ایک دو قبریں ہوں نہ کہ مقبرہ۔ اس کے کشادہ کرنے کے واسطے قبریں اندر مسجد کے لینا برضا و رغبتِ مالک زمین و قبور جائز ہے یا کہ نہیں؟

۱۲ فروری ۱۹۱۸ء ۲ جمادی الاولی ۱۳۳۶ھ

محمد زمان معمار قصبہ فیروز آباد محلہ معماراں ضلع آگرہ

### الجواب

بسم الله الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

قبرستان کا عند الضرورت مسجد بنالینا جائز ہے۔ **کما هو ظاهر من رواية البحر حيث قال ابن نجيم رحمه الله فى صفحه ۲۵۵ من الجزء الخامس للبحر الرائق فى آخر كتاب الوقف**

**مقبرة للمشركين ارادوا ان يتخذوها مقبرة للمسلمين لاباس به ان كانت قد اندرست اثارهم فان بقى شىء من عظامهم تنبش و تقبر ثم تجعل مقبرة للمسلمين فان موضع رسول الله ﷺ كان مقبرة للمشركين فنبشه واتخذه مسجدا[1]۔**

☆ (ترجمہ: مشرکین کے قبرستان کو اہلِ اسلام مسلمانوں کا قبرستان بنانا چاہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے جب کہ ان کے نشانات مٹ چکے ہوں۔ اگر ان کی کچھ ہڈیاں باقی ہوں تو ان کو کھود کر دفن کردیا جائے گا۔ اس کے بعد اسے مسلمانوں کا قبرستان بنالیا جائے گا۔ کیونکہ حضور نبی اکرم ﷺ کا مقام مبارک مشرکوں کا قبرستان

---

[1] البحر الرائق : جلد ۵، صفحہ ۲۷۵، دار المعرفه بیروت

Marfat.com

تھا۔آپ نے اسے کھود دیا اور اسے مسجد قرار دے دیا)

مگر مسلمانوں کو ایسے قبرستان کی نسبت جس میں لوگوں نے دفن کرنا چھوڑ دیا ہو کوئی صریح روایت نہیں ملتی کہ اس کا مسجد بنانا قبور کو کھود کر یا بغیر کھودے جائز ہے۔ بجز اس روایت کے جس کو علامہ ابن نجیم رحمۃ اللہ آخر باب الوقف فصل احکام المساجد صفحہ ۲۵۴ جلد خامس بحرالرائق میں تحریر فرماتے ہیں:

**وفی الخانیة امراة جعلت قطعة ارض مقبرة و اخرجتها من یدها و دفن فیها ابنها وهذه الارض غیر صالحة للقبر لغلبة الماء علیها قال الفقیه ابو جعفر ان کانت الارض بحال یرغب الناس عن دفن الموتی فیها لفساد هالم تصر مقبرة و کان للمراة ان تبیعها واذا باعت کان للمشتری ان یرفع المیت عنها او یامر یرفع المیت عنها[1]**

(ترجمہ: فتاوی خانیہ میں ہے ایک عورت نے زمین کے ایک ٹکڑے کو قبرستان بنالیا۔اسے اپنے قبضہ سے باہر کر دیا۔ نیز اس میں اس نے اپنا بیٹا دفن کرلیا۔لیکن یہ زمین قبر کے لیے مناسب نہیں ہے۔کیوں کہ اس پر پانی غالب ہے۔حضرت فقیہ ابوجعفر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر زمین کا یہ حال ہے کہ لوگ اس میں اپنے مردے دفن کرنے کی رغبت نہیں رکھتے کیوں کہ وہ زمین خراب ہے تو وہ جگہ قبرستان قرار نہ پائے گی۔عورت کو اسے فروخت کرنے کا اختیار ہے۔اور جب اس نے فروخت کر دی تو خریدار کو اجازت ہے کہ مردے کو وہاں سے اٹھادے یا نکال لینے کا حکم دے)

☆ جس سے ظاہر ہے کہ جہاں ایک دو قبر کبھی بہ نیت قبرستان بنانے کی بنا دی جائیں اور لوگ کسی وجہ خاص سے وہاں دفن کرنا چھوڑ دیں تو اس کے مالک کو اس کا فروخت کرنا جائز ہے۔اور مشتری کو اختیار ہے کہ میت کو وہاں سے نکلوا کر دوسرے جگہ دفن کروادیں۔لہٰذا اندریں صورت جب خود مالک زمین معہ قبور زمین کو برضا و رغبت مسجد کے واسطے دیتا ہے اور وہ قبرستان بھی نہیں ہے اور نہ وہاں مردے دفن کیے جاتے ہیں زمین مذکورہ کو مسجد میں داخل کر لینا بلا شبہ جائز معلوم ہوتا ہے۔مگر میت کی لاش اگر تازہ قابل دفن کرنے کے اس کی جگہ میں ہے وہاں سے

---

[1] البحر الرائق : جلد ۵ صفحہ ۲۷۵، دار المعرفه بیروت

Marfat.com

نکال کر دوسری جگہ دفن کر دی جائے اور بعد دفن میت مومن کا قبر سے نکالنا اگرچہ نا جائز ہے☆ مگر بعذر جائز ہے۔
چنانچہ صفحہ ۱۸۰ اسعاف فی احکام الاوقاف میں ہے:

**و اذا دفن المیت فی مکان لا یجوز لاهله اخراجه منه طالت المدة او قصرت الا بعذر وهو ان تکون الارض مغصوبة و نحوه**[1]

☆(ترجمہ: مردہ جب کسی جگہ دفن کر دیا گیا تو اس کے اہل وعیال کو اسے وہاں سے نکالنے کی اجازت نہیں ہے۔ مدت خواہ دراز ہو چکی ہو یا کم۔ ہاں عذر کی بناء پر مردہ کو نکال سکتے ہیں کہ زمین غصب شدہ ہو یا اس طرح کا کوئی اور عذر ہو)

☆ یعنی میت پرانی خواہ نئی اس کا قبر سے نکالنا جائز نہیں مگر اس عذر سے کہ جبراً اگر میت کسی غیر کی زمین میں دفن کر دی جائے اور صاحبِ زمین اس کو نکلوائے اور اگر نہ نکلوائے تو صاحبِ زمین کو قبر برابر کر کے اس پر بونا جوتنا بھی جائز لکھا ہے۔ چنانچہ صفحہ ۱۸۰ اسعاف میں ہے

**و لو دفن فی ارض رجل بغیر اذنه للمالک الامر بالاخراج منها وله الترک و تسویة الارض و زرعها**[2]۔

(ترجمہ: اگر کسی شخص کی ملکیتی زمین میں بغیر اجازت کے مردے کو دفن کر دیا گیا ہو مالک کو حق حاصل ہے کہ اسے وہاں سے نکال لینے کا حکم دے یا اسے وہیں دفن رہنے دے اور زمین ہموار کر کے کھیتی باڑی کرے)

بآنکہ حدیثِ صحیح میں ہے کہ آگ کی چنگاری جو کپڑے کو جلا کر پار نکل جائے پر بیٹھنا بہتر ہے بہ نسبت اس کے کہ قبر پر بیٹھے۔

چنانچہ صفحہ ۳۱۲ جلد اول مسلم شریف میں ہے

**عن ابی هریرة قال قال رسول اللہ ﷺ لان یجلس احدکم علی جمرة فتحرق**

---

[1] اسعاف فی احکام الأوقاف صفحہ

[2] اسعاف فی احکام الأوقاف صفحہ

Marfat.com

ثیابه فتخلص الی جلد خیر له من ان یجلس علی قبر [۱]

☆ (ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تم میں کوئی شخص اگر آگ کے انگارے پر بیٹھ جائے وہ اس کے کپڑوں کو جلا کر اس کی جلد تک پہنچ جائے تو یہ اس کے لیے بہتر ہے اس سے کہ کسی قبر کے اوپر بیٹھے)

لہٰذا اس حدیث کو اس روایۃ مذکورۂ اسعاف کے ساتھ ملا کر دیکھنے سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ قبر کا نشان بصورتِ عدمِ رعایتِ حقِ مالک یا ایسی قسم کی دوسری ضرورت شرعی پائی جائے جب اس کا نشان مٹا دیا جائے تو اس پر چلنا پھرنا بونا جوتنا تک جائز ہو جاتا ہے۔ اور حدیث مخصوص اسی حالت کے ساتھ ہے کہ جب نشان قبر موجود ہو اور اس کا مٹانا جائز نہ ہو۔ اور ظاہر ہے کہ صورتِ مذکورہ میں بوجہ تنگیٔ مسجد ایسی سخت ضرورت واقع ہے کہ جس کی وجہ سے جبراً قیمتِ بازاری دے کر نہ کہ وہ قیمت جو بصورتِ جبر مالکِ زمین طلب کرے جس کو ثمن کہتے ہیں دوسرے کی زمین سے مسجد کا فراخ کرنا جائز ہے۔ حالانکہ اولا بلا تراضیٔ طرفین بیع منعقد نہیں ہوتی۔ علاوہ بریں جبراً کسی کی زمین وغیرہ خریدنا اور وہ بھی ایسی قیمتِ پر جو اس کی قیمت مطلوبہ سے کم ہو بلاشبہ حرام ہے۔ مگر بموجب کلیۂ شریعت کے:

☆ الضرورات تبیح المخطورات [۲]

(ترجمہ: ضرورتیں حرام کو مباح کر دیتی ہیں)

منقولہ الاشباہ والنظائر علامہ ابکسی رحمہ اللہ باب بناء المساجد اسعاف کے آخر صفحہ ۳۷ میں تحریر فرماتے ہیں:۔

و لو ضاق المسجد علی الناس و بجنبه ارض ملک لرجل توخذ بالقیمة کرها دفعا للضرر العام و یجبر الضرر الخاص بالقیمة [۳] وهکذا فی البحر والشامی

---

[۱] صحیح مسلم : جلد ۱ صفحہ ۳۱۲ نور محمد اصح المطابع کراچی

[۲] الاشباہ والنظائر : جلد اول صفحہ ۱۱۸ مطبوعہ ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی

[۳] اسعاف فی احکام الاوقاف صفحہ مطبوعہ

Marfat.com

(ترجمہ: مسجد لوگوں پر تنگ ہوگئی۔ اور اس کے ایک طرف زمین ہے۔ جو کسی آدمی کی ملکیت ہے تو وہ زمین عام نقصان کو دور کرنے کے لیے قیمت کے ساتھ جبراً خریدی جائے گی۔ اور خاص مالک کے نقصان کو قیمت سے پورا کیا جائے گا۔ البحر الرائق اور شامی میں اسی طرح ہے)

☆ اور باوجودیکہ مسجد کے نیچے یا اوپر واقف تک کو اپنی سکونت کے واسطے مکان بنانا بالاتفاق قبل بناءِ مسجد یا بعد بناءِ مسجد قطعاً ناجائز ہے اور منع ہے اس مسجد پر حکمِ مسجد نافذ ہونے سے اگر قبل بناءِ مسجد واقف بھی بنالے۔

**کمافی اسعاف صفحة ۷۲**

**و لو اتخذ مسجدا وتحته سرداب او فوقه بيت او جعل وسط داره مسجدا واذن للناس بالدخول والصلوة من غير ان يفرز له طريق لا يصير مسجد او يورث عنه[1]**

(ترجمہ: کسی شخص نے مسجد بنوائی اس کے نیچے تہ خانہ ہے۔ یا اس کے اوپر کسی کا ذاتی گھر ہے۔ یا رہنے کے گھر کے درمیان مسجد بنوائی۔ اور لوگوں کو اس میں آنے اور نماز ادا کرنے کی لوگوں کو اجازت دے دی لیکن اس کا رستہ علیحدہ نہیں کیا وہ مسجد نہیں بنی بلکہ اس کی وراثت قرار پائے گی)

☆ مگر امام محمد رحمہ اللہ و امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے جب رے اور بغداد میں تنگیِ زمین بے حد دیکھی بموجب اس کلیہ ☆ **الضرورات تبيح المحذورات** کے جواز مکانِ سکونت کا مسجد کے نیچے اور اوپر فتوی نافذ فرمایا نہ کہ بلا ضرورتِ شاقہ مطلقاً **كما فى صفحة ۷۳ من الاسعاف**

**و عن محمد لما دخل الرى اجاز ذالک بكل حال و عن ابى يوسف مثله لما دخل بغداد[2]**

☆ (ترجمہ: جب امام محمد رحمۃ اللہ علیہ رے میں آئے تو اس کی ہر حال میں اجازت دے دی امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ جب بغداد آئے تو انہوں نے بھی اسی طرح فرمایا)

---

[1] اسعاف فی احکام الاوقاف صفحه مطبوعه

[2] اسعاف فی احکام الاوقاف صفحه مطبوعه

Marfat.com

☆ پھر یہاں تو سخت ضرورت واقع ہے اور مالکِ زمین خود زمین کو بخوشی خاطر مسجد میں دے رہا ہے۔ لامحالہ بضرورتِ مذکورہ سوال یہاں بھی نشانِ قبر مٹا کر بغیر لاش نکالنے کے زمینِ قبر مسجد میں لے لینا بہ نسبت لاش نکال کر مسجد میں لینے سے بہتر معلوم ہوتا ہے۔ ☆ اور عمدہ طریقہ یہ سمجھ میں آتا ہے کہ ذرا کرسی مسجد کی اتنی اونچی کر دی جائے کہ قبریں بدستور کرسی کے نیچے دو کوٹھرے بہت نیچی چھت کے بنا کر چھوڑ دی جائیں تاکہ بوجہ اختلافِ مکان قبروں کے کھودنے اور قبروں پر بیٹھنے کی خرابی سے بھی بچ جائیں اور قبروں کے مٹانے سے بھی بچ جائیں۔ اور قبروں کی زمین مسجد رہے پھر وقفہ کر کے دروازہ ان کوٹھریوں کا قطعاً نہ رکھا جائے یا رکھا جائے تو تیغہ کر دیا جائے اور کسی دوسرے کام میں وہ کوٹھری نہ لائی جائے تاکہ کسی قسم کا بھی محذور نہ لازم آئے۔ اور اس صورت میں یہ اعتراض بھی نہ رہے گا کہ قبر کو مسجد بنانے کی ممانعت حدیث میں وارد ہے۔

چنانچہ جلد دوم بخاری شریف میں ہے:

**قال رسول الله ﷺ :**

☆ **لعنة الله علی الیهود و النصاری اتخذوا قبور انبیائهم مساجد یحذر ما صنعوا**[1]

ترجمہ: حضرت رسول کریم ﷺ نے فرمایا یہودیوں اور عیسائیوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو، انہوں نے اپنے انبیائے کرام علیہم السلام کی قبور کو سجدہ گاہ بنالیا ہے آپ ﷺ ان کے برے اعمال سے امت کو ڈرا رہے تھے)۔

☆ اس واسطے کہ علامہ قسطلانی رحمۃ اللہ نے بیضاوی سے قسطلانی میں اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ لمعات میں تورپشتی سے نقل فرماتے ہیں ☆ کہ قبر کو مسجد بنانے کے یہ معنے ہیں کہ قبر کو قبلہ بنایا جائے۔ اور قبر کی تعظیم مقصود ہو۔ اور قبر کی طرف بلاحجاب دیوار وغیرہ سجدہ کیا جائے۔ اور صورتِ مذکورہ میں ظاہر ہے کہ کوئی بھی امر امورِ مذکور سے نہیں پایا جاتا ہے۔

چنانچہ استاذی و مولائی مولانا احمد علی صاحب مرحوم و مغفور سہارنپوری شرح حدیثِ مذکور میں حاشیہ

---

[1] صحیح بخاری: جلد ۲ صفحہ ۶۳۹ حاشیہ ۸ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی

Marfat.com

بخاری شریف پر قسطلانی اور لمعات سے تحریر فرماتے ہیں۔

**قولہ خدرنا ما صنعوا من اتخاذ المساجد علی القبور قال البیضاوی لما کانت الیھود و النصاری یسجدون لقبور الانبیاء تعظیما لشانھم و یجعلونھا قبلۃ یتوجھون فی الصلوۃ نحوھا واتخذوھا اوثانا لعنھم و منعھم عن مثل ذالک فاما من اتخذ مسجدا فی جوار صالح و قصد التبرک بالقرب منہ لاالتعظیم ولا التوجہ نحوہ فلا یدخل فی ذالک الوعید و فی اللمعات قال التورپشتی فاما اذا وجد بقربھا موضع بنی للصلوۃ اومکان یسلم فیہ المصلی عن التوجہ الی القبور فانہ فی فسحۃ من الامر[۱]**

(ترجمہ: قولہ: ہم کوان کے برے اعمال سے ڈرارہے تھے کہ انہوں نے قبروں کے اوپر مسجدیں بنالیں تھیں۔ علامہ بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا یہودی اور عیسائی انبیائے کرام علیہم السلام کی قبورکوان کی شان کی تعظیم کے لیے سجدہ کیا کرتے تھے۔انہیں اپنا قبلہ قرار دیتے کہ نماز غیرہ میں ان کی جانب رخ کرتے تھے۔انہوں نے ان قبور کو قبلہ بنارکھا تھا۔آپ نے ان پر لعنت فرمائی۔اور اہلِ ایمان کو ایسا کرنے سے منع فرمایا۔☆لیکن اگر کوئی شخص کسی نیک آدمی کی قبر کے قریب مسجد بنائے اور اس کے قرب سے برکت کے حصول کا ارادہ کرے نہ الوہی تعظیم اور نہ ہی اس طرف رخ کرنے کی نیت ہو تو وہ اس وعیدِ نبوی میں داخل نہیں ہے۔لمعات التنقیح میں ہے کہ علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اگر قبروں کے قریب مسجد کے لیے جگہ بنادی جائے یا ایسی جگہ ہو جہاں نماز ی کارخ قبور کی جانب ہونے بچت ہوتی ہو وہاں نماز ادا کرنے کی گنجائش ہے) فقط

حررہ:

العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

---

[۱] صحیح بخاری: جلد ۲ صفحہ ۶۳۹ حاشیہ ۸ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......153﴾

## سوال

اگر چبوترہ موقوفہ علی المسجد مسجد سے اتنی دور ہو کہ بیچ میں رستہ آجائے اور بانی مسجد نے اس کو مسجد اس غرض سے بنوایا ہو کہ گرمیوں میں اس پر نماز پڑھ لیا کریں۔ اس پر ثواب نماز کا اتنا ہی ہوگا جتنا مسجد میں ہوتا ہے یا کم؟

۲۶ رجب ۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

مسجد ہی کے برابر ثواب ہوگا اس واسطے کہ بوجہ نیتِ مذکورہ کے بانیٔ مسجد سے وہ بھی مسجد ہے۔ چنانچہ صفحہ ۳۵۵ جلد خامس عالمگیریہ میں ہے

وفی صلوۃ الاثر قال سالت محمدا رحمہ اللہ تعالی عن دکان اتخذ للمسجد وبینہ بین المسجد طریق وھونا عن المسجد لیصلی علیہ فی الحر ایضا غف فیہ الاجر کما یضاعف فی المسجد قال نعم کذا فی الذخیرۃ[۱]

(ترجمہ: صلوۃ الاثر میں ہے کہ میں نے حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے ایک چبوترے کے بارے میں پوچھا جسے مسجد کے لیے بنایا تھا مسجد اور اس کے درمیان ایک راستہ ہے اور یہ چبوترہ مسجد سے دور ہے اور اسے اس لیے بنایا تھا کہ وہ وہاں گرمی میں نماز ادا کی جائے کیا اس جگہ نماز پڑھنے سے اتنے گنا زیادہ ثواب ملے گا جتنا کہ ثواب مسجد میں ملتا ہے تو آپ نے فرمایا ہاں یہ ذخیرہ میں ہے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبر آباد

[۱] الفتاوی العالمگیریہ : جلد ۵ صفحہ ۴۸۶ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

# غصب

Marfat.com

## فتویٰ نمبر......154

### سوال

جواشخاص کسی مسلمان کی موروثی ملکیت کو وقف کرانے پر آمادہ ہوں اور جھوٹے سچے واقعات گھڑ گھڑ کر عامۃ الخلائق کے ساتھ عدالت کو بھی مغالطہ میں ڈالنا چاہتے ہوں ان کے لیے کیا حکم ہے؟۔

### الجواب

جو کسی کا مال تلف یا حق تلفی کرائے اس کے واسطے وعید نار ہے۔ مشکوۃ شریف میں بروایت مسلم شریف ہے:

☆ قال رسول اللہ ﷺ من اقتطع حق امرأ مسلم فقد أوجب الله له النار و حرم عليه الجنة فقال له رجل و ان كان شيئا يسيرا يا رسول اللہ ﷺ قال ان كان قضيبا من اراك[1]

(ترجمہ: نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جس شخص نے کسی مسلمان کا حق غصب کیا اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے دوزخ کو واجب فرمادیا جنت اس پر حرام فرمادی۔ایک شخص نے عرض کی یارسول اللہ! اگرچہ وہ تھوڑی سی چیز ہو۔ فرمایا: اگرچہ اراک (پیلو) درخت ایک لکڑی ہی ہو) فقط

حررہ:

العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی

جامع مسجد اکبر آباد

---

[1] صحیح مسلم : صفحہ ۷۰ حدیث رقم ۳۵۳ مطبوعہ دار السلام الریاض

Marfat.com

# عاریة

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......155﴾

## سوال

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ

زیور چڑھاوا شوہر کے باپ نے پہنا دیا تھا۔ اس کو وہ بجنسہ واپس لے سکتا ہے یا اس میں ترکہ جاری ہوگا۔ کیوں وہ مستعار تھا۔

(۲) مسماۃ نے وقتِ وفات شوہر، باپ، ماں، تین بھائی اور ایک بہن چھوڑے ہیں

(۳) دختر کے باپ نے وقتِ نکاح دوسو روپیہ کا زیور دختر کو پہنایا اور اعلان کیا تھا کہ اس کو دیتا ہوں لہٰذا اس زیور کے تعلق شرع شریف کا کیا حکم ہے؟۔ بینوا وتوجروا

سائل وزیر خان صابن کٹرہ آگرہ

## الجواب

وھو الموفق للصواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

جو زیور چڑھاوا شوہر کے باپ نے پہنا دیا تھا اس عبارت سے امر ظاہر ہے کہ وہ زیور اس قسم کے مہر سے تھا جو عادۃً وعرفاً شادی کے دن بوقتِ نکاح شوہر کا باپ یا شوہر کے بزرگ عرفاً دولہن کو شادی کے کپڑوں کے ساتھ دولہا کی طرف سے بھیجا کرتے ہیں۔ جس کو ہمارے عرف میں بَری کہتے ہیں۔

☆ علامہ حصکفی رحمہ اللہ درمختار کے صفحہ ۳۹۶ میں تحریر فرماتے ہیں کہ جو کچھ زوج نے زوجہ کو بھیجا تھا اگر زوجہ کہے کہ وہ بطریقِ مہر کے بھیجا تھا اور زوج کہے بطریقِ امانت وعاریت بھیجا تھا اور دونوں اپنے دعوی پر گواہ پیش نہ کرسکیں تو وہ سامان زیور وغیرہ اگر عرفاً اس جنس سے ہے کہ وہ بطریقِ مہر دیا جاتا ہے تو قول عورت کا حسب

Marfat.com

شہادتِ ظاہر عرف معتبر ہوگا اور اگر وہ عرفاً جنسِ امانت وعاریت سے ہے تو اس کو عاریہ قرار دیا جائے گا۔ اور زوج علیٰ ھذا ورثۂ زوج اس کی واپسی کے شرط موجود ہونے پر اس شے کے مستحق ہوں گے۔ وھذہ عبارتہ

و لو ادعت انہ أی المبعوث من المھر و قال ھو ودیعۃ فان کان من جنس المھر فالقول لھا و ان کان من خلافہ فالقول لہ بشھادۃ الظاھر[۱]

(ترجمہ: عورت نے دعوی کیا کہ جو چیز اس کے پاس بھیجی گئی وہ مہر تھی۔ خاوند کہے کہ وہ امانت تھی۔ اگر وہ چیز مہر کی جنس سے ہو تو عورت کے قول کو تسلیم کیا جائے گا اور اگر اس کے خلاف کی جنس سے ہو تو ظاہر کی شہادت کی بناء پر مرد کا قول تسلیم کیا جائے گا)

بہر نہج اس امر کا فیصلہ کہ چڑھاوا عرف میں مہرِ معجّل کو، جس کا نام بری ہے کہتے ہیں یا اس زیور کو بھی جس کو عاریۃً دلہن کو پہنائیں اور دولہن کو ابھی سال دو سال بعد نکاح دولہ اپنے گھر بھی نہ لائے اور دلہن باپ کے گھر سے بتراضی ہر دو فریق رخصت بھی نہ کی جائے علی ہذا باپ کی جانب سے بعدِ نکاح یا قبلِ نکاح جو دلہن کو پہنایا جائے مگر سوالِ سائل میں تعارض ہے اس واسطے کہ سوال میں کہتا ہے کہ دلہن کے باپ نے جو زیور عاریت پہنایا تھا اور سوال دوم وسوم میں کہتا ہے کہ دلہن کے باپ نے اعلان کر دیا تھا کہ دو سو روپیہ کا زیور جو لڑکی کو میں پہنایا ہے لڑکی کو دیتا ہوں لہٰذا بشہادت شہود اگر یہ ثابت ہو جائے کہ فی الواقع باپ نے بطریقِ جہیز لڑکی کو بخش دیا تھا اور دولہ کی جانب سے بھی فی الواقع چڑھاوا ہی تھا تو کل مال لڑکی کا معہ زرِ مہر تقسیم ہوگا ورنہ فقط مہر اور علاوہ مہر کے جو چیز بھی مملوکہ متوفیہ ہے اس طرح تقسیم ہوگی کہ کل مالِ ہندہ کے چھ حصہ کر کے تین حصہ زوج کو دیئے جائیں گے اور ایک حصہ ام (ماں) اور دو حصہ باپ کو اور بموجودگی عصبۂ قریب یعنی باپ میں بہن بھائی کو کچھ نہیں ملے گا۔

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۲ صفحہ ۳۹۶ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

صورتہ هکذا

ہندہ مسئلہ ٦

میت

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| زوج | ام | اب | اخ | اخ | اخ | اخت |
| ۳ | ۱ | ۲ | م | م | م | م |

حررہ:

العبد الراجی رحمۃ ربہ الغنی

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی

فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

# مفقود

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......156﴾

## سوال

دس برس سے خاوند مفقود ہے اور عورت جوان عمر ہے۔کوئی صورت گزارہ نہیں۔احتمال زنا بھی ہے۔ لہٰذا شرعاً وہ نکاح کرسکتی ہے؟۔

سائل: پابند شریعت مسماۃ عرب بیگم بنت میر علی
پانی جوکی آگرہ ۱۴ اپریل ۱۹۱۶ء

## الجواب

### هو المصوب

ایسی صورت میں جب کہ مجبوری انتہا درجہ کی ہو تو حنفیہ کو بتقلیدِ شافعی و مالکی بعد اس قدر مدت مدید کے نکاح جائز ہے۔جامع الرموز میں ہے۔

**قال مالک والاوزاعی الی اربع سنین فینکح عرسه بعده کما فی النظم فلو افتی به فی موضع الضرورة ینبغی ان لا باس به علی ما نحن[1].**

(ترجمہ: امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ چار سال تک خاوند کو تلاش کیا جائے اس کے بعد اس کی بیوی نکاح کرے جیسا کہ النظم میں ہے اگر کوئی مفتی ضرورت کے مقام پر امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر فتویٰ دے تو ہمارے موقف کے مطابق اس میں کوئی حرج نہ ہونا چاہئے)

ردالمحتار میں ہے:۔

**لو افتی به فی موضع الضرورة لا بأس به علی ما أظن[2]**

(ترجمہ: اگر ضرورت کے موقع پر امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر فتویٰ دے تو میرا خیال یہ ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے)

مگر بدرجۂ احتیاط حاکم کو بھی اطلاع کردی جائے۔فقط

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

[1] جامع الرموز جلد صفحہ

[2] رد المحتار جلد ۳ صفحہ ۳۶۲ مطبوعہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر...... 157﴾

## سوال

ایک عورت تیس سالہ عمر ہے۔عرصہ بارہ پندرہ سال سے اس کا خاوند مفقود الخبر ہو گیا۔ وہ اب تک انتظار میں ہے۔مگر نہ تو خرچ خبر نہ خط اس عرصہ میں آیا۔لہٰذا بوجہ نہ ہونے کی سرپرست اور نوجوان ہونے کے احتمال فساد ہے۔اس صورت میں شرعاً وہ نکاح اپنا کرسکتی یا نہیں۔

سائل: شیخ حسین بخش ہتاس آگرہ ۱۹/فروری ۱۹۱۶ء

## الجواب

### هو المصوب

مسئلہ مفقود میں حنفیہ کے نزدیک عندالضرورة بتقلید مالکیہ وشافعیہ بعداس قدر عرصہ کے نکاح ثانی درست ہے۔

جامع الرموز (میں ہے):

**قال مالک والاوزاعی الی اربع سنین فتنکح عرسه بعد ها كذا في النظم فلو افتى به في موضع الضرورة ينبغي ان لا باس به على ما اظن** [1]

(ترجمہ: امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ بیوی چار سال تک انتظار کرے۔ پھر وہ نکاح کرے۔ایسا ہی نظم میں ہے۔اگر ضرورت کے مقام پر اس قول کے مطابق فتوی دے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہونا چاہئے جیسا کہ میں گمان کرتا ہوں)

**وفي رد المحتار :ذكر ابن وهبان في منظومه لوافتى في موضع الضرورة لا باس على ما أظن** [2]

( امام ابن وہبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے منظومہ میں فرمایا اگر ضرورت کے مقام پر امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق فتوی دیا جائے تو میرے گمان کے مطابق اس میں کوئی حرج نہیں ہے)

کتبہ المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱ ؎ | جامع الرموز | جلد | صفحہ | مطبوعہ |
| ۲ ؎ | رد المحتار | جلد ۳ | صفحہ ۳۶۲ | مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ |

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......158﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین بیچ اس مسئلہ کے' کہ اگر کوئی شخص باہر چلا گیا ہواور لا پتہ ہواس کی زوجہ کتنے دن تک نکاح نہ کرے؟ بینوا توجروا.

اصالت بخش پیپل منڈی رسالدانہ آگرہ۔

۲۵ ربیع الثانی ۱۳۳۵ھ

### الجواب

بسم الله الرحمن الرحیم.

صورتِ مسئولہ میں بروایتِ متون نوے برس تک وہ عورت نکاح نہ کرے اور ظاہر الروایت اور قول مختار یہ ہے' کہ اس کے شوہر کے ہم عمر جب تک نہ مریں اس کو کسی سے نکاح کرنا جائز نہیں۔ کما فی شرح الوقایه المفقود غائب لم یدر اثره حی فی حق نفسه فلا ینکح عرسه الی تسعین سنة و ظاهر الروایة ان تقدر بموت الاقران انتهیٰ مختصرا بقدر الحاجة[1]۔

(ترجمہ: مفقود وہ غائب ہوتا ہے' جس کا کوئی پتہ نہ چلے۔ وہ اپنے حق میں زندہ ہوتا ہے۔ لہٰذا اس کی بیوی نوے سال تک نکاح نہ کرے۔ اور ظاہر روایت یہ ہے کہ اس کا اندازہ اس کے ہم عمر لوگوں کے مرجانے سے کیا جائے گا)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی مفتی

جامع مسجد اکبرآباد

---

[1] شرح الوقایه: جلد ۲ صفحه ۳۹۱ تا ۳۹۳ (اختصارا التقاطا) مطبوعه مجتبائی دهلی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 159﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ میرا شوہر عرصہ آٹھ سال سے مفقود الخبر ہے۔ اور یومِ نکاح سے اس وقت تک وہ میرے پاس نہیں آیا ہے۔ اور مجھ کو نان ونفقہ کی سخت ضرورت ہے کیوں کہ عاقلہ بالغہ ہوں۔ ایسی صورت میں شرعاً کیا حکم ہے؟

۲۲ جولائی ۱۹۱۸ء

بشیراں بنت کالی خان قوم پٹھان ساکن گبرہ صفدر خاں علاقہ لوہامنڈی

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

☆ صورتِ مسئولہ میں قاضی یعنی حاکمِ شریعت کو یہ اختیار نہیں کہ میاں بی بی میں حکمِ تفریق نافذ کر کے عورت کو بعد انقطاعِ عدت دوسری جگہ نکاح کرنے کی اجازت دے دے۔ البتہ اگر شوہر کی جائیداد وغیرہ کچھ ہو تو حاکم کو لازم ہے کہ اس جائیداد سے اس کے نان ونفقہ کا انتظام کر دے ☆ اور جب تک اس کے ہم عمر نہ مر لیں اس وقت تک اس کی زوجہ کو بعد انقطاعِ ایامِ عدتِ موت اجازت نکاح کی دوسری جگہ قاضی نہیں دے سکتا۔

چنانچہ کنز الدقائق میں ہے:

المفقود هو غائب لم يدر موضعه فينصب القاضی من ياخذ حقه ويحفظ ماله و يقوم عليه و ينفق على قريبه ولادا وزوجته ولا يفرق بينه و بينها و حكم بموته بعد تسعين سنة و تعتد امراته وورثه منه حينئذ. [1]

(ترجمہ: مفقود وہ غائب آدمی ہوتا ہے جس کے رہنے کی جگہ کا علم نہ ہو سکے۔ لہٰذا قاضی ایک شخص کو مقرر کرے گا جو اس کا حق وصول کرے گا، اس کے مال کی حفاظت کرے گا اور اس کی نگرانی کرے گا ولادت کے اعتبار سے

---

[1] كنز الدقائق مع البحر الرائق : جلد ۵، صفحه ۱۷۶، ۱۷۷، ۱۷۸، مطبوعه دار المعرفه بيروت

Marfat.com

اس کے قریب رشتہ دار پر اور اس کی بیوی پر صرف کرے گا۔ مفقود اور اس کی بیوی کے درمیان تفریق نہ کی جائے گی۔ ☆ نوے سال کے بعد اس کی موت کا حکم لگایا جائے گا۔ اس کی بیوی عدت گذارے گی اور اس وقت کی وراثت تقسیم ہوگی۔)

قال العلامة زین الدین فی صفحه ۱۶۴ من الجزء الخامس من بحر الرائق

أی و من زوجته لقوله علیه السلام فی امراة المفقود أنها امراته حتی یاتیها البیان و قول علی رضی الله عنه فیها هی امراة ابتلیت فلتصبر حتی یتبین موت او طلاق خرج بیانا للبیان المذکور فی المرفوع ولان النکاح عرف ثبوته والغیبة لا توجب الفرقة والموت فی حیز الاحتمال فلا یزال النکاح بالشک و عمر رضی الله عنه رجع الی قول علی رضی الله عنه[1]

☆ (ترجمہ: یعنی مفقود اور اس کی بیوی کے مابین تفریق نہ کی جائے گی ☆ کیوں کہ نبی اکرم ﷺ نے مفقود کی بیوی کے بارے میں فرمایا وہ اس کی بیوی ہے جب تک کہ اس کے پاس اس کی (موت یا طلاق کی) وضاحت نہ آجائے۔ ☆ نیز حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ عورت آزمائش میں مبتلا ہے لہٰذا اسے صبر کرنا چاہئے جب تک کہ اس کی موت یا طلاق کی وضاحت نہ ہو جائے۔ آپ رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد حدیث مرفوع کی وضاحت کررہا ہے' نیز نکاح کا ثبوت معروف ہے اور خاوند کا غائب ہونا فرقت کا باعث نہیں ہوسکتا۔ اور موت کا صرف احتمال ہے۔ لہٰذا نکاح صرف شک کے باعث زائل نہیں ہوگا۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے قول کی جانب رجوع فرمالیا تھا)

واللہ اعلم علمہ احکم

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبر آباد

---

[1] البحر الرائق: جلد ۵' صفحه ۱۷۸' مطبوعه دار المعرفه بیروت

Marfat.com

# احیاء الموات

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......160﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ حسبِ رواجِ راج و بپابندیٔ قانونِ پیداوار گھاس و پالہ و لکڑی و پترِ پہاڑ ملکیتِ معافی دار متصور ہوتا ہے۔ بدین وجہ معافی دار دیگر دیہات ملحقہ کے باشندگان کو کہ وہ اپنے مویشی پہاڑِ معافی دار میں چراتے ہیں، مانع ہے اور نیاز مند ملازم معافی دار ہے۔ پس شرع شریف میں پیداوارِ پہاڑ ملکیتِ معافی دار ہوسکتی ہے یا نہیں اور معافی دار کا مانع ہونا بموجب شرع شریف درست ہے یا نہیں؟ آیا پیداوار خود (رو) پہاڑ کی ملکیتِ عام ہے یا خاص واحد معافی دار؟ امید کہ براہِ کرم جواب سے مشرف فرمایا جائے۔

سعید معین الدین امام مسجد سرائے قصبہ گنگوہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

گھاس خودرو اور خودرو درخت جو فقط جانوروں کے چرانے کے کام آتے ہیں وہ تین حال سے خالی نہیں یا تو ایسی زمین یا پہاڑ میں ہوں گے جو کسی کا مملوک نہیں۔ اندریں صورت اس چراگاہ کی گھاس پانی وغیرہ سارے مسلمانوں کا برابر کا حق ہے جو چاہے اپنے جانوروں کو چروائے۔ خواہ چرانے کو کاٹ لے جائے۔

☆ یا یہ گھاس وغیرہ خودرو نباتات کسی کی زمین مملوکہ میں ہوں گی۔ اندریں صورت بھی اس گھاس وغیرہ میں تمام مسلمانوں کا حق ہے۔ مگر صاحبِ زمین کو حق ہے۔ کہ اپنی زمین میں کسی کو نہ آنے دے۔ لہٰذا اگر کسی مسلمان کو دوسری جگہ گھاس نہ ملے اور (جانور) اس کے بھوکے مریں۔ زمین والے پر لازم ہے کہ اگر اپنی زمین میں نہ آنے دے اس کو کاٹ کر گھاس دے دے۔ یا اس کو آنے کی اجازت دے دے اور کہہ دے کہ گھاس لے جا مگر کھیت کی دیوار وغیرہ نہ خراب ہو۔

Marfat.com

☆ اور تیسری صورت یہ ہے کہ کسی نے گھاس پالہ وغیرہ کاٹ کر رکھا ہے۔ متفرق خواہ ایک جگہ جمع کر کے ☆ یا گھاس اس کے بونے اور لگانے سے اگ آئے وہ فقط اس کاٹنے والے اور بونے والے کی ملک ہے۔ اس میں کسی کا حق نہیں۔ ☆ بہر نہج پانی اور خودرو گھاس وغیرہ اور آگ تینوں کا ایک حکم ہے۔ چنانچہ کتاب احیاء الموت درمختار اور شامی کے صفحہ ۳۱۲ جلد خامس میں ہے۔

المسلمون شرکاء فی ثلاث فی الماء والکلاء والنار [۱]

(ترجمہ: مسلمان تین چیزوں میں شریک ہیں (۱) پانی (۲) گھاس (۳) آگ)

قال الشامی رحمہ اللہ:

قوله المسلمون الخ ای شرکة اباحة لا شرکة ملک فمن سبق الی شیء من ذلک فی وعاء او غیرہ واحرزہ فهو أحق به و هو ملک له دون من سواہ یجوز له تملیکه بجمیع وجوہ التملیک و هو موروث عنه و تجوز فیه و صایاہ و ان اخذہ احد منه بغیر اذنه ضمنه و مالم یسبق الیه احد فهو لجماعة المسلمین مباح لیس لاحد منع من اراد اخذہ لنفسه [۲] اتفانی عن الکرخی [۳]

(ترجمہ: قولہ: مسلمان تین چیزوں میں شریک ہیں یعنی ان کی شرکت اباحت کے اعتبار سے ہے نہ کہ ملک کے لحاظ سے لہٰذا جو شخص ان میں کسی چیز کو پہلے کسی برتن وغیرہ میں ڈال لے یا اکٹھا کر لے وہی اس چیز کا زیادہ حق دار ہے۔ اور وہ چیز اس شخص کی ملک ہوگی۔ کسی دوسرے کی ملکیت میں نہ رہے گی۔ اس کے لیے دوسرے کو ملک بنانے کے تمام طریقوں سے اس کا مالک بنانا جائز ہے۔ مرنے کے بعد وہ چیز اس کی وراثت قرار پائے گی۔ اس میں اس شخص کے لیے وصیت کرنا جائز ہے۔ اگر کوئی شخص اس کی اجازت کے بغیر اس چیز کو لے گا

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۵ صفحہ ۳۱۲ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[۲] نوٹ: رد المحتار جلد ۵ صفحہ ۳۱۲ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ میں "لنفسہ" کی بجائے "الشفة" تحریر ہے جو کتابت کی غلطی معلوم ہوتی ہے۔

[۳] رد المحتار جلد ۵ صفحہ ۳۱۲ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

تو وہ ضامن ہوگا۔اور جب تک کسی آدمی نے حاصل کرنے کے لیے اس کی طرف سبقت نہ کہ ہو وہ مسلمانوں کی جماعت کے لیے مباح ہے۔جو شخص اسے اپنی ذات کے لیے لینا چاہے لے سکتا ہے۔ کسی کو روکنے کا حق نہیں ہے)

اور صفحہ ۳۱۲ شامی جلد خامس میں ہے

ثم الكلام في الكلاء على اوجه أعمها ما نبت في موضع غير مملوک لاحد فالناس مملوكة بلا انبات صاحبها و هو كذالک الاان لرب الارض المنع من الدخول في ارضه واخص من ذلک كله و هو ان يحتش الكلاء او انبته في ارضه فهو ملک له و ليس لاحد اخذه بوجه لحصوله بكسبه ذخيرة وغيره [1] ملخصا۔

(ترجمہ: پھر گھاس کے بارے میں گفتگو چند طرح سے ہے۔

(۱) گھاس کی سب سے عام صورت یہ ہے کہ یہ ایسی جگہ پیدا ہوئی ہو جو کسی کی ملکیت میں نہ ہو۔تو اس صورت میں سارے لوگ وہاں مویشی چرانے اور اسے کاٹنے میں شراکت کا حق رکھتے ہیں۔جس طرح کہ سمندروں کے پانیوں میں سب کا حق مشترکہ طور پر ہے۔

(۲) اس سے خاص تر یہ صورت یہ ہے کہ وہ کسی شخص کی مملوکہ زمین میں مالک کے اگانے کے بغیر خود بخود اگی ہو تو اس کا حکم بھی وہی ہے ہاں مالکِ زمین کو حق حاصل ہے وہ اوروں کو اپنی زمین میں داخل ہونے سے روک سکتا ہے۔

(۳) اور درج بالا دونوں صورتوں سے خاص تر یہ صورت ہے کہ گھاس اس نے اکٹھا کیا ہو یا اس نے اپنی زمین میں اگایا ہو تو یہ گھاس اس کی ملک ہے۔ کسی شخص کو کسی طرح سے اسے حاصل کرنے کا حق نہیں ہے۔کیوں کہ وہ اس کے عمل سے حاصل ہوا ہے۔ذخیرہ وغیرہ۔)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبر آباد

---

[1] رد المحتار جلد ۵ صفحہ ۳۱۲ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

# نکاح

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......161﴾

## سوال

سوال یہ ہے کہ قاضیِ شہر کے علاوہ اگر کوئی دوسرا شخص شرع شریف کے مطابق پابندِ شریعت نکاح پڑھا دے یا دیگر مسلمان پڑھا دے اور اس کا اندارج رجسٹر قاضیِ شہر میں نہ ہو تو کیا وہ ناجائز ہے؟ اس کا جواب بحوالۂ کتاب تحریر کریں۔ پتہ یہ ہے کوٹہ راجپوتاں نئی پورہ میں پہنچ کر جمعدار عبدالعزیز محکمہ انجنیری کو ملے۔

## الجواب

رکنِ نکاح ایجاب و قبول اور شرطِ صحت نکاح دو گواہوں کا بوقتِ ایجاب و قبول ایک جلسہ میں موجود ہونا ہے۔ ☆ لہٰذا علاوہ قاضیِ شہر جو بھی کوئی نکاح پڑھا دے ☆ یا دو گواہوں کے سامنے خود دولہا دولہن بیٹھے بھی اگر ایجاب و قبول کر لیں، نکاح منعقد ہو جائے گا۔ درجِ رجسٹر ہونا اور قاضی کا نکاح پڑھانا انتظامی امر ہیں۔ صحتِ نکاح میں اس کو کچھ دخل نہیں ہے۔

حررہ:
محمد دیدار علی حنفی مفتی
جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

﴿فتویٰ نمبر......162﴾

## سوال

اگر وکیلِ مسماۃ ایجاب نہ کرے تو قاضیٔ عقد کو ایجاب کر دینے کا حق کس طرح حاصل ہوگا۔

سائل: قاضی جلال الدین ساکن ریاست دھول پور محلہ قاضی پاڑہ

۲۱ھ جمادی الأولی ۱۳۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

اگر عورت وقتِ نکاح مجلس میں موجود نہ ہو نہ کوئی اس کا وکیل اجنبی ہو نہ ولی' تو قاضی خود اس سے اجازت لے کر' دولہا کو قبول کرا دے۔ ☆ اور قبول کرانے کے وقت اس عورت کا نام معہ نام اس کے باپ کے ضرور لے تا کہ سب پہچان لیں۔ بہرنہج اس طرح اس کا نام لینا یا اس کی طرف اشارہ کرنا ضروری ہے کہ گواہ وغیرہ سب پہچان لیں کہ فلاں عورت کا نکاح ہوا ہے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی
مفتی جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......163﴾

## سوال

بروقتِ عقد جو کہ حسب رواج ہندوستان من جانب عروسہ وکیل مقرر ہو کر آتا ہے تو تصدیق وکالت گواہان سے کس طرح کی جائے؟ اور اس طرح پر کہنا جائز ہے یا نہیں کہ جو مسماۃ فلاں کی لڑکی اس مکان کے اندر ہے یا جس کی تقریب شادی درپیش ہے۔

۲۱ جمادی الاولیٰ ۳۶ھ

قاضی جلال الدین ساکن ریاست دھول پور محلہ قاضی پاڑہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

بے شک اسی طرح کہنا چاہئے۔ اس واسطے کہ اصل نکاح میں یہ ہے' کہ کم از کم دو گواہ یا اہلِ مجلس' جس وقت دولہا کو ایجاب وقبول کرایا جائے اور دولہا اپنے عقد میں اس عورت کو قبول کرے پہچان لیں کہ فلاں عورت کو دولہا قبول کر رہا ہے۔ خواہ اس طرح ہو کہ دولہن مجلس میں بیٹھی ہو۔ اور عاقدِ نکاح اس عورت کی طرف اشارہ کر کے کہے' کہ اس عورت کو تمہارے عقدِ نکاح میں دیتا ہوں۔ اور دولہا کہے میں اس کو اپنے عقد میں قبول کرتا ہوں۔ خواہ اس طرح کہ عورت پردہ میں کسی ایسے مکان میں ہو' کہ اس کے ساتھ مکان میں اور عورتیں بھی ہوں' تو عاقدِ نکاح کو لازم ہے' کہ وہ دلہن کا نام اس کے باپ کے نام کے ساتھ اس طرح لے کہ دولہا کو اور گواہوں کو معلوم ہو جائے' کہ فلاں عورت کے ساتھ عقد ہوا ہے۔ علی ہذا یہ ضرور ہے کہ وکیل اور گواہ عورت کو دیکھ کر پہچان لیں کہ فلاں عورت ہے جو اپنے نکاح کی فلاں شخص کے ساتھ اجازت دی رہی ہے۔

اور اگر وکیل اور گواہوں کو مجرد اتنا معلوم ہو کہ ایک عورت اندر سے اجازت دے رہی ہے۔ مگر یہ نہیں معلوم کہ یہ عورت ان عورتوں میں سے کون سی عورت ہے' تو وہ نکاح جب صحیح ہوگا جب وہ عورت دولہا کے ساتھ

Marfat.com

اس کے یہاں چلی جائے۔ اور بعدِ نکاح آثارِ رضامندی ظاہر رہیں۔ اور اگر وہ انکار کر دے کہ میں اجازت نہیں دیتی تھی اور گواہ اور وکیل اس کو نہ پہچان سکیں وہ نکاح ہرگز صحیح نہ رہے گا۔

ہاں اگر اس نکاح میں بجز اس عورت کے کوئی اور عورت نہ ہو تو بلاشبہ وہ نکاح صحیح ہوگا۔ اور صحیح رہے گا۔ اور وکیل اور گواہ اس پر گواہی دے سکتے ہیں' کہ جو اس مکان میں عورت تھی' اور ہمارے علم میں یہی عورت تھی۔ اس نے ہم کو وکیلِ نکاح بنایا تھا۔ اور ہم اس کے گواہ ہیں۔ چنانچہ صفحہ ۲۹۵ شامی مطبوعہ مصر میں ہے۔

و لا بد من تمييز المنكوحة عند الشاهدين لتنتفى الجهالة فان كانت حاضرة منتقبة كفى الاشارة اليها والاحتياط كشف وجهها فان لم يروا شخصها و سمعوا كلامها من البيت ان كانت وحدها فيه جاز و لو معها اخرى فلا لعدم زوال الجهالة و كذا اذا وكلت بالتزويج فهو على هذا اى ان رأوها او كانت وحدها فى البيت يجوز ان يشهدوا عليها بالتوكيل اذا جحدته والافلا لاحتمال ان الموكل المراة الاخرى. و ليس معناه انه لا يصح التوكيل بدون ذلک و انه يصير العقد عقد فضولى[1] فيصح بالاجازة بعده قولا او فعلا لما علمته آنفا[2].

(ترجمہ: گواہوں کے نزدیک منکوحہ کا ممتاز ہونا بھی ضروری ہے تاکہ اس کے مجہول ہونے کا خاتمہ ہو سکے۔ لہٰذا اگر وہ اکیلی ہو اور نقاب اوڑھے ہوئے ہو' تو اس کی طرف بوقتِ نکاح اشارہ کافی ہے۔ اور احتیاط یہ ہے کہ اس کے چہرے پر سے پردہ ہٹا دیا جائے (اور گواہ اسے دیکھ لیں۔) اگر گواہ اس کی ذات کو نہ دیکھیں لیکن اس کی گفتگو گھر کے اندر سے سن رہے ہوں' اگر وہ گھر میں اکیلی ہے' تو نکاح جائز ہے۔ اور اگر اس کے ساتھ اور کوئی عورت بھی موجود ہے (اور گواہ اسے دیکھ نہیں رہے') تو نکاح جائز نہیں ہے۔ کیوں کہ جہالت کا خاتمہ نہیں ہوا۔ اور یہی حکم اس صورت میں ہے جب کہ عورت نے نکاح کے لیے کسی کو وکیل بنایا ہو یعنی اگر وکالت کے گواہوں

---

[1] قولہ "عقد فضولی" مطبوعہ نسخہ میں اسی طرح ہے۔ لیکن درست "عقدا فضوليا" ہے

[2] ردالمحتار: جلد ۴ صفحہ ۷۳' ۷۴' دار التراث العربی بیروت

Marfat.com

نے اسے دیکھ لیا ہو یا وہ گھر میں اکیلی ہو تو اس کی طرف سے وکیل بنانے کی گواہی دے سکتے ہیں۔ جب کہ وکیل بنانے کا انکار کرے۔ ورنہ گواہی نہیں دے سکتے۔ کیونکہ یہ احتمال موجود ہے کہ وکیل بنانے والی عورت کوئی اور ہو۔ اس کے معنی یہ نہیں ہے کہ اس کے بغیر وکیل بنانا صحیح نہیں۔ اور عقدِ نکاح' فضولی عقد قرار پا جائے گا۔ لہٰذا اگر وہ بعد میں قول یا فعل کے ساتھ اجازت دے دے' تو نکاح درست ہو جائے گا جیسا کہ تم کو ابھی معلوم ہو چکا ہے)

لہٰذا تصدیقِ وکیلِ وکالت اس طرح ہونی چاہئے' کہ تم اس عورت کو' جس نے تم کو وکیل کیا ہے پہچانتے ہو؟ اور وہ کہیں کہ بے شک ہم اس کو پہچانتے ہیں۔ اور گواہ بھی کہیں جس نے ان کو وکیل کیا ہے، ہم اس کو پہچانتے ہیں۔

اور عمدہ طریق یہ ہے کہ عورتِ بالغہ کا جو ولیِ اقرب ہو وہ وکیلِ نکاح بنایا جائے اور اس کی اجازت پر کفایت کی جائے اور اگر خوف اس امر کا ہو کہ عورت شاید وکالتِ ولی سے انکار کر جائے تو وقتِ اجازت ایسے دو گواہِ اجازت بنا لئے جائیں جن کے سامنے عورت بلا حجاب آ سکے اور وہ اس کو پہچان سکیں۔

حررہ:

العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی

مفتی جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......164﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ ایک عورت کا یعنی رحیمن کا عقد بتاریخ ۱۱ ربیع الاول ۱۳۳۵ ہجری کو مسمی حبیب کے ساتھ ہوا۔ لیکن مسماۃ مذکور کو چار پانچ ماہ کا حمل ہے اور مسماۃ رحیمن کے شوہر کو فوت ہوئے عرصہ تخمیناً ڈیڑھ سال کا ہوا۔ آیا حالتِ حمل میں نکاح جائز ہے یا کہ نہیں۔

۱۵ ربیع الاول ۱۳۳۵ھ۔ ۱۰ جنوری ۱۹۱۷ء

بندو خان ولد عمر خان قوم پٹھان ساکن نوری دروازہ شہر آگرہ

### الجواب

صورتِ مسئولہ میں مسماۃ رحیمن کا نکاح، اگر اس کا حمل علاوہ حبیب کے فی الواقع اس کے شوہر متوفی کا ہے، کسی غیر کا نہ تھا، حبیب کے ساتھ صحیح نہیں ہوا۔ لہٰذا بعد وضع حمل اس کے اختیار ہے جس کے ساتھ چاہے نکاح کرلے۔

چنانچہ شرح وقایہ میں ہے:

بطل نکاح حامل ثبت نسب حملها[1] ۔فقط

(ترجمہ: جس حاملہ عورت کے حمل کا نسب ثابت ہے اس کا نکاح باطل ہے)

حررہ

العبد الراجی رحمة ربه القوی

محمد دیدار علی مفتی

جامع مسجد اکبر آباد

[1] شرح وقایہ جلد دوم صفحہ ۱۹ مطبوعہ مجتبائی دھلی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......165﴾

### سوال

ایک عورت کا نکاح ہوا۔ چند ماہ رہ کر باپ کے گھر چلی گئی۔ پھر پندرہ ماہ بعد خاوند کے گھر گئی تو حمل تھا۔ تین ماہ بعد دختر پیدا ہوئی۔ پھر وہ عورت بھاگ گئی اب اس کو (باپ) نے رخصت کیا ہے۔ شرعا اس کا نکاح رہا یا نہیں۔

عورت نے بھتیجے کا حمل بیان کیا ہے۔

۱۴ اپریل ۱۹۱۶ء

شیخ آگرہ نالی منڈی

## الجواب

نکاح جائز رہا۔ اب وہ عورت جس نے زنا کا اقرار کیا ہے' گناہ سے توبہ کرے۔ خاوند کی اطاعت کرے۔ نکاح میں خلل نہیں۔

محمد وصی علی ملیح آبادی

مدرس جامع کانپور

جواب صحیح ہے غلام حسین

### الجواب

### ھو المصوب

بے شک نکاح میں کچھ نقصان نہیں۔ عورت کو توبہ چاہئے اور اس کے شوہر کو اختیار ہے اُس کو اپنی زوجیت میں رکھے۔ واللہ اعلم وحکمہ احکم

المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......166﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مسماۃ مریم کے والدین کا انتقال ہوگیا اور وہ بغرضِ پرورش اپنے بہنوئی مسمی رحمت کی سپردگی میں رہی۔ رحمت نے اس کا نکاح جبکہ وہ نابالغ تھی مسمی گلاب کے ساتھ کردیا۔ بعد وہ صرف اول شب ایک روز اپنے خاوند کے یہاں رہی۔ اس درمیان میں یعنی دوسال تک پھر کہیں نہیں گئی۔ وہ اپنے بہنوئی کے جہاں اس نے پرورش پائی تھی رہ گئی اور بالغ ہوئی۔ جب وہ بالغ ہوگئی تو اس کے خاوند نے طلاق دیدی اب استفتاء طلب امور ذیل ہیں۔

1۔ یہ کہ وہ اپنا نکاح بلاعدت گزارنے کے کسی دوسرے سے کرسکتی ہے یا نہیں؟ مہر واجب الادا ہے یا نہیں اور ہے تو کس قدر؟

2۔ یہ کہ مسماۃ مطلقہ اب بالغ ہوگئی ہے ہمراہ بہنوئی کے رہے یا اپنے حقیقی بھائی کے؟

3۔ یہ کہ مسماۃ اپنے شوہر کے بھائی کے ساتھ نکاح کرسکتی ہے یا نہیں؟

بینوا توجروا. حافظ تاج محمد ۱۲ دسمبر ۱۹۱۵ء

## الجواب

### هو الملهم للحق والصواب

☆ نابالغہ یعنی جس کو حیض نہ آتا ہو بعد خلوت تین مہینے تک عدت پوری کرے گی۔ اس سے پہلے نکاح نہیں ہوگا۔

قال اللہ تعالیٰ :

واللائی یئسن من المحیض من نساء کم الخ[۱] .

---

[۱] القرآن الحکیم : سورۃ الطلاق آیت : ۴

Marfat.com

☆(ترجمہ: اور تمہاری عورتوں میں جنہیں (بڑھاپے کی وجہ سے) حیض کی امید نہیں رہی ہے، اگر تم کو (اس امر میں) شبہ ہو کہ ان کا کیا حال ہے تو ان کی عدت تین مہینے ہے۔ اور یہی عدت ان عورتوں کی بھی ہے جن کو ابھی حیض آنا شروع نہیں ہوا)

☆1۔ جن عورتوں کو بوجہ صغر سنی کے یا کبر سنی کے حیض نہیں آتا ان کو تین مہینے عدت بیٹھنا چاہئے اور اگر اس درمیان میں حیض ہو گیا تو یہ میعاد ساقط اور تین حیض شمار کیے جائیں گے۔ قدوری میں ہے

**کذلک الصغیرۃ اذا عدت بالا شھر ثم بلغت فعدتھا بالحیض ۱۔**

(ترجمہ: اور نابالغہ کا بھی یہی حکم ہے جب وہ مہینوں کے ساتھ عدت گزار رہی ہو پھر اسی دوران بالغ ہو گئی ہو تو اس کی عدت حیض سے شمار ہو گی)

اور اس مدت کے قبل نکاح جائز نہیں۔

☆2۔ نکاحِ صغیرہ میں مہرِ مثل سے کم مقرر جائز نہیں۔ اشباہ میں ہے

**(یجوز) النکاح باقل من مھر المثل الافی صغیرۃ یزو جھا غیر الاب والجد ۲**

(ترجمہ: مہرِ مثل سے کم مہر کے عوض نکاح جائز ہے لیکن نابالغہ عورت کی صورت میں جائز نہیں جب کہ باپ اور دادا کے علاوہ کوئی اور شخص نابالغہ کا نکاح کرے)

☆ اور اگر کم مہرِ مثل سے نکاح ہو گا تو مہرِ مثل شوہر سے دلایا جائے گا۔

---

۱ قدوری میں یہ عبارت نہ مل سکی البتہ جوہرہ نیرہ جلد ۱ صفحہ ۱۵۵، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان کی عبارت یوں ہے:

وان حاضت الصغیرۃ قبل تمام عدتھا استانفت العدۃ بالحیض سواء کان الطلاق بائنا أو رجعیا

(ترجمہ: اگر عورت کے ختم ہونے سے پہلے نابالغ عورت کو حیض شروع ہو گیا وہ از سرِ نو حیض کے ساتھ عدت گذارے گی طلاق خواہ بائن ہو خواہ رجعی)

۲ الاشباہ والنظائر: جلد اول صفحہ ۲۵۲ مطبوعہ ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی

Marfat.com

فإن الظاهر فيه النفوذ مع لزوم مهر المثل اشباه [1]

3۔ اب لڑکی بالغہ ہے وہ بھائی کے پاس رہے خواہ خواہر کے پاس اس کو اختیار ہے۔ بہنوئی غیر شخص ہے۔ اس کے پاس رہنا درست نہیں بلکہ بہنوئی سے پردہ کرے گی۔ اور شوہر کے بھائی سے نکاح درست ہے۔ بعد عدت کر سکتی ہے۔ ھکذا حکم الفقه. والله اعلم بالصواب

عاجز محمد رمضان عفی عنہ،

واعظ جامع مسجد آگرہ،

مورخہ ۱۴ دسمبر ۱۹۱۵ء

[1] غمز عیون البصائر مع الاشباہ والنظائر : جلد ۱ صفحہ ۲۵۲ ادراۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی

نوٹ: حضرت مولانا مفتی محمد رمضان رحمۃ اللہ علیہ نے اس مسئلہ کی نسبت الاشباہ والنظائر کی جانب فرمائی جب کہ یہ جزئیہ اس کی شرح میں ہے۔

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر...... 167﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی اور صرف تین چار روز طلاق دیئے ہوئے گزرے تھے کہ چند لوگوں نے اس عورت کا دوسرا نکاح کسی اور شخص کے ساتھ پڑھادیا۔ پس ایسا نکاح درست ہے یا نہیں؟ اور اگر درست نہیں ہے تو لوگوں پر جنہوں نے پیروی کر کے اور کوشش کر کے نکاح پڑھادیا ہے کیا سزا ہے؟

شیر خان ولد احمد خان

۱۴ دسمبر ۱۹۱۵ء

## الجواب

عورت مطلقہ کا عدت گزرنے سے پیشتر نکاح ناجائز ہے۔☆ اور جن لوگوں نے اس کام میں اعانت کی خواہ گواہ ہو کر یا وکیل ہو کر اگر عدت نہ گزرنے کا ان کو علم تھا تو سب گنہگار ہیں۔ توبہ لازم ہے۔

واللہ اعلم بالصواب

عاجز محمد رمضان عفی عنہ

واعظ جامع مسجد آگرہ

۱۴ دسمبر ۱۹۱۵ء

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......168﴾

## سوال

زوجۂ عم نے اپنے شوہر کے لڑکے کو دودھ پلایا اب دختر زوجہ مذکور کی پیدا ہوئی۔ اس کا نکاح اپنے اس ابن الاخ سے جائز ہے یا نہیں؟

سائل: مولانا غلام محی الدین

امام مسجد شاہ جہاں پور

۱۵ مارچ ۱۹۱۶ء

## الجواب

جس لڑکے کو دودھ پلایا' اس کا نکاح دودھ پلانے والی کی کسی دختر سے جائز نہیں۔ اور نہ اُس لڑکی کی اولاد سے۔☆ ہاں رضاعی بھائی کی بہن سے نکاح جائز ہے۔ ھکذا فی الفقه

کتبہ المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

## فتویٰ نمبر......169

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ماموں کے انتقال کے بعد ممانی اور بھانجے کا نکاح درست ہے یا نہیں؟

سائل: واجد علی پٹکا پور۔کان پور

۹ شوال ۱۳۳۴ھ

## الجواب

وهو الموفق للصواب

بسم الله الرحمن الرحيم.

اللهم رب زدني علماء.

درست ہے۔

حررہ:

العبد الراجی رحمۃ ربہ

المفتی ابو محمد محمد دیدار علی مفتی

جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر 170﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس بارے میں کے ایک ملاں صاحب نے بلا موجودگی و بلا اجازتِ ولی طفلِ نابالغ کا نکاح ایک لڑکی سے کر دیا۔ اور چونکہ اس نابالغ کا ولی کوئی بھی نہ تھا بعد بلوغِ دختر اُن ہی ملاں صاحب نے اس دختر کا نکاح دوسرے شخص سے کر دیا۔ لہٰذا بڑے ملاں صاحب نے ان ملاں صاحب اور ان کے پیرو کی نسبت حکم عام کر دیا کہ ان کے سب کے نکاح ٹوٹ گئے اور ان ملاں صاحب کے پیچھے کوئی نماز نہ پڑھے۔

لہٰذا دریافت طلب یہ امر ہے کہ آیا پہلا نکاح طفلِ نابالغ کے ساتھ صحیح ہوا یا نہیں؟ اور صحیح نہیں ہوا تو دوسرے شخص سے اس دختر کے نکاح میں کیا ہرج رہا؟ اور نہیں رہا تو بڑے ملاں صاحب کا ان ملاں صاحب کی نسبت یہ تشدد کہ ان کے پیچھے نماز نہ ہوگی محض تعصب ہے؟

سائل: بلند خان، سکنہ مٹھیال، ضلع اٹک

حال ملازم پلٹن ۲۹ کمپنی ۴ ڈپو آگرہ

۱۹ ذیقعدہ ۱۳۳۴ھ

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحيم.

اللهم رب زدني علما.

صورتِ مسئولہ میں چونکہ طفل کا ولی وقتِ نکاح موجود ہی نہ تھا لہٰذا وہ نکاح صحیح نہیں ہوا۔ اس واسطے شرط صحتِ نکاحِ نابالغہ اور نابالغ کی ولی کا عاقد و متکفلِ عقد نکاح ہونا ہے۔ کما فی الدار المختار المطبوعہ مصر فی صفحہ 321

الولي شرط صحة نكاح صغير[1]

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۴، صفحہ ۱۱۵ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

(ترجمہ: ولی نابالغ کے نکاح کے درست ہونے کے لیے شرط ہے)

قال الشامی رحمه الله :

قوله صغیر الموصوف محذوف ای شخص صغیر الخ فیشمل الذکر والانثی[1]

(ترجمہ: لفظ صغیر صفت ہے اس کا موصوف محذوف ہے اصل عبارت "شخص صغیر" ہے لہٰذا یہ عبارت لڑکے اور لڑکی دونوں کو شامل ہے)

چنانچہ درمختار ہی میں بعد عبارتِ مذکورہ یہ کلیہ مسطور ہے

☆ والا صل ان کل من تصرف فی ماله له تصرف فی نفسه و مالا فلا[2]

☆(ترجمہ: قاعدہ یہ ہے کہ جس شخص کو نابالغ کے مال میں تصرف کی اجازت ہے اسے اس کی ذات میں بھی تصرف کی اجازت ہے۔ اور جسے مال میں تصرف کی اجازت نہیں اسے اس کی ذات میں تصرف کی اجازت بھی نہیں ہے)

اور جب نکاح منعقد ہی نہیں ہوا تو اُن ملاں صاحب نے اگر اُس دختر کا دوسری جگہ نکاح کر دیا کوئی حرج نہیں۔ البتہ بغیر موجودگیِ ولیِ طفلِ نابالغ انہوں نے نکاحِ اول میں غلطی کی۔ لہٰذا اگر جان بوجھ کر کی تو لوگوں کو دھوکہ میں ڈالنے کے گنہگار رہے۔ اللہ معاف کرے اور اگر نکاحِ اول بوجہ ناواقفی پڑھا دیا اور پھر بعد معلوم کرنے اس بات کے' کہ بغیر ولی کے نکاح نہیں ہوتا' دوسرا نکاح پڑھا دیا' گنہگار بھی نہیں ہوئے۔ لہٰذا بڑے ملاں صاحب کا بلا وجہ ان پر اتنا تشدد کرنا ظلم صریح ہے۔ واللہ اعلم

محمد دیدار علی

مفتی مسجد جامع اکبرآباد

---

[1] رد المحتار : جلد ۴ صفحه ۱۱۵ مطبوعه بیروت

[2] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۴ ' صفحه ۱۱۵ ' ۱۱۶' مطبوعه بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 171﴾

## سوال

میری والدہ نے جب میں نابالغ تھی نکاح کر دیا۔ اور پانچ برس سے شوہر لاپتہ ہے۔ اب میں بالغہ ہوں اور اس نکاح سے خوش نہیں ہوں۔ دوسرا نکاح کرتی ہوں شرعاً مجھ کو اختیار ہے یا نہیں۔

۱۲ اپریل ۱۹۶۱ء حمیدن ساکن چھڑی مارٹولہ

## الجواب

### هو المصوب

جس نابالغہ کا نکاح ماں نے اپنی ولایت سے کیا ہے اس کو وقت بالغ ہونے کے اختیار ہے کہ اس نکاح کو فسخ کر دے اور علاوہ اب شوہر کا حال بھی عرصہ پانچ سال سے نہیں معلوم ہے۔ لہٰذا سخت ضرورت کے وقت حاکم سے اجازت لے کر دوسرا نکاح کر سکتی ہے۔ بزازیہ میں ہے۔

**القاضی إذا زوجهما ثم بلغا لهما الخيار فی الصحيح وبه يفتی لقصور الشفقة وكذا فی الأخ والام**[1]

(ترجمہ: قاضی نے نابالغ لڑکے لڑکی کا نکاح کیا پھر وہ بالغ ہوئے تو ان دونوں کو صحیح قول کی رو سے نکاح فسخ کرنے کا اختیار ہے اور فتویٰ اسی قول پر ہے کیوں کہ اس میں شفقت کم ہوتی ہے اور اسی طرح بھائی اور ماں کے نکاح کرنے کی صورت میں بھی بلوغ کے بعد ان کو فسخ کا اختیار رہتا ہے)

**قال مالك والاوزاعی الی اربع سنين فينكح عرسه بعده كما فی النظم فلو افتی به فی موضع الضرورة ينبغی ان لا باس به علی ما نحن**[2]

☆ (ترجمہ: امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ عورت چار سال تک انتظار کرے۔ اس کے بعد نکاح کرے۔ جیسا کہ النظم میں ہے۔ لہٰذا اگر ضرورت کے مقام پر اس قول کے مطابق فتویٰ دے تو کوئی تو حرج نہیں ہونا چاہئے)

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

---

[1] الفتاوی البزازية علی هامش الفتاوی العالم گیریه جلد ۴ ص ۱۵ مطبوع مصر

[2] جامع الرموز: جلد صفحه مطبوعه

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......172﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ ایک لڑکی سنِ بلوغیت کو پہنچ چکی ہے۔ اور اس کی ماں کا انتقال ہو چکا ہے اور اس کا باپ پردیس میں ہے اور وہ اپنے بھائی کے پاس رہتی ہے اور بھائی بھی اس کا بالغ ہے اور بھائی اس کا چاہتا ہے کہ کسی نیک مسلمان لڑکے کے ساتھ اپنی ہمشیرہ کا عقد نکاح کر دوں۔ لہٰذا دریافت کیا جاتا ہے کہ عدم موجودگی اس کے باپ کی بہ ولایت اس کے بھائی کے عقدِ نکاح شرعی ہو سکتا ہے یا نہیں؟

## الجواب

لڑکی چونکہ بالغ ہے اس واسطے باپ کی موجودگی کی ضرورت نہیں۔

مولوی منور شاہ

## الجواب

شیخین کے نزدیک بلاشبہ عاقلہ بالغہ کا نکاح اس کی رضامندی سے اگر وہ چاہے بغیر ولی ہو سکتا ہے۔

**کما فی شرح الوقایة :**

**اعلم ان الحرة العاقلة البالغة اذا زوجت نفسها فعند ابی حنیفة و ابی یوسف رحمهما الله تعالیٰ ینعقد[1] ۔**

(ترجمہ: آزاد عاقل اور بالغ عورت جب اپنا نکاح کر لے تو حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک نکاح منعقد ہو جاتا ہے) فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی مفتی جامع مسجد اکبر آباد

---

[1] شرح الوقایہ: جلد ۲ صفحہ ۲۱، ۲۲، مطبوعہ مطبع مجتبائی دهلی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......173﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلے میں کہ زید کی لڑکی بالغ کا بعد انتقال زید کے اس کے حقیقی بھائی نے اپنے خالہ زاد برادر سے اپنی بھتیجی کی شادی کر دی جو کہ لڑکی منکوحہ مذکورہ کا چچا ہے۔ اور لڑکی نکاح سے پہلے اس سے رضامند نہ تھی۔ اس کے تایا اور اس کی ماں نے جبراً نکاح کر دیا۔ بعد نکاح کے دو مرتبہ اپنے خاوند کے گھر بھی اپنی خوشی سے گئی۔ لیکن اب اس کو اس کے گھر جانے سے قطعی انکار ہے کیوں کہ منکوحہ کی ہم عمر لڑکیاں طعنہ وتشنیع کرتی ہیں اور ہم لوگوں کو بھی اس کی جان کا خوف واندیشہ ہے۔ اس صورت میں کس طرح فیصلہ ہونا چاہئے؟

## الجواب

### هو الموفق للصواب

بسم الله الرحمن الرحيم.

اللهم رب زدنی علما

☆ صورتِ مسئولہ میں اگر دخترِ بالغہ کے ☆ چچا نے اور تایا اور ماں نے بغیر اذن واجازتِ لڑکی باوصف انکارِ صریح دخترِ مذکور یا آوازروتی ہوئی دخترِ مذکور کے نکاح کر دیا' وہ نکاح صحیح نہیں ہوا۔ اس واسطے کہ بعد البلوغ ولی کی ولایت نکاح کی بالجبر باقی نہیں رہتی۔

کما فی الدر المختار

و لا تجبر البالغة البکر علی النکاح لانقطاع الولایة بالبلوغ [1]۔

(ترجمہ: بالغ اور باکرہ عورت کو نکاح پر مجبور نہ کیا جائے کیوں کہ بالغ ہونے پر نکاح پر جبر کی ولایت ختم ہو جاتی ہے)

☆ ہاں البتہ اگر اولیاءِ موجودہ سے ولیِ اقرب نے اس سے جب اس شخص کا ذکر کر کے جس کے ساتھ

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۴ صفحہ ۱۱۸' ۱۱۹ مطبوعہ در الاحیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

نکاح کرنا چاہتے تھے اذن نکاح طلب کیا ☆ دخترِ مذکورہ ہنس پڑی یا چپ ہوگئی ہے تو بے شک اس کا ہنسنا اور سکوت، چونکہ قائم مقامِ اذن رکھا گیا ہے۔ نکاح صحیح ہوگیا۔

**کما فی الهداية :**

**فاذا استاذ نها الولی فسکتت او ضحکت فهو اذن** [۱]

(ترجمہ: ولی نے لڑکی سے اجازت طلب کی وہ خاموش رہی یا ہنس پڑی، تو یہ اذن شمار ہوگا)

اس واسطے کہ سکوت اور ضحک رضامندی پر دال ہے اور شرطِ صحتِ نکاحِ بالغہ اس کی رضامندی ہی ہے۔

چنانچہ ہدایہ میں ہے:

**و ینقد نکاح الحرة العاقلة البالغة برضائها** [۲]

(ترجمہ: آزاد اور بالغ عورت کا نکاح اس کی اپنی رضامندی سے منعقد ہو جاتا ہے)

اور صورتِ مذکورہ میں تو شوہر کے گھر پر برضا و رغبت چلا جانا صراحتاً اس کی رضا پر دال ہے اور اب اس کے انکار کی وجہ بجز طعن و تشنیع بے سمجھ عورتوں کی، جو یہ سمجھ کر مطعون کرتی ہیں کہ خالہ زاد بھائی کے ساتھ نکاح ہو گیا اور کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی۔ ☆ لہٰذا اس کا نکاح بلا تکلف صحیح اور اس کو خوفِ خدا کر کے اپنے شوہر کے گھر جانا ضروری ہے۔ اور عورتوں کو لازم ہے کہ وہ ایسے خیالِ باطل سے، یعنی خالہ زاد بھائی کے ساتھ نکاح کے برا سمجھنے سے، توبہ کریں۔ اگر وہ اس نکاح کو جو شرعاً قطعاً جائز اور حلالِ قطعی سے حرام سمجھیں گی اور اس کو مطعون کریں گی خوف ہے کہ ان کے نکاح ٹوٹ جاویں گے اور بوجہ حرام سمجھنے حلالِ قطعی کے کافر ہو جاویں۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی مفتی جامع مسجد اکبر آباد

---

[۱] الهدایه : جلد ۳ صفحه ۳۴ اداره القرآن والعلوم الاسلامیه کراچی

[۲] الهدایه : جلد ۲ صفحه ۳۱۳ مطبوعه : مکتبه شرکت علمیه، ملتان

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......174﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ ہندہ نابالغہ کا عقد زید سے ہوا اور دو گواہان نے ہندہ سے اجازت نکاح کی لی اور اس کے باپ قدرتی سے کوئی اجازت نہیں لی اور ہندہ کا باپ جلسہ عقد میں موجود تھا ایسی صورت میں نکاح ہوا یا نہیں۔ بینوا وتوجروا

سائل حافظ علی آگرہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما۔

جب تک باپ کی اجازت صراحۃ یا دلالۃ نہ پائی جائے ہندہ کا نکاح صورتِ مسئولہ میں صحیح نہیں ہوگا اگر باپ جائز کہے جائز رہے گا اور اگر باپ جائز نہ رکھے غیر معتبر رہے گا۔ کما فی الدر المختار :

**فلو زوج الا بعد حال قیام الاقرب توقف علی اجازتہ** [1]

☆(ترجمہ: اگر ابعد ولی نے ولیِ اقرب کی موجودگی میں نابالغ کا نکاح کردیا تو وہ ولیِ اقرب کی اجازت پر موقوف رہے گا)

**قال الشامی :**

**قولہ توقف علی اجازتہ تقدم ان البالغۃ لو زوجت نفسھا غیر کفؤ فللولی الاعتراض ما لم یرض صریحا او دلا تہ کقبض المھر و نحوہ فلم یجعلوا سکوتہ اجازۃ والظاھر ان سکوتہ ھھنا کذلک فلا یکون سکوتہ اجازۃ لنکاح الا بعد و ان کان حاضرا**

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۴ صفحہ ۱۱۴ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

فی مجلس العقد ما لم یرض صریحا او دلالۃ تامل ١ فقط

(ترجمہ: قولہ: اس کی اجازت پر موقوف رہے گا' پہلے گذر چکا ہے کہ ☆ اگر بالغ عورت نے اپنا نکاح غیر کفو میں کرلیا تو ولی کو اس وقت تک اعتراض کا حق حاصل ہے جب تک کہ وہ صراحت کے ساتھ یا دلالت کے ساتھ اپنی رضامندی کا اظہار نہ کردے مثلاً مہر موصول کرلے وغیرہ۔ فقہاء نے ولی کے سکوت کو اجازت قرار نہیں دیا۔ اور ظاہر ہے کہ اس کے سکوت کا حکم اس مقام پر ویسے ہی ہے۔ ☆ لہٰذا ولیِ اقرب کا سکوت ولیِ اقرب کے نکاح کی اجازت شمار نہ ہوگا اگرچہ وہ نکاح کی مجلس میں موجود ہو۔ جب تک صراحت یا دلالت کے ساتھ اس نکاح پر رضامندی کا اظہار نہ کردے)

حررہ:

العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابومحمد محمد دیدار علی مفتی وواعظ

جامع مسجد اکبرآباد

١ ر د المحتار جلد ۴ صفحہ ۱۱۴ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......175﴾

## سوال

بغیر صریح رضامندی وکیل نے نکاح بالغہ کو غیر کفو سے کر دیا۔اس کی ماں اور ماموں اور ماں کا چچازاد بھائی ہے۔ان میں سے کس کو حق فسخ حاصل ہے؟اور سکوت عورت کا ایسے موقع پر رضامندی سمجھا جائے گا؟

۱۹ اپریل ۱۹۱۶ء

نئی بستی

## خلاصة الجواب

وکالت صحیح نہیں۔باکرہ بالغہ کا سکوت بغیر نطق صریح اجازت نہیں ہے۔

ولا بد من النطق جامع الفصولین[۱]

☆ چچازاد بھائی ماں (کی نسبت) ولی اقرب ہے۔

☆ غیر کفو سے نکاح میں سکوت رضامندی نہیں۔

فسكتت مقالا لا يكون رضا و قيل فی قول ابی حنیفة یكون رضا ان كان الاب او الجد والا لا[۲]

---

[۱] جامع الفصولین: جلد ۲ صفحہ ۱۳۸ مطبوعہ دار الاشاعة العربية كوئٹہ

نوٹ:اصل عبارت یوں ہے۔

السكوت وهو رضا فی مسائل منها سكوت البكر عن استئمار الولی قبل التزویج وبعدها لو زوجها الولی حتی لو زوجها الجد مع قیام الأب لا یكون سكوتها رضا

(ترجمہ:خاموش رہنا کئی ایک مسائل میں رضا شمار ہوتا ہے ان میں ایک یہ ہے کہ ولی اقرب نکاح کرنے سے پہلے یا نکاح کر دینے کے بعد نکاح کے بارے میں مشورہ طلب کرے وہ خاموش رہے تو یہ رضا شمار ہوگی۔اور اگر ولی ابعد مثلاً دادا نے باپ کی موجودگی میں باکرہ کا نکاح کیا تو اب خاموش رہنا رضا شمار نہ ہوگا)(اس صورت صراحتاً نطق کے ساتھ اجازت درکار ہے)

[۲]

Marfat.com

(ترجمہ: اجنبی نے باکرہ بالغہ کا نکاح کیا وہ خاموش رہی تو یہ خاموشی رضا نہ ہوگی۔ ایک قول کی رو سے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق اگر نکاح کرنے والا باپ یا دادا ہو تو پھر اس کی خاموشی رضا ہوتی ہے اور اگر یہ یعنی باپ دادا نہ ہوں تو خاموشی رضا نہیں ہوگی)

ولی اقرب کو نکاح فسخ کر دینے کا حق حاصل ہے۔ حامدیہ میں ہے

**فإذا نحكته بلا رضا وليها فرق القاضي بينهما بطلب الولي** ؎۱

☆(ترجمہ: عورت نے ولی کی اجازت کے بغیر غیر کفو میں نکاح کر لیا تو ولی کے مطالبہ پر قاضی ان دونوں کے درمیان تفریق کر دے گا)

المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

؎۱ تنقیح التفاوی الحامدیہ جلد اول صفحہ ۲۱ مطبوعہ مکتبہ حبیبیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......176﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس صورت میں کہ زید نے ہندہ کو جو ایک سال سے بیوہ ہے دھوکہ دے کر اپنے مکان پر بلالیا۔ ہندہ کی عدمِ علمیت میں زید نے قاضی سے اپنا نکاح پڑھوالیا۔ ہندہ کہتی کہ مجھ کو یہ نکاح منظور نہیں۔ اور نہ وقتِ نکاح کے مجھ کو اس کا علم ہوا۔ ایسی صورت میں ہندہ کا نکاح صحیح ہوایا نہیں؟

۶ مئی ۱۸ اء محمد عبدالہادی مدرس مدرسہ جنگی آگرہ

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اللھم رب زدنی علما

☆ بلا اطلاع اور اجازتِ عورت کے جو نکاح کرلیا جائے اس نکاح کو نکاحِ فضولی کہتے ہیں۔ ☆اگر بعد اطلاع کے عورت اس کو جائز رکھے اور اس پر راضی ہو صحیح ہو جائے گا۔ ورنہ کالعدم اور باطل سمجھا جائے گا۔

چنانچہ صفحہ ۵۶ شرح وقایہ مطبوعہ نول کشور میں ہے

ووقف نکاح فضولی اوفضولین علی الاجازۃ اے یجوز ان یکون من جانب الزوج فضولی او من جانب المراۃ فضولی فیتوقف علی اجازتھما[1]

(ترجمہ: فضولی یعنی وہ شخص جس کو نکاح کرنے کا کوئی اختیار نہ ہو اگر وہ ایک طرف سے ہو یا دونوں جانب سے فضولی ہوں تو وہ نکاح اجازت پر موقوف ہوتا ہے۔ یعنی ممکن ہے کہ خاوند کی جانب کی طرف سے فضولی نکاح کرے یا عورت کی طرف فضولی اس کا نکاح کسی سے کردے تو وہ دونوں کی اجازت پر موقوف ہوتا ہے)

اور چونکہ صورتِ مسئولہ میں رضامندی اور اجازتِ عورت قطعا مفقود ہے بلکہ دھوکہ بازی عاقد کی ظاہر ہے لہٰذا یہ نکاح بالکل صحیح نہیں ہوا۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبر آباد

---

[1] شرح الوقایہ: جلد ثانی صفحہ ۳۰، مطبوعہ مجتبائی دھلی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 177﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس امر میں کہ ایک نابالغہ کا نکاح اس کی ماں کی اجازت سے ہوا۔ باپ اس کا زندہ موجود ہے۔ باپ کی اجازت سے نہیں ہوا۔ لڑکی اب بالغ ہوگئی ہے۔ اس نے بوجہ اس کے کہ شوہر و مادرِ شوہر زمانہ نابالغی میں بدسلوکی بے رحمی سے ظالمانہ طور سے برتاؤ کرتے رہے اور مار پیٹ کرتے تھے وقتِ بلوغ اس نے فوراً نکاح اپنا فسخ کر دیا۔ یہ فعل اس کا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ اس کا اختیار شرعاً نکاح توڑنے کا ہے یا نہیں؟

۱۹ ذی قعدہ ۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

موجودگیِ باپ میں جو نکاح ماں کی اجازت سے صغیرہ کا ہو جائے وہ باپ کی رضامندی پر موقوف رہتا ہے۔ اگر باپ بعد نکاح یا وقتِ نکاح راضی ہو جائے وہ نکاح معتبر ہوگا۔ ورنہ کالعدم سمجھا جائے گا۔ اس واسطے کہ باپ ولیِ اقرب ہے۔ اور صفحہ ۳۴۱ جلد ثانی درمختار مطبوعہ علی ہامش ردالمحتار مصری میں ہے۔

و للولی الابعد التزویج بغیبة الاقرب فلو زوج الابعد حال قیام الاقرب توقف علی اجازته [۱]

(ترجمہ: ولیِ اقرب کی عدم موجودگی میں ولیِ ابعد کو نابالغ کا نکاح کرنے کا اختیار رہے۔ اور اگر ولیِ ابعد نے اقرب کے موجود ہونے کے باوجود نکاح کر دیا تو وہ نکاح ولیِ اقرب کی اجازت پر موقوف ہوگا)

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۲ ، صفحہ ۳۴۱ ، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

☆ اور باوجود موجود ہونے کے مجلسِ عقد میں اگر رضامندیِ ولیِ اقرب یعنی باپ کی صورتِ مذکورہ میں صراحتہً یا دلالۃً نہیں پائی گئی تھی اور نہ اب تک باپ اس نکاح سے راضی ہے۔ مگر کسی وجہ سے ساکت ہے تو مجرد سکوت دلیلِ رضامندی نہیں ہوسکتا۔ اور وہ نکاح ناجائز ہی رہے گا۔ چنانچہ اسی صفحہ مذکورہ درمختار کی شرح ردالمحتار میں ہے:

**قوله توقف على اجازته تقدم ان البالغة لوزوجت نفسها غير كفؤ فللولى الاعتراض مالم يرض صريحا او دلالة كقبض المهر و نحوه فلم يجعلوا سكوته اجازة والظاهر ان سكوته ههنا كذالك فلا يكون سكوته اجازة لنكاح الابعد و ان كان حاضرا فى مجلس العقد مالم يرض صريحا او دلالة** [1]

(ترجمہ: قولہ: ولیِ ابعد کا کیا ہوا نکاح ولیِ اقرب کی اجازت پر موقوف رہتا ہے۔ پہلے گذر چکا ہے کہ اگر بالغ عورت اپنا نکاح غیر کفو میں کرے تو وہاں تو اعتراض کا اختیار اس وقت تک باقی رہتا ہے جب تک کہ وہ صراحتاً یا دلالتاً راضی نہ ہوجائے۔ دلالتاً رضامندی کی مثال مہر وصول کرنا وغیرہ ہے۔ فقہائے اسلام نے اس کے سکوت کو رضامندی قرار نہیں دیا۔ اور ظاہر ہے کہ اس مقام پر اس کی رضامندی کا حکم بھی یہی ہے۔ لہٰذا اس کا سکوت ولیِ ابعد کے نکاح کی اجازت نہ ہوگا اگرچہ وہ نکاح کی مجلس میں حاضر ہو۔ جب تک وہ صراحت یا دلالت کے اعتبار سے راضی نہ ہوگا نکاح جائز نہ ہوگا)

☆ اور اگر بالفرض نکاح صحیح مان بھی لیا جائے تو علاوہ باپ اور دادا کے دوسرے اولیاءِ نکاح کا کیا ہوا نکاح اگر غیر کفوء میں کیا جائے یا بہت کم مہر کے ساتھ اس مہر سے جو ان کے قبیلہ میں مروج ہے کر دیا جائے تو وہ نکاح بھی صحیح نہیں ہوتا۔ ہاں اگر مہرِ مثل کے ساتھ کفوء میں کر دیا جائے تو صحیح ضرور ہو جائے گا مگر اس صغیرہ کو بالغ ہوتے ہی اگر اس نکاح سے ناراض ہو اختیارِ فسخِ نکاح ہے۔ اور بالغ ہوتے ہی دو مسلمان مرد یا ایک مرد دو مسلمان عورتوں کو گواہ کر کے کہہ دے کہ میں اس نکاح کو توڑتی ہوں اور فسخ کرتی ہوں۔ اور پھر قاضی یعنی حاکمِ

---

[1] رد المحتار: جلد ۲، صفحہ ۳۴۱، مطبوع مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

شریعت سے حکمِ فسخ حاصل کرلے۔ بلاحکمِ قاضی حکمِ فسخ تمام نہیں ہوتا۔

چنانچہ صفحہ ۳۳۱ درمختار میں ہے:

**وإن کان المزوج غیر ھھما لا یصح النکاح من غیر کفو او بغبن فاحش اصلا وان کان من کفوء و بمھر المثل صح و لکن لھما خیار الفسخ بالبلوغ او العلم بالنکاح بعدہ بشرط القضاء للفسخ[1] انتھی مختصرا۔**

(ترجمہ: اگر نابالغ کا غیر کفو میں نکاح کرنے والا یا غبنِ فاحش سے نکاح کرنے والا باپ اور دادا کے سوا کوئی اور رشتہ دار ہو تو نکاح بالکل درست نہیں۔ اور اگر نکاح کفو میں ہو اور مہرِ مثل کے ساتھ ہو تو نکاح درست ہوتا ہے لیکن بلوغ کے ساتھ یا بلوغ کے بعد نکاح کا علم ہونے کے ساتھ ہی ان کو نکاح فسخ کرنے کا اختیار رہتا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ شرط ہے کہ قاضی ان کے نکاح کو فسخ قرار دے)

حررہ:
العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۲، صفحہ ۳۳۱، ۳۳۲، ۳۳۳، مطبوع مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......178﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ ایک دخترِ نابالغہ کا نکاح اس کے نانا نے باوجود ہونے باپ کے بغیر اجازت و بغیر رضامندیِ باپ کے ایک لڑکے سے کر دیا۔ اور باپ نے جس وقت معلوم کیا نارضامندی ظاہر کر دی۔ اور لڑکی نے وقتِ بلوغ اس نکاح کو خود بھی نامنظور کیا۔ دختر تاہنوز باکرہ ہے۔ بس اس صورت میں شرعاً کیا حکم ہے؟

طالب علی قصبہ آوریا ضلع اٹاوہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

چونکہ جدِ فاسد یعنی نانا ابعد ترینِ اولیا ہے باوجود موجود ہونے باپ کے بولایتِ نانا جو نکاح ہوا وہ ہرگز صحیح نہ ہوگا تاوقتیکہ باپ نابالغہ کا اس نکاح کو جائز نہ رکھے اور اس نکاح سے رضامند نہ ہو۔ ☆ اس واسطے کہ باوجود موجود ہونے ولیِ اقرب کے اگر ولیِ ابعد نکاح کر دے تو اس نکاح کی صحت ولیِ اقرب کی رضامندی پر موقوف رہتی ہے۔

چنانچہ صفحہ ۳۰۳ جلد اول فتاوی عالمگیریہ میں ہے:

**و ان زوج الصغیر أو الصغیرة ابعد الاولیاء فان کان الاقرب حاضرا و ھو من اھل الولایة توقف نکاح الابعد علی اجازته**[1]

(ترجمہ: اگر چھوٹے یعنی نابالغ لڑکے یا چھوٹی یعنی نابالغ لڑکی کا نکاح ابعد ولی یعنی حقدار ہونے کی ترتیب کی رو سے دور کے ولی نے کر دیا تو اس کے متعلق حکم یہ ہے کہ اگر ولیِ اقرب یعنی حقدار ہونے کی ترتیب کی رو سے

[1] الفتاوی العالم گیریہ مع ترجمہ اردو جلد ٦ صفحہ ١١٠ المکہ پریس شاع فاطمہ لاہور

Marfat.com

قریب کا ولی حاضر تھا اور وہ ولی ہونے کا اہل تھا تو ابعد ولی کا نکاح کر دینا ولیِ اقرب کی اجازت پر موقوف ہوگا[۱])

☆ ہاں البتہ اگر ولیِ اقرب اہلِ ولایت بوجہ صغیر السن یا مجنون ہونے کے نہ ہو یا اتنی دور پردیس میں چلا گیا کہ اس کے بلانے اور آنے تک کفو کے آدمی جو پیامِ نکاح لایا ہے یا مجرد رائے ولیِ اقرب دریافت کرنے تک فوت ہو جائے اور ہاتھ سے نکل جائے تو بے شک ولیِ ابعد کا کیا ہو صحیح ہو سکتا ہے۔

**کما فی الصفحة المذکورة للعالم گیریه**

**و ان لم یکن من اهل الولایة بان کان صغیرا او کبیرا مجنونا جاز و ان کان الاقرب غائبا غیبة منقطعة جاز نکاح الابعد کذا فی المحیط[۲]**

(ترجمہ: اور اگر اقرب ولی' ولی قرار پانے کا اہل نہ تھا مثلاً یہ کہ وہ خود نابالغ تھا یا وہ بالغ اور مجنون تھا تو ابعد ولی کا نکاح کر دینا جائز ہے اور اگر اقرب ولی غائب تھا اور اس کی غیبت منقطعہ تھی تو ابعد ولی کا نکاح کر دینا جائز ہے)

**اقول و هکذا فی جمیع کتب الفقه**

(ترجمہ: میں کہتا ہوں فقہ کی تمام کتابوں میں اسی طرح ہے)

**و ایضا فیه**

(ترجمہ: اسی فتاوی عالم گیریہ میں ہے)

**قال شمس الائمه السرخسی و محمد بن الفضل الاصح انه مقدر بفوات الکفو الحاضر الخاطب الی استطلاع رایه و هذا حسن کذا فی التبیین وعلیه الفتوی کذا فی جواهر الاخلاطی[۳].**

---

[۱] ترجمه الفتاوی العالم گیریه جلد ۶ صفحه ۱۱۱ ایضا

[۲] الفتاوی العالم گیریه مع اردو ترجمه جلد ۶ صفحه ۱۱۰ المکه پریس شاع فاطمه لاهور

[۳] الفتاوی العالم گیریه مع ترجمه اردو جلد ۶ صفحه ۱۱۰ المکه پریس شاع فاطمه لاهور

Marfat.com

(ترجمہ: شمس الائمہ السرخسی اور محمد بن الفضل کا قول یہ ہے کہ اصح حکم کے بموجب غیبتِ منقطعہ کی مقدار یہ ہے کہ اس غائب شخص کی رائے حاصل کرنے تک موجود کفو ہے یعنی نکاح کا پیغام دینے والا موجودہ شخص جو کفو قرار پاتا ہے ہاتھ سے جاتا رہے گا اور یہ قول زیادہ اچھا ہے تبیین۔ اور اسی مذکورہ حکم پر فتویٰ ہے جواہر اخلاطی [۱])

مگر صورتِ سوال سے ظاہر ہے کہ باپ جو ولیِ اقرب ہے اہلِ ولایت ہے اور نیز غائب بغیبۃ منقطعۃ بھی نہ تھا۔ بوجہ نا جائز رکھنے باپ کے نکاح مذکور قطعاً صحیح نہ ہوا۔ اور اگر بالفرض والتقدیر باپ کا عند العقد غائب بغیبتِ منقطعہ ثابت بھی ہو جائے تو بدیں وجہ نکاحِ ابعد صحیح تسلیم بھی کر لیا جائے تو نابالغہ کو بالغہ ہوتے ہی اختیارِ فسخِ نکاح ہے کہ وہ بالغ ہوئی ہے جب خونِ حیض دیکھے اسی وقت دو عاقل بالغ مسلمانوں کو گواہ کر کے کہہ دے کہ میں ابھی بالغ ہوئی ہوں اور ولیِ ابعد کے نکاح کئے ہوئے کو فسخ کرتی ہوں۔ میں اس نکاح سے راضی نہیں۔ بعدہ قاضی یعنی حاکمِ شریعت سے بغرضِ احتیاطِ ظاہری حاکمِ عدالت سے حکم فسخ نکاح حاصل کر کے پھر دوسری جگہ جہاں چاہے نکاح کر لے۔ لہٰذا بغیر حکمِ قاضی نکاح ہرگز فسخ نہ ہوگا کما فی صفحہ ۳۰۴ من العالم گیریۃ

و ان زوجهما غير الاب والجد فلكل واحد منهما الخيار اذا بلغ ان شاء اقام على النكاح و ان شاء فسخ و هذا عند ابی حنيفة و محمد رحمهما الله تعالىٰ و يشترط فيه القضاء [۲].

☆ (ترجمہ: اور اگر ان دونوں کا نکاح باپ یا دادا کے علاوہ کسی ولی نے کیا تو ان میں سے ہر ایک کو بالغ ہونے پر اختیار حاصل ہے کہ وہ چاہے تو اس نکاح کو قائم رکھے اور چاہے تو فسخ کر دے۔ یہ حکم امام ابو حنیفہ اور امام محمد کے ہاں ہے اور اس میں یعنی خیارِ بلوغ سے نکاح فسخ کرنے میں قضاءِ قاضی یعنی حاکمِ مجاز کا فیصلہ شرط ہے [۳])

☆ اگر بعد آنے حیض کے فوراً فسخ نکاح پر دو گواہ نہ کر لے گی اختیارِ فسخ پھر باقی نہیں رہے گا۔ اگر فسخ قبلِ

---

[۱] ترجمہ الفتاوی العالم گیریہ جلد ۶ صفحہ ۱۱۱ المکہ پریس شاع فاطمہ لاہور

[۲] الفتاوی العالم گیریہ مع ترجمہ اردو جلد ۶ صفحہ ۱۱۴ المکہ پریس شارع فاطمہ لاہور

[۳] اردو ترجمہ الفتاوی العالم گیریہ جلد ۶ صفحہ ۱۱۵ المکہ پریس شارع فاطمہ لاہور

Marfat.com

خلوتِ صحیحہ ودخول ہوا ہے تو مہر بذمہء زوج واجب نہ رہے گا اور یہ نکاح مثل عدمِ نکاح سمجھا جائے گا۔

**کما فی صفحة ۳۰۵ من العالم گیریة**

**و اذا وقعت الفرقة بخیار البلوغ إن لم یکن الزوج دخل بها فلا مهر لها و وقعت الفرقة باختیار الزوج او باختیار المراة کذا فی المحیط[۱]**

☆(ترجمہ: جب خیارِ بلوغ سے علیحدگی ہو تو اگر اس کے خاوند نے اس عورت سے دخول نہ کیا تھا تو اس عورت کے لیے کوئی مہر نہیں خواہ وہ علیحدگی خاوند کے خیارِ بلوغ سے واقع ہوئی ہو یا عورت کے خیارِ بلوغ سے واقع ہوئی ہو محیط[۲])

حررہ: العبدالراجی
ابومحمد محمد دیدار علی الحنفی المفتی
فی جامع اکبرآباد

---

[۱] الفتاوی العالم گیریہ مع ترجمہ اردو جلد ۶ صفحہ ۱۲۰ المکہ پریس شارع فاطمہ لاہور

[۲] اردو ترجمہ الفتاوی العالم گیریہ جلد ۶ صفحہ ۱۲۱ المکہ پریس شارع فاطمہ لاہور

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......179﴾

### سوال

مردِ فاسق صالحہ کا کفو ہے؟

۱۹ اپریل ۱۹۱۶ء نئی بستی

### الجواب

مردِ فاسق کفو صالحہ کا نہیں۔

المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......180﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مہر کتنے قسم کے ہوتے ہیں؟ اور وہ کن کن صورتوں میں ادا ہونے چاہیں اور کس طرح سے؟

۲۹ جمادی الاولی ۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما. اللھم ارنا الحق حقا والباطل باطلا.

مہر کی تین قسمیں ہیں' ایک مہرِ مؤجّل' دوسرا مہرِ معجّل جس کو عرف میں حق مہر عندالطلب کہتے ہیں۔

☆مہرِ مؤجّل اس کو کہتے ہیں جس کے پورا دینے پر زوجہ قبلِ طلاق شوہر کو مجبور نہیں کر سکتی۔ لہٰذا بعد طلاق اگر طلاق بعدِ دخول یا خلوتِ صحیحہ دی ہے' جبراً پورا مہر لے سکتی ہے۔ اور بعد موتِ شوہر کے خواہ وفاتِ شوہر قبلِ دخول یا خلوتِ صحیحہ ہو یا بعدِ دخول یا خلوتِ صحیحہ' مالِ شوہر سے پورا وصول کر سکتی ہے اور اگر طلاق قبلِ دخول واقع ہو تو نصف مہر لے سکتی ہے۔ چنانچہ صفحہ ۲۰۸ جلد ثالث ہدایہ میں ہے:

و من سمی مھرا عشرۃ فما زاد فعلیہ المسمی ان دخل بھا او مات عنھا لانہ بالدخول یتحقق تسلیم المبدل و بہ یتا کد البدل و بالموت ینتھی النکاح نھایتہ والشیء بانتھائہ یتقرر ویتاکد فیتقرر بجمیع مواجبہ و ان طلقھا قبل الدخول بھا والخلوۃ فلھا نصف المسمی[1]

(ترجمہ: جس نے دس درہم یا اس سے زائد جو مہر مقرر کیا اس پر مقرر حق مہر لازم ہے۔ بشرطیکہ اس نے اس عورت

---

[1] الھدایہ جلد ۲ صفحہ ۳۲۴ مکتبہ شرکت علمیہ ملتان

Marfat.com

کے ساتھ جماع کیا ہو یا خاوند کی وفات ہوگئی ہو۔ کیوں کہ جماع کے ساتھ مبدل کو سپرد کردینا ثابت ہو جاتا ہے اور خاوند کی موت سے نکاح اپنی انتہا تک پہنچ جاتا ہے اور جب کوئی چیز انتہا کو پہنچ جائے تو وہ پختہ اور تاکیدی ہو جاتی ہے لہٰذا وہ اپنے تمام لوازمات کے ساتھ پختہ ہو جائے گا۔ لیکن اگر جماع اور خلوت صحیحہ سے قبل طلاق دے تو مقررہ کردہ مہر کا نصف عورت کو دیا جائے گا)

☆ اور مہرِ معجّل یعنی مہر عندالطلب اس کو کہتے ہیں جس کے دینے پر خواہ کل معجّل ہو یا بعض عورت شوہر کو مجبور کر سکتی ہے۔ یہاں تک کہ اگر شوہر عندالطلب ادا نہ کرے عورت کو حق حاصل ہے کہ شوہر کو اپنے پاس نہ آنے دے اور جب تک شوہر ادا نہ کرے اس کے گھر رہنے سے اور جانے سے انکار کر سکتی ہے۔ اور قبل وصول جہاں کہیں بھی رہے شوہر سے نان ونفقہ وصول کر سکتی ہے۔ بہ خلاف مہر مؤجّل کے کہ اس کو اگر شوہر ادا نہ کرے تو شوہر کے ساتھ جانے سے انکار نہیں کر سکتی اور اپنے پاس آنے سے منع نہیں کر سکتی۔ اور اگر شوہر کے گھر جانے سے انکار کرے گی تو جب تک شوہر کے گھر نہ آئے نان ونفقہ نہیں لے سکتی۔

چنانچہ صفحہ ۲۴۸ ہدایہ مطبوعہ مع الشروح الاربعۃ میں ہے:

**و للمرأة ان تمنع نفسها حتى تاخذ المهر و تمنعه ان يخرجها اى يسافر بها ليتعين حقها فى البدل كما تعين حق الزوج فى المبدل فصار كالبيع و ليس للزوج ان يمنعها من السفر والخروج من منزله و زيارة اهلها حتى يوفيها المهر كلها اى المعجل لان حق الحبس لا ستيفاء المستحق وليس له حق الاستيفاء قبل الايفاء و لو كان المهر موجلا ليس لها ان تمنع نفسها لا ستقاطها حقها[1] .**

(ترجمہ: مہر کے وصول ہو جانے تک عورت کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنے آپ کو خاوند سے روک لے۔ نیز خاوند کو باہر سفر پر لے جانے سے روک سکتی ہے تاکہ بدل یعنی مہر میں کا حق متعین ہو جائے۔ جس طرح کہ مبدل میں خاوند کا حق متعین ہے۔ تو یہ عقد بیع کی مانند ہو گیا۔ مرد کو پورا مہر ادا کر دینے سے پہلے اختیار نہیں ہے کہ عورت کو

[1] الهدايه جلد ۲ صفحه ۳۲۴ مكتبه شركت علميه ملتان

Marfat.com

سفر سے، اپنے گھر سے باہر نکلنے سے اور اپنے رشتہ داروں سے ملاقات کو روک دے۔ اس مہر سے مراد مہر معجّل ہے کیوں کہ مرد کو اپنا حق پورا حاصل کرنے کے لیے روکنے کا حق ہے۔ لیکن عورت کا حق ادا کیے بغیر اسے اپنا حق حاصل کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ اور اگر مہر موجّل ہو تو وہ اپنے آپ کو مرد سے روک نہیں سکتی کیوں کہ اس صورت میں خود عورت نے اپنا حق ساقط کر رکھا ہے)

☆ اور تیسری قسم مہر کی مہرِ مثل ہے مہرِ مثل اس کو کہتے ہیں کہ عند العقد مہر کا ذکر نہ کیا جائے یا ذکر کیا جائے مگر مقدار معین نہ کی جائے یا اس شرط پر نکاح کیا جائے کہ مہر نہ دیا جائے گا یا ایسی چیز مہر میں معین کی جائے جو شرعاً مال نہ ہو جیسے شراب یا سور۔ تو اندریں صورت اگر طلاق بعد دخول دی جائے مہرِ مثل لازم ہوگا۔

چنانچہ صفحہ ۳۶۵ شامی مطبوعہ مصر میں ہے:

**قال فی البدائع لو تزوجها علی ان لامهر لها وجب مهر المثل بنفس العقد[1]**

(ترجمہ: بدائع میں ہے اگر کسی شخص نے کسی عورت سے اس شرط پر نکاح کیا کہ اس کو مہر نہ ملے گا تو صرف عقدِ نکاح سے مہرِ مثل واجب ہو جاتا ہے)

**و فی صفحه ۲۲۰ من الهدايه المبطوع مع الشروخ الاربعة:**

**و اذا زوج الرجل بنته علی ان يزوجه الآخر بنته او اخته ليكون احد العقدين عوضا عن الآخر فالعقد ان جائزان و لكل واحدة منهما مهر مثلها[2].**

(ترجمہ: اگر کسی آدمی نے اپنی بیٹی کا نکاح اس شرط پر کر کے دیا کہ دوسرا شخص اپنی بیٹی یا بہن کا نکاح اس کے ساتھ کرے گا۔ اس طرح کہ دونوں عقد ایک دوسرے کے بدلے میں ہوں گے۔ تو دونوں عقد جائز ہیں اور ان بی بیوں میں سے ہر ایک کے لیے مہرِ مثل ہوگا)

**قال صاحب العناية :**

---

[1] رد المحتار جلد ۲ صفحہ ۳۶۵ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[2] الہدایہ مع فتح القدیر وغیرہ جلد ۲ صفحہ ۴۴۹ مطبوعہ مصر

Marfat.com

(ترجمہ: صاحبِ عنایہ نے فرمایا)

لانہ سمی ما لا یصلح صداقا و کل کان کذلک صح العقد فیه و وجب مهر المثل کما اذا سمی الخمر والخنزیز[1]

(ترجمہ: کیوں کہ ان دونوں نے ایسی چیز کو مہر قرار دیا جو مہر بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔ اور ہر وہ صورت جو ایسی ہو اس میں عقد درست ہوتا ہے اور مہرِ مثل واجب ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ اگر شراب اور خنزیر کو مہر مقرر کرے)

اور مہرِ مثل کے یہ معنی ہیں کہ عورت کے باپ کے قبیلہ سے جو مہر اس کی بہنوں کا اور پھوپھیوں کا اور چچا کی بیٹیوں کا ہوگا وہی مہر اس کا مقرر کیا جائے گا۔

کما فی صفحہ ۲۴۶ من العنایة المطبوعه علی هامش الهدایة

اعلم ان مهر المثل یعتبر بعشیرتها التی من قبل ابیها کالا خوات والعمات و بنات الاعمام[2]

(ترجمہ: مہرِ مثل میں عورت کے اس خاندان کا اعتبار ہوگا جو اس کے باپ کی جانب سے ہوگا جیسا کہ بہنیں، پھوپھیاں اور چچازاد بہنیں)

اور اس صورت میں اگر شوہر طلاق بعد الدخول دے یا دونوں میں سے کوئی مرجائے تو شوہر پر ادائیگی پورے مہرِ مثل کی لازم ہوگی اور بعد الموت شوہر کے مال سے پورا مہرِ مثل ادا کیا جائے گا۔

چنانچہ صفحہ ۳۶۳ شامی مطبوعہ مصر میں ہے۔

استفتی الشیخ صالح بن المصنف من الخیر الرملی رحمهما الله عما لو طلبت المراة مهر مثلها قبل الوطیٔ او الموت هل لها ذلک ام لا فاجابه بما فی الزیلعی من ان مهر المثل یجب بالعقد ولهذا کان لها ان تطالبه به قبل الدخول فیتاکدو یتقرر بموت

---

[1] العنایه علی هامش فتح القدیر جلد ۲ صفحه ۴۵۰ مطبوعه مصر

[2] العنایة علی هامش فتح القدیر جلد ۲ صفحه ۴۷۰ مطبوعه مصر

Marfat.com

**احدهما او بالدخول علی ما مرفی المهر المسمی فی العقد الخ و به جزم الکمال و ابن ملک و غیرهما و قد بسط ذلک فی الخیریة**[1]

(ترجمہ: مصنف علیہ الرحمہ کے بیٹے شیخ صالح رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت خیر الدین رملی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا کہ اگر عورت اپنا مہرِ مثل وطی یا خاوند کی موت سے پہلے طلب کرے تو کیا اس کو یہ حق حاصل ہے یا نہیں؟ تو آپ نے ان کو جواب دیا کہ زیلعی میں ہے کہ مہرِ مثل صرف عقدِ نکاح سے واجب ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اس عورت کو دخول سے قبل اس کے مطالبہ کا حق حاصل ہے۔ پھر وہ مہرِ مثل زوجین میں سے کسی ایک کی موت یا دخول کے ساتھ موکد اور پختہ ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ یہ عقدِ نکاح میں مقرر شدہ مہر کے بارے میں گذر چکا ہے۔ علامہ کمال اور علامہ ابن ملک وغیرہما رحمۃ اللہ علیہم نے اسی پر جزم فرمایا ہے۔ فتاوی خیریہ میں اس پر مبسوط کلام فرمائی ہے۔

اور ایسی صورت میں اگر طلاق قبل الدخول یا قبلِ خلوت صحیحہ دے دی جائے تو مہر بالکل ساقط ہو جاتا ہے اور بجائے نصف مہرِ مثل کے متعہ دینا لازم ہو جاتا ہے۔ کما فی الدر المختار فی صفحہ ۳۶۴

**و تجب متعة لمفوضة و هی من زوجت بلا مهر طلقت قبل الوطی وهی درع و خمار و ملحفة لا تزید علی نصفه ای نصف مهر المثل**[2]

☆ (ترجمہ: مفوضہ یعنی جس عورت کا نکاح مہر کے بغیر کیا گیا ہو اگر اسے وطی سے قبل طلاق ہو جائے تو اس کے لیے متعہ طلاق واجب ہو جاتا ہے اور متعہ طلاق ایک قمیص، ایک اوڑھنی اور ایک بڑی چادر ہوتی ہے۔ لیکن ان کی قیمت مہرِ مثل کے نصف سے زیادہ نہ ہو)

مگر ہمارے یہاں ہمارے عرف کے موافق متعہ میں ایک جوڑا دیں گے اور صاحب درمختار نے جو متعہ کی تفسیر درع اور خمار اور ملحفہ کے ساتھ کی ہے وہ رواج کے موافق ہے۔

**کما هو ظاهر من الشامی حیث قال رحمه الله فی شرحه فی صفحه ۳۶۴ من الشامی**

---

[1] رد المحتار — جلد ۳ — صفحہ ۳۶۳ — مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[2] الدر المختار علی هامش رد المحتار — جلد ۳ — صفحہ ۳۶۴ — مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

قال فخر الاسلام رحمه الله هذه فی دیارهم امافی دیارنا فیزا د علی هذا ازار و مکعب کذا فی الدرایة[1] .

ترجمہ: امام فخر الاسلام رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ ان کے علاقہ کا متعۂ طلاق ہے ہمارے علاقہ میں اس پر ایک تہبند اور ایک نقش ونگار والی چادر کا اضافہ کیا جائے گا)

حررہ:

العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

محمد دیدار علی الحنفی الرضوی المجددی

فی جامع اکبرآباد

---

[1] رد المحتار جلد ۳ صفحہ ۳۶۴ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 181﴾

## سوال

لفظِ مؤجّل کس طرح پرصحیح ہے؟ اور املاو معنے کیا ہوا؟ عام طور پر موجل کو جو باظہار واد بولتے ہیں یہ کیا ہے؟

سائل: قاضی جلال الدین ساکن ریاست دھول پور محلّہ قاضی پاڑہ

۲۱ جمادی الأولی ۱۳۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

مہرِ مؤجل ہمزہ کے ساتھ اس مہر کو کہتے ہیں کہ عورت قبل از طلاق یا قبل از موت شوہر اس کی ادائیگی پر مجبور نہیں کر سکتی۔ اور معجّل اس کو کہتے ہیں جس کی ادائیگی پر جب چاہے شوہر کو مجبور کر سکتی ہے۔ موجل کا مصدر تاجیل اور معجّل کا تعجیل ہے۔

حررہ العبد الراجی رحمۃ ربہ
ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی
مفتی جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......182﴾

## سوال

جب کہ برضامندیٔ جانبین تعدادِ مہر معین ہو چکی ہے تو اب قبل از ایجاب دولہا سے یوں کہنا ضرور ہے یا نہیں کہ اس قدر مہر کی رقم تم کو منظور ہے؟

سائل: قاضی جلال الدین

ساکن ریاست دھول پور محلہ قاضی پاڑہ

۲۱/ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

ذکرِ مہر، شرطِ جوازِ نکاح نہیں ہے۔☆ اگر بوقتِ عقد ذکرِ مہرِ معین کر دیا جائے اور دولہا سے اس کی قبولیت کا اقرار لے لیا جائے تو وہی مہر لازم ہو جائے گا۔☆ اور اگر بلا ذکرِ مہر نکاح کر دیا جائے جب بھی نکاح ہو جائے گا مگر اندریں صورت مہرِ مثل لازم ہوگا۔☆ بہر نہج نکاح تو اگر اس طرح بھی کیا جائے کہ عورت کہے کہ میں بلا مہر اپنے نفس کو تمہاری زوجیت میں دیتی ہوں۔ علیٰ ہذا کم از کم دو گواہوں کے سامنے مرد کہے کہ بلا مہر میں تم کو اپنے نکاح میں قبول کرتا ہوں۔ مہرِ مثل تو جب بھی بذمہ شوہر لازم ہو جائے گا اور نکاح بہر صورت منعقد ہو جائے گا۔ چنانچہ صفحہ ۲۰۴ ہدایہ مع الشروح الاربعۃ مصری کے جلد سوم میں ہے۔

**و یصح النکاح و ان لم یسم فیه مهرا لان النکاح عقد الضمام و ازدواج لغة فیتم بالزوجین ثم المهرواجب شرعا ابانة لشرف المحل فلا یحتاج الی ذکره لصحة النکاح و کذا اذا تزوجها بشرط ان لامهر لها لما بینا۔**[1]

---

[1] الهدایه مع فتح القدیر والعنایة وغیرهما جلد ۲ صفحه ۴۴ المطبعة الکبری الامیریه مصر

Marfat.com

(ترجمہ: نکاح صحیح ہوتا ہے اگرچہ اس میں مہر کا نام تک نہ لیا جائے۔ کیوں کہ لغت کی رو سے نکاح ایک کو دوسرے کے ساتھ ملا دینے اور جوڑا بنانے کو کہتے ہیں۔ لہٰذا یہ میاں بیوی کے ساتھ کامل ہو جاتا ہے۔ پھر مہر شرعی واجب ہے تاکہ محلِ عقد کی شرافت کو ظاہر کیا جائے۔ لہٰذا نکاح کی درستی کے لیے اس کے ذکر کی ضرورت نہیں ہے۔ اور اسی طرح نکاح درست ہوگا جب خاوند نے بیوی سے اس شرط پر نکاح کیا کہ اسے کچھ مہر نہ ملے گا جیسا کہ ہم نے واضح کر دیا ہے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المفتی
فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴾فتویٰ نمبر......183﴿

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس امر میں کہ ایک لڑکی کا نکاح ہوئے عرصہ سال کا گزرا۔ وقتِ نکاح میاں بیوی دونوں نابالغ تھے۔ حسبِ رضامندیِ والدین مہرِ موجل مبلغ پانچ سو روپیہ قرار پایا تھا۔ وہ لڑکی اس وقت یا جب اس کی خواہش ہو اپنا مہرِ مطلوبہ اپنے خاوند سے لے سکتی ہے؟ یا جب لڑکے میں وسعت نہ ہو تو لڑکے کے باپ سے بھی دعوی کرکے مہر مذکور وصول کرسکتی ہے؟

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئلہ میں شوہرِ صغیرہ پر جو خود بھی صغیر تھا اور دونوں کا نکاح اور تعینِ مہر بولایت دونوں کے باپوں کے ہوا بعد البلوغ اور قبل البلوغ تمام احکام نکاح کے اس زوج اور اسی زوجہ کی طرف عائد ہوں گے نہ کہ ان کے باپوں کی طرف۔ لہٰذا مہرِ مذکورِ شوہرِ صغیرہ یعنی صغیر کے باپ پر لازم نہ ہوگا۔ ☆ البتہ باپ یا کوئی اور اگر ضامنِ ادائیگیِ مہر ہو جائے گا بوجہِ ضمانت ضرور ادائیگی اس کے ذمہ لازم ہوگی نہ کہ بوجہِ ولایت اور عاقدِ نکاح ومتولیِ تعینِ مہر ہونے۔

چنانچہ صفحہ ۲۴ جلد اول العقود الدریة میں ہے۔

و فی فتاوی شیخ الاسلام یحیی آفندی جمع شیخ الاسلام عطاء اللہ آفندی تحت سوال.

و لو زوج الاب طفله الصغیر امراۃ بمهر معلوم لا یلزم المهر اباہ الا اذا ضمنه و قال مالک رحمه اللہ و الشافعی رحمه اللہ فی القدیم المهر علی الاب لانه ضمن دلالة باقدامه علی النکاح مع علمه انه لا مال له. ولا نکاح بدون المهر و قلنا الصداق علی من

Marfat.com

اخذالساق بالاثر قاله علی رضی اللہ عنه والنکاح لم یدل علی ایفاء المهر فی الحال فلم یکن من ضرورته ضمان المهر. و لان تسلیم المعقود علیه الی الزوج یوجب تسلیم البدل ایضا والعاقد سفیر کذا فی معراج الدرایة عن المبسوط ولا یخدش بالک ما فی شرح الطحاوی من ان الاب اذا زوج الصغیر امراة فللمراة ان تطلب المهر من ابی الزوج فیودی الاب من مال ابنه الصغیر و ان لم یضمن الاب صریحا لانه محمو لا علی الطلب بالاداء من مال الصغیر لکونه فی یده کما ینبیٔ عنه کلامه لاانه محمول علی ان اقدامه علی النکاح ضمان دلالة کما ذهب الیه الشافعی و مالک الخ اقول المسئلة فی الدر المختار من المهر ؎۱

(ترجمہ: اگر باپ نے اپنے نابالغ لڑکے کا نکاح مقرر مہر کے عوض کسی عورت سے کر دیا تو مہر کی ادائیگی باپ پر لازم نہ ہوگی۔ مگر اس صورت میں باپ پر مہر کی ادائیگی لازم ہوگی جب کہ وہ مہر کا ضامن بن جائے۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے قدیم قول میں فرمایا کہ مہر باپ کے ذمہ لازم ہوگا کیوں کہ اس نے باوجود اس علم کے کہ لڑکے کے پاس مال نہیں ہے اس کا نکاح کر دیا ہے۔ لہٰذا وہ دلالتاً اس کا ضامن ہوگا۔ اور مہر کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔ ہم حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے ارشاد کے مطابق کہتے ہیں کہ مہر اس کے ذمہ ہے جس نے عورت کی پنڈلی پکڑی۔ اور نکاح مہر کی فی الفور ادائیگی پر دلالت نہیں کرتا۔ لہٰذا نکاح کے لوازم سے مہر کی ضمانت ثابت نہ ہوئی۔ کیوں کہ خاوند کو معقود علیہ سپرد کرنے پر اس کے بدل کو سپرد کرنا لازم آجاتا ہے اور عقد کرنے والا یعنی باپ تو سفیر ہے۔ معراج الدرایہ میں مبسوط سے اسی طرح ہے۔ شرح طحاوی میں مذکور یہ جزئیہ تیرے دل میں نہ کھٹکے کہ جب باپ اپنے نابالغ لڑکے کا نکاح کسی عورت سے کر دے تو عورت کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ خاوند کے باپ سے مہر کا مطالبہ کرے اور باپ اپنے نابالغ لڑکے کے مال سے (اگر اس کا مال ہو) مہر کو ادا کرے۔ اگرچہ باپ نے صراحت کے ساتھ مہر کی ضمانت نہ اٹھائی ہو۔ کیوں کہ نکاح کی یہ صورت

---

؎۱ تنقیح الفتاوی الحامدیه : جلد ۱ صفحه ۲۳، ۲۴، مکتبه الحبیبیه کوئٹه

Marfat.com

اس پر محمول ہے کہ عورت کے مطالبہ پر وہ نابالغ کے مال سے ادا کرے گا کیوں کہ مال اس کے قبضہ میں ہے جس طرح کہ اس کے کلام سے ظاہر ہوتا ہے۔ یہ اس صورت پر محمول نہیں کہ باپ کا نابالغ کا نکاح کرنا دلالت کے اعتبار سے ضامن بنتا ہے۔ جس طرح کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ مسئلہ درمختار کے باب مہر میں موجود ہے)

و فی صفحه ۳۸۷ من الدر المختار المطبوعة فی المصر مع الشامی

و لا يطالب الاب مهر ابنه الصغير الفقير اما الغنى فيطالب ابوه بالدفع من مال ابنه لا من مال نفسه اذا زوجه امراة إلا اذا ضمنه على العقد[1]

(ترجمہ: باپ سے اس کے نابالغ فقیر بیٹے کے ذمہ واجب مہر کا مطالبہ نہ کیا جائے گا۔ لیکن اگر لڑکا مالدار ہے تو باپ سے بیٹے کے مال سے ادا کرنے کا مطالبہ کیا جائے گا نہ کہ باپ کے اپنے مال سے جب کہ وہ اس کا نکاح کسی عورت سے کردے۔ ہاں جب بوقت عقد باپ ضمن بن جائے تو اس سے مطالبہ کیا جائے گا۔)

قال الشامی رحمة الله عليه

قوله اذا زوجه امراة مرتبطة بقوله و لا يطالب الاب الخ لان المهر مال يلزم ذمة الزوج و لا يلزم الاب بالعقد اذ لو لزمه لما افاد الضمان شيئاً[2] فقط

(ترجمہ: قولہ: جب باپ نابالغ لڑکا کا نکاح کسی عورت سے کردیں اس کا متعلق اس عبارت سے ہے باپ سے مطالبہ نہ کیا جائے گا۔ کیونکہ مہر وہ مال ہے جو عقد کے ساتھ زوج کے ذمہ واجب ہوتا ہے نہ کہ باپ پر لازم ہوتا ہے۔ کیونکہ اگر وہ باپ پر لازم ہوتا تو ضامن بننے کا کچھ فائدہ نہ ہوتا)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبرآباد

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۲ ، صفحه ۳۸۷ مطبوعه مكتبه رشيديه كوئٹه

[2] رد المحتار : جلد ۲ ، صفحه ۳۸۷، مطبوعه مكتبه رشيديه كوئٹه

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......184﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس بارہ میں کہ جس وقت لڑکی کا عقد ہوا تھا اس وقت لڑکی کی عمر ۷ برس تھی۔ اب اس کے عقد کو چھ برس کا عرصہ ہوگیا ہے۔ لڑکی عقد کے بعد سے چھ برس برابر اپنے شوہر کے یہاں آتی جاتی رہی۔

اب قریب دو برس سے لڑکی کے والدین نے لڑکی کو روک لیا ہے۔ اور لڑکی کے والدین لڑکی کو انگریزی اردو کی تعلیم کے لئے اسکول بھیجتے ہیں۔ لڑکی کا شوہر چاہتا ہے کہ میری زوجہ کو انگریزی اردو کی تعلیم نہ دی جائے۔ سوائے قرآن شریف کے اور ضروری مسائلِ دینیات کے انگریزی، وغیرہ کی تعلیم نہ دلائی جائے۔ میں انگریزی کے سخت خلاف ہوں۔ لڑکا دو برس کے درمیان میں اپنے سسرال برابر آتا جاتا رہا۔ اب جبکہ لڑکے نے اپنی زوجہ وا پنے سسرال والوں کو انگریزی اردو تعلیم دینے سے منع کیا تو لڑکی کے والدین نے اس کے شوہر کو اپنے مکان پر آنے سے روک دیا ہے۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ لڑکی کی تعلیم وغیرہ کا اختیار اس کے شوہر کو ہے یا لڑکی کے والدین کو؟

۲۷ جون ۱۹۱۸ء
رحیم بخش ساکن وزیر پورہ آگرہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

بعد ادا کر دینے مہرِ معجل کے جس کو فی زمانہ مہر عند الطلب کہتے ہیں شوہر کو اختیار ہے جہاں خود رہے وہاں اپنی بیوی کو رکھے۔ علی ھذا اگر معجل نہ ہو بلکہ مہرِ موجل ہو جب بھی شوہر کو اختیار ہے کہ جہاں خود رہے وہاں اپنی منکوحہ کو رکھے۔ البتہ قبل اداءِ مہرِ معجل یعنی مہر عند الطلب عورت کو اختیار ہے کہ شوہر کے ساتھ نہ جائے۔ اس کو اپنے پاس آنے سے منع کر دے۔ چنانچہ صفحہ ۲۴۸۔ صفحہ ۲۵۰ ہدایہ مطبوعہ مصر مع الشروح الاربعۃ میں ہے:

Marfat.com

و ليس للزوج ان يمنعها من السفر والخروج من منزله و زيارة اهلها حتى يوفيها المهر كله[1]

☆(ترجمہ: خاوند نے جب تک پورا مہر نہ دیا ہوتو اپنی بیوی کو سفر کرنے' گھر سے نکلنے اور اپنے رشتہ داروں کی ملاقات کرنے سے نہیں روک سکتا)

واذا اوفاها مهرها نقلها الى حيث شاء لقوله تعالى اسكنوهن من حيث سكنتم من وجدكم.[2]

(ترجمہ: اور جب اپنی بیوی کو پورا مہر ادا کردے تو وہ اسے جہاں چاہے لے جاسکتا ہے۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ان کو وہاں ٹھہراؤ جہاں تم خود ٹھہرے اپنی استطاعت کے مطابق)

لہٰذا بعد اداءِ مہرِ معجّل اور بصورت مہر کے موجل ہونے کے بجز اپنا حق قرض وغیرہ وصول کرنے کے یا دوسرے کا حق قرض وغیرہ ادا کرنے یا ہر جمعہ کو اپنے والدین سے ملنے کے یا سالانہ اپنے محرم بھائی' چچا' ماموں' وغیرھم کے ملنے بقدر ضرورت بلا اجازت شوہر کے کہیں نہیں جا سکتی۔ اور علاوہ امورِ مذکورہ اگر نامحرم اجنبیوں کے گھر عیادت یا شادی میں جانے کی شوہر اجازت دے بھی دے اور وہ چلی جائے تو میاں بیوی دونوں گنہگار ہوں گے۔ چنانچہ صفحہ ۳۹۰ درمختار مطبوعہ مصر علی ہامش ردالمحتار میں ہے

فلا تخرج الالحق لها او عليها او لزيارة ابويها كل جمعة مرة او المحارم كل سنة أو لكونها قابلة أوغاسلة لا فيما عدا ذلک و ان اذن كانا عاصيين[3]

(ترجمہ: عورت مہر کامل طور پر وصول کرلینے کے بعد گھر سے' اپنا حق وصول کرنے یا کسی کا حق ادا کرنے یا ماں باپ کی ہر جمعہ کو ملاقات کرنے یا ہر سال اپنے محرم رشتہ داروں کی ملاقات کے بغیر نہیں نکل سکتی ہے۔ اسی طرح

---

[1] الهدايه مع فتح القدير وغيره: جلد ۲' صفحه ۴۷۳ مطبوعه مصر

[2] الهدايه مع فتح القدير وغيره: جلد ۲' صفحه ۴۷۴ مطبوعه مصر

[3] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۲' صفحه ۳۹۰ مكتبه رشيديه كوئٹه

Marfat.com

اگر وہ دایہ ہو یا غسل دلانے والی ہو تو بھی اس کے لیے باہر نکلنے کی اجازت ہے۔ ان کے علاوہ باقی امور کے لیے باہر نہیں نکل سکتی اور اگر مرد اسے اور کاموں کے لیے نکلنے کی اجازت دے گا تو دونوں گناہ گار ہوں گے )

**قال الشامی**

**(قولہ فیما عدا ذلک) عبارۃ فتح و ما عدا ذلک من زیارۃ الاجانب و عیادتھم والولیمۃ لا یا ذن لھا ولا تخرج**[1]

(ترجمہ: قولہ: عورت دیگر امور کے لیے نہیں نکل سکتی جیسا کہ اجنبی غیر محرموں کی ملاقات ان کی بیمار پرسی اور ولیمہ کے لیے نہیں جاسکتی۔ خاوند اسے ان کی اجازت نہ دے اور نہ ہی وہ ان امور کے لیے گھر سے باہر جائے)

اور علامہ شامی علیہ الرحمۃ علاوہ امور مذکور حج فرض کے واسطے اگر اپنے کسی محرم باپ' بھائی وغیرہ کے ساتھ ہو اور ماں باپ اگر سخت بیمار یا کوئی ان کا خدمت گزار بجز اس بیٹی کے نہ ہو تو ان کی خدمت کے واسطے یا کوئی ایسا ہی سخت حادثہ گھر میں ہی پیدا ہو مثلاً آگ لگ جائے یا چور گھس آئیں اور بے حرمتی یا جان کا خوف ہو جب بھی بلا اجازت شوہر کے گھر سے باہر نکلنے کو شرح قول درمختار فلا تخرج میں جائز تحریر فرماتے ہیں۔

☆ اور صورتِ مسئولہ میں اول تو ظاہر ہے کہ بعد بالغ ہونے لڑکی کے بھی شوہر کو زوجہ کے پاس آمد و رفت سے زوجہ کی جانب سے ممانعت ہے اور اب تک ہے۔ بلکہ لڑکی کے والدین کی جانب سے یہ ظلم بے جا ہے۔ لہٰذا اگر نکاحِ نابالغہ بولایتِ دیگر اولیاء علاوہ باپ کے ہوتا جب بھی حقِ فسخ ساقط ہو چکا۔ مگر یہاں تو بمقتضائے سوال بولایتِ باپ نکاحِ نابالغہ ہوا ہے' جو کسی طرح فسخ نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا اسکول وغیرہ میں لڑکی نہ اپنی خوشی سے جا سکتی ہے نہ لڑکی کے والدین کو بلا اجازت شوہر اسکول وغیرہ میں بھیجنے کا اختیار۔ اور اگر شوہر بھی تحصیل انگریزی وغیرہ کے واسطے کہ جہاں جانے سے فی زمانہ حال مکرر سہ کرر دیکھا جاتا ہے کہ عورتیں خودسر' بے حیا' بے دین ہو

---

[1] رد المحتار : جلد ۲' صفحہ ۳۹۰ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

جاتی ہیں۔اسکول وغیرہ میں جانے کی اجازت دے دے گا اور عورت اسکول میں جائے گی تو میاں بیوی دونوں بموجب روایتِ مذکور درمختار گنہگار رہوں گے۔لڑکی کے ماں باپ کو تو لڑکی پر ایسی تکلیف پہنچا دینے کا کچھ بھی اختیار نہیں۔

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

جامع مسجد اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......185﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نے اپنی دختر جس کو عارضہ سل ودق کا تھا بغیر اطلاع ایک شخص سے نکاح کر دیا اور چڑھاوا زیور وغیرہ جو مستعار دیا جاتا ہے وہ لے لیا۔ اب دختر اس کی اسی مرض میں قبل از رخصت مرگئی۔ ایسی صورت میں شرعاً مطالبہ مہر کا رشتہ دارانِ دختر کو پہنچتا ہے یا کیا؟ اور بوجہ اس دھوکہ کے کہ مریضۂ سل کو تندرست کہہ کر نکاح کر دیا نکاح صحیح ہوا یا نہیں؟

وزیر خان صابن کٹرہ آگرہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

سل، دق، جذام، برص، جنوں وغیرہ کوئی مرض بموجب قولِ مختارِ شیخین خصوصا اس حالت میں تو باتفاق موجبِ فسخِ نکاح قرار نہیں دیا جاسکتا تاکہ موجبِ سقوطِ مہر ہوسکے۔ چنانچہ صفحہ ۳۲ ہدایہ میں ہے۔

**و اذا کان بالزوجة عیب فلا خیار للزوج و قال الشافعی ترد بالعیوب الخمسة و هی الجذام و البرص والجنون والرتق والقرن لانها تمنع الاستیفاء حسا او طبعا... و لنا ان فوت الاستیفاء أصلا بالموت لا یوجب الفسخ فاختلاله بهذه العیوب أولی وهذا لأن الاستیفاء من الثمرات والمستحق والتمکن هو حاصل**[۱]

(ترجمہ: اگر بیوی میں عیب ہو تو خاوند کو خیارِ عیب حاصل نہیں۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ پانچ عیوب ایسے ہیں جن کی بدولت بیوی کو واپس کر دیا جائے گا اور وہ عیوب یہ ہیں۔ (۱) جذام (۲) برص (۳) پاگل

---

[۱] الھدایہ مع فتح القدیر وغیرہ جلد ۲ صفحہ ۲۶۷، ۲۶۸ المطبعہ الکبری الامیریہ مصر

Marfat.com

پن۔ (۴) عورت کی شرمگاہ میں رتق ہو یعنی جماع کا مقام موجود نہ ہو صرف پیشاب کرنے کی جگہ موجود ہو۔ (۵) عورت کی شرمگاہ میں قرن ہو یعنی بڑھا ہوا گوشت یا ہڈی وغیرہ ہو جس کے باعث جماع نہ ہو سکے۔ کیوں کہ یہ عیوب عورت سے حق وصول کرنے میں حسی یا طبعی طور پر مانع ہوتے ہیں۔ ہم ان کے جواب میں کہتے ہیں کہ کامل طور پر عورت سے حق کی وصولی موت کے ساتھ منقطع ہو جاتی ہے اور موت سے نکاح فسخ نہیں ہوتا' تو ان عیوب کی موجودگی بدرجہ اولیٰ فسخ نہ ہوگا۔ اور حق کا وصول کرنا نکاح کے ثمرات سے ہے اور جس چیز کا اسے استحقاق ہے اور قدرت حاصل ہے۔

قال فی شرحه الکفایة

(ترجمہ: اس کی شرح کفایہ میں فرمایا:)

قوله: و لنا ان فوات الاستیفاء اصلا بالکلیة بالموت لا یوجب الفسخ حتی لا یسقط شی من مهرها[1].

(ترجمہ: قولہ: ہماری دلیل یہ ہے کہ کامل طور پر عورت سے حق کی وصولی موت کے ساتھ منقطع ہوتی ہے اور اس سے نکاح فسخ نہیں ہوتا حتی کہ مہر کا کوئی حصہ اس سے ساقط نہیں ہوتا)

حالاں کہ جن کے نزدیک اختیارِ فسخ بعیوبِ مذکور ہے ان کے نزدیک بھی سقوطِ مہر بعد ثبوتِ فسخ ہوتا ہے نہ کہ قبلِ فسخ ☆ اور جب قبلِ فسخ زوجہ مذکورہ مرگئی مہر کامل لازم ہوگیا۔

کما فی صفحه ۲۰۸ من الهدایه المذکورة:

و من سمی مهرا عشرة فما زاد فعلیه المسمی ان دخل بها او مات عنها لانه بالدخول یتحقق تسلیم المبدل وبه یتاکدا البدل و بالموت ینتهی النکاح نهایته والشی بالنهایة یتقر و یتا کد فیتقرر بجمیع مواجبه[2]

---

[1] الکفایه شرح الهدایه علی هامش فتح القدیر جلد ۲ صفحه ۲۶۸ المطبعة الکبری الامیریة مصر

[2] الهدایه : جلد ۲ صفحه ۳۲۴ مکتبه شرکت علمیه ملتان

Marfat.com

☆(ترجمہ: جس شخص نے مہر دس درہم یا اس سے زائد مقرر کیا اس کے ذمہ مقرر کردہ مہر واجب ہے بشرطیکہ اس مرد نے عورت سے جماع کیا ہو یا عورت کو چھوڑ کر مر گیا ہو کیوں کہ جماع کے ساتھ مبدل کی سپردگی ثابت ہو جاتی ہے۔ نیز موت سے نکاح اپنی انتہا تک پہنچ جاتا ہے اور شے اپنی انتہا کو پہنچ جانے سے ثابت اور پختہ ہو جاتی ہے لہٰذا وہ اپنے تمام لوازمات کے ساتھ پختہ ہو جاتی ہے)

قال ابن همام رحمه الله فی شرحه المسمی بفتح القدیر

(ترجمہ: امام ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ نے فتح القدیر میں فرمایا جو کہ اس کی شرح ہے)

قولہ (و الشیء بانتهائه یتقرر) لان انتهاءه عبارة عن وجوده بتمامه فیستعقب مواجبه الممکن الزامها من المهر والارث والنسب بخلاف النفقة ویعلم من هذا الدلیل ان موتها ایضا کذلک فالاقتصار علی موته اتفاق و لا خلاف للاربعة فی هذه سواء کانت حرة او امة[1]

(ترجمہ: قولہ: اور شے اپنی انتہا کو پہنچ کر پختہ ہو جاتی ہے۔ کیوں کہ شے کی انتہا کا مفہوم یہ ہے کہ وہ اپنے کامل وجود کے ساتھ موجود ہے۔ لہٰذا اس کے بعد تمام لوازمات ثابت ہو جائیں گے جن کا لازم کرنا ممکن ہو۔ مثلاً مہر، وراثت اور نسب بخلاف نفقہ کے۔ اس دلیل سے معلوم ہوا کہ بیوی کے مرجانے کی صورت میں یہی حکم نافذ ہے لہٰذا مرد کی موت کی قید اتفاقی ہے۔ اس بارے میں ائمہ اربعہ کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے۔ عورت خواہ آزاد ہو خواہ غلام)

و فی صفحة ۳۵٦ من الدر المختار المطبوعة مع الشامی فی المصر

و تجب العشرة ان سماها او دونها و یجب الاکثر منها ان سمی الاکثر ویتا کد عند وطیء او خلوة صحت من الزوج او موت احدهما فقط[2]

(ترجمہ: مہر دس درہم واجب ہوگا اگر دس درہم یا ان سے کم مقرر کیا اور اگر زیادہ مقرر کیا تو زیادہ مقرر کردہ واجب ہو جاتا ہے۔ اور یہ جماع یا خاوند کی جانب سے خلوتِ صحیحہ یا میاں بیوی دونوں میں سے کسی ایک کی موت سے پختہ ہو جاتا ہے)

---

[1] فتح القدیر : جلد ۲ : صفحہ ۴۳۸ المطبعة الکبری الامیریة مصر

[2] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۴ صفحه ۱۶۹، ۱۷۰ مطبوعه دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

اور صحتِ نکاح میں کسی شرط عند العقد کا بعد النکاح نہ پایا جانا مخل نکاح نہیں ہوتا خصوصاً نہ پایا جانا شرطِ صحت وتندرستی کا عورت میں علی ھذا مرد میں بجز مرض مقطوع الذکر ہونے یا نامرد ہونے یا خصی ہونے کی۔

چنانچہ صفحہ ۲۹۰ سطر ۲۲ جلد دوم فتاوی عالم گیریہ مطبوع مصر میں ہے:

و لا يثبت في النكاح خيار الروية والعيب والشرط سواء جعل الخيار للزوج او المرأة او لهما ثلاثة ايام او اقل او اكثر حتى انه اذا فعل ذلك فالنكاح جائز اذا كان العيب هو الجب والخصاء والعنة فان المراة بالخيار و هذا عند ابي حنيفة و ابي يوسف رحمهما الله تعالىٰ هكذا في شرح الطحاوي فاذاشرط احدهما لصاحبه السلامة عن العمى والشلل والزمانة او شرط صفة الجمال او شرط الزوج عليها صفة البكارة فوجد بخلاف ذلك لا يثبت له الخيار[1]

(ترجمہ: نکاح میں خیارِ رؤیت، خیارِ عیب اور خیارِ شرط ثابت نہیں ہوتا۔ خواہ خیار مرد کے لیے ہو یا عورت کے لیے یا دونوں کے لیے رکھا گیا ہو خواہ یہ خیار تین یا ان سے کم یا ان سے زائد دنوں کے لیے سب صورتوں میں یہی حکم ہے۔ اگر کسی نے یہ خیار بوقت نکاح لگایا تو نکاح درست ہے (اور خیار باطل) ☆ اور جب عیب آلۂ تناسل کا کٹا ہوا ہونا، خصی ہونا، نامردی ہونا تو عورت کو اختیار ہے۔ یہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہے۔ شرح طحاوی میں اسی طرح ہے۔ جب زوجین میں سے کسی نے دوسرے کے لیے اندھے پن، مفلوج ہونے، اپاہج ہونے سے سلامت کی یا حسین ہونے کی شرط لگائی یا خاوند نے عورت پر باکرہ ہونے کی شرط لگائی پھر ان شرطوں کے خلاف پایا تو دوسرے کے لیے خیار ثابت نہ ہوگا)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبر آباد

---

[1] الفتاوی العالم گیریہ جلد ۱ صفحہ ۳۵۰ مطبوعہ دار احیار التراث العربی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......186﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ ھندہ کا نکاح زید کیساتھ بعوض مبلغ تین سو روپیہ مہر کے ہوا تھا اب ھندہ کا قبل رخصت بلا حصولِ خلوتِ صحیحہ زید کے ساتھ انتقال ہوا۔ اندریں صورت بذمہ زید کل مہر واجب ہوگا یا نصف؟ اور جو زیور ہندہ کو شوہر کے باپ نے اور ھندہ کے باپ نے وقتِ نکاح حسبِ دستور پہنا دیا تھا وہ کس کا قرار دیا جائے گا؟ اور بعد موتِ ہندہ ورثہ میں کس طرح تقسیم ہوگا؟ ھندہ نے یہ وارث چھوڑے ہیں۔ زوج' ام' اب' تین بھائی' ایک بہن۔

۱۹ ربیع الثانی ۳۶ھ

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحيم.

اللهم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں بوجہ مرجانے ھندہ کے بذمۂ زید' شوہرِ ھندہ کے کل مہر واجب ہوگا۔ اس واسطے کہ جیسے بعد خلوتِ صحیحہ کل مہر واجب الادا ہو جاتا ہے۔ زوجین میں سے کسی ایک کے مرنے سے بھی کل مہر بذمۂ شوہر لازم ہو جاتا ہے۔ چنانچہ صفحہ ۱۳ جلد ثانی الجوھرۃ النیرۃ میں ہے

و ان سمی عشرة فما زاد فلها المسمى ان دخل بها او مات عنها وهكذا اذا ماتت هي فلها المسمى[1]

(ترجمہ: مہر اگر دس درہم اور جو اس سے زائد مقرر کیا تو عورت کو مقرر کردہ مہر ملے گا اگر اس نے اس کے ساتھ خلوت اختیار کی یا اس کو چھوڑ کر مر گیا۔ اور اسی طرح اگر عورت مر جائے تو بھی وہ مقرر کردہ مہر کی حق دار ہے۔)

---

[1] الجوهرة النيرة : جلد ۲ صفحه ۷۰۹ مطبوعه مكتبه امداديه ملتان

Marfat.com

**وھکذا فی صفحہ ۲۰۹ من الجزء الثالث لفتح القدیر[۱]**

☆ لہٰذا کل مہر مبلغ تین سو اور جو زیور ھندہ کے باپ کا پہنایا ہوا یا شوہر کا یا شوہر کے باپ کا اگر وہ عرف میں ھندہ کی ملک مانا جاتا ہو تو سب ملکِ ھندہ قرار پا کر اس طرح ورثہ میں تقسیم ہو گا کہ کل مالِ ھندہ کے چھ (۶) حصہ کر کے تین (۳) حصہ زوج کو ملیں گے اور ایک حصہ ام کو اور باقی دو حصہ باپ کو اور موجودگی باپ میں بہن بھائی کو کچھ نہیں ملتا۔

**صورتہ ھکذا**

ھندہ مسئلہ ۶

**میت**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| زوج | ام | اب | اخ | اخ | اخت |
| ۳ | ۱ | ۲ | م | م | م |

☆ اور جو زیور عرف میں ھندہ کا نہ ہو گا بلکہ عرف میں وقتِ نکاح عاریۃ پہنا دیا جاتا ہو گا تو وہ جس نے عاریۃ پہنایا تھا اس کو مل جائے گا۔ اور باقی بطریق مذکور تقسیم ہو جائے گا۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
ابو محمد محمد دیدار علی المفتی فی
جامع اکبر آباد

---

[۱] فتح القدیر : جلد ۲ صفحہ ۴۳۸ مطبوعہ مصر

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 187﴾

## سوال

ایک عورت کی آشنائی کسی مرد سے ہے۔اوراس کے شوہر کو بھی معلوم ہے پس اس صورت میں شرعاً کیا حکم ہے؟

سائل: از آگرہ

۲۵ مارچ ۱۹۱۶ء

## الجواب

ایسی صورت میں شوہر زوجہ کو ہدایت کرے۔اگر نہ مانے تو طلاق دے دے۔اور اگر محبت رکھتا ہو اور طلاق نہ دے تو اپنے پاس رکھے۔اس طرح حدیث شریف میں ہے[1]۔واللہ اعلم وعلم احکم

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

---

[1] حضرت مفتی علامہ رحمۃ اللہ علیہ کا اشارہ شاید درج ذیل حدیث شریف کی طرف ہے:۔

عن لقیط بن صبرة قال قلت یا رسول اللہ إن لی امرأة فی لسانها شیء یعنی البذاء قال طلقها قلت إن لی منها ولدا ولها صحبة قال فمرها یقول عظها فإن یک فیها خیر فستقبل ولا تضربن ظعینتک ضربک امیتک (رواہ ابو داؤد)

مشکوۃ المصابیح : صفحہ ۱۸۱، ۱۸۲، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ، ملتان

(ترجمہ: حضرت لقیط بن صبرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کی یارسول اللہ میری ایک بیوی ہے اس کی زبان میں فحش گوئی پائی جاتی ہے آپ نے فرمایا اسے طلاق دے دو۔میں نے عرض اس کے بطن سے میرا ایک بچہ ہے اور وہ کچھ عرصہ میرے ساتھ رہی ہے۔تو آپ نے فرمایا اسے حکم دو آپ کا مقصود یہ تھا کہ اسے نصیحت کرو۔اگر اس میں کچھ بہتر ہی ہوگی تو قبول کر لے گی اپنی بیوی کو اس طرح ہرگز نہ مارو جس طرح تم اپنی نکمی لونڈی کو مارتے ہو)

محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ

Marfat.com

# طلاق

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......188﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی زوجہ کو چار مردوں کے سامنے طلاق دی۔ اب زید انکار کرتا ہے۔ تو اب عندالشرع زید کی زوجہ کو طلاق ہوئی یا نہیں؟ اس کا جواب جلد عنایت فرمایا جائے اور بحوالہ کتب اہلسنت والجماعت دیا جائے۔

۳ ذی قعدہ ۶ ۳ ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

اگر زید کا اپنی بیوی کو مخاطب کر کے اس طرح کہنا ثابت ہو جائے کہ میں نے تجھ کو طلاق دی تو ایک طلاق رجعی واقع ہوگی۔ جب تک ایامِ عدت (یعنی) تین حیض نہ گزر جائیں مرد کو اختیار ہے خواہ عورت راضی ہو یا نہ راضی ہو کہ دو آدمیوں کو گواہ کر کے یہ کہہ دے کہ میں نے اپنی طلاق کے قول سے رجوع کیا یا بہ نیت رجعت اس سے بوس و کنار یا ہم بستر ہو لے۔ تو وہ عورت بلا نکاحِ جدید اس کے نکاح میں رہے گی۔

اور اگر بعد طلاق تین حیض گزر جائیں تو پھر طلاق بائن ہو جائے گی۔ اندریں صورت برضامندیٔ عورت اس سے نکاحِ جدید کر سکتا ہے چنانچہ صفحہ ۳۷۱ جلد اول فتاوی ہندیہ میں ہے

الطلاق الصریح و ھو کانت طالق و مطلقہ وطلقتک وتقع واحدۃ رجعیۃ و ان نوی الاکثر أو الابانۃ او لم ینو شیًا کذا فی الکنز[1]

(ترجمہ: طلاق صریح وہ یوں ہے کہ مرد اپنی بیوی کو کہے تجھے طلاق ہے۔ یا کہے تجھے طلاق دی گئی ہے یا کہے میں

---

[1] الفتاوی العالم گیریہ مع ترجمہ اردو ،جلد ۸ ،صفحہ ۶۶ ، مطبوعہ فضل ربی پریس راولپنڈی

Marfat.com

نے تجھے طلاق دی۔ان الفاظ سے ایک رجعی طلاق واقع ہوگی اگر چہ وہ ایک سے زائد کی نیت کرے یا بائن طلاق کی نیت کرے یا کچھ بھی نیت نہ کرے۔کنز)

☆ اگر تین دفعہ اس سے یہ کہہ دیا کہ میں نے تجھ کو طلاق دی۔میں نے تجھ کو طلاق دی۔میں نے تجھ کو طلاق دی۔اوراس کے ساتھ تنہا کسی مکان میں بلا مانع رہ چکا تھا یا وطی کر چکا تھا تو اس پر تین طلاق واقع ہو جائے گی۔اب بعد انقضائے ایامِ عدت تاوقتیکہ وہ دوسرے شخص سے نکاح کر کے اس سے ہمبستر نہ ہو لے اور پھر وہ شوہر اگر طلاق دیدے جب تک اس کے ایامِ عدت نہ گزریں شوہرِ اول سے وہ ہرگز نکاحِ جدید نہیں کرسکتی۔اور شوہرِ اول بدون اس طریق کے بلا
اس کی رضامندی کے اس کو اپنے نکاح میں نہیں لاسکتا چنانچہ آیہ کریمہ:

فان طلقها فلا تحل له مِنۢ بَعْدُ حتى تنكح زوجا غيره [1]

(ترجمہ: اگر اپنی بیوی کو تیسری طلاق بھی دے دے تو وہ عورت اس کے لیے حلال نہیں رہتی جب تک کہ دوسرے خاوند سے نکاح نہ کرلے)

☆ اس امر پر شاہدِ عدل ہے اور اگر بعد طلاق وہ طلاق دینے سے قطعاً انکاری ہے اس کے ثبوت کے لیے ایسے دو گواہ عادل مسلمانوں کے یا ایک عادل مسلمان اور دو عورت عادلہ مسلمہ کی ضرورت ہے کہ وہ مرد عورت دونوں کو پہنچانتے ہوں اور پہچان کر اس طرح گواہی دیں کہ ہم اس مرد کو پہچانتے ہیں اور اس عورت کو پہچانتے ہیں۔ہم گواہی دیتے ہیں کہ ہمارے سامنے اسی نے اس عورت کو طلاق دی تھی۔اگر ایسے گواہ گزر جائیں بلاشبہ طلاق ثابت ہو جائے گی۔اور بغیر گزرنے ایسے دو گواہوں کے دعوی طلاق ثابت نہیں ہوسکتا۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبرآباد

✿✿✿✿✿

---

[1] القرآن المجید: سورۃ البقرہ آیت ۲۳۰

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......189﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس صورت میں کہ ایک شخص نے ناراض ہوکر اپنی بیوی کو طلاق دی۔ نیز اس خیال سے کہ دوسری عورت سے نکاح کرے۔ جس عورت کو اس نے طلاق دی ہے اس کے شکم سے دو لڑکیاں عورت مذکور کے پاس موجود ہیں ایک نابالغ ایک شیر خوار۔ ایسی حالت میں طلاق ہوتی ہے یا نہیں؟ شخصِ مذکور اب بھی طلاق دینے کا اقراری ہے اور اعلان بھی کر چکا ہے کہ میں نے اپنی عورت کو طلاق دے دی۔ نیز صرف مہر ہی دینا ہوگا یا نان ونفقہ بھی؟

۳ جمادی الاولی ۳۶ھ

سید محمود از بجاور بندیل کھنڈ

متصل ایجنسی چھاؤنی لوگاؤں بر مکان میر صاحب سید احمد

## الجواب

وهو الموفق للصواب.

اللهم رب زدني علما

جب کوئی شخص اپنی بیوی سے کسی بھی حالت میں خواہ اس سے اولاد ہو یا نہ ہو' ایک بچہ بھی نہ ہو' خواہ انیس بیس بچے ہوں' خواہ زائد ہوں' ایک بار یہ کہہ دے کہ میں نے تجھ کو طلاق دی یا تو مطلقہ ہے تو قصداً کہے یا خواہ ہنسی سے کہے' خواہ غصہ سے کہے' اس پر ایک طلاق رجعی واقع ہو جائے گی۔

كما في صفحة ٦٠ من الهداية المطبوعة في مطبع نول كشور:

الطلاق على ضربين صريح و كناية فالصريح قوله انت طالق و مطلقة و طلقتك فهذا يقع به الطلاق الرجعي.... و لا يفتقر الى النية.... و كذا اذانوى الابانة.... و لو نوى الطلاق عن وثاق لم يدين في القضاء .... و لا يقع به الا واحدة و ان نوى اكثر من

Marfat.com

**ذلک انتھی مختصرا بقدر الحاجة**[1]

☆ (ترجمہ: طلاق کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) صریح (۲) کنایہ۔ صریح جیسے کہ یوں کہے تو طلاق والی ہے۔ طلاق یافتہ ہے۔ میں نے تجھے طلاق دی۔ ان الفاظ سے طلاق رجعی واقع ہوتی ہے۔ ان الفاظ میں نیت کی ضرورت نہیں۔ اور اسی طرح اگر ان الفاظ سے عورت کو بائن کرنے کی نیت کرے تو بھی رجعی واقع ہوگی اور اگر قید سے رہائی دینے کی نیت کرے تو قضاء میں اس کی تصدیق نہ کی جائے گی۔ اس سے صرف ایک طلاق واقع ہوتی ہے اگرچہ وہ اس سے زیادہ کی نیت کرے)

حکم اس طلاق کا یہ ہے کہ وہ اگر تین حیض آنے سے پہلے جو ایامِ عدت ہیں' جن میں کسی دوسرے سے نکاح نہیں کرسکتی' خود اپنا نکاح رکھنا چاہے دو گواہ کرکے کہہ دے کہ میں نے اپنے قول سے رجوع کیا یا اس سے ہم بستر ہو یا بوس و کنار ہو لے تو پھر وہ اس کی بیوی رہتی ہے۔ دوبارہ نکاح کی حاجت نہیں۔ البتہ اگر تین حیض گزر جائیں بلاشبہ وہ جس سے چاہے نکاح کرسکتی ہے۔ اور اگر پہلے شوہر سے چاہے اس سے بھی نکاح کر سکتی ہے۔

☆ دو طلاق تک اگر بائن بھی دے دی' اس کی خوشی سے دوبارہ نکاح کرسکتا ہے۔ مگر تین طلاق کے بعد پھر جب تک وہ عورت بعد انقضائے عدت دوسرے شخص سے نہ نکاح کرکے اور اس کے ساتھ ہم بستر نہ ہو لے اور پھر وہ اگر طلاق دے دے تو اس کی عدت کے بعد اپنے پہلے شوہر سے نکاح کرسکتی ہے۔ چنانچہ قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

**فان طلقها فلا تحل له حتی تنکح زوجا غیره**[2]

(ترجمہ: دو طلاق دے چکنے کے بعد اگر خاوند مزید ایک اور طلاق اسے دے دے تو وہ بیوی اس خاوند کے لیے حلال نہیں رہتی جب تک کہ کسی دوسرے خاوند سے نکاح نہ کرے)

---

[1] الهدایه مع فتح القدیر وغیرها : جلد ۳ صفحه ۴۴ تا ۴۸ مطبوعه مصر

[2] القرآن الحکیم : سورة البقر : آیت : ۲۳۰

Marfat.com

اور اگر وہ لوگوں سے بار بار یہی کہتا رہا ہے کہ ''میں نے اپنی زوجہ کو طلاق دے دی ہے'' تو وہی ایک طلاق رہے گی۔

اور اگر اس نے کئی دفعہ یہ کہا کہ میں نے اپنی بیوی کو طلاق دی یا طلاق دیتا ہوں تو تین طلاق ہو جائیں گی۔ ☆ پھر دونوں صورتوں میں ایامِ عدت میں شوہر پر نان و نفقہ بھی عورت کا لازم ہے۔ اور ادائیگی مہر بھی بذمہ شوہر لازم ہے۔ بعد گزرنے عدت کے بجز مہر کے کچھ نہیں دیا جاتا۔ پھر عورت کو اختیار ہے جس سے چاہے نکاح کرلے۔ فقط

حررہ: العبد الراجی
ابو محمد محمد دیدار علی المفتی
فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......190﴾

نوٹ: سوال دستیاب نہیں ہوسکا۔

# الجواب

## وھو الموفق للصواب

## اللھم رب زدنی علما

جب مرد نے اس عورت سے یہ کہہ دیا کہ میں نے تجھے (تین [۱]) طلاق دی یا گواہوں کے سامنے کہا کہ میں نے اپنی بیوی کو (تین [۱]) طلاق دی اور اس کے (بعد) پھر الگ ہوئے نہیں اور اس امر کے مسلمان عادل دو گواہ موجود ہیں اور زمانہ عدت کو گزرے ہوئے بھی چھ سات برس ہوگئے یقیناً وہ طلاق جائز ہوگئی۔ اور بلاتکلف بصورتِ ثبوتِ طلاق وانقضاءِ عدت اس کا نکاح دوسرے شخص کے ساتھ صحیح ہوگیا اور دعوئ زوجِ اول شرعاً بالکل ناجائز اور نا قابلِ سماعت ہے۔ فقط

حررہ العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المشہدی
المفتی فی جامع اکبرآباد

---

[۱] قوسین میں اضافہ مرتب کی طرف سے ہے۔ فتویٰ کے رجسٹر میں نہیں ہے۔

محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 191﴾

## سوال

### حامدا و مصلیا

علماء دین و مفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے اپنی بی بی (کو بوجہ) فاحشہ ہونے کے طلاقِ مغلظہ دی۔ اور وہ عورت ایک سال یا دو سال زنا کاری میں مشغول رہی۔ اب وہ عورت توبہ کرتی ہے۔ اور اس کا شوہر پھر اپنے نکاح میں لانا چاہتا ہے اور اس عورت نے کسی کے ساتھ نکاح نہیں کیا مثل حلالہ وغیرہ کے۔ اب نکاح اس طلاق دینے والے کے ساتھ درست ہے یا نہیں؟۔ بموجب قرآن وحدیث کے بیان کیجئے۔

کریم بخش ٹونڈلہ

## الجواب

### بسم اللہ الرحمن الرحیم

صورتِ مسئولہ میں اگر اس شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاق مغلظہ اس طرح سے دیدی تھی کہ میں نے تجھ کو طلاق دی، طلاق دی، طلاق دی، اور بعد نکاح وہ اس سے ہم بستر بھی ہو چکا تھا تو اس کے نکاح میں بغیر حلالہ کے نہیں آسکتی۔ اور اگر اس نے ایک یا دو طلاق دی تھی تو اس سے توبہ کرا کر نکاح کر سکتا ہے بلکہ بوجہ توبہ کرانے اور فعل بد چھوڑانے کے مستحق ثواب ہوگا۔ ھکذا ظاھر من کتب الحدیث والفقہ

ابو محمد محمد دیدار علی

مفتی جامع مسجد اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......192﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اندریں صورت' کہ محمد صدیق نے ایک خط بنام نظیر الدین اپنے خسر کو بھیجا' کہ میں نے اپنی بیوی مسماۃ حفیظن کو تلاق دیا تلاق دیا تلاق دیا حفیظن کو تلاق دیا۔ تین مرتبہ۔ اور یہ خط رجسٹری کرا کر بنام اپنے خسر کو بھیج دیا۔ پھر جب خود آیا اور برادری کے لوگوں نے اس سے پنچایت میں پوچھا' کہ کیا یہ خط تو نے ہی بھیجا ہے؟ تو اس نے اقرار کیا کہ ہاں یہ خط بصحتِ ہوش وحواس میں نے ہی لکھوا کر بھیجا ہے۔ آیا اس صورت میں محمد صدیق اپنی بیوی حفیظن کو پھر اپنے نکاح میں لے سکتا ہے یا نہیں؟۔ بینوا توجروا

۱۶ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۵ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں تین طلاق واقع ہوگئی اب بغیر حلالہ کے محمد صدیق کے نکاح میں نہیں آ سکتی۔

کما فی الھدایۃ:

و ان کان الطلاق ثلثا فی الحرۃ أو ثنتین فی الامۃ لم تحل لہ حتی تنکح زوجا غیرہ نکاحا صحیحا و یدخل بھا ثم یطلقھا او یموت عنھا[۱].

(ترجمہ: آزاد عورت کی صورت میں تین اور لونڈی ہونے کی صورت میں دو طلاقیں اگر واقع ہو جائیں' تو وہ عورت اپنے خاوند کے لیے اس وقت تک حلال نہیں رہتی' جب کہ دوسرا مرد اس سے صحیح نکاح کر کے وطی نہ کرے اور پھر وہ اس کو طلاق دے لے یا مر جائے) فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی' مفتی جامع مسجد اکبر آباد

۱۶ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۵ھ

---

[۱] الھدایہ: جلد ثانی' جزء ۳' صفحہ ۲۶۷' ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......193﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ میری بہن کے خاوند نے اس کو طلاق دیدی، اور فارغ خطی بھی لکھ دیا۔ جس کو تقریباً تین ساڑھے تین ماہ ہو چکے۔ اور اس کے تین مرتبہ خون حیض بھی جاری ہو چکا ہے۔ فارغ خطی ہمارے مخالف کے قبضہ میں ہے۔ وہ نہیں دیتا۔ لیکن طلاق کے گواہ بہت آدمی ہیں۔ پھر ایسی صورت میں اس کا نکاح بغیر فارغ خطی قبضہ میں لائے ہو سکتا ہے یا نہیں؟

سائل مہتا دھوبی کٹرہ قاضی حسن

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں طلاق کے واسطے دو گواہ عادل مسلمان کافی ہیں۔ تحریری فارغ خطی کی کوئی ضرورت نہیں۔ البتہ بصورتِ طلاقِ صریح، اگر اس نے بلفظ طلاق تین سے کم یا ایک طلاق دی تھی، ایامِ عدت میں بلا نکاح طلاق سے رجوع کر کے اس کو اپنی زوجیت میں لا سکتا تھا، مگر چونکہ بلا رجوع اب تین حیض جو ایامِ عدتِ طلاق ہیں گزر چکے لہٰذا وہ جبراً اس کے ساتھ نکاح بھی نہیں کر سکتا۔ ☆ اور اب اس مطلقہ کو اختیار ہے اگر اس کے ساتھ یعنی شوہرِ مذکور کے ساتھ نکاحِ جدید کرنا چاہے کر سکتی ہے۔ اور اگر کسی دوسرے شخص کے ساتھ نکاح کرنا چاہے دوسرے کے ساتھ بھی نکاح کر سکتی ہے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

محمد دیدار علی الرضوی

مفتی جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......194﴾

### سوال

اگر زید حنفی المذہب نے صحبت کرنے کے بعد کئی مہینے بعد ایسا کیا ہو کہ اپنی منکوحہ کو ایک ہی جلسہ میں صریح لفظوں میں میں نے تجھے طلاق دی، میں نے تجھے طلاق دی، میں نے تجھے طلاق دی، تین طلاق بحالتِ غصہ دیں۔ اور اشد ضرورت اور بے حد مجبوری میں اس نے سنے ہوئے مسئلہ پر عمل کیا کہ ایک جلسہ کے تین طلاقیں ایک ہو جاتی ہیں اور عدت میں رجوع کرلیا۔

تو کیا زید اس فعل سے دائرہ اسلام سے خارج ہوا یا نہیں؟ مسئلہ میں کسی دوسرے امام کے قول پر مجبوری کی حالت میں عمل کرنے سے مذہبِ حنفی سے خارج ہو گیا؟ اور اگر وہ سخت مصائب میں مبتلا ہونے کی وجہ سے آئندہ بھی اس عورت کو جدا نہ کر سکے اور اسی رجعت پر جما رہے تو کیا مرتکب زنا یا کسی گناہِ کبیرہ کا ہوگا؟

۲۱ صفر ۱۳۳۵ھ سائل محمد شفیع محلہ چھتا راجہ کاشی آگرہ

### الجواب

صورتِ مسئلہ میں امامِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تین طلاق واقع ہوگئیں۔ لہٰذا رجعت صحیح نہ ہوئی۔ اور اس عرصہ میں وہ اس سے اگر ہم بستر ہوتا رہا تو مرتکب زنا رہا۔ اب اس کو توبہ کرنا چاہئے۔ اور آئندہ اس کی ہم بستری سے پرہیز کرنا لازم ہے جب تک وہ عورت کسی دوسرے کے ساتھ نکاح کر کے ہم بستر نہ ہولے پھر اگر وہ دوسرا شوہر طلاق دیدے تو بعد انقضاءِ عدت پھر یہ شخص یعنی شوہرِ اول جس نے تین طلاق دیدی ہیں اس سے نکاح کر سکتا ہے۔

اور حنفی المذہب ہرگز ایسی صورت میں دوسرے مذہب پر عمل نہیں کر سکتا۔ اور اگر عمل کرے گا فاسق بگناہِ کبیرہ ہوگا۔ کافر نہیں ہو سکتا۔

حررہ: العبد العاصی ابومحمد محمد دیدار علی الرضوی
مفتی جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......195﴾

## سوال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی منکوحہ کو صریحا برضاءِ خویش تین طلاق دے دیں لیکن پھر عدت کے اندر رجوع کرے۔ ایسی حالت میں دائرہ اسلام میں کوئی صورت بھی ہے جو زید کو حرام سے بچائے یا عمر بھر زید حرام کا مرتکب رہا؟

سائل: سلامت اللہ کمیل کٹرہ آگرہ

## الجواب

وھو الموفق للصواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں اگر اس نے اس طرح طلاق دی ہے کہ میں نے تجھ کو تین طلاق دی تو تین مغلظہ واقع ہوگئی۔ خواہ قبل ہم بستری اور خلوتِ صحیحہ کے اس طرح دی تھی یا بعد ہم بستری کے۔

اور اگر اس نے اس طرح طلاق جدا کر کے دی تھی کہ میں نے تجھ کو طلاق دی اور ایک اور ایک اور تو اگر اس کو بعد ہمبستری اور خلوتِ صحیحہ دی تھی جب بھی تینوں واقع ہو جائیں گی۔ اور اگر نکاح کرنے کے بعد قبل خلوتِ صحیحہ و ہم بستری اس طرح کہا تھا تو فقط ایک طلاق بائن واقع ہوگی وہ اس سے دوبارہ نکاح کرسکتا ہے۔

اور پہلی اور دوسری صورت مذکور میں جب تک بعد عدت وہ عورت مطلقہ دوسرے شخص سے نکاح کر کے ہم بستر نہ ہوئے اور پھر دوسرا شوہر کسی طرح سے اس کو طلاق دے کر بائن اور جدا نہ کردے اور اس کی عدت نہ گزر لے زوجِ اول کو کسی طرح حلال نہیں ہوسکتی۔ ھکذا فی کتب الفقہ اس واسطے کہ قرآن مجید میں اللہ جل شانہ بعد ذکر دو طلاق کے فرماتا ہے۔

Marfat.com

فان طلقها فلا تحل له من بعد حتی تنکح زوجا غیره [1]

یعنی بعد دو طلاق کے اگر اس نے تیسری طلاق دیدی تو وہ اس کو حلال نہیں ہوگی جب تک دوسرے شخص سے نکاح کر کے ہم بستر نہ ہوئے چنانچہ حدیثِ عُسَیْلَہ [2] اس کی پوری مبین ہے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی

عفی اللہ عنہ وعن أبویہ

---

[1] القرآن الحکیم : سورۃ البقرہ : آیت نمبر ۲۳۰

[2] حدیث عُسَیْلَہ : قلت رواہ الأئمۃ الستۃ فی کتبھم من حدیث عائشۃ. قالت سئل رسول اللہ ﷺ عن رجل طلق امرأتہ ثلاثاً فتزوجت زوجا غیرہ فدخل بھا ثم طلقھا قبل أن یواقعھا اتحل لزوجھا الأول قال لا حتی یذوق الآخر من عسیلتھا ما ذاق الاول.

(ترجمہ: میں کہتا ہوں اس حدیث کو چھ اماموں نے صحاح ستہ میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ نبی اکرم ﷺ سے ایک شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس نے اپنی عورت کو تین طلاقیں دے دیں۔ پھر دوسرے خاوند سے نکاح کرلیا۔ اس نے اس کے ساتھ خلوت کی۔ لیکن جماع سے قبل اسے طلاق دے دی کیا وہ اپنے پہلے زوج کے لیے حلال ہو جائے گی؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا نہیں جب تک دوسرا خاوند اس کی تھوڑی سی شہید نہ چکھ لے جس طرح کہ پہلے خاوند نے چکھی تھی)

i نصب الرایہ : جلد ۳ صفحہ ۲۳۷ ناشر المکتبۃ الاسلامیہ

ii صحیح البخاری : حدیث رقم : ۵۲۶۱ مکتبہ دار السلام ریاض

iii صحیح البخاری : حدیث رقم ۲۶۳۹ مکتبہ دار السلام ریاض

iv صحیح مسلم : حدیث رقم ۳۵۲۶ تا ۳۵۳۲

محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ

Marfat.com

# ﴿فتویٰ نمبر......196﴾

## سوال

ایک شخص نے حسبِ طلبِ خسریوں کہا کہ طلاق میں نے دی۔ میرے اللہ نے دی۔ طلاق، طلاق، تو کس قسم کی طلاق سمجھی جائے گی۔

جناب مولوی غلام محی الدین خاں صاحب
امام مسجد شاہجہاں پور ۱۷ دسمبر ۱۹۱۵ء

## الجواب

یہ طلاق بائن ہوگئی۔ اور تکرار واسطے تاکید کے ہے۔ دوبارہ نکاح بغیر حلالہ ہوسکتا ہے۔
کتبہ المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

﴿فتویٰ نمبر......197﴾

## سوال

ایک شخص بوجہ بخارِ طاعونی مسلوب الحواس تھا۔ زوجہ سے لڑائی ہوئی۔ زوجہ نے کہا کہ تو مجھ کو طلاق دے دے۔ اس نے کہا میں نے طلاق دی۔ پس شرعاً کیا حکم ہے؟

سائل: رحیم بخش، محلہ اٹلہ شاہ جہان پور

۱۴ فروری ۱۹۱۶ء

## الجواب

ایسی صورت میں اگر مرادِ شوہر طلاق کو واقع کرنا ہے تو طلاق ہو جائے گی ورنہ یہ کلام مشکوک ہے کیونکہ یہ بھی مطلب نکلتا ہے کہ میں (نے) طلاق تیرے ہاتھ دی تو ایسی حالت میں طلاق نہ ہوگی۔ کذا فی العالم گیری

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

# ﴿فتویٰ نمبر......198﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین وفقیہانِ شرعِ مبین اس مسئلہ میں کہ شوہر وزن میں کسی وجہ سے نا اتفاقی ہو گئی۔ شوہر نے اپنی بیوی کو حالت تنہائی میں طلاق دے دی۔ اور اس کے والدین کو بلا کر ان کے ہمراہ کر دیا۔ اور کہا کہ اپنی لڑکی کو لے جاؤ ہمارے کام کی نہیں۔ اس کے والدین اپنے مکان پر لے آئے۔ شوہر نے نکاح دوسرا کر لیا۔ لڑکی اپنے والدین کے ہاں موجود ہے جس کو دو برس ہو چکے ہیں۔ اس لڑکی کا نکاح دوسرا کسی اور جگہ کرنا چاہتے ہیں۔ حالت تنہائی میں طلاق درست ہے یا نہیں۔ بینوا و توجروا

سائل: حافظ محمد اسماعیل

۲۱ نومبر ۱۹۱۵ء

## الجواب

### وهو الملهم للحق والصواب

☆ طلاق کا واقع ہونا اور طلاق کا ثابت ہونا دو جداگانہ چیزیں ہیں۔ طلاق کے واقع ہونے کے لیے گواہوں کی ضرورت نہیں۔

☆ تنہائی میں بھی اگر زوج زوجہ سے طلاق کے لفظ کہے گا تو طلاق پڑ جائی گی لیکن ایسی طلاق سے اگر زوج منکر ہو جائے تو حاکم گواہوں کے نہ ہونے کی وجہ سے طلاق کا حکم نہ دے گا۔ اس لیے کہ وہ ثبوت کا محتاج ہے۔ ہاں عند اللہ وہ طلاق ہو جائے گی۔

پس صورت مسئولہ میں اگر زوج اقراری ہے تو طلاق کا حکم دیا جاوے گا اور عورت کی عدت بعد طلاق سے منقضی ہو چکی ہے تو دوسرا نکاح کر سکتی ہے ورنہ نہیں۔ فقط:

عاجز محمد رمضان عفی عنہ
مفتی واعظ جامع مسجد آگرہ
مورخہ ۲۳ نومبر ۱۹۱۵ء

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......199﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس امر میں کہ زید نے اپنی بیوی کی رخصت کے بارے چند اشخاص معززین پنچان مقرر کے روبرو بحلف بیان کیا کہ میں خدا رسول کو پہچان کر صحیح بیان کرتا ہوں کہ میں اپنی زوجہ کے مکان پر آیا اور میں نے اپنے سالے امام الدین کے روبرو یہ کہا کہ میرا پچاس روپیہ کا زیور دیدو ورنہ میں اپنی زوجہ کو طلاق دیدوں گا۔ پس ایسی حالت میں طلاق ہوگئی یا نہیں؟ اور وہ رجوع کر سکتا ہے یا نہیں؟

سائل: مستری محمد بخش پنشن یافتہ مائی منڈی محلہ ہتائی

۲۳ شوال ۱۳۳۴ھ

## الجواب

صورتِ مسئولہ میں طلاق واقع نہیں ہوئی' اس واسطے کہ وہ تو بحلف یہ کہتا ہے کہ میں نے طلاق نہیں دی' بلکہ میں نے یہ کہا تھا کہ طلاق دیدوں گا۔ لہٰذا اگر عورت مدعیہ طلاق ہے کہ اس نے یہ کہا تھا کہ میں تجھ کو طلاق دیتا ہوں یا میں نے تجھ کو طلاق دی ☆ تو اس امر کے دو گواہ عادل پیش کرے۔ اگر گواہ اس کے دعویٰ کے مطابق گواہی دیدیں۔ ☆ ایک طلاق رجعی واقع ہوگی۔ ☆ جس کا حکم یہ ہے کہ ایامِ عدت میں اگر وہ کہہ دے کہ اپنی طلاق سے رجوع کرتا ہوں یا اپنی بیوی سے کوئی معاملہ میاں بی بی کا کرے تو بلا نکاحِ (جدید) وہ نکاح میں رہے گی اور اگر گواہ پیش نہ کر سکے شوہر کا حلف کافی ہے۔ طلاق بالکل واقع نہ ہوگی۔ حدیث صحیح ہے۔

☆ البینة علی المدعی والیمین علی من انکر[1]

(ترجمہ: گواہ پیش کرنا مدعی کے ذمہ ہے اور انکار کرنے والے کے ذمہ قسم اٹھانا ہے)

لہٰذا شوہر کو بغیر حلف یعنی خدا کی قسم کے انکار طلاق پر گواہ پیش کرنے کی کوئی ضرورت نہیں اور نہ منکر کی گواہ مقبول۔

حررہ: العبد الراجی

ابو محمد محمد دیدار علی رمفتی جامع مسجد اکبر آباد

---

[1] الجامع الصغیر مع شرحه فیض القدیر' جلد ۳ صفحه ۲۲۵' مطبوعه در المعرفه بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......200﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ زید نے بکر کو بھنگ پلا کر اس کی زوجہ کے ساتھ زنا کیا۔اور جب بکر کو نشہ سے افاقہ ہوا اس نے ان دونوں کو مشغولِ زنا پایا۔تب بکر نے اپنی زوجہ کو جھڑک کر نکال دیا۔آیا بکر کی زوجہ اس کے عقد میں رہی یا نہیں؟ بینوا توجروا

۱۹ صفر ۱۳۳۵ھ

رحیم بخش محلہ نوربی دروازہ آگرہ

## الجواب

صورتِ مسئولہ میں بوجہِ زنا زید کے بیوی بکر کے نکاح سے نہیں نکلی۔اگر وہ توبہ کرتی ہے کہ آئندہ کبھی ایسا فعلِ بد نہ کرے گی بلا تکلف جائز ہے کہ بکر اس کو بلا لے اور بیوی سمجھے۔

اور اگر اس نے حالتِ غصہ میں بہ نیتِ طلاق اس طرح بھی کہہ دیا تھا کہ جا میرے گھر سے نکل جا تو لازم ہے کہ دو گواہوں کے سامنے پھر نکاح کرے۔

اور اگر بوقت کہنے ایسے لفظ کے کچھ نیت نہ تھی تو ضرورتِ نکاح بھی نہیں مگر احتیاطاً پھر نکاح کر لینا بہتر ہے۔

حررہ: العبد الراجی

محمد دیدار علی جامع مسجد اکبرآباد

Marfat.com

## فتوی نمبر...... 201

## سوال

ایک شخص بیمار تھا اور دماغ میں نقص بعارضۂ بخار ہو گیا تھا اس اثنا میں اپنی بی بی سے تکرار کر کے کہا جا میں نے طلاق دی، طلاق دی طلاق دی۔ تو شرعاً کیا حکم ہے؟

سائل: رحیم بخش، محلہ اٹلہ شاہ جہان پور

۲۰ فروری ۱۹۱۶ء

## الجواب

اس صورت میں طلاق نہ ہوگی۔ فتاوی حامدیہ میں ہے۔

سئل فی رجل مرض مرضا اوصل فیه الی اختلال العقل بحیث اختل کلامه المنظوم و باح بسره المکتوم و صدر منه ما یصدر عن المجانین یطلق زوجته فی هذه الحالة فما الحکم.

الجواب اذا ثبت زوال عقله و عدم وعیه لا یقع علیه طلاق و لا یطالب الصداق اذا کان الحال علی هذا المنوال فانه حینئذ مجنون و للجنون فنون. انتهی.[1]

(ترجمہ: ایک شخص کے بارے میں سوال کیا گیا جو ایسا بیمار ہو گیا کہ اس کی عقل میں خلل واقع ہو گیا۔ اس طرح سے اس کی مرتب کلام میں خرابی پیدا ہو گئی۔ اس نے اپنا پوشیدہ راز ظاہر کر دیا۔ اور اس سے وہ افعال صادر ہوئے جو پاگلوں سے سرزد ہوتے ہیں۔ اس نے اپنے بیوی کو اس حالت میں طلاق دے دی۔ تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب اس کا یہ ہے کہ جب اس کی عقل زائل ہونا اور اس کا محفوظ نہ رہنا ثابت ہو گیا تو جب تک یہ حالت ہے اس کی طلاق واقع نہ ہوگی۔ اور نہ ہی اس سے مہر کا مطالبہ کیا جائے گا۔ کیوں کہ وہ پاگل ہے اور پاگل پن کی کئی قسمیں ہیں۔)

کتبہ: المفتی محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

[1] تنقیح الفتاوی الحامدیه جلد اول صفحه ۴۲ مطبوعه مکتبه حبیبیه کوئٹه

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......202﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس بارے میں کہ بترغیب میری خوش دامن یعنی ساس کے دو شخص رشتہ دار مجھے اپنے مکان پر لے گئے۔ میں اس وقت کسی قدر نشہ میں تھا۔انہوں نے ایک کاتب کو اپنے مکان پر بلا کر اور اپنے صرف سے کاغذ منگوا کر میری جانب سے ایک فارغ خطی اس سے تحریر کرائی۔اور مجھ سے کہا کہ اس پر اپنے انگوٹھے کا نشان کر دو۔ چونکہ اس وقت کسی قدر نشہ میں تھا' میں نے اپنے انگوٹھے کا نشان اس پر کر دیا۔ جب میرے ہوش وحواس درست ہوئے' تو معلوم ہوا کہ تحریر شدہ کاغذ پر میرے انگوٹھے کا نشان مجھ سے کرایا گیا ہے۔اور میری زوجہ منکوحہ کو وہ کاغذ پڑھ کر سنایا گیا تو اس نے بھی میری اس تحریر فارغ خطی کو مستند نہیں سمجھا کہ میرا شوہر نشہ میں ہے۔میرے تین بچہ اس بی بی کے بطن سے پیدا ہوئے ہیں' جو موجود ہیں۔ایسی صورت میں بعد استغفار اور توبہ کے میں اپنی زوجہ منکوحہ کو اپنے عقد میں لے سکتا ہوں یا مجھے کیا کرنا چاہئے؟

سائل: وزیرالدین

آگرہ گھٹیا اعظم خان

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں وزیرالدین کو جائز ہے کہ شراب وترکِ نماز وغیرہ جملہ افعالِ قبیحہ سے توبہ کر کے اپنی زوجہ کو اپنے گھر لے آئے۔اس واسطے کہ بحالتِ نشہ نادرستی حواس اگر خود شوہر بھی اگر اپنی زوجہ کے نام طلاق نامہ لکھ دے وہ جب ہی معتبر ہوگا یعنی طلاق واقع ہوگی جب کاتب طلاق نامہ لکھ کر اس شخص کو سارا مضمون سنا دے پھر وہ شخص اس طلاق نامہ کو لیکر اپنی مہر یا دستخط کر کے خود اپنی زوجہ کے پاس بھیج دیے یا کسی دوسرے شخص

Marfat.com

یا خود کاتب کو حکم کرے کہ اس کو میری زوجہ کے پاس بھیج دو۔

کما فی صفحہ ۴۰۲ من فتاوی العالمگیریہ المطبوعة فی المصر:

رجل استکتب من رجل آخر الی امراته کتابا بطلاقها وقرأه علی الزوج فاخذه وطواه وختم و کتب فی عنوانه و بعث به الی امراته فاتاها الکتاب اقر الزوج انه کتابه فان الطلاق یقع علیها و کذالک لو قال لذالک الرجل ابعث بهذ الکتاب الیها الخ [1]

(ترجمہ: ایک شخص نے کسی دوسرے آدمی سے اپنی بیوی کو طلاق دینے کے لیے خط لکھوایا اس نے وہ خط لکھ کر اس خاوند کے سامنے پڑھا۔ خاوند نے اسے لپیٹا' اس پر مہر لگا کر دی۔ اور پتہ لکھ کر بیوی کی طرف اسے ارسال کر دیا وہ خط اس بیوی کے پاس پہنچا' خاوند نے اقرار کیا یہ اس کا خط ہے تو اس عورت پر طلاق واقع ہو جائے گی اور اسی طرح یہ حکم اس صورت میں بھی ہے جب خاوند نے اس لکھنے والے آدمی سے کہا یہ خط میری بیوی طرف بھیجئے دو)

اور یہاں امورِ مذکور موجبِ طلاق سے کوئی بات بھی نہیں پائی جاتی ہے بلکہ سرے سے شوہر کو بذات خود طلاق نامہ لکھوانے سے انکار ہے۔ نہ اس نے اپنی بیوی کو دیا۔ نہ خود بھیجا۔ نہ کسی سے بھجوایا۔ بلکہ اس کو تو بحالتِ نشہ نشانِ انگوٹھا ہی کی خبر ہے جو قابلِ اعتبار نہیں۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی مفتی جامع مسجد اکبر آباد

---

[1] الفتاوی العالم کیریة مع ترجمہ اردو جلد ۸ صفحہ ۳۲۰ مطبوعہ فضل ربی پریس روالپنڈی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......203﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس بارہ میں کہ زید نے بحالتِ دیوانگی جس سے تمام شہر واقف ہے اپنی زوجہ کو طلاق لکھ دی تو اندریں صورت طلاق واقع ہو گئی یا نہیں؟۔ بینوا توجروا

۱۳ اکتوبر ۱۹۱۶ء

دھوراجی ملک کاٹھیاواڑ عطر فروش موسی علی محمد

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحيم.

اللهم رب زدني علما.

صورتِ مسئولہ میں اگر فی الواقع بحالتِ دیوانگی و بیہوشی شخصِ مذکور نے طلاق دی تھی یا لکھ دی تھی یا لکھوا دی تھی اور فی الحقیقت اس کے ہوش و حواس اور عقل سالم نہ تھی تو یہ طلاق بالکل واقع نہیں ہوئی۔ اور اس کی زوجہ بدستور اس کے نکاح میں ہے۔

چنانچہ ہدایہ میں ہے:۔

**ولا يقع طلاق الصبی والمجنون والنائم لقوله عليه الصلوة والسلام كل طلاق جائز الاطلاق الصبی والمجنون الخ** [۱]

(ترجمہ: نابالغ لڑکے، پاگل اور سوئے ہوئے آدمی کی طلاق واقع نہیں ہوتی کیوں کہ حضور نبی کریم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے نابالغ اور پاگل الخ کے علاوہ ہر مرد کی طلاق جائز ہے)

اور درمختار میں ہے:۔

---

[۱] الهداية جلد ۳ صفحه ۱۶۱ مطبوعه ادارة القرآن والعلوم الاسلاميه كراچی

Marfat.com

ولا يقع طلاق المولى على امراة عبده والمجنون و الصبى والمعتوه من العته وهو اختلال العقل والمبرسم والمغمى عليه والمدهوش والنائم انتهى مختصرا[1]۔

(ترجمہ: مالک کی اپنے غلام کی بیوی کو دی ہوئی' مجنون' نابالغ' معتوہ' یعنی جس شخص کی عقل میں خرابی اور خلل ہو یہ لفظ ''عتہ'' سے مشتق ہے جس کا معنی ہے عقل میں خرابی' برسام کے مریض' غشی میں مبتلا' مدہوش (خوف یا حیاء کے باعث جس کی عقل جاتی رہے) اور سوئے ہوئے شخص کی طلاق واقع نہیں ہوتی۔)

حررہ: العبد العاصی

محمد دیدار علی الرضوی مفتی

جامع مسجد اکبر آباد

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۴ صفحہ ۴۳۲ مطبوعہ بیروت

نوٹ: یہ عبارت الدر المختار کے متن تنویر الابصار کی ہے۔ صرف چند الفاظ درمختار کے ہیں۔

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......204﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں ایک شخص نے چلہ کھینچا۔قبل کھینچنے چلہ کے وہ شخص سنی مسلمان تھا۔بعد چلے کھینچنے کے معلوم ہوا کہ وہ اپنی حالت پر نہیں رہا۔بلکہ اس کا دماغ خراب ہوگیا۔سب سے پہلے اس نے یہ کیا کہ شیعہ مذہب اختیار کیا اس کے بعد جس نے اس سے جو کچھ کہا یا جس مذہب کی تعریف کی گئی اس مذہب کو اختیار کر لیتا ہے خلاف اہل سنت و جماعت کے۔کسی نے کچھ سوال کیا تو بے ہودہ جواب دیتا ہے۔اپنے کمانے کھانے کے کاروبار کو بخوبی انجام دیتا ہے۔کسی عزیز کی اچھی بات کو سنتا نہیں ہے۔کبھی ایسا کرتا ہے کہ ننگے سر ونگے پاؤں بازاروں میں گلیوں میں پھرتا ہے۔اس وجہ سے اس کی زوجہ منکوحہ کو اس کے عزیزوں نے اپنے گھر میں ڈال رکھا ہے۔اور یہ کہتے ہیں کہ اس کی بیوی نکاح سے باہر ہوگئی ہے۔کبھی رخصت نہ کریں گے۔بازاروں میں پھرنے سے یہ غرض نہیں کہ دن رات جیسے دیوانے پھرتے ہیں اس طرح پھرتا ہے۔نہیں کسی وقت وہ ننگے سر و پاؤں چل دیتا ہے۔اپنے قیمتی کپڑوں کو قلیل قیمت میں فروخت کر دیتا ہے۔ایک دن دو دن جنگل میں جا پڑتا ہے۔ایسی حالت میں اس کی زوجہ اس کے عقد سے باہر ہوگئی؟ کیا ایسی حالت میں نکاح اس کا فسخ ہوگیا؟

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

شوہر کے مجنون یا مخبوط ہونے سے عورت نکاح سے نہیں خارج ہوتی۔اس واسطے کہ اگر نکاح سے خارج ہو جائے فقہا اس کی طلاق کے وقوع اور عدمِ وقوع سے کیوں بحث کرتے۔

درمختار میں ہے صفحہ ۴۶۱۔۴۶۲:

ولا یقع طلاق المولی علی امراۃ عبدہ والمجنون والصبی والمعتوہ من العتہ و ھو

اختلال فی العقل والمبرسم من البرسام بالکسر علة کالجنون والمغمٰی علیه مختصرا بقدر الحاجة[1]

(ترجمہ: مالک اگر اپنے غلام کی بیوی کو طلاق دے تو واقع نہ ہوگی۔ اسی طرح پاگل، بچے، معتوہ یعنی جس کی عقل میں خلل ہو، برسام کے مریض اور بے ہوش کی طلاق واقع نہیں ہوتی برسام جنون کی مانند ایک بیماری ہے)

☆ بلکہ علامہ شامی علیہ الرحمۃ تو یہاں تک تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کسی نے حالتِ صحت میں کہہ دیا کہ اگر میں فلاں مکان میں قدم رکھوں تجھ پر تین طلاق پھر وہ دیوانہ ہوگیا اور اس مکان میں داخل ہوگیا۔ طلاق واقع ہو جائے گی اور اگر اس نے یوں کہا اگر میں دیوانہ ہو جاؤں تو تجھ پر تین طلاق یا دو طلاق اور وہ دیوانہ ہوگیا۔ اندریں صورت عورت پر طلاق واقع نہ ہوگی۔ اس واسطے کہ وقوعِ طلاقِ مشروط وقتِ شرط کے ہوتا ہے اور وہ بوقت دیوانگی اہلِ طلاق نہیں۔ چنانچہ صفحہ ۴۶۲ شامی میں ہے

قوله والمجنون الا اذا علق عاقلا ثم جن فوجد الشرط کقوله ان دخلت الدرا فدخلها مجنونا بخلاف ان جننت فانت طالق فجن لم یقع کذا ذکره الشارح فی باب نکاح الکافر فالمراد اذا علق علی غیر جنونه[2]

(ترجمہ: قولہ: مجنون کی طلاق واقع نہیں ہوتی۔ ہاں اس صورت میں اس کی طلاق واقع ہوگی جب اس نے بحالتِ عقل طلاق کو کسی شرط کے ساتھ معلق کیا پھر اسے جنون لاحق ہوا اور شرط پائی گئی۔ مثلاً حالتِ صحت میں اس نے کہا اگر میں گھر میں داخل ہوں تو تجھے طلاق پھر وہ جنون کی حالت میں گھر میں داخل ہوا تو طلاق واقع ہوگی بخلاف اس کے اگر خاوند نے کہا اگر میں پاگل ہو جاؤں تو تجھے طلاق پھر وہ پاگل ہوگیا تو طلاق نہ ہوگی۔ شارح یعنی صاحب درمختار نے نکاح الکافر کے باب میں ایسے ہی ذکر کیا ہے۔ تو مجنون کی بصورتِ تعلیق طلاق واقع

---

[1] الدرالمختار مع رد المحتار جلد ۴ صفحہ ۴۳۱ تا ۴۳۳ مطبوعه احیاء التراث العربی بیروت

[2] رد المحتار جلد ۴ صفحہ ۴۳۲ مطبوعه احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

ہونے کی صورت یہ ہے جب کہ اس نے اپنے جنون کے علاوہ کسی اور شرط پر طلاق کو معلق کیا ہو۔)

☆ البتہ اگر خدانخواستہ کوئی حالتِ صحت اور درستیءحواس میں کوئی کلمۂ کفر کا کہہ بیٹھے مثلاً کہہ دے میں نماز نہیں پڑھتا نعوذ باللہ منہا یا خدایا رسول اللہ ﷺ کی شان میں اور عند البعض خلفاءِ راشدین کی شان میں گالی دے بیٹھے یا کلماتِ توہین زبان سے نکال دے نعوذ باللہ من کلہا تو ضرور وہ مرتد ہو جائے گا۔ اور اس کی بیوی اس کے نکاح میں نہ رہے گی۔ ☆ اور حالتِ جنون اور بے ہوشی میں تو ایسے کلمات کا بھی کچھ اعتبار نہیں۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر.........205﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ کسی شخص کی زوجہ بلا اجازت اپنے شوہر کے نو دس شب کو اپنی ماں کے ساتھ گھر سے باہر نکل گئی۔ بازار کے دو کانداروں نے دیکھا کہ دو عورتیں جارہی ہیں۔ ایک کوئی مرد بھی ان کے پیچھے تھا۔ جب اس کے شوہر کو خبر ہوئی کہ عورت اس طرح چلی گئی تو اس نے تلاش کیا۔ تو اس عورت کی ماں سے دریافت کیا کہ تمہاری لڑکی کہاں گئی؟ اس نے پہلے تو یہ کہا کہ مجھ کو معلوم نہیں۔ اور پھر یہ کہا وہ اپنے عزیز کے ہاں پڑوس میں ہے۔ اس حالت میں وہ (جس) شخص کی بیوی چلی گئی اجازتِ نکاح میں رہی یا نہیں؟۔ بینوا توجروا

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

☆ بلا اجازت اگر عورت شوہر کے گھر سے نکل جائے نکاح نہیں ٹوٹتا۔ البتہ عورت گناہ گار ہوگی۔ اس کو چاہئے کہ توبہ کرے۔ صفحہ ۳۴۲ کتاب الترغیب والترھیب مطبوعة حاشية مشکوۃ میں ہے:

☆ عن ابی امامة رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ قال لتغضن أبصارکم ولتحفظن فروجکم او لیفسکن اللہ وجوھکم [۱] (رواہ الطبرانی)

☆ (ترجمہ: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اپنی آنکھوں کو حرام امور سے بند رکھو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو۔ ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے چہروں کو مسخ فرمادے گا)

وعن عائشة رضی اللہ عنہا قالت بینما رسول اللہ ﷺ جالس فی المسجد اذ دخلت امراة من مزینة ترفل فی زینة لھا فی المسجد فقال النبی ﷺ یا ایھاالناس انھوا

[۱] الترغیب والترھیب : جلد ۳، صفحہ ۳۷ دار الاحیاء التراث العربی۔

Marfat.com

نسائکم عن لبس الزینة والتبختر فی المسجد فان بنی اسرائیل لم یلعنوا حتی لبس نسائهم الزینة و تبختر وا فی المساجد رواه ابن ماجه[1]

☆(ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ نبی اکرم ﷺ مسجد میں تشریف فرما تھے۔ اچانک مزینہ قبیلہ کی ایک عورت اپنی زیب وزینت میں بنی ٹھنی مسجد میں داخل ہوئی۔ نبی کرم ﷺ نے فرمایا اے لوگو! اپنی عورتوں کو مسجد میں بناؤ سنگار کا لباس پہننے اور ناز وانداز کے ساتھ چلنے سے منع کرو۔ کیونکہ بنی اسرائیل پر ان کی عورتوں کے مسجدوں میں زینت کا لباس پہننے اور ناز و ادا سے چلنے سے پہلے لعنت نہ ہوئی)

یعنی حضور ﷺ نے عورتوں کو فرمایا کہ اپنی نگاہوں کو غیر مردوں کو دیکھنے سے روکو۔ شرم گاہوں کو محفوظ رکھو۔ اور فرمایا کہ اے لوگو! عورتوں کو لباسِ زینت کے ساتھ مسجدوں میں اترا کر چلنے سے منع کرو۔ بنی اسرائیل ایسے ہی امور سے تو ملعون ہو گئے تھے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

[1] الترغیب والترهیب : جلد ۳، صفحه ۸۵ دار الاحیاء التراث العربی۔

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......206﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اندریں صورت کہ زیدن نے قبل نکاح زید سے یہ شرط کرلی کہ میں تجھ سے نکاح اس شرط پر کروں گی کہ اگر تو مجھ کو تکلیفِ نان نفقہ دے یا اور کچھ تکلیف دے تو مجھ کو اپنے نفس کا اختیار ہوگا۔ اندریں صورت زیدن عند التکلیف مختارِ طلاق ہوگی یا نہ ہوگی۔؟

۲۴ ربیع الاول ۱۳۳۶ھ

حمید حسن اکبرآبادی

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں یہ امر تو ظاہر ہے کہ قبل ایجاب وقبول جو بھی شرط بہ نسبت اختیارِ طلاق درمیان خاطب ومخطوبہ کے قرار پائے جیسا کہ بیانِ عبارت سے ظاہر ہے تو زیدن ہرگز مختارِ طلاق نہ ہوگی۔ اس واسطے کہ قبل ایجاب وقبول زید خود طلاق کا مالک نہیں ہے تو دوسرے شخص کو یا خود اپنی مخطوبہ کو جس کو قبل النکاح بلفظ زوجہ تعبیر کیا ہے اختیارِ طلاق کیا دے سکتا ہے۔

کما ھو ظاھر من عبارۃ الدرالمختار المذکورۃ فی صفحۃ ۴۹۹ من الجزء الثانی المطبوعۃ فی مصر مع رد المحتار

قال زوجنی ابنتک علی ان امرھا بیدک لم یکن لہ الامر لانہ تفویض قبل النکاح[1]

(ترجمہ: ایک شخص نے کہا اپنی لڑکی کا نکاح میرے ساتھ اس شرط پر کردے کہ اس کا معاملہ تیرے ہاتھ میں ہوگا تو اس صورت میں معاملہ اس باپ کے اختیار میں نہ ہوگا کیونکہ یہ نکاح سے پہلے طلاق کی تفویض ہے)

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۴ صفحہ ۸۰ احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

☆ اور اگر مقصودِ سائل یہ ہے کہ ایجاب ہی اس شرط پر واقع ہوا یعنی عورت کے وکیل نے وقتِ عقد دولہا سے یہ کہا کہ میں اپنی موکلہ کو تمہارے عقد نکاح میں اس شرط پر دیتا ہوں کہ اگر تم اس کو نان ونفقہ نہ دو یا تکلیف دو تو مجھے موکلہ کو تین طلاق دے لینے کا اختیار رہے۔ یا خود عورت نے کہا میں اس شرط پر اپنے نفس کو تمہارے عقد میں دیتی ہوں کہ اگر تم مجھ کو نان ونفقہ نہ دو اور تکلیف دو تو مجھ کو تین طلاق دینے کا اختیار ہے اور اس کے جواب میں بکر نے کہا کہ میں قبول کرتا ہوں تو بلاشبہ عورت یعنی زیدن اپنے نفس کو طلاق دینے کی مختار ہوگی۔

صفحہ ۲۹۹ جلد ثانی ردالمحتار مذکورہ میں ہے:

**(قوله لم يكن له الامر) ذكر الشارح فی آخر باب الامر باليد نكحها على ان امرها بيدها صح[1].**

**لكن ذكر فی البحر هناک ان هذا لو ابتدأت المراة فقالت زوجت نفسی على ان امری بيدی اطلق نفسی كلما اريد او على انی طالق فقال قبلت وقع الطلاق و صار الامر بيدها اما لو بدأ هو لا تطلق ولا تصير الامر بيدها[2].**

(ترجمہ: قولہ: اس صورت میں باپ کو اختیار نہ ہوگا۔ شارح یعنی صاحب الدرالمختار نے الأمر بالید کے باب کے آخر میں ذکر فرمایا کہ اگر اس شرط پر نکاح کیا کہ اس منکوحہ کا معاملہ اس کے ہاتھ میں ہوگا تو صحیح ہے۔ لیکن بحرالرائق میں وہاں ذکر فرمایا کہ اگر گفتگو کا آغاز عورت نے کیا اور کہا میں اپنا نکاح اس شرط پر کرتی ہوں کہ میرا معاملہ میرے ہاتھ میں رہے گا میں جب چاہوں اپنے آپ کو طلاق دے دوں یا کہا میں جب چاہوں طلاق یافتہ ہوں گی اس پر مرد نے کہا مجھے قبول ہے تو طلاق واقع ہوگی۔ اور معاملہ منکوحہ کے ہاتھ میں ہو جائے گا۔ اور اگر کلام کا آغاز مرد نے کیا تو طلاق نہ ہوگی اور نہ ہی اس منکوحہ کا معاملہ اس کے ہاتھ میں ہوگا)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
محمد دیدار علی الرضوی المفتی فی جامع اکبرآباد

---

[1] الدر المختار جلد ۴ صفحہ ۴۳۱ دار احياء التراث العربی بيروت

[2] رد المحتار جلد ۴ صفحہ ۸۰ دار احياء التراث العربی بيروت

Marfat.com

# خلع

Marfat.com

## ﴾فتویٰ نمبر...... 207﴿

## سوال

از بھرت پور مخدوم ومکرم مولانا دیدار علی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ عرض یہ ہے کہ میری لڑکی کو اس کے شوہر نے عرصہ سے تنگ کر رکھا تھا۔ اور عرصہ تین سال سے میرے مکان پر چھوڑ رکھا ہے۔ اور تین چار ماہ ہوئے جب اس نے دوسری شادی بھی کر لی۔ اس لیے میری لڑکی خلع چاہتی ہے یہاں پر عدالتیں ہندو ہیں وہ خلع کی ڈگری دیں گی تو کیا شرع سے ان کی ڈگری جائز ہوگی؟

۶ رمضان المبارک ۳۶ھ

چودھری شمس الدین معرفت بابو حفیظ اللہ

## الجواب

خلع شریعت میں اپنی بیوی کو اپنے نکاح سے جدا کرنے کو کہتے ہیں لفظ خلع یا لفظ طلاق کے ساتھ کم از کم دس درہم یا اس سے زیادہ جس قدر چاہے نقد یا جنس کے عوض میں۔

چنانچہ بحرالرائق مطبوعہ مصر کے صفحہ ۷۰ جلد رابع میں ہے:۔

**الخلع هو الفصل من النكاح الواقع به و بالطلاق على مال طلاق بائن و لزمها المال**[1]

(ترجمہ: خلع نکاح سے علیحدگی ہوتی ہے جو اس کے ساتھ اور مال کی شرط پر طلاق کے ساتھ ہوتی ہے یہ طلاق بائن ہوتی ہے اور عورت پر مال لازم ہو جاتا ہے)

☆ لہٰذا خلع کے ساتھ ایک طلاق بائن واقع ہو جائے گی اور جس قدر برضامندی طرفین معاوضہ طلاق ٹھہر جائے عورت پر اس کا ادا کرنا لازم ہوگا۔ اس واسطے حاکم سے حکم لینے کی کوئی ضرورت نہیں۔

---

[1] كنز الدقائق مع البحر الرائق : جلد ۴، صفحه ۷۷، ۸۰، دار المعرفه بيروت

Marfat.com

☆ البتہ اگر مرد بعوضِ مال یا بعوضِ معافیٔ مہر بھی طلاق نہ دے تو ایسی صورت میں حاکم پر لازم ہے کہ اس کو مجبور کر کے اس سے جبراً یہ کہلوا دے کہ میں نے اپنی بیوی مسماۃ فلان کو طلاق دی۔ اس واسطے کہ طلاق جبرا کہلوا دینے سے بھی ہو جاتی ہے۔ پھر تین حیض گزر جانے کے بعد اس کو اختیار ہے جس سے چاہے نکاح کرے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبرآباد

Marfat.com

# ظہار

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......208﴾

## سوال

مسمی بنواولد گیندا قوم سقہ ساکن موضع نونہائی علاقہ تھانہ شہر آگرہ نے اپنی زوجہ مسماۃ نسوعمر تخمینا ۲۵ سال کو مسمی مٹھوقوم سقہ کے ساتھ زنا کرتے ہوئے گھر میں اپنے دیکھ لیا۔اس بات پر اس نے اپنی زوجہ کو مارا اور ناک کاٹنے پر آمادہ ہوا۔عورت بھاگ گئی۔دوکھیت بھاگی ہوگی کہ بستی نگر نے بیچ بچاؤ کیا تو بنواندکور نے اپنی زوجہ کی نسبت یہ کہا کہ یہ عورت میری مثل ماں ہے اور میرے کام کی نہیں ہے۔تمام بستی میں یہی الفاظ کہتا چلا گیا کہ سب نے سنے تھے۔اوراب مسماۃ اپنے شوہر کے گھر ہے۔ایسی حالت میں کیا نکاح درست رہایانہیں رہا؟

۱۹صفر۱۳۳۵ھ

تراب علی۔نونہائی ضلع آگرہ محلّہ تھانہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

زنا کرنے سے تو نکاح نہیں ٹوٹا مگراس نے جو یہ کہا ہے کہ تو میری مثل ماں یا بہن کے ہے اگر وقت کہنے اس لفظ کے اس کی کچھ نیت نہ تھی یا یہی نیت تھی کہ تو مثل ماں بہن کے ہے مجھ پر حرام ہے تو ظہار ہو گیا۔☆اور بصورتِ ظہار اس کو اپنی بیوی سے ہم بستری جائز نہیں☆جب تک دو مہینے برابر بلا فاصلہ روزے نہ رکھ لے۔اوراگر روزے کی طاقت نہیں رکھتا تو ساٹھ غریبوں کو مسکینوں کو خواہ چھٹانک دوسیر (ہر مسکین کو) ایک ہی دن گیہوں دے دے یا دووقتہ کھانا کھلائے۔خواہ دومہینہ تک ایک ہی مسکین کو برابر ساٹھ دن تک دووقتہ کھانا کھلائے۔

چنانچہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ ارشادفرماتا ہے۔

**والذین یظاھرون من نسائھم ثم یعودون لما قالوا فتحریر رقبة من قبل ان یتماسا**

Marfat.com

ذلکم توعظون به واللہ بما تعملون خبیر ٥ فمن لہ یجد فصیام شھرین متتابعین من قبل ان یتماسا فمن لم یستطع فاطعام ستین مسکینا۔[۱]

(ترجمہ: جو لوگ ظہار کر بیٹھیں اپنی عورتوں سے' پھر اپنی کہی ہوئی بات سے رجوع کریں تو ان پر لازم ہے کہ آپس میں ایک دوسرے کو ہاتھ لگانے سے پہلے ایک غلام کو آزاد کر دیں۔ اس کے ذریعہ تم کو نصیحت کی جاتی ہے اور اللہ تعالی تمہارے اعمال سے باخبر ہے۔ جس شخص کو غلام دستیاب نہ ہو سکے تو ایک دوسرے کو چھونے سے پہلے اس کے ذمہ لگاتار دو ماہ کے روزے رکھنا لازم ہے۔ اور جس کو اس کی استطاعت بھی نہ ہو تو اس پر ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے)

اور پہلے روزے رکھنے یا کھانا کھلانے کے بعد اس بات اسے کہنے کے اس نے صحبت کر لی ہے تو استغفار کرے اور توبہ کرے۔ اور اب جب تک ساٹھ روزے پے در پے نہ رکھے یا ساٹھ آدمیوں کو کھانا نہ کھلائے اس سے ہم بستر نہ ہو۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی مفتی جامع مسجد اکبرآباد

✿✿✿✿✿

---

[۱] القرآن المجید: سورۃ المجادلہ: آیت نمبر ۳، ۴

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......209﴾

## سوال

بخدمتِ شریف جناب علماءِ دین صاحب بعد سلام علیک کے واضح ہو کہ خاوند اور بیوی میں جھگڑا ہوا ۔ بیوی اپنے خاوند سے الگ ہو کر پردیس چلی گئی۔ بعد ایک سال کے واپس آئی۔ لوگوں نے سمجھا کر خاوند اور بیوی کا ملاپ کرادیا۔ بعد چندروز کے پھر بیوی جھگڑا کر کے اپنے باپ کے ہمراہ چلی گئی۔ پھر خاوند جا کر بیوی کو اپنے خسر کے ہاں سے لے آیا۔ پھر دو چار روز کے بعد جھگڑا ہوا اور اس بات پر کہ خاوند ذرا دیر سے مکان پر آیا تو بیوی نے تم کہاں تھے خاوند نے کہا کہ میری اب تو ماں بہن کے برابر ہے بیوی نے کہا آج کل کا زمانہ ایسا ہی ہے کہ ماں بہن کہتے جائیں اور گھستے جائیں۔ تو خاوند نے غصہ میں آ کر یہ کہہ دیا کہ میں تجھ کو بھی ماں بہن کے برابر سمجھتا ہوں۔ فقط

۱۱شوال ۳۶ھ

## الجواب

### بسم اللہ الرحمن الرحیم

صورتِ مسئولہ میں اگر مراد اس کی یہ تھی کہ تجھ کو میں مثل اپنی ماں کے بزرگ سمجھتا ہوں جب تو اس کہنے سے کچھ نہیں۔ اور اگر مراد یہ تھی کہ تیری پیٹھ پر بغرضِ وطی سوار ہونے کو مثل اپنے ماں کی پیٹھ کی سواری کے بغرضِ فعلِ بد حرام سمجھتا ہوں جس کو ظہار کہتے ہیں ☆ تو اس کو اس بیوی سے جب تک ہم بستری حرام رہے گی جب تک کفارۂ ظہار نہ دے لے۔ ☆ اور وہ ایک غلام آزاد کرنا ہے۔ اور اگر اس کی طاقت نہ رکھے تو دو مہینہ کے روزہ رکھنا ہے پے در پے اس طرح کہ بیچ میں ایک دن بھی افطار نہ کرے۔ ☆ اور اگر بوجہ بڑھاپے یا مرض کے مطلقاً روزہ کی طاقت نہ رکھے ساٹھ مسکینوں کو دو دفعہ ترکاری سے پیٹ بھر کر کھانا کھلانا ہے یا ساٹھ مسکینوں کو فی مسکین سوا تین چھٹانک دو سیر گیہوں دے دینا ہے۔

مگر غالباً جہال اس کہنے سے بحسبِ عرف یہ دونوں بات مراد نہیں ہوتے بلکہ اکثر اس کہنے سے مراد

Marfat.com

طلاق ہوتی ہے۔ بہرنہج اگراس کی مراد طلاق تھی تو ایک طلاق بائن ہو جائے گی۔ لہٰذا اگر یہی مراد ہے تو اس کو چاہئے کہ کم از کم دو گواہوں کے روبرو پھر سے نکاح یعنی ایجاب وقبول کر لے۔ اور اگر وقت کہنے ان کلمات کے کچھ بھی نیت نہ تھی تو نہ کفارہ کی حاجت نہ جدید نکاح کی ضرورت۔

چنانچہ صفحہ ۵۲۶ سے صفحہ ۵۳۴ درمختار مطبوعہ مصر علی ہامش ردالمحتار میں ہے:

و ان نوى بانت على مثل امى او كامى و كذا لو حذف على خانية برا او ظهارا او طلاق صحت نيته و وقع مانواه لانه كناية والا ينو شيًا او حذف الكاف لغا و تعين الاولى[1]

(ترجمہ: اگر عورت کو یہ کہہ کہ تو مجھ پر میری ماں کی مثل ہے یا مجھ پر ماں کی طرح ہے مراد لی اور اسی طرح "مجھ پر" کے الفاظ کو حذف کر کر کے باقی الفاظ کہے اور مراد اس سے بزرگی یا ظہار یا طلاق کی ہو تو اس کی نیت درست ہے۔ اور جس کی نیت کی وہی واقع ہوگا کیونکہ یہ لفظ کنایہ کا ہے۔ اور اگر کچھ نیت نہ کی یا "طرح" کے لفظ کو حذف کر کے کہا تو یہ کلام لغو ہے۔ اور پہلی صورت یعنی بزرگ مراد ہونا متعین ہو جائے گا) فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

---

[1] الدر المختار رد المحتار: جلد ۵، صفحه ۱۰۳، مطبوعه مکتبه رشیدیه، کوئٹه

Marfat.com

# عنین

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......210﴾

## سوال

بحضور فیض گنجور جناب مولانا مولوی مفتی صاحب جامع مسجد آگرہ۔

علمائے دین اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں کہ فدویہ کا نکاح زمانہ نابالغی میں ہوا اور نکاح کو عرصہ قریب پانچ سال کا ہو چکا ہے۔ اور فدویہ اب تین سال خاوند کے مکان پر رہی بالغ ہوئی۔ پھر فدویہ کو معلوم ہوا کہ میرا خاوند بالکل نامرد ہے یعنی عورت کے قابل نہیں ہے۔ مجبوراً میں نے اس سے طلاق چاہی تو اس نے جواب دیا کہ میں تجھ کو طلاق ہرگز نہ دوں گا۔ ناچار میں اپنے بھائی کے گھر آ گئی۔ اور مجھ کو بھائی کے پاس آئے ہوئے دو سال کا زمانہ ہو چکا۔ اور برادر ہی فدویہ کا اب تک کفیل ہے اور بہت قلیل معاش ہے۔ اسوجہ سے عدالت میں چارہ جوئی کرنے سے معذور ہوں۔ میں اب نکاح ثانی کرنا چاہتی ہوں۔ نکاح کے بارے میں مجھ کو کیا حکم ہے؟ مہر موجل مبلغ 200 روپیہ ہے۔

۶ ربیع الاول ۳۵ھ

تمیزن ساکن آگرہ محلہ کٹرہ دبکیاں

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں زنِ مدعیہ کی خاوند بھی تصدیق کرے کہ بے شک میں جماع نہیں کرسکتا تو وقتِ دعویٰ سے حاکم اس کو علاج کے واسطے برس دن کی مہلت دے بعد ایک سال اگر وہ جماع پر قادر ہو جائے فبہا ورنہ حاکم یعنی قاضی اگر وہ طلاق نہ دے اور عورت طالبِ تفریق ہو تو قاضی دونوں میں تفریق کرا دے۔ اور یہ تفریق قائم مقام ایک بائن طلاق کے ہو جائے گی۔ پھر یہ بعد انقضاء عدت یعنی تین حیض کے جس سے چاہے

Marfat.com

نکاح کرے۔ اوراس کے ساتھ شوہر اگر خلوت صحیحہ کر چکا ہے تو شوہر پر مہر کامل واجب ہوگا۔

کما فی شرح الوقایة:

ان اقر انه لم یصل الیها اجله الحاکم سنة قمریة فی الصحیح فان لم یصل فیها فرق القاضی بینهما ان طلبته ای ان طلبت المراة التفریق و تبین بطلقة ولها کل المهران خلا بها وتجب العدة انتهی مختصرا[1]۔

(ترجمہ: اگر خاوند یہ اقرار کرلے کہ وہ اپنی زوجہ سے جماع نہیں کرسکا تو صحیح قول کی رو سے حاکم اسے ایک قمری سال تک مہلت دے گا۔ اگر اس عرصہ میں بھی وہ اس سے جماع پر قادر نہ ہوا تو بیوی اگر مطالبہ کرے تو قاضی دونوں کے درمیان تفریق کردے گا اوراس تفریق سے ایک طلاق سے وہ بائن ہوجائے گی۔ اورعوت پورے مہر کی مستحق ہے اگر خاوند نے اس سے خلوت کی اورعدت بھی واجب ہوگی مختصرا۔

اگر باہم اختلاف واقع ہو اور عورتیں اس عورت کو دیکھ کر کہہ دیں کہ یہ باکرہ تو نہیں ہے بلکہ مثل اس عورت کے جس کے ساتھ جماع ہوتا ہے یعنی ثیبہ ہے تو مرد کو قسم دلوائی جائے گی کہ میں اس سے جماع کر چکا ہوں اگر وہ قسم سے انکار کرے یا عورتیں کہہ دیں کہ یہ باکرہ ہے اس کو مہلت ایک سال کی علاج کے واسطے دی جائے۔ اگر وہ اس عورت سے جماع کرنے پر قسم کھائے اور عورتیں بھی اس کو ثیبہ بیان کریں تو عورت کا حق تفریق باطل ہوجائے گا اوراسی کی زوجیت میں رہے گی۔

چنانچہ شرح وقایہ میں ہے۔

و ان اختلفا و کانت ثیبا او بکرا فنظرت النساء فقلن ثیب حلف فان حلف بطل حقها و ان نکل او قلن بکرا اجل[2]۔ فقط

(ترجمہ: اگر جماع کے بارے میں میاں بیوی اختلاف کریں اوروہ بیوی ثیبہ ہو یا وہ باکرہ ہو لیکن عورتوں نے اس

---

[1] شرح الوقایه جلد ثانی صفحه ۱۴۱، ۱۴۲ مطبوعه مجتبائی دهلی

[2] شرح الوقایه جلد ثانی صفحه ۱۴۲ مطبوعه مجتبائی دهلی

Marfat.com

کامعاینہ کیاتوانہوں نے کہا کہ ثیبہ ہےتو خاوند سے قسم لی جائے گی۔اگر وہ قسم اٹھالےتو بیوی کا تفریق کا حق باطل ہو جائے گا۔لیکن اگر خاوند قسم اٹھانے سے انکار کردے یا عورتوں نے معاینہ کے بعد کہا کہ بیوی باکرہ ہےتو خاوند کومہلت دی جائے گی۔)

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

محمد دیدارعلی الرضوی

مفتی جامع مسجد اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 211﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ ایک عورت کا نکاح ایک شخص سے ہوا جو دس برس گزر گئے اور شوہر اس کا نامرد ہے لائق صحبت کے نہیں۔ لہٰذا وہ عورت طلاق چاہتی ہے۔

سائل: شیخ حسین بخش ہٹھائیں آگرہ

۲۹ فروری ۱۹۱۶ء

## الجواب

اگر شوہر عنین لاعلاج ہے تو فوراً نکاح فسخ ہو جائے گا۔ حاکم خود فسخ کر دے یا عورت فسخ کر دینے کی مجاز ہے۔ یعنی طلاق بائن ہو جائے گی۔ الدرالمختار میں ہے

**اذا وجدت مجبوبا فرق بینهما فی الحال و لو قصیر لا یمکنه ادخاله داخل الفرج ملخصا. و لو وجدته عنینا او خصیا لا ینتشر ذکره اجل سنة**[1]

(ترجمہ: اگر بیوی نے خاوند کا عضوِ تناسل کٹا ہوا پایا تو فوراً ان کے درمیان تفریق کر دی جائے گی۔ اور اگر وہ آلۂ تناسل اتنا چھوٹا ہو کہ فرج میں اس کا داخل کرنا ممکن نہ ہو☆ اور (اسی طرح) اگر اسے نامرد یا خصی پایا کہ اس کے عضو مخصوص میں انتشار نہیں ہوتا تو اسے ایک برس کی مہلت دی جائے گی۔)

بعد اس کے وہ اگر طلاق نہ دے تو عورت کو شرعاً خود طلاق دینے کا اور اپنے نفس کو اختیار کا حق حاصل ہے۔

ردالمحتار میں ہے :۔

**فاذا امتنع کان ظالما فناب عنه و اضیف فعله الیه و قیل یکفی اختیار ها نفسها ولا**

---

[1] الدر المختار علی هامش رد المحتار جلد ۲ صفحه ۶۴۴، ۶۴۵ (ملخصا) مطبوعه مکتبه رشیدیه کوئٹه

Marfat.com

**یحتاج الی القضاء کخیار العتق قیل وھو الاصح** ؎۱

☆(ترجمہ: سال کی مدت کے بعد اگر مرد عورت کو طلاق دینے پر آمادہ نہ ہو تو وہ ظالم ہے۔ قاضی اس کے قائم مقام ہو جائے گا اور اس کا فعل خاوند کی طرف منسوب ہوگا۔ بعض علماء نے فرمایا ایسی صورت میں عورت کا اپنے نفس کو اختیار کر لینا کافی ہے۔ قضا کی ضرورت نہیں ہے جس طرح کہ خیارِ عتق میں ہے اور ایک قول یہ ہے کہ یہی اصح ہے۔)

**واللہ اعلم بالصواب**

**کتبہ: المفتی السید محمد اعظم غفرلہ**

---

؎۱ رد المحتار جلد ۲ صفحہ ۶۴۷ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......212﴾

## سوال

میرا نکاح نابالغی میں ہوا۔ بعد چار سال میں بالغ ہوئی تو معلوم ہوا کہ شوہر میرا بانجھ ہے یعنی عورت کے لائق نہیں۔ میں نے طلاق چاہی وہ طلاق نہیں دیتا میں اپنے بھائی کے ہاں اسے چھوڑ کر چلی آئی اس کو عرصہ ایک سال ہو چکا ہے۔ میرا کوئی وجہ معاش نہیں۔ بھائی میرا اس وقت تک ٹھیک ہے۔ میرا مہر دو سو روپیہ ہے۔ مجھ کو شرعاً نکاح ثانی کی بابت کیا حکم ہے؟

سائل: مسماۃ تمیزن بنت احمد بخش مرحوم
ساکن کیٹرہ دیکیاں آگرہ
۲۵ فروری ۱۹۱۶ء

## الجواب

اگر شوہر کا عضو کٹا ہوا ہے یا ایسا چھوٹا عضو رکھتا ہے کہ جس سے دخول ناممکن ہے [1] تو دونوں میں علیحدگی فوراً کر دی جائے گی۔ اور مہر شوہر کے ذمہ بوجہ خلوت کے لازم ہوگا اور یہ طلاق بائن ہوگی۔

اور اگر کسی بیماری سے نامرد ہو گیا ہے تو سال بھر میعاد کے بعد عورت دوسرا نکاح کر لے گی۔ الدر المختار میں ہے۔

اذا وجدت مجبوبا فرق بینهما فی الحال و لو قصیرا لا یمکنه ادخاله داخل الفرج (ملحضا) و لو وجدته عنینا او خصیا لا ینتشر ذکره اجل سنة [2]

---

[1] عضو مخصوص کے چھوٹا ہونے کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ بہت یہ چھوٹا گھنڈی کی مانند ہو تو عورت کے مطالبہ پر فی الفور تفریق کر دی جائے گی۔ دوسرا یہ ہے کہ اس سے ذرا بڑا لیکن مقام معتاد تک نہیں پہنچ سکتا تو فی الفور تفریق نہ کی جائے گی۔
(ماخوذ از بہار شریعت حصہ ہشتم صفحہ ۶۳ فرید بک ڈپو دہلی)

[2] الدر المختار علی هامش رد المحتار جلد ۲ صفحه ۶۴۴، ۶۴۵، (ملخصا) مطبوعه مکتبه رشیدیه کوئٹه

Marfat.com

(ترجمہ: اگر عورت نے خاوند کے آلہ تناسل کو کٹا ہوا پایا تو فوری طور پر ان کے مابین تفریق کر دی جائے گی اور اسی طرح اگر آلہ تناسل اتنا چھوٹا ہو کہ فرج میں اس کا داخل کرنا ممکن نہ ہو☆ اور اگر اسے نامرد پایا یا خصی پایا کہ اس کے آلہ تناسل میں انتشار نہ ہوتا ہو تو ایک سال کی مہلت دی جائے گی۔)

بعد اس کے اگر طلاق نہ دے تو عورت کو خود طلاق دینے کا اور اپنے نفس کو اختیار کرنے کا حق حاصل ہے۔ ردالمحتار میں ہے۔

**فاذا امتنع کان ظالما فناب عنه واضیف فعله الیه و قیل یکفی اختیارها نفسها ولا یحتاج الی القضا کخیار العتق قیل و هو الاصح**[1]۔

(ترجمہ: اگر خاوند عورت کو طلاق نہ دے تو وہ ظالم ہوگا۔ قاضی اس کا نائب ٹھہرے گا۔ قاضی کے فعل (تفریق) کی نسبت خاوند کی طرف کی جائے گی۔ بعض علماء کا کہنا ہے عورت کا اپنے آپ کو اختیار کرنا ہی کافی ہے۔ قضاء کی حاجت نہیں۔ جس طرح خیارِ عتق میں ہے۔ اور ایک قول یہ ہے کہ یہی اصح ہے)

جامع الاحکام جلد اول اسباب تنسیخ نکاح [1] صفحہ ۲۰۶ میں ہے کہ ناکح عنین محض ہے۔ اور علاج پذیر نہیں ہے تو زوجہ طلاق طلب کر سکتی ہے۔ قانونِ یہود و نصاری و ملکِ انگلستان میں بھی اس طرح لکھا ہے[2] انتهی عبارته (پرسنل لا آف محمڈنس)

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم غفرلہ

✿✿✿✿✿

---

[1] رد المحتار للشامی　جلد ۲　صفحہ ٦٤٧　مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[2] جامع الأحکام　جلد اول صفحہ

Marfat.com

# عدت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......213﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین وحامیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ لڑکی نابالغہ کا عقد ایک شخص نابالغ مسمی غفور خان سے ہوگیا۔ عرصہ چار یوم کا ہوا کہ اصغری نابالغہ کی مادر نے غفور خان سے جواب ۲۲ برس کی ہے طلاق تحریری وزبانی حاصل کر لی ہے۔ اب اس کی والدہ اصغری نابالغہ دختر اپنی کا عقد ثانی کرنا چاہتی ہے۔ اس حالت میں نابالغہ لڑکی کو آیا ایامِ عدت پورا کرنے کی شرعا ضرورت ہے یا نہیں؟ اور بلا ایامِ عدت پورا کئے بولایتِ مادر نابالغہ کا عقد دیگر ہوسکتا ہے یا نہیں؟۔

سائل: امیر شاہ،

۲۴ ربیع الاول ۱۳۳۵ھ

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحیم.

اللهم رب زدنی علما.

نابالغہ کی عدت تین مہینہ ہے۔ بعد تین ماہ کے، علاوہ ماں کے، اور کوئی ولیِ اقرب اس کا نکاح کرسکتا ہے۔

کما فی الکنز:

و عدة الحرة للطلاق او الفسخ ثلاثة اقراء و ثلاثة اشهر ان لم تحض ما[1]۔

(ترجمہ: طلاق ہوجانے یا نکاح کے فسخ ہوجانے پر عورت کی عدت تین حیض ہے اور اگر اسے حیض نہ آتا ہو تو تین ماہ ہے) فقط

حررہ العبد الراجی رحمة ربه القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی،

مفتی جامع مسجد اکبرآباد

---

[1] کنز الدقائق علی هامش البحر الرائق: جلد ۴ صفحه ۱۳۹، ۱۴۱ مطبوعه دار المعرفة بیروت

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......214﴾

## سوال

ایک عورت کو نان نفقہ کی تکلیف ہے۔ وہ باپ کے گھر رہی۔ اس اثنا میں اس کا خاوند پردیس میں نوکر تھا مر گیا اب عدت وہ اپنے باپ کے گھر پوری کرے یا وہاں جائے۔؟

سائل: محمد خان معرفت بہادر خان، پنی گلی آگرہ

۱۷ مارچ ۱۹۱۶ء

## الجواب

### هو المصوب

ایسی صورت میں زوجہ کو ایام عدت اپنے باپ کے گھر پورے کرنا چاہئیں۔ فتاوی حامدیہ میں ہے

إلا أن تخرج أو تهدم المنزل او تخاف الهدامه او تلف مالها أو لا تجد كراء البيت ونحو ذلک من الضرورات فتخرج لا قرب موضع إليه وفي الطلاق إلى حيث شاء الزوج.[١٠] انتهى

(ترجمہ: خاوند کی موت کے باعث عدت گذارنے والی عورت اسی گھر میں عدت گذارے گی جس میں عدت اس پر واجب ہوئی۔ وہ وہاں سے نہ نکلے گی۔ ☆ ہاں ان صورتوں میں وہاں سے نکل سکتی ہے (۱) اس کو وہاں سے نکال دیا جائے۔ (۲) گھر گر پڑے (۳) گھر کے گرنے کا خوف ہو (۴) مال کے ضائع ہونے کا خوف ہو (۵) اس مکان کا کرایہ نہ ملتا ہو۔ اور اسی طرح کی دیگر ضروریات کی بنا پر نکل سکتی ہے۔ ایسی صورت میں اس کے قریب ترین مکان کی طرف چلی جائے جہاں وہ عدت گذار سکے۔ اور طلاق کی صورت میں مرد جہاں چاہے وہ منتقل ہو جائے)

کتبہ: المفتی محمد اعظم شاہ عفی عنہ

---

١٠ تنقيح الفتاوی الحامديه : جلد ١ صفحه ٥٧ مطبوعه: مكتبه حبيبيه كوئٹه

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر.......215﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ عورت کے خاوند کا انتقال ہو گیا۔عورت کو شادی میں جانا چاہئے یا نہیں؟ کیونکہ شادی بھائی کی لڑکیوں کی ہے۔شریک ہونا چاہئے یا نہیں؟ گھر بھی قریب ہے۔خاوند کو انتقال کئے ہوئے ڈیڑھ ماہ کا عرصہ ہو جائے گا۔

سائل: محمد علی چھیجاٹولہ

١٦ ربیع الثانی ١٣٣۵ھ

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحیم.

اللهم رب زدنی علما

چار مہینہ دس دن تک جو عدتِ وفات اور زمانہ ءسوگ ہے' عورتِ مذکورہ معتدہ وفات کو بجز ضرورتوں کے شوہر متوفی کے گھر سے دن رات نکلنا جائز نہیں۔خواہ وہ گھر شوہر کا مملوک ہو' خواہ کرایہ کا' اس کے رہنے کی مقدار اس کے حصہ میں آیا ہو یا نہ آیا ہو۔☆ ایک تو جب اس کے پاس اس قدر مال نہیں' کہ جس سے اپنی بسر اوقات اور گزران کر سکے۔اس صورت میں دن کو بغرضِ محنت ومزدوری' پردہ کے ساتھ اس کو نکلنا جائز ہے۔مگر نصف سے زائد حصہ رات میں ضرور اسی گھر میں شب باشی کرے۔دوم اس صورت میں کہ جب اس کو ورثہ یا صاحبِ مکان گھر میں نہ رہنے دیں اور وہاں رہنے سے خوف اذیتِ یقینی ہو بوجہ گرنے مکان یا خوف کرنے مکان کے یا خوف تلف ہونے اپنے مال کے۔

کما فی الدر المختار :

و تعتدان معتدة طلاق و موت فی بیت وجبت فیه و لا تخرجان منه الا ان تخرج او ینهدم المنزل او تخاف انهدامه او تلف ما لها او لا تجد کراء البیت و نحو ذالک من

Marfat.com

الضرورات فتخرج لاقرب موضع اليه [1]

ترجمہ: طلاق اورخاوند کی وفات کے باعث عدت گذارنے والی عورت' اسی گھر میں عدت گذارے جس میں اس پر عدت واجب ہوئی ہو۔ اور وہ اس گھر سے نہ نکلے۔ ہاں اگر اسے وہاں سے نکال دیا جائے یا گھر منہدم ہو جائے یا اسے خوف ہو کہ مکان گر پڑے گا یا اسے اپنے مال کے ضائع ہونے کا خوف ہو یا اسے گھر کا کرایہ نہ مل سکے یا ان کے علاوہ اور ضرورتیں درپیش ہوں تو اس مکان سے قریب ترین کسی جگہ پر چلی جائے)

و قال الشامی فی صفحة ۶۷۴ من رد المحتار

والحاصل ان مدار حل خروجها بسبب قيام شغل المعيشة فيقدر بقدره فمتى انقضت حاجتها لا يحل لها بعد ذلك صرف الزمان خارج بيتها [2]

(ترجمہ: خلاصہ یہ ہے کہ عدت کے گھر سے نکلنے کا جواز اس کی کھانے پینے کی چیزوں کے لیے کام کاج میں مشغولیت کے باعث ہے۔ لہٰذا اس کا اندازہ اسی کے مطابق ہوگا۔ جب اس کی ضرورت پور ہو جائے تو اس کے لیے اس کے بعد گھر سے باہر وقت صرف کرنا جائز نہیں)

اور صورتِ مسئولہ میں امورِ مذکورہ سے کوئی بھی امر نہیں پایا جاتا لہٰذا اس کو شادی میں جانا ہرگز جائز نہیں۔ فقط

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی مفتی جامع مسجد اکبرآباد

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۵ صفحه ۱۸۰ ' ۱۸۱ مطبوعه دار التراث العربی بیروت

[2] رد المحتار جلد ۵ صفحه ۱۸۰ ' مطبوعه دار التراث العربی بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......216﴾

## سوال

زید کا نکاح ہندہ کے ساتھ ہو گیا اور دونوں ایک تنہا مکان بخلوتِ صحیحہ ایک جگہ رہے سہے مگر ہم بستر نہیں ہوئے۔ بعدہ زید نے طلاق دے دی۔ اندریں صورت ہندہ پر عدت واجب ہو گی یا نہیں؟ اور اگر ایامِ عدت میں کوئی دوسرا شخص اس کے ساتھ نکاح کرے تو وہ نکاح صحیح ہو گا یا نہیں؟

۱۴ ربیع الثانی ۳۶ھ حامد حسن تحصیل دار ریاست الور

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اللھم رب زدنی علما

ہندہ کو چونکہ بعد خلوتِ صحیحہ طلاق دی گئی ہے لہٰذا اس پر عدت ضرور واجب ہے۔ اور ایامِ عدت میں اگر علاوہ اسی شوہر کے جس نے طلاقِ بائن دی اور کوئی اس سے نکاح کرے گا وہ نکاح ہرگز صحیح نہ ہو گا۔

چنانچہ صفحہ ۳۱ جلد اول عقود الدریہ میں ہے:

**سئل مولانا المحقق شیخ الاسلام عبدالرحمن آفندی العمادی فیما اذا دخل الزوج بالزوجة و لم یصل الیھا ثم طلقھا فھل تلزمھا العدة ولا یصح نکاحھا قبل تمامھا. فاجاب تلزمھا العدة ولا یصح نکاحھا لغیر الاول قبل تمام عدتھا[1].**

☆(ترجمہ: مولانا شیخ الاسلام عبدالرحمٰن آفندی عمادی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا کہ خاوند بیوی کے پاس گیا لیکن دخول نہ کیا پھر اسے طلاق دے دی تو کیا اس عورت پر عدت لازم ہو گی اور کیا عدت گذرنے سے پہلے اس سے نکاح کرنا جائز ہو گا؟ ☆تو آپ نے جواب دیا کہ اس عورت پر عدت لازم ہے اور عدت ختم ہونے سے قبل پہلے خاوند کے سوا کسی اور مرد سے اس کا نکاح درست نہیں۔) فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مفتی جامع مسجد اکبر آباد

---

[1] تنقیح الفتاوی الحامدیہ جلد اول صفحہ المکتبۃ الحبیبیہ کوئٹہ

Marfat.com

# حضانه

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 217﴾

## سوال

ایک لڑکی ڈھائی برس کی ہے جس کے ماں' باپ' دادا' دادی' نانا' نانی' بہن' خالہ سب کا انتقال ہوگیا ہے۔ فقط اس کے قرابتیوں میں سے یہ رشتہ دار باقی ہیں۔ اس کی ماں کا ماموں اور تین چچا تایا اور تین پھوپھی اندریں صورت ان قرابتیوں میں سے حق پرورش کس کا ہے۔

۱۶ فروری ۱۹۱۸ء

## الجواب

صورتِ مسئولہ میں مستحقِ پرورشِ دختر مذکورہ پھوپھیوں میں سے وہ پھوپھی ہے جس کا شوہر بھی لڑکی نابالغہ کا ذی رحم محرم یعنی رشتہ دار قریب ہو یا وہ پھوپھی جو بیوہ ہو۔ چنانچہ صفحہ ۴۱۳ ہدایہ مطبع یوسفی میں ہے

فان لم تکن له ام فام الام اولی من ام الاب.... فان لم تکن له ام الام فام الاب اولی من الاخوات...... فان لم تکن جدة فالاخوات اولی من العمات والخالات..... ثم الخالات اولی من العمات..... ثم العمات[1]

☆(ترجمہ: اگر نابالغ کی ماں موجود نہ ہو تو نانی' دادی کی نسبت پرورش کی زیادہ حقدار ہے۔ اگر نانی موجود نہ ہو تو دادی بہنوں کی نسبت زیادہ حق دار ہے۔ اگر نانی دادی نہ ہو تو پھوپھیوں اور خالاؤں سے بہنیں زیادہ حق رکھتی ہیں۔ ان کے بعد پھوپھیوں سے خالائیں زیادہ حق دار ہیں اور خالاؤں کے بعد پھوپھیاں پرورش کرنے کی مستحق ہیں۔)

اور اگر نہ کوئی پھوپھی بیوہ ہے اور نہ ایسی ہے کہ اس کا شوہر بھی لڑکی نابالغہ مذکورہ کا ذی رحم محرم ہو تو پھر پھوپھی کا بھی حق پرورش نہ رہے گا۔ کما فی الهدایه المذکور:

---

[1] الهدایه المجلد الثانی جز ۳ صفحه ۳۶۷' ۳۶۸ مطبوعه ادارة القرآن والعلوم الاسلامیه کراچی

Marfat.com

و كل من تزوجت من هؤلاء سقط حقها الا الجدة اذا كان زوجها الجد وكذلك كل زوج هو ذو رحم محرم منه[1]......

☆(ترجمہ: پرورش کرنے کی حقداران عورتوں میں سے جو بھی نکاح کرلے تو اس کا حق پرورش ساقط ہوجاتا ہے مگر جدہ (نانی یا دادی) اگر اس کے ساتھ جد (نانا یا دادا) نکاح کرلے تو اس یہ حق ساقط نہ ہوگا اور اسی طرح ہر اس زوج کے باعث یہ حق ساقط نہ ہوگا جو بچہ کا ذی رحم محرم ہو)

اور بصورت نہ ہونے ایسی پھوپھیوں کے حق پرورش تینوں چچا تایوں سے اس کا ہے جو زیادہ نمازی پرہیزگار ہو اور اگر تقوی میں تینوں برابر ہوں تو حق پرورش اس کا ہے جو ان میں زیادہ عمر رسیدہ ہو کما فی صفحہ ۲۹۳ من الجزء الثانی للدرالمختار المطبوع مع الشامی فی المصر

ثم العصبات بترتيب الارث فيقدم الاب ثم الجد ثم الاخ الشقيق ثم الأب ثم بنوه كذلك ثم العم ثم بنوه و اذا اجتمعوا فالاورع ثم الاسن[2]

(ترجمہ: ان کے بعد پرورش کرنے کا حق میراث کی ترتیب کے ساتھ عصبات کا ہے۔ لہٰذا باپ' دادا کی نسبت مقدم ہے۔ ان کے بعد سگا بھائی' اس کے بعد باپ کی جانب سے بھائی' پھر بھائی بیٹے کے اسی ترتیب کے ساتھ' اس کے بعد چچا' اس کے بعد اس کے بیٹے۔ اگر ایک درجہ کے کئی حقدار جمع ہوجائیں تو زیادہ پرہیزگار مقدم ہوگا۔ اگر پرہیزگاری میں برابر ہوں تو زیادہ عمر والا مستحق ہے)

اور اگر چچا تایا سے بھی خوف لڑکی نابالغہ کی جان یا مال کا ہو تو حاکم کو لازم ہے کہ کوئی ثقہ امانت دار نیک بخت عورت سے پرورش کرائے۔ کما فی صفحہ ۶۹۳ من الشامی

و فی البدائع حتی لو كانت الاخوة والاعمام غير ما مومين على نفسها أو مالها

---

[1] الھدایہ المجلد الثانی جز ۳ صفحہ ۳۶۸' ۳۶۹ مطبوعہ ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی

[2] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۵ صفحہ ۲۱۳ دار التراث العربی بیروت

Marfat.com

لاتسلم الیهم وینظر القاضی امراۃ ثقۃ عدلۃ امینۃ فیسلمها الیها الی ان تبلغ[1]۔

(ترجمہ: بدائع میں ہے اگر نابالغ لڑکی کے بھائیوں اور چچاؤں پر اس کی ذات یا اس کے مال کے سلسلہ میں اعتماد نہ ہو تو اس نابالغ لڑکی کو ان کے سپرد نہ کیا جائے گا۔ اور قاضی ایک عادل ثقہ اور امانت دار عورت کو تلاش کرے۔ پھر بالغ ہونے تک اسے اس عورت کے سپرد کرے) فقط واللہ اعلم وعلمہ احکم

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی

المفتی جامع مسجد شہر آگرہ

۱۶ فروری ۱۹۱۸ء

[1] رد المحتار جلد ۵ صفحہ ۲۱۳ دار التراث العربی بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......218﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دینِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ مسمی رحیم بخش کی شادی بموجب شرع شریف کے مسماۃ اللہ رکھی بنت امیر بخش سے ہوئی۔ بعد چند سال ایک لڑکا پیدا ہوا۔ جس کی عمر قریب اب تین سال ہے اور دودھ چھوڑے ہوئے عرصہ نو دس ماہ کا ہوگیا۔ اب وہ دودھ ہنستے پیتا ہے۔ چنانچہ رحیم بخش مذکور نے مسماۃ اللہ رکھی زوجہ اپنی کو بموجب شرع بذریعہ تحریر کے طلاق دے دی ہے جس کو عرصہ دس یوم کا گزر گیا۔ اور لڑکا پاس اللہ رکھی والدہ اپنی کے جو وہ لے گئی موجود ہے۔ اور لڑکا بازار وغیرہ کی ہر ایک چیز بخوبی خوشی خوردنوش کرتا ہے۔ اور مجھ کو لڑکے سے غایت درجہ کی محبت ہے اور میں اس کو اپنے پاس رکھنا چاہتا ہوں اور میں ان کی پرورش بخوبی کرسکتا ہوں۔

لہٰذا اب یہ امر دریافت طلب ہے کہ جب لڑکا دودھ کو ہنستے پیتا ہے اور دودھ چھوڑے ہوئے نو دس ماہ گزر گیا اور لڑکا چلتا پھرتا ہے اور ہر ایک چیز بخوبی بازار وغیرہ کی خوردنوش کرتا ہے تو ایسی حالت میں بموجب شرع کے لڑکا منجملہ زن وشوہر کس کے پاس رہنا چاہئے؟ اور ایسی حالت میں نان ونفقہ کس کے ذمہ ہے اور کب تک؟ دوسرے یہ کہ ایامِ عدت میں خرچۂ پارچہ مسماۃ کو دینے کی ضرورت ہے یا نہیں؟

## الجواب

اللهم رب زدني علما.

صورتِ مسئولہ میں اگر ماں چاہے' کہ لڑکے کی پرورش خود کرے اور باپ کو پرورش کرنے کو نہ دینا چاہے' تو اس زمانہ تک ماں اس بچہ کی پرورش کی مستحق ہے' جب تک وہ تنہا خود کھانے پینے لگے اور خود بلا اعانت کسی کے استنجا کرلے۔ اور ابوبکر خصاف رحمۃ اللہ علیہ نے باعتبار غالب حالت بچوں کے اس مدت کا اندازہ سات برس کا کیا ہے۔ کما فی الهداية:

والام والجدة احق بالغلام حتى ياكل وحده و يشرب وحده و يلبس وحده

Marfat.com

یستنجی وحدہ وفی الجامع الصغیر حتی یستغنی بأن یاکل وحدہ ویشرب وحدہ ویلبس وحدہ[1] لان تمام الاستغناء بالقدرة علی الاستنجاء والخصاف قدر الاستغناء بسبع سنین اعتبارا للغالب انتہی مختصرا بقدر الحاجة[2]

(ترجمہ: ماں دادی اور نانی کو نابالغ بچے کی پرورش کا بڑھ کر حق ہے۔ جب تک وہ اکیلا کھائے اکیلا پی لے اور خود استنجاء کر لے۔ جامع صغیر میں ہے کہ ان کو بڑھ کر حق ہے جب تک وہ مستغنی ہو جائے اس طرح سے کہ خود اکیلا کھائے اکیلا پی لے اور اکیلا اپنے کپڑے پہن لے۔ دونوں عبارتوں کا معنی ایک ہی ہے کیوں کہ پورا استغناء اسی وقت ہوتا ہے جب اسے استنجاء پر قدرت حاصل ہو جائے۔ امام خصاف رحمۃ اللہ علیہ نے غالب حالات کا اعتبار کرتے ہوئے سات سال کی عمر مقرر فرمائی)

☆ اور نان نفقہ لڑکے کا جب تک ماں کی پرورش میں رہے باپ کے اوپر لازم ہے چنانچہ ہدایہ میں ہے

والنفقة (ای نفقة الولد) علی الأب[3]

(ترجمہ: اور اولاد کا نفقہ باپ کے ذمہ ہوتا ہے)

☆ علی ہذا نان ونفقہ ایامِ عدت زوجۂ مطلقہ کا اور مکانِ سکونت تا انقضائے ایامِ عدت شوہر پر واجب ہے۔

کما صرح بہ فی الھدایة

و اذا طلق الرجل امرأته فلھا النفقة والسکنی فی عدتھا رجعیا کان أو بائنا[4]

---

[1] ہدایہ کے متن میں جامع صغیر کی عبارت اسی طرح درج ہے لیکن الجامع الصغیر صفحہ ۱۹۵ مطبوعہ ادارة القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی میں عبارت یوں ہے کہ حتی یستغنی بأن یاکل ویشرب ویلبس وحدہ۔
محمد علیم الدین عفی عنہ

[2] الھدایہ: جلد ثانی صفحہ ۴۱۵ مکتبہ امدادیہ ملتان

[3] الجامع الصغیر جلد ثانی صفحہ ۴۱۵ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

[4] الھدایہ جلد ۲ صفحہ ۴۱۴ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

Marfat.com

(ترجمہ: اور جب مرد اپنی بیوی کو طلاق دے دے' تو اس کا نان ونفقہ اور سکونت کا بندوبست مرد کے ذمہ ہے۔ طلاق رجعی ہو یا بائن)

اور ایامِ عدتِ مطلقہ کے عندالحنفیہ تین حیض کامل ہیں۔

کما قال اللہ تعالی:

والمطلقات یتربصن بانفسھن ثلاثۃ قروء .

☆(ترجمہ: طلاق یافتہ عورتیں اپنے آپ کو تین حیض گزرنے تک روکے رکھیں۔) فقط

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

ابومحمد محمد دیدار علی الحنفی المجددی مفتی

جامع مسجد اکبرآباد

Marfat.com

# نفقہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......219﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین مسائلِ مندرجہ ذیل میں، مطلقہ عورت بعد طلاق دینے خاوند کے کون کون سے حقوق اپنے شرعی خاوند سے لے سکتی ہے؟ یعنی اول مہر، دوم ایک عدد جوڑہ، سوم خوراکِ عدت، چہارم اپنا جہیز، جو کہ ہندہ کے باپ نے بوقت شادی اپنی لڑکی کو دیا۔ اور وہ جہیز کچھ تو بحالتِ اتفاق خرچ ہو گیا ہے اور کچھ موجود ہو۔ اور پنجم وہ زیور جو ہندہ کو ہندہ کے شوہر اور خسر نے دیا ہو؟

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحيم.

رب زدني علما.

صورتِ مسئولہ میں اگر طلاق بعد دخول یا خلوتِ صحیحہ ہونے کے بعد دی گئی ہے، تو مکان سکونت و نان و نفقہ ایامِ عدت بلکہ ایامِ عدت میں جس قدر کپڑوں کی ضرورت ہو بحسبِ ضرورت ☆ اور مہر جو واجب الطلب ہے شوہر پر اس کا (دینا) واجب اور ایک جوڑہ بحسبِ عرف شوہر پر اپنی زوجۂ مطلقہ کو دینا مستحب ہے۔

کما فی الفتاوی الهندیة المطبوعة فی مصر فی صفحة 334.

المتعة عندنا علی ثلاثة اوجه متعة واجبة و هی للمطلقة قبل الدخول و لم یسم لها مهر و مستحبة و هی للمطلقة بعد الدخول. ولا واجبة ولا مستحبة و هی للمطلقة قبل الدخول و قد سمی لها مهرا کذا فی السراج الوهاج [۱]

☆ (ترجمہ: ہمارے نزدیک متعہ طلاق کی تین قسمیں ہیں۔ (۱) واجب: یہ دخول سے قبل طلاق پانے والی ایسی عورت کے لیے ہوتا ہے، جس کا مہر مقرر نہ کیا گیا ہو۔ (۲) مستحب: یہ دخول کے بعد طلاق پانے والی عورت کے

---

[۱] الفتاوی الهندیه: جلد اول صفحه ۳۸۸ مطبوعه دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

لیے ہوتا ہے (۳) نہ واجب نہ مستحب: یہ دخول سے قبل طلاق یافتہ عورت کے لیے ہوتا ہے جس کا مہر مقرر ہو۔السراج الوہاج)

**و ایضا فیه فی صفحة ۵۷۷ من الجزو الاول**

**المعتدة عن الطلاق تستحق النفقة و دار السکنی کان الطلاق رجعیا او بائنا حاملا کانت المراة او لم تکن کذا فی فتاوی قاضی خان.** [۱]

(ترجمہ: طلاق کے بعد عدت گذارنے والی عورت‘ نان ونفقہ اور رہائش کے لیے مکان کی مستحق ہے۔طلاق خواہ رجعی ہو خواہ بائن ہو اور عورت حاملہ ہو یا حاملہ نہ ہو۔فتاوی قاضی خان)

**و ایضا فیه فی صفحة 578**

**کما تستحق المعتدة نفقة العدة تستحق الکسوة کذا فی فتاوی خان** [۲]

(ترجمہ: عدت گزارنے والی عورت جس طرح عدت کے دوران نان ونفقہ کی مستحق ہے اسی طرح وہ لباس کی بھی حق دار ہے۔فتاوی قاضی خان)

اور مہر کا واجب الادا ہونا تو ظاہر ہی ہے۔☆ رہا جہیز وہ بحسبِ عرف لڑکی کو دیا جاتا ہے اور لڑکی کی ملک ہوتا ہے۔لہٰذا بحالتِ اتفاق اگر لڑکی نے اپنے گھر میں خرچ کیا یا شوہر یا خسر کو بطیبِ خاطر دے دیا اور خرچ کرنے سے منع نہ کیا اس کو شوہر سے بعد میں طلب نہیں کر سکتی۔البتہ جو موجود ہے اس کو لے سکتی ہے۔اور اگر جہیز شوہر یا خسر نے باوصف اس کی مخالفت یا ناراضگی کے خرچ کر ڈالا تو بلاشبہ بعد ثبوت جہیز خرچ کردینے کے اس کی قیمت بھی لے سکتی ہے۔

اور شوہر یا خسر نے بحالتِ اتفاق جو کچھ زیور وغیرہ اس کو پہنا دیا تھا‘ اگر اس کو دے بھی دیا تھا یا عرفاً وہ ملک اس لڑکی کی اس کی برادری میں سمجھا جاتا ہے‘ وہ سب کچھ ملک اس مطلقہ کا ہے۔اور اگر عرفاً عاریتاً دیا جاتا

---

[۱] الفتاوی الهندیه مع ترجمه اردو: جلد ۸ صفحه ۷۸ — مطبع فضل ربی پریس راولپنڈی

[۲] الفتاوی الهندیه مع ترجمه اردو: جلد ۸ صفحه ۸۶ — مطبع فضل ربی پریس راولپنڈی

Marfat.com

ہے اور شوہر اور خسر کو جب چاہیں اس کے واپس لینے کا اختیار رہتا ہے' تو بلا شبہ وہ ملک پہنانے والے کی ہے۔

**کما فی الشامی فی صفحة ۴۱۰ الجزء الثالث**

**و فی شرح البیری عن المبسوط:**

☆ **ان الثابت بالعرف کالثابت بالنص** [۱]

(ترجمہ: المبسوط سے شرح البیری میں ہے کہ جو عرف (رسم ورواج) سے ثابت ہو وہ ایسے ہی ہے جیسے کہ نص سے ثابت ہے)

☆ اور جو روپیہ لڑکی کے باپ نے اپنی دختر کی شادی میں برادری کے کھانا کھلانے میں' یا سقہ دھوبی وغیرہ کے دینے میں خرچ کیا ہے' وہ اپنے نام یا ثواب کو خرچہ کیا ہے۔ اس کا مطالبہ بذمہ شوہر کسی طرح نہیں ہوتا۔ برات کو جو کھلانے میں صرف ہوا ہے' یہ مصارف سب اپنی خوشی سے اپنے نام کے واسطے کئے جاتے ہیں۔ جو کرے گا وہ اس کا بوجھ اٹھائے گا۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مفتی
مسجد جامع اکبرآباد

---

[۱] رد المحتار: جلد ۳ صفحہ ۴۱۰ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......220﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین اس بارے میں کہ زید کی زوجہ منکوحہ بلا اجازت میکے میں چلی گئی اور وہیں جاگزین ہے۔ زید نے چند بار بلایا نہیں آتی ہے۔ لہٰذا اس صورت میں نان ونفقہ زوجہ مذکور کا زید پر واجب ہے یا نہیں؟۔

۲۶ ذی الحجہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

جو عورت بلا حقِ شرعی بلا اجازت شوہر کے گھر سے چلی جائے اور باوصف بار بار بلانے کے اس کے گھر آنے سے انکار کرے وہ شرعاً ناشزہ ہے۔ جب تک شوہر کے گھر نہ آئے اس کا نان ونفقہ شوہر پر واجب نہیں رہتا۔ کما فی الدر المختار

و لا نفقة لخارجة من بیته بغیر حق و هی الناشزة حتی تعود [1]۔

(ترجمہ: خاوند کے گھر سے ناحق نکل جانے والی کا نفقہ خاوند کے ذمہ نہیں ہوتا۔ وہ نافرمان ہے جب تک واپس لوٹ کر نہ آجائے)

حررہ: العبد الراجی رحمة ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی مفتی وواعظ

جامع مسجد اکبر آباد

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۵ صفحہ ۲۲۷ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

## ﴾فتویٰ نمبر......221﴿

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ ایک عورت کا خاوند نہایت بدسلوکی سے پیش آتا ہے اور زدوکوب کرتا ہے۔ نان نفقہ بھی نہیں دیتا۔اور مہر معجّل جو ایک سو روپیہ ہے نہیں ادا کرتا۔پس اس صورت میں عورت اس کے ساتھ رہنے سے انکار کرسکتی ہے یا نہیں؟ اور مہر معجّل کا مطالبہ اس کے ذمہ شرعاً یا قانوناً رہے گا اور وہ بغیر ادائے دین مہر معجّل اور بغیر ضمانت کافی کے زوجہ کا مستحق ہے یا نہیں؟ مفصل جواب دیا جائے۔

سائل: حمیدن دختر شیخ رحیم اللہ محلہ ہتھا ئیں آگرہ
یکم مارچ ۱۹۱۶ء

## الجواب

اگر شوہر بدسلوکی کرتا ہے اور نان نفقہ میں تنگی اور مدت سے خبر گیری نہیں کرتا تو وہ زوجہ سے نالش نہیں کرسکتا۔اور نہ حاکم زوجہ کو حکم دے گا کہ وہ اس کے ساتھ رہے۔دیکھو جامع الاحکام جلد اول شوہر کا مسکن دفعہ 6 پرسنل لا آف محمڈنس۔اور قانوناً بھی یہ امر مطابق رائے حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ ہو چکا ہے کہ بغیر ادائے دینِ معجّل شوہر نالشِ زوجہ نہیں کرسکتا۔ہائی کورٹ بمقدمہ عیدن بنام مظہر حسین

اور کتب فقہ میں اسی طرح ہے۔فتاویٰ بزازیہ میں ہے

شکت عند القاضی انه یضر بها و طلبت الاسكان عند قوم صالحين ان علم به زجره وإلا فإن كان الجيران صلحاء أقرها عندهم وإلا أمره بالأسكان عند الصلحاء ؎ .

(ترجمہ: بیوی نے قاضی کے سامنے شکایت کی کہ خاوند اسے مارتا ہے اور نیک لوگوں کے پاس رہنے کا مطالبہ کیا۔اگر قاضی کو یہ یقین ہوجائے تو اس کو زجر کرے۔ورنہ اگر پڑوسی نیک لوگ ہوں تو عورت کو ان کے ہاں ٹھہرادے۔ورنہ اسے حکم دے کہ اسے نیک لوگوں کے ہاں ٹھہرائے)

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم غفرلہ

---

؎ الفتاوی البزازیه علی هامش الفتاوی العالم گیریه جلد ۴ صفحه ۱۵۹ مطبوعه مصر

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......222﴾

### سوال

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس بارہ میں کہ زید کی دو زوجہ ہیں اور زوجہ اول کا زید نے نان ونفقہ مقرر کر کے اس سے علیحدہ ہمراہِ زوجہ ثانی رہنا اختیار کیا ہے۔ پس زوجہ اول اس وقت سے، جبکہ زید نے نکاحِ ثانی کیا، علیحدہ رہتی ہے۔ اب ایک عرصہ کے بعد زید کہتا ہے زوجہ اول سے کہ اب میں نان ونفقہ تیرا مقررہ نہیں دیتا۔ تو بھی ہمراہ شریک زوجہ ثانیہ کے رہ کر شاملات میں نان و پارچہ لے ورنہ علیحدہ میں نہیں دیتا۔ اور نہ یہ حکمِ شرع ہے کہ اس صورت میں جداگانہ نان ونفقہ دوں۔ اور حالت زوجہ ثانیہ کی یہ ہے کہ وہ پارسا اور نیک چلن نہیں ہے۔ جس کا زید بھی خود قائل ہے اور کہتا ہے کہ زوجہ ثانیہ میری کا تعلق ناجائز فلاں شخص سے ہے۔ اور وقتِ نکاحِ ثانی زوجہ اول کے ساتھ بھی عہدو پیمان کیا تھا کہ جو نان ونفقہ تیرا مقرر کرتا ہوں یہ تجھ کو دوام علیحدہ رکھ کر دیئے جاؤں گا۔ اور اب یہ حیلہ کر کے زوجہ اول کا نان ونفقہ بند کر دیا۔ بس اس بارے میں کیا حکمِ شرع شریف یہی ہے کہ زید زوجہ اول کو جو نیک چلن ہے شریکِ حال رہنے سے ہمراہ زوجہ ثانیہ کے جو بدچلن ہے مجبور کرے؟ اور اپنے عہدو پیمان کے خلاف اس حیلہ سے نان ونفقہ مقررہ زوجہ اول بند کر دے؟۔ جو کچھ حکمِ شرع شریف اس باب میں ہو نافذ تحریر فرمایا جائے۔

سائل: محمد ابراہیم،
بیرون لال دروازہ الور۔
۵ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۵ھ

Marfat.com

# الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں اگر دسترخوانِ زید اتنا فراخ ہے کہ اس پر بہت لوگ کھانا کھاتے ہیں اور زوجہءزید بقدر اپنی ضرورت کے بآسائش نان ونفقہ لے سکتی ہے' پھر تو وہ اپنا نفقہ جدا مقرر کرانے کی مستحق نہیں۔ اور اگر یہ بات نہیں اور زید کی شرکت میں کھانے پینے پر راضی ہے' بہت ہی خوب اور اچھی بات ہے۔ اور اگر وہ علیحدہ مقرر کرانا چاہے تو ضرور بقدرِ نان ونفقہءمعروف زید پر اپنی زوجہ کو علیحدہ دینا لازم ہوگا۔

**کما فی البحر الرائق:**

**طریق ایصال النفقة الیها (ای الزوجة) وهو نوعان تمکین و تملیک فالتمکین متعین فیما اذا کان له طعام کثیر و هو صاحب مائده فتمکن المراة من تناول مقدار کفایتها فلیس لها ان تطالبه بفرض النفقة و ان لم یکن بهذه الصفة فان رضیت ان تاکل معه فبها و نعمت و ان خاصمته فی فرض النفقة یفرض لها بالمعروف و هو التملیک کذا فی غایة البیان**[1]۔

(ترجمہ: بیوی تک نان ونفقہ پہنچانے کے دو طریقے ہیں (۱) تمکین (۲) تملیک۔ تمکین کی صورت اس وقت متعین ہے جب کہ خاوند کے پاس کثرت سے کھانا ہو۔ وہ دسترخوان والا ہو۔ تو اس صورت میں عورت کو قدرت ہوگی' کہ اپنی کفایت کے برابر کھالے۔ لہٰذا اسے نان ونفقہ مقرر کرانے کے مطالبہ کا اختیار نہ ہوگا۔ اور اگر مرد کی یہ حالت نہ ہو' تو اگر وہ مرد کے ساتھ کھانا کھانے پر رضامند ہو جائے' تو یہی طریقہ اپنائے اور یہ بہت اچھا ہے۔ اور گر وہ نان ونفقہ کے تقرر کے لیے مخاصمت کرے' تو دستور کے مطابق اس کے لیے مقرر کر دیا جائے اور یہ صورت تملیک کی ہے۔ غایۃ البیان میں اسی طرح ہے)

---

[1] البحر الرائق شرح کنز الدقائق: جلد ۴ صفحہ ۱۸۸' ۱۸۹ ' مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت

Marfat.com

☆ اور تعینِ مدت ادائے نفقہ مختلف ہے۔ زمین دار کو چاہیے کہ سالانہ فصل پر بقدرِ ضرورت یک سال کا زوجہ کو دے کر فارغ البال ہو۔ اور سوداگر ماہوار دیا کرے۔ اور پیشہ ور روزانہ مقرر کر دے۔

کما فی مبسوط شمس الائمة السرخسی رحمة الله علیه

فان کان محترفا تفرض علیه النفقة یو ما یو ما لانه یتعذر علیه اداء النفقة شهرا دفعة واحدة و ان کان من التجار یفرض الاداء شهرا شهرا و ان کان من الدهاقین تفرض علیه النفقة سنة سنة لان تیسیر الاداء علیه عند ادراک الغلات فی کل سنة وتیسر الاداء علی التاجر عند اتخاذ اجرغلات الحوانیت و غیرها فی کل شهر و تیسر الاداء علی المحترف بالاکتساب فی کل یوم [1]

(ترجمہ: خاوند اگر پیشہ ور ہے تو روزانہ کا نان ونفقہ اس کے مقرر کیا جائے کیوں کہ اس کے لیے ایک مہینہ کا یک مشت ادا کرنا مشکل ہے۔ اور اگر وہ تاجر ہے تو ماہوار طریقہ سے مقرر کیا جائے اور اگر وہ کسان ہے تو سالانہ کے اعتبار سے مقرر کیا جائے۔ کیونکہ آمدنیوں کے حصول پر سال کے بعد اس کے لیے ادائیگی (میں) آسانی ہے۔ اور تاجروں کے لیے دکانوں وغیرہ کی آمدنیوں کی وجہ سے ماہانہ ادا کرنا آسان ہے۔ اور پیشہ وروں کے لیے ہر روز کی کمائی پر روزانہ ادا کرنا آسان ہے)

اور جب زید کی شرکت میں اگر زوجہ رہنا نہ چاہے تو نان ونفقہ شرعاً علیحدہ مقرر کرا سکتی ہے۔ تو بصورتِ ناراضگی شرکتِ زوجہ ثانیہ کے کہ جس میں رنجشِ باہمی ومخاصمت حسب عادت ہر وقت یقینی ہے۔ خصوصاً ایسی زوجہ کے ساتھ کہ حسب اقرارِ زید جس کا چال چلن خراب ہے' بلا تکلف اپنا نان ونفقہ بقدر اپنی ضرورت کے بحسب عرف بطریقِ معروف جدا لے سکتی ہے۔ ☆ بلکہ اگر اس کو سودا وغیرہ منگوانے کے لئے' علی ھذا کھانا پکانے کے لئے خادمہ کی اگر ضرورت ہو' اور شوہر امورِ مذکورہ کا متکفل نہ ہو تو بقدرِ ضرورت خادمہ اس خادمہ کا بھی نان ونفقہ شرعاً زید سے بحسبِ عرف لے سکتی ہے۔

---

[1] المبسوط للسرخسی : جلد ۵ صفحہ ۱۸۴ مطبوعہ دار المعرفه بیروت

Marfat.com

پچنانچہ مبسوط شرح کافی حاکم میں ہے:

وعن زفر رحمه الله تعالى انه يفرض لخادم واحد لان على الزوج ان يقوم بمصالح طعامها و حوائجها فاذا لم يفعل ذالک اعطاها نفقة خادم ثم تقوم هي بذالک بنفسها او تتخذ خادما فأما فی ظاهر الرواية استحقاقها نفقة الخادم باعتبار ملک الخادم[1]۔

(ترجمہ: امام زفر رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ ایک نوکر کی تنخواہ نان ونفقہ میں مقرر کی جائے گی۔ کیونکہ خاوند کے ذمہ اس کے کھانے تیار کرانے کا بندوبست اور ضروریات مہیا کرنا لازم ہے جب اس نے کھانے وغیرہ کا بندوبست نہ کیا تو اسے ایک نوکر کی تنخواہ ادا کرے۔ پھر یہ خود اپنا کھانا تیار کرے یا کسی کو ملازم رکھ لے ہر دوصورت میں ظاہر روایت کی رو سے ملازم کی تنخواہ وصول کرنے کی وہ مستحق ہے۔ کیونکہ وہ خادم کی مالک ہے) فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی المجددی مفتی
جامع مسجد اکبر آباد

[1] البسوط للسرخسی: جلد ۵ صفحہ ۱۸۲ مطبوعہ دار المعرفہ بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......223﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اور مفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی عورت کو طلاق دیدی۔ اوراس کے پاس ایک بچہ اڑھائی سال کا ہے۔ اگر وہ لڑکا اپنی والدہ کے پاس رہے گا تو مرد کو اس کی پرورش کے واسطے دینا ہوگا یا نہیں؟ اور مرد جس وقت یا اس وقت اپنا لڑکا لینا چاہے گا تو ملنا چاہیے یا نہیں؟۔ بینوا توجروا

سائل: حبیب بخش محلہ ککو گلی واہی سار

۲۲ شوال ۱۳۳۴ھ

### الجواب

نحمده و نستعينه و نصلى على حبيبه و آله و صحبه.

اللهم رب زدنى علما۔

صورتِ مسئولہ میں بچہ کا نفقہ جب تک وہ اپنی ماں مطلقہ کی مہدِ پرورش میں ہے' باپ پر لازم ہے اور نیز اجرت پرورش کی حسبِ عرف وعادت جو کچھ باہم ٹھہر جائے' ایامِ عدت گزر جانے کے بعد سے' اس واسطے کہ ایامِ عدت کا تو نان ونفقہ بلا پرورش بھی بچہ کے باپ پر لازم ہے' اور سات برس تک جب تک بچہ تنہا بغیر کسی کی مدد کے خود کھانے' پینے' پہننے' استنجا کرنے' پر قادر نہ ہو جائے اور خود استنجا تک نہ کرنے لگے' ماں کا حق پرورش ہے۔ ماں سے چھین کر دوسری جگہ باپ پرورش نہیں کرواسکتا۔ کما فی الهداية:

واذا وقعت الفرقة بين الزوجين فالام احق بالولد والنفقة على الاب انتهى مختصرا[1]

(ترجمہ: میاں بیوی کے درمیان اگر جدائی ہو جائے' تو ماں بچہ کی پرورش کی زیادہ حق دار ہے اور نفقہ باپ کے ذمہ ہوگا)

---

[1] الهدايه جلد ٢ صفحه ۴۱۴ مطبوعه مكتبه امداديه ملتان .

Marfat.com

ایضا فیه:

والام والجدة احق بالغلام حتی یاکل وحده و یشرب وحده و یلبس وحده و یستنجی وحده و فی الجامع الصغیر حتی یستغنی فیاکل وحده و یشرب وحده و یلبس وحده والمعنی واحد لان تمام الاستغناء بالقدرة علی الاستنجاء والخصاف قدره بسبع سنین اعتبارا للغالب [1]

☆(ترجمہ: ماں نانی اور دادی دیگر رشتہ داروں سے لڑکے کی پرورش کرنے کا زیادہ حق رکھتی ہیں۔ لڑکا ان کی پرورش میں رہے گا جب تک وہ اکیلا کھالے اکیلا پی لے اکیلا خود اپنا لباس پہن لے اور خود اکیلے استنجاء کر سکے۔
☆ جامع صغیر میں ہے کہ لڑکا ماں اور دادی کی پرورش میں رہے گا یہاں تک کہ اس کو احتیاج باقی نہ رہے۔ وہ اکیلا کھا، پی اور پہن سکے اور دونوں عبارتوں کا معنی ایک ہی ہے کیوں کہ احتیاج پوری طرح سے اس وقت ختم ہوتی ہے جب وہ خود اکیلے استنجاء کر سکے۔ امام ابوبکر خصاف رحمۃ اللہ علیہ نے غالب کا اعتبار کرتے ہوئے یہ مدت سات سال مقرر کی ہے)

اور درمختار میں ہے:

و تستحق الحاضنة اجرة الحضانة اذا لم تکن منکوحة ولا معتدة لابیه [2]

(ترجمہ: پرورش کرنے والی عورت اجرت کی حق دار ہے بشرطیکہ وہ بچے کے والد کی منکوحہ یا اس کی عدت میں نہ ہو)

قال الشامی رحمه الله:

و لعل وجهه ان نفقة الصغیر لما وجبت علی ابیه لو غنیا والا فمن مال الصغیر کان من جملتها الانفاق علی حاضنته التی حبست نفسها لاجله عن التزوج [3] انتهی مختصرا بقدر الحاجة.

---

[1] الهدایه — جلد ۲ — صفحه ۴۱۵ — مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان.
[2] الدر المختار مع رد المحتار — جلد ۵ — صفحه ۲۰۹ — مطبوعه بیروت
[3] رد المحتار — جلد ۵ — صفحه ۲۱۰ — مطبوعه بیروت

Marfat.com

(ترجمہ: اس کی وجہ شاید یہ ہے' کہ نابالغ بچے کا نان ونفقہ جب اِس کے باپ پر واجب ہے' بشرطیکہ وہ مال دار ہو ورنہ نابالغ بچے کے مال سے خرچ کیا جائے گا۔ اور پرورش کرنے والی عورت کی اجرت میں خرچ کرنا' نان ونفقہ میں داخل ہے' جس نے اپنے آپ کو نکاح سے اس بچے کی خاطر روک رکھا ہو۔ ضرورت کے مطابق عبارت کو مختصر کیا گیا ہے)

☆ ہاں البتہ اگر مابعد ایامِ عدت وہ ماں مطلقہ کسی سے نکاح کرلے تو حق پرورش ماں کا ساقط ہو جائے گا۔ بشرطیکہ جس سے نکاح کرے وہ اس بچہ کا رشتہ دار قریب ذی رحم محرم نہ ہو۔

چنانچہ ہدایہ میں ہے:

و کل من تزوجت من هؤلاء يسقط حقها لما روينا ولان زوج الام اذا كان اجنبيا يعطيه نزرا و ينظر اليه شزرا فلا نظر الا الجدة اذا كان زوجها الجد لانه قام مقام ابيه فينظر له و كذالك كل زوج هو ذ و رحم منه لقيام الشفقة نظرا الى القرابة القريبة[1]

☆ (ترجمہ: مذکور بالا عورتوں میں سے جو نکاح کر لے اس کا حق ساقط ہو جاتا ہے۔ اس کی دلیل حدیث پاک کو ہم پہلے درج کر چکے ہیں۔ کیونکہ والدہ کا خاوند جب اجنبی ہو تو اس بچے کو بہت تھوڑا دے گا اور اسے کن انکھیوں سے دیکھے گا۔ سوائے دادی نانی کے جس کے ساتھ دادا یا نانا نے نکاح کیا ہو تو اسے پرورش کا حق باقی رہے گا کیونکہ وہ اس بچے کے باپ کے قائم (مقام) ہوتا ہے۔ تو وہ اس کی نگہداشت کرے گا اور اسی طرح جب کہ خاوند اس بچے کا ذی رحم محرم ہو کیونکہ وہ قریبی رشتہ داری کے باعث اس بچے پر شفقت رکھے گا۔) فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابومحمد محمد دیدار علی' مفتی جامع مسجد اکبرآباد

✿✿✿✿✿

---

[1] الهداية جلد ۲ صفحه ۴۱۵ مطبوعه مكتبه امداديه ملتان

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......224﴾

## سوال

### نحمده و نصلی علی رسوله الکریم

1 کیا فرماتے ہیں علمائے دین شرع متین۔

2۔ زینب کا عقد زید کے ساتھ بارہ سال کی عمر میں ہوا۔ جب کہ زید کی عمر پندرہ سال کی تھی۔ ڈھائی سال تک زینب زید کے مکان میں ہمراہ زید رہی۔ زید کی سکونت دیگر شہر میں رہی اور ہے۔

3۔ امِ زید اور زید نے زینب کو ہر قسم کی تکلیفیں پہنچائیں کہ جو باعث نا اتفاقی ہوئیں۔ یہاں تک نوبت پہنچی کہ زید نے یہ ارادہ ظاہر کر کے کہ میں تجھ کو طلاق دے دوں گا اس کے عزیزوں میں بھیج دیا جو کہ دوسرے شہر میں تھے اور ہیں۔

4۔ بعد گزرنے کچھ عرصہ کے کہ جو محض زید کا انتظار تھا۔ بذریعہ تحریر زید سے کہا کہ یا تو اس وقت اپنی زوجہ کو لے جاؤ یا ہم بھیج دیں یا جو کچھ تم کو عذر ہے ہم کو مطلع کرو ہم بسبب تنگ دستی زینب کے اخراجات کے کفیل نہیں ہوسکتے۔

5۔ زید نے جواب دیا کہ زینب سے مجھ کو کچھ مطلب و سروکار نہیں ہے۔ مجھ کو لے جانے یا تمہارے پہنچا دینے سے کیا غرض ہے۔ نہ نان ونفقہ دے سکتا ہوں۔ بلکہ اگر تم لوگ مجھ کو زیادہ پریشان کرو گے تو اس شرط پر کہ مسماۃ مہر معاف کر دے اور قانونی اسٹامپ پر باضابطہ اقبال معاف کر دینے مہر کا تحریر کر دے۔

6۔ یہ کہ میں طلاق دے کر فارغ خطی باضابطہ لکھ دوں گا۔

7۔ یہ کہ ہر شخص نے دور اندیشہ کی غرض سے جہاں تک ممکن ہوا سمجھایا۔ اور اس ارادہ سے باز رکھنے کی ہدایت کی مگر زید نے کسی بات کا خیال نہ کیا۔ زینب کے عزیزوں نے مجبور ہو کر اس خیال سے کہ یہ جھگڑا طول نہ پکڑے کہ جو باعث رسوائی کا ہو ہر دو جانب سے مہر اور طلاق لیکر اور معاف کرا کر

Marfat.com

باضابطہ تحریر بھی ہوگئی یہ طلاق وہ ہے جو قوامہ سے منصوب ہے۔ جس کا آواز زید نے زبانی اور تحریر ہر طرح سے چند اشخاص کے روبرو کردیا۔

8۔ زید نے کوئی حبہ بغرض گزارنے ایامِ عدت نہیں دیا۔ اور نہ زینب کے ماں باپ یا کوئی عزیز اس کی امداد رسی کرنے کا وعدہ کرتے ہیں۔ اور نہ زینب کوئی کام اس قسم کا جانتی ہے جس سے اپنی بسر کرسکے۔

9۔ زینب کا بیان یہ تھا کہ زید نے بسبب نامرد ہونے اور بمتلائے آزادگی کے مجھ سے کوئی کلام نہیں کیا اور میں نے اس کی طرف سے۔۔۔ [1] اور نہ آج تک جیسا کہ میں عورتوں کی زبانی ایام ہونے سنتی ہوں مجھ کو ایام ہوا۔

10 زینب کو اپنے ماں باپ میں رہتے عرصہ ۱۰ ماہ ہوا اور طلاق طے ہوئے عرصہ ایک ماہ کا ہوا ہے۔ ان سب صورتوں میں عدت رکھے یا نہ رکھے؟ اب عمر اس کی ۱۶ سال ہے یا اس سے ایک دو ماہ کم۔ اگر اس میں عدت کا حساب نہ کرکے نکاح ثانی کرلیا وہ نکاح صحیح ہے یا باطل؟ لڑکی کے عزیزوں نے جو کسی قسم کی سرپرستی اور مالی امداد کرنے سے ہر طرح مجبور ہیں اور یہ خیال کرکے کہ مبادا اس سے کوئی فعل بوجہ جاہل ہونے سرزد ہوجائے جو باعث بدنامی کا ہو عقد ثانی کرایا۔ بینوا وتوجروا

سائل اللہ بخش ۲۲ دسمبر ۱۹۱۵ء

## الجواب

### ھو الموفق للحق والصواب

اگر کسی وقت خلوت ہوگئی ہے اور اس کے بعد طلاق دی ہے تو زوجہ پر عدت ہے۔ وہ عدت میں نفقہ و سکنی کی مستحق ہے۔ ☆ نکاحِ ثانی بعد انقضائے عدت ہونا چاہئے۔ قبل انقضائے عدت باطل ہے۔

ہدایہ میں بعد ذکر خلوت مجبوب وغیرہ ہے:

---

[1] الفاظ پڑھے نہیں جاسکے۔

Marfat.com

وعلیه العدة فی جمیع المسائل ۱

(ترجمہ: ان تمام مسائل میں اس کے ذمہ عدت ہے)

نیز اسی میں ہے:

و اذا طلق الرجل امراته فلها النفقة والسکنی فی عدتها رجعیا کان او بائنا ۲

(ترجمہ: خاوند جب اپنی بیوی کو طلاق دے تو عدت کے اندر نفقہ اور سکونت حاصل کرنا عورت کا حق ہے طلاق خواہ رجعی ہو یا بائن)

☆اگر عورت کو حیض نہ آیا ہو تو عدت تین ماہ ہے ہدایہ میں ہے)

و ان کانت ممن لا تحیض من صغر و کبر فعدتها ثلاثة اشهر و کذا اذا بلغت بالسن و لم تحض ۳

☆(ترجمہ: اگر عورت ایسی ہو جس کو کم عمری یا بڑھاپے کے باعث حیض نہ آتا ہو اس کی عدت تین ماہ ہے۔ اور اسی طرح اس عورت کا حکم ہے جو عمر کے اعتبار سے بالغ ہو لیکن اسے حیض نہ آتا ہو)

واللہ اعلم بالصواب.

عاجز محمد رمضان عفی عنہ

مفتی واعظ جامع مسجد آگرہ

۲۲ دسمبر ۱۹۱۵ء

---

۱ الهدایه ج ۲ ص ۳۲۶ شرکت علمیه ملتان

۲ الهدایه ج ۲ ص ۴۴۳ شرکت علمیه ملتان

۳ الهدایه ج ۲ ص ۴۲۳ شرکت علمیه ملتان

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......225﴾

مدعیان۔صدرالدین ومسماۃ ریاضی ساکن حلقہ مالی مندی۔

۱۳دسمبر ۱۹۱۵ء مطابق ۵صفر ۳۴ھ

## خلاصہ فیصلہ شرعی

بمواجہ حسین بخش' اللہ بخش' امداد حسین' سعد اللہ لاہو' قاضی علی بخش' چودھری محمد بخش' شیخ خیراتی' حافظ حسام الدین' محمد بخش' رحیم بخش' عبدالرحیم' حافظ عنایت حسین صاحبان

مسمی صدرالدین شوہر پر ریاضی بنت اللہ بخش نے بہ دعویٰ شرعی رجوع کیا کہ اس نے مجھ کو زبانی اور تحریری طلاق مغلظہ دے دی۔مہر میرا اور اسباب جہیز اس کے پاس ہے۔اور جو کچھ حقوق اور دختر میری کا فیصلہ شرعی ہونا چاہئے۔

مفتی نے موقع پر بیان صدرالدین پسر نصیرالدین شوہرِ مسماۃ ریاضی کا لیا۔بیان کیا کہ ۷دسمبر ۱۵ء بروز منگل میں نے تین طلاقیں دے دیں۔کیوں کہ میری ہمیشہ عدول حکمی کرتی رہی اس کی اشیا میرے پاس حسب ذیل ہیں۔

ظروف' دیگچی' ڈھکنا' لوٹہ' کٹورہ' کف گیر' پلنگ شکستہ بان' زیور نقرئی' بالیاں آٹھ عدد' جگنوں ایک' چوڑیاں دست چار عدد' جوشن دو عدد' چھلہ پیر دس عدد' اور میرا مہر شرعی مبلغ ۱۰من کا ہوا ہے وہ بھی میرے ذمہ زر ہے۔

میرا نکاح قاضی قمرالاسلام نے پڑھایا تھا۔اس کے پاس مہر لکھا ہوا ہے۔

### بیان مسماۃ ریاضی بنت اللہ بخش

میرا نکاح صدرالدین پسر نصیرالدین سے دس برس کا عرصہ ہوا کہ ہوا تھا۔اس نے مجھ کو بلاقصور طلاق دے دی۔میرا اسباب جو صدرالدین نے لکھا ہے میں دو بالی اور دو انگوٹھیاں چاندی کی قیمتی ایک روپیہ اور

Marfat.com

تو شک رضائی تکیہ جو استعمال سے ختم ہوگئی۔

مجھ کو کوئی کپڑا شوہر نے نہ دیا۔ کھانا کچھ دنوں اپنا اور کچھ دنوں اس کا کھایا۔ میرا مہر شرع محمدی تھا۔ حاضرین نے کہا کہ مہر شرعی یہاں بتیس ۳۲ روپیہ آٹھ آنے ہوا کرتا ہے۔ ریاضی بیگم نے اس کا اقرار کیا کہ اسی قدر تھا۔

مگر صدر الدین کے والد نے مجھ کو آٹھ بالیاں طلائی اور گلے میں تورا اور بٹن اور بانہوں میں چاندی کی اور بارہ چوڑیاں ہاتھوں میں۔ بڑی آٹھ چاندی کی۔ پیر میں چھاگل۔ جھانجھر دو عدد۔ چوڑیاں چار۔ یہ سب زیور مجھ کو پہنایا تھا۔ یہ سب دلایا جائے۔

مسمی صدر الدین شوہر سے دریافت کیا اس نے کہا میرے باپ سے دریافت کیا جائے مجھ کو اس کا حال معلوم نہیں۔ نصیر الدین اس کے باپ نے کہا کہ یہ چیزیں مستعار میں نے پہنا دیں تھیں۔ پھر اتار لیں۔ اس کو ہبہ نہیں کی تھیں۔ حاضرین نے کہا کہ دلہن کو جو اشیاء پہناتے ہیں وہ ملکیت اس کی سمجھتے ہیں۔ اور مسماۃ ریاضی نے جہیز کا سامان' چار تہوار کا روپیہ' سال جوڑا عید برات کا بھی مطالبہ بذمۂ شوہر بیان کیا۔

## ضمیمہ بیان نصیر الدین و صدر الدین

ہم نے یہ زیور مستعار پہنایا تھا اور رسم یہ ہی ہے' کہ مستعار پہناتے ہیں دو بالی اور انگوٹھیاں اس کی ہیں۔ وہ ہم دے دیں گے۔ اور تمام حاضرین نے بعد بیان کے بالاتفاق کہا کہ اب جو حکم شرع شریف کا ہوگا اس پر عمل درآمد کریں گے۔

## الجواب

## خلاصہ

بعد استماعِ بیاناتِ فریقین و حاضرینِ جلسہ حسبِ حکمِ شریعت ہر سہ طلاق کا واقع ہونا بیانِ شوہر اور اقرارِ مدعیہ سے اور تحریرِ شوہر سے ثابت ہے۔

Marfat.com

فریقین مہرِ شرعی کے مقر ہیں۔اور شوہر نے علاوہ اشیاء کے خود اقرار کیا تھا۔حسب بیان مدعیہ دو بالی اور دو انگوٹھیاں بھی اپنے پاس ہونا بیان کیا۔اور جو اشیاء بطور تحفہ زوجہ کے پاس آئیں ان کا استعمال اس نے کیا۔کھانے پینے کی اشیاء اس کے استعمال میں ہیں۔اس کا کوئی حصہ شوہر کے پاس نہیں اور نہ ممکن ہے کہ دس برس تک باقی رہیں۔اب بمقابلہ صدرالدین و نصیرالدین زیور مستعار کا جھگڑا رہا۔جس میں صدرالدین و نصیر الدین مستعار کہتے ہیں۔اور مدعیہ ملکیت کا اظہار کرتی ہے۔اور رسم یہ ہے کہ بروز برات جو زیور یا نیوتہ دیا جاتا ہے وہ زوجہ کا ہوتا ہے۔اور یہ واقعہ بعد کئی سال ہوا ہے کہ مسماۃ کو زیور پہنایا تھا اور پھر واپس لے لیا۔لہٰذا بوجہ انکار مطابق حکم

☆ البینة علی المدعی والیمین علی من انکر ۱

(ترجمہ: گواہی پیش کرنا مدعی کے ذمہ ہے اور قسم انکار کرنے والے کے ذمہ ہے)

صدرالدین و نصیرالدین سے حلف لیا گیا ہر دو نے حلف سے انکار کیا۔پس

الطلاق مرتان فامساك بمعروف او تسريح باحسان ۲

(ترجمہ: طلاق رجعی جس کے بعد رجوع ہو سکتا ہے دو دفعہ ہے۔پھر روک لینا ہے بیوی کو نیکی کے ساتھ یا چھوڑ دینا ہے نیکی کے ساتھ)

کے مطابق شوہر پر مہر ادا کرنا واجب ہے اور جو اشیاء نقرئی و ظروف و پلنگ وغیرہ اس کے پاس ہے اس کو واپس مسماۃ ریاضی کو دے دے۔

☆ اور دوبارہ دختر، جب تک اس کی ماں نکاح ثانی نہ کرے سات برس دختر کی پرورش کر سکتی ہے۔ بمطابق حکم حدیث:

---

۱ الجامع الصغير مع شرح فيض القدير ج ۳ ص ۲۲۵ مطبوعه دار المعرفت بيروت

۲ القرآن الحكيم : سورة البقرة: آيت ۲۲۸

Marfat.com

مالم تنزوجی ؁ -

☆ صرفہ اس کا ذمہ والد یعنی صدر الدین رہے گا۔ بعد سات برس کے دختر جبراً باپ کو دلائی جائی گی۔ وعلیہ الفتوی۔

☆ بعد تین حیض پورے ہونے کے مسماۃ کو اختیار ہے کہ عقدِ ثانی اپنا کرے یا نہ کرے۔ مسمی صدر الدین شوہر نے یہ کہا کہ ایامِ عدت کے صرفہ کو بھی میں دے دوں گا۔ اگر چہ اس کا لزوم شرعاً نہیں مگر تبرعاً واستحباباً جائز ہے۔ لہٰذا بذمہ شوہر علاوہ صرفہ دختر کے ایام عدت کا بھی عائد ہو گیا۔ مہر واسباب ونفقہ ادا کرے یا ضمانت دے دے تا کہ آئندہ کوئی فساد نہ ہو۔

فیصلہ شرعی تمام حاضرین کو اور فریقین کو سنا دیا گیا۔ جلسہ برخاست ہوا اب فریقین کو اختیار ہے خواہ فیصلہ شرعی پر پابندی کریں خواہ دروازہ عدالت کھلا ہوا ہے وہاں باضابطہ رجوع کریں۔ اصل پر نشان (انگوٹھا) ہر دو لئے گئے۔ واللہ اعلم بالصواب و عندہ ام الکتاب

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

؁ یہ حدیث پاک کا ایک حصہ ہے پوری حدیث یوں ہے:

عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده عبد الله بن عمر أن امرأة قالت يا رسول الله ان ابنى هذا كان بطنى له وعاء وثديى له سقاء وحجرى له حواء وان أباه طلقنى وأراد أن ينتزعه منى فقال رسول الله ﷺ انت احق به ما لم تنكحى .

(ترجمہ: حضرت عمرو بن شعیب رحمۃ اللہ علیہما اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے راوی ہیں کہ ایک عورت نے دربار نبوی میں عرض کی یہ میرا بیٹا ہے میرا پیٹ اس کی حفاظت کا برتن، میرے پستان اس کو سیراب کرنے والی مشک اور میری گود اسے اپنے اندر سمیٹ کر رکھنے والی تھی۔ اس کے باپ نے مجھے طلاق دے دی ہے اور وہ اسے مجھ سے چھیننا چاہتا ہے اس پر نبی کریم ﷺ نے فرمایا تم اس کی زیادہ حق دار ہو جب تک تم نکاح نہ کرلو)

| | | |
|---|---|---|
| i | زجاجة المصابيح جلد ۲ صفحه ۵۵۲، ۵۵۳ | مطبوعه حیدر آباد دکن |
| ii | مشکوة المصابیح صفحه ۲۹۳ | مکتبه امدادیه ملتان |
| iii | سنن أبی داؤد جلد ۱ صفحه ۳۷۱ | مکتبه امدادیه ملتان |

Marfat.com

# شکار و ذبح

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......226﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ اگر ایک شخص مسلمان تکبیر پڑھ کر بندوق سے کسی حلال جانور کا شکار کرے اور وہ جانور زمین پر پہنچنے سے یا اس شخص کے ہاتھ میں آنے سے پہلے ہی بضرب بندوق مر جائے تو کیا وہ جانور حلال ہوا یا حرام؟

سائل: عطاء اللہ تھانہ کرھل ضلع مین پوری

## الجواب

### اللھم رب زدنی علما

جو شکار حلال تیر یا برچھی کے ساتھ اس طرح کیا جائے کہ بسم اللہ کہہ کر تیر یا برچھا یا ایسی چیز جو شکار کو زخمی کر دے اور شکار کے پاس پہنچنے تک وہ شکار مر جائے تو اس کا کھانا بلا تکلف حلال ہے۔

☆ اور اگر کسی ایسی چیز سے بسم اللہ کہہ کر شکار کی جائے جو بوجہ اپنے ثقل کے کھال کو پھاڑ دے اور اس کے صدمہ سے شکار مر جائے۔ نہ کہ اس کی دھار اور تیزی سے زخمی ہو۔ تو اس کا کھانا بموجب ظاہر الروایۃ وقولِ مفتی بہ قطعاً حرام ہے۔ ☆علی ہذا اگر دھار دار چیز سے زخمی ہوا اور شکار کے پاس پہنچنے تک شکار نہ مرے پر زخمی کر دینے سے شکار اس وقت حلال ہوتا ہے' جب باقاعدہ ذبح کر لینے سے عجز تام ہو۔

کما فی الدر المختار المطبوعۃ (مع) الشامی فی المصر فی صفحۃ ۳۳۳ من الجز الخامس

و اذا ادرک المرسل أو الرامی الصید حیا بحیاۃ فوق ما فی المذبوح ذکاہ وجوبا و شرط لحلہ بالرمی التسمیۃ و لو حکما کما مرو شرط الجرح لیتحقق معنی الزکاۃ[1]

(ترجمہ: اگر شکاری جانور کو چھوڑنے والے یا تیر پھینکنے والے نے زندہ پا لیا اور اس میں اس سے زیادہ زندگی پائی جاتی ہے جو ذبح شدہ جانور میں پائی جاتی ہے' تو واجب ہے کہ اس کو ذبح کرے۔ اور اس کے حلال ہونے کی

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۱۰: صفحہ ۵۲' ۵۳' مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

شرط یہ ہے کہ تیر بسم اللہ پڑھ کر چلایا گیا ہو اگر چہ وہ حکماً ہی پڑھی ہو۔ جس طرح پہلے گذر چکا ہے۔ اور زخمی ہونا شرط ہے تا کہ ذبح ہونے کی حقیقت ثابت ہو جائے)

قال الشامی رحمہ اللہ

قوله شرط الجرح فلو دقه السهم لم يوكل لفقد الزكاة[۱]

(ترجمہ: اگر تیر اسے عرض میں لگا اور تیر نے اسے ضرب پہنچائی یا ہڈی توڑ دی تو شکار کھایا نہیں جائے گا کیوں کہ ذبح کرنا نہیں پایا گیا)

وفيه فی صفحة ۳۳۵

فان تركها ای الزكاة مع القدرة عليها فمات حرم و كذا يحرم لو عجز عن التذكية فی ظاهر الرواية[۲]

یعنی اگر باوجود قدرت کے با قاعدہ ذبح کرنے پر شکار کے پاس پہنچ کر اگر شکار کو ذبح نہیں کیا اور شکار مرگئی یا زندہ شکار کو پالیا مگر بوجہ نہ ملنے چھری وغیرہ کے با قاعدہ ذبح کرنے سے عاجز رہ گیا اور شکار مرگئی تو بقول مختار اور روایتِ ظاہر اس کا کھانا حرام ہو گیا۔

☆ علی ہذا اگر بھاری گولی سے کہ جس میں دھات بھی تھی اس کی دھار سے نہ مرے بلکہ صدمہ سے شکار کو کھال پھٹ کر مر بھی جائے شکار حلال نہ ہو گی اور چھوٹی گولی دھار دار سے زخمی ہو کر مر جائے گی تو بلاشبہ حلال ہو جائے گی۔

کما فی الدر المذکور فی صفحہ۳۳۵

او بندقة ثقيلة ذات حدة لقتلها بالثقل لا بالحد (ای لو مات لا يحل له) و ان كانت خفيفة بهاحدة حل لقتلها بالجرح و لو لم يجرحه لا يوكل مطلقا[۳]۔

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۱۰ : صفحہ ۵۲، ۵۳، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

[۲] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۱۰ : صفحہ ۵۶ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

[۳] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۱۰ : صفحہ ۵۷ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

(ترجمہ: یا بھاری گولی جس میں دھار بھی ہو اس سے کیا ہوا شکار حرام ہے کیوں کہ اس گولی نے شکار کو اپنے بوجھ سے مارا ہے نہ کہ دھار سے۔ اور اگر گولی ہلکی ہو اس پر دھار بھی ہو تو اس سے کیا ہوا شکار حلال ہے کیوں کہ اس نے اسے زخم سے قتل کیا ہے اور اگر گولی نے اسے زخمی نہ کیا ہو اور وہ مر جائے تو بہر حال نہ کھایا جائے گا)

اور زخم میں یہ شرط ہے کہ خون بہہ نکلے۔

**کما فی تلک الصفحة:**

**و شرط فی الجرح الدماء** [1]

(ترجمہ: زخمی کرنے میں شرط یہ ہے کہ وہ خون بھی نکالے)

بناء علیہ علامہ شامی صفحہ ۳۳۵ سطر ۳ در مختار مذکور میں تحریر فرماتے ہیں

**و لا یخفی ان الجرح بالرصاص انما هو باحراق و الثقل بواسطة اندفاعه العنیف اذ لیس له حد فلا یحل وبه افتی ابن نجیم (مصنف البحر الرائق و الاشباه)** [2]

(ترجمہ: اور یہ حقیقت مخفی نہیں ہے کہ سیسہ کی گولی سے زخم جلنے یا اس کے بوجھ کے باعث ہوتا ہے اس لیے کہ شدت کی تیزی سے چلتی ہے کیوں کہ اس میں دھار نہیں ہوتی لہذا اس سے کیا گیا شکار حلال نہیں۔ البحر الرائق اور الاشباہ والنظائر کے مصنف علامہ ابن نجیم رحمۃ اللہ علیہ نے یہی فتوی دیا ہے)

یعنی چونکہ بندوق کی گولی کا زخم بوجہ قوت ضرب (اور) جلانے کھال کے بلاشبہ ہوتا ہے لہذا گولی اور چھرہ کا شکار اگر مر جائے اور باقاعدہ ذبح نہ کیا جائے ہرگز حلال نہیں ہوتا اور بلاشبہ اس کا کھانا حرام ہے۔

حررہ: العبد الراجی

محمد دیدار علی الرضوی مفتی جامع مسجد اکبرآباد

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۱۰: صفحہ ۵۷ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

[2] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۱۰: صفحہ ۵۷ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......227﴾

## سوال

اگر ایک غیر مسلم یا ہندو جو تکبیر مجوزہ شرع محمدی پڑھ کر بندوق سے شکار کرے حلال جانور کا اور وہ جانور مر جائے اور حلال کسی مسلمان کی چھری سے نہ ہو سکے تو جانور حلال ہوا یا حرام؟

## الجواب

### اللهم رب زدنی علما

مشرک کا کیا ہوا شکار خواہ بسم اللہ کہہ کر تیر یا برچھا یا بغیر بسم اللہ کے ہرگز حلال نہیں ہوتا ☆ اس واسطے شکار حلال ہونے کی شرط شکاری کا مسلمان ہونا شرط ہے کما ھو ظاھر من تتبع الکتب الفقھیة

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مفتی جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......228﴾

## سوال

بکراوغیرہ بنام غیراللہ دے اور بوقت ذبح اللہ اکبر کہے تو کیا حکم ہے؟ اور تفسیر ما اھل لغیر اللہ بہ کیا ہے؟۔ اور اگر پہلے نیت کچھ ہو اور پھر نیت بدل گی اور ذبح کیا تو کیا حکم ہے؟۔ خلاصہ جواب شافی دیا جائے۔

سائل: ملا احمد خان فیروز پور۔ ملا حسین ابواتجار

۲۱ اپریل ۱۹۱۶ء

## الجواب

### ھو المصوب

(ذبح کرنے ۱) والے کی یہ نیت ہے کہ اس کو ذبح فلاں پر ہم کریں گے تو یہ حرام ہو گیا خواہ اس پر اللہ اکبر کہا جائے۔☆ اور اگر یہ نیت ہے کہ اس کے گوشت، پوست کا ثواب یا دعوت فلاں کے نام پر ہو گی تو یہ حلال ہے۔

تفسیر ما اھل لغیر اللہ نیشاپوری میں ہے۔ قال العلماء لو ان مسلما ذبح ذبیحۃ و قصد بذبحھا التقرب الی غیر اللہ صار مرتدا و ذبیحۃ مرتد۲

(ترجمہ: علماء نے فرمایا اگر کسی مسلمان نے کسی ذبیحہ کو ذبح کیا اور ذبح کے وقت اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کے تقرب کی نیت کی تو وہ شخص مرتد ہو گیا اور اس کے ذبیحہ کا حکم مرتد کے ذبیحہ کا ہے)

☆ یعنی مسلمان ذبح اس نیت پر کرے کہ خون بہائے گا ثواب فلاں کو ایصال کرے گا اور محتاجوں کو دوں

---

۱ اصل نسخے سے یہ لفظ پڑھے نہیں جا سکے لہٰذا اندازہ سے لکھے ہیں۔

۲ تفسیر نیشاپوری جلد صفحہ مطبوعہ

Marfat.com

گا اور خون بہانا خالص اللہ کے واسطے ہے تو مضائقہ نہیں حلال ہے۔ اور خون بہانا فلاں کے نام پر ہے تو یہ حرام ہے خواہ بسم اللہ کہہ کر ذبح کرے۔

☆ اور اگر اول نیت لغیر اللہ ہے اور پھر نیت کو بدلا تو آخر میں نیت کا اعتبار ہوگا اور ذبیحہ حلال ہوگا۔

چنانچہ حاشیہ زبدۃ النصائح میں ہے۔ لیکن اگر کسے جانور را الخ ط۱۔

اور مثال یہ ہے کہ کوئی ہندو ہولی کا بکرا مسلمان سے ذبح کرائے تو وہ اگرچہ بسم اللہ کہہ کر ذبح کرے مگر وہ حرام ہے۔ کیوں کہ دراصل اس کی نیت ہولی کی نذر ہے۔ اسی طرح شیخ سدو اور میاں دین کے بکرے کا حکم ہے۔ بوجہ نیت لغیر اللہ حرام ہے۔ ھذا خلاصة التحقيق فی ھذا المقام

المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

---

ط۱ زبدة النصائح صفحه

Marfat.com

# قربانی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......229﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ایک شخص گائے یا بچھڑا قربانی کرنا چاہتا ہے۔ آیا جائز ہے یا نا جائز ہے ؟اور ایک گائے میں کے (کتنے) شریک ہوسکتے ہیں۔

سائل: ولایت خان از اعتماد پور ضلع آگرہ

۲۱ دسمبر ۱۹۳۶ء

## الجواب

**اللهم رب زدنی علما.**

قربانی' اونٹ' گائے' بیل' بکری' سب کی ہوسکتی ہے۔ مگر اونٹ پانچ سال سے کم نہ ہو اور گائے یا بیل یا بھینس خواہ بھینسا دو برس کی عمر سے کم نہ ہو اور بکرا' بکری' بھیڑ' مینڈھا' دنبہ' ایک سال سے کم نہ ہو۔

کما فی الهدایة

**والا ضحية من الابل والبقر والغنم .... و يجزى من ذالک كله الثنى الاالضان فان الجذع منه تجزى** ۱

(ترجمہ: قربانی اونٹ' گائے' اور بکری سے دی جاتی ہے۔ ان تمام جانوروں سے ثنی (جس جانور کے سامنے کے دو دانت گر گئے ہوں) قربانی کے لیے کفایت کرتے ہیں مگر بھیڑ اور دنبہ سے چھ ماہ کا بھی کافی ہے)

☆ یعنی اونٹ وغیرہ بحسب عمر مذکورہ قربانی ہوسکتی ہیں۔ مگر دنبہ شش ماہہ اگر سال بھر کے دنبہ کے برابر ہو تو وہ بھی جائز ہے۔

چنانچہ ہدایہ میں ہے:

---

۱ الهدایه: جلد ۷ صفحه ۱۶۱ مطبوعه ادارة القرآن والعلوم الاسلامیه کراچی

Marfat.com

والجذع من الضان ما تمت له ستة اشهر ... والثنی منها ومن المعز ابن سنة و من البقر ابن سنتين و من الابل ابن خمس سنين [1]

(ترجمہ: بھیڑ اور دنبہ سے جذع وہ جانور ہے جس کی عمر چھ ماہ پوری ہو چکی ہو اور ثنی' بھیڑ' دنبے' اور بکری سے وہ ہوتا ہے' جو سال کا ہو۔ اور گائے سے ثنی وہ ہوتا ہے' جو دو سال کا ہو۔ اور اونٹ سے ثنی وہ ہوتا ہے' جو پانچ سال کا ہو۔)

اور بکری' بھیڑ' بکرا' مینڈھا' فقط ایک آدمی کی طرف سے ہو سکتا ہے۔

☆ اور گائے' بیل' اونٹ' اونٹنی' میں ایک سے سات آدمی تک بہ نیت قربانی شریک ہو سکتے ہیں۔ ہدایہ میں ہے:

ويذبح عن كل واحد منهم شاة او يذبح بقرة او بدنة عن سبعة [2]

(ترجمہ: اور ذبح کرے ہر قربانی کرنے والے کی طرف سے ایک بکری اور اونٹ یا گائے سات آدمیوں کی طرف سے ذبح کرے)

☆ اور بلانیتِ قربانی' کھانے کھلانے کی نیت سے اگر ایک بھی حصہ دار شریک ہو گا کسی کی بھی قربانی درست نہ ہوگی۔ اور مستحب ہے' قربانی کا گوشت ہر ایک حصہ دار تول سے بانٹ کرلے اور اپنے اپنے حصہ سے 'ہر حصہ دار ایک حصہ غریبوں کو دے۔ ایک دوست احباب کو اور ایک خود کھائے۔

☆ اور قربانی والے کو اپنے خرچ کے واسطے کھال بیچنا مکروہ ہے۔ صدقہ کرنے کی نیت سے بیچے تو جائز ہے۔ البتہ رنگوا کر اپنے واسطے مصلی وغیرہ بنا سکتا ہے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی

مفتی جامع مسجد اکبر آباد

---

[1] الهدايه: جلد ۷ صفحه ۱۶۲ مطبوعه ادارة القرآن والعلوم الاسلاميه کراچی

[2] الهدايه: جلد ۷ صفحه ۱۵۰ مطبوعه ادارة القرآن والعلوم الاسلاميه کراچی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......230﴾

## سوال

قربانی کی دعا تحریر فرمائیں۔

محمد اسلام خان
قبصہ شمس آباد ضلع آگرہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم .

اللھم رب زدنی علماً

قبل قربانی

**إنی وجهت وجهی للذی فطر السموات والأرض حنیفا وما أنا من المشر کین** [1]

(ترجمہ: میں نے اپنا رخ اس ذات پاک کی طرف پھیر لیا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا۔ میں ہر باطل سے جدا ہوں اور نہ میں مشرک لوگوں سے ہوں)

**ان صلاتی ونسکی محیای ومماتی للہ رب العالمین لا شریک له وبذلک أمرت وأنا أول من المسلمین** [2]

(ترجمہ: بلاشبہ میری نماز' قربانی' زندگی اور مرنا اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔ اس کوئی شریک نہیں ہے۔ مجھے اسی کا حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلے اطاعت کرنے والا ہوں)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی' الرضوی' الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

---

[1] القرآن المجید : سورۃ الانعام . آیت : ٧٩

[2] القرآن المجید : سورۃ الانعام . آیت : ١٦٢' ١٦٣

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 231﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ قربانی (کے گوشت اور کھال) کو قربانی کرنے والا خود فروخت کرکے کسی کو دے سکتا ہے؟ اگر دے سکتا ہے تو ایک شخص کو یا کئی شخص کو؟

محمد اسلام خان

قصبہ شمس آباد ضلع آگرہ

۷ ذی الحجہ ۱۳۳۴ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما

جس طرح قربانی کے گوشت اور کھال کو اپنے اور اہل وعیال کے خرچ میں لاسکتا ہے قربانی کے گوشت یا کھال کو بیچ کر اس کی قیمت کے درھموں کو اپنے اور اہل وعیال کے خرچ میں نہیں لاسکتا۔ اس واسطے جمہور فقہا تحریر فرماتے ہیں کہ اپنے یا اپنے اہل وعیال کے خرچ میں لانے کی نیت سے قربانی کی کھال کا بیچنا مکروہ ہے اور ناجائز۔ اور اگر بہ نیتِ تصدق علی الفقراء بیچی چونکہ بہ نیتِ صدقہ بیچنا اور صدقہ کرنا بھی عبادت ہے بلا تکلف جائز ہے۔ خواہ بیچ کر اس کی قیمت ایک مسکین کو دی خواہ زیادہ کو۔

چنانچہ فتاویٰ عالمگیریہ میں ہے

ولا یبیعہ بالدراھم لینفق الدراھم علی نفسہ وعیالہ واللحم بمنزلۃ الجلد فی الصحیح حتی لا یبیعہ بما لا ینتفع بہ الا بعد الا ستھلاک و لوبا عھا بالدراھم لیتصدق بھا جاز لانہ قربۃ کالتصدق کذا فی التبیین وھکذا فی الھدایۃ والکافی [1]

[1] الفتاوی العالم گیریہ جلد ۵ صفحہ ۳۰۱ مطبوعہ مصر

Marfat.com

(ترجمہ: قربانی کی کھال اس لیے فروخت نہ کرے کہ اس سے حاصل شدہ رقم اپنی ذات یا اپنے اہل وعیال پر خرچ کرے، اس کا گوشت، صحیح قول کی رو سے کھال کے قائم مقام ہے لہٰذا اس کو ایسی چیز کے عوض فروخت نہ کرے جس سے صرف استہلاک کے بعد فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ اگر اسے رائج الوقت نقدی کے عوض فروخت کیا تا کہ اس رقم کو صدقہ کرے تو یہ جائز ہے کیوں کہ صدقہ کرنے کی مانند یہ بھی عبادت ہے، تبیین، ہدایہ، کافی)

☆ البتہ مستحب یہ ہے کہ ایک (تہائی) حصہ غربا کو دے اور ایک حصہ (تہائی) خویش واقربا دوست احباب کو اور ایک حصہ (تہائی) خود رکھے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## فتویٰ نمبر......232

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین درج ذیل مسئلہ کے بارے میں۔

کہ قربانی کی کھال کی قیمت مسجد میں لگ سکتی ہے یا نہیں؟ اگر لگ سکتی ہے تو کس طرح؟

محمد اسلام خان قصبہ شمس آباد ضلع آگرہ

## الجواب

نمبر۲: بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما

مسجد میں کھال کو رنگوا کر بطریقِ مصلی دے سکتا ہے مگر بعد فروخت اس کی قیمت مسجد میں یا کسی غریب کے کفن دفن میں نہیں دے سکتا۔ اس واسطے کہ بعد البیع اس کی قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہو جاتا ہے۔ صدقہ میں کسی کو مالک بنانا ان دراھم کا شرط ہے۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......233﴾

## سوال

قربانی کے چمڑوں کا روپیہ مسجد کی تعمیر میں لگا سکتے ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا

سائل: حاجی عبداللہ

سوداگر ریاست لال گڑھ، ضلع بلاس پور

۲۵ نومبر ۱۹۱۵ء

## الجواب

وھو الملھم للحق والصواب

اگر مالک چرم کسی مسلمان کو دے دے اور وہ فروخت کر کے لگائے تو جائز ہوگا اور جو مالک خود فروخت کر کے قیمت لگا دے تو مکروہ ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

عاجز محمد رمضان عفی عنہ

مفتی واعظ جامع مسجد آگرہ

مورخہ ۲۶ نومبر ۱۹۱۵ء

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......234﴾

## سوال

جب قربانی کا چمڑا دوست احباب کو دینا جائز ہے تو قیمت اس کی بھی دے دینا جائز ہوگا؟۔

## الجواب

چمڑہ بعینہ دے دینا درست ہے۔ اور قیمت اس کی مالک کو مالِ خبیث کا حاصل کرنا ہے۔ لہٰذا وہ غرباء ومساکین کو دیں۔ دوست احباب کو خبیث مال دینا مکروہ ہے۔

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......235﴾

## سوال

حصہ گائے میں عقیقہ درست ہے یا نہیں۔ اور بعد ذبح گائے کے اگر حصے مقرر کئے جائیں تو قربانی ہو جائے گی۔

## الجواب

جو شرائط قربانی کے ہیں وہی عقیقہ کے ہیں۔ گائے کے حصہ میں عقیقہ درست ہے۔ اور اگر جانور قربانی کا ذبح کیا اور پھر حصہ مقرر کرے تو جائز نہ ہوگا۔ کیوں کہ اول سے نیت تقرب کی نہ ہوئی جو ضروریاتِ قربانی سے ہے۔ صرف ذبیحہ کا حکم ہو جائے گا۔

کتبہ المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......236﴾

نوٹ: سوال دستیاب نہیں ہوا۔

# الجواب

## و هو الموفق الصواب

## اللهم رب زدنی علما.

صورتِ مسئولہ میں صاحبِ قربانی غنی ہو خواہ فقیر جب قربانی کی نیت سے خرید چکا اور ایام قربانی نہ رہے تو اس پر لازم ہے کہ اس قربانی کو زندہ کسی مسلمان محتاج کو دیدے۔ اور اگر باوصف گزر جانے ایامِ قربانی کے ذبح کر بیٹھا ہو تو اسے کھانا غنی کو نا جائز ہے بلکہ فقیر کو صدقہ کر دے۔

**کما فی الجلد الخامس من الشامی فی صفحة ٢٢:**

**و فی البدائع ان الصحیح ان الشاة المشتراة للاضحیة اذالم یضح بها حتی مضی الوقت یتصدق الموسر بعینها حیة کا لفقیر بلا خلاف بین اصحابنا فان محمد ا قال و هذا قول ابی حنیفة و ابی یوسف و قولنا و تمامه فیه و هو الموافق لما قد مناه آنفا عن غایة البیان و علی کل فاظاهر انه لا یحل له الاکل منها اذا ذبحها کما لایجوزله حبس شیء من قیمتها[1].**

(ترجمہ: البدائع میں ہے۔ قربانی کے لیے بکری خریدی گئی اسے ذبح نہ کیا جاسکا یہاں تک قربانی کا وقت گذر گیا تو فقیر کی مانند امیر بھی اسے زندہ صدقہ کر دے۔ اس میں ہمارے اصحاب کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے۔ کیوں کہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا یہی امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اور

---

[1] رد المختار: جلد ۵ صفحہ ۲۲٦ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

ہمارا قول ہے۔اس کی پوری بحث اسی کتاب (بدائع) میں ہے۔اور یہ اس جزئیہ کے موافق ہے جو ہم نے غایۃ البیان سے نقل کر کے کچھ پہلے ذکر کر دیا ہے۔بہرصورت ظاہر یہی ہے کہ اگر (قربانی کے دن گذر جانے کے بعد) اس کو ذبح کرے تو اس کا کھانا اس کے لیے جائز نہیں۔اسی طرح اس کی قیمت کا کچھ حصہ اپنے پاس روک کر رکھنا جائز نہیں ہے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المشہدی
المفتی فی جامع اکبرآباد

Marfat.com

# اکراہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 237﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس صورت میں کہ زید نے بحالتِ خلوت اپنی زوجہ سے باصرار یہ کہا کہ میرے ذمہ جو تیرا مہر لازم ہے اس کو معاف کردے۔ لیکن اس کہنے میں الفاظِ تخویف وتہدید نہ تھے۔ زوجہ کو بوجہ خلوت اندیشہ ہوا کہ اگر اس وقت الفاظ معافی نہیں کہتی ہوں تو شوہر مجھ کو ایذا وضرر پہنچادے گا۔ اس خیال سے اس نے اس وقت الفاظ صرف زبان سے ادا کردیئے لیکن دل میں معافیِ مہر پر ہرگز راضی نہ تھی۔ چنانچہ دوسرے وقت عورت نے اپنے عزیز اقربا سے اس ہی طرح بیان کیا۔ پس ایسی صورت میں عندالشرع معافی مہر مانی جائے گی یا نہیں؟

سائل: فخرالدین۔ مرادآباد

۱۹ستمبر۱۹۱۶ء

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

وھو الموفق للصواب

☆ مطلقاً دیون کی معافی بالاکراہ صحیح نہیں اور مہر بھی منجملہ دیونِ واجبہ ہے۔ لہٰذا یہاں بھی صورتِ اکراہ غیر معتبر رہے گی۔

قال فی الدر المختار

لا یصح مع الاکراہ ابراء مدیونہ[۱]

(ترجمہ: اکراہ کے ساتھ اپنے مقروض کو قرض سے بری قرار دینا درست شمار نہ ہوگا)

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۹ صفحہ ۱۶۶ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

پھر صورتِ مسئولہ میں اکراہ کا تحقق صرف امر سے ہو جاتا ہے اگر زوجہ کو اس کے خلاف کرنے میں کسی قسم کی مضرت کا اندیشہ ہو کچھ الفاظ تہدید و تخویف کے ضروری نہیں۔

چنانچہ درمختار میں ہے:۔

امر السلطان اکراہ و ان لم توعدہ [1]

(ترجمہ: بادشاہ کا حکم اکراہ شمار ہوتا ہے اگر چہ وہ دھمکی نہ دے)

ثم قال ناقلا عن البزازیة

☆ والزوج سلطان زوجته فتحقق منه الاکراہ [2]

☆ (ترجمہ: خاوند اپنی بیوی کا سلطان ہوتا ہے۔ لہٰذا اس کی جانب سے اکراہ ثابت ہو جائے گا)

اس پر علامہ شامی تحریر فرماتے ہیں:۔

قلت فظاھر قولھم الزوج سلطان زوجته انه متحقق بمجرد الأمر حیث خافت منه الضرر [3]

(ترجمہ: میں کہتا ہوں کہ فقہاء کا یہ کہنا کہ خاوند اپنی بیوی کا سلطان ہوتا ہے اس کا ظاہر نتیجہ یہ ہے کہ خاوند کے صرف حکم کے ساتھ اکراہ ثابت ہو جائے گا بشرطیکہ عورت اس کی طرف سے نقصان پہنچنے سے ڈرتی ہو)

پس چونکہ زوجہ نے بحالتِ خلوت زوج کے اصرار باندیشۂ مضرت بظاہر مہر معاف کر دیا تھا ورنہ حقیقۃ وہ راضی نہ تھی لہٰذا معاف نہیں ہوا۔

حررہ: العبد المسکین

فخر الدین احمد مدرس مدرسہ شاہی

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۹ صفحہ ۱۵۷، ۱۵۸ مطبوعہ بیروت

[2] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۹ صفحہ ۱۵۸ مطبوعہ بیروت

[3] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۹ صفحہ ۱۵۸ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

☆ بے شک عقودِ ھبہ، ابراء، بیع وشریٰ، وغیرہ جو محتمل فسخ ہیں، وہ بصورتِ اکراہ گو نافذ ہو جاویں مگر بعد رفعِ حالتِ اکراہ رضا اور اجازتِ مکرہ پر موقوف رہتے ہیں۔

**کما فی الدر المختار :**

**ان عقود المکرہ نافذۃ عندنا و المعلق علی الرضا و الاجازۃ لزومہ لا نفاذہ اذا للزوم امر وراء النفاذ کما حققہ ابن الکمال قلت و الضابط ان مالا یصح مع الھزل ینعقد فاسدا فلہ ابطالہ و ما یصح فیضمن الحامل** [۱]

(ترجمہ: اکراہ شدہ شخص کے معاملات ہمارے نزدیک نافذ ہوتے ہیں۔ لیکن ان کا لازم ہونا رضا اور اجازت کے ساتھ معلق ہے۔ ان کا نفاذ رضا اور اجازت کے ساتھ معلق نہیں ہے۔ کیونکہ کسی معاملہ کا لازم ہونا اس کے نفاذ کے علاوہ امر ہے۔ جیسا کہ امام ابن کمال نے اس کو ثابت کیا ہے۔ اور اس بارے میں ضابطہ یہ ہے کہ جو معاملہ ہنسی مذاق کے ساتھ منعقد نہیں ہوتا وہ اکراہ کے ساتھ فاسد طور پر منعقد ہو جاتا ہے تو اسے اکراہ کے بعد باطل کرنے کا اختیار ہے۔ اور جو معاملہ ہنسی مذاق میں بھی صحیح ہوتا ہے وہ اکراہ کی حالت میں صحیح ہے لیکن اس صورت میں اگر مکرہ کا نقصان ہو تو اس مجبور کرنے والا نقصان کا ضامن ہوگا)

لہٰذا ابراء اور ہبہ مہر پر اگر مکرھہ راضی رہی، ہبہ مہر لازم ہو جائے گا۔ اور اگر وہ ناراضگی ظاہر کرے، جس طرح صورتِ مسئولہ سے ظاہر ہے تو وہ ھبہ لازم نہ ہوگا اور مہر بدستور قائم رہے گا۔ ☆ اور تحقق اکراہ کی کم از کم ادنیٰ صورت یہ ہے کہ سخت آواز سے حاکم محکوم سے کہے کہ یہ کام کردے۔

**کما فی الدر المختار فی صفحۃ 89 من الجزء الخامس :**

**و ھو (ای الاکراہ) یختلف باختلاف الاشخاص فان الاشراف یغمون بکلام خشن**

---

[۱] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۹ صفحہ ۱۵۸ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

والاراذل ربما لا يغمون الا بالضرب المبرح ابن كمال[1]

(ترجمہ: اکراہ لوگوں کے مختلف ہونے سے مختلف ہوجاتا ہے۔ کیوں کہ معزز لوگ درشت بات سے غم ناک ہوجاتے ہیں اور کمینے لوگ تکلیف دہ مار پیٹ سے بھی بعض اوقات غمگین نہیں ہوتے)

لہٰذا اگر شوہر نے تیور بدل کر سختی سے اصرار کیا تھا اور قرینہ ڈرنے اور خائف ہونے عورت کا موجود تھا' تو بلاشبہ معاف کرنا بالاکراہ ثابت ہوگا اور اگر محبت کے ساتھ اصرار تھا تو معافی پر رضا مندی متحقق ہوگی۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی

المفتی مسجد جامع اکبر آباد

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۹ صفحہ ۱۵۶'۱۵۷ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

# سیر

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......238﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ زید سے کہا گیا تم داڑھی کیوں منڈواتے ہو ایسا مت کیا کرو یہ گناہ ہے۔اس نے مسخرہ پن سے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ خود ارشاد فرماتا ہے:

﴿کلا سوف تعلمون ثم کلا سوف تعلمون[۱]﴾

اور اس کے معنی یہ بیان کیے تم اپنے گلوں کو صاف کرو کلام کے پاک کے غلط معنی مذاقیہ طور سے لینا ہماری شریعت کا کیا حکم ہے؟ اور کیا سزا ہے؟ اور کس طریق پر اس کی تلافی ہو سکتی ہے؟

۱۲ اپریل ۱۹۱۸ء

محمود الحق کونچہ حکیمان

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحيم.

اللهم رب زدني علما. اللهم قنا من تكفير المسلمين و من حب المعاندين المرتدين

جب تمام اہلِ اسلام جانتے ہیں کہ ایک مشت داڑھی رکھنا سنت رسول اللہ ﷺ ہے۔ باوصف جاننے اس امر کے اول تو مجرد بے وقعت سمجھنا سنتِ رسول اللہ ﷺ ہی کا کفر ہے۔

چنانچہ صفحہ ۱۲۱ سطر ۱۳ جلد خامس بحر الرائق مطبوعہ کے باب احکام المرتدین میں ہے۔

و با ستخفافه لسنة من السنن[۲] (أی يكفر)

(ترجمہ: سنتوں میں سے کسی سنت کو ہلکا سمجھنے سے کافر ہو جائے گا)

---

[۱] القرآن المجيد : سورة التكاثر : آيت ۴، ۵

[۲] البحر الرائق شرح كنز الدقائق : جلد ۵ صفحه ۱۳۰ دار المعرفه بيروت

Marfat.com

علاوہ بریں آیۂ کلام اللہ کے ایسے غلط معنے بطریقِ مذاق کرنا باوصف جاننے اس امر کے کہ اس کے یہ معنے نہیں ہیں اور آیتِ کلام کے ساتھ مسخرا پن کرنا تو اس درجہ کا صریح کفر وارتداد ہے کہ جس سے لازم آتا ہے انکار آیتِ کریمہ کا۔

﴿انه لکتاب عزیز لایاتیه الباطل من بین یدیه و لامن خلفه تنزیل من حکیم حمید﴾[1]

(ترجمہ: بلاشبہ یہ ایک غالب کتاب ہے۔ باطل نہ اس کے سامنے آسکتا ہے اور نہ اس کے پیچھے۔ یہ حکمت والے تعریف کیے گئے پروردگار کی طرف سے نازل شدہ ہے)

قرآنِ مجید کی طرف اس حکمِ فسق وفجور کی نسبت کرنا کہ قرآن فرماتا ہے اپنے گلوں کو صاف کرو اور مکرر صاف کرو صراحتاً قرآن کو متہم کرنا ہے ساتھ امرِ فسق و فجور اور امرِ باطل کے چنانچہ صفحہ ۳۷۴ شفائی حقوق المصطفی مطبوعہ صدیقی بریلی میں ہے:

و اعلم ان من استخف بالقرآن او المصحف أو بشیء منه أو سبهما او حجده او حرفا منه او آیة أو کذب به أو بشیء منه أو کذب بشیء مما صرح به فیه من حکم أو خبر او اثبت ما نفاه او نفی ما اثبته علی علم منه بذلک او شک فی شیء من ذلک فهو کافر عند اهل العلم باجماع[2]

(ترجمہ: جان لو کہ جس نے قرآنِ مجید یا اس کی تحریر یا اس کے کسی چیز کو ہلکا جانا یا ان کو برا بھلا کہا یا اس کی تکذیب کی یا جس حکم یا خبر کی اس میں صراحت موجود ہو اس کی تکذیب کی یا اس چیز کا اثبات کیا جس کی قرآنِ مجید نے نفی کی یا اس چیز کی نفی کی جس کا اثبات قرآنِ کریم نے کیا اور یہ سب کچھ جان بوجھ کر کیا یا ان میں کسی چیز میں شک کیا تو وہ اہلِ علم کے نزدیک اجماعاً کافر ہے)

و فی صفحة ۱۲۳ من الجزء الخامس من بحر الرائق

---

[1] القرآن الکریم: سورة حم السجده: آیت ۴۲

[2] الشفا بتعریف حقوق المصطفی: جلد دوم، صفحه ۱۱۰۱ مطبعه عیسی البابی الحلبی مصر

Marfat.com

والمزاح بالقران كقوله التفت الساق بالساق اوملأ قدحا وجاء به و قال كاسادها قا اوقال عندالكيل والوزن و اذا كالوهم او وزنوهم يخسرون[1] (أى يكفر)

(ترجمہ: قرآن مجید سے مزاح کرنے سے جیسے مزاحیہ انداز سے کہے التفت الساق بالساق یاپانی کا پیالہ بھرکرلایااورکہاکاسا دھاقا یا کسی چیزکو ماپنے یاتولنے کے وقت کہااذا کالوھم او وزنوھم یخسرون سے کافرہوجائے گا۔

☆ لہٰذاایسے شخص کولازم ہے کہ توبہ کرے اوراز سرِنوتجدیدِنکاح کرے ورنہ بلا نکاح جواولادہوگی وہ ولدالزناہوگی اورجتنی دفعہ اپنی (بیوی) کے ساتھ ہم بستر ہوگااس کاحکم زنا کاہوگا۔

چنانچہ صفحہ ۱۰۰ جلداول تنقیح فتاوی حامدیہ میں ہے

☆ و لو ارتد والعياذ بالله تعالى تحرم امراته ويجدد النكاح بعد اسلامه[2]

(ترجمہ: خدا کی پناہ اگرکوئی شخص مرتد ہوجائے تواس کی بیوی حرام ہوجاتی ہے اسلام قبول کرنے کے بعددوبارہ اس کانکاح کیاجائے گا)

ايضا فيه بعد السطر

المولود بينهما قبل تجديد النكاح بالوطى بعد التكلم بكلمة الكفر ولد زنا[3].

(ترجمہ: مرتد ہونے اوراسلام دوبارہ قبول کرنے درمیان تجدیدِنکاح سے پہلے اورکلمۂ کفر بولنے کے بعدجماع سے جواولادہوگی زنا کی اولادہوگی)

حررہ: العبدالراجی

ابومحمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبرآباد

---

[1] البحر الرائق : جلد ۵ صفحه ۱۲۱ دا رالمعرفه بيروت

[2] تنقيح الفتاوى الحامديه : جلد اول صفحه ۱۰۱ المكتبة الحبيبة كوئٹه

[3] ايضا :

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......239﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں اساطینِ دینِ متین وشرعِ مبین اس امر میں کہ غلام احمد قادیانی کے اقوال مندرجہ ذیل ہیں:

﴿۱﴾ آیت مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد کا مصداق میں ہوں۔

(ازالہ اوہام طبع اول صفحہ ۶۷۳)

﴿۲﴾ مسیح موعود جن کے آنے کی خبر احادیث میں آئی ہے میں ہوں۔ (ازالہ اوہام طبع اول صفحہ ۶۶۵)

﴿۳﴾ میں مہدیٔ معہود اور بعض نبیوں سے افضل ہوں۔ (معیار الاخبار صفحہ ۱۱)

﴿۴﴾ ان قدمی علی منارة ختم علیه کل رفعة (خطبہ الہامیہ ۳۵)

(ترجمہ: میرا قدم ایسے مینارہ ہے جہاں پر ہر رفعت ختم ہو چکی ہے)

﴿۵﴾ لا تقیسونی باحد ولا احدا بی (خطبہ الہامیہ ۱۹)

(ترجمہ: مجھے کسی پر قیاس نہ کرا اور نہ ہی کسی اور کو مجھ پر قیاس کرو)

﴿۶﴾ میں مسلمانوں کے لیے مسیح مہدی اور ہندوؤں کے لئے کرشن ہوں۔

﴿۷﴾ میں امام حسین سے افضل ہوں۔ (دافع البلا صفحہ ۱۳)

﴿۸﴾ و انی قتیل الحب لکن حسینکم قتیل العدا فالفرق اجلی و اظهر (اعجاز احمدی صفحہ ۸۱)

(ترجمہ: میں محبت کا کشتہ ہوں لیکن تمہارا حسین دشمن کے ہاتھوں قتل ہوا لہٰذا فرق بڑا واضح اور عیاں ہے)

﴿۹﴾ یسوع مسیح کی تین دادیاں اور تین نانیاں زنا کار تھیں (معاذ اللہ) (ضمیمہ انجام آتھم صفحہ ۸۵)

﴿۱۰﴾ یسوع مسیح کو جھوٹ بولنے کی عادت تھی۔ (ضمیمہ انجام آتھم صفحہ ۵)

﴿۱۱﴾ یسوع مسیح کے معجزات مسمریزم تھے۔ (ازالہ صفحہ ۳۰۳)

Marfat.com

﴿۱۲﴾ ان کے پاس بجز دھوکے کے کچھ نہ تھا۔ (ضمیمہ انجام آتھم صفحہ ۷)

﴿۱۳﴾ میں نبی ہوں اس امت میں نبی کا نام میرے لئے مخصوص تھا۔ (حقیقۃ الوحی صفحہ ۳۹۱)

﴿۱۴﴾ مجھے الہام ہوا یا ایھا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعا (معیار الاخبار صفحہ ۱۱)

(ترجمہ: اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں)

﴿۱۵﴾ میرا منکر کافر ہے۔ (حقیقۃ الوحی صفحہ ۱۶۳)

﴿۱۶﴾ میرے منکروں بلکہ مقابلوں کے پیچھے بھی نماز نا جائز ہے۔ (فتاوی احمدیہ جلد اول)

﴿۱۷﴾ مجھے خدا نے کہا اسمع ولدی (اے میرے بیٹے سن)۔ (البشریٰ صفحہ ۴۹)

﴿۱۸﴾ لولاک لما خلقت الافلاک (حقیقۃ الوحی صفحہ ۹۹)

(ترجمہ: اگر تو نہ ہوتا میں آسمانوں کو پیدا نہ کرتا)

﴿۱۹﴾ میرا الہام ہے و ما ینطق عن الھوی (اربعین صفحہ ۳)

(ترجمہ: وہ خواہش سے بات نہیں کرتا)

﴿۲۰﴾ و ما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین (حقیقۃ الوحی صفحہ ۸۲)

(ترجمہ: ہم نے تم کو صرف سارے جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا)

﴿۲۱﴾ انک لمن المرسلین (حقیقۃ الوحی صفحہ ۱۰۷)

(ترجمہ: بے شک تو رسولوں سے ہے)

﴿۲۲﴾ آتانی مالم یوت احد من العالمین (حقیقۃ الوحی صفحہ ۱۰۷)

(ترجمہ: اس نے مجھے وہ کچھ دیا جو سارے جہانوں میں کسی کو نہ دیا گیا)

﴿۲۳﴾ اللہ معک یقوم اینما قمت (ضمیمہ انجام آتھم صفحہ ۱۷)

(ترجمہ: اللہ تیرے ساتھ کھڑا ہوگا جہاں تو کھڑا ہوگا)

﴿۲۴﴾ مجھے حوض کوثر ملا ہے۔ انا اعطیناک الکوثر (ضمیمہ انجام آتھم ۸۵)

Marfat.com

(ترجمہ: بے شک ہم نے تم کو کوثر عطا کیا)

﴿۲۵﴾ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں ہو بہو اللہ ہوں۔ رایتنی فی المنام عین الله و تیقنت انی هو. فخلقت السموات والارض (آئینہ کمالات اسلام صفحہ ۵۶۴،۵۶۵)

(ترجمہ: میں نے خواب میں اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کا عین دیکھا اور میں نے یقین کرلیا کہ میں وہی ہوں پھر میں نے آسمان اور زمین بنائے)

﴿۲۶﴾ میرے مرید کسی غیر مرید سے لڑکی نہ بیاہا کریں۔ (فتاوی احمدیہ صفحہ ۷)

جو شخص مرزا قادیانی کا ان اقوال میں مصدق ہو اس کے ساتھ مسلمہ غیر مصدقہ کا رشتۂ زوجیت کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اور تصدیق بعد نکاح موجب افتراق ہے یا نہیں؟۔

## الجواب

اللهم ارنا الحق حقا والباطل باطلا۔ ارنا حقائق الاشياء كما هي۔

دعوی مذکورہ صفحہ ۶۷۳ ازالہ اوہام نمبر (۱) اور دعوی سوم مذکورہ صفحہ ۱۱ معیار الاخبار علی ھذا دعوی نہم و دھم یازدھم مذکورہ ضمیمہ انجام آتھم وازالہ اوہام اگر یسوع مسیح سے مراد مدعی کی سیدنا عیسی علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام ہیں اسی طرح دعوی نمبر (۱) مذکورہ حقیقۃ الوحی اور دعوی سیزدھم و چہاردھم اور دعوی مسیح وغیرہ کفر صریح ہیں۔ ان دعوؤں کا مدعی اور اس کے قسم کے دعوؤں کی تصدیق کرنے والا بلاشبہ مرتد اور کافر ہیں۔ چنانچہ صفحہ ۲۹۱ جلد دوم فتاوی عالمگیریہ مطبوعہ مصر میں ہے۔

و لو قال انا رسول الله او قال بالفارسية من پيغمبرم يريدبه من پيغام برم يكفر[1]

(ترجمہ: اگر کسی نے کہا کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں یا فارسی زبان میں کہ من پیغمبرم اور اس کی نیت یہ ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کا پیغام اٹھانے والا ہوں تو اس کو کافر کہا جائے گا)

اور ظاہر ہے کہ دعوئ اول میں مبشرا برسول الخ کا اپنے آپ کو مصداق سمجھنا بلا تاویل صریح دعوائے

---

[1] الفتاوی العالم گیریہ جلد ۲ صفحہ ۲۶۳ مطبوعہ مصر

Marfat.com

رسالت ہے۔ پھر مرزا کا بلا تاویل اور اس کے بعض معتقدین کا بلا تاویل اور خواجہ کمال الدین وغیرہ کا غالباً بتاویل تصدیق کرنا بھی اس دعوی کا بلاشبہ صراحتاً کفر ہے اور ارتداد بموجب روایتِ مذکورہ عالمگیریہ کے۔ علیٰ ھذا دوسرے اقوال کا بعض میں صراحۃ دعوی نبوت و رسالت ہے اور بعض میں توہینِ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام۔ لہٰذا مدعی اور قائلِ اقوال مذکورہ کے کفر میں تو کلام ہی نہیں۔ مگر جو ایسے شخص کے کفر میں شک کرے اور اس کے ان اقوال پر راضی رہے اور باوصف ان اقوال کے تاویلاتِ بعیدہ کر کے اس کو بزرگ سمجھے اور بغرض حاصل کرنے روپیہ کے مسلمانوں سے بظاہر اپنے آپ کو سنی حنفی معینِ اسلام کہتا رہے وہ بھی بلاشبہ کافر و مرتد ہے۔

چنانچہ صفحہ ۲۱۷ جلد سوم درمختار مطبوعہ حاشیہ ردالمحتار میں ہے:

**الکافر بسب نبی من الانبیاء فانه یقتل حدا ولا تقبل توبته مطلقا. و لو سب الله تعالی قبلت لانه حق الله تعالی والاول حق عبد لایزول بالتوبة و من شک فی عذابه و کفره وتمامه فی الدرر فی فصل الجزیة.** [1]

☆ (ترجمہ: انبیائے کرام علیہم السلام میں سے کسی نبی کو برا بھلا کہنے کے باعث جس نے کفر کا ارتکاب کیا اسے بطورِ حد قتل کیا جائے گا اور اس کی توبہ کسی صورت میں قبول نہ کی جائے گی۔ اور اگر کسی نے اللہ تعالیٰ کو برا بھلا کہا تو اس کو توبہ قبول کی جائے گی کیوں کہ یہ اللہ تعالیٰ کا حق ہے اور پہلی صورت میں بندے کا حق ہے جو صرف توبہ سے زائل نہیں ہوسکتا۔ یہی سزا اس کی ہے جو اس کے عذاب اور کفر میں شک کرے۔ اس کی کامل تفصیل الدرر کی فصل الجزیہ میں ہے)

**قال الشامی رحمه الله:**

**(قوله فانه یقتل حدا) یعنی ان جزاءه القتل علی وجه کونه حدا** [2]

(ترجمہ: قولہ: اسے بطورِ حد قتل کیا جائے گا یعنی اس کی سزا قتل ہے اس لیے کہ یہ اس کے لیے حد ہے)

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۳ صفحہ ۳۱۷ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[2] رد المحتار جلد ۳ صفحہ ۳۱۷ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

ویکفر فقط بوجہ سب شیخین او سب عائشۃ رضی اللہ عنہا و استحلال محرمات۔[1]

☆(ترجمہ: حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت فاورق اعظم رضی اللہ عنہما اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو برا بھلا کہنے ☆اور حرام امور کو حلال قرار دینے کے باعث انسان صرف کافر ہوتا ہے۔ یعنی اس کی سزا بطور حد قتل نہیں ہے)

علامہ شامی فتاوی حامدیہ میں شیعوں کے متعلق تحریر فرماتے ہیں۔

و قد اکثر مشائخ الاسلام من علماء الدولۃ العثمانیۃ لازالت مویدۃ بالنصرۃ العلیۃ فی الافتاء فی شان الشیعۃ المذکورین و قد اشبع الکلا م فی ذلک کثیر منہم والفوا فیہا الرسائل و ممن افتی بنحو ذلک فیہم المحقق المفسر ابو السعود آفندی العمادی و نقل عبارتہ العلامۃ الکواکبی الحلبی فی شرحہ علی منظومتہ الفقہیۃ المسماۃ الفرائد السنیۃ و من جملۃ ما نقلہ عن ابی السعود بعد ذکر قبائحہم علی نحو ما مر فلذا اجمع علماء الاعصار علی اباحۃ قتلہم و ان من شک فی کفرہم کان کافرا فعندا الامام الاعظم و سفیان الثوری والاوزاعی انہم اذا تابوا و رجعوا عن کفرہم الی الاسلام نجوا من القتل. و یرجی لہم العفو کسائر الکفار اذا تابوا اما عند مالک والشافعی و احمد بن حنبل و لیث بن سعد و سائر العلماء العظام فلا تقبل توبتہم و لا یعتبر اسلامہم و یقتلون حدا الخ فقد جزم بقبول توبتہم عند امامنا الاعظم و فیہ مخالفۃ لما عن المجموعۃ ویظہرلی ان ہذا ہو الصواب۔[2]

(ترجمہ: سلطنتِ عثمانیہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ عالی شان نصرت سے اس کی تائید فرماتا ہے رہے کہ علمائے کرام نے

---

[1]

[2] تنقیح الفتاوی الحامدیہ جلد ۱: صفحہ ۱۰۵ المکتبۃ الحبیبیۃ کوئٹہ

Marfat.com

مذکور شیعوں کے بارے میں کثرت سے فتوی دیئے ہیں۔ ان میں سے کثیر تعداد نے ان کے بارے میں سیر حاصل کلام فرمایا ہے۔ اور ان کے متعلق رسائل تحریر فرمائے ہیں۔ ایسا فتوی صادر فرمانے والے علماء میں سے صاحبِ تحقیق اور مفسرِ قرآن حضرت ابو مسعود آفندی عمادی رحمہ اللہ بھی ہیں ' علامہ کواکبی حلبی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی عبارت کو اپنے فقہی منظومہ کی شرح میں نقل فرمائی ہے۔ جس کا نام الفرائد السنیۃ ہے۔ حضرت علامہ ابو مسعود رحمۃ اللہ علیہ سے انہوں نے شیعہ مذہب کی قباحتوں کا اسی طرح ذکر کیا جو پہلے مذکور ہو چکا پھر آپ نے ان کا یہ ارشاد نقل فرمایا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام زمانوں کے علماء نے ان کے قتل کو مباح قرار دیا ہے اور جو شخص ان کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔ لہٰذا امامِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ' سفیان ثوری' اور امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہم کے نزدیک اگر وہ اپنے کفر سے توبہ کریں کفر سے رجوع کر کے اسلام لے آئیں تو وہ قتل ہونے سے بچ جائیں گے اور باقی کافروں کی مانند ان کی معافی کی امید ہے جب کہ وہ توبہ کرلیں لیکن امام مالک رحمۃ اللہ علیہ' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ' امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ' امام لیث بن سعد رحمۃ اللہ علیہ' اور باقی علمائے عظام کے نزدیک ان کی توبہ قبول نہ کی جائے' ان کے اسلام کا اعتبار نہ کیا جائے اور حد کے طور پر ان کو قتل کر دیا جائے۔ ہمارے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ان کی توبہ کی قبولیت یقینی ہے۔ لیکن مجموعہ سے منقول حکمِ شرعی اس کے مخالف ہے اور مجھ پر یہ ظاہر ہوتا ہے کہ درست یہی ہے۔)

بہر نہج بصورتِ سلطنتِ اسلامیہ اور جاری ہونے احکامِ اسلام کے اگر ایسے لوگ توبہ نہ کریں باتفاق واجب القتل ہیں۔ اور اگر توبہ کرلیں اور اپنے اقوالِ کفریہ سے رجوع کرلیں بطریق حد بعد توبہ ان کے قتل میں اختلاف ہے اور قولِ راجح علامہ شامی رحمہ اللہ کے نزدیک عدمِ قتل ہے۔ جب وہ توبہ کرلیں مگر قولِ فیصل اور صحیح یہ ہے کہ بعد توبہ اگر آثارِ استقامت علی التوبۃ ان سے ظاہر ہوں قتل نہ کئے جائیں اور اگر توبہ بطریق فریب و مکر ان کے افعال و اقوال سے ظاہر ہوں تو حاکمِ اسلام پر لازم ہے کہ ضرور ایسے لوگوں کو قتل کر دیں۔

چنانچہ صفحہ ۱۰۴ اور صفحہ ۱۰۵ جلد الاول عقود الدریہ میں علامہ شامی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں:۔

Marfat.com

و قد اجاب العلامة الفهامة ابو السعود المفتی رحمه اللہ تعالیٰ عن هذه المسئلة بما حاصله ان المسئلة خلافية فقد عرض على السلطان المجاهد فی سبيل الرحمن سليمان خان بن سليم خان فی امر الجمع بين القولين و الرعاية للمومنين بان الاولى ان ينظر الى حال الشخص التائب عن سب الرسول ﷺ فان فهم منه صحة التوبة و حسن الاسلام و صلاح الحال يعمل بقول الحنفية فی قبول توبته و يكتفی بالتعزير والحبس تاديبا و ان لم يفهم منه الخير يعمل بمذهب الغير فلا يعتمد على توبته و اسلامه و يقتل حدا فامر السلطان جميع قضاة ممالكه ان يعملوا بعد اليوم بهذا الجمع لما فيه من النفع والقمع[1].

(ترجمہ: حضرت علامہ ابوسعود مفتی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مسئلہ کا جواب دیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ مسئلہ اختلافی ہے۔ راہ خدا میں جہاد کرنے والے سلطان سلیمان خان بن سلیم خان کے سامنے دو اقوال کے درمیان تطبیق اور اہل ایمان کی رعایت کے لیے یہ مسئلہ پیش کیا گیا (تو یہ فیصلہ کیا گیا) کہ بہتر یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ کو برا بھلا کہنے کے بعد توبہ کرنے والے شخص کے حال کو دیکھا جائے اگر اس کی جانب سے توبہ کی درستی اسلام کی خوبی اور حال کی بہتری معلوم ہوتی ہو تو قبول توبہ میں احناف کے قول پر عمل کیا جائے اور اس کی تادیب کے لیے تعزیر اور قید پر اکتفا کیا جائے اور اگر اس سے بہتری مفہوم نہ ہوتی ہو تو دیگر ائمہ کے مذہب پر عمل کیا جائے۔ لہٰذا اس کی توبہ پر اعتماد نہ کیا جائے۔ اور اسے حد کے طور پر قتل کیا جائے۔ لہٰذا سلطانِ مذکور نے اپنے ممالک کے تمام قاضیوں کو حکم دیا کہ آج کے بعد اس تطبیق کے مطابق عمل کیا جائے کیوں کہ اس میں اسلام کا نفع اور کفر کا خاتمہ ہے)

الحاصل اس زمانہ میں؛ خصوصا ہند میں؛ نہ حاکمِ شرع ہے اور نہ جمیع احکامِ اسلام جاری۔ ضرور ہے کہ اس قسم کے لوگ خصوصا قائلِ اقوالِ مذکورہ اور اس کے معتقدین اگر وہ اپنے عقائدِ فاسدہ مکفرہ سے توبہ نہ

---

[1] تنقیح الفتاوی الحامدیہ جلد ۱: صفحہ ۱۰۶ المکتبة الحبیبیة کوئٹه

Marfat.com

کریں۔ اوران کے نکاح میں جو اہل سنت اپنی بیٹیوں کو دے چکے ہیں ان سے بذریعہ عدالت ضرور جدا کریں اس واسطے کہ بعد مرتد ہو جانے کے نکاحِ مرتد قائم نہیں رہتا۔ لہٰذا اگر وہ توبہ کرے از سرِ نو پھر تجدیدِ نکاح کرلی جائے۔ اور اگر وہ توبہ سے انکار کرے تو شرعاً عورت کو اختیار ہے جس سے چاہے نکاح کرلے۔

چنانچہ صفحہ ۱۰۰ جلد اول عقود الدریہ میں ہے:۔

**لو ارتد و العياذ بالله تحرم امرأته و يجدد النكاح بعد اسلامه و هو فسخ عاجل فلا يحتاج الى قضاء و لا ينقص عدد التطليقات كما فى الدر المختار**[1]

☆ (ترجمہ: نعوذ باللہ اگر کوئی شخص مرتد ہو جائے تو اس کی بیوی اس پر حرام ہو جاتی ہے۔ اسلام قبول کرنے کے بعد اس کے نکاح کی تجدید کی جائے گی ارتداد سے فی الفور نکاح فسخ ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اس بارے میں قاضی کے فیصلہ کی ضرورت نہیں ہے۔ اور نہ ہی اس سے طلاقوں کی تعداد میں کمی واقع ہوتی ہے)

☆ ورنہ بعد ارتداد جو وطی واقع ہوگی اس کا حکم زنا کا ہے۔ اور اس سے جو اولاد پیدا ہوگی وہ ولد الزنا ہوگی۔

چنانچہ صفحہ ۱۰۱ جلد اول عقود الدریہ فی تنقیح فتاوی حامدیہ میں ہے:

**و المولود بينهما قبل تجديد النكاح بالوطى بعد بالتكلم بكلمة الكفر ولد الزنا ثم ان اتى بكلمة الشهادة على العادة لا يجزيه ما لم يرجع عما قاله لان باتيانها على العادة لا يرتفع الكفر و يومر بالتوبة و الرجوع عن ذلک ثم يجدد النكاح**[2]

(ترجمہ: ارتداد اور اس کے بعد ایمان قبول کے درمیان، یعنی کلمۂ کفر بولنے کے بعد تجدید نکاح سے قبل وطی کے ساتھ جو اولاد ہوگی ولد الزنا ہوگی۔ اگر عادت کے طور پر کلمۂ شہادت پڑھے یہ اس کے لیے کافی نہیں ہے۔ جب تک اپنے کلمۂ کفر سے رجوع نہ کرے کیوں کہ عادت کے اعتبار سے کلمہ شہادت پڑھنے سے کفر مرتفع نہیں ہوتا اسے کفر سے توبہ اور رجوع کا حکم دیا جائے گا اس کے بعد تجدید نکاح کی جائے گی)

---

[1] تنقیح الفتاوی الحامدیہ جلد ۱ : صفحہ ۱۰۲ المکتبۃ الحبیبیۃ کوئٹہ

[2] ایضا

Marfat.com

اور ظاہر ہے کہ جب مرتد کا قبلِ ارتداد جو نکاح تھا وہی باقی نہیں رہتا پھر بعد ارتداد جب تک صدقِ دل سے توبہ نہ کرے اور یقینی طور سے بقرائنِ معتبرہ اس کی سچی توبہ ظاہر نہ ہو جائے مسلمان عورت کا اس کے ساتھ کب نکاح ہو سکتا ہے۔ اور اس کو بیٹی دینا اور اپنی بہن بیٹی کا اس کے ساتھ نکاح کرنا بعینہٖ ایسا ہے جیسے کہ گبر یا ہندو یا یہودی یا نصرانی کے ساتھ نکاح کر دیا جائے اور ایسے شخص کے ساتھ نکاح کر دینے والے اگر ان کو اچھا سمجھ کر ان کے ساتھ نکاح کر دیں وہ خود مرتد ہیں۔ ورنہ قیامت تک ان غریب عورتوں کے زنا کا عذاب ان کے ورثہ کی گردن پر رہے گا اور اگر بوجہ نکاح وہ عورت بھی مرتدہ ہو گئی تو اس کے عذابِ ارتداد میں وہ ورثہ بھی ضرور معذب ہوں گے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبر آباد

جو ان اقوال مکفرہ کا مصدّق ہے وہ کافر ہے۔ اس کے ساتھ مسلمہ غیر مصدّقہ کا رشتہ زوجیت جائز نہیں۔ اور زوجین میں سے کسی ایک کا بعد نکاح ان اقوالِ کفریہ کی تصدیق کرنا موجب افتراق ہے۔

فقط ضیاء الاسلام امام مسجد جامع اکبر آباد

جو ان اقوالِ کفریہ کا مصدق ہے وہ کافر ہے

ھو اللہ الغنی

معتقد ان اقوال کا اور قائل ان اقوال کا کافر مطلق ہے۔ اس کے کفر میں کچھ شک نہیں۔ اور ان اقوال کے قائل اور معتقد کے ساتھ نکاح مطلق جائز نہیں۔ اگر کرے بھی قابل واسطے افتراق کے ہے۔

سید عبد الطیف ولایتی

مدرس مدرسہ عالیہ جامع مسجد آگرہ

Marfat.com

## فتویٰ نمبر......240

### سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین کہ عبدالقادر نے حضور سرورِ عالم ﷺ کی توہین کی۔اور اس پر علماء کا فتوی کفر آچکا ہے۔اور وہ توبہ سے انکار کرتا ہے۔اس کا نکاح ٹوٹ گیا یا نہیں؟اور اگر ٹوٹ گیا ہے تو ان کی مطلقہ بیویوں کا نکاح دوسرے مسلمانوں سے جائز ہے یا نہیں؟اور وہ مطلقہ بیویاں مہر کی لین دار ہیں یا نہیں؟اس کا جواب بحوالۂ کتب معتبرہ عطا فرمایا جائے۔عنداللہ ماجور ہوں گے۔

۲۱ جون ۱۹۷۱ء

محمد رمضان پیش امام مسجد بٹالین کوئٹہ

### الجواب

اللھم رب زدنی علما۔

☆ جو شخص بوجہ توہینِ رسول اللہ ﷺ مرتد ہو جائے اور جس پر علما نے ان الفاظ کی توہین سے کفر کا فتوی دے دیا ہو اور وہ الفاظ کے کہنے سے انکار بھی نہ کرے ان الفاظ کو باوصف تنبیہاتِ علماء کفر نہ جانے اور ان الفاظِ کفریہ کو نہ کہنے اور لکھنے سے بھی انکاری ہو۔اور ان الفاظِ کفریہ کے کہنے کے بعد اس شخص پر شہودِ معتبرہ گزر جائیں۔☆ تو بلاشبہ اس کا نکاح ٹوٹ جاتا ہے۔اگر وہ توبہ کرلے دوبارہ نکاح کرے۔☆ ورنہ اس زمانہ کی وطی سے جو اولاد ہوگی وہ ولدالزنا ہوگی۔اور اگر وہ توبہ نہ کرے اس کی بیوی دوسری جگہ احتیاطا حاکم سے اجازت لے کر نکاح کرسکتی ہے۔چنانچہ صفحہ ۱۰۰ جلد اول عقود الدریہ فی تنقیح الفتاوی الحامدیہ میں ہے۔

و لو ارتد والعیاذ باللہ تحرم امراتہ و یجدد النکاح بعد اسلامہ وھو فسخ عاجلا فلا یحتاج الی قضاء ولا ینقص عدد الطلقات کما فی الدرالمختار ویعید الحج و لیس علیہ اعادۃ الصوم والصلوۃ و المولود بینھما قبل تجدید النکاح بالوطی بعدالتکلم

Marfat.com

**بکلمة الکفر ولد زنا ثم ان اتی بکلمة الشهادة علی العادة لا یجزیه مالم یرجع عما قاله[1]**

(ترجمہ: اگر کوئی شخص العیاذ باللہ مرتد ہو جائے تو اس کی بیوی اس پر حرام ہو جاتی ہے۔ اسلام قبول کرنے کے بعد اس کا نکاح از سرِ نو پڑھایا جائے گا۔ ارتداد سے فی الفور نکاح فسخ ہو جاتا ہے۔ لہٰذا قاضی کے فیصلے کی اس میں ضرورت نہیں ہے۔ اور نہ اس سے طلاق کی تعداد کم ہوتی ہے جیسا کہ درمختار میں ہے۔ ☆ دوبارہ ایمان لانے کے بعد وہ حج کا اعادہ کرے۔ روزے اور نماز کا اعادہ اس پر لازم نہیں ہے۔ کلمہ کفر بکنے اور دوبارہ ایمان قبول کرنے کے درمیان جماع سے جو اولاد پیدا ہوگی وہ ولد الزنا ہے۔ ☆ ارتداد کے بعد اگر عادت کے انداز میں کلمہ شہادت پڑھے تو وہ ایمان کے لیے کافی نہیں۔ جب تک اپنے بکے ہوئے کفر سے رجوع نہ کرے وہ مومن نہیں ہو سکتا۔) فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

✿✿✿✿✿

---

[1] تنقیح الفتاوی الحامدیه : جلد ۱، صفحه ۱۰۲، المکتبه الحبیبیه کوئٹه

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 241﴾

### سوال

گزارش ہے کہ حاجی وارث علی خان سوداگر کے بھائی حاجی عاشق الٰہی صاحب کا نواسا جس کی عمر قریب آٹھ دس ہوگی جس وقت جامع مسجد میں نماز پڑھنے آتا ہے نہایت شرارت کرتا ہے۔ بارہا منع کیا گیا کہ بڑے آدمیوں کی صف میں شریک نہ ہوا کرے۔ لڑکوں کی جماعت جو پیچھے کھڑی ہوتی ہے شامل ہو کر نماز پڑھے مگر باز نہیں آتا۔ جماعت میں شریک ہو کر کچھ ایسی حرکات کرتا ہے جو قریب کے کھڑے ہونے والوں کو ناگوار گزرتی ہیں۔ چنانچہ ۱۲ جولائی ۱۹۱۸ء کو وہ لڑکا عشاء کی جماعت میں شریک اپنی عادت کے موافق کچھ حرکات کرتا رہا۔ نماز ختم ہونے پر شیخ کلن میدہ فروش نے اس کی شکایت جناب امام صاحب سے کی۔ اس بات پر عبدالمجید سوداگر اور شیخ کلن صاحب میں کچھ تیزی کے ساتھ گفتگو ہونے لگی۔ جس کو اس وقت رفع کر دیا گیا۔ لیکن اکثر لوگ اس امر کے شاکی ہیں کہ اہل حدیث یعنی غیر مقلد کچھ عرصہ سے جامع مسجد میں نماز کے لیے آنے لگے ہیں ان کو روکنا چاہیے کہ آئندہ کسی قسم کا جھگڑا پیدا ہونے کا احتمال نہ رہے۔ اطلاعاً عرض ہے۔

۱۵ جولائی ۱۹۱۸ء

دلاور حسین موذن جامع مسجد آگرہ

جناب عالی

واقعی کئی شخصوں نے مجھ سے اس امر کی شکایت کی ہے کہ اہلِ حدیث کو ہماری مسجد میں نماز پڑھنے سے روک دینا چاہیے۔ مگر چونکہ اس کی بابت کمیٹی کا کوئی خاص حکم نہیں ہے اور نماز کے واسطے کسی شخص کو روک دینا کوئی معمولی بات نہیں ہے اس لئے اس طرف توجہ نہیں دی گئی۔ مگر اس واقعہ کے پیش آنے سے آئندہ اور جھگڑوں کے ہونے کا احتمال ہے۔ اس سبب سے بنا بر صدورِ حکمِ مناسب رپورٹِ موذن ارسالِ خدمت ہے۔ فقط

محمد ضیاء الاسلام امام مسجد اکبرآباد

۱۶ جولائی ۱۹۱۸ء

Marfat.com

فتویٰ لیا جائے کہ اہلِ حدیث کو مسجد جامع میں نماز پڑھنے سے روک دیا جائے یا نہیں۔

محمد عبدالغفار عفی عنہ ۱۷۔۷۔۱۹۱۸ء

# الجواب

## وھو الموفق للصواب

☆ اس زمانہ کے اہلِ حدیث جن کو زمانہ غدر میں وہابی کہتے تھے۔ پھر خطاب غیر مقلد کے ساتھ مشہور ہوئے بوجہ بدعت اور حرام کہنے تقلید کے امامِ معین کی ائمہ اربعہ رضوان اللہ علیہم سے غیر مقلد اور لامذہب کہلائے گئے۔ پھر اس منصب سے ناراض ہوئے۔ چونکہ فی الحقیقت اس طریقہ کے بانی کا نام محمد بن عبدالوہاب نجدی تھا ان لوگوں نے اپنا نام محمدی رکھا۔ اور ناواقف مسلمانوں کو یہ دھوکہ دیتے ہیں کہ ہم اپنے آپ کو محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ لہٰذا سچے محمدی ہم ہیں اور جو لوگ اپنے آپ کو حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی کہتے ہیں وہ بدعتی یا مشرک ہیں۔ وہ محمدی نہیں رہے۔ حالانکہ بمقابلہ یہود و نصاریٰ جب پوچھا جاتا ہے تو سب حنفی ہوں یا شافعی بلکہ روافض خارجی یہی کہتے ہیں کہ ہم محمدی ہیں۔ اور آپ میں جب پوچھا جاتا ہے تو کوئی محمدی کہتا ہے کہ میں حنفی ہوں یعنی تحقیقِ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے موافق قرآن و حدیث پر عمل کرتا ہوں۔ وعلیٰ ھذا دوسرا کہتا ہے میں شافعی ہوں۔ مگر جب یہ راز سربستہ مسلمانوں پر کھل گیا کہ فی الواقعہ محمدی کہنے سے ان کی غرض ہے یہ کہ ہم محمد بن عبدالوہاب نجدی کے پیروکار ہیں۔ جیسے علامہ شامی علیہ الرحمۃ اور مولانا شاہ عبدالعزیز علیہ الرحمۃ کے زمانہ میں حرمین شریفین پر چڑھائی کر کے وہاں کی تمام زیارتوں کو منہدم کر دیا تھا اور عام طور سے سادات کرام کو قتل کیا تھا۔ اور حضور سرور عالم ﷺ کی شان میں سخت گستاخیاں و بے باکیاں کیں۔ یہاں تک کہ لوگ اس فرقہ سے نفرت کرنے لگے۔ تو اب چند روز سے انہوں نے اپنا نام اہلِ حدیث رکھا ہے۔ ان کے متعلق عرصہ دراز ہوا کہ ایک فتویٰ باتفاقِ علماءِ دہلی، کانپور، لودھیانہ، دیوبند و علماء شہر اندور چھاؤنی اندور مصطفیٰ آباد عرف رام پور افغاناں، چونکہ بہت تحقیق کے ساتھ مع بیان عقائد و اعمال اس فرقہ کے بحوالۂ صفحہ و سطر ان کی نئی پرانی تصنیفات سے مرتب ہو کر مسمی بہ جامع الشواہد فی اخراج الوہابین عن المساجد

Marfat.com

شائع ہو چکا ہے۔ اور وہ اتفاق سے امام صاحب کے پاس نکل بھی آیا اور اسی کے موافق میری بھی تحقیق ہے۔ اور اسی کے مطابق میرے استاذ الاساتذہ حضرت مولانا وسیدنا ارشاد حسین صاحب قدس سرہ خلیفۂ ارشد حضرت شاہ احمد سعید رحمہ اللہ پیرِ طریقت نواب کلب علی خان صاحب مرحوم کی تحقیق ہے۔ لہٰذا وہی فتوی مطبوعہ مسمی بجامع الشواہد ارسالِ خدمت ہے۔ اس کو ملاحظہ فرمالیا جائے۔ اور اس کو بعینہ میرا ہی فتوی سمجھ لیا جائے۔ اس میں باتفاق جمیع علماءِ کرام اہل سنت و جماعت صاف گو' حق شنو' مصداق لا یخافون لومة لائم بھی لکھا ہے کہ جو حکم اہل سنت و جماعت کے نزدیک رافضی' خارجی' شیعہ وغیرہ کا ہے وہی حکم غیر مقلدوں کا ہے جو چند روز سے اپنے آپ کو اہل حدیث کہتے ہیں۔ جیسے ان کے آنے سے یقینِ فتنہ وفساد ہے اور خوف ناپاک کر دینے مسجد کا ہے ویسا ہی خوفِ فتنہ وفساد خوارج و روافض سے تھا۔ جب ان کا خوف یقینی ہو گیا مسجد اہل سنت میں آنے سے روافض و خوارج کو عموماً تمام جگہ منع کر دیا گیا۔ علی ھذا اکثر شہروں میں ان کو بھی منع کر کے فتنہ وفسادِ مسجد رفع کر دیا گیا ہے۔ اور جہاں ان کی ممانعت میں سستی کی گئی وہاں اول اول گو فتنہ وفساد کم ہوتا دیکھا گیا مگر رفتہ رفتہ جب چند لوگوں کو اپنا سا کر لیا میرا تجربہ ۳۰ سالہ ہے کہ پھر اتنا فساد بڑھتا کہ سرکار سے چارہ جوئی کرنی پڑتی ہے فرو نہیں ہوتا۔ اور پھر اس کا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ ایسی مسجد میں مصلینِ نماز بہت کم رہ جاتے ہیں۔ باہم اکثر جھگڑے ہوتے رہتے ہیں۔ اور چونکہ ان کے نزدیک پانی کتنا بھی کم ہو یا زیادہ کسی نجاست سے ناپاک نہیں ہوتا جب تک اس کا رنگ بو مزہ نہ بدل جائے۔ چنانچہ صفحہ ۶' ۷ طریقہ محمدیہ اور درر بہیہ ان کی معتبر کتابوں میں یہ مسئلہ موجود ہے اور حنفی بلکہ تمام نفیس مزاج اگر گھڑے بھر پانی میں ایک قطرہ پیشاب بھی گر جائے تو گھڑے تک کو ناپاک جانتے ہیں۔ خواہ رنگ' بو مزہ کچھ بھی نہ بدلے۔ لہٰذا باہم بعد واقف ہونے ان کی ایسی حرکات پر سخت جھگڑے ہو کر مسجدیں خراب اور ویران ہو جاتی ہیں لامحالہ ایسے لوگوں کا مساجدِ احناف سے روک دینا لازمی امر ہے۔

چنانچہ قرآن مجید میں اللہ جل شانہ اپنے کلام پاک میں فرماتا ہے:

و من اظلم ممن منع مساجد الله ان يذكر فيها اسمه و سعى فى خرابها اولئك

**ما کان لهم ان یدخلوها الا خائفین**[1]

(ترجمہ) کون بڑھ کر ظالم ہے اس شخص سے کہ مساجد اللہ کو اللہ اللہ کا نام ذکر کئے جانے سے منع کرے اور کوشش کرے مساجد کی خرابی میں ساتھ ساتھ فتنہ وفساد اور بیانِ عقائدِ فاسدہ اور اعمالِ خبیثہ کے۔ان کو لائق نہیں کہ بے دھڑک بلا خوف مسجد میں آسکیں۔

علامہ فخر الدین رحمہ اللہ صفحہ ۴۵ جلد اول کبیری (تفسیر کبیر) میں اس آیہ کی تفسیر میں فرماتے ہیں

**و هذ ایقتضی ان یمنعوا من دخول المسجد**[2]

یعنی اس آیت کا اقتضاء ہے کہ ایسے لوگوں کو مسجد میں آنے سے منع کر دیا جائے۔**واللہ اعلم**

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

---

[1] القرآن المجید: سورۃ البقرہ: آیت: ۱۱۴

[2] التفسیر الکبیر: جلد ۴، صفحہ ۴، المطبعۃ البھیہ المصریہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......242﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء ومفتیانِ شرع متین کہ عبدالقادر نے حضور سرورِ عالم ﷺ کی توہین کی۔ اور اس پر علما کا فتویٰ کفر کا آچکا ہے اور وہ توبہ سے انکار کرتا ہے۔ اس کا نکاح بھی عندالشرع ٹوٹ گیا یا نہیں؟ اس کا بھتیجا سراج احمد اس کا معاون ہے۔ اس کا نکاح بھی ٹوٹ گیا یا نہیں؟ اور اگر ٹوٹ گیا ہے تو ان کی مطلقہ بیبیوں کا نکاح دوسرے مسلمان سے جائز ہے یا نہیں؟ اور وہ اپنے مہر کی لین دار ہیں یا نہیں؟ اس کا جواب براہِ کرم جلد عطا فرمایا جائے۔ فقط

۹ ذی قعدہ ۳۶ھ

ملا محمد رمضان پیش امام بناپورہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم ارنا الحق حقا والباطل باطلا. اللھم لا تجعلنا من المداھنین فی الدین و ثبتنا علی الصراط المستقیم والدین القویم امین امین ثم امین۔

جناب رسالتِ مآب ﷺ کی شان میں جو شخص عالم ہو یا جاہل کلمۂ توہین و گستاخی قلم سے یا زبان سے نکال بیٹھے یا آپ کے کسی فرمان یا کسی قول وفعل کے ساتھ تمسخر کرے یا اس کو ہلکا جانے اور ذلیل سمجھے اور پھر اس سے توبہ نہ کرے اور نہ ان امورِ مذکور کو کفر سمجھے نہ اس کے مرتکب کو کافر جانے باوجود ہونے ان کلمات کے باتفاقِ اہلِ عرف کلماتِ توہین یا تمسخر یا استخفاف کرے تو وہ بلاشبہ وہ کافر ہے۔ اور جو اس کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔ بلکہ علامہ حصکفی رحمہ اللہ تو درمختار میں یہی تحریر فرماتے ہیں کہ اگر وہ توبہ بھی کرے تو حاکمِ اسلام پر لازم ہے کہ اس کی توبہ بھی قبول نہ کرے۔ اور اس کو حداً قتل کردے۔ مگر مذہب صحیح یہی ہے کہ نزدیک حنفیہ کے اس کی توبہ قبول کر کے قتل سے بچالیا جائے خصوصاً اس زمانہ میں کسی طرح حکمِ قتل نافذ نہیں ہو

Marfat.com

سکتا۔ ☆البتہ قبولِ توبہ یا انکار کرنے ان کلماتِ کفریہ سے اور جاننے ان کلمات کے کفراور اقرار کر لینے یا لکھ دینے اس امر کے کہ میں ان کلمات کو کلمات کفروارتداد سمجھتا ہوں جو شخص اس کو کافر نہ جانے بلکہ جو شخص اس کے کفر میں ذرا شک کرے وہ بھی کافر ہے۔اور جب وہ بھی کافر ہے تو اس کا نکاح بھی جاتا ہے۔

☆ اور چونکہ کلماتِ کفریہ کہہ کر انکار کرنا اور ان کلمات کے کلماتِ کفر ہونے کا اقرار کر لینا بھی قائم مقام توبہ ہے لہٰذا بعد انکار اور اقرار کر لینے اس امر کے کہ یہ کلمات جو میری طرف منسوب کیے گئے ہیں بلاشبہ کلماتِ کفر ہیں یا بعد توبہ کے پھر اس کو کافر کہنا بلاشبہ بڑے بڑے مجتہدوں کی تکفیر کرنا ہے۔اعاذنا الله و جميع المومنين منه.

چنانچہ صفحہ ۳۱۷ درمختار مطبوعہ علی ہامش ردالمحتار مصری کے جلد ثالث میں ہے:

و كل مسلم ارتد فتوبته مقبولة الا جماعة تكررت ردته على مامر والكافر بسب نبى من الانبياء فانه يقتل حدا ولا يقبل توبته مطلقا ولو سب الله تعالى قبلت لانه حق الله تعالى والاول حق عبد لا يزول بالتوبة و من شك فى عذابه و كفره كفر وتمامه فى الدرر فى فصل الجزية معزيا للبزازية و كذا لو أبغضه بالقلب فتح واشباه و فى فتاوى المصنف و يجب الحاق الاستهزاء والاستخفاف به لتعلق حقه ايضا[1]

(ترجمہ: ہر مسلمان جو مرتد ہو جائے اس کی توبہ قبول کی جائے گی لیکن اس جماعت کی توبہ قبول نہ کی جائے گی جس نے تکرار کے ساتھ ارتداد اختیار کیا۔☆نیز وہ شخص جو انبیائے کرام میں سے کسی نبی کو برا بھلا کہہ کر کافر ہوا ہو اس کو حد کے طور پر قتل کیا جائے گا اور اس کی توبہ بالکل قبول نہ کی جائے گی۔اور اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کو برا بھلا کہے تو اس کی توبہ قبول کی جائے گی۔کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کا حق ہے اور پہلا بندہ کا حق ہے جو صرف توبہ سے زائل نہیں ہوتا۔ نیز جو ایسے شخص کے عذاب اور کفر میں شک کرے وہ بھی کافر قرار دیا جائے گا۔اس کی پوری تفصیل الدرر کی فصل جزیہ میں ہے اور انہوں نے اس کی نسبت فتاوی بزازیہ کی طرف کی ہے۔اور یہ حکم اس شخص کا ہے جو اس کے ساتھ دل سے دشمنی کرے۔فتح القدیر' اشباہ' حضرت مصنف (علامہ تمرتاشی رحمۃ اللہ علیہ) کے فتاوی میں ہے کہ ٹھٹھا کرنے والے اور ہلکا جاننے والے کو بھی اس سے ملحق کرنا واجب ہے کیونکہ بندہ کا حق اس سے تعلق رکھتا ہے)

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۳' صفحہ ۳۱۷' مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

قال الشامی رحمه الله:

(قوله و تمامه فی الدرر) حیث قال نقلا عن البزازیة قال ابن سخنون المالکی اجمع المسلمون ان شاتمه کافر و حکمه القتل و من شک فی عذابه و کفر کفر الخ

قلت وهذه العبارة مذکورة فی الشفاء للقاضی عیاض المالکی نقلها عنه البزازی واخطا فی فهمها لان المراد بها ما قبل التوبة والالزم تکفیر کثیر من الائمة المجتهدین القائلین بقبول توبته و سقوط القتل بها عنه علی ان من قال یقتل و ان تاب یقول انه اذا تاب لا یعذب فی الآخرة کماصرحوا به و قدمناه آنفا فعلم ان المراد ماقلناه قطعا[1]

(ترجمہ: قولہ: اس کی پوری تفصیل الدرر میں ہے۔ کیوں کہ انہوں نے فتاوی بزازیہ سے نقل کرتے ہوئے فرمایا حضرت علامہ ابن سخنون مالکی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اہلِ ایمان کا اجماع ہے کہ انبیائے کرام میں سے کسی نبی کو گالی دینے والا کافر ہے۔ اور اس کا حکم قتل ہے۔ اور جو شخص اس کے عذاب اور کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ عبارت شفاء قاضی عیاض مالکی میں ہے انہوں نے اسے علامہ بزازی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے۔ اور اسے سمجھنے میں غلطی کی ہے۔ کیوں کہ مراد یہ ہے کہ توبہ کرنے سے پہلے اس کے حکم قتل ہے۔ ورنہ کثیر مجتہدین ائمہ کی تکفیر لازم آئے گی۔ جن کا یہ کہنا ہے کہ اس کی توبہ قبول ہوگی اور توبہ کے باعث اس سے سزائے قتل ساقط ہوجائے گی۔ علاوہ بریں جو یہ کہتے ہیں کہ اسے قتل کیا جائے گا اگرچہ وہ توبہ کرلے وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ جب اس نے توبہ کرلی تو آخرت میں اسے عذاب نہ دیا جائے گا۔ علماء نے اس کی تصریح فرمائی ہے۔ اور ہم نے تھوڑی دیر پہلے اسے ذکر کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مراد قطعی طور پر وہی ہے جو ہم نے بیان کی ہے) فقط واللہ اعلم بالصواب

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابومحمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبرآباد

[1] رد المحتار: جلد ۳، صفحہ ۳۱۷، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......243﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین و مفتیانِ شرعِ متین بابت اس مسئلہ کے کہ ایک شخص آنحضرت ﷺ کی ختم نبوت کا قائل نہیں ہے بلکہ اب بھی بعض لوگوں کو نبی مانتا ہے لہٰذا نص قطعی سے جواب باصواب دے کر ماجور ہوں۔ والسلام

## الجواب

### وھو الموفق للصواب

بسم الله الرحمن الرحيم .

حامدا ومصليا ومسلما. الحمد لله والصلوة على خاتم انبيائه ور سله و آله و صحبه و سلم اللهم رب زدني علما.

اللہ عزوجل اپنے کلام پاک میں ارشاد فرماتا ہے:۔

ماكان محمد ابا احد من رجالكم و لكن رسول الله و خاتم النبيين [۱]

(ترجمہ: اور اے لوگو! محمد (ﷺ) تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں۔ ہاں وہ اللہ تعالیٰ کے رسول اور سب نبیوں سے آخری نبی ہیں)۔

لہٰذا جو شخص حضور ﷺ کو خاتم الانبیاو المرسلین نہیں مانتا وہ منکر ہے اس آیتِ کلام اللہ کا۔ اور منکر ایک بھی آیتِ کلام اللہ کا کافر ہی نہیں بلکہ مرتد ہے۔ اور مرتد کے احکام بہ نسبت کافر کے بہت سخت ہیں۔

چنانچہ فتاویٰ عالمگیریہ میں ہے:

اذا لم يعرف الرجل ان محمدا صلى الله عليه وسلم آخر الانبياء عليهم و على

---

[۱] القرآن الحكيم سوره احزاب آيت ۴۰

Marfat.com

نبینا السلام فلیس بمسلم کذا فی الیتیمة [1]

(ترجمہ: جب کوئی آدمی نہ جانتا ہو کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں تو وہ مسلمان نہیں ہے۔ اور یتیمہ میں اسی طرح ہے)

وایضا فیہ

ویجب اکفار الزیدیة کلھم فی قولھم بانتظار نبی من العجم ینسخ دین نبینا و سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کذا فی الوجیز للکردری [2]۔

☆(ترجمہ: زیدیہ فرقہ کے تمام افراد کو کافر قرار دینا واجب ہے۔ کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ ہم عجم کے ایک نبی کے انتظار میں ہیں جو ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کو منسوخ کر دے گا۔ امام کردری کی وجیز میں اسی طرح ہے)۔

اور جب ایسے شخص کو کافر کہنا اور جاننا واجب ہے جو منتظر ہو اور مجوز ہو پیغمبرِ جدید کے آنے کا بعد نبی کے مستقل پیغمبر ہو کر تو ایسے شخص کا کافر جاننا ضروری واجب ہے، جو بالفعل کسی نبیِ مستقل کی موجودگی کا معتقد ہو۔ اور یہ جو عقیدہ اہلِ سنت کا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام قربِ قیامت میں تشریف لائیں گے وہ پیروِ شریعتِ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہو کر آئیں گے، نہ کہ بحیثیتِ نبیِ مستقل کے۔

حررہ: ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی

---

[1] الفتاوی العالمگیریہ جلد ۲ صفحہ ۲۶۳ مطبوعہ مصر

[2] الفتاوی العالمگیریہ جلد ۲ صفحہ ۲۶۴ مطبوعہ مصر

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......244﴾

## سوال

بخدمت مفتی صاحب انجمنِ اسلام آگرہ۔ مسئلہ حشمت اللہ صاحب بی ایل نے جو تقریر کی ہے ان کا اسلام بغیر ان مسلوں کے صاف طور پر ظاہر کئے ہوئے' جو جناب نے ان سے دریافت کئے' عندالشرع مقبول ہے یا نہیں؟۔

سائل: علیم الدین دیگر اہلِ اسلام آگرہ کناری بازار

۱۵ ستمبر ۱۹۱۶ء

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما.

یہ تو ظاہر ہے کہ باب اللہ' بہاء اللہ وغیرہ مدعیِ نبوت اور رسالت ہیں۔ اور اس وجہ سے وہ ایران وغیرہ سے شہر بدر کئے گئے۔ بہت کچھ مصیبتوں میں وہ اور ان کے پیروکار مبتلا ہوئے۔ چنانچہ یہ امر مسٹر صاحب کی مولفہ ومترجمہ اس کتاب سے بھی ظاہر ہے جس کو علی رؤس الاشہاد دکھلاتے تھے۔ اور مجھ سے جلسہ مسلم لبریری (لائبریری) میں بھی انہوں نے ان کو نعوذ باللہ نبی اور رسول برحق ہونے کے دلائل پیش کر کے گفتگو کی تھی۔ اور میں نے ان کو چپ کر دیا تو انہوں نے اس کا جواب مفصل لکھ کر بھیجنے کا وعدہ بھی کیا تھا جو باوجود تقاضہ اب تک نہیں پہنچا۔ اور ان کی مصنفہ کتاب البہائی مسمی بالواح بھی دکھائی تھی۔ چنانچہ اسی کتاب کے صفحہ 10 میں مسٹر صاحب خود لکھتے ہیں:۔

سید مرزا علی باب نے پیغمبری کا دعویٰ کیا ہے [1]

---

[1] الواح صفحہ مطبوعہ

Marfat.com

اورجلدِ ثانی فتاویٰ عالمگیریہ مطبوعہ مصر کے صفحہ 291 میں ہے:

**لو قال انا رسول الله اوقال بالفارسية من پيغمبرم يريديه من پيغام مى برم يكفر**[۱]

(یعنی اگر کوئی شخص معنی قاصد کے مراد لے اور یوں کہے کہ میں رسول اللہ یا پیغامبر ہوں تو وہ کافر ہو جائے گا)

اور مسٹر صاحب کی تحریر سے صاف ظاہر ہے' کہ محمد علی باب نے تو حقیقی پیغمبری کا دعویٰ کیا تھا نہ کہ بمعنی قاصد پر۔ اہل سنت والجماعہ حنفیوں کے نزدیک اس کے کفر میں کیا شک رہا؟ مگر مسٹر صاحب اسی کتاب کے صفحہ 267 مضمونِ نو کو لکھتے ہیں۔

البتہ ان کی یعنی محمد علی باب کی تاریخ ایسی ہے جس کو تفصیل کے ساتھ پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی زندگی میں بہت سے واقعات ایسے ضرور پیش آئے جیسے کہ پیغمبروں کو پیش آئے ہیں[۲]

اور پھر اسی کتاب میں اس قسم کے مضمون بہاء اللہ اور عبد البہاء کی نسبت لکھ کر اپنے آپ کو خادم ان مدعیان نبوت کا لکھا ہے چنانچہ لکھتے ہیں:۔

خادم میثاق بہا حشمت اللہ

اور بحر الرائق کے صفحہ 1033 جلد خامس میں ہے

**ان الرضا بكفر غيره كفر**[۳]

(یعنی دوسرے شخص کے کفر پر راضی رہنا یعنی اس سے نفرت نہ کرنا بھی کفر ہے)

پھر جو جھوٹے نبیوں کی تصدیق پر لوگوں کو کتابیں چھپوا کر' آمادہ ان کی طرف سے جواب کا ہوئے چنانچہ مسٹر صاحب کی کتاب کے صفحہ 1 سے ظاہر ہے۔ وہ جب تک ان لوگوں کے کفر کا اقرار نہ کرے اور ان کے دعویٰ نبوت کو کفر نہ جانے اور اپنے لکھے ہوئے امور سے توبہ نہ کرے' مجرد لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور

---

۱۔ الفتاوی العالم گیریہ جلد ۲ صفحہ ۲۶۳ مطبوعہ مصر

۲۔ الواح صفحہ مطبوعہ

۳۔ البحر الرائق: جلد ۵ صفحہ ۱۳۳ مطبوعہ دار المعرفہ بیروت

Marfat.com

سنی حنفی کہنے کے باوجود انکار کفران مدعیان نبوت کے شرعا کیسے مسلمان ہوسکتا ہے؟ ☆ کفر کو کفر کہنا حکمِ شریعت بیان کرنا ہے۔ ہرگز گالی نہیں۔ البتہ پیغمبر و نبی کو کافر کہنا بہت بری گالی ہے کہ جس سے آدمی مسلمان نہیں رہتا۔ چنانچہ بموجب اپنے عقیدہ کے مسٹر صاحب نے فرمایا کہ میں کسی کو گالی نہیں دیتا۔ یہ جواب مختصر ہے۔ اگر تفصیل کی ضرورت (ہو) تو مع حوالہ دیگر کتب مفصل لکھ دیا جائے گا۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی، مفتی

مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......245﴾

## سوال

آباؤ اجدادِ پیغمبر علیہ السلام کے غیر مسلم ہونے میں مصلحتِ الٰہی کیا تھی؟

## الجواب

☆ آباؤ اجدادِ آنحضرت ﷺ شائبۂ کفر و شرک سے پاک تھے۔ سب موحد تھے اور آنحضرت پر ایمان لانے کا زمانہ انہوں نے نہ پایا۔ اس میں حضور کی رفعتِ شان منظور تھی۔

جیسا کہ قرآن شریف میں موجود ہے:۔

**ووجدک ضالا فھدی ووجدک عائلا فاغنی(۱)**

(ترجمہ: اور آپ کو آپ کے رب نے اپنی محبت میں کھویا ہوا اور خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی اور آپ کو حاجت مند یا عیال دار پایا تو غنی کر دیا)

گویا یہ شبہ بھی حضور کی ذات اقدس سے مرفوع کر دیا کہ شاید تعلیمِ ابوین سے حضور کو علم و ادب آیا ہو۔ اس واسطے ارشاد ہے

**ادبنی ربی فاحسن تادیبی(۲)۔**

(ترجمہ: مجھے میرے رب نے ادب سکھایا لہٰذا اس نے مجھے اچھا ادب سکھایا۔)

سبحان اللہ یہ جلالتِ شان محض افضالِ الٰہی ہے۔

**کتبہ المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ**

---

(۱) القرآن الحکیم : سورۃ الضحیٰ ' آیت نمبر ۷ ' ۸

(۲) الجامع الصغیر مع فیض القدیر جلد ۱ صفحہ ۲۲۴، مطبوعہ: دار المعرفت بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......246﴾

## سوال

عدل کیا ہے؟ اور عادل کے درجات بیان فرمائے جائیں۔

جناب مولوی غلام محی الدین خاں صاحب

امام مسجد شاہجہاں پور ۱۷ دسمبر ۱۹۱۵ء

## الجواب

عدل بمعنی انصاف جس کا بیان قرآن شریف میں ہے۔

ان اللہ یحب المقسطین[1]۔

(ترجمہ: بلاشبہ اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے)

اس کا صلہ لاریب جنت ہے۔

اور عدل جو باصطلاحِ محدثین وفقہا ہے اس کے معنے یہ ہیں کہ کسی شخص کی اچھائیاں اس کی برائیوں پر غالب ہوں۔ وہاں پر باعتبارِ حسنِ ظنِ مرحوم ہے۔

قرآن شریف میں ہے۔

الذین یجتنبون کبائر الاثم والفواحش الا اللمم ان ربک واسع المغفرۃ۔[2]

(ترجمہ: جو لوگ صغیرہ گناہوں کے علاوہ کبیرہ گناہوں اور بے حیائیوں سے اجتناب کرتے ہیں بلاشبہ تمہارا پروردگار وسیع بخشش والا ہے۔)

لمم بمعنے گناہِ خفیف یا ارتکابِ گناہ مجبوراً وغیرہ کے ہیں۔

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

[1] (۱) القرآن الحکیم : سورۃ المائدہ : آیت ۴۲
(۲) القرآن الحکیم : سورۃ الحجرات: آیت ۹

[2] القرآن الحکیم سورۃ النجم : آیت ۳۲

Marfat.com

# حظر و اباحت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 247﴾

## سوال

مصافحہ ایک ہاتھ سے سنت ہے یا دونوں ہاتھ سے؟ بعض حدیثوں میں ایک ہاتھ سے معلوم ہوتا ہے۔

بینوا بالتحقیق.

سائل: رفعت اللہ خان افجان محلہ شاہ جہاں پور

۱۰ مارچ ۱۹۱۶ء

## الجواب

### هو المصوب

مصافحہ باتفاقِ علماء وفقہاء دونوں ہاتھ سے سنت ہے۔ چنانچہ حدیث معجم طبرانی میں ہے۔

**قال علیه السلام اذا تصافح المسلمان لم تفرق اکفهما حتی یغفر لهما[۱].**

(ترجمہ: نبی پاک ﷺ نے فرمایا جب دو مسلمان آپس میں مصافحہ کرتے ہیں تو ان کی ہتھیلیاں الگ ہونے سے پہلے ان کی بخشش کردی جاتی ہے)

پس اگر ایک ہاتھ سے مصافحہ ہوتا تو کفاهما ہوتا لفظ اکفهما جس کے معنے ہاتھوں کے ہیں اور دو سے زائد کو شامل ہے نہ ہوتا۔

اور بخاری میں حضرت امام نے لکھا ہے کہ

**صافح حماد بن زید بن المبارک بیدیه.[۲]**

---

[۱] ا الجامع الصغیر مع شرحه فیض القدیر جلد اول صفحه ۳۱۸ بحواله طبرانی فی الکبیر مطبوعه دار المعرفة بیروت

اا المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۸ صفحه ۲۸۱ حدیث رقم ۸۰۷۶

مطبوعه دار احیاء التراث الاسلامی بیروت

[۲] صحیح البخاری جلد ۲ صفحه ۹۲۶ نور محمد اصح المطابع کراچی

Marfat.com

حماد (بن زید نے حضرت ابن مبارک سے) دونوں ہاتھ سے مصافحہ کیا۔

پس معلوم ہو کہ زمانہ تابعین بھی دونوں ہاتھ سے رائج تھا۔

اور جس حدیث میں آیا ہے کہ حضرت نے ایک ہاتھ کو دونوں ہاتھوں میں لے کر تعلیم فرمائی ١ تو ظاہر ہے کہ یہ مصافحہ ملاقات کا نہ تھا بلکہ تعلیم کے وقت ایک ہاتھ یا کلائی یا سر پکڑ کر شاگرد کو استاد سمجھاتا ہے۔ اس سے مصافحہ ایک ہاتھ سے سنت ہونے کا نشان نہیں۔ اور جہاں لفظِ ید آیا ہے اس سے مراد اسمِ جنس دونوں ہاتھ ہوتے ہیں۔ جیسے کہ ابوداؤد میں ہے۔

ضرب بیده علی الارض ١ (فی االتیمم) ٢

ترجمہ: آپ نے اپنا ہاتھ زمین پر مارا (یہ حدیث باب التیمم میں ہے)

ظاہر ہے کہ ایک ہاتھ کو زمین پر مارنے سے تیمم جائز نہیں اور اس طرح اکثر مقام پر یہ تصریح وارد ہے۔ اور غیر مقلدین اکثر احادیث سے بوجہ کم مہارت سیاقِ عبارتِ عرب و قرینۂ استعمال وغیرہ اولٹے معنے کر دیتے ہیں۔ فقط

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

---

١ وہ حدیث مبارکہ یوں ہے۔

قال ابن مسعود علمنی النبی ﷺ التشهد و کفی بین کفیه

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کے مجھے نبی کریم ﷺ نے تشہد سکھایا جب کہ میری ہتھیلی آپ کی دونوں ہتھیلیوں کے درمیان تھی۔ (صحیح البخاری جلد ٢ صفحه ٩٢٦ نور محمد اصح المطابع کراچی)

٢ i سنن ابی داؤد جلد اول صفحه ٥٢ مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان

ii سنن ابی داؤد جلداول صفحه ١٢٩ رقم الحدیث ٣٢١ مطبوعه دارالکتب العلمیة بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......248﴾

## سوال

مصافحہ بعدِ نماز جو معمول بعض جگہ ہے یہ سنت ہے یا نہیں۔ کیوں کہ مصافحہ کا سنت ہونا معمول ہے۔ حضرت مولانا عبدالحی رحمۃ اللہ علیہ لکھنوی نے اس کی بابت خلافِ طریقۂ سلفِ صالح لکھا ہے[1]۔ اور بعض فقہا نے بدعت و مباحہ فرمایا ہے۔ تحقیق کیا ہے؟۔

۱۳ اپریل ۱۹۱۶ء

مولوی مطیع اللہ القریشی بوٹ مال جامع مسجد

## الجواب

### ھو المصوب

مصافحہ عند اللقاء سنتِ موکدہ ہے۔ بعض فقہا نے اس واسطے اس میں تعیین و تخصیص کو جائز رکھا ہے۔

مرقاۃ میں ہے:۔

**نعم لو دخل احد فی المسجد والناس فی الصلوة او علی ارادة الشروع فیها فبعد الفراغ لو صافحهم لکن بشرط سبق السلام علی المصافحة فهذا من جملة المصافحة المسنونة انتهی[2].**

(ترجمہ: ہاں اگر کوئی شخص مسجد میں اس وقت آئے جب لوگ نماز میں مصروف ہوں یا اسے شروع کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں تو نماز سے فراغت کے بعد اگر ان سے مصافحہ کرے لیکن شرط یہ ہے کہ مصافحہ سے پہلے سلام کہے تو یہ صورت مسنون مصافحہ سے ہے۔)

---

[1] تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعۃ الفتاوی جلد دوم صفحہ ۴۵، ۴۶
مطبوعہ ملک سراج الدین اینڈ سنز کشمیری بازار لاہور

[2] مرقاۃ شرح مشکوۃ جلد ۹ صفحہ ۷۴ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

Marfat.com

پس صورت جائز مصافحہ بعد الصلوۃ یہ ہے کہ جو شخص ایسے وقت نماز میں آیا کہ سلام و مصافحہ ابتدا نہ کر سکا تو بعد نماز اول السلام علیکم کہے اور مصافحہ کرے تو بالاتفاق جائز ہے۔ اور اگر ابتداء سے داخل ہو کر سلام و کلام و قیام وغیرہ کیا اور پھر بعد نماز اس نے مصافحہ کرنا شروع کیا تو یہ صورت بالاتفاق مکروہ اور بدعتِ مذمومہ ہے۔

مرقاۃ میں ہے:

**و قد يكون جماعة يتلاقون من غير مصافحة و يتصاحبون بالكلام ومذاكرة العلم وغيره مدة مديدة ثم اذا صلوا يتصافحون فاين هذا من السنة المشروعة و لهذا صرح بعض علمائنا بانها مكروهة و انها من البدع المذمومة**[1]

(ترجمہ: کبھی ایسے ہوتا ہے لوگ بغیر مصافحہ کے ایک دوسرے سے ملاقات کرتے ہیں اور باتیں کرنے، علم کا تذکرہ کرنے کے لیے دراز مدت تک بیٹھے رہتے ہیں اور جب نماز ادا کرتے ہیں تو مصافحہ کرتے ہیں یہ کہاں کی مشروع سنت ہے لہٰذا ہمارے بعض علماء نے تصریح فرمائی ہے کہ یہ عمل مکروہ ہے اور یہ مذموم بدعات سے ایک ہے)

پس روایاتِ بالا سے فرق سنت و بدعت ظاہر ہو گیا۔

**فسارعوا الى الخير**

(ترجمہ: نیکی کی جانب ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کر) و

**قال عليه السلام :**

☆ **العمل القليل من السنة خير من عمل كثير فى بدعة**[2]

☆ (ترجمہ: سنت کا تھوڑا سا عمل، بدعت کے بہت سے عمل سے بہتر ہے)

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

---

[1] المرقاة شرح المشكوة جلد ۹ صفحه ۷۴ مطبوعه مكتبه امداديه ملتان

[2] الجامع الصغير مع شرح فيض القدير جلد ۴ صفحه ۳۶۲ مطبوعه دار المعرفه بيروت میں درج ذیل الفاظ سے یہ حدیث موجود ہے:
عمل قليل فى سنة خير من عمل كثير فى بدعة

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......249﴾

## سوال

جو شخص حاسد اور کینہ ور ہو اور جوابِ سلام نہ دے۔ اور توقع سلام کی دوسرے سے رکھے۔ اور خود سلام نہ کرتا ہو۔ اس کے سلام کا جواب نہ دینے سے یا اس کو سلام نہ کرنے سے شرعاً گناہ ہے؟۔

جناب مولوی غلام محی الدین خان صاحب

امام جامع مسجد، شاہجہاں پور۔ ۱۷ دسمبر ۱۵ء

## الجواب

جو حاسد اور متکبر ہو اور اس کو سلام نہ کرنا چاہئے۔ کیوں کہ حدیث میں ہے۔

☆ التکبر مع المتکبر عبادة. (۱)

(ترجمہ: تکبر کرنے والے کے ساتھ تکبر کرنا عبادت ہے)

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

(۱) موضوعات کبیر صفحہ ۳۱ مطبوعہ مجتبائی دھلی
میں بلفظ: التکبر علی المتکبر صدقة ہے۔

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......250﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین کہ مرد کو رنگ پہننا کون سا درست ہے؟ کتابوں میں کسمی زعفرانی رنگ مرد کو حرام لکھا ہے۔ باقی رنگ سبز و پختہ و خام کون سا جائز ہے یا نا جائز؟۔

سائل: مولوی علاء الدین

نگلہ، پرگنہ نگلا حسن ضلع کھیڑی اودھ

۲۲/ فروری ۱۹۱۶ء

### الجواب

مرد کو سوائے زعفرانی اور کسم اور سرخ رنگ کے کوئی رنگ مکروہ نہیں۔ ہاں جس میں مشابہت عورتوں کی ہو جاوے یا کوئی بدعت مل جاوے تو وہ مکروہ سمجھا جائے گا۔ جس طرح ماتم میں سیاہ لباس پہننا یا ایسا چمک دار کہ جس سے زنانہ پن معلوم ہو مرد کو نہ چاہئے۔ اسی طرح موزہ سوائے سیاہ کے سفید یا سرخ خالص نہ پہنے عالم گیریہ میں ہے:۔

**ویکرہ للرجل ان یلبس الثوب المصبوغ بالعصفر و الزعفران والورس کذا فی قاضی خان. وعن ابی حنیفة لا باس بالصبغ الاحمر والاسود کذافی الملتقط** [۱]

ترجمہ: عصفر، زعفران اور ورس سے رنگا ہوا کپڑا پہننا مرد کے لیے مکروہ ہے۔ قاضی خان میں اسی طرح ہے حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ سرخ اور سیاہ رنگ میں کوئی حرج نہیں)

**ولا یجوز صبغ الثیاب اسود او اکھب تاسفا علی المیت** [۲]

---

[۱] فتاوی عالم گیریہ جلد ۵ صفحہ ۳۳۲ مطبوعہ مصر

[۲] فتاوی عالم گیریہ جلد ۵ صفحہ ۳۳۳ مطبوعہ مصر

Marfat.com

ترجمہ: سیاہ رنگ اور مٹیالے رنگ کے کپڑے میت پر افسوس کے اظہار کے لیے پہننا جائز نہیں ہے۔

**والخف الاحمر خف فرعون والخف الابیض خف ھامان والخف الاسود خف العلماء**[۱] .

☆(ترجمہ: فرعون کے موزے سرخ رنگ کے تھے، ہامان کے موزے سفید رنگ کے تھے اور سیاہ رنگ کے موزے علماء کے موزے ہوتے ہیں) واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

[۱] فتاوی عالم گیریہ جلد ۵ صفحہ ۳۳۴ مطبوعہ مصر

Marfat.com

## فتویٰ نمبر......251

### سوال

پھول کا گجرا گلے میں پہننا درست ہے یا نہیں؟۔ امام کو عید کی نماز پڑھانے کے بعد روپیہ پیسہ جو مقتدی دیں لینا جائز ہے یا نہیں؟

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

پھولوں کا ہار پہننا اور ☆ مقتدی خوشی سے جو نذر کریں اس کا لینا جائز ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم و علمہ اتم

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......252﴾

## سوال

اجنبی مرد کا جھوٹا پانی یا کھانا اجنبی عورت کو پینا کھانا جائز ہے یا ناجائز؟ اسی طرح اجنبی عورت کو اجنبی مرد کا؟

۲۵ جمادی الثانیہ

احمد علی ساکن فرخ آباد

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

مکروہ ہے چنانچہ صفحہ ۳۰۲ در مختار مطبوعہ مع رد المحتار میں ہے

**یکرہ للمرأۃ سور الرجل وسورھا لہ**[1]

(ترجمہ: عورت کے لیے اجنبی مرد کا جھوٹا اور مرد کے لیے اجنبی عورت کا جھوٹا مکروہ ہے)

**قال الشامی رحمہ اللہ:**

**(قولہ ویکرہ) تقدمت المسئلۃ فی الطھارۃ فی بحث الاسار والعلۃ فیھا کما ذکرہ فی المنح ھناک ان الرجل یصیر مستعملا لجزء من اجزء الاجنبیۃ وھو ریقھا المختلط بالماء وبالعکس فیما لو شربت سورہ و ھو لا یجوز وقدمنا الکلام ھناک فراجعہ و قال الرملی رحمہ اللہ یجب تقییدہ بغیر الزوجۃ والمحارم**[2]

---

[1] الدر مختار مع رد المحتار: جلد ۵، صفحہ ۳۰۲، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[2] رد المحتار: جلد ۵، صفحہ ۳۰۲، ۳۰۳، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

(ترجمہ: قولہ: مکروہ ہے۔ یہ مسئلہ کتاب الطہارت میں جھوٹے پانیوں کے احکام میں گذر چکا ہے۔ اور کراہت کا باعث اس میں جیسا کہ المنح میں اسی مقام پر فرمایا کہ ایسی صورت میں مرد اجنبی عورت کے اجزاء میں کچھ جو کہ اس کا پانی میں ملا ہوا تھوک ہے کے استعمال کرنے کا مرتکب ہو گیا۔ اگر عورت پانی پیئے تو اس کا عکس ہوگا جو کہ جائز نہیں ہے۔ اس پر گفتگو پہلے ہم کر چکے ہیں اس کی طرف رجوع کیجئے۔ امام رملی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اس حکم کو بیوی اور محرم عورتوں کے علاوہ دیگر مستورات کے ساتھ مقید کرنا ضروری ہے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی ر

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......253﴾

## سوال

ہندو یا مسلمان سود خوار کی دعوت کھانا جب کہ علاوہ کاروبار سودی کے، وہ کاشتکاری پیشہ بھی ہو جائز ہے کہ نہیں؟

۱۷ رمضان ۱۳۳۶ھ

## الجواب

**بسم اللہ الرحمن الرحیم۔**

اگر زیادہ آمدنی طریقِ حلال سے ہے اور کم حرام سے تو اس کی دعوت کھانا جائز ہے۔☆ اگر زیادہ آمدنی مالِ حرام سے ہے اور کم حلال سے تو اس کی دعوت کھانا بلاشبہ حرام اور ناجائز ہے۔

چنانچہ صفحہ ۳۴۸ جلد خامس فتاوی عالم گیریہ مطبوعہ مصر میں ہے:

**اهدى رجل شيئا او اضافه ان كان غالب ماله من الحلال فلا باس به الاان يعلم بانه حرام فان كان الغالب هو الحرام ينبغي ان لا يقبل الهدية و لا ياكل الطعام الا ان يخبره بانه حلال ورثته او استقرضته من رجل كذا في الينا بيع[1]**

(ترجمہ: کسی آدمی نے کوئی چیز تحفہ دی یا اس نے دعوت کی اگر اس کا زیادہ تر مال حلال ہے تو اسے قبول کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ اور اگر اسے یقین ہو کہ وہ حرام ہے تو قبول کرنا درست نہیں ہے۔ اور اگر اس کا زیادہ تر مال حرام ہے تو مناسب یہ ہے کہ نہ ہدیہ قبول کرے اور نہ ہی کھانا کھائے۔ ہاں اگر وہ اسے بتادے کہ وہ حلال ہے اور میں نے اسے وراثت میں پایا ہے یا میں نے کسی آدمی سے قرض لیا تو قبول کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے)

اسی فتاوی کے ۳۷۹ میں ہے:

---

[1] الفتاویٰ العالم گیریہ : جلد ۵، صفحہ ۳۴۲، مطبوعہ مصر

Marfat.com

لا یجیب دعوة الفاسق المعلن لیعلم انه غیر راض بفسقه و کذا دعوة من کان غالب ماله حرام ما لم یخبر انه حلال و بالعکس یجیب ما لم یتبین عنده انه حرام کذا فی التمرتاشی[۱]

(ترجمہ: اعلانیہ فسق و فجور میں مبتلا آدمی کی دعوت قبول نہ کرے تاکہ اسے معلوم ہو جائے کہ وہ اس کے فسق پر راضی نہیں ہے۔ یہی حال ایسی دعوت کا ہے اگر اس کا زیادہ تر مال حرام ہو تو قبول نہ کرے جب تک وہ اسے بتانے دے کہ یہ حلال مال سے ہے۔ اور معاملہ اگر اس کے عکس ہو تو قبول کرلے جب تک اس پر واضح نہ ہو کہ یہ حرام مال ہے۔ ایسی صورت میں قبول نہ کرے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی ر
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

[۱] الفتاویٰ العالم گیریہ : جلد ۵، صفحہ ۳۴۳، مطبوعہ مصر

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......254﴾

## سوال

ہولی کے دن چندہ کر کے (جلسہ [1]) کرنا اور ہنود سے چندہ لینا اور کھانا وغیرہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اگر دوسرے روز کریں تو کیا حکم ہے؟ مگر ہنود کھانے میں شرکت نہیں کریں گے۔ جلسہ میں وعظ میں ہمارے افراد سے کرایا جائے۔

۱۹ مارچ ۱۹۱۶ء

فصیح اللہ پارچہ فروش علی حسن کلی

نواب خان امراؤ شیخ محمد خلیل سوداگران بان منڈی و جامع مسجد

## الجواب

### ھو المصوب

غیر مذہب کے تہوار ہولی، دوالی وغیرہ میں تعظیم و خوشی کرنا مسلمان کو منع ہے۔ کیوں کہ شبہ اور شرکت گناہ میں لازم آتی ہے۔ اور بطورِ خود چندہ کرنا، کھانا، سیر و شکار نہیں اور اہلِ ہنود کو چندہ میں شریک کرنا اور ان کو کھانے میں شریک نہ کرنا خلافِ اخلاق ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

لا یاکل طعامك الا تقی [2]۔

یعنی اپنا کھانا نیک کو کھلا دے

اور خود بھی کھانا نیک مرد کا کھائے اور حالت بے اختیاری اس سے مستثنٰی ہے۔ لہٰذا سیر اور کھانا اور وعظ یہ سب امر ہولی اور غیر ہولی (ہندوؤں کے تہوار) سب میں مسلمانوں کو جائز نہیں۔ صرف تشبہ ہنود کے باعث منع ہے۔ واللہ اعلم و حکمه احکم۔

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ

---

[1] لفظ "جلسہ" اندازہ سے لکھا گیا ہے اصل مخطوط سے یہ لفظ پڑھا نہ جا سکا۔ مرتب عفی عنہ

[2] مسند احمد جلد ۳ صفحہ ۳۸ مطبوعہ المکتب الاسلامی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......255﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں مسماۃ بوجہ نااتفاقی خاوند کے اپنے والدین کے ہاں بیٹھ رہے۔ عرصہ پانچ ماہ کا گزرجائے اس عرصہ میں چند بار بلایا نہ آئی۔ وارثانِ مسماۃ مقتضی اس امر کے ہوں کہ خاوندِ مسماۃ' مکان مسماۃ کے نام لکھ دے یا فارغ خطی مسماۃ کو دے۔ لہٰذا استفتا پیش کیا جاتا ہے امورین میں کوئی ایک خاوند پر لازم ہے؟ اگر دونوں نہ ہوں یعنی نہ مکان لکھے نہ فارغ خطی دے اس حالت میں کوئی قصور خلاف شرعی ذاتِ مسماۃ سے صادر ہو اس کا گناہ اوپر ذات مسماۃ کے ہے یا خاوند کے ذمہ بھی عائد ہوگا۔؟

۲۸صفر۱۳۴۳ھ

زمان خان محلہ ماڑ دروازہ آگرہ

## الجواب

هو الموفق للصواب

بسم الله الرحمن الرحيم.

اللهم رب زدني علما

صورتِ مسئولہ میں شوہر پر نہ فارغ خطی دینا لازم ہے☆اور نہ تحریر ہبہ نامۂ مکان بنام مسماۃ لازم ہے۔اور جو گناہ کرے گا وہ اس کی سزا پائے گا۔مرتکبِ گناہ کے سوا دوسرا اس کی سزا نہیں پا سکتا۔

قرآن مجید میں اللہ جل شانہ فرماتا ہے:۔

ولا تزر وازرة وزر اخرى[۱]

---

[۱] i. القرآن المجید سورہ الانعام . آیت نمبر ۱۶۴
ii. القرآن المجید سورۃ الاسراء : آیت نمبر ۱۵
iii. القرآن المجید سورہ الزمر : آیت نمبر ۷
iv . القرآن المجید سورہ النجم : آیت نمبر ۳۸

Marfat.com

(ترجمہ: کوئی اٹھانے والے کسی دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گا)

البتہ باوصفِ قدرت اگر شوہر اپنی زوجہ کو امورِ مخالفِ شرعی سے منع نہ کرے گا نہ منع کرنے کی سزا میں ماخوذ ہوگا۔

☆ الا کلکم راع و کلکم مسئول عن رعیتہ[1]

(ترجمہ: خبردار! تم میں سے ہرایک حکمران ہے اور تم میں سے ہرایک سے اس کی رعیت کے بارے میں پوچھا جائے گا)

فرمان سید الانس والجان ﷺ ہے۔

اور اگر وہ یقیناً واقف ہے کہ یہ زنا کرتی ہے اور غیر مردوں سے ملتی رہتی ہے اور پھر اس کو طلاق نہ دے اور اس کو امورِ شنیعہ پر تنبیہ نہ کرے مستحق اس حدیث صحیح کا ہوگا۔ جو مشکوٰۃ شریف میں ہے کہ اہلِ موقف جنت کی خوشبو ستر ہزار برس کے فاصلہ سے سونگھ لیں گے مگر دیوث کو خوشبو جنت نہ پہنچے گی[2]۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی مفتی مسجد جامع اکبر آباد

---

[1] صحیح البخاری: باب الجمعۃ فی القری والمدن حدیث رقم ۸۹۳ مطبوعہ شرکۃ دار ارقم بیروت

ii. صحیح البخاری باب العبد راع فی مال سیدہ حدیث رقم ۲۴۰۹ مطبوعہ شرکۃ دار ارقم بیروت

نوٹ: یہ حدیث پاک بخاری شریف میں درج بالا مقامات کے علاوہ کتاب الوصایا، کتاب العتق، کتاب النکاح، کتاب الاحکام میں، مسلم شریف کی کتاب الامارۃ، سنن ابوداؤد کی کتاب الامارۃ، جامع ترمذی کی کتاب جہاد وغیرہ کتب میں موجود ہے۔ ملاحظہ ہو المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی جلد ۲ صفحہ ۲۸۳ مطبوعہ لیڈن۔

[2] النہایہ جلد ۲ صفحہ ۱۴۸ مؤسسہ مطبوعاتی اسماعیلیان ایران میں یہ الفاظ ہیں:

تحرم الجنۃ علی الدیوث۔

یہی الفاظ غریب الحدیث امام ابن جوزی کی جلد اول صفحہ ۳۵۵ مطبوعہ دار البار مکہ مکرمہ میں بھی ہیں۔

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......256﴾

## سوال

کیا مسجد میں سوال کرنا اور سوال کرنے والے کو دینا ناجائز ہے یا مکروہ یا حرام؟ شرع شریف کا اس بارہ میں کیا حکم ہے؟ مع نام کتاب وصفحہ سے آگاہی فرمائیں۔

غلام نبی بازار آگرہ۔

۲۷ ربیع الاول ۱۳۳۵ھ

## الجواب

بعض فقہا کے نزدیک اگر سائل مسجد میں صفوں میں گشت نہ لگائے اور لوگوں پر چڑھتا نہ پھرے تو اس کو دینا جائز لکھتے ہیں۔ مگر قولِ مختار یہی معلوم ہوتا ہے کہ مطلقا مسجد میں سوال کرنا حرام ہے۔ اور مسجد میں سوال کرنے والے کو دینا مکروہ ہے۔

چنانچہ درمختار میں ہے:۔

**و یحرم فیه السوال و یکره الاعطاء مطلقا و قیل ان تخطی**[۱]

(ترجمہ: مسجد میں سوال کرنا حرام ہے اور سوال کرنے کو دینا ہر صورت میں مکروہ ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ اگر لوگوں کی گردنیں پھلانگے تو دینا حرام ہے)

مگر شامی علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر صفوں میں لوگوں پر چڑھتا نہ پھرے تو دینا جائز ہے

**حیث قال رحمه الله فی صفحة ۴۸۸ من رد المحتار المصری**

**یکره اعطاء سائل المسجد الااذا لم یتخط رقاب الناس فی المختار لان علیا تصدق بخاتمه فی الصلوة فمدحه الله تعالیٰ ویوتون الزکوة و هم راکعون**[۲]۔

---

۱ الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۲ ، صفحه ۳۷۵ بیروت

۲ رد المحتار : جلد ۲ ، صفحه ۳۷۵ بیروت

Marfat.com

(ترجمہ: مسجد میں مانگنے والے کو دینا مکروہ ہے۔ لیکن مختار یہ ہے کہ اگر لوگوں کی گردنیں نہ پھلانگے تو دینا جائز ہے۔

☆ کیوں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنی انگوٹھی نماز کی حالت میں صدقہ کردی۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے ان کی مدح یوں فرمائی وہ زکوۃ حالتِ رکوع میں ادا کرتے ہیں۔ المائدہ ٦٥)

**وھکذا فی صفحہ ٥٦٨ من غنیۃ المستملی المطبوعۃ فی المطبع المجتبائی الدھلی** ١

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی

مفتی جامع مسجد اکبرآباد

---

١ غنیۃ المستملی : صفحہ ٥٦٨ مطبوعہ دیوبند

نوٹ: اس کی عبارت یوں ہے

وعلم مما تقدم حرمۃ السوال فی المسجد لأنہ کنشدان الضالۃ والبیع ونحوہ وکراھۃ الاعطاء لأنہ یحمل علی السوال وقیل إذا لم یتخط الناس ولم یمر بین یدی مصل والاول احوط

ترجمہ: ماقبل بحث سے معلوم ہوا کہ مسجد میں سوال کرنا مکروہ ہے۔ کیونکہ یہ گم شدہ چیز کو تلاش کرنے اور بیع وغیرہ کی مانند ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ سائل کو دینا بھی مکروہ ہے۔ کیونکہ اسے بھی سوال کے حکم پر محمول کیا جائے گا۔ بعض علماء نے فرمایا کہ سوال کرنا اور سائل کو دینا مکروہ نہیں جب کہ وہ لوگوں کی گردنیں نہ پھلانگے اور نمازیوں کے سامنے سے نہ گذرے لیکن پہلا قول احوط ہے۔

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 257﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک مسجد کا جماعت خانہ بہ نسبت صحن کے بلندی پر واقع ہے جس میں چڑھنے اترنے کو پختہ سیڑھی بنی ہوئی ہے۔ سیڑھی کے اُٹھان کی جگہ میں ایک پتھر پر عربی حروف میں رمضان المبارک کندہ کرا کر چن دیا گیا ہے۔ جماعت خانہ میں آنے جانے والے اس پر قدم رکھ کر آتے جاتے ہیں۔ اس صورت میں علماءِ دین کے نزدیک کیا حکم ہے۔ بے ادبی اور گناہ ہوتا ہے یا نہیں؟ زید جو عالم اور سید کہلاتا ہے اور اس مسجد کا پیش امام بھی ہے کہتا ہے' کہ اس میں کسی قسم کی بے ادبی نہیں ہوتی کیوں کہ دو منزلہ مکان میں ماتحت کے درجہ میں قرآن شریف' احادیث' فقہ کی کتابیں رکھی ہوں اور دوسرے درجہ پر جانا چلنا پھرنا کسی طرح منع نہیں ہے۔ اور آج تک اس کو کسی نے منع نہیں کیا۔ اور اس کے بام پر ہر کس آتا جاتا ہے۔ ان صورت میں جو حکم ہے وہ اس سیڑھی کے لیے بھی ہے۔ اور عمر جو ایک نو وارد عالم (ہے) وہ کہتا ہے کہ اس پتھر کو یہاں سے نکال دینا چاہئے کیوں کہ یہ کلمات قرآنی ہیں اور کلماتِ قرآن کا ادب لازمی ہے اور عمداً اس کی بے ادبی کرنا یا کرانا خارج از ایمان ہونے کی علامت ہے۔ دیگر تفسیر کبیر وکتاب غایۃ المواعظ سے اللہ کا نام بتلاتا ہے اور اللہ کے نام کی عمداً بے ادبی کرنا اور کرانا خود گمراہ ہونا اور لوگوں کو گمراہ کرنا ہے۔ لہٰذا دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس میں کون حق پر ہے زید یا عمر؟ بحوالہ کتب وعبارت وصفحات مفصل تحریر فرمادیں۔

اور زید کے اصرار نے دو اڑھائی سال سے اس پتھر کندہ شدہ کلماتِ رمضان المبارک کی شب وروز بے ادبی کی اور لوگوں سے کرائی۔ اس کا وبال کا مستحق کون ہوگا؟ کلماتِ قرآن کی وجہ سے بے ادبی ہوگی یا نہیں؟ اور عمداً کلماتِ قرآن یا اسماءِ الٰہی کی بے ادبی کرنے سے بے ادبی نہیں ہوتی ایسا دھوکہ دے کر فتویٰ دینے والے کی بابت کیا حکم ہے۔ اس کو مسلمان سمجھا جائے یا نہیں؟ اس کے ہاتھ کا ذبیحہ کھانا اور اس سے نکاح پڑھوانا اور اس کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ اور اس پتھر کو نکالنا چاہئے یا نہیں؟

سیٹھ حاجی حسن صدیق موتی والا بازار

Marfat.com

# الجواب

بسم الله الرحمن الرحيم۔

اللھم رب زدنی علما۔ ارنا الحق حقا والباطل باطلا۔

صفحہ ۱۲۰ جلد دوم تفسیر کبیر میں ہے

اختلفوا فی رمضان علی وجوہ أحدھا قال مجاھد انه اسم الله تعالی و معنے قول القائل شھر رمضان ای شھر اللہ وروی عن النبی ﷺ انه قال لا تقولوا جاء رمضان و ذھب رمضان و لکن قولوا جاء شھر رمضان و ذھب شھر رمضان.☆ فان رمضان اسم من اسماء اللہ تعالی[1].

یعنی حضرت مجاہد مفسر فرماتے ہیں کہ رمضان اللہ کا نام ہے اور آنحضرت ﷺ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا یوں مت کہا کرو کہ رمضان آیا رمضان گیا بلکہ یوں کرو مہینہ رمضان کا یعنی اللہ کا مہینہ آیا اور مہینہ رمضان کا گیا ☆اس واسطے کہ رمضان ایک نام ہے من جملہ ان ناموں کے جو اللہ کے ہیں۔

علاوہ ازیں تفسیر عزیزی اور نزھۃ المجالس وغیرہ دوسری کتب میں بھی یہ مضمون نظر سے گزرا ہے۔

اور غنیۃ الطالبین میں حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے تو منقول ہے کہ:

☆ جمیع حروف تہجی من جملہ اسماءِ الٰہی اللہ کے نام ہیں۔ چنانچہ صفحہ ۱۰۲ غنیة الطالبین مطبوعہ لاہور مترجم میں ہے:۔

روی عن النبی ﷺ انه قال لعثمان بن عفان لما سال عن اب ت ث إلی آخر الحروف فقال الالف من اسم الله الذی ھو اللہ والباء من اسم الله الذی ھو الباری والتاء من اسم اللہ الذی ھو المتکبر والثاء من اسم اللہ الذی ھو الباعث والوراث حتی اتی آخرھا وذکر کلھا من اسماء اللہ و صفاته عز وجل غیر مخلوقة و قال النبی ﷺ فی حدیث علی

---

[1] التفسیر الکبیر : جلد ۵ صفحه ۹۱ مطبوعه ایران.

کرم اللہ وجہہ لما سال عن معنی ابجد ہو زحطی الی آخرہا یا علی الاتعرف تفسیر ابجد و الالف من اسم اللہ عز وجل ہو اللہ و الباء من اسم اللہ الذی ہو الباری و الجیم من اسم اللہ الذی ہو الجلیل إلی آخرہا فذکر النبی ﷺ انہا من اسماء اللہ تعالیٰ[1]

(ترجمہ: نبی کریم ﷺ سے مروی ہے کہ آپ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے فرمایا جب انہوں نے الف' باء' تاء' ثاء' الخ کے بارے میں دریافت کیا تو فرمایا کہ الف اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک کا حصہ ہے جو اللہ ہے۔ باء اللہ تعالیٰ کے نام مبارک باری کا حصہ ہے۔ حتیٰ کہ آپ ﷺ نے تمام حروف کو آخر تک شمار فرمایا اور بیان فرمایا کہ یہ تمام اللہ تعالیٰ کے اسماء اور صفات کا حصہ ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث مبارک میں فرمایا جب انہوں نے تمام حروف' ابجد کے معنی دریافت کیے اے علی! کیا تم ابجد کی تفسیر جانتے ہو الف اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک کا حصہ ہے جو اللہ ہے الخ اس طرح نبی پاک ﷺ نے ذکر فرمایا کہ یہ تمام حروف اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارکہ کا حصہ ہیں)

اسی واسطے فقہاء دیوارِ مسجد وغیرہ پر مطلقاً لکھنے سے منع فرماتے ہیں اس خوف سے کہ کبھی یہ حروف گر جائیں اور پاؤں سے مسلے جائیں چنانچہ صفحہ ۴۹۰ درمختار مطبوعہ مصر علی ہامش ردالمحتار میں ہے

لا ینبغی الکتابۃ علی جدرانہ[2]

(ترجمہ: مسجد کی دیواروں پر نہیں لکھنا چاہیے)

قال الشامی رحمہ اللہ

أی خوفا من ان یسقط و توطا[3]

(ترجمہ: اس خوف کے باعث کہ کتابت شدہ الفاظ گر پڑیں گے اور پاؤں تلے روندے جائیں گے)

---

[1] غنیۃ الطالبین : جلد اول صفحہ ٦١ مطبوعہ مکتبہ خاور لاہور

[2] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ١ صفحہ ٤٩٠ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[3] رد المحتار : جلد ١ صفحہ ٤٩٠ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

ہاں البتہ اگر اس استحکام سے لکھا جائے کہ پاؤں سے کھندنے اور بے ادبی کا احتمال نہ ہو جیسے اکثر عمارتِ شاہیوں میں آیاتِ قرآنی کندہ ہیں اور اکثر مساجد میں تاریخیں کندہ ہوتی ہیں مضائقہ نہیں۔

بہرنہج مقصودِ فقہاء یہ ہے کہ توہین وتذلیلِ آیات وحروف نہ ہو☆اسی بنا پر بعض فقہاء کرام تحریر فرماتے ہیں کہ قبل از غسل میت کے پاس قرآن مجید پڑھنا مکروہ ہے چنانچہ صفحہ ۶۲۱ درمختار میں مذکور ہے:

**و تکره القراءة عنده حتی یغسل**[1]

☆(ترجمہ: میت کے پاس قرآن مجید پڑھنا مکروہ ہے جب تک اسے غسل نہ دے دیا جائے)

**عبارة الزیلعی**

**حتی یغسل**[2]

(ترجمہ: جب تک اس کو غسل نہ دے دیا جائے میت کے پاس قرآن مجید پڑھنا مکروہ ہے)

**و عبارة النهر**

**قبل غسله**[3]

(ترجمہ: غسل سے قبل میت کے پاس قرآن مجید پڑھنا مکروہ ہے)

☆ اور فتاوی عالم گیری میں فتاوی سراجیہ سے منقول ہے کہ نشانہ پر فرعون یا ابوجہل کا نام لکھ کر اس پر تیر لگانا بھی مکروہ ہے اس واسطے کہ حروف تہجی جن سے یہ نام مرکب ہیں واجب الحرمت ہیں۔

چنانچہ صفحہ ۳۰ فتاوی عالم گیری میں ہے:۔

**اذا کتب اسم فرعون او کتب ابوجهل علی غرض یکره ان یرموا الیه لان لتلک الحروف حرمة کذا فی السراجیة**[4]

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۳ صفحه ۷۹ دار التراث العربی بیروت

[2] تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق للزیلعی : جلد اول صفحه ۲۳۵ مکتبه امدادیه ملتان

[3]

[4] الفتاوی العالم گیریه جلد ۵ صفحه ۳۲۳ مطبوعه مصر

Marfat.com

(ترجمہ: جس کسی نشانہ پر فرعون یا ابو جہل کا نام لکھ دیا جائے تو اس کی جانب تیر اندازی کرنا مکروہ ہے کیوں کہ ان حروف کی حرمت وعزت ہے۔ سراجیہ)

اور مثل روایت مذکورہ درمختار صفحہ ۳۵۸ عالم گیریہ میں ہے

و لو کتب القرآن علی الحیطان و الجدران بعضهم قالو یرجی ان یجوز[1]

☆ (ترجمہ: قرآن مجید کو اگر چار دیواریوں یا دیواروں پر لکھا جائے تو بعض علماء نے فرمایا امید ہے کہ یہ جائز ہوگا)

مگر یہ اسی صورت میں ہے جب خوف بے ادبی نہ ہو ورنہ اس کے بعد تحریر فرماتے ہیں:

و بعضهم کرهوا ذلک مخافة السقوط تحت اقدام الناس کذا فی فتاوی قاضی خان[2]

(ترجمہ: بعض علمائے کرام نے دیواروں پر قرآنِ مجید لکھنے کو اس خوف کے باعث مکروہ قرار دیا ہے کہ وہ کتابت شدہ نقوش لوگوں کے قدموں کے نیچے کریں گے۔)

☆ اور صورتِ مذکورہ میں صراحۃً بے ادبی و تذلیل اسمِ رمضان ہے گو رمضان کا لفظ پاؤں کے نیچے نہیں آتا مگر جس کھڑے پتھر پر کندہ ہے اس کی اوپر سیڑھی پر تو پاؤں رکھے جاتے ہیں۔ اور فقہا یہاں تک تحریر فرماتے ہیں کہ اگر جزدان میں احادیث یا کتبِ فقہ لپٹی ہوں اور اس جزدان کو سرہانے رکھ کر سونے سے حفاظت مقصود نہ ہو بلکہ مجرد تکیہ لگانا مقصود ہو جب بھی باوجودیکہ کتبِ فقہ اور احادیث اس کپڑے میں چھپے ہوتے ہیں اور پاؤں کے نیچے بھی نہیں آتے بلکہ سر کے نیچے رکھے جاتے ہیں مطلقاً مکروہ تحریر فرماتے ہیں۔ اور مطلقاً کراہت امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ کراہت تحریمہ پر محمول ہوتی ہے چنانچہ صفحہ ۳۵۷ عالم گیریہ میں ہے:

متعلم معه خریطة فیها کتب من اخبار النبی ﷺ او کتب ابی حنیفة او غیره فتوسد بالخریطة قصد الحفظ لا یکره و ان لم یقصد الحفظ یکره کذا فی الذخیره[3]

---

[1] الفتاوی العالم گیریہ جلد ۵ صفحہ ۳۲۳ مطبوعہ مصر

[2] الفتاوی العالم گیریہ جلد ۵ صفحہ ۳۲۳ مطبوعہ مصر

[3] ایضا

Marfat.com

☆(ترجمہ: طالب علم کے پاس تھیلا ہو اس میں احادیثِ مبارکہ یا امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر ائمہ کرام کی کتب ہوں اس تھیلے کو حفاظت کی نیت سے سرہانہ کے طور پر استعمال کرنا مکروہ نہیں ہے اور اگر حفاظت کی نیت نہ ہو تو پھر سرہانہ بنانا مکروہ ہے)

الحاصل کتب دینی اور اسماءِ جناب باری تعالیٰ یا حروفِ تہجی واجب الحرمۃ ہیں اگر بغرضِ حفاظت صندوق میں بحالتِ سفر رکھ کر اس پر بیٹھ جائے یا حجرہ میں بغرضِ حفاظت رکھے اور اس کی چھت پر بیٹھے یا بغرضِ حفاظت سر کے نیچے رکھنے میں مضائقہ نہیں۔اور بلا ضرورتِ حفاظت اگر اس طرح رکھے جائیں کہ ان کی توہین و تذلیل ہو قطعاً ناجائز اور حرام ہے۔

چنانچہ صفحہ مذکورہ عالم گیریہ میں ہے:۔

**التوسد بالكتاب الذى فيه الاخبار لا يجوز الاعلى نية الحفظ كذا فى الملتقط ووضع المصحف تحت راسه فى السفر للحفظ لا باس به و بغير الحفظ يكره كذا فى خزانة الفتاوى**[1]

(ترجمہ: ایسی کتاب کو سرہانہ بنانا جس میں احادیثِ مبارکہ ہوں جائز نہیں ہے۔ہاں اگر حفاظت کی نیت سے ہو تو جائز ہے۔ملتقط۔سفر میں قرآن مجید کو حفاظت کی خاطر سرہانہ بنانے کوئی حرج نہیں ہے لیکن حفاظت کی نیت کے بغیر مکروہ ہے۔خزانۃ الفتاویٰ)

**فى صفحة ٢٣٧**

**كل مكروه أى كراهة تحريم حرام أى كالحرام فى العقوبة بالنار عند محمد رحمه الله و عندهما إلى الحرام اقرب انتهى مختصرا**[2]

(ترجمہ: ہر مکروہ یعنی مکروہ تحریمی دوزخ میں سزا کے معاملہ میں حرام کی مانند ہے۔یہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کا قول

---

[1] الفتاوى العالم گیریه جلد ۵ صفحه ۳۲۲ مطبوعه مصر

[2] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۹ صفحه ۴۰۹ دار احياء التراث العربى بيروت

Marfat.com

ہے اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک حرام کے قریب ہے)

قال الشامی رحمة الله:

قوله كراهة تحريم و هى المرادة عند الاطلاق كما فى الشرح و قيده بما اذا كان فى باب الحظر و الاباحة[۱]

(ترجمہ: قولہ: مکروہ تحریمی الخ اور جب مکروہ بولا جائے اور اس کے ساتھ کوئی قید نہ ہو تو پھر یہی مراد ہوتا ہے جیسا کہ شرح میں ہے اور اسی میں ہے یہ حکم اس وقت ہے جب کہ یہ لفظ باب الحظر والاباحہ میں ہو)

اور ظاہر ہے یہ مسائل باب الکراهة والحظر والاباحة شامی اور عالمگیریہ نقل کئے گئے ہیں۔

لہٰذا اس پتھر کو نکلوا کر توہین و تذلیلِ اسماءِ الٰہی سے توبہ کرنا ضرور ہے۔ واللہ اعلم

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی

مسجد جامع اکبر آباد

---

[۱] رد المحتار: جلد ۱ صفحہ ۴۰۹ ایضا

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......258﴾

## سوال

تعویذ موم جامہ میں سلا ہوا ہو اگر بوقتِ بیت الخلا ساتھ چلا جائے یا حالتِ غسل میں بازو وغیرہ میں بندھا ہو تو اس میں کوئی ممانعت شرعی تو نہیں ہے؟

## الجواب

اگر تعویذ میں آیتِ کلام اللہ یا اللہ کا نام ہے تو باوجود موم جامہ کے بھی اس کو پاخانہ میں لے جانا مکروہ ہے اور اگر اس کو باندھے ہوئے پاک جگہ میں بیٹھ کر پیشاب کرے تو جائز ہے۔ مگر نہانے کی حالت میں چونکہ پانی مستعمل کا اس تک اثر کرنا یقینی ہے لہٰذا اس حالت میں باندھے رہنا قطعاً ناجائز ہے۔

چنانچہ صفحہ ۳۵۸ جلد خامس عالم گیریہ مصری میں ہے:۔

**سئل الفقیہ ابو جعفر رحمہ اللہ عمن کان فی کمہ کتاب فجلس للبول یکرہ. ذلک قال ان کان ادخلہ مع نفسہ المخرج یکرہ و ان اختار لنفسہ مبالا طاھرا فی مکان طاھر لا یکرہ کذا فی المحیط[1]**

(ترجمہ: فقیہ ابو جعفر رحمۃ اللہ علیہ سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس کی آستین میں کتاب ہو پھر وہ پیشاب کرنے کے لیے بیٹھ گیا یہ اس کے لیے مکروہ ہے؟ تو آپ نے فرمایا اگر اس نے کتاب کو اپنے ساتھ بیت الخلاء میں داخل کیا تو مکروہ ہے اور اگر اس نے پیشاب کرنے کے لیے پاک جگہ کو پیشاب گاہ بنایا تو مکروہ نہیں محیط)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبرآباد

---

[1] الفتاویٰ العالم گیریہ : جلد ۵، صفحہ ۳۲۳، مطبوعہ مصر

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......259﴾

## سوال

ایک شخص قرآن ناظرہ پڑھا ہوا ہے۔اور لڑکوں کو پڑھاتا ہے۔مسائل اردو اور ہندی میں پڑھاتا ہے کیا ہندی پڑھانا حرام یا ناجائز یا جائز؟

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

مطلقا ہندی پڑھنا پڑھانا یا کوئی اور زبان کا بقدرِ کاروائیِ امورِ دنیا جائز ہے بشرطیکہ بطریق کفر نہ پڑھائی جائے یعنی بجائے بسم اللہ گنیش یا رام چندر وغیرہ کا نام بطریق عظمت نہ پڑھایا جائے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......260﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین دربارہ ایسے عالم کے جو اپنی کتاب میں یہ عمل لکھتا ہے اور اس کے کرنے کی عام مسلمانوں کو اجازت دیتا ہے کہ فلاں آیۂ کلام اللہ انگور کے پتہ پر لکھ کر بغرضِ امساک ران پر باندھنا درست ہے۔ دوسرا شخص اس کی تائید میں کہتا ہے کہ یہ مولانا اشرف علی صاحب نے بہشتی زیور میں لکھا ہے۔ اس پر لوگ اعتراض کرتے ہیں۔

فتاوی عالم گیریہ اور قاضی خان اور فتاوی بزازیہ میں تو یہاں تک لکھا ہے کہ اگر کسی کے نکسیر سے خون آتا ہو اور وہ بند نہ ہوتا ہو اسے خون سے پیشانی پر قرآن کی آیت لکھے شفا ہوگی۔ کہا اس کو ابو بکر اسکاف نے اور بعض کا قول ہے کہ اگر قرآن کو پیشاب سے لکھے تو بھی حرج نہیں ہے مگر اس میں شفا ہو اور مردار کی کھال پر قرآن کا لکھنا درست ہے۔ نعوذ باللہ منھا

۲۱ شوال ۳۶ھ

مولوی تاج محمد ساکن قائم گنج حال مقیم

فیروز آباد ضلع اکبر آباد

## الجواب

وھو الموفق للصواب:

اللھم رب زدنی علما.

صفحہ ۳۵۸ جلد خامس من فتاوی العالمگیریہ ' کتاب الکراھیة باب خامس فی آداب المسجد والمصحف و ماکتب فیہ شیء من القران او کتب اسم اللہ تعالی میں ہے۔

کتابة القران علی ما یفترش و یبسط مکروھة کذا فی الغرائب بساط او مصلی

Marfat.com

كتب عليه الملك لله يكره بسطه والقعود عليه واستعماله و على هذا قالوا لا يجوز ان يتخذ قطعة بياض مكتوب عليه اسم الله تعالى علامة فيما بين الاوراق لما فيه من الابتذال باسم الله تعالى و لو قطع الحرف من الحرف او خيط على بعض الحروف فى البساط او المصلى حتى لم تبق الكلمة متصلة لم تسقط الكراهة و كذالک لو كان عليها الملک لا غير و كذالک الالف وحدها و اللام وحدها كذا فى الكبرى اذا كتب اسم فرعون او كتب ابو الجهل على غرض يكره ان يرموا اليه لان لتلک الحروف حرمة كذا فى السراجية ؎۱

(ترجمہ: قرآنِ مجید کو ایسی چیز پر لکھنا جسے بچھونا بنایا جاتا ہو یا زمین پر بچھایا جاتا ہو مکروہ ہے۔ الغرائب' بچھونا یا مصلی جس پر الملک للہ (بادشاہت اللہ کی ہے) لکھا ہوا سے بچھانا یا اس پر بیٹھنا اور اس کا استعمال مکروہ ہے۔ ☆ اور اسی بنا پر علمائے کرام نے فرمایا (کاغذ کا) سفید ٹکڑا جس پر اللہ تعالیٰ کا نام لکھا ہوا سے اوراق کے درمیان بطور نشانی کے رکھنا جائز نہیں ہے۔ کیوں کہ اس میں باری تعالیٰ کے نام کی توہین ہے۔ ☆ اور اگر بچھونے یا مصلی پر لکھے ہوئے ان کلمات سے ایک حرف کو دوسرے سے الگ کر دیا جائے یہاں تک کہ ایک کلمہ متصل نہ رہے تب بھی کراہت ساقط نہیں ہوتی۔ ☆ یہی حکم ہے جب اس پر الملک لکھا ہو اس کے سوا کچھ اور نہ لکھا ہو یا الف یا لام اکیلا لکھا ہو۔ کبریٰ ☆ فرعون یا ابو جہل کا نام کسی نشانہ لگانے کی جگہ پر لکھا ہو اس کی طرف تیراندازی مکروہ ہے۔ کیونکہ ان حروف کی ایک حرمت ہے۔ سراجیہ)

وايضا فيه فى آخر تلک الصفحة :

ولا يجوز فى المصحف الخلق الذى لا يصلح للقراة ان يحلد به القرآن ؎۲

☆ (ترجمہ: بوسیدہ قرآنِ مجید جو پڑھنے کے لائق نہ رہے اس کے اوراق سے قرآنِ مجید کو جلد کرنا جائز نہیں ہے)

---

؎۱ الفتاوى العالم گيريه : جلد ۵ ' صفحه ۳۲۳ ' مطبوعه مصر

؎۲ الفتاوى العالم گيريه : جلد ۵ ' صفحه ۳۲۳ ' مطبوعه مصر

Marfat.com

☆ بلکہ ابتداء صفحۂ مذکورہ میں فتاوی قاضی خان سے تو جن پیسوں پر اللہ تعالیٰ کا نام لکھا ہوا ہے ان کو بھی بلا طہارت ہاتھ میں لینا مکروہ ہے۔

**ویکرہ لمن لا یکون علی الطهارة ان یاخذ فلو سا علیها اسم الله تعالی کذا فی فتاوی قاضی خان[1]**

☆ (ترجمہ: جو شخص طہارت کے ساتھ نہ ہوا سے ایسے پیسوں کو پکڑنا جن پر اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک ہو مکروہ ہے)

اندریں صورت ظاہر ہے کہ فقہائے کرام کے نزدیک ایک ایک حرف قران سے جب اس درجہ تعظیم مدنظر ہے کہ اگر نشانہ پر ابو جہل یا فرعون لکھا ہو تو نامِ فرعون و ابو جہل چونکہ مرکب ہے ان حروف تعظیم سے بلحاظ تعظیم ان حروف کے اس کی طرف تیر پھینکنا تک جائز نہیں رکھتے۔ تو بغرضِ تحصیلِ خواہشِ نفسانی بلاشبہ مولوی اشرف علی لکھیں یا کوئی اور آیۂ کلام اللہ کو انگور کے پتہ پر خواہ کاغذ پر لکھ کر ران پر باندھنا ہرگز ہرگز جائز نہیں ہوسکتا۔

☆ اب رہا یہ امر جو فقہا پر بلا فہم مقصود اتہام رکھا گیا ہے کہ فتاوی عالمگیریہ اور خانیہ اور بزازیہ میں پیشاب سے یا خونِ نکسیر سے آیۂ کلام اللہ کو لکھنا جائز لکھا ہے اس کی مثال بعینہ ایسی ہے جیسے **و انتم سکاری** کی قید کو علیحدہ کر کے کوئی کہے کہ قرآنِ مجید میں اللہ جل شانہ فرماتا ہے:۔

**ولا تقربوا الصلواة[2]**

ترجمہ: نماز کے قریب نہ جاؤ۔

اور اس طریق سے دلیل پکڑے اس امر پر کہ قرآن شریف سے ثابت ہے کہ نماز پڑھنا تو درکنار نماز کے قریب جانا بھی درست نہیں۔ **نعوذ بالله من تلک الاتهامات والافهام الکاسدات**

اس واسطے کہ صفحہ ۳۹۱ جلد خامس کتاب الکراھیۃ باب ثامن عشر فتاوی عالمگیریہ میں ہے:

---

[1] الفتاوی العالم گیریه : جلد ۵، صفحه ۳۲۳، مطبوعه مصر

[2] القرآن مجید : سورة النساء : آیت نمبر ۴۳.

Marfat.com

اعلم بان الاسباب المزيلة للضرر تنقسم الى مقطوع به كالماء المزيل لضرر العطش والخبز المزيل لضرر الجوع والى مظنون كالفصد والحجامة و شرب المسهل وسائر ابواب الطب اعنی معالجة البرودة بالحرارة و معالجة الحرارة بالبرودة وهی الاسباب الظاهرة فی الطب والى موهوم كالكی والرقية اما المقطوع به فليس تركه من التوكل بل تركه حرام عند خوف الموت و اما الموهوم فشرط التوكل تركه اذ به وصف رسول الله صلی الله علیه وسلم المتوكلين اما الدرجة المتوسطة وهی المظنونة كالمداوة بالاسباب الظاهرة عند الاطباء ففعله ليس مناقضا للتوكل [1]

☆(ترجمہ: وہ اسباب جونقصان اور تکلیف کوزائل کرنے والے ہیں (ان کی تین قسمیں ہیں)

(۱) یقینی طور پرضرر کوزائل کرنے والے جیسے پانی کہ پیاس کی تکلیف کوزائل کردیتا ہے اورروٹی جو بھوک کی تکلیف کوختم کردیتی ہے۔

(۲) ظنی اسباب مثلاً فصد لگوانا' پچھنے لگوانا' جلاب آور دوا کا پینا اور طب کے تمام ابواب یعنی سردی کا علاج گرمی سے اور گرمی کا علاج سردی سے کرنا۔ اور یہ طب میں ظاہر اسباب ہیں۔

(۳) موہوم اسباب۔ جیسے اعضاء کوداغنا' تعویذ لینا' ان میں سے یقینی اسباب کوترک کرنا توکل نہیں ہے۔ بلکہ اگرموت کا خوف ہوتو ان کا ترک حرام ہے۔ موہوم اسباب میں توکل کی شرط یہ ہے کہ ان کوچھوڑ دیا جائے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی صفت کے ساتھ توکل کرنے والوں کی تعریف فرمائی ہے۔ باقی رہے درمیانی درجے کے اسباب جوکہ ظنی ہیں مثلاً حکماء کے نزدیک ظاہر اسباب کے ساتھ علاج کرنا تو یہ توکل کے منافی نہیں ہیں)

یعنی وہ اسباب جودافع ضررِ انسانی ہیں اگر وہ یقینی ہیں ان کا چھوڑنا موجب گناہ ہے بلکہ بوقتِ خوفِ موت ان کاارتکاب لازم اورواجب ہوجاتا ہے۔

---

[1] الفتاوى العالم گيريه : جلد ۵' صفحه ۳۵۵' مطبوع مصر

Marfat.com

چنانچہ قرآن مجید میں اللہ جل شانہ فرماتا ہے۔ چھٹے سپارے کے پانچویں رکوع میں ہے:۔

فمن اضطر فی مخمصة غیر متجانف لاثم فان اللہ غفور رحیم[1]

(ترجمہ: لہٰذا جو مجبور ہو جائے بھوک میں اور گناہ کی طرف جھکنے والا نہ ہو تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے)

قال العلامة ابو السعود الحنفی رحمة اللہ فی تفسیر المطبوعه علی هامش الکبیر فی صفحة ۳۵۷ :

قوله تعالی فمن اضطر متصل بذکر المحرمات ای فمن اضطر الی تناول شیء من هذه المحرمات فی مخمصة ای مجاعة یخاف لها الموت او مبادیه غیر متجانف لاثم قیل غیر مائل و منحرف الیه بان یاکلها تلذذاً او مجاوزاً حد الرخصة او ینتزعها من مضطر آخر کقوله تعالی غیر باغ ولا عاد فان الله غفور رحیم لا یواخذه بذالک بناء علیه

(ترجمہ: قولہ: پس جو شخص مجبور ہو جائے الخ یہ محرمات کے متصل بعد ہے یعنی جو شخص ان حرام چیزوں میں سے کسی کے کھانے پر ایسی بھوک کی حالت میں مجبور ہو جائے جس کے باعث موت یا اس کے مبادی کا خوف ہو لیکن وہ گناہ کی طرف مائل ہونے والا اور اس کی جانب جھکنے والا نہ ہو اس طرح سے کہ اسے لذت حاصل کرنے کے لیے کھائے یا رخصت کی حد سے زیادہ کھائے یا کسی اور مجبور سے چھین کر کھائے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا غیر باغ یعنی نہ وہ بغاوت کرنے والا اور نہ ہی حد سے تجاوز کرنے والا ہو تو اللہ تعالیٰ بخشنے والا اور رحم فرمانے والا ہے یعنی اس کے کھانے کی بنا پر اس سے مواخذہ نہ فرمائے گا)

صفحہ ۳۹۱ فتاوی عالمگیریہ میں تحریر فرماتے ہیں

یجوز للعلیل شرب الدم والبول واکل المیتة للتداوی اذا أخبره طبیب مسلم ان شفاءه فیه و لم یجد من المباح ما یقوم مقامه و ان قال الطبیب یتعجل شفاء ک فیه و جهان[2]

---

[1] القرآن المجید : سورة المائده : آیت ۳،

[2] الفتاوی العالم گیریه : جلد ۵، صفحه ۳۵۵، مطبوعه مصر

Marfat.com

☆ یعنی اگر طبیب یہ کہدے کہ یقیناً اس بیمار کو بغیر پیشاب پینے کے یا مردار کھانے کے کبھی شفاء نہ ہوگی اور کوئی ایسی مباح دواء نہیں رہی کہ جس سے امیدِ شفا ہو۔ تو اندریں صورت پیشاب پینا یا مردار کھانا بقدرِ دواء جائز ہے۔ اور اگر یہ کہے کہ شفاء کی اور بھی جائز دوا ہونے کی امید ہے مگر پیشاب اور مردار سے امید ہے جلد شفاء ہو جائے تو بموجب آیۃ مذکورہ صحیح روایت یہی ہے کہ جائز نہیں۔

خلاصہ یہ کہ اگر کسی ظالم سے خوف جان جانے کا یقینی ہو اور زبان سے کلمہ کفر کہہ دینے سے جان بچ جائے اور دل میں ایمان راسخ ہو تو کلمۂ کفر تک کہہ دینے کی قرآنِ مجید سے رخصت ثابت ہے چنانچہ سپارہ چار دھم بیسویں رکوع میں ہے۔

من کفر من بعد ایمانه الامن اکره و قلبه مطمئن بالایمان و لکن من شرح بالکفر صدراً فعلیهم غضب من الله ولهم عذاب عظیم [۱]

(ترجمہ: جو شخص اپنے ایمان لانے کے بعد کافر ہو جائے مگر جس کو کلمہ کفر کہنے پر مجبور کیا جائے لیکن اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو لیکن جس نے کھولا سینہ کفر کے ساتھ تو ان لوگوں پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے غضب اور ان کے لیے بہت بڑا عذاب ہے)

اور صفحہ ۷۷ ۳ جلد سادس تفسیر ابو مسعود مذکور میں ہے تفسیر آیۃ مذکورہ میں

روی ان مسلیمة الکذاب اخذ رجلین فقا ل لاحدهما ما تقول فی محمد ﷺ قال رسول قال فما تقول فی قال فانت ایضا فخلاه وقال للاخر ما تقول فی محمد ﷺ قال رسول الله قال فما تقول فی قال أنا اصم فاعاد ثلاثا فاعا دجوابه فقتله فبلغ ذالک رسول الله صلی الله علیه و اله وصحبه و سلم فقال اماالاول فقد اخذ برخصة الله تعالی و اما الثانی فقد صدع بالحق[۲]

---

[۱] القرآن العظیم : سورة النحل ' آیت ۱۰۶

[۲] تفسیر ابو سعود جلد صفحه مطبوعه

Marfat.com

☆(ترجمہ: بیان کیا گیا ہے کہ مسیلمہ کذاب نے دو اہلِ ایمان مردوں کو پکڑا ایک سے کہا تو (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے بارے میں کیا کہتا ہے۔ اس نے جواب دیا وہ اللہ کے رسول ہیں۔ پھر اس نے پوچھا تو میرے بارے میں کیا کہتا ہے۔ تو اس نے جواب دیا تو بھی۔ اس پر اس نے اسے چھوڑ دیا۔ دوسرے مسلمان سے پوچھا تو (حضرت) محمد مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے بارے میں کیا کہتا ہے۔ اس نے جواب دیا وہ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔ اس پر اس نے کہا تو میرے بارے میں کیا کہتا ہے۔ تو اس نے جواب دیا میں گونگا ہوں۔ اس نے سوال کو تین بار دہرایا تو اس مسلمان نے اسی جواب کو دہرایا۔ لہٰذا اس نے اسے قتل کر دیا۔ یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی تو فرمایا پہلے مسلمان نے رخصت کو اپنایا اور دوسرے نے حق کا اعلان کر دیا۔)

خلاصۂ مضمونِ آیۂ کریمہ اور حدیثِ مذکور یہ ہوا کہ بخوف جان بچانے کے واسطے ظالم سے کلمۂ کفر کہہ دینا تک جائز ہے۔ چنانچہ حدیث مذکورہ سے ثابت ہے کہ مسیلمہ کذاب کے خوف سے جن صحابی نے جان بچانے کے لیے زبان سے مسیلمہ کو کہہ دیا تھا کہ تو بھی رسول اللہ ہے اور دل سے اس کے منکر تھے ان کی نسبت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بموجب حکمِ آیۂ کریمہ یہی فرمایا کہ انہوں نے اس امر پر عمل کیا جو ان کے لیے جائز تھا اور جنہوں نے جان دیدی اور شہید کر دیئے گئے مگر مسیلمہ کذاب کو رسول نہ کہا ان کی تعریف کی اور فرمایا جو عزیمت اور بڑے مرتبہ کی بات تھی انہوں نے اس کو اختیار کیا۔

علی ھذا القیاس جملہ فقہا خصوصاً صاحب فتاوی عالمگیری تحریر فرماتے ہیں کہ اگر چہ ادنی توہینِ کلام اللہ کفر ہے یہاں تک کہ اگر کوئی دف کے ساتھ قرآن پڑھے یا قرآن کو بانگِ طوفان کہہ دے کافر ہو جائے گا۔ چنانچہ صفحہ ۲۹۴ جلد ثانی فتاوی عالمگیریہ میں ہے:۔

**اذا قراء القران علی ضرب الدف والقصب فقد کفر رجل یقرء القران فقال رجل ایں چہ بانگِ طوفان است فھذا کفر کذا فی المحیط لو قال قرأت القران کثیرا فما رفعت الجنایة عنا یکفر کذا فی الخلاصة من قال بغیرہ قل ھو اللہ احد را پوست باز کر دی او قال الم نشرح را گریبان گرفته او قال لمن یقرء یٰس عند المریض یس در دھان**

Marfat.com

**مر دہ منہ اوقال لغیرہ ای کوتاہ تراز انا اعطیناک الکوثر الخ کفر فی ھذہ الصور کلہا**[۱]

☆(ترجمہ: جب کوئی بانسری اور دف کی چوٹ پر قرآن پڑھے تو وہ کافر ہو جائے گا۔ ایک شخص قرآن پڑھ رہا تھا دوسرے نے کہا یہ کیا طوفان کی آواز ہے یہ کہنا کفر ہے۔ محیط میں اسی طرح ہے۔ اگر کسی نے کہا میں نے قرآن بہت پڑھا لیکن ہم سے جنابت نہ گئی تو اسے کافر قرار دیا جائے گا۔ خلاصہ میں اسی طرح ہے۔ کسی نے پوچھا کیا تو چھلکا اتار دیا تو اس نے کہا **قل ھو اللہ احد** یا کسی کا گریبان پکڑا اسے کہا **الم نشرح** یا کوئی مریض کے پاس سورۂ یٰس پڑھ رہا تھا تو اس نے کہا یٰس مردہ کے منہ میں نہ رکھو یا کسی کو کہا اے **إنا اعطیناک الکوثر** سے چھوتے تو ان سب صورتوں میں اسے کافر قرار دیا جائے گا۔)

چہ جائیکہ قرآن مجید کو پیشاب یا خون سے لکھنا اس کے کفر ہونے میں کون کلام کرسکتا ہے؟ مگر جیسے جان بچانے کی غرض سے موقعِ اکراہ میں کلمۂ کفر منہ سے مجبوراً کہہ دینا نصِ صریح قرآن اور حدیث سے جائز ہے ایسے ہی موقع پر جب انسان شدتِ مرض سے خواہ مرض نکسیر ہو یا کچھ اور عاجز آجائے زیست سے بسبب شدتِ مرض ناامید ہو اور طبیبِ حاذق مسلمان متقی کے کہنے یہ یقین ہو جائے کہ بجز مردار کھانے یا پیشاب پینے کے اب کوئی دواء ایسی باقی نہیں رہی جس سے امیدِ صحت ہو مگر ان حرام دواؤں سے مجھ کو یقین ہے کہ انشاءاللہ شفا ہو جائے گی۔ اندریں صورت فقہا تحریر فرماتے ہیں اس مریضِ مضطر سے حکمِ حرمت اٹھ جاتا ہے۔ اور اس کو پیشاب وغیرہ کا بقدرِ دواء پینا جائز ہوگا۔ علیٰ ھذا لبعض مقامات پر عالمگیریہ وغیرہ میں لکھ دیا ہے ایسے مریض نکسیر کو جس کا خون ٹھہرتا ہی نہیں اور اس کو خوفِ موت غالب ہو علیٰ ھذا اگر کسی دوسرے مریض کو خوفِ موت غالب ہو اور کسی ذریعہ سے اس کو یقین ہو جائے یا ظنِ غالب ہو کہ قرآن کو پیشانیِ مریض پر اس خون سے لکھا جائے تو قطعاً آرام ہوگا اگرچہ قرآن کا خون سے لکھنا یا پیشاب سے لکھنا کفر ہے مگر ایسی صورت میں جیسے اس کو کلمہ کفر کہہ دینا بموجب نص صریحِ کلام اللہ جائز ہے بغرض جان بچانے کے یہ فعلِ کفر یعنی بعض قرآن کا خون سے یا پیشاب سے لکھنا بھی اس کے حق میں جائز ہوگا۔ **نعوذ باللہ منہا**۔

---

۱؎ الفتاوی العام گیریہ جلد ۲ صفحہ ۳۳۸ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان

Marfat.com

اور جب ظاہر ہے کہ بوجہ کفر ہونے کے کوئی مسلمان ایسے عمل کا تجربہ نہیں کرسکتا جس میں قرآنِ مجید کی بے ادبی ہو۔ اور ایسے معاملات میں کافر کے کہنے کے اعتبار نہیں۔ تو لامحالہ یہ مسئلہ از قسم تعلیق بالمحال العادی ہوا جیسے کوئی کسی سائل سے کہے کہ اگر میں ھفت اقلیم کا بادشاہ ہو جاؤں تو تجھ کو اپنا سارا مال ومتاع دیدوں۔ اس کہنے سے تمام اہل زبان جانتے ہیں کہ قائل کا یہی مقصود ہوتا ہے کہ نہ میں ھفت اقلیم کا بادشاہ ہوں نہ تجھ کو گھر بار دوں۔ چنانچہ سننے والا اس کلام کو سن کر فوراً کہدیتا ہے کہ تم کو دینا ہی مقصود نہیں۔ علیٰ ھذا فقہا کا شفاءِ یقینی پر اس عمل کا معلق کرنا دلیلِ صریح ہے کہ بیان اس حکم سے مقصودِ فقہاء بیانِ حرمتِ عملِ مذکور ہی نہیں ہے بلکہ بیان کرنا اس امر کا ہے کہ ایسے عمل کا کرنا کفر ہے۔ مگر جس موقع پر قرآنِ مجید سے کلمۂ کفر منہ سے کہہ دینے کی رخصت ہے اس عمل کی بھی رخصت ہے۔ اور اس طریق پر بیان کرنے سے اظہارِ عظمتِ جانِ انسان ہے نزدیک خالقِ انس وجان کے کہ جس کے بچانے کے واسطے بصورتِ یقین قرآن سے کلمہ کفر منہ سے کہہ دینا جائز ہے علیٰ ھذا فعلِ کفر مثل ایسے اعمال کے کرنا بھی اگر کسی ذریعہ سے یقین شفا ہو جائے جائز ہے۔ مگر ایسے اعمال پر یقینِ شفا ہونا ہی محال ہے۔ لہٰذا اسی غرض سے فتاوی عالمگیریہ میں مطلقاً رقیہ اور داغ وغیرہ کے علاج کو اسبابِ مظنونہ سے بھی نہیں گنا بلکہ اسبابِ موھومہ سے شمار کیا ہے جن کا چھوڑ دینا بصورتِ جائزہ افضل لکھا ہے۔ چہ جائیکہ اندریں صورت ایسے اعمال کا کرنا جو سراسر کفر ہوں باوجود موھوم ہونے کے کب جائز ہو سکتے ہیں؟ اور ایسے موھوم امور عند الفقہاء کس طرح یقینی ہو سکتے ہیں؟ اللہ مسلمانوں کو سمجھ عطا فرمادے۔ شعر

چشمِ بداندیش بر کندہ باد کہ　　عیب نماید ھنرش در نظر

(ترجمہ: ایسے بداندیش کی آنکھ نہ رہے جس کو ہنر بھی عیب نظر آئے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 261﴾

## سوال

یہاں پر اطراف و جوانب میں طاعون شروع ہو رہا ہے۔ ایسی حالت میں اصلی مقام کو چھوڑ کر شہر سے باہر بوجہ وحشتِ عیال واطفال یا دیگر مواضع میں جانا شرعاً درست ہے کہ نہیں ہے؟ اور ڈاکٹر حکما کہتے ہیں کہ یہ ایک قسم کے پسو ہیں۔ اول چوہوں میں یہ مرض پیدا ہوتا ہے۔ جب یہ حالت ہو تو مکان کو چھوڑ دینا چاہیے اور اسباب میں آگ لگادی جائے یا کہ دیگ میں جوش دے دیئے جائیں۔ اور ایسے مریض سے نہ ملنا چاہیے تو کیا اہلِ اسلام کو (یہ) سب کرنا شرعاً درست ہے کہ نہیں؟ اور حضور مقبول ﷺ نے اس کی کیا اصلیت ظاہر فرمائی ہے؟ اور ایسی اموات والے شہید کہلاویں گے یا کیا؟

۱۷ رمضان ۱۳۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

حضور سرورِ عالم علیہ السلام فرماتے ہیں:

لا عدوی و لا طیرة[i]

ترجمہ: کسی کا مرض خواہ وہ طاعون ہو یا چیچک' خواہ ہیضہ' خواہ (کوئی اور) کسی کو اور نہیں لگتا اور بدشگونی کوئی چیز نہیں۔

اور دوسری حدیث میں وارد ہے کہ حضور سرورِ عالم ﷺ نے فرمایا کہ:

خارش زدہ اونٹ کو تندرست اونٹ کے پاس نہ لاؤ۔

---

i. الجامع الصغیر مع فیض القدیر : جلد ۶ صفحہ ۴۳۶ دار المعرفہ بیروت
بحوالہ مسند احمد وصحیح مسلم

ii. مشکوۃ المصابیح : صفحہ ۳۹۱ بحوالہ بخاری

Marfat.com

اس قسم کی تمام احادیث نقل کر کے علامہ طحاوی صفحہ ۳۸۰ جلد دوم کتاب الکراھیۃ میں تحریر فرماتے ہیں:

**فثبت بذلک ان الخروج من الارض التی وقع بھا الطاعون مکروہ للفرار منہ و مباح لغیر الفرار** [1]

ترجمہ: ان تمام احادیث سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اگر خوفِ طاعون سے یہ سمجھ کر کہ اگر یہاں رہوں گا ضرور اڑ کر لگ جائے گی کہیں دوسری جگہ بھاگ جائے مکروہ یعنی مکروہ تحریمہ ہے۔☆ اور اگر بوجہ وحشتِ کثرتِ اموات اور پریشانی کے لوگوں کو پریشان دیکھ کر اور یہ یقین کر کے کہ بغرضِ دفعِ وحشت جاتا ہوں ورنہ یقیناً موت یہاں چھوڑے اور نہ وہاں چھوڑے اور قبل الوقت کچھ نہیں ہوتا تو مضائقہ نہیں۔

یہی مضمون امام غزالی رحمہ اللہ احیاء العلوم میں تحریر فرماتے ہیں اور اس کی تائید فرماتے ہیں علامہ زبیدی حنفی شارح احیاء العلوم شرح احیاء مسمی بہ اتحاف السادۃ المتقین کی جلد تاسع صفحہ ۶۶۹ میں۔ چنانچہ اسی سلسلہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ مقصودِ ممانعت یہ ہے کہ تندرست مریضوں کو تنہا چھوڑ کر کہیں نہ بھاگ جائیں۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المفتی
فی جامع اکبر آباد

---

[1] شرح معانی الآثار: جلد ۲، صفحہ ۴۱۸، مطبوعہ سعید کمپنی کراچی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......262﴾

## سوال

شرح وقایہ، درِمختار، مشکوۃ شریف وغیرہ ترجمہ اردو جس میں کہ مغالطہ نہ ہو کس مطبع اور پتہ سے طلب کی جائے۔

۱۷ رمضان ۱۳۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مالا بدمنہ مسائل ضروری کے واسطے عمدہ کتاب ہے۔ مظاہرِ حق شرح مشکوۃ اور غایۃ الاوطار ترجمہ درِ مختار اچھی کتابیں ہیں۔ مگر ان کے مصنفین میں کسی قدر وہابیت تھی۔ لہٰذا ایسے مقامات خود کھٹک جاتے ہیں۔ ان پر عمل نہ کرے ☆ اور بہتر یہی ہے کہ اگر فارسی کی لیاقت ہو اشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ اور تفسیر عزیزی فارسی کا' مجبوراً اردو کا مطالعہ کیا جائے

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبر آباد

۱۷ رمضان ۱۳۳۶ھ

Marfat.com

# میراث

Marfat.com

## فتویٰ نمبر......263

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ کہ زید نے اپنی بیوی کو جس کا مہر بتیس (۳۲) روپیہ تھا جو مہر شرع محمدی مشہور ہے ایک مکان قیمتی تخمیناً چھ سو روپیہ کا جو ملکِ زید تھا' اس غرض سے دے دیا' کہ میرے بعد کبھی میرا بیٹا جو دوسری بیوی سے ہو اس کو نہ نکال دے اور اس کے نام ہبہ نامہ لکھ دیا۔ اور کہہ دیا کہ یہ تیرے مہر میں دیتا ہوں۔ اور پھر دونوں میاں بیوی اس مکان میں رہتے رہے جیسے قدیم سے رہتے تھے۔ زید مر گیا اور اس نے یہ ورثہ چھوڑے۔ زوجہ اور دو لڑکی اور ایک لڑکا دوسری بیوی سے اور ایک ماموں زاد بھائی۔ پھر زوجۂ زید جو نو مسلمہ تھی لاولد مر گئی اور کوئی وارث نہیں چھوڑا سوا شوہر کی اولاد کے جو دوسری بیوی سے تھی۔ اور وقتِ مرگ زید سے وہی لڑکے مع زوجہ زید کے اس مکان پر بدستورِ سابق اب تک قابض ہیں اندریں صورت اس مکان کا کون مستحق ہے؟ بینوا توجروا.

۲۸ ربیع الثانی ۱۳۳۵ھ

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحيم.

اللهم رب زدني علما.

صورتِ مسئولہ میں زید نے مکان قیمتی چھ سو روپیہ کا جو اپنی زوجہ کو بعوض مہر کے جو مبلغ بتیس (۳۲) تھا ہبہ کیا تھا۔ نہ تو یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ کہہ کر دیا ہے کہ اب تیرا مہر بجائے بتیس چھ سو روپیہ کا زائد فی المہر کر کے دیتا ہوں' نہ یہ صراحتاً مفہوم ہوتا ہے کہ ہبہ ہی کیا ہے۔ مگر بہر نہج اگر زید کی غرض اس سے یہی تسلیم کر لی جائے کہ مہر زیادہ کر کے مہر میں دیا ہے' تو زوجہء زید سے قبولیت زیادتی کی تصریح نہیں پائی جاتی لہٰذا یہ زیادتی صحیح نہیں ہوئی۔

كما فى الدر المختار:

Marfat.com

او زید علی ما سمی فانها تلزمه بشرط قبولها فی المجلس[1]

☆(ترجمہ: مقرر شدہ مہر سے زائد کر دیا جائے' تو وہ زیادتی خاوند کے ذمہ لازم ہو جاتی ہے' بشرطیکہ بیوی اس زیادتی کو مجلس کے اندر قبول کر لے)

قال الشامی رحمہ اللہ:

فانہ (الی الزیادۃ فی المھر) یصح ان قبلت فی مجلس الاقرار[2]

(ترجمہ: کیونکہ مہر میں وہ اضافہ صحیح ہے بشرطیکہ خاوند کی طرف سے زیادتی کے اقرار کی مجلس میں بیوی اس اضافہ کو قبول کر لے)

و فی الخانیۃ المصریۃ فی صفحۃ ۳۴۷ من الجزء الاول

ان الزیادۃ فی المھر لا یصح من غیر قبول المراۃ[3]

(ترجمہ: مہر میں اضافہ بیوی کے قبول کرنے کے بغیر صحیح نہیں)

علاوہ بریں تحریرِ زوج سے قصدِ زیادتی فی المہر مفہوم نہیں ہوتا بلکہ مصلحتاً بخوف اپنے بیٹوں کے اگر غور کیا جاتا ہے تو یہی سمجھا جاتا ہے کہ اپنی زوجہ کے نام اس واسطے ہبہ نامہ لکھا ہے کہ میرے بعد میرے بیٹے اس کو میرے گھر سے نکال نہ دیں کما ھو ظاھر من صورۃ السوال.

(ترجمہ: جس طرح کہ صورت سوال سے ظاہر ہے)

اور مہر کے زائد کرنے میں بموجبِ روایاتِ بزازیہ عندالھبۃ قصدِ زیارت صحتِ زیارت فی المہر میں زوج کی جانب سے ضروری ہے۔

کما ھو فی الدر المختار:

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۴ صفحہ ۱۸۰ دار احیاء التراث العربی بیروت

[2] الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۴ صفحہ ۱۸۰ دار احیاء التراث العربی بیروت

[3] فتاوی قاضی خان : جلد اول صفحہ ۱۷۵ بلوچستان بک ڈپو کوئٹہ

Marfat.com

**و فی البزازیة الاشبہ ان لاتصح (ای الزیادة فی المهر) ولا تجعل زیادة بلا قصد الزیادة** [1]

(ترجمہ: اشبہ یہ ہے کہ عورت کے قبول کے بغیر مہر میں اضافہ صحیح نہیں ہے۔ نیز مہر میں اضافہ خاوند کی طرف سے اضافہ کے قصد کے بغیر نہیں کیا جائے گا)

اور بسبب نہ رکھنے زوجہ زید کے صورتِ مذکورہ میں کوئی وارث اسی روایت پر فتوی دینا انسب۔ اور جب ثابت ہوگیا کہ ہبہ مکان صورتِ مسئولہ میں زیادت فی المهر نہیں ہے تو ہبہ مکان ہبہ خالص رہ گیا۔ ☆ مگر ہبہ اس وجہ سے صحیح نہیں ہوا کہ صحتِ ہبہ میں موہوب لہ کا قبضہ کامل کر لینا مکانِ موہوبہ پر شرط تھا۔ اور صورتِ مسئولہ میں شوہر یعنی زید واہب مکان بدستور اسی مکان موہوبہ میں مع سامان تا بمرگ رہتا رہا اور اب تک حسبِ دستورِ سابق وہی لڑکے مع زوجہء زید اس پر قابض ہیں۔

اور صفحہ ۵۶۹ درمختار میں ہے

**و هبة المشغول لا تجوز** [2]

(ترجمہ: مشغول چیز کا ہبہ درست نہیں ہے)

لہٰذا چونکہ مکانِ موہوبہ سے بوجہِ عدمِ صحتِ ہبہ ملکِ زید سے نہیں گیا اور بدستور زید ہی مالک مکان رہا۔ مکانِ مذکور ورثۂ زید پر اس طرح تقسیم کیا جائے گا کہ بعد ادائے دینِ مہر زوجہء زید کے بتیس روپیہ مہر کے اور مصارفِ تجہیز و تکفین وغیرہ کل مال زید کے بتیس (۳۲) حصہ کر کے چار حصہ زوجہء زید کو اور سات سات حصہ زید کے دونوں بیٹیوں کو اور چودہ حصہ پسر زید کو دے دیئے جائیں گے اور بعد انتقالِ زوجۂ زید چونکہ زوجہء زید لاولد اور لاوارث محض ہے نہ کسی کو کچھ وصیت کر کے مری ہے لہٰذا اس مال کے مستحق وہ محتاج مسلمان ہیں جو محنت مزدوری کرنے سے اور کمانے سے عاجز ہیں۔

---

[1] (i) البزازیه علی هامش الهندیة: صفحه ۱۳۳ مطبوعه مصر

(ii) الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۴ صفحه ۱۸۲، مطبوعه دار احیاء التراث العربی بیروت

[2] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۸ صفحه ۵ دار احیاء التراث العربی بیروتز

Marfat.com

کما فی دلیل الورّاث نقلا عن ردالمحتار:

و حاصله ان مصرفه (ای مصرف الترکة التی لاوارث لها) الفقراء العاجزون[1]

☆(ترجمہ: خلاصہء بحث یہ ہے کہ ایسا ترکہ جس کا کوئی وارث نہ ہو اس کا مصرف وہ فقراء ہیں جو عاجز ہوں)

اور اگر اس کے شوہرِ متوفی کے عزیزوں میں اس طرح کے فقراء ہوں تو بہ نسبت غیروں کے بوجہ رکھنے علاقہء قرابت فی الجملہ اس کے مصرف قرار دیئے جائیں انسب ہے۔فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابومحمد محمد دیدار علی مفتی

جامع مسجد اکبر آباد

---

[1] i. دلیل الوارث حاشیہ السراجی — صفحہ ۵ — مکتبہ امدادیہ ملتان

ii. رد المحتار: — جلد ۳: صفحہ ۲۵۶ — دار احیاء التراث العربی

نوٹ: رد المحتار میں "العاجزون" کا لفظ "الفقراء" سے مقدم ہے۔

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......264﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص حافظ عبدالرحیم نامی نے اپنے مرنے سے تین سال پہلے اپنی املاک از قسمِ مکانات اپنے ایک نابالغ لڑکے اور دونابالغ پوتوں کے نام لکھوا کر رجسٹری کردیا اور تامرگ املاک پر اپنا قبضہ رکھا ہبہ نامہ کی خبر اپنی زندگی میں وارثوں کو نہ ہونے دی۔ اب وہ شخص فوت ہوگیا تو بڑے لڑکے نے ہبہ نامہ ظاہر کیا۔ پس مرنے والے کے حقیقی وارث حسبِ ذیل ہبہ نامہ کرنے پر حصہٴ ترکہ پاسکتے ہیں یا نہیں؟ اور اگر ان وارثوں کا حق ہے تو فی ہزار ایک فرد کو کیا ملنا چاہئے؟ اور مرنے والے نے جو کیا وہ کیسا؟۔ بینوا توجروا

مرنے والے کی حقیقی وارث

دولڑکے یعنی ایک بڑا لڑکا (پوتوں کا باپ) ایک نابالغ لڑکا مذکورہ بالا دولڑکیاں شادی شدہ شوہر والی‘ ایک بیوی۔

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

☆ صورتِ مسئولہ میں اسی طرح ہبہ کرنا کہ بعض ورثہ کو جائداد سے بالکل محروم کردیا جائے حرام تو نہیں مگر مکروہ اور ظلم بلاشبہ ہے چنانچہ صفحہ ۲۶۱ حاشیہ مشکوٰۃ شریف میں طیبی شرح مشکوٰۃ سے منقول ہے

**ولو وھب لبعضھم ای بعض الاولاد دون بعض فمذھب الشافعی و مالک و ابی حنیفة رحمھم اللہ انه مکروہ و لیس بحرام والھبة صحیحة[1]**

---

[1] i. حاشیہ مشکوۃ المصابیح صفحہ ۲۶۱ مکتبہ امدادیہ ملتان

ii. شرح الطیبی جلد ۷ صفحہ ۲۲۲۸ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکة المکرمه

Marfat.com

(ترجمہ: اگر کسی شخص نے اپنی بعض اولاد کو کوئی چیز ہبہ کی اور بعض کو نظر انداز کر دیا تو اس بارے میں امام شافعی' امام مالک اور امام اعظم رحمۃ اللہ علیہم کا مذہب یہ ہے کہ ایسا کرنا مکروہ ہے۔ حرام نہیں اور ہبہ درست ہے)

☆ مگر تکمیلِ ھبہ میں چونکہ موھوب لہ کا قبضہ شئ موہبہ پر شرط ہے☆ اور نابالغ بچوں پر جب ہبہ کیا جائے ان کے اس ولیِ اقرب یا ابعد یعنی نزدیکی رشتہ دار جیسے باپ یا دور کے رشتہ دار جیسے ماں بھائی وغیرہ کا قبضہ قائم مقام قبضہ ان نابالغ بچوں کے جن پر ہبہ کیا گیا ہے شرعاً قرار پایا ہے۔ بصورت ہونے اس ولی کے متکفلِ پرورش ان نابالغوں کا جن پر اس نے ہبہ کیا ہے ہبہ تمام ہوگیا۔ کما فی الفتاوی العالمگیریة

ولو کان الصغیر فی عیال الجداو الاخ اوالام او العم فوهب له هبة فقبض الهبة من کان الصغیر فی عیاله والاب حاضر اختلف المشائخ فیه والصحیح الجواز هکذا فی فتاوی قاضی خان وبه یفتی هکذا فی فتاوی الصغری[۱] فقط

(ترجمہ: اگر نابالغ' دادا یا بھائی یا ماں یا چچا کی کفالت میں ہو اسے کوئی چیز ہبہ کی گئی تو اس نے اس پر قبضہ کیا جس کی کفالت میں وہ نابالغ ہے اور باپ حاضر ہے اس ہبہ کے مکمل ہونے میں مشائخ کرام کا اختلاف ہے صحیح یہ ہے کہ جائز ہے فتاوی قاضی خان۔ اسی پر فتوی ہے فتاوی صغری۔)

وایضا فیه وهبة الاب لطفله تتم بالعقد ولا فرق فی ذلک بینما اذا کان فی یده اوفی مودعه.... وکذا لو وهبته امه وهو فی یدها والاب میت ولیس له وصی وکذا کل من یعوله کذا فی التبین وهکذا فی الکافی[۲]

☆ (ترجمہ: باپ اپنے نابالغ بچے کو ہبہ کرے تو وہ عقد کے ساتھ کامل ہو جاتا ہے۔ اس میں کوئی فرق نہیں خواہ وہ شے اس کے باپ کے قبضہ میں ہو یا اس شے کو اپنے پاس ودیعت رکھنے والے کے پاس ہو۔۔۔۔ اور اسی طرح اگر ماں نے اپنے نابالغ بچے کو ہبہ کیا اور وہ شے اس کے قبضہ میں ہے اور باپ مر چکا ہے نیز اس کا وصی بھی کوئی نہیں۔ اور یہی حکم اس شخص کے لیے ہے جو اس بچے کی کفالت کر رہا ہے۔ تبیین۔ کافی)

---

[۱] الفتاوی العالمگیریه : جلد ۴ صفحه ۳۹۳ مطبوعه مصر

[۲] الفتاوی عالم گیریه جلد ۴ صفحه ۳۹۱ مطبوعه مصر

Marfat.com

لہٰذا ہبۂ پدرِ واہب ان نابالغوں پر جن کا پرورش کنندہ بھی باپ ہی تھا شرعاً صحیح اور تمام ہوگیا۔ اب بعد مرگِ واہب شیٔ موہوب میں کسی وارث کا حق نہیں۔ جملہ مالِ موہوب کے وہی نابالغ مالک ہیں جن پر واہب ہبہ کر گیا۔

البتہ اگر باپ جس نے ان نابالغ بیٹے پوتوں پر ہبہ کیا ہے ان نابالغوں کی پرورش سے بالکل دست بردار تھا اور ان کی پرورش علاوہ باپ کے جس نے ان پر ہبہ کیا ہے اور کوئی آدمی پرورش کرتا تھا تو بلاشبہ وہ ہبہ ناتمام سمجھا جائے گا۔ اور ورثہ اس کے بعد ماتقدم علی الارث سے اس قدر حقوق کے مستحق ہوں گے کہ کل مال میت کے اڑتالیس حصے کر کے چھ حصے تو اس کی زوجہ کو دیئے جائیں گے اور چودہ چودہ حصے بیٹوں کو اور سات سات حصے بیٹیوں کو مگر ظاہر حال سوال سے یہ بات بہت بعید ہے کہ ان کے نام ہبہ تو کر گیا ہے اور ان کی پرورش سے غافل رہا۔ ھو صورتہ

زید مسئلہ ۴۸

میت

| زوجہ | ابن کلاں | ابن خورد | بنت خانم | بنت بیگم |
|---|---|---|---|---|
| مریم | حبیب | عمر | | |
| ۱/۶ | ۱۴ | ۱۴ | ۷ | ۷ |

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی الرضوی
مفتی جامع مسجد اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......265﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید فوت ہوگیا۔اس نے اپنا وارث اپنی زوجہ کواور اپنے ماموں زاد بھائی کوجس کوزید نے مثل اپنی اولاد کے پرورش کیا تھا چھوڑا۔اور زید چونکہ لاولد ہے اس لئے ماموں زاد بھائی کے لڑکے کو متبنیٰ کرلیا تھا۔جب کہ زید بیمار ہوااور اس کواپنی زندگی سے مایوسی ہوئی تو اس نے ایک وصیت نامہ بنام اپنے ماموں زاد بھائی کے اس مضمون کا لکھا کہ میرا امکانِ سکونت اور تمام جائدادِ منقولہ وغیر منقولہ کا مالک وقابض میرا ماموں زاد بھائی ہے۔اور بحالتِ شمولِ خوردونوش وغیرہ کے میری زوجہ کے اخراجات کے کفیل وذمہ دار میرے ماموں زاد بھائی ہوں گے۔اوراگر میری زوجہ علیحدہ رہنا چاہے تو صرف چارروپیہ ماہواری میرے ماموں زاد بھائی دیا کریں گے۔اوراگر میری زوجہ باعفت وعصمت نہ رہے تو میری زوجہ کے اخراجات کے کفیل وذمہ دار نہ ہوں گے۔اور زوجہ کے عقد ثانی کرنے کی حالت میں کس قدر شرعی حصہ پانے کی مستحق ہے؟اور ماموں زاد بھائی اور متبنیٰ کوکس قدر شرعی حصہ ملے گا؟بینوا وتوجروا

سائل:فقیر محمد مندوی سمید خان آگرہ

۲۷ربیع الثانی ۱۳۳۵ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں کل مالِ زید سے چوتھائی یعنی چہارم حصہ زوجہ زید کو ملے گا۔لقولہ تعالی ولھن الربع مما ترکتم ان لم یکن لکم ولد[۱]

---

[۱] القرآن الحکیم: سورہ النساء: آیت نمبر ۱۲

Marfat.com

(ترجمہ: اور (تمہاری) بیویوں کے لیے تمہاری چھوڑی ہوئی میراث سے چوتھائی حصہ ہے اگر تمہاری اولاد نہ ہو)

اور باقی تین ربع زید کے ماموں زاد بھائی کو ملیں گے، بوجہ نہ ہونے ذوی الفروض نسبیہ وعصبات کے اور ہونے ماموں زاد بھائی کے ذوی الارحام سے۔

**کما فی الشامی فی صفحة ۴۵۰ من الجزء الخامس:**

**قوله ذوی الارحام ای یبدا بهم عند عدم ذوی الفروض النسبیه و العصبات فیاخذون کل المال و ما بقی عن احد الزوجین لعدم الرد علیهما[۱]۔**

☆(ترجمہ: قولہ: ذوی الارحام، یعنی اگر نسبی ذوالفروض اور عصبات سے کوئی وارث موجود نہ ہو تو ذووالارحام سارے کا سارا ترکہ یا میاں بیوی میں ایک سے جو بچ جائے وہ حصہ لے لے گا۔ کیونکہ حصوں سے باقی ماندہ مال میاں بیوی کی طرف لوٹ کر نہیں آتا)

اور چونکہ صورتِ مسئولہ میں ماموں زاد بھائی مستحقِ میراث ہو کر داخل ورثہ ہو گیا لہٰذا بموجب حدیث صحیح

**الا لاوصیة لوارث[۲]**

☆(ترجمہ: خبردار وارث کے لیے وصیت باطل ہے)

اب اس کے حق میں وصیت نامہ زید نافذ نہیں ہو سکتا۔ **کما هو ظاهر من الشامی حیث قال المولی ابن عابدین رحمة الله علیه فی صفحة ۴۵۹ رد المحتار المصری**

**(قوله و کونه غیر وارث وقت الموت) ای لا وقت الوصیة حتی لوا وصی لاخیه و هو وارث ثم ولدله ابن صحت الوصیة للاخ و لواوصی لاخیه و له ابن ثم مات الابن قبل**

---

[۱] رد المحتار: جلد ۱۰: صفحه ۴۱۵، دار احیاء التراث العربی بیروت.

[۲] ۱. سنن ابی دائود: صفحه ۴۱۷ حدیث رقم ۲۸۷۰، مطبوعه دار السلام للنشر والتوزیع ریاض

۲. جامع الترمذی: صفحه ۴۸۶ حدیث رقم ۲۱۲۰ ایضا

۳. سنن النسائی: صفحه ۵۱۵ حدیث رقم ۳۶۷۱، ۳۶۷۳ ایضا

۴. سنن ابن ماجه: صفحه ۳۹۱ حدیث رقم ۲۷۱۳، ۲۷۱۴، ایضا

Marfat.com

فوت الموصی بطلت الوصیة زیلعی[1]۔

☆ (ترجمہ: قولہ: کسی کے لیے وصیت تب جائز ہوگی جب وہ وصیت کنندہ کی موت کے وقت وارث نہ ہو۔ یعنی وصیت کے وقت وارث ہونے سے وصیت کی درستی میں فرق نہیں آتا۔ حتی کہ اگر کسی نے بھائی کے لیے وصیت کی' جب کہ وہ وارث تھا۔ پھر وصیت کنندہ کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا' تو اب بھائی کے لیے وصیت درست ہے۔ اور اگر اپنے بھائی کے لیے اس وقت وصیت کی جب کہ وصیت کنندہ کا بیٹا تھا' پھر وصیت کنندہ کے مرنے سے پہلے بیٹا فوت ہوگیا' تو اب وصیت باطل ہے۔)

☆ اور متبنی بنالینے سے متبنی مستحقِ میراث نہیں ہوسکتا۔ اس واسطے کہ گود لینے اور بیٹا بنالینے سے کوئی کسی کا شرعاً نہ بیٹا بن سکتا ہے اور نہ بوجہ متبنی کے کسی کی میراث لے سکتا ہے۔

لانہ قال جل مجدہ فی کتابہ القدیم واجب التعظیم والتکریم فی سورۃ الاحزاب.

(ترجمہ: کیونکہ اللہ تعالی نے اپنی واجب التعظیم والتکریم کتاب کی سورۂ احزاب میں فرمایا)

و ما جعل ادعیائکم ابناء کم ذلکم قولکم بافواھکم[2]

(ترجمہ: تمہارے متبنی تمہارے حقیقی بیٹے نہیں ہیں۔ یہ تمہارے مونہوں کی باتیں ہیں۔)

و اخرج ابن ابی داؤد بسندہ عن عائشۃ زوج النبی ﷺ وام سلمۃ ان ابا حذیفۃ بن عتبۃ بن ربیعۃ بن عبد شمس کا ن یتبنی سالما و الکحہ ابنۃ اخیہ ھندۃ بنت الولید بن عتبۃ بن ربیعۃ و ھو مولی لامراۃ من الانصار کما یتبنی رسو ل اللہ ﷺ زیدا و کان من یتبنی رجلا فی الجاھلیۃ دعاہ الناس ابنہ و ورث میراثہ حتی انزل اللہ عزوجل فی ذلک ادعوھم لآبائھم الی قولہ فاخوانکم فی الدین و موالیکم فردوا الی اٰبائھم فمن لم یعلم لہ

---

[1] رد المحتار: جلد ۱۰: صفحہ ۲۷۷، دار احیاء التراث العربی بیروت.

[2] القرآن الحکیم: سورۃ احزاب آیت نمبر ۴

Marfat.com

اب کان مولی و اخا فی الدین[1]۔

(ترجمہ: امام ابن ابی داؤد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند سے حضرت ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا کہ حضرت ابو حذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس رضی اللہ عنہ نے حضرت سالم رضی اللہ عنہ کو متبنیٰ بنالیا تھا اور اپنی بھتیجی ہندہ بنت ولید بن عتبہ بن ربیعہ سے ان کا نکاح کر دیا تھا۔ اور وہ انصار میں سے ایک عورت کے آزاد کردہ غلام تھے۔ جس طرح حضور نبی پاک ﷺ نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو اپنا متبنیٰ بنالیا تھا۔ جاہلیت کا یہ دستور تھا کہ جو شخص کسی کو اپنا متبنی بنالیتا لوگ اسے اس کا بیٹا کہہ کر پکارتے تھے۔ اور وہ اس کی میراث کا وارث بنتا تھا۔ یہاں کہ اللہ تعالی نے اس بارے میں یہ آیت کریمہ نازل فرمائی۔

ادعوهم لآبائهم. الی قوله. فاخوانكم فی الدين ومواليكم

اس پر لوگوں نے ان کو دوبارہ باپوں کی طرف منسوب کرنا شروع کر دیا اور جس کے باپ کا علم نہ ہوتا وہ متبنی بنانے والے کا مولیٰ اور دینی بھائی قرار پاجاتا۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
جامع مسجد اکبر آباد

---

[1] الدر المنثور فی التفسیر بالماثور : جلد ۵ صفحہ ۱۸۱ دار المعرفہ بیروت

نوٹ: امام سیوطی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو عبد الرزاق، ابن منذر، ابن ابی حاتم، طبرانی ابن مردویہ کے حوالہ سے نقل فرمایا ہے۔ لیکن مخطوط میں ابن ابی داؤ کے حوالہ سے ہے۔ سنن ابی داؤد میں یہ حدیث نہیں مل سکی۔ مرتب عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......266﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس امر میں کہ مریم نے وقتِ انتقال یہ وصیت کی کہ میرا اس قدر مال یعنی زیور میرے بعد میرے بیٹے خالد کی جب شادی ہو جائے اس کی بیوی کو دے دینا۔ اور مریم کو اس کا شوہر جو نان ونفقہ وسعت کے ساتھ دیتا تھا۔ اس سے بھی مریم نے کچھ پس انداز رکھا تھا۔ مگر مہر کے نام سے شوہر سے کچھ وصول نہیں ہوا۔ اور مریم کچھ لوگوں کے ذمہ قرض بھی چھوڑ مری تھی۔ مگر ان کو بلا رضا دیگر ورثا شوہرِ مریم نے معاف کر دیا۔ اور تجہیز وتکفین مریم کے مصارف شوہرِ مریم نے بلا درخواستِ ورثہ اپنے ذمہ لے لئے۔ اور اس کا کل مال برضامندیِ شوہر میرے پاس' چونکہ میں مریم کا باپ ہوں' موجود ہے۔ مگر شوہرِ مریم کہتا ہے کہ کل مالِ مریم ایک مسجد میں جو بالفعل زیرِ تعمیر ہے لگا دو ورنہ میں دوسری جگہ لگا دوں گا۔ حالانکہ مریم اتنے ورثہ چھوڑ کر مری ہے۔ شوہر زید' پدر شمس الدین' مادر زینب' ابن خالد جس کی عمر تقریباً ڈھائی برس کی ہے اور اس کو ہم نانا ماموں پرورش کر رہے ہیں۔ اس صورت میں جیسا حکم ویسا کیا جائے۔ بینوا وتوجروا

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

☆ صورتِ مسئولہ میں اگر خالد کی منگنی مریم کی وصیت کرنے کے وقت ہو چکی تھی تو وصیتِ مریم زوجہ خالد کے واسطے تہائی کل مالِ متروکہ مریم میں نافذ ہو جائے گی۔ اس تہائی کو کوئی وارث لے کر خرچ نہیں کر سکتا۔ اور اگر منگنی نہیں ہوئی تھی اور موصی لہا زوجۂ خالد مجہولہ تھی بلکہ معدومہ' اس طرح کہ خالد کی بھی کسی وجہ سے مثلاً شادی ہی نہ ہو اور ہو تو کس سے ہو' کہاں ہو' وہ وصیت قطعاً نافذ نہ ہوگی۔ ☆اس واسطے کہ نفاذِ وصیت میں موصی لہ کا معلوم ہونا بھی شرطِ نفاذ ہے۔

چنانچہ صفحہ ۴۵۹ جلد خامس کتاب الوصایا درمختار میں ہے:۔

وهل يشترط كونه (اى الموصى له) معلوما قلت نعم كما ذكره ابن سلطان وغيره

Marfat.com

فی الباب الآتی۱.

(ترجمہ: کیا جس کے لیے وصیت کی جائے اس کا معلوم ہونا شرط ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ہاں' جیسا کہ علامہ ابن سلطان اور دوسرے علماء نے آئندہ باب میں بیان فرمایا ہے)

لہٰذا کل مال مریم بلا نفاذِ وصیت جملہ ورثا میں تقسیم ہوگا۔ اور مہرِ مریم اگر شوہر نے ادا نہیں کیا تھا' وہ بھی ہمراہ کل مالِ مریم کے ورثہ میں تقسیم ہوگا۔ اور کل ورثہ کو حق ہے کہ بقدر اپنے اپنے حصہ کے مہرِ مریم کو شوہرِ مریم سے جب چاہیں وصول کر لیں۔ چنانچہ کتاب المداینات صفحہ ۲۲۲ جلد دوم العقود الدرایۃ میں ہے۔

مانت المرأة والمهر على الزوج فاجله سائر الورثة شهرا فلهم ان يطالبوه قبل شهر الجواب نعم۲.

☆(ترجمہ: عورت مرگئی۔ مہر ابھی خاوند کے ذمہ ہے تو تمام ورثہ نے اسے ایک ماہ کی مہلت دے دی۔ تو کیا ان کو حق حاصل ہے کہ وہ مہینہ ختم ہونے سے پہلے اس سے مطالبہ کریں؟ جواب: ہاں)

☆ ہاں البتہ بلا اجازتِ شوہر علاوہ حقِ نان ونفقہ وضروریات اگر مریم نے مالِ زوج سے چرا کر لیا تھا اور یقیناً زوج کو معلوم ہو جائے تو اس کو شوہر مہر میں محسوب کر سکتا ہے۔

☆ اور جب مصارفِ تجہیز وتکفینِ مریم کو بلا درخواست کسی وارث' شوہرِ مریم نے اپنے ذمہ لے لیا' تو اب اس کو مالِ مریم سے وضع نہیں کر سکتا۔ اور وہ تبرع سمجھا جائے گا۔

چنانچہ صفحہ ۲۲۶ جزو ثانی عقود الدریہ فی تنقیح فتاوی حامدیہ میں ہے:

و فی العمادية من احكام السفل والعلو المتبرع لا يرجع بما تبرع به على غيره كما لوقضى دين غير بغير امره۳

(ترجمہ: فتاوی عمادیہ کے احکام السفل والعلو میں ہے کہ اپنی خوشی سے کسی کو کوئی چیز دینے والا دی ہوئی

---

۱ الدر المختار مع رد المحتار : جلد ۱۰ : صفحہ ۲۷۷، ۲۷۸ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

۲ تنقیح الفتاوی الحامدیہ : جلد ۲ : صفحہ مطبوعہ

۳ تنقیح الفتاو الحامدیہ : جلد ۲ : صفحہ مطبوعہ

Marfat.com

چیز کو واپس نہیں لے سکتا' جیسا کہ کسی پر قرض ہو اس کے حکم کے بغیر وہ قرض ادا کر دے۔)

لہٰذا کل مالِ متروکہ ءمریم معہ مہر کے بلا وضع مصارف تجہیز و تکفین اور بلا نفاذِ وصیت بصورت ثانی اور بعد نفاذِ وصیت اور جدا کر لینے تہائی کے کل مالِ مریم سے باقی مالِ مریم بصورت اول اس طرح تقسیم ہو گا کہ کل مالِ مریم کے بارہ حصہ کریں اس میں سے تین حصہ شوہرِ مریم مسمی زید کو دیئے جائیں گے۔ ان تین حصوں کا شوہر مریم کو اختیار ہے۔ بناءِ مسجد میں خرچ کرے۔ خواہ اپنے خرچ میں لائے۔ باقی دو حصہ شمس الدین مریم کے باپ کو اور دو حصہ زینب ام مریم کو پانچ حصہ خالد طفلِ نابالغ مریم کو جن کو تا وقت بلوغ خالد کہیں صرف نہیں کر سکتا نہ مسجد میں نہ کہیں اور۔ پرورش خالد کے مصارف زید والد خالد کے ذمہ ہیں۔ البتہ مریم کے ماں باپ کو اپنے دو دو حصوں کا مثل زید کے اختیار حاصل ہے۔ جہاں بھی چاہیں خرچ کریں۔ خواہ اپنے خرچ میں لائیں۔

مریم بنت شمس الدین مسئلہ ۱۲

میت

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| زوج | اب | ام | ابن | اخ | اخت | اخت |
| زید | شمس الدین | زینب | خالد | م | م | م |
| ۳ | ۲ | ۲ | ۵ | | | |

اور موجودگی ابنِ مریم کے بہن بھائی کو کچھ نہیں ملے گا اور سوتیلی ساس اور نندوں کو شرعاً کچھ نہیں ملتا۔ اور جس کے ذمہ مریم نے کچھ قرض چھوڑا تھا اس میں بھی بموجب اپنے اپنے حصہ کے سب حقدار شریک ہیں۔ مجرد شوہر کے معاف کرنے سے معاف نہیں ہو سکتا۔ مگر اس وقت معاف ہو سکتا ہے کہ شوہرِ مریم بقدر حصہء ورثہ کو اپنے پاس سے دے دے اور ان کو معاف کر دے۔ واللہ اعلم بالصواب

حررہ: العبد الراجی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی

المفتی فی جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......267﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص مسمی ریاض الدین نے انتقال کیا اور ایک بی بی مسماۃ نبی بیگم اور چار لڑکے مسمی سراج الدین واکرام الدین ووہاب الدین ووجیہہ الدین اور دولڑکیاں مسماۃ امیر جان اور احمدی بیگم وارث چھوڑے۔اور پھر ۹ ماہ کے بعد بی بی نے بھی انتقال کیا اور مذکورہ بالا لڑکے اور لڑکیاں چھوڑے۔

موافق شرع شریف کے کل جائداد سے ہر ایک وارث کیا کیا پاسکتا ہے؟ اور کل جائداد کتنے سہام پر تقسیم ہوگی؟

مسماۃ احمدی بیگم نے اپنا حصہ عدالت کے باضابطہ کاروائی کرکے پالیا ہے۔

اور مسمی اکرام الدین نے اپنا حصہ بلاتقسیم کئے ہوئے ایک ہندو کے ہاتھ بیچ ڈالا اور اس ہندو سے مسمی شرف الدینؒ (زوج مسماۃ امیر جان) نے اسی حالت میں خرید لیا ہے۔

بعد انتقالِ مسمی ریاض الدین مرحوم مورث کے کل جائدادِ متروکہ کا اہتمام وانتظام مسمی وجیہہ الدین کے ہاتھ میں ہے۔اس وقت سے اب تک کل کرایہ وغیرہ وصول کرتے رہے۔اور سوائے مسمی سراج الدین کے کل ورثاء کو اس کی آمدنی بحصہ رسد دیتے رہے۔

اب سوال یہ ہے کہ مسمی سراج الدین والدین کے انتقال سے اب تک کل جائداد کی آمدنی میں سے بحساب حصہ رسد اپنا کل حصہ پاسکتا ہے یا نہیں؟۔بینوا توجروا

سراج الدین

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما۔

صورتِ مسئولہ میں چونکہ مسماۃ نبی بیگم زوجہ ریاض الدین کے بھی وہی چار پسر اور دو بیٹیاں وارث ہیں جو ریاض الدین مرحوم کے وارث تھے لہٰذا بصورتِ انحصارِ ورثہ کے ورثۂ مذکورہ میں بعد ماتقدم علی الارث کل

Marfat.com

جائداد منقولہ وغیر منقولہ ریاض الدین مرحوم کی نبی بیگم کو کالعدم رکھ کر دس حصہ کر کے دو دو حصے چاروں بیٹوں کو اور ایک ایک حصہ دو بیٹیوں کو دیا جائے گا۔ صورته هكذا

ریاض الدین مسئلہ ۱۰

میت

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ابن | ابن | ابن | ابن | بنت | بنت |
| ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۱ | ۱ |

☆ اور مسمی اکرام الدین نے جو اپنا حصہ بلا تقسیم فروخت کر دیا اگر عند التقسیم دوسرے شریکوں کو کچھ نقصان نہ پہنچے تو بقول امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ بقدر اس کے حصہ کے بیع صحیح ہوگی ورنہ بالاتفاق بیع ناجائز رہے گی۔ اور حسب خواہش شرکاء اس کو باطل قرار دیا جائے گا اور مشتری سے واپس کرا کر کل جائداد بموجب تقسیم مذکور تقسیم کی جائے گی۔ كما فى الفتاوى الحامدية

قال فى البزازية فى مسائل بيع المشاع دار بين اثنين باع احدهما بيتا معينا من رجل لا يجوز عن الثانى انه يجوز فى نصيبه و فى شرح الطحاوى لو باع احد الشريكين من الدار نصيبه من بيت معين فللآخر ان يبطله و مثله فى الخانية والعمادية معللين بتضرر الشريك بذالك عند القسمة[1]۔

(ترجمہ: بزازیہ میں بیع مشاع کے مسائل میں ہے۔ ایک گھر دو آدمیوں کے درمیان مشترک ملکیت کا ہے۔ ان میں سے ایک نے اپنا ایک معین کمرہ کسی کے ہاتھ بیچ دیا تو یہ جائز نہیں۔ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ اپنے حصے سے جائز ہے۔ شرح الطحاوی میں ہے دو شراکت داروں میں سے ایک نے اپنے حصہ سے ایک معین کمرہ فروخت کر دیا تو دوسرے شریک کو حق حاصل ہے کہ اسے باطل قرار دے دے۔ فتاوی خانیہ میں بھی اس طرح ہے۔ انہوں نے اس کی وجہ یہ بیان کی کہ تقسیم کے وقت اس سے شریک کو نقصان ہوگا۔)

---

[1] تنقيح التفاوى الحامديه جلد اول صفحه ۲۲۳ مطبوعه المكتبه الحبيبيه كوئٹه

Marfat.com

☆ اور مسمی وجیہہ الدین نے بلا اجازت سراج الدین جو جائداد مشترکہ غیر مقسومہ سے کرایہ وصول کیا ہے وجیہہ الدین پر لازم ہے کہ بقدر حصہ سراج الدین آج تک جو کرایہ وصول کیا ہے وہ سب حساب کر کے سراج الدین کو دے بلکہ اگر سراج الدین موجود بھی نہیں ہوتا وجیہہ الدین پر لازم تھا کہ بقدر حصہ سراج الدین جس قدر کرایہ وصول کیا تھا اس کو صدقہ کر دیتا۔ چنانچہ کتاب الشرکہ حامدیہ میں ہے:

**غاب احد شریکی الدار فاراد الحاضر ان یسکنها رجلا او یوجرها لاینبغی ان یفعل ذالک دیانة اذا التصرف فی ملک الغیر حرام ولا یمنع قضاء اذ الانسان لا یمنع من التصرف فیما بیده لو لم ینازعه فلو آجرو واخذ الاجر یرد علی شریکه قدر نصیبه لو قدر والا یتصدق لتمکن الخبث فی حق شریکه فکان کغاصب آجر یتصدق بالا جراویرد علی مالکه اما نصیبه فیطیب له[۱]۔**

(ترجمہ: ایک گھر کے دو شراکت داروں میں سے ایک موجود نہیں۔ موجود شراکت دار نے چاہا کہ کسی آدمی کو وہاں ٹھہرانے یا اسے کرایہ پر چڑھادے۔ دیانتا اسے ایسا نہ کرنا چاہئے۔ کیونکہ کسی دوسرے شخص کی ملکیت میں تصرف حرام ہے۔ لیکن قاضی اسے نہیں روکے گا۔ کیوں کہ جو چیز کسی کے قبضہ میں ہو اسے اس میں تصرف کرنے اس وقت تک قاضی نہیں روک سکتا جب تک کوئی نزاع کرنے والا موجود نہ ہو۔ اگر اس نے اسے کرایہ پر چڑھا دیا اور کرایہ وصول کرلیا تو اپنے حصہ دار کو اس کے حصہ کے برابر اس کرایہ سے ادا کرے بشرطیکہ اسے ادا کرنے پر قادر ہو ورنہ اس کو صدقہ کردے کیوں کہ اس کے شریک کے حق میں خباثت اس میں پختہ ہوگئی ہے تو وہ اس غاصب کی مانند شمار ہوگا جس نے غصب کردہ چیز کو کرایہ پر چڑھادیا تو وہ کرایہ کو صدقہ کردے یا اس کے مالک کو واپس کردے۔ اس کا اپنا حصہ اس کے لیے پاکیزہ ہے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی
مفتی جامع مسجد اکبرآباد

---

[۱] تنقیح التفاوی الحامدیہ جلد اول صفحہ ۹۱ مطبوعہ المکتبہ الحبیبیہ کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......268﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس بارے میں کہ مسمی امیر جان حالتِ مرض میں کہ جس سے شفایاب نہیں ہوئے اور اسی میں انتقال کر گئے' اپنی بیوی کی خدمت سے خوش ہو کر دو عدد مکان تخمیناً قیمتاً پندرہ سو کے دیدیئے کہ جن میں وہ وقتِ ھبہ بھی قابض تھی اور اب تک ہے۔ اور پہلے سے اسی میں رہتی تھی۔ اور مقدارِ مہر کل پانچ سو روپیہ تھے۔ جس کے گواہ یہ تین شخص ہیں۔ اب بعد وفات امیر جان کی بہن کی دختر ان مکانات کو ترکہ خیال کر کے تقسیم کرنا چاہتے ہیں۔ شرع شریف سے ان کو جو کچھ ملتا ہے' لکھ دیا جائے۔ اور سوائے مکانات کے صرف ایک کوٹھی جو علاوہ مکانات کے ہے اور کوئی جائداد نہیں چھوڑی۔

سائل: منصب علی خان'

۱۹ شوال ۱۳۳۴ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

الحمد للہ رب العالمین. والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین والہ و صحبہ اجمعین.

صورتِ مسئولہ میں امیر جان مرحوم نے دو مکان تخمیناً قیمتی پندرہ سو کے' جو اپنی بیوی کو دیئے ہیں' ظاہر ہے کہ علاوہ بعض مکان قیمتی پانچ سو کے' جو قدر مہر ہے' دو حصہ باقی قیمتی ایک ہزار یا کم و بیش کے' بعد تقسیم اور جدا کرنے حصہ مہر کے' ھبہ نہیں کیے ہیں۔ ☆ اور ھبہ' مشاع ایسی چیز کا' جو تقسیم ہو سکے اور تقسیم سے بیکار نہ ہو' جیسا کہ حیثیتِ مکانات مذکور سے ظاہر ہے' ناجائز ہے۔ گو حصہ' مشاع علاوہ ھبہ دوسری طریق سے مملوک یا مقبوضِ موہوب لہ ہی کر دیا جائے یا پہلے سے ہو' جس طرح صورتِ مسئلہ میں کچھ حصہ' مکان بغیر تقسیم و تحدیدِ مہر مین امیر جان مرحوم نے دیا ہے اور کچھ بطریق ھبہ۔ چنانچہ ھدایہ میں ہے۔

Marfat.com

و لو وهب من شريكه لا يجوز لان الحكم يدار على نفس الشيوع [1]

(ترجمہ: اگر کسی نے اپنے شراکت دار کو شراکت والی چیز ہبہ کی تو جائز نہیں کیوں کہ عدمِ جواز کے قول کا دارومدار تقسیم نہ ہونے پر ہے)

و فی الفتاوی العالمگیریة عن المحیط السرخسی رحمة الله علیه

رجل دفع الی رجل تسعة دراهم و قال ثلاثة قضاء من حقک و ثلاثة هبة لک و ثلاثة صدقة فضاع الکل یضمن ثلاثة الهبة لانها هبة فاسدة و لا یضمن ثلاثة الصدقة لان صدقة المشاع جائز الافی روایة [2]

(ترجمہ: ایک شخص نے کسی دوسرے کو نو درہم دیئے اور کہا تین درہم تیرے حق کی ادائیگی کے لیے ہیں، تین درہم تیرے لیے ہبہ ہیں اور تین درہم صدقہ ہیں۔ وہ ساری رقم ضائع ہوگئی تو وہ شخص ہبہ کے تین درہموں کا ضامن ہوگا کیونکہ کہ وہ فاسد ہبہ تھا۔

صدقہ کے تین درہموں کا ضامن نہ ہوگا کیونکہ کہ صدقہ، تقسیم کیے بغیر بھی درست ہے ہاں ایک روایت کی رو سے درست نہیں ہے۔

وأیضا فیه عن المضاربة الکبیر

انه اذا کان دفع الی آخر الفا. قال نصفها مضاربة و نصفها هبة لک فهلک الالف فی یده ضمن المضارب حصة الهبة کذا فی الفتاوی الغیاثیة [3]

☆ (ترجمہ: اگر کسی دوسرے آدمی کو ہزار روپے دیئے اور کہا ان میں سے آدھے مضاربت کے لیے ہیں اور آدھے تیرے لیے ہبہ ہیں۔ اس کے ہاتھ میں وہ ہزار روپے ہلاک ہوگئے تو مضارب ہبہ کے حصہ کا ضامن ہوگا۔ فتاوی غیاثیہ میں اسی طرح ہے)

---

[1] الهدایه جلد ۳ صفحه ۲۸۶ مطبوعه مکتبه شرکت علمیه ملتان

[2] الفتاوی عالم گیریه جلد ۴ صفحه ۳۷۹ مطبوعه مصر

[3] الفتاوی العالم گیریة جلد ۴ صفحه ۳۷۹ مطبوعه مصر

Marfat.com

☆ علاوہ بریں یہ ہبہ ہے مرض الموت میں۔اور ہبہ مرض الموت میں اگر چہ ابتداءھبہ ہوتا ہے مگر بعد موت منقلب بوصیت ہو جاتا ہے۔اس طرح ہبہ مرض الموت کا' بعدالموت' اگر وارث کو کیا گیا ہے اور قبضہ دے کر تمام بھی کر دیا گیا' چونکہ وصیت وارث کو ناجائز ہے' ناجائز ہو کر' جملہ ورثہ کا حق ہو جاتا ہے۔

چنانچہ صفحہ 181 جلد ثانی الفصولین میں ہے جامع الفتاوی سے۔

**وھب قنا لامراتہ فاعتقتہ ثم مات المریض نفذ وتضمن القیمة اذا لتملیک فی الابتداء صح لکن انقلب وصیة بعد ذلک وھو المختار**[1]

(ترجمہ: اپنی بیوی کو ایک غلام ہبہ کیا۔اس بیوی نے اسے آزاد کر دیا۔پھر خاوند مریض مر گیا۔تو عتق نافذ ہوگا اور عورت اس غلام کی قیمت کی ضامن ہوگی کیوں کہ عورت کو مالک بنانا آغاز میں درست تھا لیکن بعد میں وہ وصیت میں تبدیل ہو گیا۔یہی مختار ہے)

اور اگر غیر کو ہبہ کیا ہے چونکہ ابتداءً ہبہ ہے' بغیر قبضہ کے تمام نہ ہوگا۔

**کما فی تنقیح الفتاوی الحامدیہ :**

**وھب فی مرض الموت و لم یسلم حتی مات تبطل البتة لان الھبة فی مرض الموت و ان کانت وصیة لکنھا ھبة حقیقة فتفقر الی القبض و لم توجد**[2]

(ترجمہ: کسی نے ہبہ کیا لیکن ہبہ کردہ چیز موہوب لہ کو اپنے مرنے تک سپرد نہ کی۔تو ہبہ یقیناً باطل ہو جائے گا۔کیونکہ ہبہ مرضِ موت میں اگر چہ وصیت بن جاتا ہے' لیکن حقیقت میں وہ ہبہ ہوتا ہے۔لہٰذا اس کے صحیح ہونے کے لیے موہوب لہ کے قبضہ کی ضرورت ہے جو پایا نہیں گیا)

اور چونکہ یہ مآلاً وصیت ہے بعد الموت' لہٰذا اگر کل مال ھبہ کر دیا ہے باوصفِ قبضہ' دو ثلث مال' جائدادِ مقبوضہ سے موہوب لہ کے لیے ورثہ کو واپس دینا لازم ہوگا'

---

[1] جامع الفصولین جلد ۲ صفحہ ۱۸۱ مطبوعہ دار الاشاعة العربیة کوئٹہ

[2] تنقیح الفتاوی الحامدیة جلد صفحہ مطبوعہ

Marfat.com

کما فی صفحه 180 جلد ثانی جامع الفصولین من الزیادات :

مریض وهب شیئا لا یخرج من الثلث یرد الموهوب له مازاد علی الثلث بلاخیار[1]

(ترجمہ: مریض نے کوئی چیز ہبہ کی۔ جو اس کے ترکہ کا تہائی نہیں' بلکہ زائد بنتی ہے' تو موہوب لہ ترکے کے تہائی سے زائد واپس کرے گا۔ اس میں اس کی پسندیدگی کا اعتبار نہیں)

وفیه من الفتاوی الصغری لصدر الشهید

وهب داره فمات ولا مال له و لم تجز الورثة فسخت فی الثلثین و لم تبطل الهبة فی الثلث[2]

(ترجمہ: مرض الموت میں اپنا گھر کسی کو ہبہ کیا۔ ورثاء نے اس کی اجازت نہ دی' تو ایک تہائی میں ہبہ باطل نہ ہوگا۔ اور دو تہائی میں ہبہ فسخ ہو جائے گا)

اور جب ہبہ صحیح نہ ہوا۔ اور علاوہ حصہ مہر وہ مکان اور نیز تیل کی کوٹھی مملوکِ امیر جان رہی' تو بعد وفاتِ امیر جان بعد ما تقدم علی الارث کل جائداد امیر جان کی بقدر حصہ مہر مبلغ پانچ سو روپیہ منہا کر کے اگر بجز بھانجی اور زوجہ کے اور کوئی وارث ذوی الفروض اور عصبون سے نہیں لہٰذا چار حصہ کر کے ایک حصہ زوجہ امیر جان کو دیا جائے گا اور ماقی کی مالک بھانجی ہوگی۔ بوجہ ہونے بھانجی کے ذوی الارحام سے' اور عدمِ جواز رد کرنے باقی کے زوجین پر۔

کما فی الدر المختار

و ذوالارحام هو کل قریب لیس بذی سهم ولا عصبة فهو قسم ثالث حینئذ ولا یرث مع ذی سهم ولا عصبة سوی الزوجین لعدم الرد علیهما فیاخذ المنفرد جمیع

---

[1] جامع الفصولین جلد ۲ صفحه ۱۸۰ مطبوعه دار الاشاعت العربیه کوئٹه

[2] ایضاً

Marfat.com

المال بالقرابة[1]

(ترجمہ: ذورحم ہر وہ وارث ہوتا ہے جو نہ تو ذو سہم ہو اور نہ ہی عصبہ ہو۔ یہ ورثاء کی تیسری قسم ہے۔ اس قسم ورثاء ذو سہم اور عصبہ کی موجودگی میں وارث نہیں ہوتے۔ ہاں خاوند اور بیوی کی موجودگی میں وارث بنتے ہیں۔ کیوں کہ حصوں سے بچا ہوا ترکہ ان کی طرف نہیں لوٹتا' تو ذورحم اکیلا سارا مال رشتہ داری کی وجہ سے حاصل کرلیتا ہے)

قال الشامی رحمۃ اللہ :

قوله فیاخذ المنفرد ای الواحد منهم من ای صنف کان جمیع المال ای او ما بقی بعد فرض احدالزوجین[2]

(ترجمہ: قولہ ذورحم اکیلا سارا ترکہ حاصل کرے گا۔ یعنی ذورحم رشتہ داروں میں کوئی ایک اگرچہ وہ کسی قسم سے تعلق رکھتا ہو سارا ترکہ پالے گا یا زوجین کے حصوں سے جو بچے گا وہ پالے گا) فقط

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی ر
ابومحمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی المجددی
مفتی مسجد جامع اکبرآباد

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۱۰ صفحہ ۴۴۸' ۴۴۹ مطبوعہ بیروت
[2] ایضاً

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......269﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مسماۃ چھوٹی بیوہ ایک مکان مالیت ڈھائی ہزار کا چھوڑ کر مر گئی اور مسماۃ مذکور نے مسماۃ اچھو' منتو' انتا یہ تین لڑکیاں چھوڑیں اور مسمی کلا ایک بھتیجا چھوڑا اور ان چاروں کے سوا اور کوئی حقدار نہیں۔

مسماۃ چھوٹی نے نصف مکان اپنی زندگی میں مسماۃ اچھو اپنی لڑکی کے نام بیعنامہ لکھ کر رجسٹری کر دیا ہے اور ۱۴ برس اپنی زندگی بھر اسی مسماۃ اچھو اپنی لڑکی کے گھر رہی۔ وہیں مری۔

اب وہ نصف مکان بھی کہ جو مسماۃ اچھو کے نام بیع کر کے رجسٹری کر دیا ہے' وہ بھی حصوں میں آ سکتا ہے یا نہیں؟ اور کون کون حقدار ہیں؟

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اگر فی الواقع چھوٹی نے اپنا نصف مکان معہ زمین قیمتی دو اڑھائی ہزار اپنی بیٹی مسماۃ اچھو کے نام بیع کر دیا ہے اور آدھا حصہ معین کر کے بیچا تھا تو بلا تکلف وہ بیع صحیح ہو گئی۔ اور تحریر رجسٹری سے یہی ظاہر ہو رہا ہے۔ لہٰذا وہ ملکِ اچھو ہو گیا۔ قبل موت و بعدِ موتِ چھوٹی اس میں کوئی دعویٰ نہیں کر سکتا۔ رہا باقی نصف مکان وہ ورثۂ چھوٹی میں اس طرح تقسیم ہو گا کہ کل مال چھوٹی کا بعد ما تقدم علی الارث نو حصہ کر کے دو دو حصہ تینوں بیٹیوں کو دیئے جائیں گے اور تین حصہ باقی کلا بھتیجا کو دیں۔ صورتہ ھکذا

چھوٹی مسئلہ ۹/۳

میت

| بنت | بنت | بنت | ابن الاخ |
|---|---|---|---|
| اچھو | منتو | انتا | کلا |
| ۲ | ۲ | ۲ | ۳ |

حررہ: العبد محمد دیدار علی' مفتی جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......270﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین بابت حصہ شرعی کے ایک شخص مسمی کریم اللہ ولد فوت ہوگیا۔ اس نے صرف اپنی زوجہ کا پہننے کا زیور کچھ زرنقد برتن و کپڑا وغیرہ استعمالی زوجہ کے پاس چھوڑا۔ جو کچھ زرِ نقد تھا وہ اس کی ولیہ نے مرحوم کے گوروکفن فاتحہ سوم چہلم میں صرف کیا۔ صرف زیور پہننے کا پارچہ و برتن استعمالی اس کی بیوہ کے پاس موجود ہے۔ مرحوم کی ایک حقیقی بہن اور ایک بھائی جو دوسرے باپ سے پیدا ہوا موجود ہے۔ اس مال میں کچھ حصہ حقیقی بہن اور اس بھائی کا جو دوسرے باپ سے پیدا ہوا ہے واجب ہوتا ہے؟ اور اگر واجب ہے تو ان ہر ایک کے حصہ میں کیا کیا پہنچتا ہے؟

سائل: بسم اللہ خان از رزباندی کوٹ۔

۲۷ فروری ۱۹۱۸ء

## الجواب

صورتِ مسئولہ میں بعد تقدم علی الارث اگر متوفی اور موجود بھائی کی ماں ایک ہی ہے یعنی یہ بھائی اخیافی ہے تو کل مال کریم اللہ کے سولہ (۱۶) حصہ کر کے چار (۴) حصہ زوجہ کو دیئے جائیں گے اور ۹ حصہ حقیقی بہن کو اور تین (۳) حصہ اخیافی بھائی کو۔

اور اگر بھائی موجود کے ماں باپ اور متوفی کے ماں باپ بالکل جدا ہیں تو اس فرضی بھائی کو کچھ نہیں ملے گا۔ اور کل مال کے چار حصہ کر کے ایک حصہ بیوی کو ملے گا اور باقی بہن کو۔

الصورة الاولی هکذا

کریم اللہ مسئلہ ۴/۱۶

میت

| زوجہ | اخت حقیقی | اخ اخیافی |
|---|---|---|
| ۱/۴ | ۹ | ۳ |

Marfat.com

الصورة الثانیة ھکذا

کریم اللہ مسئلہ

میت

| زوجہ | اخت حقیقی |
| --- | --- |
| ۱ | ۳ |

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

ابومحمد محمد دیدارعلیؒ مفتی جامع مسجد اکبرآباد

۱؍مارچ ۱۹۱۸ء

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 271﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید منجملہ ایک منزل مکان کے نصف کا مالک تھا۔ اور اس کی دو زوجہ تھیں۔ جب زید نے انتقال کیا تو اس نے زوجہ اول کی اولاد میں ایک لڑکی نفیس بیگم اور ایک لڑکا مسمی لیاقت علی چھوڑا اور زوجہ اول بحیات زید انتقال کر گئی اور زوجہ ثانی مسماۃ مریم سے دو لڑکیاں نیازی بیگم و ریاضی بیگم چھوڑیں۔

بعدہ ریاضی بیگم کا انتقال ہوا اس نے ایک ماں مریم اور ایک حقیقی بہن مسماۃ نیازی بیگم اور ایک بھائی علاتی مسمی لیاقت علی اور ایک بہن علاتی مسماۃ نفیس بیگم چھوڑی۔

بعدہ زوجۂ ثانی مریم کا انتقال ہوا اس نے اپنی اولاد میں فقط ایک لڑکی نیازی بیگم چھوڑی۔

اس کے بعد زوجہ اول کے لڑکے لیاقت علی کا انتقال ہوا اس نے اپنا ایک لڑکا یوسف علی اور تین لڑکیاں وحید بیگم، سعید بیگم، عزیز بیگم اور ایک زوجہ مسماۃ زینب اور بہن حقیقی نفیس چھوڑی۔

شرعاً مال زید کس طرح تقسیم ہوگا؟۔

سائل: لیاقت خان محلہ هتیالی نائی کی منڈی آگرہ

۱۲ جمادی الاولی ۱۳۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں بعد ما تقدم علی الارث کل مال زید کے دس ہزار چار سو (۱۰۴۰۰) حصہ کر کے اٹھارہ سو بیس (۱۸۲۰) نفیس بیگم کو دیئے جائیں گے اور پینتالیس سو بیس (۴۵۲۰) نیازی بیگم کو اور چار سو بیس (۴۲۰)

حامد کو اور چار سو پچپن (۴۵۵) زینب کو اور بارہ سو چوہتر (۱۲۷۴) یوسف کو اور چھ سو سینتیس (۶۳۷) وحید بیگم اور اتنے ہی حصہ سعید بیگم اور عزیز بیگم کو دیئے جائیں گے۔ فقط صورتہ ھکذا

زید مسئلہ ۸/۴۰/۵۲۰/۱۰۴۰۰

میت

| زوجہ | ابن | بنت | بنت | بنت |
|---|---|---|---|---|
| مریم | لیاقت علی | نفیس بیگم | نیازی بیگم | ریاضی بیگم |
| ۱/۵/۶۵ | ۱۴/۱۸۲ | ۷/۹۱/۱۸۲۰ | ۷/۹۱/۱۸۲۰ | ۷ |

ریاضی بیگم مسئلہ ۱۲/۱۳

میت بیدہ (۷)

| زوج | ام | اخت عینی | اخ علاتی | اخت علاتی |
|---|---|---|---|---|
| حامد | مریم | نیازی بیگم | لیاقت علی | نفیس بیگم |
| ۳/۲۱/۴۲۰ | ۴/۲۸ | ۶/۴۲/۸۴۰ | م | م |

مریم مسئلہ ۱

میت بیدہ (۹۴)

بنت نیازی بیگم

۱/۹۳/۱۸۶۰

لیاقت علی مسئلہ ۸/۴۰

میت توافق بالنصف بیدہ ۱۸۲

| زوجہ | ابن | بنت | بنت | بنت |
|---|---|---|---|---|
| زینب | یوسف | وحید بیگم | سعید بیگم | عزیز بیگم |
| ۱/۵/۴۵۵ | ۱۴/۱۲۷۴ | ۷/۶۳۷ | ۷/۶۳۷ | ۷/۶۳۷ |

Marfat.com

الاحیاء

| نفیس بیگم | نیازی بیگم | حامد | زینب | یوسف | وحید بیگم | سعید بیگم | عزیز بیگم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۸۲۰ | ۴۵۲۰ | ۴۲۰ | ۴۵۵ | ۱۲۷۴ | ۶۳۷ | ۶۳۷ | ۶۳۷ |

المبلغ

۱۰۴۰۰

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

ابومحمد محمد دیدارعلی الحنفی مفتی جامع مسجد اکبرآباد

مورخہ ۱۲ جمادی الاولی ۱۳۳۶ھ

Marfat.com

# ﴿فتویٰ نمبر......272﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مورثِ اعلیٰ امیر خان نے انتقال کیا۔انہوں نے ایک بیٹا فیض اللہ خان اور تین بیٹیاں حبیبا' احمدی' محمدی کو وارث چھوڑا

اس کے بعد حبیبا نے انتقال کیا۔انہوں نے پانچ بیٹے فیاض بیگ' عظیم بیگ' ریاض الدین بیگ' اسماعیل بیگ' غفور بیگ اور دو بیٹیاں ہرمزی۔حمو اور ایک بھائی فیض اللہ خان اور دو بہنیں احمدی' محمدی کو وارث چھوڑا۔

اس کے بعد ہرمزی نے انتقال کیا انہوں نے ایک خاوند لطف اللہ خان اور دو بیٹے مسیح اللہ خان' شفیع اللہ خان اور پانچ بھائی مذکور الصدر اور ایک بہن حمو کو وارث چھوڑا۔

اس کے بعد فیض اللہ خان نے انتقال کیا انہوں نے ایک بیٹا لطف اللہ خان دو بہنیں احمدی' محمدی کو وارث چھوڑا

اس کے بعد مسیح اللہ خان نے انتقال کیا انہوں نے ایک باپ لطف اللہ خان اور ایک بھائی شفیع اللہ خان اور ایک بی بی شافیہ اور بیٹے حبیب اللہ ورفیع اللہ کو وارث چھوڑا۔

اس کے بعد احمدی نے انتقال کیا انہوں نے ایک بیٹی مسماۃ ممتازی ایک بہن محمدی اور ایک بھتیجا لطف اللہ خان کو وارث چھوڑا۔

اس کے بعد مسماۃ محمدی نے انتقال کیا انہوں نے ایک بیٹا محمود خان' ایک بھتیجا لطف اللہ' ایک بہن جی مسماۃ ممتازی کو وارث چھوڑا۔

اس کے بعد رفیع اللہ خان نے انتقال کیا انہوں نے ایک بھائی حبیب اللہ خان اور والدہ شافیہ اور دادا لطف اللہ خان کو وارث چھوڑا۔

اس کے بعد لطف اللہ خان نے انتقال کیا انہوں نے دو بیٹے شفیع اللہ خان ولیاقت اللہ خان اور دو

Marfat.com

بیٹیاں منیر النساء وشوکت النساء کو وارث چھوڑا۔

پس ازروئے شرع شریف امیر خان مورثِ اعلی کا ترکہ کس طرح تقسیم ہوگا؟ اور ہر وارث کو کتنا کتنا ملے گا؟

سائل: شفیع اللہ خان

۴ مارچ ۱۹۱۷ء

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں کل مال امیر خان کے انہتر ہزار ایک سو بیس (۶۹۱۲۰) حصہ کر کے تیئس سو چار (۲۳۰۴) حصہ ریاض بیگ کو اور اسی قدر دوسرے چاروں بیٹوں کو دیئے جائیں گے۔ گیارہ سو باون (۱۱۵۲) حصہ حمو کو اور نو ہزار آٹھ سو دو (۹۸۰۲) شفیع اللہ خان اور ایک سو پانچ (۱۰۵) شافیہ کو اور ایک سو ترپن (۱۵۳) حبیب اللہ کو اور چھ ہزار نو سو بارہ (۶۹۱۲) ممتازی کو اور بیس ہزار سات سو چھتیس (۲۰۷۳۶) محمود خان اور نو ہزار تین سو ستر (۹۳۷۰) لیاقت کو اور چار ہزار چھ سو پچاسی (۴۶۸۵) شوکت النساء اور اسی قدر حصہ منیر النساء کو ملیں گے۔ فقط واللہ اعلم صورتہ ھکذا

امیر خان مسئلہ ۵/۶۰/۴۸۰/۷۶۸۰/۲۳۰۴۰/۶۹۱۲۰

میت

| ابن (فیض اللہ خان) | حمیا | احمدی | محمدی |
|---|---|---|---|
| ۲/۲۴/۱۹۲ | ۱ | ۱/۱۲/۹۶/۱۵۳۶ | ۱/۱۲/۹۶/۱۵۳۶ |

Marfat.com

حبیا مسئلہ ۱۲

میت

ابن ابن ابن

ریاض بیگ فیاض بیگ غفور بیگ

۲/۱۶/۲۵۶/۷۶۸/۲۳۰۴، ۲/۱۶/۲۵۶/۷۶۸/۲۳۰۴، ۲/۱۶/۲۵۶/۷۶۸/۲۳۰۴

ابن ابن

اسماعیل عظیم بیگ

۲/۱۶/۲۵۶/۷۶۸/۲۳۰۴ ۲/۱۶/۲۵۶/۷۶۸/۲۳۰۴

بنت بنت اخ اخت اخت

ہرمزی حمو فیض اللہ خان محمدی احمدی

۱ ۱/۸/۱۲۸/۳۸۴/۱۱۵۲ م م م

ہرمزی مسئلہ

میت بیدہ (۱)

زوج (لطف اللہ) ابن (مسیح اللہ) ابن (شفیع اللہ)

۱/۲/۳۲/۹۶ ۳ ۳/۴۸/۱۴۴/۴۳۲

فیض اللہ مسئلہ ا

میت بیدہ (۱۹۳)

ابن لطف اللہ اخت محمدی اخت محمدی

۱۹۲/۳۰۷۲/۹۲۱۶ م م

Marfat.com

مسیح اللہ خان مسئلہ ۴۸

میت بیدہ (۳)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| زوجہ شافیہ | ابن حبیب اللہ | ابن رفیع اللہ | اب لطف اللہ | اخ شفیع اللہ |
| ۳/۶/۱۸/۵۴ | ۱۷/۵۱/۱۵۳ | ۱۷ | ۴/۸/۲۴ | م |

احمدی مسئلہ ۲

میت بیدہ (۱۵۳۶)

| | | |
|---|---|---|
| بنت ممتازی | اخت محمدی | ابن الاخ لطف اللہ |
| ۱/۷۶۸/۲۳۰۴/۶۹۱۲ | ۱/۷۶۸ | م |

محمدی مسئلہ ۱

میت بیدہ (۲۳۰۴)

ابن محمود خان

۱/۲۳۰۴/۹۳۱۲/۴۰۷۳۶

رفیع اللہ مسئلہ

میت بیدہ (۱۷)

| | | |
|---|---|---|
| ام شافیہ | اب لطف اللہ | اخ حبیب اللہ |
| ۱/۱۷/۵۱ | ۲/۳۴ | م |

لطف اللہ مسئلہ

میت

| | | | |
|---|---|---|---|
| ابن شفیع اللہ | ابن لیاقت اللہ | بنت شوکت النساء | بنت مہر النساء |
| ۲/۹۳۷۰ | ۲/۹۳۷۰ | ۱/۴۶۸۵ | ۱/۴۶۸۵ |

Marfat.com

الاحیاء

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ریاض بیگ | فیاض بیگ | غفور بیگ | اسماعیل بیگ | عظیم بیگ | حمو |
| ۲۳۰۴ | ۲۳۰۴ | ۲۳۰۴ | ۲۳۰۴ | ۲۳۰۴ | ۱۱۵۲ |

الاحیاء

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حبیب اللہ | ممتازی | محمود خان | شافیہ | شفیع اللہ | لیاقت اللہ |
| ۱۵۳ | ۶۹۱۲ | ۲۰۷۳۶ | ۱۰۲ | ۹۸۰۲ | ۹۳۷۰ |

الاحیاء

| | |
|---|---|
| شوکت النساء | منیر النساء |
| ۴۶۸۵ | ۴۶۸۵ |

المبلغ

۶۹۱۲۰

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی

مفتی جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

﴿فتویٰ نمبر......273﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اندریں صورت کہ

حبیب اللہ نے بعد انتقال پانچ بیٹے مسمیان امان اللہ، خدا بخش، احمد، حسو، سعد اللہ اور ایک بیٹی مسماۃ امامن چھوڑی۔

بعدہ خدا بخش کا انتقال ہوا۔ اس نے ایک بیٹی مسماۃ زینب اور چار بھائی اور ایک بہن مذکور الصدر چھوڑی

پھر مسمی امان اللہ کا انتقال ہوا اس نے ایک زوجہ مسماۃ شرافت اور ایک بنت مسماۃ اچھوا اور تین بھائی اور ایک بہن مذکورہ بالا چھوڑی۔

من بعد مسمی احمد میاں کا انتقال ہوا۔ انہوں نے دو بھائی اور ایک بہن مسطورہ چھوڑی۔

بعد ازاں مسماۃ امان اللہ کا انتقال ہوا۔ اس نے تین بیٹے مسمیان معشوق اور عنایت اور امداد اور دو دختر مسماۃ منتو اور حسو کو چھوڑا۔

اب حبیب اللہ مورثِ اعلیٰ کا ترکہ کس طرح تقسیم ہوگا؟

سائل: درج نہیں.

۱۹ جمادی الاولی ۱۳۳۵ھ

## الجواب

هو الموفق للصواب

بسم الله الرحمن الرحيم۔

اللهم رب زدني علما

صورتِ مسئولہ میں بعد ما تقدم علی الارث کل مال حبیب اللہ کے پانچ ہزار پانسو چوالیس (۵۵۴۴) حصہ کر کے سولہ سواسی (۱۶۸۰) حسو کو اور سولہ سواسی (۱۶۸۰) ہی سعد اللہ کو دیئے جائیں گے اور

Marfat.com

پانچ سو چار (۵۰۴) زینب کو اور دو سو اسی (۲۸۰) شرافت کو اور پانچ سو ساٹھ (۵۶۰) اچھو کو اور دو سو دس (۲۱۰) معشوق کو اور اتنے اتنے ہی عنایت اور امداد کو اور ایک سو پانچ (۱۰۵) مسماۃ حسو اور اتنے ہی منتو کو۔ فقط

صورتہ ھکذا

حبیب اللہ مسئلہ ۱۱/۹۹/۶۹۳/۵۵۴۴

میت

| ابن | ابن | ابن | ابن | ابن | بنت |
|---|---|---|---|---|---|
| امان اللہ | خدابخش | احمد میاں | حسو | سعد اللہ | امامن |
| ۲/۱۸ | ۲ | ۲/۱۸/۱۲۶ | ۲/۱۸/۱۲۶/۱۰۰۸ | ۲/۱۸/۱۲۶/۱۰۰۸، | ۱/۹/۶۳ |

خدابخش مسئلہ ۲/۱۸

میت بیدہ (۲)

| بنت | اخ | اخ | اخ | اخ | اخت |
|---|---|---|---|---|---|
| زینب | امان اللہ | احمد میاں | حسو | سعد اللہ | امامن |
| ۱/۹/۶۳/۵۰۴ | ۲ | ۲/۱۴ | ۲/۱۴/۱۱۲ | ۲/۱۴/۱۱۲ | ۱/۷ |

امان اللہ مسئلہ ۴/۳۱

میت بیدہ (۲۰)

| زوجہ | بنت | اخ | اخ | اخ | اخت |
|---|---|---|---|---|---|
| شرافت | اچھو | احمد میاں | حسو | سعد اللہ | امامن |
| ۱/۷/۳۵/۲۸۰ | ۲/۱۴/۷۰/۵۶۰ | ۲/۱۰ | ۲/۱۰/۸۰ | ۲/۱۰/۸۰ | ۱/۵ |

Marfat.com

احمد میاں مسئلہ ۵

میت تداخل بیدہ(۱۵۰۹)

| اخ حسو | اخ سعداللہ | اخت امامن |
|---|---|---|
| ۲/۶۰/۴۸۰ | ۲/۶۰/۴۸۰ | ۱/۳۰ |

امامن مسئلہ

میت بیدہ(۱۰۵)

| ابن معشوق | ابن عنایت | ابن امداد | بنت منتو | بنت حسو |
|---|---|---|---|---|
| ۲۱۰ | ۲۱۰ | ۲۱۰ | ۱۰۵ | ۱۰۵ |

الاحیاء

| حسو | سعداللہ | زینب | شرافت | اچھو | معشوق | عنایت | امداد | حسو | منتو |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۶۸۰ | ۱۶۸۰ | ۵۰۴ | ۲۸۰ | ۵۶۰ | ۲۱۰ | ۲۱۰ | ۲۱۰ | ۱۰۵ | ۱۰۵ |

المبلغ

۵۵۴۴

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

محمد دیدار علی الرضوی الحنفی، مفتی جامع مسجد اکبرآباد

۱۹ جمادی الاولی ۱۳۳۵ھ

Marfat.com

## س ﴿فتویٰ نمبر.......274﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس صورت میں کہ خواجہ وزیر نے وقت انتقال یہ وارث چھوڑے۔ زوجہ مسماۃ نجیبن دو پسر تقی الدین، نقی الدین، دو پوتے علیم الدین، وجیہہ الدین تین پوتی بسم اللہ، منتو، عفتو۔

بعدہ نقی الدین کا انتقال ہوا اور یہ ورثہ چھوڑے زوجہ مسماۃ اکرامی بیگم، والدہ نجیبن، برادر کلاں تقی الدین، دختران بدر النساء، بہن، سرداری بیگم، بھتیجے علیم الدین، وجیہہ الدین، بھتیجیاں بسم اللہ بیگم، منتو، عفتو۔

پھر نجیبن کا انتقال ہوا۔ اس نے یہ ورثہ چھوڑے۔ بیٹا تقی الدین، پوتیاں بدر النساء، بہن، سرداری، پوتے علیم الدین، وجیہہ الدین، پوتیاں، دختران پسر، بسم اللہ، عفتو، منتو،

بعدہ تقی الدین کا انتقال ہوا۔ اور یہ ورثہ چھوڑے زوجہ محبوبا، بھتیجے علیم الدین، وجیہہ الدین، بھتیجیاں، بسم اللہ بیگم، عفتو، عفتو منتو، بدر النساء، بہن، سرداری۔

شرعاً یہ لوگ جائدادِ خواجہ وزیر سے کس قدر مستحق ہوں گے۔ بینوا و توجروا

۲۵ فروری ۱۹۱۷ء

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما۔

صورت مسئولہ میں بعد ما تقدم علی الارث اور انحصار الورثہ کے اشخاصِ مذکورہ میں، کل مال خواجہ وزیر کے نو ہزار دو سو سولہ (۹۲۱۶) حصہ کر کے پانچ سو چار (۵۰۴) حصہ اکرامی بیگم زوجہ نقی الدین اور بہن بیگم بدر النساء، سرداری بیگم دختران نقی الدین سے ہر دختر کو آٹھ سو چھیانوے (۸۹۶) حصہ اور محبوبا زوجہ تقی الدین کو پندرہ سو چھ (۱۵۰۶) حصہ۔ اور علیم الدین و وجیہہ الدین ابنائے خیر الدین برادر زادگان نقی الدین کو دو ہزار دو سو انسٹھ (۲۰۶۹) حصہ ہر برادر زادہ کو دیئے جائیں گے اور باقی ورثہ مذکورہ سوال محروم رہیں گے۔

Marfat.com

خواجہ وزیر          مسئلہ ۴/۱۹۲/۸/۷۶۸

میت

| ابن (تقی الدین) | ابن (تقی الدین) | زوجہ نجیبن |
|---|---|---|
| ۳ | ۳ | ۱/۲/۴۸ |

تقی الدین          مسئلہ ۲۴/۲/۷

میت          بیدہ (۷)

میت          بیدہ (۷)

| اخ | بنت | بنت | بنت | والدہ | زوجہ |
|---|---|---|---|---|---|
| تقی الدین | سرداری بیگم | بدر النساء | بین | نجیبن | اکرامی بیگم |
| ۱/۳ | ۱۶/۶۴ | ۱۶/۶۴ | ۱۶/۶۴ | ۴/۱۲ | ۳/۹/۳۶ |

نجیبن مسئلہ ۱

میت          بیدہ (۲۲۸)

ابن (تقی الدین)

۶۰

مسئلہ ۴ (تقی الدین)

میت          تباین          بیدہ (۱۳۵)

| ابن الاخ، وجیہہ الدین بن خیر الدین المتوفی فی حیاۃ خواجہ وزیر | زوجہ محبوبن |
|---|---|
| ۳/۴۰۵ | ۱/۱۳۵ |

Marfat.com

مسئلہ بدرالنساء　مسئلہ ۱۶/۴

بیدہ (۶۴)　میت

| | | | |
|---|---|---|---|
| زوج | ابن | بنت | بنت |
| کریم الدین | فصیح الدین | عزیز جہاں بیگم | شاہ جہاں بیگم |
| ۱/۴/۱۶ | ۶/۲۴ | ۳/۱۲ | ۳/۱۲ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اکرامی بیگم | بن | سرداری بیگم | محجوبن | وجیہہ الدین | کریم الدین |
| ۳۶ | ۶۴ | ۶۴ | ۱۳۵ | ۴۰۵ | ۱۶ |

| | | |
|---|---|---|
| فصیح الدین | عزیز جہاں بیگم | شاہ جہاں بیگم |
| ۲۴ | ۱۲ | ۱۲ |

المبلغ

۷۶۸

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

محمد دیدار علی مفتی جامع مسجد اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......275﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید کی حیات میں اس کے بیٹے عمر کا انتقال ہوا۔ اس وقت عمر نے حامد اور حمیدہ دو اولاد اور ایک صفیہ اپنی بی بی کو چھوڑا۔ پھر زید کا انتقال بعد انتقال عمر اپنے بیٹے کے ہوا۔ اس وقت زید نے ایک اپنا پوتا حامد اور پوتی حمیدہ کو اور ایک بی بی اپنے بیٹے عمر کی چھوڑے۔ پھر حامد کا انتقال ہوا۔ حامد نے ایک ماں اور ایک بی بی اور ایک بیٹی اور ایک بہن حمیدہ چھوڑی۔ اب جو جائداد موروثی سلسلہ سے متوفی تک منتقل ہوتی چلی آئی ہے اس کی تقسیم شرعی طور پر جس طرح ہو تحریر فرمائی جائے۔

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث اور انحصار ورثہ کے اشخاصِ مذکورہ میں، کل جائداد عمر کے دو سو اٹھاسی (۲۸۸) حصے کر کے، چونسٹھ (۶۴) حصے تو صفیہ کو دیئے جائیں کے اور ایک سو انیس (۱۱۹) حمیدہ کو اور اکیس (۲۱) زوجہ حامد کو اور چوراسی (۸۴) بنت حامد کو۔ صورتہ ھکذا

عمر مسئلہ ۲۸۸/۷۲/۲۴

میت

| زوجہ | بنت | ابن | اب |
|---|---|---|---|
| صفیہ | حمیدہ | حامد | زید |
| ۳/۹/۳۶ | ۱۷/۶۸ | ۳۴ | ۴/۱۲ |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| زید | مسئلہ ۳ | | |
| میت | | توافق بالسبب | بیدہ (۱۲) |
| ابن الابن | | بنت الابن | زوجہ ابن المتوفی المسمی بعمر |
| حامد | | حمیدہ | م |
| ۲/۸ | | ۱/۴/۱۶ | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| حامد | مسئلہ ۲۴ | توافق بالسدس | |
| میت | | | بیدہ (۴۲) |
| بنت | زوجہ | ام صفیہ | اخت حمیدہ |
| ۱۲/۸۴ | ۳/۲۱ | ۴/۲۸ | ۵/۳۵ |

الاحیاء

| صفیہ | حمیدہ | زوجہ | بنت |
|---|---|---|---|
| ۶۸ | ۱۱۹ | ۲۱ | ۸۴ |

المبلغ

۲۸۸

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی

مفتی جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......276﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس صورت میں کہ مسمی حسن خان ایک منزل مکان کا مالک ہے۔اور اس مکان میں اس کے لڑکے نے ڈیڑھ سو روپیہ اپنی ذات سے لگائے۔چنانچہ حسن خان مالکِ مکان کہتا ہے کہ اس کے روپیوں کا دیندار رہوں۔اور اسی مکان میں سے وہ روپیہ ادا کروں گا۔اور میرے ایک لڑکا اور دو لڑکی وارث ہیں۔لڑکیاں میری حیات میں اس مکان پر قبضہ کرتی ہیں اور اپنا اپنا حصہ مانگتی ہیں۔آیا میری حیات میں وہ اپنا حصہ مجھ سے جبراً لے سکتی ہیں یا نہیں؟اور مکان میں قفل لگا دیا ہے کہ پہلے ہمارا حصہ دیدو جب ہم قفل کھولیں گے۔اور اگر حسن خان مالک مکان اپنی حیات میں یہ کرنا چاہے تو از روئے شرع شریف ہر ایک وارث مذکور بالا کو کتنا کتنا حصہ ملنا چاہئے؟اس کا جواب باصواب ارشاد فرمائیں۔

سائل:حسن خان ساکن کڑہ دواری خان آگرہ

۲۶ ربیع الاول ۱۳۳۵ھ

## الجواب

**بسم اللہ الرحمن الرحیم**

اپنی حینِ حیات حسن خان اپنے مکان کا مالک ہے۔اس کو اختیار ہے خواہ اس سے اپنا قرض ادا کرے یا جس کو چاہے کل یا بعض مالِ مملوک اپنا بخشدے۔☆البتہ طریقِ انصاف یہ ہے کہ اپنی حینِ حیات میں اگر ورثہ پر تقسیم کرے تو ورثۂ مذکور پر جس قدر تقسیم کرنا چاہے اس کے چار حصہ کر کے دو حصہ بیٹے کو دیدے اور ایک ایک حصہ دونوں دختروں کو دیدے۔اور بعض فقہاء کا قول ہے کہ حین حیات میں لڑکا لڑکیوں کو برابر تقسیم کرے۔مگر حین حیاتِ حسن خان میں جبراً حسن کے مال سے کوئی وارث کچھ نہیں لے سکتا۔فقط

حررہ:العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 277﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے انتقال کیا۔ اور تین فرزند ایک بیوہ اور ایک دختر زوجہ اول سے ورثاء وقتِ وفات اپنی کے چھوڑے۔ اور جو زیور کہ نقرئی وطلائی اپنا از مکسوبہ متوفی نے اپنی زوجۂ مذکورہ یعنی موجودہ کے واسطے بنوایا تھا' وہ سب اس نے اس کو پہنا دیا۔ چنانچہ کل زیور بقبضہ بیوہ متوفی کا ہے اور نیز ایک جائداد بحقِ بیوۂ مذکورہ اور ایک جائداد بحق فرزندانِ مذکوران متوفی کے ہبہ کر دی کہ جو ان کے قبض وتصرف میں موجود ہے۔ علاوہ زیور و ہر دو جائدادِ موہوبہ مذکورہ کے اور جائداد منقولہ وغیرہ منقولہ واثاث البیت' جو ہنوز باقی ہے ان میں کون کون حقدار شرعی ہے؟ اور کس قدر بقیہ جائدادِ متوفی میں ہر وارث کو شرعی حق پہنچتا ہے؟

۲۶ ربیع الاول ۱۳۳۵ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما

☆ صورتِ مسئولہ اگر زید نے بحالتِ صحت وتندرستی بیوی کو زیور ہبہ کر کے پہنا دیا یا بموجب عرف اپنی قوم کے یہ سمجھ کر کہ پہنا دینا بمنزلہ ہبہ کر کے قبضہ دیدینے کے ہی قائم مقام سمجھا جاتا ہے' پہنا دیا وہ ملکِ زوجۂ زید ہو گیا۔ اس میں کسی وارث کا حق باقی نہیں رہا۔ ماسوائے اس کے جو کچھ ملکیتِ منقولہ وغیرہ منقولۂ زید ہے اس کے بعد ماتقدم علی الارث اداءِ دینِ مہر وقرض وغیرہ آٹھ حصہ کر کے اس میں سے ایک حصہ بیوی کو دیا جائے گا اور ایک حصہ دختر زید کو باقی چھ حصے علی السواء تینوں بھائی باہم لیں گے۔

Marfat.com

صورته هكذا

زید مسئلہ۸

میت

| زوجہ | ابن | ابن | ابن | بنت |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| ۱ | ۲ | ۲ | ۲ | ۱ |

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مفتی جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......278﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس صورت میں کہ ممن مرا اس نے وزیرؔ امیر دو بیٹے ایک بیوی کریما چھوڑی۔

وزیر مرا اس نے تین بیٹی چھوڑیں اور ایک بیوی اور ایک ماں چھوڑی۔

پھر وزیر کی ماں مری اس نے ایک بیٹا امیر چھوڑا۔ اب جائدادِ ممن سے کریما کو کیا ملے گا۔

۱۳ ربیع الاول ۱۳۳۵ھ

امیر بخش محلہ ڈھولی کھار آگرہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما۔

صورتِ مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث وانحصارِ ورثہ کل مالِ ممن کے چھ سو چالیس (۶۴۰) حصے کر کے تین سو ساٹھ (۳۶۰) حصے امیر کو دیئے جائیں گے اور ۳۵ حصے زوجۂ وزیر کو اور ۹۸ ایک بنتِ وزیر کو اور ۹۸ دوسری بنتِ وزیر کو اور ۴۹ وزیر کی ماں کو ملیں گے۔ صورتہ ھکذا

ممن مسئلہ ۸/۱۶/۶۴

میت

| زوجہ کریما | ابن وزیر | ابن امیر |
| --- | --- | --- |
| ۱/۲/۸۰ | ۷ | ۷/۲۸۰ |

Marfat.com

وزیر مسئلہ ۴/۴۰

بیدہ (۷)

میت

| ام | بنت | بنت | زوجہ |
|---|---|---|---|
| ۱/۷/۴۹ | ۱۴/۹۸ | ۱۴/۹۸ | ۱/۵/۳۵ |

کریما

بیدہ (۸)

میت

ابن امیر

۸۰

الاحیاء

| ام وزیر | بنتِ وزیر | بنت وزیر | زوجۂ وزیر | امیر |
|---|---|---|---|---|
| ۴۹ | ۹۸ | ۹۸ | ۳۵ | ۳۶۰ |

المبلغ

۶۴۰

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

ابومحمد محمد دیدار علیؒ

مفتی جامع مسجد اکبرآبا

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......279﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علما دین اس صورت میں کہ ممن مرا اس نے وزیر اور امیر دو بیٹے اور ایک بیوی کریما چھوڑی۔

بعد وزیر مرا اس نے تین بیٹیاں چھوڑیں اور ایک بیوی اور ایک ماں چھوڑی۔

پھر وزیر کی ماں مری اس نے ایک بیٹا امیر چھوڑا۔

اب جائداد ممن سے کریما کو کیا ملے گا؟۔فقط

### الجواب

صورت مسئولہ میں بعد ما تقدم علی الارث وانحصار ورثہ کے ورثاء مذکور میں کل مال ممن کے ۱۹۲۰ حصے کر کے ۱۲۲۷ تو امیر کو دیئے جائیں گے اور ۱۰۵ وزیر کی زوجہ کو اور ۵۸۸ تینوں بیٹیوں کو۔ حصوں سے ہر ایک وزیر کی بیٹی کو ۱۹۶ حصے ملیں گے۔فقط صورتہ ھکذا

ممن مسئلہ ۱۹۲۰/۱۶/۸

میت

| | | |
|---|---|---|
| زوجہ مسماۃ کریما | ابن مسمی وزیر | ابن مسمی امیر |
| ۲/۲۴۰ | ۷ | ۷/۸۴۰ |

وزیر مسئلہ ۱۲۰/۴۰/۸

میت بیدہ (۷)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| زوجہ | بنت | بنت | بنت | ام |
| ۱/۵/۱۰/۱۰۵، | ۲۸/۸۴/۵۸۸/۱۹۶، | ۱۹۶/۵۸۸/۸۴/۲۸، | ۱۹۶/۵۸۸/۸۴/۲۸، | ۱۴۷/۲۱/۷ |

Marfat.com

کریمن مسئلہ ۳۸۷

میت بیدہ ۳۸۷

امیر

۳۸۷

الاحیاء

| امیر | زوجہ وزیر | بنت وزیر | بنت وزیر | بنت وزیر |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| ۱۲۲۷ | ۱۰۵ | ۱۹۶ | ۱۹۶ | ۱۹۶ |

المبلغ

۱۹۲۰

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی مفتی جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......280﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ محبوب کا انتقال ہوا تو ایک لڑکا اپنی پہلی بیوی سے جو مرگئی تھی اور زوجہ ثانی اور اس سے ایک لڑکی اور ایک اپنی ہمشیرہ کو زندہ چھوڑا۔

بعد کو لڑکا نابالغ مرگیا تو لڑکے نے نانا' نانی' ماموں' پھوپھی' علاتی بہن' سوتیلی ماں کو زندہ چھوڑا۔

بعد کو زوجہء محبوب نے انتقال کیا تو زوجہ نے ایک بیٹی' ایک ماں اور ایک باپ کو زندہ چھوڑا۔

اس کے بعد لڑکی محبوب کی مری تو اس نے خاوند اور نانا' نانی' پھوپھی کو زندہ چھوڑا

اس صورت میں جو حصے شرعی ہوں گے عند اللہ اس سے اطلاع دی جائے۔ فقط

سائل: چھنگا جنی خانہ آگرہ

## الجواب

صورتِ مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث اور انحصارِ ورثۂ مذکورہ کے کل مال محبوب کے ۹۶ حصے کر کے خانم کو ۱۴ حصے اور کریمن کو ۲۱ اور عبدالرحیم کو ۴ حصے اور خالد کو ۵۷ حصے دیئے جائیں گے۔

**صورتہ ھکذا**

محبوب مسئلہ ۸/۲۴/۴۸/۹۶

میت

| | | | |
|---|---|---|---|
| زوجہ حفیظا | بنت حفیظن مسماۃ زینت | ابن مسمی زید من زوجۃ اخری ماتت | اخت |
| ۱/۳/۶ | ۷/۱۴ | ۱۴ | م |

زید مسئلہ توافق بالنصف بیدہ ۱۴

میت

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| زینب اخت علاتی | ام الام خانم | عم | زوجۃ الاب | اب الام | خال |
| ۳/۲۱ | ۱/۷/۱۴ | م | م | م | م |

Marfat.com

۲۴ حصہ کر کے تین حصہ تو زوجہ کو دیئے جائیں گے۔

اور ۱۶ حصے دختر کو' ۱۲ باپ کی میراث سے' اور ۴ حصے ماں کی میراث سے جو مادرِ دختر نے اپنے شوہر کی میراث سے پائی تھی۔

اور پانچ حصوں کا ۲۴ حصوں سے جو اڑتالیس ہزار سے دس ہزار ہوئے ہیں بھائی مستحق ہے اور بھائی کی موجودگی میں بھتیجی کو کچھ نہیں ملتا۔

لہٰذا زید متوفی کا بھائی زوجہ زید سے جو کل مال زید پر متصرف ہے اپنے حصہ وصول کر سکتا ہے باقی کا زوجہ و دختر زید کو اختیار ہے خود رکھیں یا کسی کو ہبہ کریں۔

☆ بوجہ بدچلنی کے کوئی میراث سے محروم نہیں ہو سکتا۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ الغنی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی مفتی جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......282﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ قصبہ بمبورہ علاقہ راج الور میں قاضی محمد صادق کے دو پسر امیر محمد وحسام الدین تھے۔ امیر محمد اپنے والد کی حیات میں کہ جس کو عرصہ تین سال کا ہوا فوت ہوگیا۔ اس وقت متوفی مذکور دو لڑکے نابالغ چھوڑ گیا تھا کہ بالغ ہوکر وہ اپنے دادا کی حیات میں دونوں لڑکے فوت ہوگئے۔ پسرِ خورد اس وقت حیات ہے۔ انجام خدمتِ قضات دے رہا ہے۔ لہٰذا عرض پرداز ہوں کہ شرعاً فوت ہوئے دادا خسر کے ترکہ و نیز حقِ قضات نکاح خوانی وغیرہ میں مستحق حصہ پانے کے ہے یا نہیں۔ یہ نکاح خوانی پشت در پشت چلی آتی ہے یہ ترکہ میں داخل ہے یا کہ حق الخدمت ہے اندریں صورت پوت بہو کا حق ہے یا نہیں۔

سائل: حسام الدین از بمبورہ علاقہ الور

۱۹ صفر ۳۵

## الجواب

اللھم رب زدنی علما۔

بیٹی کی موجودگی میں جب شرعاً پوتی ہی وارث نہیں ہوسکتی تو پوت (بہو) کس طرح وارث ہوسکتی ہے۔

☆ اور قضاتِ مروجہ حق الخدمت ہے داخلِ میراث نہیں۔ جو نکاح پڑھانے جائے گا وہ اپنے آنے کی اجرت لے گا۔

حررہ: العبد الراجی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی مفتی

جامع مسجد اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......283﴾

### سوال

منشی بدرالدین صاحب مرحوم کا ایک لڑکا اور دو لڑکی ہیں۔ لڑکیوں کی شادی ہو گئی ان کا ترکہ جائداد مکانات نقد وغیرہ شرع کے کس حساب سے تقسیم ہونا چاہیے؟۔

۱۲ اکتوبر ۱۹۱۶ء

مہتاب خان سب انسپکٹر محلہ منیجہ ٹولہ

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما.

صورتِ مسئولہ میں بصورت انحصار ورثہ کے اشخاص مذکورہ سوال میں بعد ماتقدم علی الارث یعنی مصارفِ تجہیز تکفین اور اداءِ دین اگر ہو اور تنفیذِ وصیت اگر میت نے کسی کو علاوہ ورثہ کی ہو تمام مال منقولہ وغیرہ منقولہ منشی صاحب مرحوم کی چار حصے پورے کر کے دو حصہ ان کے بیٹے کو دیدیئے جائیں اور ایک ایک حصہ ان کی دونوں لڑکیوں کو۔ صورتہ ھکذا

مسئلہ ۴

منشی بدرالدین

میت

| | | |
|---|---|---|
| لڑکا | دختر | دختر |
| ۲ | ۱ | ۱ |

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

محمد دیدار علی الرضوی مفتی جامع مسجد اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتوی نمبر......284﴾

## سوال

ہزاری کے ورثہ' بیوۂ ہزاری امیرن' ہزاری کا بھتیجا علی بخش' اور ہزاری کا بھتیجا رحیم بخش' اور بھتیجا ہزاری کا اللہ رکھا ہے۔

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

صورتِ مسئولہ میں بعد ما تقدم علی الارث یعنی ہزاری کی بیوی کے مہر وغیرہ اگر فی الواقع فقط یہی وارث ہیں' ان کے سوا اور کوئی وارث نہیں ہے' تو ہزاری کے کل مال متروکہ کے چار حصے کر کے چوتھائی مال یعنی ایک حصہ امیران زوجہ ہزاری کو ملے گا۔ اور بوجہ عصبہ ہونے کے ایک ایک حصہ تینوں بھتیجے بھی لیں گے۔

صورتہ ھکذا

ہزاری مسئلہ ۴

| | | | |
|---|---|---|---|
| زوجہ | ابن الاخ | ابن الاخ | ابن الاخ |
| امیران | علی بخش | رحیم بخش | اللہ رکھا |
| ۱ | ۱ | ۱ | ۱ |

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی الغنی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مفتی جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......285﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک عورت کا انتقال ہوا۔ اس نے شوہر' ایک بیٹی' ایک چچازاد بھائی' ایک ماں' وارث چھوڑے۔ اس کے بعد شوہر کا انتقال ہوا۔ اس نے ایک بیٹی' ایک بھتیجا' ایک بھتیجی' وارث چھوڑے۔ ہر ایک کا شرعی حصہ کیا ہوا؟

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحيم.

اللهم رب زدني علما.

صورت مسئولہ میں کل مال ھندہ کے ۲۴ حصہ کر کے پندرہ حصہ بنت کو اور چار ام کو دو ابن العم کو اور تین ابن الاخ کو دیئے جائیں گے۔ صورته هكذا.

ھندہ مسئلہ ۱۲/۲۴

میت

| زوج | بنت | ام | ابن العم |
|---|---|---|---|
| ۳ | ۶/۱۲ | ۲/۴ | ۱/۲ |

زوج مسئلہ۲

میت

| بنت | ابن الاخ | بنت الاخ |
|---|---|---|
| ۱/۳ | ۱/۳ | م |

الاحیاء

| بنت | ام | ابن الاخ | ابن العم |
|---|---|---|---|
| ۱۵ | ۴ | ۳ | ۲ |

المبلغ

۲۴

حررہ: العبد الراجی رحمة ربہ القوی /
محمد دیدار علی الرضوی المفتی فی مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......286﴾

### سوال

مسمی نجا ولد بلاقی مرحوم کا مکان موروثی ہے۔ مسمی نجا کی زوجہ اور چھ دختران زندہ اور حیات ہیں۔ اب دریافت طلب یہ امر ہے کہ اس مکان مذکورہ میں حق شرعا زوجۂ مسمی نجا مرحوم کا کیا ہے؟ اور دخترانِ نجا مرحوم کا کیا حق شرعی ہوتا ہے؟ اور مسمی نجا مرحوم کی زوجہ مسماۃ زیبا نے دختروں کی غیبت میں اس مکانِ مذکورہ بلا رضامندی دختران کے فروخت کر دیا۔ اب دختران اور زوجہ کا حق کتنا ہوا بتلایا جائے؟

سائل: کریم بخش محلّہ ھینگ منڈی منالال کاٹیلہ

۱۷ ستمبر ۱۹۱۶ء

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

اللھم رب زدنی علما.

صورتِ مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث مہر وغیرہ مسئلہ ۲۴ سے ہوگا یعنی جائداد نجا کے 24 حصے کر کے آٹھواں حصہ جو تین حصے ہیں نجا کی بیوی کو ملیں گے اور باقی بیٹیوں میں تقسیم کر دیا جائے گا۔ فقط

حررہ:

محمد دیدار علی، مفتی مسجد جامع اکبر آباد

۱۸ ستمبر ۱۹۱۶ء

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......287﴾

## سوال

فضل علی شاہ نے انتقال کیا۔ایک بی بی اور کئی ورثہ چھوڑے۔بی بی کا مہر پانچ ہزار روپیہ ہے۔اور وہ ادا نہیں ہوا ہے۔سرکار میں (ریاست گوالیار) کے ایک محکمہ آب پاشی میں اس کا (متوفی کا) صرف چھ سو بیالیس روپیہ پندرہ آنہ زر اصل جمع ہے اور کچھ نہیں ہے۔آیا یہ روپیہ کل مہر میں دیا جائے یا ورثہ پر تقسیم ہوگا۔فقط

سائل: الٰہی بخش ڈاکٹر پینشر سکنہ لوہامنڈی شہر آگرہ

۲۶ اگست ۱۹۱۶ء

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم .

اللھم رب زدنی علما.

یہ کل روپیہ دینِ مہر میں دیا جائے گا۔ورثہ کو کچھ نہیں مل سکتا۔چنانچہ سراجی میں ہے۔

الاول یبدأ بتکفینه و تجهیزه غیر تبذیر ولا تقتیر ثم یقضی دیونه من جمیع ما بقی من ماله[1] الخ.

(ترجمہ: میت کے ترکہ میں سب سے پہلے اس کی تجہیز و تکفین کی جائے اس میں فضول خرچی اور کنجوسی نہ کی جائے۔پھر اس کے باقی ماندہ مال سے اس کے قرض ادا کیے جائیں)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

[1] السراجی صفحہ ۳ قدیمی کتب خانہ آرام باغ کراچی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......288﴾

## سوال

علمائے دین کی خدمت میں گزارش ہے کہ ایک شخص فضل علی شاہ نے وفات پائی اور ماں، بھائی و باپ بہن اور بیوی وارث چھوڑے۔ بیوی کا مہر مبلغ پانچ ہزار روپیہ ہے جو ہنوز ادا نہیں ہوا ہے۔ مبلغ چھ سو بیالیس روپیہ ۵ آنہ زر اصل یافتنی متوفی مذکور سرکار گوالیار میں جمع ہیں۔ دریافت طلب، موجب استفتار یہ امر ہے کہ اول حصہ شرعی بروئے تقسیم زرِ مجتمع متوفی مذکور سے جملہ ورثاء کو ملنا چاہئے یا زر جو بطورِ قرضہ متوفی مذکور پر ہے وہ بیوی متوفی کو ادا ہونا چاہئے۔

## الجواب

حامدا و مصليا و مسلما.

اللهم رب زدنی علما.

زرِ مجتمع اور جائدادِ منقولہ غیر منقولہ سے اگر ہے، بعد تجہیز و تکفین زرِ مہر ادا کیا جائے گا۔ بعدہ اگر کچھ باقی رہے گا اور غیر ورثہ کو میت نے کوئی وصیت بھی کی ہو تو اس کے تین حصہ کرے۔ تہائی مال سے وصیت پوری کی جائے گی۔ پھر جو کچھ بچے گا وہ ورثہ پر اس طرح تقسیم کیا جائے گا۔ کہ کل مالِ باقیہ کے بارہ حصے کر کے تین حصہ زوجہ کو دیئے جائیں اور دو حصہ ماں کو اور باقی باپ کو صورتہ هكذا.

فضل علی شاہ مسئلہ ۱۲

میت

| زوجہ | اب | ام | اخ حقیقی | اخت حقیقی |
|---|---|---|---|---|
| ۳ | ۷ | ۲ | م | م |

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## فتویٰ نمبر......289

### سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دینِ متین اس مسئلہ میں کہ نبی بخش کا انتقال ہو گیا۔ اس نے تین لڑکے مسمی قادر بخش و حسین بخش و دیدار بخش اور ایک لڑکی مسماۃ لاڈو اور ایک بیوی مسماۃ ظہورن چھوڑی۔ بعدہ مسماۃ ظہورن کا انتقال ہو گیا اور اس نے ایک دختر اور تین پسر مذکور چھوڑے۔ بعدہ مسماۃ لاڈو کا انتقال ہو گیا۔ اس نے ایک پسر مسمی منا اور تین بھائی قادر بخش، حسین بخش، دیدار بخش مذکورہ چھوڑے۔ بعدہ دیدار بخش لاولد مرے اور انہوں نے دو بھائی قادر بخش، حسین بخش اور بیوی مسماۃ ممن۔ اب مسماۃ ممن اور قادر بخش حسین بخش اور منا پسر زندہ ہے۔ ان کو جائدادِ نبی بخش سے کس قدر حصہ ملے گا؟۔

سائل: حسین بخش، ۲۴ شوال ۱۳۳۴ھ

### الجواب

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله و سلام على عباده الذين اصطفى خصوصا على حبيبه محمد المصطفى و على آله المرتضى و صحبه هداة الهدى اللهم ارنا الحق حقا و الباطل باطلا

صورتِ مسئولہ میں بعد ما تقدم علی الارث اور ہونے اسی قدر ورثہ کے کل جائداد و مالِ متروکہ نبی بخش کے چھپن 56 حصہ کر کے 22 حصے قادر بخش کو اور 22 حسین بخش کو دیئے جائے گی اور 8 حصہ ننھے کو اور چار حصے ممن زوجۂ دیدار بخش کو: صورته هكذا.

نبی بخش مسئلہ ۸/۵۶

میت

| زوجہ | ابن | ابن | ابن | بنت |
|---|---|---|---|---|
| ظہورن | قادر بخش | حسین بخش | دیدار بخش | لاڈو |
| ۱ | ۲/۱۴ | ۲/۱۴ | ۲/۱۴ | ۱/۷ |

Marfat.com

ظہورن مسئلہ

میت

| | | | |
|---|---|---|---|
| ابن قادر بخش | ابن حسین بخش | ابن دیدار بخش | بنت لاڈو |
| ۲ | ۲ | ۲ | ۱ |

لاڈو مسئلہ ۸

میت

| | | | |
|---|---|---|---|
| ابن منا | اخ قادر بخش | اخ حسین بخش | اخ دیدار بخش |
| ۸ | محروم | محروم | محروم |

دیدار بخش مسئلہ ۸/۴

میت

| | | | |
|---|---|---|---|
| زوجہ ممن | اخ قادر بخش | اخ حسین بخش | ابن الاخت |
| ۱/۲/۴ | ۳/۶ | ۳/۶ | محروم |

الاحیاء

| | | | |
|---|---|---|---|
| قادر بخش | حسین بخش | منا | ممن |
| ۲۲ | ۲۲ | ۸ | ۴ |

حررہ: العبد العاصی

ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المجددی

مفتی جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## فتویٰ نمبر......290

### سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس بارے میں کہ ھندہ کا انتقال بعمر ۲ سال ہو گیا۔ اس نے ایک بہن حقیقی اور والد اور والدہ چھوڑیں۔ اور جائدادِ غیر منقولہ چھوڑی۔

اس کے ترکہ کا وارث شرعاً کون ہے؟

آیا بموجودگیِ والدین، ہمشیرہ بھی ترکہ پانے کی مستحق ہے یا نہیں؟

اور والدہ کو بھی ترکہ پہنچتا ہے یا نہیں؟

سائل: محمد زکریا خان ساکن فرید نگر

۱۶ شوال ۱۳۳۴ھ

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وھو الموفق للصواب

صورتِ مسئولہ میں کل جائداد متروکہ ھندہ کے چھ حصہ کر کے ایک حصہ اس کی والدہ کو دیا جائے گا اور باقی پانچ حصہ بوجہ عصبہ ہونے کے اس کے باپ کو ملیں گے۔ اور بہن بوجہ موجودگی باپ کے محروم رہے گی۔ صورتہ ھکذا

ھندہ مسئلہ ۶

میت

| ہمشیرہ حقیقی | اب | ام |
|---|---|---|
| محروم | ۵ | ۱ |

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الجد دی

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......291﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ مسماۃ حبیباً نانی مجھ سائل کی تھی۔ اس نے واقع ۲۲ دسمبر ۱۸۷۱ء کو جائدادِ مفصلہ ذیل بذریعہ بیع نامہ نوشتہ شوہرِ خود مسمی قادر بیگ حاصل کی۔ اور اس پر قبضہ مالکانہ حاصل کر کے تاحیاتِ شوہر و بعد وفاتِ شوہر قابض و متصرف بلاشرکت غیرے رہی۔ وقتِ وفاتِ خود فقط پانچ فرزند فیاض بیگ، اسماعیل بیگ، ریاض الدین بیگ، عظیم بیگ، غفور بیگ اور دو دختر مسماۃ ھرمزی و جمو کو وارث چھوڑا۔

بعدہ مسماۃ ھرمزی نے انتقال کیا۔ اور وقتِ وفات لطف اللہ خان شوہر خود اور دو لڑکے مسیح اللہ خان و شفیع اللہ خان کو وارث چھوڑا۔ امر مسئول یہ ہے کہ سائل شفیع اللہ خان متروکہ حبیباً سے منجملہ کتنے سہام کا مالک و مستحق بروئے شرع محمدی ہوتا ہے؟ بینوا توجروا

سائل: شفیع اللہ خان

ساکن مدرسہ شاہی آگرہ

۱۱ شوال ۱۳۳۴ھ

## الجواب

**بسم اللہ الرحمن الرحیم**

صورتِ مسئول عنہا میں بعد ماتقدم علی الارث مسماۃ حبیبا کے کل مال کے چھیانوے (۹۶) حصہ کر کے سولہ سولہ تو پانچوں بیٹوں کو دیئے جائیں گے اور آٹھ آٹھ دونوں دختروں کو۔ پھر ھرمزی دختر متوفیہ کے آٹھ حصوں میں دو حصے اس کے شوہر مسمی لطف اللہ خان کو دیئے جائیں گے اور تین تین حصہ اس کے دونوں پسر مسمی مسیح اللہ خان اور شفیع اللہ خان کو فقط

Marfat.com

و صورة المسئلة هكذا

حیبا ۶۹/۱۲

میت

| فیاض بیگ | اسماعیل بیگ | ریاض الدین بیگ | غفور بیگ | عظیم بیگ | ہرمزی | حمو |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲/۱۶ | ۲/۱۶ | ۲/۱۶ | ۲/۱۶ | ۲/۱۶ | ۱/۸ | ۱/۸ |

ہرمزی مسئلہ ۸/۴

میت

| شوہر لطف اللہ خان | پسر مسیح اللہ خان | پسر شفیع اللہ خان |
|---|---|---|
| ۱/۲ | ۳ | ۳ |

حررہ: العبد الراجی ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی مفتی جامع مسجد آگرہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......292﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس جائداد مفصل ذیل میں مسماۃ اختر بیگم نے کچھ جائداد بذریعہ ہبہ نامہ جمیلہ بیگم و زینت جہاں بیگم کو حصہ مساوی دے دی اور زینت جہاں بیگم کا بعمر ۲، ۳ سال تخمینا انتقال ہو گیا۔ بعد انتقال زینت جہاں بیگم کی متروکہ جائداد کس قدر ہمشیرہ حقیقی مسماۃ جمیلہ بیگم و منشی محمد زکریا خاں صاحب والد اور والدہ کو کس قدر حصہ شرعی پہنچتا ہے؟ اور ایک لڑکا اور ایک لڑکی اختر بیگم کے شوہر ثانی کا بھی ہے۔ وہ بھی حقدار ہو سکتے ہیں یا نہیں؟

سائل: مستجاب خان،

سکنہ بلوچ پورہ

۹ شوال ۱۳۳۴ھ

Marfat.com

## الجواب

### اللھم رب زدنی علما

☆ اگر اختر بیگم نے اپنی جائداد کے دو حصے مساوی کر کے دونوں لڑکیوں کو ہبہ کر کے ولی قریب ہر دو دختران کے، جو ان کا باپ ہے، اُس جائداد پر قبضہ دے دیا تھا، تو بے شک وہ جائداد اُن دونوں نابالغہ لڑکیوں کی مملوک ہو گئی۔ لہٰذا بعد وفات ایک دختر مسماۃ زینت جہاں بیگم بحالتِ صغرسنی اس کی جائداد مملوکہ سے چھ حصے کر کے ایک حصہ اس کے والدہ کو اور باقی پانچ حصہ بطریقِ عصوبت سب باپ کو۔ اور باپ کی موجودگی میں اخیافی یعنی ماں کی طرف سے، بہن بھائی بالاتفاق محروم رہیں گے اور نیز حقیقی بہن مجوب۔

صورته هكذا

زینت جہاں بیگم مسئلہ ۶/

میت

| اخت جمیلہ بیگم | اب محمد زکریا خان | ام اختر بیگم | اخ اخیافی | اخت اخیافی |
|---|---|---|---|---|
| محروم | ۵ | ۱ | محروم | محروم |

فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ المفتی

ابو محمد محمد دیدار علی مفتی

جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......293﴾

## سوال

عظمت علی مرے۔ رحمت علی' محمد علی لڑکے چھوڑے۔ محمد علی مرا۔ زوجہ دلبری' لڑکا عبدالرزاق چھوڑے پھر عبدالرزاق مرا' ماں دلبری' چچا رحمت علی چھوڑا۔ رحمت علی مرا' واحد علی اور فاطمہ کو چھوڑا ترکہ کس طرح تقسیم ہو گا' مہر زوجہ محمد علی پانچ ہزار باقی ہے۔

سائل: مراد علی محلہ کڑھ حجام

۲۳ اپریل ۱۹۱۶ء

## الجواب

### ھو المصوب

| | |
|---|---|
| عظمت علی | مسئلہ ۱۴۴ |
| میت | |
| رحمت علی | محمد علی |
| ۱/۸/۲۴ | ۱ |
| محمد علی | مسئلہ ۸ |
| میت | |
| زوجہ | ابن |
| دلبری | عبدالرزاق |
| ۱/۳/۹ | ۷ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| عبدالرزاق | مسئلہ ۳ |
| | میت |
| ام | عم |
| دلبری | رحمت علی |
| ۱/۷/۲۱ | ۲/۱۴ |

| | |
|---|---|
| رحمت علی | مسئلہ ۳ |
| | میت |
| ابن | بنت |
| واحد علی خان | فاطمہ |
| ۲/۷۶ | ۱/۳۸ |

بعد ادائے دینِ مہر ترکہ ایک سو چوالیس سہام (۱۴۴) ہو کر دلبری کو تیس (۳۰) حصے، واحد علی کو چھہتر (۷۶) اور فاطمہ کو اڑتیس (۳۸) دے دیں گے۔ واللہ اعلم بالصواب وعندہ ام الکتاب.

المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......294﴾

### سوال

صغریٰ مری۔ اس کے ماموں کے چار لڑکے، ایک لڑکی اور خالہ کے ایک لڑکی اور ایک لڑکا چھوڑا۔ ترکہ کیوں کر تقسیم ہوگا؟۔

سائل: محمد دلیر خان محلہ قاضی خیل شاہ جہان پور
۲۳ اپریل ۱۹۱۶ء

### الجواب

#### هو المصوب

صغری مسئلہ ۲۷/۳

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ابناء الخال | | | | | اولاد الخالہ | | |
| علی حسن، | ابن حسن، | لطف اللہ، | عزیز اللہ، | اصغری | شفاعت اللہ | رسول بی بی | |
| ۴ | ۴ | ۴ | ۴ | ۲ | ۶ | ۳ | |

بصورتِ عدمِ مانع ترکہ، مورثہ بست و ہفت سہام کردہ چار چار ہر یک از حسن علی، ابن حسن، لطف اللہ، عزیز اللہ، دو بمسماۃ اصغری، شش بہ شفاعت اللہ، وسہ بہ رسولن خواہند بخشید۔

**لانهم اخذوا الصفة من الاصول والعدد من الفروع و به نفتی. حامدیه.**

(ترجمہ: مانع موجود نہ ہونے کی صورت میں، وراثت میں چھوڑے ہوئے ترکہ کے ستائیس (۲۷) حصے کر کے چار چار (۴،۴) حصے حسن علی، ابن حسن، لطف اللہ اور عزیز اللہ کو، دو (۲) حصے مسماۃ صغری کو چھ (۶) حصے شفاعت اللہ کو اور تین (۳) حصے رسولن کو عطا کیے جائیں گے۔ کیونکہ انہوں نے اصول کی صفت پالی ہے اور عدد فروع سے ہے تنقیح فتاوی حامدیہ۔ **واللہ اعلم وحکمه احکم**

المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......295﴾

## سوال

شیخ حراب النبی نے انتقال کیا اور زوجہ وجہ النساء اور دختر سلمی اور بھائی عبد النبی کو چھوڑا۔ پھر وجہ النساء فوت ہوئی اور دختر کنیز سلمی اور چار بھتیجے چھوڑے۔

سائل: سید اصغر حسین
مسجد لوکل
۲۳ اپریل ۱۹۱۶ء

## الجواب

### هو المصواب

حراب النبی مسئلہ ۸×۸=۶۴

میت

| زوجہ | دختر | اخ |
|---|---|---|
| وجہ النساء | کنیز سلمی | عبد النبی |
| ۱ | ۴×۸=۳۲ | ۳×۸=۲۴ |

وجہ النساء مسئلہ

میت

| دختر | ابناء الاخ ۴ نفر |
|---|---|
| ۴ | ۴ |

الاحیاء

| سلمی | عبد النبی | ابناء الاخ |
|---|---|---|
| ۳۶ | ۲۴ | ۴ |

ترکۂ مورث شصت وچہار سہام کردہ، سی وشش سہام بہ سلمیٰ و بہ عبد النبی بست وچار سہام و بہ ہر چار

Marfat.com

ابناء الاخ چار سہام بدہند۔

(ترجمہ: وراثت میں چھوڑے ہوئے ترکہ کے چونسٹھ (۶۴) حصے کر کے چھتیس (۳۶) سلمیٰ کو، چوبیس (۲۴) عبدالنبی کو اور چار حصے چاروں بھتیجوں کو دیں گے) واللہ اعلم وحکمہ احکم

المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......296﴾

## سوال

ولایت اللہ خان کی تین زوجہ تھیں۔اور اولاد ہر ایک سے موجود ہے۔اول سے مجید اللہ خان دوم سے دو بیٹے لوشاء اللہ، ماشاء اللہ۔سوم سے ثناء اللہ، مساۃ حسینی۔زوجہ اول کا انتقال ہوگیا۔مجید اللہ دین مہر میں قابض کچھ جائیداد کا ہوگا۔زوجہ دوم، سوم حقیقی بہنیں ہیں۔اور اب ولایت اللہ نے تمام جائداد (مجید اللہ خان کے نام) ہبہ لکھ دی۔اور ایک زوجہ کو طلاق لکھ دی۔

اب استفسار یہ ہے کہ مجید اللہ کے بیٹوں اور تین بیٹیوں کو کیا ملے گا۔اور سوتیلی ماؤں کا حصہ اس کی جائیداد میں ہے یا نہیں؟

الطاف حسین از سرائے اگست ضلع ایٹہ

۲۲۔اپریل ۱۹۱۶ء

## الجواب

### ھو المصوب

ترکہ مجید اللہ خان یک ہزار وہشت سہام کردہ بعد ادائے دینِ مہر ہر دو زوجہٗ مجید اللہ یک صد و بست و شش سہام نصف نصف کردہ بدہند و ہر یک از دختراں دوصد و بست و چار و برادران علاتی ہر یک را شصت سہام ونصف آں مساۃ حسینی خواہند داد۔اگر بدرستی وارثان ولایت اللہ ہر دو زوجہ کہ ہمشیرگانِ حقیقی ہستند۔تفریق واجب است وتعزیر لازم۔

ترجمہ: دین مہر کی ادائیگی کے بعد، مجید اللہ خان کے ترکہ کے ایک ہزار آٹھ کرکے، اس کی دونوں میں بیویوں کو ایک سو چھبیس (۱۲۶) کا نصف نصف (۶۳، ۶۳) حصے دیئے جائیں گے بیٹیوں میں سے ہر ایک کو دوسو چوبیس (۲۲۴) حصے، علاتی بھائیوں میں ہر ایک کو ساٹھ (۶۰) اور اس کا نصف یعنی تیس (۳۰) حصے مساۃ حسینی کو دیئے

Marfat.com

جائیں گے۔ ولایت اللہ کے وارثوں میں دونوں بیویاں جو حقیقی بہنیں ہیں ان میں تفریق واجب تھی اور تعزیر لازم)

مجید اللہ

میت

| زوجہ | زوجہ | بنات | | | اخوۃ الاب | | | اخت الاب |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سلمٰی | لیلٰی | کریمہ | سمیدہ | حمیدہ | لو شاء اللہ۔ | ماشاء اللہ۔ | ثناء اللہ | حسینی بیگم |
| ۶۳ | ۶۳ | ۲۲۴ | ۲۲۴ | ۲۲۴ | ۶۰ | ۶۰ | ۶۰ | ۳۰ |

عالم گیریہ میں ہے:۔

**و ان فارقها بعد الاخول فلها المهر و يحب الاقل من المسمى و من مهر المثل و عليها العدة و يثبت النسب و يعتزل عن امراته حتى تنفضى عدة اختها كذافى المحيط**[1] .

(ترجمہ: اگر زوجہ کی بہن سے نکاح کیا اور دخول کے بعد اس سے الگ ہوا تو اس کے لیے مہر ہے۔ مہر مثل اور مقرر کردہ مہر میں سے جو کم ہوگا واجب ہوگا۔ اور علیحدہ ہونے والی اس صورت پر عدت لازم ہے اور اگر اس سے اولاد ہوگی تو اس کا نسب اس مرد سے ثابت ہوگا۔ وہ مرد اپنی پہلی زوجہ سے الگ رہے جب تک کہ اس کی بہن کی عدت ختم نہ ہوجائے) **واللہ اعلم بالصواب و عندہ ام الکتاب.**

المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

---

1. الفتاوی العالم گیریہ مع ترجمہ اردو جلد ۲ صفحہ ۷۶ مطبوعہ المکہ پریس .

شارع فاطمہ جناح . لاہور

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 297﴾

## سوال

باز میر اور اس کی زوجہ کو چند قرابت داروں نے قتل کیا۔ اول باز میر خان مر گیا۔ پھر اس کی زوجہ مری۔ اس نے ایک بہن اور بھانجی وغیرہ چھوڑے۔ ترکہ بموجب حکم شرع کس کو ملے گا؟۔

سائل: رحم علی خان افغان،

قصبہ ماڑی ریاست دھول پور

۲۸ مارچ ۱۹۱۶ء

## الجواب

بصورت عدم مانع، ترکۂ باز میر خان کا تمام وکمال اس کی زوجہ کو پہنچا اور اس کی وفات پر اس کی بہن کو دیا جاوے گا۔ بہن کی موجودگی میں شرعاً کوئی ضبط کر سکتا نہیں ہے۔ اور قاتلان ترکہ سے قطعی محروم ہیں۔

مسئلہ باز میر خان

میت

زوجہ سکھو

مسئلہ

میت

اخت سکھو

هكذا حكم الفرائض والله اعلم بالصواب و عنده ام الكتاب

المفتی السید محمد اعظم شاہ عفی عنہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 298﴾

## سوال

نظام الدین مرا۔ اس نے بی بی اور دولڑکیاں چھوڑیں اور دو سگے بھائی۔ بعد بی بی مری اس نے دو لڑکیاں چھوڑیں۔ پس ازروئے شرع شریف ترکہ کیسے تقسیم ہوگا۔ جب تین سو باسٹھ روپیہ آٹھ آنہ چھوڑا ہو۔

سائل: نواب حسین برادر نظام کڑہ سوئی آگرہ

۹ مارچ ۱۹۱۶ء

## الجواب

### ھو المصوب

نظام الدین

میت

| زوجہ | بنت | بنت | اخ | اخ |
|---|---|---|---|---|
| امتیازی بیگم | مصطفائی | خوشنودی | نواب | ولی الدین |
| (۶) | ۱۶ | ۱۶ | ۵ | ۵ |

امتیازی بیگم

میت بیدہ ۶/۳

| مصطفائی | خوشنودی |
|---|---|
| ۳ | ۳ |

بصورتِ عدمِ موانع ترکہ مورث چہل و ہشت سہام کردہ نوزدہ، نوزدہ ہر یک از مصطفائی بیگم و خوشنودی بیگم و پنج پنج، بہر یک از نواب و ولی الدین خواہند داد۔

یعنی بہ مصطفائی یک صد و چہل سہ روپیہ ہفت آنہ و سہ پیسہ و سہ پائی و ہمیں قدر بہ خوشنودی و بہ نواب سی

Marfat.com

ہفت روپیہ، دوازدہ آنہ ودو پائی و بہ ہمیں قدر بہ ولی الدین گردید۔

(ترجمہ: مانع موجود نہ ہونے کی صورت میں مورث کے ترکہ کے اڑتالیس (۴۸) حصہ کرکے مصطفائی بیگم اور خوشنودی بیگم میں سے ہر کو انیس (۱۹) انیس (۱۹) حصے، نواب اور ولی الدین میں سے ہر ایک کو پانچ (۵)، پانچ (۵) حصے دیئے جائیں گے۔ یعنی مصطفائی بیگم کو ایک سو تینتالیس روپے سات آنے، تین پیسے اور تین پائی (۳-۳-۷-۱۴۳) اور اتنے ہی خوشنودی بیگم کو، نواب سینتیس روپے بارہ آنے اور دو پائی (۲-۰-۱۲-۳۷) اور اتنے ہی ولی الدین کا حصہ ہے)

واللہ اعلم وحکمہ احکم

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......299﴾

### سوال

مجید اللہ جان نے حسب ذیل ورثا چھوڑے۔ شرعاً تقسیم فرما دی جائے۔ دو زوجہ، تین دختر، تین بھائی علاتی، ایک چچا کا لڑکا۔

۴ مارچ ۱۹۱۶ء

حاکم گنج محلہ چلوی فرخ آباد انسپکٹر حلقہ او

### الجواب

### ھو المصوب

حمید اللہ خان　　　　مسئلہ　۱۰۰۸

میت

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زوجہ | زوجہ | بنت | بنت | بنت | اخوہ علاتی | | | اخت علاتی | ابن العم |
| امیر بیگم | عید جان بیگم | بیگم | رحمت | نعمت | ماشاء اللہ | لوشاء اللہ | نثار اللہ | حسینی بیگم | نصرت اللہ |
| ۶۳ | ۶۳ | ۲۲۴ | ۲۲۴ | ۲۲۴ | ۶۰ | ۶۰ | ۶۰ | ۳۰ | محروم |

بعد ادائے حقوق یک ہزار وہشت سہام کردہ شصت وسہ ہر یک از امیر بیگم وعید جان بیگم، دو صد بست وچہار ہر یک، بیگم ورحمت ونعمت وشصت سہام ہر یک از ماشاء اللہ ولوشاء اللہ ونثار اللہ وسی سہام بہ حسینی بیگم خواہند داد۔

(ترجمہ: حقوق کی ادائیگی کے بعد جائداد کے ایک ہزار آٹھ (۱۰۰۸) حصے کر کے زوجہ امیر بیگم اور زوجہ عید جان بیگم میں سے ہر ایک کو تریسٹھ (۶۳) بیٹی بیگم، بیٹی رحمت اور بیٹی نعمت میں سے ہر ایک جو سو چوبیس (۲۲۴) علاتی بھائی ماشاء اللہ، علاتی بھائی لوشاء اللہ اور علاتی بھائی نثار اللہ میں سے ہر ایک کو ساٹھ (۶۰) اور اخت علاتیہ حسینی بیگم کو تیس حصے دیں گے) واللہ اعلم و حکمہ احکم۔

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......300﴾

### سوال

سالار بخش مرے۔ دو پسر، تین دختر چھوڑیں اور ایک زوجہ۔ پھر زوجہ مری۔ ترکہ کس طرح تقسیم ہوگا؟

سائل: چوہدری اللہ بخش کڑہ نیال آگرہ

۲۱ فروری ۱۹۱۶ء

### الجواب

بعد تقدیم ما تقدم ۵۶ سہام کر کے سولہ سولہ دونوں دونوں لڑکوں کو اور آٹھ آٹھ تینوں دختروں کو دیں گے۔

واللہ اعلم و حکمہ احکم۔

مسئلہ ۷×۸=۵۶

میت

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| زوجہ | ابن | ابن | بنت | بنت | بنت |
| ماتت وترکت | ۷×۲ | ۸×۲ | ۸×۱ | ۸×۱ | ۸×۱ |
| ھذہ الورثۃ | ۱۶ | ۱۶ | ۸ | ۸ | ۸ |

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 301﴾

## نحمده و نصلی علی رسوله الکریم

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسئلہ درج ذیل میں مسمی امیر بخش نے ایک زوجہ اور ماں' دو بھائی' ایک بہن اپنے وارث چھوڑے' اور بھتیجہ یتیم' جس کا باپ مرحوم کے سامنے فوت ہو گیا تھا چھوڑا۔ اور تین بھانجے اور دو بھانجیاں جن کی ماں یعنی مرحوم کی ہمشیرہ مرحوم کے سامنے فوت ہوگئی ہے چھوڑے ہیں۔ اب مرحوم کا ترکہ بحکمِ شرع کس طرح تقسیم ہو؟

## الجواب

### هو الموفق للحق والصواب

امیر بخش مسئلہ ۱۲/۶۰

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| زوجہ | ام | اخ | اخ | اخت |
| ۳/۱۵ | ۲/۱۰ | ۱۴ | ۱۴ | ۷ |

صورتِ مسئولہ مذکورہ بالا میں ترکہ امیر بخش کا ساٹھ 60 سہام پر تقسیم ہوگا۔ ان جملہ میں سے 15 زوجہ کو اور 10 ماں کو' 14-14 دونوں بھائی کو اور 7 بہن کو ملیں گے۔ باقی وارث محروم رہیں گے۔

هکذا حکم الفرائض والله اعلم

عاجز محمد رمضان عفی عنہ

مفتی واعظ جامع مسجد آگرہ

۲۲ دسمبر ۱۹۱۵ء

Marfat.com

## فتوی نمبر......302

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ حسب ذیل اشخاص کی وفات ہوئی۔ از روئے شرع شریف حصہ ہر ایک کا کیا ہوا؟۔ بینوا توجروا

1 امان اللہ مرا۔ اس نے نبی بخش، کریم بخش پسران، عمدہ، نبی جان دختران چھوڑیں۔
2 نبی بخش مرا اس نے زوجہ لدو، امرن، رحیمن، قسیمن دختران کریم بخش بھائی، عمدہ، نبی بہن چھوڑیں۔
3۔ کریم بخش مرا زوجہ خواجن، بہن عمدہ، نبی جان چھوڑیں
4۔ عمدہ مری بدر الدین، پیر الدین، وہاب الدین پسران، بوبن، بیگم دختران چھوڑیں۔
5۔ خواجن مری، بھانجا یک، بھانجیاں ۳ نفر، بھتیجی یک بھتیجی یک چھوڑیں۔

۲۰ دسمبر ۱۵ء شیخ عنایت

### الجواب

**ہو المصوب**

امان اللہ مسئلہ ۲۷۶۴۸/۳۴۵۶/۸۶۴/۶

| عمدہ (بنات) | نبی جان (بنات) | نبی بخش (ابناء) | کریم بخش (ابناء) |
|---|---|---|---|
| ۱/۱۴۴/۵۷۶ | ۱/۴۴/۵۷۶/۴۶۰۸ | ۲ | ۲/۲۸۸ |

نبی بخش مسئلہ ۱۴۴/۲۸۸/۷۲/۲۴/

میت بیدہ (۲)

| لدو (زوجہ) | امرن (بنت) | رحیمن (بنت) | قسیمن (بنت) |
|---|---|---|---|
| ۳/۹/۳۶/۱۴۴/۱۱۵۴ | ۱۶/۲۴/۲۵۶/۲۰۴۸ | ۱۶/۲۴/۲۵۶/۲۰۴۸ | ۱۶/۲۴/۲۵۶/۲۰۴۸ |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| اخ | اخت | |
| کریم بخش | عمدہ | بنی جان |
| ۳۰ | ۱۵/۶۰ | ۱۵/۶۰/۴۸۰ |

مسئلہ:۴/۸/۴ کریم بخش

میت بیدہ ۱۰۹/۳۱۸

| | | |
|---|---|---|
| زوجہ | اخوات | |
| خواجن | عمدہ | نبی جان |
| ۱/۲/۲۱۸/۱۷۴۴ | ۳/۳۲۷ | ۳/۳۲۷/۲۶۱۶ |

مسئلہ ۸ عمدہ بیدہ ۹۶۳

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ابناء | | | بنات | |
| بدرالدین، | پیرالدین، | وہاب الدین اق | بوبن، | بیگم |
| ۲/۱۲۶ | ۲/۱۹۲۶ | ۲/۱۹۲۶ | ۱/۹۶۳، | ۱/۹۶۳ |

مسئلہ ۱۵/۳ خواجن

میت

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بنات الاخ | | بنات الاخت | | | ابن الاخت |
| سعیدہ، | شریفہ | سلمیٰ، | لیلیٰ، | عزیزہ | شفیق |
| ۵ | ۵ | ۱ | ۱ | ۱ | ۲ |

**واللہ تعالیٰ اعلم احکم**

کتبہ: المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......303﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ زید نے انتقال کیا اور ایک بی بی سات بیٹیاں ایک بیٹا ایک بھتیجی وارث چھوڑے پس بموجب شرع شریف زید کا ترکہ کس طرح تقسیم ہوگا؟۔

سائل کریم بخش ۸ دسمبر ۱۹۱۵ء

## الجواب

### ھوا لملھم للحق والصواب

زید

↓

میت

| زوجہ | ابن | بنت | بنت | بنت | بنت | بنت | بنت | بنت | بنت الاخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱/۹ | ۱۴ | ۷ | ۷ | ۷ | ۷ | ۷ | ۷ | ۷ | م |

بعد تقدیم ماتقدم علی الارث وعدمِ موانع وانحصارِ ورثہ جملہ ترکہ زید کا ۷۲ سہام پر منقسم ہوگا۔ ازاں جملہ 9 سہام زوجہ کو ملے گا اور 14 سہام ابن کو اور سات سات سہام ہر ایک بنت کو ملیں گے۔ اور بنت الاخ محروم ہے۔

واللہ اعلم بالصواب

حررہ: عاجز محمد رمضان عفی عنہ

مفتی واعظ جامع مسجد آگرہ

مورخہ ۸ دسمبر ۱۹۱۵ء

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......304﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اندریں صورت کہ ہندہ نے وقتِ انتقال ایک شوہر چھوڑا اور ایک مادر اور دو بھائی اور ایک زمین اور کچھ جائداد جو شوہر اول کے مہر سے خریدی تھی۔ اور وہ مہر اب شوہر ثانی کے ذمہ باقی ہے۔ یہ ترکہ ان ورثہ میں کس طرح تقسیم ہوگا؟

حافظ ظہور علی ساکن تیراھولی دروازہ

## الجواب

### بسم اللہ الرحمن الرحیم

صورتِ مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث یعنی مصارفِ تجہیز و تکفین متوسط اور اداءِ قرضِ میت اگر ہو اور جاری کرنے وصیتِ میت کے اگر کوئی وصیت علاوہ وارث کے کی ہو جو کچھ مال بچے اس کے تیس (۳۰) حصہ کر کے اس میں سے پندرہ (۱۵) حصہ شوہر کو اور پانچ (۵) ماں کو اور چار (۴) چار (۴) دونوں بھائیوں کو اور دو (۲) بہن کو دیا جائے گا۔

صورتہ ھکذا

ھندہ مسئلہ: ۶/۳۰

میت

| شوہر | ام | اخ | اخ | اخت |
|---|---|---|---|---|
| ۳/۱۵ | ۱/۵ | ۴ | ۴ | ۲ |

المبلغ

۳۰

حررہ العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المفتی فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......305﴾

## سوال

اللہ بخش، خدا بخش، مولا بخش، تینوں بھائیوں نے ایک جائداد پختہ مکان اور کچھ زمین شرکت میں خریدی۔ پھر اللہ بخش کا انتقال ہوا۔ اس نے وقتِ انتقال علاوہ جائداد مذکور کے دو ڈھائی سو کا زیور بھی چھوڑا۔ اور یہ وارث چھوڑے۔ زوجہ مسماۃ فیاضی، ماں مسماۃ رحمان بی بی اور دو بھائی۔ ان کی میراث کس طرح تقسیم ہوگی؟ بینوا توجروا

سائل: خدا بخش سکنہ نائی کی منڈی حلقہ ہدن خان

۲۷ شوال ۱۳۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صورتِ مسئولہ میں بعد ما تقدم علی الارث تیسرے حصے جائدادِ مشترکہ اور زیورِ متروکہَ اللہ بخش یعنی جائداد اور زیورِ اللہ بخش چوبیس (۲۴) حصے کر کے چھ (۶) حصے زوجہ کو دیئے جائیں گے اور چار (۴) حصے ام یعنی والدہَ اللہ بخش کو اور سات (۷) سات (۷) حصہ دونوں بھائیوں مسمی خدا بخش اور مولا بخش کو دیئے جائیں گے۔

واللہ اعلم بالصواب

حررہ العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبر آباد

حفظہ اللہ من شر الحساد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 306﴾

## سوال

بخدمت جناب مولانا دیدار علی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ ایک شخص کی زوجہ کا انتقال ہوگیا اس کے مال سے شوہر کو کس قدر ملے گا؟

۲ جمادی الاولی ۳۶ھ/آدم جی جان محمد متولی
جامع مسجد ریاست بہاول نگر ملک کاٹھیاواڑ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

شوہر کو اگر دوسرے اولاد چھوڑ کر مری ہے۔ لڑکا خواہ لڑکی چوتھائی کل مال کا ملے گا۔ اور اگر لاولد مری ہے تو کل مالِ زوجہ سے آدھا ملے گا۔ باقی دوسرے ورثہ بہن بھائی کو۔ اگر بیٹی بیٹا نہ ہو اس طرح کہ دو دو حصہ بھائیوں کو ملیں گے اور ایک ایک حصہ بہنوں کو۔ اور اگر بیٹا بیٹی ماں باپ سے ہوں باقی ان میں تقسیم ہوگا۔ ☆ اور بغیر زوج کوئی وارث نہیں چھوڑا یہاں تک کہ نہ ماموں چھوڑا نہ خالہ نہ خالہ زاد بھائی نہ ماموں زاد وغیرھم تو اس زمانہ میں بوجہ نہ ہونے بیت المال کے وہ باقی بھی زوج کو دے دیا جائے اگر بہت مفلس ہو ورنہ مسلمان اپاہجوں کا وہ حق ہے۔

حررہ العبد الراجی رحمۃ ربہ
محمد دیدار علی مفتی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 307﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ مسماۃ حیبا نے انتقال کیا اس نے پانچ بیٹے مسمیان فیاض بیگ وعظیم بیگ وریاض الدین بیگ وغفور بیگ واسماعیل بیگ' دو بیٹیاں ہرمزی خانم وحمو خانم کو وارث چھوڑا۔

اس کے بعد ہرمزی خانم نے انتقال کیا۔اس نے ایک خاوند لطف اللہ خان دو بیٹے مسیح اللہ خان وشفیع اللہ خان اور پانچ مذکورہ الصدر (برادران) اور حمو بہن کو وارث چھوڑا۔

اس کے بعد مسیح اللہ خان نے انتقال کیا۔اس نے ایک باپ لطف اللہ خان ایک بھائی شفیع اللہ خان اور ایک لڑکا سمیع اللہ خان اور ایک بی بی شافیہ کو چھوڑا۔

اس کے بعد لطف اللہ خان نے انتقال کیا اس نے ایک بیٹا شفیع اللہ خان و پوتا سمیع اللہ خان کو چھوڑا۔

امرِ مسئول یہ ہے کہ جائدادِ متروکہ حیبا سے ہر ایک کتنے کتنے سہام کا بروئے شرع شریف مالک و مستحق ہے؟ اور کون محروم ہے۔بینوا توجروا

شفیع اللہ خان

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث بصورت ہونے ورثہ کے اسی قدر جتنے مندرجہ ہیں' کل مالِ متروکہ حیبا کے سات سو اڑسٹھ (۷۶۸) حصہ کر کے ایک سو اٹھائیس (۱۲۸) فیاض بیگ' عظیم بیگ' ریاض الدین بیگ' غفور بیگ' اسماعیل بیگ کو دیئے جائیں گے۔اور چونسٹھ (۶۴) حصہ حمو کو اور چوالیس (۴۴) شفیع

Marfat.com

اللہ کو اور سترہ (۱۷) سمیع اللہ کو اور تین (۳) شافیہ کو۔

صورتہ ھکذا

حبیبا مسئلہ:۱۲/۹۶/۷۶۸

میت

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ابن | ابن | ابن | ابن | ابن |
| فیاض بیگ | عظیم بیگ | ریاض الدین بیگ | غفور بیگ | اسماعیل بیگ |
| ۱۲۸/۱۶/۲ | ۱۲۸/۱۶/۲ | ۱۲۸/۱۶/۲ | ۱۲۸/۱۶/۲ | ۱۲۸/۱۶/۲ |

| | |
|---|---|
| بنت | بنت |
| ہرمزی | حمو |
| ۱ | ۶۴/۸/۱ |

ہرمزی مسئلہ ۸/۴

میت بیدہ (۱)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| زوج | ابن | ابن | اخوہ | اخت |
| لطف اللہ | مسیح اللہ | شفیع اللہ | م | م |
| ۱۶/۲/۱ | ۳ | ۲۴/۳ | | |

مسیح اللہ خان مسئلہ ۲۴ بالثلث

میت بیدہ (۳)

| | | | |
|---|---|---|---|
| زوجہ | اب | ابن | اخ |
| شافیہ | لطف اللہ | سمیع اللہ | شفیع اللہ |
| ۳ | ۴ | ۱۷ | م |

Marfat.com

لطف اللہ خان مسئلہ:۱

| | | |
|---|---|---|
| میت | بیدہ (۲۰) | |
| ابن | ابن الابن | |
| ۱/۲۰ | ۴ | |

الاحیاء

| فیاض بیگ | عظیم بیگ | ریاض الدین بیگ | غفور بیگ | اسماعیل بیگ |
|---|---|---|---|---|
| ۱۲۸ | ۱۲۸ | ۱۲۸ | ۱۲۸ | ۱۲۸ |

| حمو | شفیع اللہ | سمیع اللہ | شافیہ |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۴۴ | ۱۷ | ۳ |

المبلغ

۷۶۸

حررہ العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی المفتی

فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......308﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص فوت ہوا اور اس نے مفصلہ ذیل رشتہ دار چھوڑے۔ بیوی، لڑکی، بھائی کا لڑکا، لڑکی جو بغیر عقدِ نکاح پیدا ہوئی یعنی باہر کی عورت سے جس سے نکاح نہیں ہوا۔

۱۳ فروری ۱۸ء/۳ جمادی الاولی ۱۳۳۶ھ

عثمان علی محلہ خٹک پورہ فرخ آباد معرفت فضل حسین

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحیم۔

صورتِ مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث اور ادائے قرض ومہر وغیرہ کل مالِ زید کے آٹھ (۸) حصہ کر کے ایک (۱) حصہ بیوی کو دیا جائے گا اور سات (۷) حصہ بیٹی کو۔ صورته هكذا

زید مسئلہ ۸

میت

| | |
|---|---|
| زوجہ | بنت |
| ۱ | ۷ |

اس واسطے کہ بھتیجی اگر فی الواقع ولد الزنا ہیں اور ان کا باپ بھی ان کے ولد الزنا ہونے اور بلانکاح رکھنے ان کے کا مقر ہے تو ان کو کچھ نہیں ملے گا۔ اس واسطے کہ زنا سے نسب ثابت نہیں ہوتا۔

كما هو ظاهر من الرواية المذكورة في آخر باب العدة في صفحه ۸۳ من الجزء الثاني من الجوهرة النيرة حيث قال:

Marfat.com

واذا تـروجـت الـحامل من الزنا جاز النكاح ...ولا توطأ حامل حتى تضع حملها الا ان يكون هو الزانی فیجوز له ان يطاها.... ولا يمنع من و طيها ولها التفقة عند الكل ثم اذا جاء ت بـولد ستة اشهر فصاعدا بعدالنكاح ثبت نسبه و یرث منه و ان جاء ت به لاقل من ذلک لا یثبت نسبه ولا یرث منه کذا فی الواقعات[1]

☆(ترجمہ: زنا سے حاملہ عورت اگر نکاح کرے تو اس کا نکاح جائز ہے۔ ارشادِ نبوی ہے زنا سے حاملہ عورت کے ساتھ اس کا خاوند وضع حمل تک جماع نہ کرے ہاں اگر زانی نے نکاح کیا ہو تو وہ اس سے جماع کر سکتا ہے۔ اسے اس سے جماع سے منع نہ کیا جائے گا۔ تمام علماء کے نزدیک وہ عورت نفقہ کی مستحق ہے۔ پھر نکاح کے چھ ماہ یا اس سے زائد مدت کے بعد اس کے ہاں بچہ کی پیدائش ہو تو اس بچے کا نسب ثابت ہو جاتا ہے۔ اور وہ اپنے باپ کی وراثت پائے گا۔ اور اگر اس سے کم مدت میں اس کا ہاں بچے کی پیدائش ہو تو اس کا نسب نکاح کرنے والے سے ثابت نہ ہوگا۔ اور نہ ہی وہ وراثت کا پائے گا۔ الواقعات میں اسی طرح ہے)

اور اگر فی الواقع نکاح ہو گیا تھا اور بھتیجا بھتیجی فی الواقع ولد الزنا نہیں ہیں گو بجز دو گواہوں کے اور کسی کو خبر نکاح نہ ہو تو آٹھ (۸) حصہ کل مال کے کر کے ایک حصہ تو بیوی کو ملے گا اور چار حصہ بیٹی کو اور دو بھتیجے کو اور ایک بھتیجی کو اگر بھتیجا بھتیجی دو ہیں۔

صورته هکذا

زید مسئلہ ۸

میت

| زوجہ | بنت | ابن الاخ | بنت الاخ |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۴ | ۲ | ۱ |

حررہ العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی مسجد جامع اکبر آباد

[1] الجوهرة النيرة : جلد ۲ صفحه ۱۶۳ مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......309﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ محمد بخش ہمارے دادا نے عرصہ تقریبا ۸۰ سال کا ہوا وفات پائی۔ اور انہوں نے دولڑکے بڑا شیخ عنایت اللہ اور چھوٹا شیخ نصر اللہ اور ایک بیوہ اور دو مکان نمرا' نمبر۲ چھوڑے۔

عرصہ پچاس سال کا ہوا کہ بڑا لڑکا شیخ عنایت اللہ نے وفات پائی۔ انہوں نے تین لڑکے احمد اللہ و انعام اللہ' غلام جیلانی اور ایک اپنی زوجہ چھوڑی۔

چند سال بعد زوجہ محمد بخش نے انتقال کیا۔ اور اس کے چند سال بعد چھوٹے نصر اللہ نے انتقال کیا۔ انہوں نے دولڑکی اور ایک لڑکا چھوڑا۔ اور اپنی زوجہ چھوڑی۔ شیخ نصر اللہ نے اپنی حیات میں ہر دو مکان نمبرا' نمبر۲ کو بصورتِ خود رہن کر دیا۔ بابت مکان نمبرا مرتہن نے نالش دائر عدالت کر دی۔ مکان نمبرا ازرِ رہن میں قرق ہو گیا۔ پسرانِ شیخ عنایت اللہ مرحوم نے جو اس وقت نابالغ تھے عدالت میں عذر دائر کر دی کہ ہم نابالغان کے حصہ کا رہن رکھنے کا چچا کو اختیار نہ تھا۔ عدالت سے مکانِ مذکور میں نصف حق ثابت کیا گیا۔ اور نصف مکان جو حصہ نصر اللہ سمجھا گیا نیلام کر دیا گیا۔ اس پر ہم لوگ قابض و داخل رہے۔ ایک بھائی ہمارا انعام اللہ درمیان میں فوت ہو گیا۔ بقیہ دو بھائی احمد اللہ و غلام جیلانی اب تک اس پر قابض چلے آتے ہیں۔

بعد گزرنے زمانہ ۴۵ سال کے پسر شیخ نصر اللہ کا دعوی کرتا ہے کہ اس مکان سے میری دادی کا حصہ مجھ کو دیا جائے۔

آیا وہ کچھ پانے کا مستحق ہے؟ دوسرا مکان نمبر۲ خود ہی رہن تھا وہ بعد وفات شیخ نصر اللہ کے بیع ہو گیا۔ چونکہ مکان ۲ موروثی جائداد ہے اس میں مکان میں شرعی کچھ حق پسرانِ شیخ عنایت اللہ کو پہنچتا ہے یا نہیں؟ اور اگر مکان نمبرا میں کچھ حصہ شرعی دادی کا پسر نصر اللہ کا نکلے تو وہ حصہ حالتِ موجودہ سے دیا جائے گا یا حالتِ سابقہ

Marfat.com

سے؟ کیوں کہ بوجہ کہنہ اور بوسیدہ ہونے کے مکان کو پسرانِ شیخ عنایت اللہ نے ازسرِ نو بنوایا ہے۔

شجرہ محمد بخش

| | | |
|---|---|---|
| شیخ عنایت اللہ | شیخ نصر اللہ | بیوہ |
| احمد اللہ۔ انعام اللہ۔ غلام جیلانی | فیاض الدین۔ دختر۔ دختر | |

## الجواب

اللھم رب زدنی علما

محمد بخش مسئلہ ۹۲۱۶/۱۱۵۲/۱۶/۸

میت

| | | |
|---|---|---|
| زوجہ مریم | ابن عنایت اللہ | ابن نصر اللہ |
| ۱/۲/۱۴۴ | ۷ | ۷ |

عنایت اللہ مسئلہ ۷/۲۴/۲

میت بیدہ ۷

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| زوجہ | ام | ابن | ابن | ابن |
| فاطمہ | مریم | احمد اللہ | انعام اللہ | غلام جیلانی |
| ۳/۹/۶۳/۵۰۴ | ۴/۱۲/۸۴ | ۱۷/۱۱۹/۹۵۲ | ۱۷/۱۱۹/۹۵۲ | ۱۷/۱۱۹/۹۵۲ |

مریم مسئلہ ۱

میت بیدہ (۲۲۸)

ابن نصر اللہ

۲۸۸ بیدہ ۲۲۸

نصر اللہ مسئلہ ۳۲/۸ توافق بالربع

میت بیدہ ۱۸۳/۷۳۲

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| زوجہ | ابن | بنت | بنت |
| زینب | عمر | زیدن | خانم |
| ۱/۴/۷۳۲ | ۱۴/۲۵۶۲ | ۷/۱۲۸۱ | ۷/۱۲۸۱ |

اللھم ارنا الحق والباطل باطلا. صورتِ مسئولہ میں بعد ما تقدم علی الارث کل مالِ محمد بخش کے نو ہزار دوسولہ (۹۲۱۶) حصہ کر کے حسبِ صورتِ مذکورہ بالا فاطمہ کو پانچ سو چار (۵۰۴) حصہ دیے جائیں گے اور احمد اللہ کو نو سو بانوے (۹۹۲) اور اتنے ہی انعام اللہ اور اتنے ہی غلام جیلانی کو اور سات سو بتیس (۷۳۲) حصہ زینب کو دو ہزار پانچ سو باسٹھ (۲۵۶۲) حصہ عمر کو اور ایک ہزار دو سو اکیاسی (۱۲۸۱) زیدن اور اتنے ہی خانم کو بدیں تفصیل

الاحیاء

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فاطمہ | احمد اللہ | انعام اللہ | غلام جیلانی | زینب | عمر | زیدن | خانم |
| ۵۰۴ | ۹۵۲ | ۹۵۲ | ۹۵۲ | ۷۳۲ | ۲۵۶۲ | ۱۲۸۱ | ۱۲۸۱ |

المبلغ

۹۲۱۶

لہٰذا کل مالِ محمد بخش کے من جملہ نو ہزرا دو سو سولہ (۹۲۱۶) حصوں کے تین ہزار تین سو ساٹھ (۳۳۶۰) حصہ کے حق دار عنایت اللہ کے تینوں بیٹے اور بیوی ہے۔ اور پانچ ہزار آٹھ سو چھپن (۵۸۵۶) حصوں کے حق دار نصر اللہ کے بیٹا، بیٹی اور بیوی رہی۔ اور اگر محمد بخش کی بیوی مریم نے قبلِ تقسیمِ حصص مہر بھی لیا ہوگا تو وہ بھی اور جو بھی اس کی ملک ہوگا وہ بھی فقط نصر اللہ کے ذریعہ فقط ورثۂ نصر اللہ ہی پر حسبِ تفصیلِ مذکورہ تقسیم ہوگا۔ اور اس میں سے اولادِ عنایت اللہ کو کچھ نہیں ملے گا۔ اس واسطے کہ عنایت اللہ مریم سے پہلے ہی مر چکا تھا۔ اور موجودگی بیٹے میں دادی کے مال سے پوتوں کو کچھ نہیں ملتا۔ البتہ انعام اللہ کے مال سے اگر انعام اللہ بعد مریم مرا ہے نصر اللہ کی اولاد کو کچھ نہیں مل سکتا۔ اور اگر انعام اللہ مریم اپنی دادی کے سامنے مرا ہے تو جب بھی مالِ انعام اللہ سے اولادِ نصر اللہ کو کچھ نہیں مل سکتا۔ اس واسطے کہ دادی کی موجودگی میں کہ جو فاطمہ

Marfat.com

ام انعام اللہ سے کچھ نہیں ملتا۔لہٰذا کل مال انعام اللہ کا انعام اللہ کے بھائی اور ماں ہی کو ملے گا۔اوراب صورت مسئولہ اس طرح ہو جائے گی کہ بعد ماتقدم علی الارث ازمہر و دیگر دیونِ میت وغیرہ کے کل مال میت کے ستائیس ہزار چھ سواڑتالیس (۲۷۶۴۸) حصہ کر کے انیس سو اٹھاسی (۱۹۸۸) حصہ فاطمہ کو دیئے جائیں گے اور احمد اللہ کو چار ہزار چھیالیس (۴۰۴۶) اور اتنے ہی غلام جیلانی کو۔لہٰذا جملہ ورثا عنایت اللہ کے دونوں مکانوں میں دس ہزار اسی (۱۰۸۰) حصہ ہوئے۔اور نصر اللہ سے زینب کو دو ہزار ایک سو چھیانوے (۲۱۹۶) حصہ دیئے جائیں گے۔اور عمر کو سات ہزار چھ سو چھیاسی (۷۶۸۶) اور زیدن کو تین ہزار آٹھ سو تینتالیس (۳۸۴۳) اور اتنے ہی حصے خانم کو دیئے جائیں گے۔لہٰذا جملہ ورثہ نصر اللہ کے کل سترہ ہزار پانچ سواڑسٹھ (۱۷۵۶۸) حصے ہوں گے۔حسب صورۃ:

محمد بخش مسئلہ ۲۷۶۴۸/۱۳۸۲۴/۱۱۵۲/۱۶/۸

میت

| | | |
|---|---|---|
| زوجہ | ابن | ابن |
| مریم | عنایت اللہ | نصر اللہ |
| ۱/۲/۱۴۴ | ۷ | ۷/۵۰۴/۶۰۴۸ |

عنایت اللہ مسئلہ ۷/۲۴

میت بیدہ ۷

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| زوجہ | ام | ابن | ابن | ابن |
| فاطمہ | مریم | احمد اللہ | انعام اللہ | غلام جیلانی |
| ۳/۹/۶۳/۷۵۶ | ۴/۱۲/۸۴ | ۱۷/۱۱۹/۱۴۲۸/۲۸۵۶ | ۱۷/۱۱۹ | ۱۷/۱۱۹/۱۴۲۸/۲۸۵۶ |

مریم مسئلہ ۱

میت بیدہ ۲۲۸

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ابن | ابن الابن | ابن الابن | ابن الابن |
| نصراللہ | احمداللہ | انعام اللہ | غلام جیلانی |
| ۲۲۸/۲۷۳۶ | م | م | م |

انعام اللہ مسئلہ ۱۲/۶

میت بیدہ ۱۱۹۰

| | | | |
|---|---|---|---|
| جدہ | ام | اخ | اخ |
| مریم | فاطمہ | احمداللہ | غلام جیلانی |
| م | ۱/۲/۲۳۸/۴۷۶ | ۵/۵۹۵/۱۱۹۰ | ۵/۵۹۵/۱۱۹۰ |

نصراللہ مسئلہ ۳۲/۸ توافق بستۃ عشر

میت بیدہ ۵۴۹/۸۷۸۴

| | | | |
|---|---|---|---|
| زوجہ | ابن | بنت | بنت |
| زینب | عمر | زیدن | خانم |
| ۱/۴/۲۱۹۶ | ۱۴/۷۶۸۶ | ۷/۳۸۴۳ | ۷/۳۸۴۳ |

الاحیاء

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فاطمہ | احمداللہ | غلام جیلانی | زینب | عمر | زیدن | خانم |
| ۱۹۸۸ | ۴۰۴۶ | ۴۰۴۶ | ۲۱۹۶ | ۷۶۸۶ | ۳۸۴۳ | ۳۸۴۳ |

المبلغ

۲۷۶۴۸

حررہ: العبدالراجی

ابومحمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......310﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ زید مرا۔ وہ صرف ایک مکان چار پانچ سو روپیہ کا رکھتا تھا۔ اس نے ایک لڑکی نابالغ، ایک بہن اور اپنی زوجہ اور اپنی والدہ چھوڑی۔ زوجہ نے دوسرا نکاح کرلیا ہے۔ وہ مکان ایک شخص کے پاس متوفی رہن کرگیا تھا۔ والدۂ متوفی اور اس کی بہن اس مکان کو فروخت کرنا چاہتی ہے۔ آیا اس میں زوجہ کے مشورے کی ضرورت ہے یا نہیں؟ موافق شریعت کے ہر ایک کا کیا حصہ ہوا؟

۲۷ مارچ ۱۹۱۸ء

شیخ نبی بخش

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئلہ میں بعد ما تقدم علی الارث کل مال زید کے چوبیس (۲۴) حصہ کر کے تین (۳) حصہ زوجہ کو ملیں گے اور چار (۴) حصہ ماں کو اور بارہ حصہ بیٹی کو اور باقی پانچ (۵) حصہ بہن کو۔

صورته هکذا

زید مسئلہ ۲۴

میت

| زوجہ | ام | بنت | اخت |
|---|---|---|---|
| ۳ | ۴ | ۱۲ | ۵ |

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 311﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مسمی پہاڑی رنگ ریز نے ۱۲ مارچ ۱۸ء کو قضا کی۔ اور حسب ذیل رشتہ دار چھوڑے۔ تجیا ماں، فخر الدین بھائی، حبیب لڑکا، شکورن بیوی، بہن شکورن، بہن بشیرا۔ ۱۸ مارچ ۱۸ء کو حبیب ولد پہاڑی کا انتقال ہوگیا۔ تجیا دادی، فخر الدین چچا، شکورن ماں، زینب بیوی چھوڑی۔ اثاث البیت جو کہ موجود ہے وہ پہاڑی اور حبیب کی کمائی ہے۔ یہ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ کس کی کتنی کمائی ہے؟ اس صورت میں اثاث البیت ورثا میں کس طرح تقسیم ہوگا؟

ورثا پہاڑی وحبیب از محلہ املی

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث اداءِ دین مہر وغیرہ اور وصیتِ ثلث مال سے اگر میت نے وصیت کسی وارث کو کی نہ ہو بصورت ہونے اسی قدر وارثوں کے ہر دو میں کل مال پہاڑی کے دو سو اٹھاسی (۲۸۸) حصہ کر کے چھتیس (۳۶) حصہ شکورن کو دیئے جائیں گے اور بیاسی (۸۲) حصہ تجیا کو اور اکیاون (۵۱) زینب کو اور ایک سو انیس (۱۱۹) فخر الدین کو باقی کسی کو کچھ نہیں ملے گا۔

صورتہ ھکذا:

پہاڑی مسئلہ ۲۴/۲۸۸

میت

زوجہ    ام    ابن    اخ    اخت    اخت

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شکورن | تجیا | حبیب | فخرالدین | شکورن | بشیرا |
| ۳/۳۶ | ۴/۴۸ | ۱۷ | م | م | م |

حبیب مسئلہ ۱۲

میت بیدہ ۱۷

| | | | |
|---|---|---|---|
| زوجہ | جدہ | عم | سوتیلی ماں |
| ۵۱/۳ | ۲۳/۲ | ۱۱۹/۷ | م |

الاحیاء

| | | | |
|---|---|---|---|
| شکورن | تجیا | زینب | فخرالدین |
| ۳۶ | ۸۲ | ۵۱ | ۱۱۹ |

المبلغ

۲۸۸

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

ابومحمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......312﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ مسماۃ ہندہ فوت ہوئی۔ اس نے وارث حسب ذیل چھوڑے۔ ترکۂ متوفی کتنے سہام پر تقسیم ہوگا؟ اور ہر وارث کو کتنے کتنے سہام پہنچیں گے؟ بینوا توجروا

تفصیل وارثان

پدرِ متوفی    شوہرِ متوفی    پسرِ متوفی    دخترِ متوفی    دخترِ متوفی

۵ جمادی الثانیہ ۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہندہ مسئلہ ۱۲/۴۸

میت

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شوہر | اب | ابن | بنت | بنت |
| ۱۲/۳ | ۸/۲ | ۱۴ | ۷ | ۷ |

صورتِ مسئلہ میں بعد ما تقدم علی الارث اور منحصر ہونے ورثاء کے ورثۂ مذکورہ میں کل مال ہندہ کے اڑتالیس (۴۸) حصہ کر کے بارہ (۱۲) حصہ شوہر کو دیئے جائیں گے اور آٹھ (۸) باپ کو اور چودہ (۱۴) بیٹے کو اور سات (۷) سات (۷) حصہ دونوں بیٹیوں کو حسبِ صورتِ مذکورہ بالا واللہ اعلم وحکمہ أحکم

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
ابو محمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## فتویٰ نمبر......313

### سوال

چہ می فرمایند علمائے دین متین دریں مسئلہ: مسمی فجا، امیر اللہ و عبداللہ یہ تین برادر حقیقی ہیں۔ اول فجا فوت ہوا اس کا ترکہ ایک بیٹا، چار بیٹیاں اور ایک زوجہ پر پہنچا۔ زاں بعد امیر اللہ فوت ہوا لاولد۔ وارثوں میں ایک عبداللہ برادر اور مسماۃ نجو زوجہ چھوڑی فجا کی۔ اولاد کو ترکہ پہنچے گا یا نہیں؟ مسئلہ کے سہام پر تقسیم ہوگا؟

۲۴ جمادی الثانی رسخاوت علی

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صورتِ مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث اور ہونے ورثہ کے اسی قدر کل مالِ فجا کے اڑتالیس (۴۸) حصہ کر کے چھ (۶) حصہ زوجہ کو دیئے جائیں گے اور چودہ (۱۴) حصہ ابن کو اور سات (۷) سات (۷) حصہ برابر چاروں بیٹیوں کو صورتہ ھکذا:

فجا مسئلہ ۸

| زوجہ | ابن | بنت | بنت | بنت | بنت |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱/۶ | ۱۴ | ۷ | ۷ | ۷ | ۷ |

علی ہذا بعد ماتقدم علی الارث اور ہونے ورثہ کے اسی قدر کل مالِ امیر اللہ کے چار (۴) حصہ کر کے ایک (۱) زوجہ کو دیا جائے گا اور تین (۳) حصہ بھائی مسمی عبداللہ کو اور عصبہ قریب بھائی کی موجودگی میں بھتیجوں کو کچھ نہیں تھا۔

اللہ اعلم و علمہ احکم. صورتہ ھکذا:

امیر اللہ مسئلہ ۴

میت

| اخ | زوج | ابناء الاخ |
|---|---|---|
| ۳ | ۱ | م |

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المفتی فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......314﴾

## سوال

چہ می فرمایند علماءِ دین ومفتیانِ شرعِ متین دریں مسئلہ مسماۃ لاڈو فوت ہوئی۔ الٰہی بخش خاوند ڈ مسماۃ رحیما والدہ اور تین بھائی حقیقی چھوڑے۔ مسئلہ کتنے سہام پر تقسیم ہوگا؟

سخاوت علی

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صورتِ مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث کے اگر بجز ان ورثہ کے اور کوئی وارث نہیں ہے کل مالِ لاولد کے اٹھارہ (۱۸) حصہ کرکے نو حصہ شوہر کو دیئے جائیں گے اور تین (۳) حصہ اس کی والدہ مسماۃ رحیما کو اور باقی دو (۲) دو (۲) حصہ تینوں بھائیوں کو

صورتہ ھکذا

لاڈو مسئلہ ۱۸/۶

میت

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| زوج | ام | اخ | اخ | اخ |
| الٰہی بخش | رحیمن | ۲ | ۲ | ۲ |
| ۳/۹ | ۱/۳ | | | |

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابومحمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......315﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ ایک عورت مسماۃ بشارتی بیگم فوت ہوئی۔ اس نے ایک بہو مسماۃ نیازی بیگم اور ایک بھاوج مسماۃ فیاضی بیگم جن کے خاوند بشارتی بیگم کی حیات میں فوت ہو چکے ہیں اور ایک علاتی بہن مسماۃ ارشادی بیگم مرحومہ کی ایک لڑکی یعنی بشارتی کی بھانجی مسماۃ کنیز فاطمہ اور دوسری علاتی بہن مسماۃ ممتازی بیگم مرحومہ کی ایک لڑکی مسماۃ اکرامی بیگم اور دو لڑکے حکیم سید باقر علی اور حکیم سید یادعلی چھوڑے۔ اس صورت میں ترکۂ بشارتی بیگم کس کس پر کس طرح تقسیم ہوگا؟

۲ رجب ۳۶ھ

محمد علی میوہ کڑہ اکبر آبادی

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں امام محمد اور امام اعظم رحمۃ اللہ کے نزدیک چونکہ بوجہ ہونے مسئلہ کے ردیہ بعد ماتقدم علی الارث کل مالِ بشارتی بیگم کا نصف ارشادی کا اور نصف ممتازی کا قرار دے کر دونوں کی اولاد پر بطریق معروف للذکر مثل حظ الانثین کما ھو ظاھر من روایۃ المذکورۃ فی صفحہ ۵٦۱ من الشافعی المصری۔

لہٰذا کل مال بشارتی کے دس (۱۰) حصہ کر کے پانچ (۵) حصہ ارشادی بیگم کو دیئے جائیں گے اور دو (۲) دو (۲) حصہ حکیم سید یادعلی اور حکیم سید باقر علی کو اور ایک (۱) حصہ اکرامی بیگم کو اور بوجہ امام اعظم رحمۃ اللہ امام محمد رحمۃ اللہ کے ساتھ یہی قول قوی معلوم ہوتا ہے اور چونکہ ارشادی بھی قبل بشارتی کے مرچکی ہے لہٰذا اس کے پانچ (۵) حصہ

Marfat.com

کنیز فاطمہ کو مل جائیں گے۔

صورتہ ھکذا

بشارتی بیگم مسئلہ ۲/۱۰

| اخت ارشادی بیگم | اخت ممتازی بیگم |
| --- | --- |
| ۵/۱ | ۱ |

ممتازی بیگم مسئلہ ۵

| ابن یادعلی | ابن باقرعلی | اخت اکرامی بیگم |
| --- | --- | --- |
| ۲ | ۲ | ۱ |

بہو اور بھاوج کو شرعا کچھ نہیں ملتا۔ فقط

اور امام ابی یوسف رحمہ اللہ چونکہ لحاظ ان اصول کا جو میت کے سامنے مر چکے ہیں نہیں کرتے لہٰذا ان کے نزدیک میراثِ بشارتی اس طرح تقسیم ہوگی کہ کل مال بشارتی کے بعد ماتقدم علی الارث چھ(۶) حصہ کر کے دو(۲) دو(۲) حصہ حکیم سید یادعلی اور حکیم سید باقرعلی کو اور ایک(۱) ایک(۱) حصہ اکرامی بیگم اور کنیز فاطمہ کو دیا جائے گا۔

بشارتی بیگم مسئلہ

میت

| ابن الاخت | ابن الاخت | بنت الاخت | بنت الاخت |
| --- | --- | --- | --- |
| باقرعلی | یادعلی | اکرامی بیگم | کنیز فاطمہ |
| ۲ | ۲ | ۱ | ۱ |

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابومحمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبرآباد

Marfat.com

# ﴿فتویٰ نمبر......316﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص وزیر خان نامی جس کے تین بیٹے اور تین لڑکیاں اور جائداد یعنی مکان وزیر خان مرحوم کا مبلغ چار سو روپیہ کا ہے۔ جس میں دو سو قرض ہیں۔ اب مطابق شرع شریف تقسیم کس طرح ہونی چاہیے؟

۶ رجب ۳۶ھ

نذیر خان ساکن منتولہ اکبر آباد

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں بعد ما تقدم علی الارث اداءِ دینِ میت وغیرہ کے جو فارغ قرض سے جائداد قیمتی دو سو روپیہ کی بچے اس کے نو (۹) حصہ کر کے دو (۲) دو (۲) حصہ تینوں بیٹوں کو دے دیئے جائیں گے اور ایک (۱) ایک (۱) حصہ تینوں بیٹیوں کو۔

صورته هکذا

وزیر خان مسئلہ ۹

میت

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ابن | ابن | ابن | بنت | بنت | بنت |
| ۲ | ۲ | ۲ | ۱ | ۱ | ۱ |

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 317﴾

## سوال

بعالی خدمت فیض درجت جناب مولانا مولوی مفتی سید محمد دیدار علی صاحب جامع مسجد شہر آگرہ دام ظلہ بعد سلام سنت الاسلام کے عرض ہے کہ ایک مقدمہ دیوانی حسب ذیل فتوی عدالت سٹی مجسٹریٹی بھرت پور میں پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ اس لئے التماس ہے کہ بموجب قانونِ شرع محمدی فتوی ارقام فرما کر مرحمت فرمایا جائے تا کہ پیشِ عدالت موصوف کیا جائے۔

پدر نے اپنے پسر کو بوجہ اس کے کہ اس نے ایک طوائف کو بہ سلسلہ آشنائی ڈال لیا اس کو دو مکان اپنی جائداد سے علیحدہ کر کے بموجب حصہ دے دیئے۔ اور وہ مکانات تاحیات اس کے قبضہ میں رہے۔ چنانچہ پسر اس کے ان مکانات سے بروئے تحریر کچھ تعلق نہ رکھتے۔ اور اس طوائف کے بطن سے دو پسر ناجائز ہوئے۔ اور وہ مکانات بوجہ بد چلنی پسرانِ طوائف ضبط و نیلام ہو جائیں تو کیا ہر دو طوائف زادہ بوجوہاتِ بالا بقیہ ترکہ مورثِ اعلی میں حقدار ہو سکتے ہیں یا نہیں؟ اس بارے میں علمائے دین کیا فرماتے ہیں؟

۱۹ اپریل ۱۹۱۸ء

فاطمہ بیوہ نبی بخش قوم شیخ بلند دروازہ بھرت پور

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

☆ طوئف زادے اگر اس طوائف سے نکاحِ صحیح نہیں ہوا تھا اور بلا نکاح وطیِ حرام کے وہ پیدا ہوئے ہیں ان کا نسب اس حرام کار سے ثابت نہیں ہوتا۔ ☆ وہ اس حرام کار کی میراث میں کسی وراثت سے کوئی حصہ نہیں لے سکتے۔ اور ان کو اس کے مالِ متروکہ سے کچھ نہیں پہنچتا۔ چنانچہ یہ امر عبارت صفحہ ۵۰

Marfat.com

جلد ہشتم بحر الرائق سے ظاہر ہے حیث قال

و فی المضمرات اعلم بان الکفار یتوارثون فیما بینهم بالاسباب التی یتوا رث بها المسلمون من نسب او سبب او نکاح ولا خلاف انهم لا یرثون بالانکحة التی لا تصح بین المسلمین بحال نحو نکاح المحارم بنسب اور ضاع و نکاح المطلقة قبل التزویج بزوج آخر[1]

(ترجمہ: مضمرات میں ہے کہ کفار آپس میں ان اسباب کی بنا پر وراثت پاتے جن کی وجہ سے مسلمان وراثت کے مستحق ہوتے ہیں۔ مثلاً نسب یا سبب یا نکاح اور اس بارے میں میں کوئی اختلاف نہیں کہ وہ ان نکاحوں کے باعث وراثت نہیں پاتے جو مسلمانوں کے درمیان کسی صورت میں بھی صحیح نہیں۔ مثلاً نسب، رضاعت کے باعث محارم کے ساتھ نکاح یا جس عورت کو تین طلاقیں دی جا چکی ہوں اس کے ساتھ دوبارہ نکاح بغیر اس کے کہ وہ کسی دوسرے خاوند کے ساتھ نکاح کرے)

☆ البتہ اگر زانیِ مذکور اپنی حینِ حیات میں بحالتِ صحت وتندرستی وثباتِ ہوش وحواس ان طوائف زادوں کو جو بلا نکاح پیدا ہوئے تھے یا کسی اور کو اپنی کچھ جائداد یا کل جائداد ھبہ کر کے قبضہ کرا دے بلاشبہ وہ موھوب لہ کہ جس کو وہ ہبہ کر دے ملک ہو جائے گی۔ لہٰذا بعد موتِ واہب کوئی وارث دعوی نہیں کر سکتا۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

[1] البحر الرائق : جلد ۸، صفحہ ۵۷۱، دار المعرفہ بیروت

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......318﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ میری زوجہ نے وقتِ انتقال ایک لڑکی بارہ یوم کی چھوڑی۔ اور وہ لڑکی بھی اپنی ماں سے نو یوم بعد مرگئی۔ اب میری زوجہ کے ورثہ میں اس کی خالہ نانی پھوپھی زندہ ہیں۔ مرحومہ کا مہر دوسو روپیہ کا تھا اور زیور برتن کپڑے وغیرہ جو اس کی والدین نے جہیز میں دیا تھا تقریباً پچاس روپیہ کے مالیت کا تھا۔ لہٰذا از روئے شرع شریف اس کی زیور اور مہر وغیرہ پانے کا کون کون مستحق ہوسکتا ہے؟

۱۷ رجب ۳۶ھ

کریم خان ساکن محلہ رکاب گنج آگرہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں بعد ما تقدم علی الارث کل مال زوجۂ کریم خان کے بتیس (۳۲) حصہ کرکے تیئس (۲۳) حصہ کریم خان کو دیئے جائیں گے اور نو (۹) زینب نانی زوجۂ کریم خان کو دیئے جائیں گے۔

صورتہ ھکذا

زوجۂ کریم خان مسئلہ

میت

| زوج کریم خان | بنت مریم | ام الام زینب | خالہ | عمہ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| ۳/۴/۸ | ۶/۹ | ۲/۳/۶ | م | م |

Marfat.com

مریم مسئلہ ۶

میت

| عمۃ الام | خالۃ الام | ام ام الام زینب | اب کریم خان |
|---|---|---|---|
| م | م | ۱/۳ | ۵/۱۵ |

الاحیاء

| زینب | کریم خان |
|---|---|
| ۹ | ۲۳ |

المبلغ

۳۲

حررہ: العبد الراجی رحمت ربہ القوی،
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......319﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اندریں صورت کہ زید نے وقتِ انتقال ایک زوجہ زینب اور بیٹا خیراتی اور دو بنت تمیزن اور اللہ رکھی چھوڑے۔ بعدہ اللہ رکھی کا انتقال ہوا۔ اس نے ایک زوج حسنی بیگ' ابن محمد بیگ' بنت معصومن' ماں زینب' چھوڑی۔ بعدہ زینب کا انتقال ہوا۔ اس نے ابن خیراتی' بنت تمیزن' ابن البنت محمد بیگ' بنت البنت معصومن' چھوڑی' ترکہ زید کس طرح تقسیم ہوگا؟

۹ رجب ۳۶ھ

اسٹیشن ماسٹر سابق ریاست الور

## الجواب

بسم الله الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورت مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث اوردینِ مہر وغیرہ کے کل مالِ زید کے گیارہ سو باون (۱۱۵۲) حصہ کر کے چھ سو اٹھائیس (۶۲۸) حصہ خیراتی کو اور تین سو چودہ (۳۱۴) حصہ تمیزن کو اور تریسٹھ (۶۳) حصہ حسنی بیگ کو اور اٹھانوے (۹۸) حصہ محمد بیگ کو اور انچاس (۴۹) حصہ معصومن کو دیئے جائیں گے۔ فقط

صورته هكذا

زید مسئلہ

میت

| زوجہ زینب | ابن خیراتی | بنت تمیزن | بنت اللہ رکھی |
|---|---|---|---|
| ۱/۴/۱۴۴ | ۱۴/۵۰۴ | ۷/۲۵۲ | ۷ |

Marfat.com

اللہ رکھی مسئلہ

میت

| زوج حسنی بیگ | ابن محمد بیگ | بنت معصومن | ام زینب |
| --- | --- | --- | --- |
| ۳/۹/۶۳ | ۱۴/۹۸ | ۷/۴۹ | ۲/۶/۴۲ |

زینب مسئلہ

میت

| ابن خیراتی | بنت تمیزن | ابن البنت محمد بیگ | بنت البنت معصومن |
| --- | --- | --- | --- |
| ۲/۱۲۴ | ۱/۶۲ | م | م |

الاحیاء

| خیراتی | تمیزن | حسنی بیگ | محمد بیگ | معصومن |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| ۶۲۸ | ۳۱۴ | ۶۳ | ۹۸ | ۴۹ |

المبلغ

۱۱۵۲

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 320﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ پھوپھی اگر لاولد مری تو اس کے مال سے بھتیجے، بھتیجیوں کا شرعا کوئی حصہ ہے یا نہیں؟ اور اگر ہے تو ہر ایک کو کس قدر مال متروکہ سے ملے گا؟

۱۰ رمضان المبارک ۱۳۳۶ھ

عبدالعزیز ملنگ دہلوی

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

اگر پھوپھی نے جو لاولد مری ہے۔ بجز بھتیجہ، بھتیجیوں کے اور کوئی وارث شرعا بھائی، بہن، باپ، یا شوہر وغیرہم نہیں چھوڑا تو بعد ماتقدم علی الارث کل مال بھتیجوں میں برابر تقسیم کر دیا جائے گا۔ اور بھتیجیوں کو بھتیجوں کی موجودگی میں کچھ نہ ملے گا۔ اس واسطے کہ بھتیجے عصبہ ہیں اور بھتیجی ذوالارحام۔☆ اور عصبہ کی موجودگی میں ذوالارحام کو کچھ نہیں ملتا۔ فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی المشہدی الرضوی الحنفی
المفتی فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 321﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیان شرع متین اس صورت میں کہ ہندہ نے انتقال کیا۔اور بجز جہیز اور کچھ مال نہیں چھوڑا۔اور وارث فقط خاوند اور باپ اور ماں اور دو بہن ایک بھائی کو چھوڑا ہے۔اندریں صورت مالِ متروکۂ ہندہ کیوں کر تقسیم ہوگا؟

فضل اللہ گھٹیا ماموں بھانجہ شہر آگرہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صورتِ مسئولہ میں بعد ما تقدم علی الارث کل مالِ متروکۂ ہندہ کے چھ(۶) حصہ کر کے نصف مال یعنی تین (۳) حصہ شوہرِ ہندہ کو اور سدس یعنی ایک (۱) حصہ ماں کو اور ماقی دو (۲) حصہ والدِ ہندہ کو ملیں گے۔اور موجودگیِ عصبۂ قریب باپ میں بھائی بہن کو کچھ نہیں ملتا۔فقط

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
ابو محمد محمد دیدار علی المفتی فی
جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......322﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین کہ زید کا انتقال ہوگیا۔اس نے ایک زوجہ دولڑکیاں اور تین لڑکے چھوڑے۔بعد کچھ عرصہ کے زوجہ کا بھی انتقال ہوگیا۔زوجہ کا بھائی مہر کا دعوی کرنا چاہتا ہے۔رقم کل ۴۵ عدد گنیاں زیور قریب سات سو کے سب ماموں کے پاس ہے۔اب ہم کس طرح تقسیم کریں؟

شریف حسین۔حجام آگرہ

## الجواب

### بسم اللہ الرحمن الرحیم

صورتِ مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث دینِ مہر وغیرہ کل مالِ زید کے ۶۴ حصہ کر کے چودہ (14) چودہ (14) حصہ تینوں بیٹوں کو اور سات (۷) سات (۷) دونوں بیٹیوں کو اور آٹھ (۸) حصہ زوجہ کو دیئے جائیں گے۔اور پھر مہر کل مالِ مریم کے آٹھ (۸) حصہ کر کے دو (۲) دو (۲) حصہ تینوں بیٹوں کو ایک (۱) ایک (۱) حصہ دونوں بیٹیوں کو ملے گا اور بیٹوں کی موجودگی میں بھائی کو کچھ نہیں ملے گا۔

صورتہ ھکذا

زید مسئلہ ۶۴/۸

میت

| زوجہ | ابن | ابن | ابن | بنت | بنت |
|---|---|---|---|---|---|
| مریم | زید | عمر | بکر | مریم | خانم |
| ۸ | ۱۴ | ۱۴ | ۱۴ | ۷ | ۷ |

مریم مسئلہ ۸

میت

| ابن | ابن | ابن | بنت | بنت | اخ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲ | ۲ | ۲ | ۱ | ۱ | محروم |

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی المشہدی المفتی فی جامع اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 323﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلۂ ذیل میں۔ایک شخص نے بعد انتقال دو وارث چھوڑے ایک زوجہ ولڑکا۔اور کچھ اثاثہ مثل زیور وغیرہ وہ اپنی حیات میں اپنے دوادارو وغیرہ میں فروخت کر کے صرف کر گیا۔ماقبی اثاثہ تجہیز وتکفین وفاتحہ اور سوم میں صرف ہوا۔سوم کے روز ہی خوش دامن اور خسر اپنی لڑکی کو بہکا کر اپنے مکان میں لے گئے۔حتی کہ ایامِ عدت کا بھی خیال نہ کیا۔اور لڑکے مرحوم کو جو تقریبا ڈیڑھ سال کا ہے متوفی کے والدین کے پاس چھوڑ گئے۔اب والدینِ زوجۂ مرحوم سے اپنا سامانِ جہیز والدینِ مرحوم سے طلب کرتے ہیں اس صورت میں زوجۂ متوفی مستحق پانے سامانِ جہیز کے ہوسکتی ہے یانہیں؟ جواب باصواب سے از روئے قانونِ شرع آگاہی بخشی جاوے۔

۲۵شوال ۱۳۳۶ھ

## الجواب

### بسم اللہ الرحمن الرحیم

☆ صورتِ مسئولہ میں بعد منہائی مصارفِ تجہیز وتکفین واداءِ دین مہر وغیرہ ماتقدم علی الارث کل مال ماقبی زید کے چوبیس (۲۴) حصہ کر کے تین حصہ زوجہ کو دیئے جائیں گے اور چار (۴) چار (۴) حصہ ماں باپ کو اور تیرہ (۱۳) حصہ باقی ابن زید کو دیئے جائیں گے۔

☆ اور علاوہ مصارفِ تجہیز وتکفین بطریقِ متوسط فاتحہ، سوم وغیرہ میں بلا اجازت دیگر ورثہ جس وارث نے مالِ زید سے صرف کیا ہے وہ فقط اس کے حصہ سے وضع کر لیا جائے گا۔ ☆اور حصۂ نابالغ اگر باجازتِ دیگر ورثہ صرف کیا گیا ہے تو سب کے حصوں سے بقدر اس کے حصوں کے وضع ہو جائے گا۔

☆ اور کل سامانِ جہیز کی حق دار بلاشبہ زوجۂ زید ہے۔اس واسطے کہ عرفا کل سامانِ جہیز ماں باپ اپنی لڑکی کو ہی دیا کرتے ہیں ☆اور لڑکے کی پرورش کا اس کو اختیار ہے۔اگر وہ چاہے اس کو حقِ پرورش حاصل ہے۔

Marfat.com

ورنہ پرورش کرنے پراس پر بقولِ صحیح جبر نہیں ہوسکتا۔ چنانچہ صفحہ ۳۸۷ فتاوی قاضی خان میں ہے:

**و اذا امتنعت الام عن امساک الولد و لیس لھا زوج اختلفوا فیہ قال الفقیہ ابوجعفر والفقیہ ابو اللیث رحمھما اللہ تعالی یجبر الام علی امساک الولد و قال مشائخنا رحمھم لا تجبر لان الام لا تجبر فی الصحیح[1] انتھی مختصرا بقدر الحاجۃ.**

(ترجمہ: ماں نے بچے کو اپنے پاس روکے رکھنے سے انکار کردیا۔ اور اس کا خاوند بھی نہیں۔ اس بارے میں علمائے کرام کا اختلاف ہے۔ امام فقیہ ابوجعفر اور امام فقیہ ابواللیث رحمۃ اللہ علیہما نے فرمایا اس کو مجبور کیا جائے گا کہ بچے کو اپنے پاس رکھے اور ہمارے مشائخ رحمۃ اللہ علیہم نے فرمایا اس پر جبر نہ کیا جائے گا کیوں کہ صحیح قول کی رو سے ماں پر جبر نہیں کیا جاسکتا)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابومحمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبرآباد

---

[1] الفتاوی القاضی خان: جلد ۱، صفحہ ۱۹۴، بلوچستان بک ڈپو کوئٹہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......324﴾

## سوال

اللہ بخش، خدا بخش، مولا بخش، تینوں بھائیوں نے ایک جائداد پختہ مکان اور کچھ زمین شرکت میں خریدی۔ پھر اللہ بخش کا انتقال ہوا۔ اس نے وقتِ انتقال علاوہ جائداد مذکور کے دوڈھائی سو کا زیور بھی چھوڑا۔ اور یہ وارث چھوڑے۔ زوجہ مسماۃ فیاضی، ماں مسماۃ رحمان بی بی اور دو بھائی۔ ان کی میراث کس طرح تقسیم ہوگی ؟بینوا توجروا

سائل: خدا بخش سکنہ نائی کی منڈی حلقہ ہدن خان

۲۷شوال ۱۳۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صورتِ مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث تیسرے حصے جائدادِ مشترکہ اور زیورِ متروکۂ اللہ بخش سے جائداد اور زیور اللہ بخش چوبیس (۲۴) حصے کر کے چھ (۶) حصے زوجہ کو دیئے جائیں گے اور چار (۴) حصے ام یعنی والدۂ اللہ بخش کو اور سات (۷) سات (۷) حصہ دونوں بھائیوں مسمی خدا بخش اور مولا بخش کو دیئے جائیں گے۔

واللہ اعلم بالصواب

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......325﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ زید مر گیا۔ زید کی دو بہنیں تھیں۔ اور حقیقی بھائی کوئی نہیں تھا۔ صرف ایک بہنوئی موجود ہے۔ اور دونوں بہنیں زید کی حیات ہی میں مر گئیں تھیں۔ زید کی دونوں بہنوں کے دو لڑکے موجود ہیں۔ یعنی ایک لڑکا ایک بہن کا اور ایک لڑکا دوسری بہن کا۔ زید کے حقیقی چچا کا ایک لڑکا موجود ہے۔ زید اپنے بھانجہ کے مکان پر مرا۔ صرفہ علاج وخوراک زید کے بھانجہ نے اپنے ذاتی روپیہ سے کیا۔ اب بتلائیے کہ حسبِ شرع شریف بھانجوں کا کیا ترکہ ہوگا؟ اور حقیقی چچازاد بھائی کا کیا ترکہ ہوگا؟ کیونکہ زید کی اولاد و بیوی وغیرہ کچھ نہیں ہے۔ اور صرفہ خوراک وعلاج جو زید کے بھانجہ کا ہوا ہے وہ شرعاً پانے کا مستحق ہے یا نہیں؟۔

۱۹ ذی قعدہ ۳۶ھ

صوبہ دار علی رضا خان محلّہ لاڈپورہ راجپوتانہ

## الجواب

بعد تقدم علی الارث بصورت ہونے ورثہ اس قدر جو درج سوال ہیں کل مال زید کا زید کے چچا کے بیٹے کو ملے گا۔ اس واسطے کہ وہ عصبہ ہے۔

کما فی السراجی

اما العصبة بنفسه فكل ذكر لا تدخل فی نسبته الی المیت انثی و هم اربعة اصناف جزء المیت واصله و جزء ابیه و جزء جده الاقرب فالا قرب یرجحون بقرب الدرجة أعنی أولٰهم بالمیراث جزء المیت أی البنون ثم بنوهم وان سفلوا ثم أصله أی الأب ثم الجد أی أب الأب وإن علا ثم جزء أبیه أی الإخوة ثم بنوهم وإن سفلوا ثم جزء جده ای

Marfat.com

الاعمام ثم بنوھم و ان سفلوا[1]

(ترجمہ: عصبہ بنفسہ ہر وہ مرد ہوتا ہے کہ میت کے ساتھ اس کے رشتہ میں کوئی عورت داخل نہ ہو۔ اور اس کی چار قسمیں ہیں۔ (۱) جزء المیت (۲) اصل المیت (۳) جزء اب المیت (۴) جزء جد الاقرب ثم الاقرب یہ تمام درجہ کے قرب کے ساتھ ترجیح پائیں گے۔ یعنی ان تمام میں میت کی میراث کا سب سے زیادہ حق دار میت کا جزء یعنی اس کے بیٹے پھر بیٹوں کے بیٹے ہیں اگر چہ وہ کتنے ہی نیچے کیوں نہ ہوں۔ ان کی عدم موجودگی میں میتِ اصل یعنی باپ پھر دادا اگر چہ وہ کتنا ہی اونچے درجہ کا ہوا۔ اس کے بعد میت کے باپ کی جزء یعنی بھائی پھر ان کے بھائی ان کے بیٹے اگر چہ وہ کتنے ہی نیچے ہوں وارث ہوں گے۔ ان کے بعد میت کے دادا کی جزء یعنی چچا پھر ان کے بیٹے اگر چہ نیچے ہوں وارث ٹھہریں گے)

☆ اور بھانجوں کو موجودگیِ ابن العم میں کچھ نہیں ملتا اس واسطے کہ وہ ذوی الارحام سے ہیں۔

اور اگر بھانجوں نے اپنے پاس سے باوصف موجود ہونے مالِ زید کے علاج وخوراک زید میں صرف کیا ہے اس کا ان کو ثواب ملے گا۔ مالِ زید سے وہ صرفہ نہیں لے سکتے اس واسطے کہ بعد موت زید کے وہ مال چچا کے بیٹے کا ہو گیا۔ البتہ اگر بطریقِ قرض زید کو اگر روپیہ دے کر اس کے علاج وخوراک میں صرف کیا تھا تو بشرط ثابت ہو جانے اس امر کے بشہادتِ شہودِ معتبر مالِ زید سے اپنا قرض وصول کر سکتے ہیں۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

---

[1] السراجی : صفحہ ۱۴، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ، ملتان

Marfat.com

﴿فتویٰ نمبر......326﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ شریعتِ غرا اس مسئلہ میں کہ زید نے ایک اپنی زوجہ وارث اور ایک بہن ضعیفہ وارث چھوڑی۔ اور مبلغ تین سو روپیہ کا قرض جو بعد نکاح چھوڑا۔ اور مبلغ پانچسو روپیہ مہر کے چھوڑا۔ پہلے دین مہر ادا کیا جائے یا قرضہ؟ اور بہن کا اگر ہے حصہ تو کتنا؟ اور بہن نے بعد فوتیدگی اپنے بھائی کے جو کچھ روپیہ نقد و اشیا' ظروف خیانت سے یا رضامندی سے اپنی بھاوجہ سے زائد وصول کر لیے یہ اس میں یعنی اگر حصہ بہن کا ہے محسوب ہوسکتا ہے یا نہیں؟ اور جائداد جو چھوڑی ہے ذاتی زید کی ہے موروثی نہیں ہے؟

۱۷ شوال ۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں کل مالِ متروکہ زید سے بعد تجہیز و تکفین جو کچھ بچے اس سے اس کے ذمہ جس قدر قرض ہو خواہ قرضہ مہر ہو یا علاوہ اس کے وہ سب ادا کیا جائے گا۔ چنانچہ صفحہ ۵۳۶٬۵۳۵ درمختار میں ہے

**یبدأ من ترکة المیت بتجھیزہ یعم التکفین من غیر تقتیر ولا تبذیر تقدم دیونه التی لھا مطالب من جھة العباد[1] انتھی مختصرا**

(ترجمہ: میت کے ترکہ میں سب سے پہلے اس کی تجہیز پر کیا جائے گا۔ اس میں اس کا کفن بھی داخل ہے۔ جو کنجوسی اور فضول خرچی کے بغیر کیا جائے گا۔ ☆ اس کے بعد اس کے وہ قرض ادا کیے جائیں گے جن کا مطالبہ بندوں کی جانب سے ہوگا)

[1] الدر المختار مع رد المحتار: جلد ۱۰، صفحہ ۴۰۹، ۴۱۰، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

☆ اور پھر بعد اداءِ دیون اور اجراءِ وصیت کے تہائی مال باقی سے اگر میت نے وصیت غیر وارث کو کی ہو۔ اگر کچھ بچے اس کے چار حصہ کر کے ایک حصہ زوجہ کو دیا جائے گا اور تین حصہ بہن کو بطریق فرضیت اور ایک بطریقِ رد۔ اور رضامندی سے زوجہ زید نے جس قدر مال زید کی بہن کو دے دیا اس کے علاوہ جو خیانت سے زید کی بہن نے لیا ہے وہ بلاشبہ اس کے حصہ سے مجرا لیا جائے گا اگر اس کا ثبوت شرعاً اختِ زید پر ہو جائے۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی

مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 327﴾

## سوال

بحضور جناب مفتی صاحب جامع مسجد آگرہ

السلام علیکم مہربانی فرما کر غلام علی مرحوم کے حصص تقسیم فرما کر ممنون مشکور فرمائیں والسلام

غلام علی مرحوم نے قضا کی اور زندہ چھوڑا اصغر علی' تراب علی' امان علی' مسماۃ امامی جان' پسران و دخترِ غلام علی مرحوم اصغر علی نے قضا کی زندہ چھوڑا مسماۃ بسم اللہ و مسماۃ بندو دختران اصغر علی مرحوم اور تراب علی و امان علی و مسماۃ امامی جان

مسماۃ بسم اللہ نے قضا کی زندہ چھوڑا زید و بکر پسرانِ مسماۃ بسم اللہ مرحومہ اور مسماۃ بندو دختر علی اصغر مرحوم اور تراب علی و امان علی و مسماۃ امامی جان

مسماۃ بندو نے قضا کی زندہ چھوڑا عبداللہ پسرِ مسماۃ بندو مرحومہ اور تراب علی و امان علی و مسماۃ امامی جان پسران و دخترِ غلام علی اور زید و بکر پسران بسم اللہ

مسماۃ امامی جان نے قضا کی زندہ چھوڑا احمد بخش مراد بخش پسرانِ مسماۃ امامی جان اور زید و بکر و عبداللہ اور تراب علی و امان علی

احمد بخش نے قضا کی زندہ چھوڑا مسماۃ عشو بیوہ و محمود بخش و مولا بخش و الٰہی بخش و مسماۃ آمنہ پسران و بیوہ و دختر احمد بخش مرحوم اور مراد بخش اور زید و بکر و عبداللہ و تراب علی و امان علی

مراد بخش نے قضا کی زندہ چھوڑا مسماۃ زبیدہ بیوہ و عبدالواحد و رموں و مسماۃ جیبو و مسماۃ عشو و مسماۃ اللو و مسماۃ وللو پسران و دختران و بیوہ مراد بخش مرحوم و مسماۃ عشو و محمود بخش و الٰہی بخش و مولا بخش و مسماۃ آمنہ پسران و دخترِ بیوہ احمد بخش اور زید و بکر و عبداللہ اور تراب علی و امان علی۔

تراب علی نے قضا کی زندہ چھوڑا محبوب علی و بشارت علی و حکمت علی و مسماۃ اللو پسران و دخترِ تراب علی مرحوم اور امان علی پسرِ غلام علی اور مسماۃ زبیدہ بیوہ و عبدالواحد و رموں و مسماۃ جیبو و مسماۃ عشو و مسماۃ اللو و مسماۃ وللو

Marfat.com

پسران ودختران وبیوہ مراد بخش اور مسماۃ عشو بیوہ ومحمود بخش والٰہی بخش ومولا بخش ومسماۃ آمنہ پسران ودختر وبیوہ احمد بخش مرحوم اور زید وبکر پسران مسماۃ بسم اللہ مرحومہ اور عبداللہ پسر مسماۃ بندو مرحومہ۔

امان علی نے قضا کی زندہ چھوڑا احسان علی وفیاض علی ومسماۃ نین ومسماۃ ببن پسران ودختران امان علی مرحوم اور محبوب علی وبشارت علی وحکمت علی ومسماۃ اللو پسران ودختر تراب علی مرحوم اور مسماۃ عشو ومحمود بخش والٰہی بخش ومولا بخش ومسماۃ آمنہ پسران ودختر وبیوہ احمد بخش مرحوم اور عبداللہ پسرِ مسماۃ بندو مرحومہ وزید وبکر پسرانِ مسماۃ بسم اللہ مرحوم اور مسماۃ زبیدہ بیوہ وعبدالواحد رمون ومسماۃ جیبو ومسماۃ عشو ومسماۃ اللو ومسماۃ للو پسران ودختران وبیوہ مراد بخش۔ کل ۲۳ ورثہ زندہ موجود ہیں۔

۱۶ شوال ۳۶ھ

## الجواب

### وهو الموفق للصواب

### بسم الله الرحمن الرحيم۔

### اللهم رب زدني علما

اللهم رب زدني علما . صورتِ مسئولہ میں کل مال منقولہ وغیر منقولہ غلام علی مرحوم کے بعد ماتقدم علی الارث پینتیس ہزار دو سو اسی (۳۵۲۸۰) حصہ کر کے ایک ہزار چھ سو اسی (۱۶۸۰) زید کو اور اتنے بکر کو تین ہزار تین سو ساٹھ (۳۳۶۰) عبداللہ کو اور اتنے ہی عشو زوجہ احمد بخش کو اور سات ہزار چودہ (۷۰۱۴) محمود بخش کو اتنے ہی مولا بخش کو اتنے ہی الٰہی بخش کو اور تین سو ستاون (۳۵۷) آمنہ کو اور اتنے ہی زبیدہ واللو وجیبو وعشو وللو اور سات سو چودہ (۷۱۴) عبدالواحد کو اور تین سو چونسٹھ (۳۶۴) محبوب علی، بشارت علی، حکمت علی کو ایک ہزار چھ سو بتیس (۱۶۳۲) اللو بنت مراد بخش اور تین ہزار آٹھ سو آٹھ (۳۸۰۸) احسان علی کو اور اتنے ہی فیاض علی کو اور ایک ہزار نو سو چار (۱۹۰۴) نین کو اور اتنے ہی ببن کو دیئے جائیں گے۔

Marfat.com

صورتہ ھکذا

زید بکر عبداللہ عشو زوجہ احمد بخش محمود بخش

۱۶۸۰ ۱۶۸۰ ۳۳۶۰ ۳۵۷ ۷۰۱۴

الٰہی بخش مولا بخش آمنہ زبیدہ امو جیبو عشو اللو وللو

۷۰۱۴ ۷۰۱۴ ۳۵۷ ۳۵۷ ۳۵۷ ۳۵۷ ۳۵۷ ۳۵۷ ۳۵۷

عبدالواحد محبوب علی بشارت علی حکمت علی اللو

۷۱۴ ۳۶۴ ۳۶۴ ۳۶۴ ۱۶۳۲

احسان علی فیاض علی نین بنن

۳۸۰۸ ۳۸۰۸ ۱۹۰۴ ۱۹۰۴

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی الحنفی
مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......328﴾

### سوال

ایک متوفی مسلمان کے دو فرزند ایک چھوٹا دیگر بڑا ہے ان میں سے زائد حصہ جائداد متروکہ کا کون حقدار ہے؟ اور جائداد کی باہمی کس طرح پر تقسیم ہوگی؟

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

☆ تقسیمِ میراث میں چھوٹے بڑے کی رعایت نہیں کی جاتی۔ بصورت نہ ہونے کسی اور وارث کے بعد مصارفِ تجہیز و تکفین اور اداءِ دینِ میت خواہ دین مہر یا کسی اور کا ہو اور اداءِ وصیتِ میت تہائی مال سے اگر علاوہ وارث کسی اور کو وصیت کی ہو۔ کل مال میت سب برابر سب بیٹوں میں تقسیم ہوگا۔ کسی کے حصہ میں بوجہ خورد و کلاں ہونے کے ایک رتی کی کمی بیشی جائز نہیں۔

ھکذا فی جمیع کتب الفرائض

(ترجمہ: علم میراث کی تمام کتابوں میں اسی طرح ہے)

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
ابو محمد محمد دیدار علی المفتی فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 329﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص محمد جان ہے۔ اس کے دو پسر یونس خان و یوسف خان تھے۔ جن جملہ ان کے یونس خان فوت ہو گیا۔ یوسف خان موجود ہے۔ لیکن متوفی یونس خان متوفی نے دو پسر صلبی چھوڑے۔ بعدہ محمد جان بھی فوت ہو گیا۔ اب فرمایئے کہ محمد خان کی جائداد اور ترکہ گزاشتہ سے یونس خان متوفی کے دونوں لڑکوں یعنی محمد خان کے پوتوں کو بروئے قرآن وحدیث حصہ ملے گا یا نہیں اور وہ حصہ پاسکتے ہیں یا نہیں؟

۱۴ رمضان ۱۳۳۶ھ

حافظ عبدالرحیم بیگ از مقام بھرت پور

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وعلیکم السلام رحمہ اللہ و برکاتہ

چونکہ یونس خان، محمد جان کے سامنے فوت ہو گیا لہٰذا یونس خان متوفی کو جائداد محمد خان سے کچھ نہیں ملے گا۔ اور محمد خان نے وقتِ انتقال چونکہ ایک بیٹا یوسف خان چھوڑا ہے اور دو پوتے یونس خان متوفی کے حقیقی بیٹے ہیں ☆ لہٰذا بیٹے کی موجودگی میں پوتوں کو کچھ نہیں مل سکتا۔ اس واسطے کہ عصبہءِ اقرب کی موجودگی میں عصبہءِ بعید کو کچھ نہیں ملتا۔ فقط

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی

ابومحمد محمد دیدار علی الحنفی المشہدی المفتی

فی جامع اکبرآباد

✿✿✿✿✿

Marfat.com

## فتویٰ نمبر......330

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین وحامیانِ شرعِ متین کہ شیخ الٰہی بخش نے انتقال کیا۔ انہوں نے تین لڑکیاں مسمیان منتو، بندو، عتو اور ایک پوتا منیر الدین، ایک بیوہ مسماۃ جانی بیگم چھوڑے۔ بعدہ مسماۃ عتو نے انتقال کیا۔ اس کی دو لڑکیاں اور دو لڑکے اور ایک شوہر چھوڑا۔ پھر زوجہ مسماۃ جانی بیگم کا انتقال ہوا۔ پھر مسماۃ منتو کا انتقال ہوا اس نے دو لڑکے ایک لڑکی اور ایک شوہر چھوڑا۔ بینوا توجروا

۲۴ شعبان ۱۳۳۶ھ

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں مالِ نبی بخش کے بارہ ہزار نو سو ساٹھ (۱۲۹۶۰) حصہ کر کے تین ہزار پانچ سو اسی (۳۵۸۰) بندو کے دیئے جائیں گے۔ اور تین ہزار چار سو (۳۴۰۰) منیر الدین کو اور سات سو بیس (۷۲۰) حمدو اور پانچ سو ساٹھ (۵۶۰) زید کو اور پانچ سو ساٹھ (۵۶۰) خالد کو اور اسی قدر مسعود کو اور پانچ سو سینتیس (۵۳۷) محمودہ کو بعد ما تقدم علی الارث حصص مذکورہ کر کے دیئے جائیں گے واللہ اعلم وعلمہ احکم.

صورتہ ھکذا

الٰہی بخش مسئلہ ۲۴/۷۲/۶۴۸/۱۲۹۶۰

میت

| زوجہ | بنت | بنت | بنت | ابن الابن |
|---|---|---|---|---|
| جانی بیگم | منتو | عتو | بندو | منیر الدین |
| ۳/۹/۸۱ | ۱۶/۱۴۴ | ۱۶ | ۱۶/۱۴۴/۲۸۸۰ | ۱۵/۱۳۵/۲۷۰۰ |

Marfat.com

عفومسئلہ۱۲/۲/۷

میت　　توافق بالثمن　　بیدہ۲/۱۶

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| زوج | ابن | ابن | بنت | بنت | ام |
| حمدو | زید | خالد | مریم | فاطمہ | جانی بیگم |
| ۲۰/۷/۳۶/۱۸/۳، | ۱۴/۲۸/۵۶۰، | ۱۴/۲۸/۵۶۰، | ۷/۱۴/۲۸۰ | ۷/۱۴/۲۸۰ | ۲/۱۲/۲۴ |

جانی بیگم مسئلہ

میت　　بیدہ ۳۵/۱۰۵

| | | |
|---|---|---|
| بنت | بنت | ابن الابن |
| منتو | بندو | منیرالدین |
| ۱/۳۵ | ۱/۳۵/۷۰۰ | ۱/۳۵/۷۰۰ |

منتومسئلہ۴/۲۰

میت　　تباین　　بیدہ۱۷۹

| | | | |
|---|---|---|---|
| زوج | ابن | ابن | بنت |
| عمر | محمود | مسعود | محمودہ |
| ۱/۵/۸۹۵ | ۶/۱۰۷۴ | ۶/۱۰۷۴ | ۳/۵۳۷ |

المبلغ

۱۲۹۶۰

Marfat.com

الاحیاء

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بندو | منیرالدین | حمدو | زید | خالد | مریم | فاطمہ | عمر |
| ۳۵۸۰ | ۳۴۰۰ | ۷۲۰ | ۵۶۰ | ۵۶۰ | ۲۸۰ | ۲۸۰ | ۵۹۵ |
| محمود | مسعود | محمودہ | | | | | |
| ۱۰۷۴ | ۱۰۷۴ | ۵۳۷ | | | | | |

حررہ: العبدالراجی رحمۃ ربہ القوی
ابومحمد محمد دیدارعلی الحنفی المفتی الالوری ثم الاکبرآبادی
واعظ اسلام جامع مسجد اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 331﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک عورت فوت ہوئی۔ اس نے چار علاتی بھانجے اور بھانجیاں اور ایک علاتی بھتیجا چھوڑا۔ ایسی صورت میں بھانجوں کو ترکہ ملے گا یا بھتیجے کو یا دونوں کو؟ اور اگر وہ بھتیجا بغیر نکاح کے کسی طوائف وغیرہ کے شکم سے ہو تو اس کو بھانجے کے مقابلے میں حصہ ملے گا یا نہیں؟۔

۱۵ شعبان ۳۶ھ

محمد علی میوہ کڑہ

## الجواب

### اللھم رب زدنی علما

بھتیجا عصبہ ہے اور بھانجا بھانجی ذوی الارحام۔ لہٰذا کل مال متوفیہ کا بھتیجا لے گا اور بھانجا بھانجی کو کچھ نہیں ملے گا۔ ☆ اور اگر وہ بھتیجا بلا نکاح کسی طوائف سے پیدا ہوا ہے چونکہ زنا سے نسب ثابت نہیں ہوتا لہٰذا وہ بھتیجا شرعاً بھتیجا نہیں مانا جائے گا۔ اس واسطے اس کو مالِ متروکہ متوفیہ سے کچھ نہیں ملے گا اور کل مال متروکہ متوفیہ کا چونکہ یہاں بمقتضاء ظاہر سوال ایک ہی علاتی بہن سے کل بھانجا بھانجی ہیں لہٰذا ہر بھانجا دو بھانجیوں کے برابر سمجھا جائے گا اور اسی حساب سے بقدران حصہ داروں کو حصہ کر کے دیئے جائیں۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی المفتی

فی مسجد جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......332﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ شیخ اللہ بخش نے انتقال کیا۔ انہوں نے ایک زوجہ پانچ لڑکے مسمیان احمد حسن، سجاد حسن، محمد حسن، حافظ واجد حسن، امداد حسن اور ایک دختر چھوڑا ہے۔ از روئے شرع شریف متروکہ مال ورثہ پر کس طرح تقسیم ہوگا؟

۲۶ مئی/۱۸ء ۱۵ شعبان ۱۳۳۶ھ

سجاد حسن صابن گڑھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں کل مال اللہ بخش کے اٹھاسی (۸۸) حصہ کر کے گیارہ (۱۱) حصہ زوجہ کو اور چودہ (۱۴) چودہ (۱۴) بیٹوں کو اور سات (۷) بیٹی کو دیئے جائیں گے۔

صورتہ ھکذا

اللہ بخش مسئلہ ۸/۸۸

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| زوجہ | ابن | ابن | ابن | ابن | ابن | اخت |
| ۱۱/۱ | ۱۴ | ۱۴ | ۱۴ | ۱۴ | ۱۴ | ۷ |

حررہ: العبد الراجی رحمتہ

ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المفتی

جامع اکبرآباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......333﴾

## سوال

حسب ذیل مسئلہ کے متعلق علمائے دین کیا فرماتے ہیں۔ زید و بکر دو حقیقی بھائی تھے۔ زید نے انتقال کے بعد اپنی منکوحہ بیوی اور ایک نابالغ لڑکے کو چھوڑا۔ قضاءِ الٰہی سے لڑکا بھی فوت ہو گیا۔ اب صرف زید کی بیوی اور اس کا بھائی بکر موجود ہے۔ پس از روئے شرع شریف زید مرحوم کی کل جائداد کا مالک وحقدار کون ہو سکتا ہے؟ زید کی وفات کے تین ماہ بعد اس کی بیوی کے ایک لڑکی پیدا ہوئی جواب تک موجود ہے۔ ایک لڑکا جو پہلے خاوند سے تھا (اس خاوند کی بھی وفات ہو چکی) وہ بھی موجود ہے۔

امام الدین آگرہ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورت مسئولہ میں کل مال زید کے بہتر (۷۲) حصہ کر کے سولہ (۱۶) زینب کو دیئے جائیں گے اور بیالیس (۴۲) مریم کو اور سات (۷) زفر کو اور اتنے ہی بکر کو۔ واللہ اعلم. صورتہ ھکذا

زید مسئلہ ۸/۲۴/۷۲

میت

| | | | |
|---|---|---|---|
| زوجہ | ابن | بنت | اخ |
| زینب | خالد | مریم | بکر |
| ۱/۳/۹ | ۱۴ | ۷/۲۱ | م |

Marfat.com

مسئلہ خالد

میت بیدہ ۱۴

| | | | |
|---|---|---|---|
| ام | اخت | زفر | عم |
| زینب | مریم | زفر | بکر |
| ۱/۷ | ۳/۲۱ | ۱/۷ | ۱/۷ |

الاحیاء

| | | | |
|---|---|---|---|
| زینب | مریم | زفر | بکر |
| ۱۶ | ۴۲ | ۷ | ۷ |

المبلغ

۷۲

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی مفتی

جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......334﴾

### سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ شیخ اللہ بخش نے انتقال کیا۔ چھ لڑکے ایک دختر ایک زوجہ چھوڑی۔ بعدہ ایک لڑکے نے انتقال کیا جس کے کوئی اولاد نہیں۔ از روئے شرع شریف ترکہ مورثِ اعلی سے اور برادر سے ہم فرزندان کو کس طرح پہنچتا ہے؟

۲۸ مئی ۱۸ء

شمشاد حسین صابون کڑہ آگرہ

### الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صورتِ مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث کل مال اللہ بخش کے تین ہزار چار سو بتیس (۳۴۳۲) حصہ کر کے پانچ سو چھ (۵۰۶) مریم کو دیئے جائیں گے اور پانچ سو بتیس (۵۳۲) عمر کو اور اتنے ہی بکر، خالد، زفر اور حمید کو اور دو سو چھیاسٹھ (۲۶۶) زینب کو۔ صورتہ ھکذا

اللہ بخش مسئلہ ۸/۱۰۴/۲۴۳۲

میت

| زوجہ | ابن | ابن | ابن | ابن | ابن | ابن | بنت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مریم | زید | عمر | بکر | خالد | زفر | حمید | زینب |
| ۱/۱۳/۴۲۹ | ۱۴ | ۱۴/۴۶۲ | ۱۴/۴۶۲ | ۱۴/۴۶۲ | ۱۴/۴۶۲ | ۱۴/۴۶۲ | ۷/۲۳۱ |

Marfat.com

زید مسئلہ ۶/۶۶/۳۳

میت بیدہ ۱۴/۷

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ام | اخ | اخ | اخ | اخ | اخ | اخت |
| مریم | عمر | بکر | خالد | زفر | حمید | زینب |
| ۷۷/۱۱/۱ | ۱۰/۷۰ | ۱۰/۷۰ | ۱۰/۷۰ | ۱۰/۷۰ | ۱۰/۷۰ | ۵/۳۵ |

الاحیاء

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مریم | عمر | بکر | خالد | زفر | حمید | زینب |
| ۵۰۶ | ۵۳۲ | ۵۳۲ | ۵۳۲ | ۵۳۲ | ۵۳۲ | ۲۶۶ |

المبلغ

۳۴۳۲

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
ابو محمد محمد دیدار علی المفتی
جامع مسجد اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......335﴾

## سوال

**بعد حمد و صلوۃ سید المرسلین .**

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ارشاد حسین نے وقت انتقال اپنے کے تین بھائی اور دو زوجہ منکوحہ اور دو دختران بہ تفصیل ذیل چھوڑیں۔ ایک بھائی کا نام ولایت حسین اور دوسرا سخاوت حسین اور تیسرا فیاض حسین اور ایک زوجہ اول مرزائی بیگم اور زوجہ دوئم سکندر بیگم زوجہ اول لاولد' کوئی اولاد نہیں۔ اور زوجہ دوم سکندر بیگم کی دو دختر ایک کا نام جعفری بیگم دوسری کا نام ممتازی بیگم۔ جعفری بیگم کا انتقال ہوا جس نے ایک شوہر تجمل حسین اور ایک دختر باقری بیگم چھوڑے۔ دختران کے چچا مسمی ولایت حسین کا انتقال ہوا۔ اور ولایت حسین نے چھ لڑکے چھوڑے ان کو ارشاد حسین کے ورثہ میں سے کیا کیا حصہ کس کس کا ہوگا؟

## الجواب

صورت مسئولہ میں کل مال متروکہ ارشاد حسین کے بعد ما تقدم علی الارث چار سو بتیس (۴۳۲) حصہ کر کے ستائیس (۲۷۔۲۷) دونوں بیویوں ارشاد حسین کو' ایک سو چوالیس (۱۴۴) ممتازی کو اور تیس تیس (۳۰'۳۰) حصہ سعادت حسین وفیاض حسین کو اور چھتیس (۳۶) تجمل حسین کو اور ایک سو آٹھ (۱۰۸) باقری کو اور پانچ پانچ (۵'۵) حصہ چھ بیٹوں کو ولایت حسین مرحوم دیئے جائیں گے۔

**صورته هکذا:**

ارشاد حسین مسئلہ ۲۴/۱۴۴/۴۳۲

Marfat.com

میت

| زوجہ | زوجہ | بنت | بنت | اخ | اخ | اخ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مرزائی بیگم | سکندر بیگم | جعفری | ممتازی | ولایت حسین | سخاوت حسین | فیاض حسین |
| ۹/۲۷ | ۹/۲۷ | ۴۸ | ۴۸/۱۴۴ | ۱۰ | ۱۰/۳۰ | ۱۰/۳۰ |

جعفری مسئلہ۴

میت بیدہ ۱۲/۴۸

| زوجہ | بنت |
|---|---|
| تجمل حسین | باقری بیگم |
| ۱/۱۲/۳۶ | ۳/۳۶/۱۰۸ |

ولایت حسین مسئلہ ۳/۶

میت بیدہ ۵/۱۰

| ابن | ابن | ابن | ابن | ابن | ابن |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | ۵ | ۵ | ۵ | ۵ | ۵ |

الاحیاء

| مرزائی | سکندر بیگم | ممتازی بیگم | سخاوت حسین | فیاض حسین | تجمل حسین |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۷ | ۲۷ | ۱۴۴ | ۳۰ | ۳۰ | ۳۶ |

باقری ابن(۶)

۱۰۸ ۳۰(۳۰=۶X۵)

ابومحمد محمد دیدار علی الرضوی مفتی شہر آگرہ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......336﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اور مفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ مسمی ممن نے انتقال کیا۔ اور مکان خاص تعمیر شدہ ذات اپنی کا چھوڑا۔ اور وارث اپنے مسماۃ اکبری زوجہ' ایک لڑکا بندا' مسماۃ انوری اور سروری دو لڑکیاں چھوڑے۔ جو خاص ممن کے نطفہ سے پیدا تھیں۔

اور ایک وحید لڑکا اور اصغری لڑکی' اکبری کے پیٹ' مگر باپ دوسرا تھا۔ وقت عقد کے ان دونوں نابالغوں کو ہمراہ لائی تھی جس کی شادی ممن نے اپنی ذات سے کی۔

سروری لڑکی کا انتقال ہوا بعد ممن کے اور اس کے بعد بندا کا انتقال ہوا۔ یہ لڑکی لاولد تھی اور لڑکا نابالغ۔ اور بعد اس کے اکبری کا انتقال ہوا اور ایک لڑکی انوری جو خاص ممن سے پیدا ہوئی تھی وہ موجود ہے۔ اور وحید لڑکا اور اصغری لڑکی جو کہ اکبری ہمراہ لائی تھی وہ موجود ہے۔ غرض یہ ہے کہ اس کا حصہ کس طرح تقسیم ہوگا؟

اور مسمی ممن کے خاص دو بھائی تھے شیخ کلا و ببو جن کا موجودگی ممن میں انتقال ہو چکا تھا اب کلا مرحوم کا لڑکا اور ببو کی پانچ لڑکیاں موجود ہیں ان کا حصہ اس مکان موجودہ میں ہے یا نہیں؟

اور ایک لڑکا ممن کا پرورش کیا ہوا موجود ہے اس کا حصہ بھی مکان موجودہ میں ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

۱۱ شعبان ۳۶ھ

وحید پسر ممن

## الجواب

وھو الموفق للصواب.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ممن مسئلہ ۸/۳۲/۱۹۲/۷۶/۱۱۵۲/۵

Marfat.com

میت

| | | | |
|---|---|---|---|
| زوجہ اکبری | ابن بندو | بنت سروری | بنت انوری |
| ۱/۴/۲۴/۷۲ | ۱۴/۸۴ | ۷ | ۷/۴۲/۱۲۶/۲۵۲ |

سروری مسئلہ

میت تباین بیدہ ۷

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ام اکبری | اخ بندو | اخت انوری | اخ لام وحید | اخت لام اصغری |
| ۱/۷/۲۱ | ۲/۱۴ | ۱/۷/۲۱/۴۲ | ۱/۷/۲۱/۴۲ | ۱/۷/۲۱/۴۲ |

بندو مسئلہ ۶/۳

توافق بالنصف بیدہ ۴۹/۹۸

میت

| | | | |
|---|---|---|---|
| ام اکبری | اخت انوری | اخ لام وحید | اخت لام اصغری |
| ۱/۴۹ | ۳/۱۴۷/۲۹۴ | ۱/۴۹/۹۸ | ۱/۴۹/۹۸ |

اکبری مسئلہ ۲/۴

میت توافق بالنصف بیدہ ۷۱/۱۴۲

| | | |
|---|---|---|
| بنت انوری | ابن وحید | بنت اصغری |
| ۱/۷۱ | ۲/۱۴۲ | ۱/۷۱ |

الاحیاء

| | | |
|---|---|---|
| انوری | وحید | اصغری |
| ۶۵۹ | ۲۸۲ | ۲۱۱ |

المبلغ

۱۱۵۲

صورتِ مسئولہ میں بموجب صورتِ مذکورہ بالا بعد ما تقدم علی الارث کل مال ممن کے ایک ہزار ایک سو

Marfat.com

باون (۱۱۵۲) حصہ کر کے چھ سوانسٹھ (۶۵۹) حصہ انوری کو دیئے جائیں گے اور دو سو بیاسی (۲۸۲) حصہ وحید کو اور دو سو گیارہ (۲۱۱) حصہ اصغری کو اور موجودگیٔ پسر میں بھائی اگر موجود بھی ہوتے ان کو کچھ نہ ملتا پھر بھتیجوں کو کس طرح مل سکتا ہے۔ علی ہذا شریعت میں متبنی یعنی پروردہ کو کچھ نہیں ملتا۔ واللہ اعلم وحکمہ أحکم

حررہ: العبدالراجی

ابومحمد محمد دیدار علی المفتی

فی مسجد جامع اکبرآباد

Marfat.com

## فتویٰ نمبر...... 337

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس صورت میں کہ مدار بخش اور ان کے ورثہ کا حسب ترتیب ذیل انتقال ہوا۔ اب ان کی جائداد اور مالِ متروکہ کس طرح تقسیم ہوگا؟

مدار بخش نے وقتِ انتقال، غلام حسین، وزیر، امیر، چھٹا، قادر بخش، حیدر بخش بیٹے اور نصیبن، فہیما، چھٹیا بیٹیاں اور نبی بخش، محمد حسین پوتے اور عمدہ پوتی چھوڑی۔

بعدہ چھٹیا بیٹی کا انتقال ہوا اس نے بھی فقط مذکورہ بالا بھائی اور بہنیں اور بھتیجا بھتیجی چھوڑیں۔

علی ھذا حیدر بخش نے بھی یہی بھائی بہن بھتیجے بھتیجی چھوڑیں

پھر غلام حسین نے بھی بھائی بہن بھتیجا بھتیجی کے سوا کچھ نہ چھوڑا پھر وزیر بخش نے بھی یہی ورثہ اور ایک مسماۃ کماں بیوی چھوڑی پھر امیر بخش نے بھی بجز ورثۂ مذکورہ کچھ نہ چھوڑا۔

پھر قادر بخش نے بھی بجز ایک بیوی مسماۃ بیگم اور ورثۂ مذکورہ کے کچھ نہ چھوڑا۔

بعدہ فہیما نے بھی بجز بھائی بہن بھتیجا بھتیجی مذکور کے کچھ نہ چھوڑا۔ بعدہ نصیبا نے ورثۂ مذکورہ چھوڑے اور چار بیٹے عبدالحکیم، محمد امین، عنایت حسین، ممتاز حسین اور دو بیٹی امانی حسینی وارث چھوڑے۔ من بعد مسمی چھٹیا نے وقتِ انتقال دو بھتیجے نبی بخش امداد حسین اور تین بھتیجی امراون، نذیرن، مخدومن چھوڑے۔

من بعد نبی بخش نے ایک بیوی مسماۃ فاطمہ چھوڑی اور دو بیٹی نوابن، بتولن چھوڑیں۔

اور غلام حسین نے چونکہ بلا نکاح ایک طوائف گھر میں ڈال لی تھی اور زنا سے دو بچے مسمی مصطفیٰ حسین اور چھٹن پیدا ہوئے تھے لہٰذا علاوہ بھائی بہن وغیرہ یہ زنا سے دو بیٹے اور چھوڑے تھے۔

امیر بخش نے چونکہ جان محمد کو متبنیٰ کر لیا تھا لہٰذا علاوہ بہن بھائیوں کے جان محمد نے لے پالک بیٹا بھی چھوڑا تھا۔

Marfat.com

# الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں بعدما تقدم علی الارث کل مال مدار بخش کے ایک لاکھ اکاون ہزار دو سو (۱۵۱۲۰۰) حصہ کر کے سات ہزار پانچ سو ساٹھ (۷۵۶۰) کماں کو پانچ ہزار نو سو پچاسی (۵۹۸۵) بیگم کو اور باون ہزار تین (۵۲۰۰۳) حصہ امداد حسین کو اور آٹھ ہزار تین سو اناسی (۸۳۷۹) امراون کو اور اتنے ہی مخدومن کو اور نذیرن کو اور چھ ہزار تین سو چوراسی (۶۳۸۴) عبدالحکیم کو اور اتنے ہی محمد امین' عنایت حسین' ممتاز حسین کو اور تین ہزار ایک سو بانوے (۳۱۹۲) امانی کو اور اتنے ہی حسینی کو اور تین ہزار نو سو نوے (۳۹۹۰) فاطمہ کو اور نواب کو دس ہزار چھ سو چالیس (۱۰۶۴۰) اور اتنے ہی بتولن کو اور تین ہزار تین سو پچیس (۳۳۲۵) محمد حسین کو دیئے جائیں گے۔

☆ علاوہ بریں زنا سے بلا نکاح جو طوائف کے دولڑکے مصطفیٰ حسین اور چھٹن غلام حسین نے چھوڑے ہیں چونکہ زنا سے ثبوت نسب نہیں ہوتا لہٰذا ان کو بطریق میراث کچھ نہیں ملے گا۔

☆ اور نہ جان محمد کو اس واسطے کہ شرعاً لے پالک بیٹا نہیں سمجھا جاتا۔ بیٹا وہی ہوتا ہے جو اپنے نطفہ سے پیدا ہوتا ہو۔ واللہ اعلم و صورتہ ھکذا

مدار بخش مسئلہ ۱۵/۲۹۰/۴۲۰/۳۳۶۰/۱۶۸۸۰/۵۰۴۰۰/۱۵۱۲۰۰

میت

| | | | |
|---|---|---|---|
| ابن | ابن | ابن | ابن |
| غلام حسین | وزیر | امیر | چھٹا |
| ۲/۲۸/۵۶ | ۲/۲۸/۵۶ | ۲/۲۸/۵۶/۴۴۸ | ۲/۲۸/۵۶/۴۴۸/۲۲۴۰/۶۷۲۰ |

ابن ابن بنت بنت

قادر بخش　　حیدر　　نصیبا　　چھٹیا

۲/۲۸/۵۶/۴۴۸　　۲/۲۸　　۱/۱۴/۲۸/۲۲۴/۱۱۲۰/۳۳۶۰　　۱

بنت　　ابن الابن　　ابن الابن　　بنت الابن

فہیما　　نبی بخش　　محمد حسین　　عمدہ

۱/۱۴/۲۸/۲۲۴/۱۱۲۰/۱　　م　　م　　م

چھٹیا مسئلہ

میت　　بیدہ ۱

اخ　　اخ　　اخ　　اخ　　اخ　　اخ

غلام حسین　　وزیر　　امیر　　چھٹا　　قادر بخش　　حیدر

۲/۴　　۲/۴　　۲/۴/۳۲　　۲/۴/۳۲/۱۶۰/۴۸　　۲/۴/۳۲　　۲

اخت　　اخت　　ابن الاخ　　ابن الاخ　　بنت الاخت

نصیبا　　فہیما　　نبی بخش　　محمد حسین　　عمدہ

۱/۲/۱۶/۸۰/۲۴۰/۱　　۱/۲/۱۶/۸۰　　م　　م　　م

حیدر بخش مسئلہ ۱۲　　توافق بالسدس

میت　　بیدہ ۵/۳۰

اخ　　اخ　　اخ　　اخ　　اخ　　اخت

غلام حسین　　وزیر　　امیر　　چھٹا　　قادر بخش　　فہیما

۲/۱۰　　۲/۱۰　　۲/۱۰/۸۰　　۲/۱۰/۸۰/۴۰۰/۱۲۰۰　　۲/۱۰/۸۰　　۱/۵/۴۰/۲۰۰

اخت　　ابناء الاخ　　بنت الاخ

نصیبا　　نبی بخش،　　محمد حسین　　عمدہ

۱/۵/۴۰/۲۰۰/۶۰۰　　م　　م　　م

Marfat.com

غلام حسین مسئلہ ۱/

میت ۷/۷۰

| | | | |
|---|---|---|---|
| اخ | اخ | اخ | اخت |
| وزیر | امیر | چھٹا | قادر بخش | فہیما |
| ۲/۱۴ | ۲/۱۴/۱۱۲ | ۲/۱۴/۱۱۲/۵۶۰/۱۶۸۰ | ۲/۱۴/۱۱۲ | ۱/۷/۵۶/۲۸۰ |

| | | |
|---|---|---|
| اخت | ابناء الاخ | بنت الاخ |
| نصیبا | نبی بخش، محمد حسین | عمدہ |
| ۱/۷/۵۶/۲۸۰/۸۴۰ | م م | م |

وزیر بخش مسئلہ ۸/۳۲/۴/

| | | |
|---|---|---|
| میت | توافق بالربع | بیدہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| زوجہ | اخ | اخ | اخ |
| کمان | امیر | چھٹا | قادر بخش |
| ۱/۸/۱۶۸/۸۴۰/۲۵۲۰/۷۵۶۰ | ۶/۱۲۶ | ۶/۱۲۶/۶۳۰/۱۸۹۰ | ۶/۱۲۶ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اخت | اخت | ابناء الاخ | بنت الاخ |
| نصیبا | فہیما | نبی بخش۔ محمد حسین | عمدہ |
| ۳/۶۳/۳۱۵/۹۴۵ | ۳/۶۳/۳۱۵ | م م | م |

امیر بخش مسئلہ ۶

| | |
|---|---|
| میت | بیدہ ۱۳۳/۷۹۸ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اخ | اخ | اخت | اخت |
| چھٹا | قادر بخش | نصیبن | فہیمن |
| ۲/۲۶۶/۱۳۳۰/۳۹۹۰ | ۲/۲۶۶ | ۱/۱۳۳/۶۶۵/۱۹۹۵ | ۱/۱۳۳/۶۶۵ |

Marfat.com

| ابناء الاخ | بنت الاخ |
|---|---|
| نبی بخش۔محمد حسین | عمدہ |
| م م | م |

قادر بخش مسئلہ ۵/۴۰/۸ توافق بالثمن

میت بیدہ ۱۳۳/۱۰۶۴۰

| زوجہ | ابن | بنت |
|---|---|---|
| بیگم | امداد حسین | امراون |
| ۱/۵/۶۶۵ | ۱۴/۱۸۶۲/۵۵۸۶/۱۶۷۵۸ | ۷/۹۳۱/۲۷۹۳/۸۳۷۹ |

| بنت | بنت | اخ | اخت | اخت |
|---|---|---|---|---|
| نذیرن | مخدومن | چھٹا | نصیبا | فہیما |
| ۷/۹۳۱/۲۷۹۳/۸۳۷۹ | ۷/۹۳۱/۲۷۹۳/۸۳۷۹ | م | م | م |

| ابناء الاخ | بنت الاخ |
|---|---|
| م | م |

فہیما مسئلہ ۳ تباین

میت بیدہ ۲۶۶۰

| اخ | اخت | ابناء الاخ | بنت الاخ |
|---|---|---|---|
| چھٹا | نصیبا | م | م |
| ۲/۵۳۲۰ | ۱/۲۶۶۰ | | |

نصیبا مسئلہ ۱/

میت بیدہ ۱۰۶۴/۱۰۶۴۰

| ابن | ابن | ابن | ابن | بنت |
|---|---|---|---|---|
| عبدالحکیم | محمد امین | عنایت حسین | ممتاز حسین | امانی |
| ۲/۲۱۶۸/۶۳۸۴ | ۲/۲۱۶۸/۶۳۸۴ | ۲/۲۱۶۸/۶۳۸۴ | ۲/۲۱۶۸/۶۳۸۴ | ۱/۱۰۶۴/۳۱۹۲ |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| بنت حسینی | اخ | ابناء الاخ | بنت الاخ |
| ۱/۱۰۶۴/۳۱۹۲ | م | م | م |

چھٹا مسئلہ ۲

میت بیدہ ۱۰۶۴۰/۲۱۲۸۰

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ابن الاخ | ابن الاخ | بنات الاخ | | |
| نبی بخش | امداد حسین | امراون۔نذیرن۔مخدومن | | |
| ۱/۱۰۶۴۰/۳۱۹۲۰ | ۱/۱۰۶۴۰/۳۱۹۲۰ | م | م | م |

نبی بخش مسئلہ ۲۴/۴۸/۳

توافق بستۃ عشر

میت بیدہ ۶۶۵/۱۰۶۴۰

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| زوجہ | بنت | بنت | ابن العم | ابن العم | بنت العم |
| فاطمہ | نوابن | بتولن | امداد حسین | محمد حسین | عمدہ |
| ۳/۶/۳۹۹۰ | ۸/۱۶/۱۰۶۴۰ | ۸/۱۶/۱۰۶۴۰ | ۵/۳۳۲۵ | ۵/۳۳۲۵ | م |

الاحیاء

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کمان | بیگم | امداد حسین | امراون | نذیرن | مخدومن | عبدالحکیم | محمد امین | |
| ۷۵۶۰ | ۵۹۸۵ | ۵۲۰۰۳ | ۸۴۷۹ | ۸۴۷۹ | ۸۴۷۹ | ۶۳۸۴ | ۶۳۸۴ | |
| عنایت حسین | ممتاز حسین | امانی | حسینی | فاطمہ | نوابن | بتولن | محمد حسین | |
| ۶۳۸۴ | ۶۳۸۴ | ۳۱۹۲ | ۳۱۹۲ | ۳۹۹۰ | ۱۰۶۴۰ | ۱۰۶۴۰ | ۳۳۲۵ | |

المبلغ

۱۵۱۲۰۰

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی
ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی المفتی فی جامع اکبر آباد
۲۲ رجب المرجب ۳۶ھ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......338﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ

محمد بخش ہمارے دادا نے عرصہ 80 سال کا ہوا کہ وفات پائی انہوں نے دو لڑکے' بڑا شیخ عنایت اللہ اور چھوٹا شیخ نصر اللہ اور ایک اپنی بیوہ اور دو مکان چھوڑے۔

عرصہ 50 سال کا ہوا بڑے لڑکے شیخ عنایت اللہ نے وفات پائی اور انہوں نے تین لڑکے احمد اللہ' انعام اللہ وغلام جیلانی اور ایک اپنی زوجہ چھوڑی۔

چند سال بعد زوجہ محمد بخش مرحوم نے انتقال کیا۔

اور اس کے چند سال بعد چھوٹے لڑکے شیخ نصر اللہ نے اپنی حیات میں ہر دو مکان کو بضرورتِ خود رہن رکھ دیا بابت مکان نمبر 1 مرتہن نے نالش دائرِ عدالت کی۔ مکان نمبر 1 زیرِ رہن میں قرق ہوگیا۔ پسرانِ شیخ عنایت اللہ مرحوم نے جو اس وقت نابالغ تھے عدالت میں عذرداری کردی کہ ہم نابالغان کے حصہ کا رہن رکھنے کا چچا کو اختیار نہ تھا۔ عدالت سے مکانِ مذکور میں نصف حصہ ثابت کیا گیا اور نصف مکان جو حصہ نصر اللہ سمجھا گیا نیلام کردیا گیا۔ اس پر ہم لوگ قابض اور دخیل ہیں۔ ایک بھائی ہمارا انعام اللہ درمیان میں فوت ہوگیا۔ باقی دو بھائی احمد اللہ وغلام جیلانی اب تک اس پر قابض اور دخیل چلے آتے ہیں۔

بعد گزرنے زمانہ 45 سال کے پسر شیخ نصر اللہ دعوی کرتا ہے کہ اس مکان نمبر 1 میں میری دادی کا حق ہے مجھ کو دیا جائے۔ آیا وہ کچھ پانے کا مستحق ہے؟

اور دوسرا مکان نمبر 2 جو دخلی رہن تھا بعد وفات شیخ نصر اللہ من جانب مرتہن بیع ہوگیا ہے۔ چونکہ مکان 2 موروثی جائداد ہے۔ اس مکان میں شرعی کچھ حصہ پسران شرعی دادی کا پسر شیخ نصر اللہ کا نکلے تو وہ حصہ حالت موجودہ سے دیا جائے گا یا حالتِ سابقہ سے؟ کیوں کہ بوجہ کہنہ اور بوسیدہ ہونے کے مکان کو پسران شیخ عنایت اللہ نے از سرنو بنوایا ہے۔

بینوا بالکتاب وتوجروا بالصواب

Marfat.com

# الجواب

بسم الله الرحمن الرحیم

.اللهم رب زدنی علما

محمد بخش مسئلہ ۸/۱۶/۱۱۵۲/۹۲۱۶

میت

| | | |
|---|---|---|
| زوجہ | ابن | ابن |
| مریم | عنایت اللہ | نصر اللہ |
| ۱/۲/۴۴ | ۷ | ۴.۵/۷ |

عنایت اللہ مسئلہ ۲۴/۷

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| زوجہ | ام | ابن | ابن | ابن |
| فاطمہ | مریم | احمد اللہ | انعام اللہ | غلام جیلانی |
| ۳/۹/۶۳/۵۰۴ | ۴/۱۲/۸۴ | ۱۷/۱۱۹/۹۵۲ | ۱۷/۱۱۹/۹۵۲ | ۱۷/۱۱۹/۹۵۲ |

مریم مسئلہ ۱

میت بیدہ ۲۸۸

ابن نصر اللہ

۲۸۸

نصر اللہ مسئلہ ۸/۳۲

میت توافق بامریم بیدہ ۷۳۲/۱۸۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| زوجہ | ابن | بنت | بنت |
| زینب | عمر | زیدن | خانم |
| ۱/۴/۷۳۳ | ۱۴/۲۵۶۲ | ۷/۱۲۸۱ | ۷/۱۲۸۱ |

Marfat.com

اللھم أرنا الحق حقا و الباطل باطلا

صورتِ مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث کل مال محمد بخش کے نو ہزار دو سو سولہ (۹۲۱۶) حصہ کر کے حسبِ صورتِ مذکورہ بالا فاطمہ کو پانچ سو چار (۵۰۴) حصہ دیئے جائیں گے اور احمد اللہ کو نو سو باون (۹۵۲) اور اتنے ہی انعام اللہ کو اتنے ہی غلام جیلانی کو اور سات سو بتیس (۷۳۲) حصہ زینب کو اور دو ہزار پانچ سو باسٹھ (۲۵۶۲) حصہ عمر کو اور ایک ہزار دو سو اکیاسی (۱۲۸۱) زیدن اور اتنے ہی خانم کو بدیں تفصیل

الاحیاء

| فاطمہ | احمد اللہ | انعام اللہ | غلام جیلانی | زینب | عمر | زیدن |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۰۴ | ۹۵۲ | ۹۵۲ | ۹۵۲ | ۷۳۲ | ۲۵۶۲ | ۱۲۸۱ |

المبلغ

۹۲۱۶

لہذا کل مال محمد بخش سے من جملہ ۹۲۱۶ حصوں کے تین ہزار تین سو ساٹھ (۳۳۶۰) کے حقدار عنایت اللہ کے تینوں بیٹے اور بیوی رہے اور پانچ ہزار آٹھ سو چھپن (۵۸۵۶)، حصوں کے حقدار نصر اللہ کے بیٹا، بیٹی اور بیوی رہے۔

اور اگر محمد بخش کی بیوی مریم نے قبل تقسیمِ حصص مہر بھی لیا ہوگا تو وہ بھی اور جو بھی اس کی ملک ہوگا تو وہ بھی نصر اللہ کے ذریعہ سے فقط ورثۂ نصر اللہ کا ہے۔

پھر حسبِ تفصیلِ مذکورہ تقسیم ہوگا میراثِ نصر اللہ اور اس میں سے اولاد عنایت اللہ کو کچھ نہیں مل سکتا اس واسطے کہ عنایت اللہ مریم سے پہلے ہی مر چکا تھا اور موجودگی بیٹے میں دادی کے مال سے پوتوں کچھ نہیں مل سکتا۔

البتہ انعام اللہ کے مال سے اگر انعام اللہ بعد مریم مرا ہے۔ نصر اللہ کی اولاد کو کچھ نہیں مل سکتا اور اگر انعام اللہ مریم اپنی دادی کے سامنے مرا ہے تو جب بھی انعام اللہ سے اولاد نصر اللہ کو کچھ نہیں مل سکتا۔ اس واسطے کہ دادی کو موجودگی ام میں جو فاطمہ ام انعام اللہ کچھ نہیں ملتا۔ لہذا کل مال انعام اللہ کا انعام اللہ کے بھائی اور ماں ہی کو ملے گا۔

Marfat.com

اب صورتِ مسئلہ اس طرح ہو جائے گی کہ بعد ما تقدم علی الارث، زرِ مہر، دیگر دیونِ میت وغیرہ کے کل مالِ میت کے ستائیس ہزار چھ سو اڑتالیس (۲۷۶۴۸) حصہ کر کے انیس سو اٹھاسی (۱۹۸۸) حصہ فاطمہ کو دیئے جائیں گے اور احمد اللہ کو چار ہزار چھیالیس (۴۰۴۶) اور اتنے ہی غلام جیلانی کو۔

لہٰذا جملہ ورثۂ عنایت اللہ کے دونوں مکانوں میں دس ہزار اسی (۱۰۰۸۰) حصہ ہوئے اور ورثہ نصر اللہ سے زینب کو دو ہزار ایک سو چھیانوے (۲۱۹۶) حصہ دیئے جائیں گے اور عمر کو سات ہزار چھ سو چھیاسی (۷۶۸۶) اور زیدن کو تین ہزار آٹھ سو تینتالیس (۳۸۴۳) اور اتنے ہی حصہ خانم کو دیئے جائیں گے۔ لہٰذا جملہ ورثہ نصر اللہ کے کل سترہ ہزار پانچ سو اڑسٹھ (۱۷۵۶۸) حصہ ہوں گے حصہ صورت آئندہ

اور پسرانِ عنایت اللہ نے جس قدر نیا مکان اس زمین میں جو حصہ پسرانِ نصر اللہ خان میں آئے بنوا لیا ہے اگر باجازتِ نصر اللہ یا پسرانِ نصر اللہ بنایا ہے۔ زمین مع نو ساختہ مکان پسرِ نصر اللہ کو دے دی جائے گی اور بعد منہائی قیمت اس قدر ملبے کی جو اصل مکان سے بحصۂ پسرانِ نصر اللہ آئے۔ پسرانِ نصر اللہ سے اسی قدر روپیہ جو بنوانے مکانِ جدید میں بحصہ نصر اللہ صرف ہوا ہے۔ پسران عنایت اللہ کو دلوایا جائے۔

چنانچہ یہ امر اس روایت سے جو جامع الفصولین کے صفحہ ۱۶۰ میں مذکور ہے دائر ہے۔ وهذه عبارته

الاصل ان من بنى فى دار غيره بامر فالبناء فلرب الدار و يرجع عليه بما انفق[1].

☆ (ترجمہ: قاعدہ یہ ہے کہ جس نے کسی دوسرے شخص کے گھر میں اس کے حکم سے کوئی تعمیر کی تو وہ تعمیر کردہ عمارت گھر کے مالک کی ہوگی اور تعمیر کرنے والے نے جو کچھ خرچ کیا اس کی وصولی کے لیے گھر کے مالک کی طرف رجوع کرے)

☆ اور اگر پسرانِ عنایت اللہ نے بلا اجازت پسرانِ نصر اللہ کے ان کے حصہ میں اپنے واسطے مکان بنا لیا تھا تو اس مکان کی وہی مالک رہیں گے مگر مالکِ زمین جب چاہے اپنی زمین کو مکان گروا کر لے سکتا ہے۔ اور اگر بتراضیٔ طرفین زمین کی قیمت مالکِ زمین کو دے دے تو مضائقہ نہیں۔ اور اگر بانی مکان نے زمین والے کے

---

[1] جامع الفصولین، جلد ۲ صفحه ۱۶۰ دار الاشاعت العربية كوئٹه

Marfat.com

واسطے ہی مکان بنوایا تھا تو مکان وزمین دونوں کا مالک زمین والا ہی رہے گا اور لاگت مکان بھی نہ دلوائی جائے گی۔

چنانچہ صفحہ ۵۲۷ درمختار مطبوعہ علی ہامش درالمختار مصری میں ہے:

عمر دار زوجته بماله باذنها فالعمارة لها و النفقة دين عليها لصحة امرها و لو عمر لنفسه بلا اذنها فالعمارة له ويكون غاصبا للعرصة فيومر بالتفريغ بطلبها ذلك ولها بلا اذنها فالعمارة لها و هو متطوع۔[1] هكذا فى الشافى۔[2]

(ترجمہ: کسی نے اپنے مال سے عورت کی اجازت کے ساتھ اس کا گھر تعمیر کیا تو وہ عمارت عورت کی ملکیت ہوگا اور خرچ شدہ رقم اس کے ذمہ دین ہوگا کیوں کہ اس کا حکم کرنا درست ہے۔ اور اگر خاوند نے اپنی ذات کے لیے اس کی اجازت کے بغیر (اس کی جگہ پر) تعمیر کیا تو تعمیر کردہ مکان خاوند کا ہے اور وہ اس زمین کا غاصب ٹھہرے گا جب وہ مطالبہ کرے تو اس کو وہ جگہ خالی کرنے کا حکم دیا جائے گا اور اگر خاوند نے عورت کے اجازت کے بغیر اس کی زمین پر عورت کے لیے گھر تعمیر کا تو وہ عمارت عورت کی ہے اور مرد خوشی سے خرچ کرنے والا شمار ہوگا)

محمد بخش

میت

| زوجہ | ابن عنات اللہ | ابن نصر اللہ |
|---|---|---|
| ۱/۲/۱۴۴ | ۷ | ۷/۵۰۴/۶۰۴۸ |

عنایت اللہ مسئلہ ۲/۲۴ ۷

میت بیدہ ۷

| ابن انعام اللہ | ابن غلام جیلانی | زوجہ فاطمہ | ام مریم | ابن احمد اللہ |
|---|---|---|---|---|
| ۱۷/۱۱۹ | ۷/۱۱۹/۱۴۲۸/۲۸۶۵ | ۴۳/۹/۶۳/۷۵۶/۱۵۱۲ | ۴/۱۲/۸، | ۱۷/۱۱۹/۱۴۲۸/۲۸۶۵ |

---

[1] الدر المختار مع رد المحتار جلد ۵ صفحہ ۵۲۷ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

[2] یہ عبارت الدر المختار میں نہیں ہے۔

Marfat.com

مریم مسئلہ ۱/

میت

| ابن نصر اللہ | ابن الابن احمد اللہ | ابن الابن انعام اللہ | ابن الابن غلام جیلانی |
|---|---|---|---|
| ۲۸۸/۲۷۳۶ | م | م | م |

انعام اللہ مسئلہ ۱۲/۶

میت

| جدہ مریم | ام فاطمہ | اخ احمد اللہ | اخ غلام جیلانی |
|---|---|---|---|
| م | ۱/۲/۲۳۸/۴۷۶ | ۵/۵۹۵/۱۱۹۰ | ۵/۵۹۵/۱۱۹۰ |

نصر اللہ مسئلہ ۳۲/۸

میت

| زوجہ زینب | ابن عمر | بنت زیدن | بنت خانم |
|---|---|---|---|
| ۱/۴/۲۱۹۶ | ۱۴/۷۶۸۶ | ۷/۳۸۴۳ | ۷/۳۸۴۳ |

الاحیاء

| فاطمہ | احمد اللہ | غلام جیلانی | زینب | عمر | زیدن | خانم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۹۸۸ | ۴۰۴۶ | ۴۰۴۶ | ۲۱۹۶ | ۷۶۸۶ | ۳۸۴۳ | ۳۸۴۳ |

المبلغ

۲۷۶۴۸

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی الرضوی المفتی

فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 339﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص کا انتقال ہوا اور پانچ ورثا چھوڑے۔ دو بی بی، دو بھائی، ایک بہن۔ اس شخص کا ترکہ کس طرح تقسیم ہوگا؟

## الجواب

صورتِ مسئولہ میں بعد ما تقدم علی الارث مہرِ دو زوجہ وغیرہ کل مال زید کے چالیس حصہ کر کے پانچ پانچ حصہ دونوں زوجہ کو اور بارہ بارہ حصہ دونوں بھائیوں کو اور چھ حصہ بہن کو حسبِ مسطورِ ذیل دیئے جائیں گے۔

زید مسئلہ ۴۰

میت

| زوجہ | زوجہ | اخ | اخ | اخت |
|---|---|---|---|---|
| ۵ | ۵ | ۱۲ | ۱۲ | ٦ |

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

محمد دیدار علی الحنفی المفتی فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 340﴾

## سوال

ایک لڑکی ڈھائی برس کی ہے جس کے ماں، باپ، دادا، دادی، نانا، نانی، بہن، خالہ سب کا انتقال ہو گیا ہے۔ فقط اس کے قرابتیوں میں سے یہ رشتہ دار باقی ہیں۔ اس کی ماں کا ماموں اور تین چچا تایا اور تین پھوپھی۔ اس مال کا جو اس لڑکی کے ماں باپ نے بوقتِ مرگ مکان وغیرہ چھوڑا ہے اس میں اس لڑکی کا کتنا حصہ ہے؟ اور اس کی ماں کے بھائی بہنوں اور اس کے باپ کے بھائی بہنوں کا کتنا حصہ ہوگا؟

## الجواب

کل مالِ پدر سے لڑکی کو نصف ملے گا۔ اس طرح کہ کل مالِ زید پدرِ دختر کے اٹھارہ حصہ کر کے اس میں سے نو حصہ لڑکی کے ہوں گے۔ دو دو حصہ تینوں زید کے بھائیوں کے اور ایک حصہ زید کی تینوں بہنوں کا جو لڑکی کی تین پھوپھیاں ہیں اور ماں کا چونکہ بجز اس نابالغہ کے اور ایک ماموں کے جو ذوی الارحام سے ہے اور کوئی وارث نہیں ہے۔☆ لہٰذا کل مال والدۂ نابالغۂ مذکورہ کا اس لڑکی نابالغہ کو ملے گا۔

☆ پھر لڑکی کے حصہ کا کل مال اگر لڑکی کی پرورش کی ضرورت ہو وہاں خرچ کیا جائے گا ورنہ چچا تایوں میں جو امانت دار ہو۔ اس کے پاس لڑکی کے بالغ ہونے تک محفوظ رہے۔

واللہ اعلم وعلمہ احکم

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ
محمد دیدار علی الحنفی المفتی فی جامع اکبر آباد

۱۶ فروری ۱۹۱۸ء

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر...... 341﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ کریم بیگ نے وقتِ انتقال ایک جائداد مشترکہ چھوڑی جو آدھی کریم بیگ کی تھی اور آدھی الف بیگ برادر حقیقی کریم بیگ کی اور یہ وارث چھوڑے۔

زوجہ مغلانی چار بیٹے نعیم بیگ ابراہیم بیگ قسیم بیگ مستقیم بیگ دو دختر امراؤ خانم بادشاہی خانم مگر معلانی نے کل جائداد حصہ کریم بیگ اپنے مہر میں نیلام کرادی جس کو الف بیگ پہلی بیوی مسماۃ کھمی نے خرید لی۔

بعدہ کھمی کا انتقال ہوا اس نے یہ وارث چھوڑے۔ شوہر الف بیگ دختر نظامی دو برادر احمد حسین، تجمل حسین۔

بعدہ الف بیگ کا انتقال ہوا۔ اس نے ایک بیوی چھوڑی مسماۃ خانم اور دو دختر ایک اپنی زوجہ اول مسماۃ کھمی سے مسماۃ نظامی بیگم اور ایک زوجہ دوم مسماۃ خانم سے مسماۃ ثریا بیگم اور ایک بہن مسماۃ امامی بیگم اور چار بھتیجے اور دو بھتیجی

بعدہ تجمل حسین کا انتقال ہوا اس نے یہ ورثہ چھوڑے۔ زوجہ رفیق بیگم اور دو لڑکے جمیل حسن و جلیل حسن اور تین لڑکی عزیز بیگم شریف بیگم شفیق بیگم اور ایک بھائی احمد حسین۔

بعدہ عزیز بیگم کا انتقال ہوا۔ اس نے ایک ماں رفیق بیگم اور دو بھائی جمیل اور جلیل اور دو بہن شریف بیگم اور شفیق بیگم اور ایک چچا احمد حسین کو چھوڑا۔

بعدہ نعیم بیگ کا انتقال ہوا اس نے ایک بیوی نظامی کو اور ایک ماں مسماۃ مریم مغلانی اور تین بھائی ابراہیم بیگ، مستقیم بیگ، قسیم بیگ اور دو بہن امراؤ بیگم اور بادشاہی بیگم کو چھوڑا۔

بعدہ امراؤ بیگم کا انتقال ہوا اس نے ایک بہن بادشاہی بیگم چھوڑی اور تین بھائی ابراہیم، مستقیم، قسیم اور ایک ماں مغلانی۔

بعدہ نظامی کا انتقال ہوا اس نے دو بھتیجے جلیل اور جمیل اور دو بھتیجی شریف بیگم اور شفیق بیگم اور ماموں احمد حسین

Marfat.com

اندریں صورت ترکہ الف بیگ وکہمی کس طرح تقسیم ہوگا؟ اس واسطے کہ نعیم بیگ نے تو کچھ ترکہ نہ چھوڑا۔

۲۷ ربیع الثانی ۳۶ھ

## الجواب

**بسم اللہ الرحمن الرحیم۔**

**اللھم رب زدنی علما**

صورتِ مسئولہ میں اول بعد ماتقدم علی الارث کل جائداد زرخرید کہمی اس طرح تقسیم ہوگی کہ کل جائداد کہمی کے ایک ہزار ایک سو باون (۱۱۵۲) حصہ کر کے دو سو اٹھاسی (۲۸۸) حصہ الف بیگ کو دیئے جائیں گے اور پانچ سو چھہتر (۵۷۶) نظامی کو اور ایک سو چوالیس (۱۴۴) احمد حسین کو اور چوبیس (۲۴) رفیق بیگم اور چالیس (۴۰) جمیل اور چالیس (۴۰) ہی جلیل کو اور بیس (۲۰) شریف بیگم کو اور بیس (۲۰) ہی شفیق بیگم کو۔

**صورتہ ھذا**

کہمی مسئلہ ۴/۶۴/۱۱۵۲

| زوج | بنت | اخ | اخ |
|---|---|---|---|
| الف بیگ | نظامی | احمد حسین | تجمل حسین |
| ۱/۲/۱۶/۲۸۸ | ۲/۴/۳۲/۵۷۶ | ۱/۱/۸/۱۴۴ | ۱ |

تجمل حسین مسئلہ ۸

میت

| زوجہ | ابن | ابن | بنت | بنت | بنت | اخ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رفیق بیگم | جمیل حسن | جلیل حسن | شریف بیگم | عزیز بیگم | شفیق بیگم | احمد حسین |
| ۱/۱۸ | ۲/۳۶ | ۲/۳۶ | ۱/۱۸ | ۱ | ۱/۱۸ | م |

عزیز بیگم مسئلہ ۳/۱۸

میت

| ام | اخ | اخ | اخت | اخت | عم |
|---|---|---|---|---|---|

Marfat.com

| رفیق بیگم | جلیل | جمیل | شریف بیگم | شفیق بیگم | احمد حسین |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱/۶ | ۴ | ۴ | ۲ | ۲ | ۴ |

الاحیاء

| الف بیگ | نظامی | احمد حسین | رفیق بیگم | جمیل | جلیل | شفیق بیگم | شریف بیگم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۸۸ | ۵۷۶ | ۱۴۴ | ۲۴ | ۴۰ | ۴۰ | ۲۰ | ۲۰ |

المبلغ

۱۱۵۲

اور نصف جائداد الف بیگ معہ اس حصہ کے جو الف بیگ کو جائدادِ زرخرید کھمی اپنی زوجہ سے ملا ہے اس طرح تقسیم ہوگی کہ کل مالِ الف بیگ کے چوبیس حصہ کر کے تین حصہ خانم زوجہ الف بیگ کو ملیں گے اور آٹھ حصہ ثریا بنت الف بیگ کو جو خانم زوجہ ءثانی سے ہے اور آٹھ ہی نظامی بنت الف بیگ کو جو زوجہٗ اول مسماۃ کھمی سے ہے اور پانچ حصہ امامی خانم اخت الف بیگ کو اور بھتیجا بھتیجیوں کو کچھ نہیں ملے گا۔ صورتہ ھکذا

الف بیگ مسئلہ

| زوجہ خانم | بنت ثریا خانم | بنت نظامی | اخت امامی خانم |
|---|---|---|---|
| ۳ | ۸ | ۸ | ۵ |

اور نعیم بیگ نے کچھ مال چھوڑا نہیں لہٰذا اس کی تقسیم کی حاجت نہیں۔

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی

المفتی فی جامع اکبر آباد

مورخہ ۲۷ ربیع الثانی ۳۶ھ

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......342﴾

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اور مفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی وفات کے بعد حسبِ ذیل ورثہ چھوڑے ایک بیوی دو لڑکیاں۔ بعد انتقالِ زید کے چار ماہ بعد ایک لڑکا پیدا ہوا اور چار ماہ زندہ رہ کر فوت ہو گیا اور صرف ایک بیوہ دو لڑکیاں باقی رہ گئیں۔ ترکۂ مورث ورثہ پر کس طرح تقسیم ہوگا؟

۲۹ جمادی الاولیٰ ۳۶ھ

## الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللھم رب زدنی علما

صورتِ مسئولہ میں بعد ماتقدم علی الارث اور انحصار ورثہء کے ورثۂ مذکورہ میں کل مالِ زید کے ایک سو ساٹھ حصہ کر کے ۳۴ حصہ مریم کو دیئے جائیں گے۔ اور ۶۳ حصہ زینب کو اور اتنے ہندہ کو۔ صورتہ ھکذا

زید مسئلہ ۱۶۰/۳۲/۸

میت

| | | | |
|---|---|---|---|
| زوجہ | ابن | بنت | بنت |
| مریم | بکر | ھندہ | زینب |
| ۱/۴/۲۰ | ۱۴ | ۷/۳۵ | ۷/۳۵ |

بکر مسئلہ

میت بیدہ (۱۴)

| | | |
|---|---|---|
| ام | اخت | اخت |
| مریم | ھندہ | زینب |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۱/۱۴ | ۲/۲۸ | ۲/۲۸ |

الاحیاء

| | | |
|---|---|---|
| مریم | ھندہ | زینب |
| ۳۴ | ۶۳ | ۶۳ |

المبلغ

۱۶۰

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ

ابو محمد محمد دیدار علی الحنفی المفتی فی جامع اکبر آباد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......343﴾

### سوال

عرضِ حال یہ ہے کہ یہاں پر ایک مولوی صاحب نے وعظ میں فرمایا کہ حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کی لاش مبارک شہادت کے بعد کئی روز تک نہایت ناگفتہ بہ حالت میں پڑی رہی اور آپ کی ایک ٹانگ (نعوذ باللہ) کتوں نے چبا ڈالی۔ مولوی صاحب اس واقعہ کو ایک تاریخی واقعہ بتلاتے ہیں۔ لہٰذا مفصل تحریر فرمائیے کہ یہ کہاں تک صحیح ہے۔ مولانا احمد رضا خان صاحب مدظلہ العالی سے جو دریافت کیا گیا تو وہ ایسا تحریر فرماتے ہیں۔ امام حافظ ابن حجر عسقلانی کتاب الاصابہ فی تمییز الصحابہ میں فرماتے ہیں۔

**قال الزبير ابن بكار بويع يوم الاثنين لليلة بقيت من ذى الحجة سنة ثلاث و عشرين و قتل يوم الجمعة لثمان عشرة خلت من ذى الحجة بعد العصر ووفن ليلة السبت بين المغرب و العشاء[1].**

(ترجمہ: حضرت زبیر بن بکار نے فرمایا کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی بیعت ۲۹ ذی الحجہ ۲۳ھ کو کی گئی۔ جمعہ کے دن اٹھارہ ذی الحجہ کو عصر کے بعد آپ کو شہید کیا گیا اور ہفتہ کے کی رات کو مغرب اور عشاء کے مابین آپ کو دفن کیا گیا)

شاہ عبدالعزیز علیہ الرحمۃ نے تحفہ اثنا عشریہ میں امیر المومنین ذوالنورین رضی اللہ عنہ دسویں طعن میں اول ملاعین سے نقل کیا کہ :

بعد از قتل اورا تاسہ روز افتادہ گذاشتند و بدفن اونپر داختند[2]

(ترجمہ: بعد مارے جانے کے تین روز اسی طرح پڑا رہنے دیا کسی نے دفن نہیں کیا[3])

---

[1] کتاب الاصابہ فی تمییز الصحابہ جلد ۲، صفحہ ۳۶۴ مطبوعہ مکتبہ المثنیٰ لبنان

[2] تحفہ اثنا عشریہ صفحہ مطبوعہ ترکی

[3] ترجمہ اردو تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۶۷۶ نور محمد اصح المطابع کراچی

Marfat.com

کتوں کا لفظ اس طعن میں نہیں ہے۔ پھر جواب میں بہت سی روایت ذکر کر کے فرمایا:۔

ازیں روایات مشہورہ متعددہ ثابت شدہ تاسہ روز افتادہ ماندن لاشِ عثمان محض افترا ودروغ ست ودر جمیع تواریخ تکذیبِ آن موجود است زیرا کہ باجماعِ مورخین شہادتِ عثمان بعد از عصر روز جمعہ ہیژدہم ذی الحجہ واقع شدہ است و دفن اودر بقیع شب شبنہ وقوع یافت بلا شبہ[۱] انتہی

(ترجمہ: اورانہیں چندروایات سے ثابت[۲] ہوا کہ تین روز لاشِ عثمان کا پڑا رہنا جو کہتے ہیں یہ بھی محض افتراء ودروغ ہے۔ سب تواریخ دانوں نے اس بات کو جھوٹا ٹھہرایا ہے۔ تکذیب اس کی تواریخ میں موجود ہے۔ اس واسطے کہ سب مورخ متفق ہیں کہ جمعہ کے دن اٹھارہویں ذی الحجہ کو بعد عصر عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا اور دو شنبہ کی شب بقیع میں دفن کیا بے شبہ[۳])

**ورایتنی کتبت فی بعض تعلیقاتی الحدیثیة وھذا ایضا تجاوز نعم لا تقبل المناکیر المنکرات فی مقابلة المشھورات المقبولات. واللہ تعالی اعلم فقط**

(ترجمہ: مجھے اپنے بارے میں گمان ہے کہ میں نے بعض اپنی جدید تعلیقات میں لکھا ہے کہ یہ بھی (حق سے) تجاوز ہے۔ ہاں مقبول اور مشہور روایات کے مقابلہ میں مجہول اور منکر روایات کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے)

۲۵ ربیع الثانی ۱۳۳۶ھ

عبدالوہاب مدرس مدرسہ بھرت پور معرفت مولوی سعادت اللہ

---

[۱] تحفہ اثنا عشریہ

[۲] ''اور یہ بھی انہی چندروایات سے ثابت ہوا'' درست ترجمہ نہیں ہے بلکہ صحیح ترجمہ یوں ہے۔ ان متعدد (کئی ایک) مشہور روایات سے ثابت ہوا) مرتب عفی عنہ

[۳] اردو ترجمہ تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۶۸۲ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی

Marfat.com

# الجواب

## هو الموفق للصواب .

## بسم الله الرحمن الرحیم

استیعابِ ابن عبدالبر و تاریخِ طبری کے دیکھنے سے جو اس وقت میرے سامنے موجود ہے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی تاریخ شہادت اور تاریخِ دفن میں بہت کچھ اختلاف ہے علامہ طبری صفحہ ۱۴۵ جلد خامس اپنی تاریخ میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

یعقوب بن زید اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ جمعہ کے دن اٹھارہ ذی الحجہ کو بعد عصر ۳۶ء میں شہید کئے گئے اور دوسرے راوی کہتے ہیں کہ ۳۵ میں شہید کئے گئے۔ عامر شعبی کہتے ہیں کہ وفات رسول اللہ ﷺ سے ۲۵ سال بعد صبح کے وقت شہید کئے گئے بعض کہتے ہیں ضحیٰ یعنی چاشت کے قریب علی ہذا بعض کہتے ہیں کہ آپ کی لاش مبارک دو روز بے گور و کفن رہی اور بعض کہتے ہیں کوڑا ڈالنے کی جگہ تین دن بے گور و کفن رہی۔

☆ علی ہذا القیاس چونکہ یہ تاریخیں مدت بعد لکھی گئی ہیں کسی نے کچھ بیان کیا کسی نے کچھ کہا۔ ☆ بہر نہج چونکہ زیادہ معتبر قابلِ اعتبار یہی روایت ہے ☆ کہ بعد عصر اٹھارہ ذی الحجہ کو بروز جمعہ شہید کئے گئے اور ہفتہ کی شب کو بقیع کے حش الکوکب نامی ایک باغیچہ میں جس کو آپ نے خرید کر بقیع میں داخل کر دیا تھا اور بطریق کرامت یا غالباً حضور ﷺ کی بشارت کے موافق ہمیشہ جب آپ وہاں تشریف لاتے فرماتے کہ یہاں ایک مردِ صالح دفن کیا جائے گا دفن کئے گئے۔

**کما ھو ظاھر من تصریحات التحفة والطبری والاستیعاب لابن عبدالبر .**

☆ اور گورستانِ یہود میں جس کا نام دیرِ سلع تھا بعض بلوائیوں نے دفن کرنے کا ارادہ کیا تھا مگر وہاں دفن نہ کر سکے اور چند صحابہ و تابعین نے ملائکہ کے آوازِ اطمینان دہ سن کر فرشتوں کے ساتھ نمازِ جنازہ پڑھ کر آپ کو

Marfat.com

جہاں کی نسبت آپ فرمایا کرتے تھے کہ یہاں ایک مردِ صالح دفن ہوگا وہاں ہی حش الکوکب باغچۂ بقیع میں دفن کیے گئے اور روایت کتے کی تو روایت کتے ہی کی ہے علی ہذا روایت دفن کی گورستانِ یہود میں۔

☆☆ بہر نہج جو بھی کچھ ہوا موجب ترقیءِ مراتبِ شہادتِ حضرت عثمان تھا ☆ جیسے حضرت سید الشہداء جگر گوشہءِ رسول اللہ ﷺ کی لاش مبارک پر گھوڑوں کو دوڑایا جانا اور کئی روز لاش مبارک کا بے گور و کفن رہنا موجبِ ترقی مراتبِ حضرتِ سید الشہداء رضی اللہ عنہ تھا۔ ان واقعات کو بطریقِ تنقیص واہانت بیان کرنا موجبِ خوفِ زوالِ ایمان ہے۔ اللہ ہم کو اور تمام مسلمانوں کو تنقیصِ مراتبِ صحابہ کرام اور اہل بیتِ عظام علی نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام سے بچائے آمین

حررہ: العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی

ابو محمد محمد دیدار علی مفتی جامع مسجد آگرہ

نوٹ: معرفت عمران گل طالب علم بمولوی سعادت اللہ صاحب فرستادہ شد

Marfat.com

## ﴿فتویٰ نمبر......344﴾

## سوال

مولا عمر (رضی اللہ عنہ) نے بز غالۂ منحنقہ یعنی گردن مروڑا بہن کو کھلانا چاہا اور انہوں نے کھانے سے انکار کیا حالانکہ ممانعت منحنقہ اس وقت نہ تھی پھر کیوں انکار کیا؟

جناب مولوی غلام محی الدین خان صاحب

امام جامع مسجد شاہجہاں پور۔

۱۷ دسمبر ۱۵ء

## الجواب

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا بز غالۂ منحنقہ کو پکانا کسی معتبر کتاب میں نہیں ہے۔ روضۃ الصفا میں ہے کہ

**عمر بزغاله بدستِ خود ذبح ساخته بریان کرده بنظر او در آورد.** (۱)

(ترجمہ: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بکری کا بچہ اپنے ہاتھ سے ذبح فرمایا اسے بھونا اور ان کے سامنے لائے)

پس انکار ذبیحۂ کفار سے بحکم

**لا تاکلوا مما لم یذکر اسم الله علیه** (۲)

(ترجمہ: جس جانور پر وقت ذبح اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو اسے مت کھاؤ)

تھا یا بہ تعظیم تعلیم رسولِ کریم ﷺ ہوگا۔

کتبہ المفتی السید محمد اعظم شاہ غفرلہ

---

(۱) روضۃ الصفا. جلد صفحہ مطبوعہ

(۲) القرآن الحکیم : سورہ الانعام: آیت ۱۲۱

Marfat.com

۱۵ء ۲۳ اکتوبر حافظ رحمت اللہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین -

اس مسئلہ میں کہ عرصہ بیس یا تیس سال سے ایک شخص مسجد بدل رتی
میں امامت کرتا تھا جو کہ عرصہ ۹ یا ۸ سال سے اسکی حرکات ناشائستہ
مثل قمار بازی بلوا کے متواتر اسکی دیکھنے میں آئیں - بندوں اسکو چند
مرتبہ اس فعل قبیح سے متنبہ بھی کیا گیا لیکن باوجود فہمائش کامل
کے وہ حرکات ناشائستہ سے باز نہ آیا - اور چند شرعی
تقصیرات کی دیکھی گئی - اب دوسرے امام کو اہل کرتے عرصہ ایکماہ کا ہے
مسجد سے علیحدہ کر دیا - اسنے چند آدمیوں کو اپنا شریک بنا کر احاطہ مسجد
سے باہر لوگوں کو مسجد کی نماز پڑھانا شروع کر دیا جس وقت کہ
اندر مسجد باجماعت نماز ہوتی ہے اسی وقت وہ دوسرا امام
بھی مسجد کے باہر یہی کام کرتا ہے اور مسجد کو اور تکبیر باہر اور اندر کی
آواز اندرونی مسجد آتی ہے اس صورت میں مسجد کے اندر اور باہر
نماز ہوتی یا نہیں - بینوا توجروا -

الجواب ھو الملہم للحق والصواب

ایسا امام شرعاً لائق امامت نہیں تمام کتب میں ہے -
تکرہ امامۃ الفاسق - اور جن لوگوں نے اوسکی امامت
کی ہے اور ایک نئی جماعت مسجد بیعت قریب مسجد
قائم کی ہے وہ سب گنہگار ہیں اور تعزیر کے لائق
ہیں - قرآن مجید میں ہے - والذین اتخذوا
مسجدا ضرارا وکفرا وتفریقا بین المؤمنین وارصادا لمن
حارب اللہ ورسولہ من قبل ولیحلفن ان اردنا
الا الحسنی واللہ یشہد انہم لکاذبون -
یعنی جنہوں نے ایک نئی مسجد ضد اور کفر پر بنائی -
اور مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کیواسطے اور جو خدا اور
رسول سے لڑ رہا ہے یعنی کافر ہے اسکی تعاونی
بنے اور قسم کھائی جاتی ہے کہ یہ کام ہم نے اچھا سمجھ کر کیا تھا -
پس اللہ گواہی دیتا ہے کہ وہ جھوٹے ہیں -

۱۹۲۵
رجسٹر باقی - رجسٹر نمبر
۱۵۶ ۱۲
۱۶۸

| | | |
| --- | --- | --- |
| ۸ شوال ۱۳۵۱ | [illegible] ساکن پنگاپور [illegible] | کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک کہنہ مسجد جو بالکل منہدم ہے اور ویران ہے [illegible] شہید [illegible] دوسری [illegible] میں [illegible] جائز ہے یا نہیں اور [illegible] مسجد [illegible] قریب [illegible] اور [illegible] بینوا توجروا [illegible] |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اب روئی علماء اگر مسجد [illegible] اور اوس دوسری مسجد [illegible]
[illegible] شہید [illegible] دونوں [illegible] اوسکو [illegible]
[illegible] اسکا [illegible]
[illegible] واجب [illegible] مفتی [illegible] اوسکی [illegible]
[illegible] مسجد [illegible] دوسری مسجد [illegible] جائز [illegible]
[illegible] عنہ [illegible] مسجد [illegible] الاول [illegible]
[illegible] قال الشامی [illegible]
والشامی [illegible] الی مسجد آخر [illegible]
[illegible] وھو الفتوی [illegible]
فتح اور اگر خوف [illegible] بعض [illegible]
یا بعض [illegible] اور [illegible]
[illegible] دوسری مسجد [illegible]
[illegible] فی الفتاوی العالمگیریۃ فی فتاوی النسفی سئل شیخ الاسلام عن
اہل قریۃ [illegible] مسجد القریۃ الی الخراب [illegible]
علی خشب المسجد [illegible] الخشب [illegible]
[illegible] المسجد [illegible] المحیط [illegible]
[illegible] الی مسجد آخر [illegible] القاضی قال [illegible]
[illegible] قال [illegible] المسجد [illegible] الناس عنہ [illegible]
[illegible] اللہ [illegible] القاضی [illegible] الی [illegible]
[illegible] مسجد [illegible]

۴۳۰ اگر [illegible] صاحب [illegible] فی الالحف [illegible] المسجد [illegible] الاستغناء عنہما وکذا الرباط والبئر [illegible]
[illegible] المسجد والرباط والبئر والحوض الی اقرب مسجد او رباط او بئر او حوض الیہ [illegible]
المفتی [illegible] محمد [illegible]

ہوئے [illegible] اللہ نے [illegible] اور [illegible] سے [illegible]
[illegible]

[illegible]

والمصوب

[illegible] اور [illegible]
[illegible]
[illegible] واللہ [illegible]
[illegible] اور [illegible]
[illegible] کتبہ [illegible]
[illegible] ۱۲

Marfat.com